بسم اللہ الرحمن الرحیم

# علمی و تحقیقی رسائل

## جلد بیست و پنجم

25

1. حجاج و مختار ثقفی کی تحقیق
2. مولانا عبد الشکور لکھنوی اور تکفیر شیعہ
3. موالات، بائیکاٹ و تحریکات کا شرعی حکم

مصنف
مفتی محمد رضوان خان

ادارۂ غفران
راولپنڈی پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد25

# علمی وتحقیقی رسائل

(1)...حجاج ومختار ثقفی کی تحقیق

(2)...مولانا عبدالشکور لکھنوی اور تکفیرِ شیعہ

(3)...موالات، بائیکاٹ وتحریکات کا شرعی حکم

مصنّف

مفتی محمد رضوان خان

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

www.idaraghufran.org

Idara Ghufran

(جملہ حقوق بحق ادارہ غفران محفوظ ہیں)

نام کتاب: علمی وتحقیقی رسائل (جلد25)

مصنّف: مفتی محمد رضوان خان

طباعتِ اوّل: صفر المظفر 1447ھ اگست 2025ء

صفحات: 832

---

ملنے کے پتے

Idara Ghufran

# رسائل کی اجمالی فہرست


| نام رسائل | از صفحہ نمبر |
|---|---|
| پیشِ لفظ<br>''مجلسِ فقہی'' ادارہ غفران، راولپنڈی | 21 |
| (1)...حجاج ومختار ثقفی کی تحقیق | 23 |
| (2)...مولانا عبدالشکور لکھنوی اور تکفیرِ شیعہ | 163 |
| (3)...موالات، بائیکاٹ وتحریکات کا شرعی حکم | 343 |
| تفصیلی فہرست رسالہ اول | 4 |
| تفصیلی فہرست رسالہ دوم | 7 |
| تفصیلی فہرست رسالہ سوم | 9 |


Idara Ghufran

# تفصیلی فہرست رسالہ اول

## (حجاج ومختار ثقفی کی تحقیق)


| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| تمہید (از مؤلف) | 28 |
| حجاج ومختار ثقفی کی تحقیق | 33 |
| استفتاء | // |
| جواب | 35 |
| سورہ بقرہ کا حوالہ | // |
| سورہ انعام کا حوالہ | // |
| سورہ اسراء کا حوالہ | 36 |
| سورہ فاطر کا حوالہ | 37 |
| سورہ زمر کا حوالہ | // |
| سورہ نجم کا حوالہ | 38 |
| مختار وحجاج سے متعلق ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 39 |
| اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا کی حدیث | 41 |
| اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا کی دوسری روایات | 48 |


Idara Ghufran

| | | |
|---|---|---|
| | عبداللہ بن زبیر وابو برزہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | 62 |
| | حجاج سے متعلق عمر رضی اللہ عنہ کی روایات | 68 |
| | حجاج سے متعلق علی رضی اللہ عنہ کی روایات | 70 |
| | حجاج بن یوسف کی تکفیر سے متعلق روایات واقوال | 73 |
| | حجاج بن یوسف سے متعلق دیگر روایات وعبارات | 85 |
| | مختار سے متعلق رفاعہ بن شداد فتیانی کی روایت | 100 |
| | عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت | 101 |
| | ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی روایت | 102 |
| | ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 103 |
| | عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی روایت | 104 |
| | عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت | // |
| | ابنِ عمر وابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی روایات | 105 |
| | عکرمہ کی روایت | 106 |
| | امام شعبی اور بعض دیگر حضرات کی روایات | 108 |
| | ابنِ عبدالبر قرطبی کا حوالہ | 116 |
| | ابنِ اثیر جزری کا حوالہ | 117 |
| | حافظ ذہبی کا حوالہ | 118 |
| | ابنِ عساکر کا حوالہ | 124 |
| | حافظ ابنِ حجر عسقلانی کا حوالہ | 131 |

| | | |
|---|---|---|
| | چند مزید حوالہ جات | 132 |
| | ابوبکر جصاص وابراہیم نخعی کا حوالہ | 139 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا حوالہ | // |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا دوسرا حوالہ | 141 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا تیسرا حوالہ | 142 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا چوتھا حوالہ | 143 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا پانچواں حوالہ | 144 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا چھٹا حوالہ | // |
| | علامہ ابنِ حزم کا حوالہ | 147 |
| | علامہ ابنِ حزم کا دوسرا حوالہ | 148 |
| | حافظ ابنِ کثیر کا حوالہ | 149 |
| | ایک شبہ کا ازالہ | 150 |


Idara Ghufran

# تفصیلی فہرست رسالہ دوم

## (مولانا عبدالشکور لکھنوی اور تکفیرِ شیعہ)


| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| تمہید (از مؤلف) | 167 |
| مولانا عبدالشکور لکھنوی اور تکفیرِ شیعہ | 172 |
| استفتاء | // |
| جواب | 174 |
| سورہ نساء کا حوالہ | 175 |
| ابوذر وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث | 177 |
| ابوبکر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 179 |
| امام طحاوی کا حوالہ | // |
| ابومنصور ماتریدی کا حوالہ | 181 |
| ابومنصور ماتریدی کا دوسرا حوالہ | // |
| ابوالحسن اشعری کا حوالہ | 182 |
| ابوالحسن اشعری کا دوسرا کا حوالہ | // |
| علاء الدین ابوالحسن مرداوی کا حوالہ | 184 |

| | | |
|---|---|---|
| | علامہ ابنِ عابدین شامی کا حوالہ | 184 |
| | شہابُ الدین مرجانی کا حوالہ | 185 |
| | علامہ ابنِ عابدین شامی کا ایک اور حوالہ | // |
| | علامہ ابنِ عابدین شامی کے مزید حوالہ جات | 186 |
| | علامہ ابنِ حجر عسقلانی کا حوالہ | 188 |
| | علامہ ظفر احمد عثمانی صاحب کا حوالہ | 190 |
| | مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کا حوالہ | 191 |
| | مولانا منظور نعمانی صاحب کا حوالہ | 232 |
| | مولانا منظور نعمانی صاحب کا دوسرا حوالہ | 236 |
| | مفتی محمد شفیع صاحب کا حوالہ | 289 |
| | قاری محمد طیب صاحب اور دارُ العلوم دیوبند کے فتوے کا حوالہ | 290 |
| | مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب کا حوالہ | 294 |
| | مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کا حوالہ | 308 |
| | مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کا دوسرا حوالہ | 311 |
| | مولانا مفتی محمد شفیع صاحب کے فتوے کا حوالہ | 312 |
| | حضرت مدنی اور حضرت گنگوہی صاحبان کا حوالہ | 315 |
| | مکاتبتِ تھانوی، ودریابادی کی تشریح وتکمیل | 319 |
| | چند آیاتِ قرآنی واحادیثِ نبوی کا حوالہ | 336 |
| | حضرت تھانوی وقاری محمد طیب صاحبان کا حوالہ | 340 |

# تفصیلی فہرست رسالہ سوم

## (موالات، بائیکاٹ وتحریکات کا شرعی حکم)


| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| تمہید (من جانبِ مؤلف) | 357 |
| (پہلا باب) کافروں سے موالات، اور مشابہت کی ممانعت | 369 |
| سورہ مائدہ اور سورہ ھود کا حوالہ | // |
| سورہ آلِ عمران، نساء، مائدہ اور سورہ توبہ کا حوالہ | 371 |
| سورہ اعراف، انفال، کہف، جاثیہ اور سورہ ممتحنہ کا حوالہ | 373 |
| ابوامامہ، براء وابوذر رضی اللہ عنہم کی احادیث | 374 |
| ابنِ مسعود، ابوموسیٰ وصفوان رضی اللہ عنہم کی احادیث | 376 |
| انس، جابر وابوذر رضی اللہ عنہم کی احادیث | 377 |
| عرس بن عمیرہ وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | 379 |
| ابنِ مسعود، ابوذر وابوقرصافہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 381 |
| ابنِ عمر، ابوہریرہ وشداد بن اوس رضی اللہ عنہم کی احادیث | 384 |
| ابنِ عمر، حذیفہ وعمر رضی اللہ عنہم کی احادیث | 385 |


www.idaraghufran.org

| | | |
|---|---|---|
| | عبداللہ بن عمرو، وجابر رضی اللہ عنہما کی حدیث | 387 |
| | ابنِ عمر، جریر وسمرہ بن جندب رضی اللہ عنہم کی احادیث | 389 |
| | انس، عُمر، اور ابنِ عَمر ورضی اللہ عنہم کی احادیث | 391 |
| | الروضۃُ الناضرہ فی المسائل الحاضرۃ کا حوالہ | 397 |
| | امدادُ الفتاویٰ کا حوالہ | 399 |
| | امدادُ الفتاویٰ کا دوسرا حوالہ | 400 |
| | امدادُ الاحکام کا حوالہ | // |
| | امدادُ الاحکام کا دوسرا حوالہ | 401 |
| | امدادُ الاحکام کا تیسرا حوالہ | // |
| | اسعدُ الابرار کا حوالہ | // |
| | الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ کا حوالہ | 402 |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا دوسرا حوالہ | // |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا تیسرا حوالہ | 403 |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا چوتھا حوالہ | // |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا پانچواں حوالہ | 405 |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا چھٹا حوالہ | 406 |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا ساتواں حوالہ | 407 |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا آٹھواں حوالہ | // |

| | |
|---|---|
| الافاضاتُ الیومیة کا نواں حوالہ | 408 |
| الافاضاتُ الیومیة کا دسواں حوالہ | // |
| الافاضاتُ الیومیة کا گیارہواں حوالہ | 409 |
| (دوسرا باب) **کافروں سے تجارتی بائیکاٹ کا شرعی حکم** | 410 |
| سورہ آلِ عمران، غافر، انفال، توبہ وسورہ طٰہٰ کا حوالہ | 412 |
| سورہ بقرہ، نساء، مائدہ اور سورہ نحل کا حوالہ | 436 |
| سورہ مائدہ، انفال اور سورہ محمد کا حوالہ | 439 |
| انس، جابر وابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہم کی احادیث | 440 |
| ابنِ عباس وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث | 443 |
| ھُلب طائی اور عدی بن ابی حاتم رضی اللہ عنہما کی حدیث | 445 |
| عمر، ابنِ عمر ودیگر صحابہ وتابعین کی روایات | 447 |
| مغیرہ وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | 451 |
| ابنِ مسعود، ابنِ مغفل، عمر، حسن، امام بخاری وبیہقی کی روایات | 452 |
| عائشہ وجابر رضی اللہ عنہما کی حدیث | 458 |
| عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 460 |
| عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث | 461 |
| انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 462 |

| | | |
|---|---|---|
| | عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک اور حدیث | 462 |
| | صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 464 |
| | ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 465 |
| | عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| | ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 466 |
| | ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 469 |
| | عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 470 |
| | مغیرہ، سعد بن عبادہ، وابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 471 |
| | ابو ہریرہ، جابر بن عتیک، عقبہ وکعب رضی اللہ عنہم کی احادیث | 475 |
| | عائشہ وعبداللہ بن عمرو، رضی اللہ عنہما کی حدیث | 477 |
| | ابنِ عباس، انس وابوموسیٰ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 479 |
| | بریدہ اسلمی، ابو ہریرہ وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث | 480 |
| | جابر، عمر اور عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہم کی روایات | 481 |
| | امام ابنِ حبان کا حوالہ | 485 |
| | سورہ توبہ، سورہ تحریم اور سورہ فتح کا حوالہ | 487 |
| | قاضی عیاض کا حوالہ | 489 |
| | امام نووی کا حوالہ | // |
| | ”مرقاۃُ المفاتیح“ کا حوالہ | // |

| | | |
|---|---|---|
| | علامہ طیبی کا حوالہ | 490 |
| | علامہ ابنِ حجر عسقلانی کا حوالہ | // |
| | علامہ ابنِ حجر عسقلانی کا دوسرا حوالہ | 491 |
| | علامہ عینی کا حوالہ | // |
| | علامہ عینی کا دوسرا حوالہ | 492 |
| | علامہ عینی کا تیسرا حوالہ | // |
| | علامہ عینی کا چوتھا حوالہ | // |
| | امام مناوی کا حوالہ | 493 |
| | ''الموسوعةُ الفقهية الكويتية'' کا حوالہ | 494 |
| | ''الموسوعةُ الفقهية الكويتية'' کا دوسرا حوالہ | // |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا حوالہ | 497 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا دوسرا حوالہ | 498 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا تیسرا حوالہ | 499 |
| | ''شرحُ السير الكبير'' کا حوالہ | // |
| | ''شرحُ السير الكبير'' کا دوسرا حوالہ | 500 |
| | ''شرحُ السير الكبير'' کا تیسرا حوالہ | 501 |
| | ''بدائعُ الصنائع'' کا حوالہ | 504 |
| | ''بدائعُ الصنائع'' کا دوسرا حوالہ | // |

| | | |
|---|---|---|
| | ’’بدائعُ الصنائع‘‘ کا تیسرا حوالہ | 506 |
| | ’’بدائعُ الصنائع‘‘ کا چوتھا حوالہ | 507 |
| | ’’بدائعُ الصنائع‘‘ کا پانچواں حوالہ | 508 |
| | ’’شرح مختصر الطحاوی‘‘ کا حوالہ | 509 |
| | ’’شرحُ الوقایة‘‘ کا حوالہ | // |
| | ’’ تبیینُ الحقائق ‘‘ کا حوالہ | 510 |
| | ’’ البحرُ الرائق‘‘ کا حوالہ | // |
| | ’’ البحرُ الرائق‘‘ کا دوسرا حوالہ | 512 |
| | ’’ تکملة البحرُ الرائق‘‘ کا حوالہ | 513 |
| | امام محمد اور حنفیہ کی دیگر کتب کا حوالہ | 514 |
| | ’’ردُّ المحتار‘‘ کا حوالہ | 542 |
| | ’’’ردُّ المحتار‘‘اور’’النهرُ الفائق‘‘ کا حوالہ | 544 |
| | فتاویٰ قاضی خان اور مفتی شفیع کا حوالہ | 550 |
| | ’’الهدایة‘‘ کا حوالہ | 584 |
| | ’’الاختیار لتعلیل المختار‘‘ کا حوالہ | 585 |
| | امدادُ الفتاویٰ اور’’حقوقُ السرّآء والضرّآء ‘‘ کا حوالہ | 590 |
| | ’’انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا‘‘ کا حوالہ | 593 |
| | الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة کا حوالہ | 596 |

| | | |
|---|---|---|
| | الافاضاتُ الیومیة کا دوسرا حوالہ | 597 |
| | الروضةُ الناضرة فی المسائل الحاضرة کا حوالہ | 598 |
| | الروضةُ الناضرة کا دوسرا حوالہ | 600 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا تیسرا حوالہ | 602 |
| | معاملةُ المسلمین فی مجادلة غیر المسلمین کا حوالہ | 603 |
| | امدادُ الفتاویٰ کا حوالہ | 605 |
| | امدادُ الفتاویٰ کا دوسرا حوالہ | // |
| | اقتباساتِ عشر کا حوالہ | 607 |
| | اقتباساتِ عشر کا دوسرا حوالہ | // |
| | احکامُ الایتلاف فی احکام الاختلاف کا حوالہ | 610 |
| | الافاضاتُ الیومیة کے مزید حوالہ جات | 614 |
| | مانعین کے بعض فتاویٰ پر کلام | 617 |
| | مسائلِ حاضرہ کا حوالہ | 644 |
| | مسائلِ حاضرہ کا دوسرا حوالہ | // |
| | (تیسرا باب) **مدافعتِ کفار ومنکرات اور تحریکاتِ حاضرہ وشرعیہ** | 646 |
| | سورہ بقرہ کا حوالہ | 649 |
| | سورہ بقرہ کا دوسرا حوالہ | // |

| | | |
|---|---|---|
| | سورہ بقرہ کا تیسرا حوالہ | 650 |
| | سورہ بقرہ کا چوتھا حوالہ | 651 |
| | سورہ آلِ عمران، اعراف، توبہ، مائدہ، نحل، طٰہٰ، وشعراء کا حوالہ | 652 |
| | سورہ آلِ عمران کا حوالہ | 665 |
| | سورہ آلِ عمران کا دوسرا حوالہ | 667 |
| | سورہ آلِ عمران کا تیسرا حوالہ | 669 |
| | سورہ آلِ عمران کا چوتھا حوالہ | // |
| | سورہ انفال کا حوالہ | 671 |
| | سورہ انفال کا دوسرا حوالہ | 672 |
| | سورہ سبأ وسورہ محمد کا حوالہ | 674 |
| | سورہ توبہ، ھود، رعد، ابراہیم اور سورہ مطففین کا حوالہ | 677 |
| | سورہ آلِ عمران، انعام وسورہ انفال کا حوالہ | 680 |
| | سورہ انفال، ھود، رعد، اسراء، روم اور سورہ شوریٰ کا حوالہ | 682 |
| | سورہ اعراف، یوسف، مومنون، قصص، عنکبوت، ممتحنہ کا حوالہ | 686 |
| | سورہ طلاق کا حوالہ | 694 |
| | سورہ انفال، ھود اور سورہ نوح کا حوالہ | 695 |
| | سورہ بقرہ، انعام، اعراف اور سورہ مؤمنون کا حوالہ | 696 |
| | صہیب وسعد رضی اللہ عنہما کی احادیث | 698 |

| | | |
|---|---|---|
| | عبداللہ بن اوفیٰ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | 700 |
| | ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| | انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 702 |
| | حذیفہ، ابنِ عمر، عبادہ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 705 |
| | ابنِ مسعود، ابواعور، ابنِ عباس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 709 |
| | ثوبان، علی وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث | 712 |
| | انس، براء ومخرمہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 713 |
| | ابو ہریرہ وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث | 723 |
| | ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث | 725 |
| | سلمان رضی اللہ عنہ کی حدیث | 727 |
| | عمر، ابو ہریرہ وانس رضی اللہ عنہم کی احادیث | 728 |
| | ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 731 |
| | ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| | حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی حدیث | 732 |
| | ابو ہریرہ، ابنِ عمرو، وابوصرمہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 734 |
| | ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 736 |
| | عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 738 |
| | ابو ہریرہ ومحمود بن لبید رضی اللہ عنہما کی احادیث | // |

| | | |
|---|---|---|
| | زید بن ثابت وانس رضی اللہ عنہما کی احادیث | 741 |
| | ابو ہریرہ ومعقل بن یسار رضی اللہ عنہما کی حدیث | 743 |
| | ابنِ عمر، ابنِ عباس، بریدہ وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث | 746 |
| | ابنِ عمر، فضالہ، نعمان وثوبان رضی اللہ عنہم کی احادیث | 750 |
| | عبداللہ بن عَمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | 751 |
| | ابنِ عمرو، ایک صحابی، اور حذیفہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 753 |
| | ابوسعید خدری، وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث | 755 |
| | الروضةُ الناضرة فی المسائل الحاضرة کا حوالہ | 760 |
| | الروضةُ الناضرة فی المسائل الحاضرة کا دوسرا حوالہ | 762 |
| | جزلُ الکلام فی عزل الامام کا حوالہ | 763 |
| | تفسیر بیانُ القرآن کا حوالہ | 764 |
| | الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة کا حوالہ | 765 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا دوسرا حوالہ | 766 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا تیسرا حوالہ | 767 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا چوتھا حوالہ | // |
| | الافاضاتُ الیومیة کا پانچواں حوالہ | 768 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا چھٹا حوالہ | 770 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا ساتواں حوالہ | 771 |

| | | |
|---|---|---|
| | الافاضاتُ الیومیة کا آٹھواں حوالہ | 772 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا نواں حوالہ | 774 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا دسواں حوالہ | 775 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا گیارہواں حوالہ | 777 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا بارہواں حوالہ | 780 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا تیرہواں حوالہ | 782 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا چودہواں حوالہ | 783 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا پندرہواں حوالہ | 784 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا سولہواں حوالہ | 785 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا سترہواں حوالہ | 786 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا اٹھارہواں حوالہ | // |
| | الافاضاتُ الیومیة کا انیسواں حوالہ | 788 |
| | اسعدُ الابرار کا حوالہ | 791 |
| | اسعدُ الابرار کا دوسرا حوالہ | 792 |
| | وعظ ''محاسنِ اسلام'' کا حوالہ | 793 |
| | حکیمُ الامت کے سیاسی افکار کا حوالہ | 798 |
| | حضرت شیخ الہند کا ایک اہم ارشاد | 800 |
| | شیخ الہند کا زندگی کے آخری حصہ میں سیکھا ہوا سبق | 803 |

| | |
|---|---|
| ایک شبہ کا ازالہ | 805 |
| (خاتمہ)<br>**فتنوں، اور باہمی انتشار کے دور میں شرعی حکم** | 808 |
| انس وابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہما کی حدیث | 809 |
| عبداللہ بن عمرو، اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | 811 |
| سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث | 814 |
| ابوہریرہ وسعد رضی اللہ عنہما کی حدیث | 815 |
| ابوموسیٰ، اور ایک صحابی رضی اللہ عنہما کی حدیث | 819 |
| خرشہ وخباب رضی اللہ عنہما کی حدیث | 821 |
| سعد وابوبکرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | 822 |
| ابوذر وسعید بن زید رضی اللہ عنہما کی حدیث | 825 |
| حذیفہ، ابوہریرہ وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث | 827 |
| ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 831 |


Idara Ghufran

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیشِ لفظ

## ''مجلسِ فقہی'' ادارہ غفران، راولپنڈی

مولانا مفتی محمد رضوان خان صاحب حفظہ اللہ (مدیر: ادارہ غفران، راولپنڈی) کے علمی وتحقیقی رسائل کی پچیسویں جلد کے مضامین ورسائل، بحمد اللہ تعالیٰ، نظرِ ثانی وغیرہ کے متعلقہ مراحل سے گزر کر اشاعت کے مرحلہ میں داخل ہورہے ہیں۔

اس جلد میں درجِ ذیل تحقیقی، علمی اور تفصیلی موضوعات پر مشتمل رسائل شامل ہیں:

(1)...حجاج ومختار ثقفی کی تحقیق

(2)...مولانا عبدالشکور لکھنوی اور تکفیرِ شیعہ

(3)...موالات، بائیکاٹ وتحریکات کا شرعی حکم

مزید کئی جلدوں کے رسائل ومضامین پر بھی بحمد اللہ تعالیٰ نظرِ ثانی اور پروف ریڈنگ وغیرہ کا کام جاری ہے، دعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ کو بصدق واخلاص مکمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

ادارہ غفران سے منسلک مختلف اہلِ علم نے اس جلد کے رسائل کا مطالعہ کیا، اور مفید مشورے اور قابلِ اصلاح امور کی نشاندہی کی، جن میں سے بعض امور سے مؤلف نے کلی، یا جزوی اتفاق کیا، اور بعض پر مؤلف کو شرح صدر نہ ہوا، اس لیے ان میں حسبِ منشاء ترمیم، یا اس کی توضیح کی، اور اس طرح کی جزوی چیزوں میں نیک نیتی کے ساتھ، حسبِ ذوق وحسبِ استعداد، اختلاف، شرعی وفقہی اعتبار سے مذموم نہیں۔

مذکورہ حضرات نے اس مجموعہ کو تحقیق پر مبنی اور وقت کے اہم موضوع پر مشتمل محسوس کیا۔

دعاء ہے کہ حسبِ سابق یہ مجموعہ بھی، اللہ کی بارگاہ میں قبول ومنظور ہو، اور علمی وفقہی دنیا میں اعتدال کے قائم ہونے اور غلو، یا افراط وتفریط سے حفاظت کا باعث بنے، اور اس سلسلہ میں سعی وکاوش کرنے والے جملہ حضراتِ اہلِ علم کے لیے مغفرت اور ترقی درجات کا ذریعہ ہو۔ آمین۔

## اسمائے گرامی: اراکینِ مجلسِ فقہی، ادارہ غفران

(1).....مفتی محمد رضوان صاحب (صدر مجلس)

(2).....مولانا طلحہ مدثر صاحب (ناظم)

(3).....مولانا محمد ناصر صاحب (رکن)

(4).....مولانا طارق محمود صاحب (رکن)

(5).....مولانا عبدالسلام صاحب (رکن)

(6).....مولانا غلام بلال صاحب (رکن)

(7).....مولانا محمد ریحان صاحب (رکن)

03/محرم الحرام/1447ھ -29/جون/2025ء بروز اتوار

ادارہ غفران، چاہ سلطان، راولپنڈی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علمی وتحقیقی سلسلہ

# حجاج ومختار ثقفی

## کی تحقیق

''حجاج بن یوسف ثقفی'' اور ''مختار بن ابی عبید ثقفی'' سے متعلق احادیث وروایات
محققین واصحابِ علم، اہلُ السنہ کی عبارات وحوالہ جات کی روشنی میں
مذکورہ افراد پر کلام، اور اس سلسلہ میں صحابہ وتابعین
کے عمل کی تحقیق، اور معتدل موقف کا تجزیہ

مؤلف

مفتی محمد رضوان خان

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

www.idaraghufran.org

(جملہ حقوق بحق ادارہ غفران محفوظ ہیں)

نام کتاب: حجاج ومختار ثقفی کی تحقیق

مصنِّف: مفتی محمد رضوان خان

طباعتِ اول: صفر المظفر 1447ھ اگست 2025ء

صفحات: 140

---

ملنے کا پتہ

کتب خانہ ادارہ غفران: چاہ سلطان، گلی نمبر 17، راولپنڈی، پاکستان

فون: 051-5507270 - 051-5702840

www.idaraghufran.org

# فہرست


| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| تمہید (از مؤلف) | 28 |
| **حجاج ومختار ثقفی کی تحقیق** | 33 |
| **استفتاء** | // |
| **جواب** | 35 |
| سورہ بقرہ کا حوالہ | // |
| سورہ انعام کا حوالہ | // |
| سورہ اسراء کا حوالہ | 36 |
| سورہ فاطر کا حوالہ | 37 |
| سورہ زمر کا حوالہ | // |
| سورہ نجم کا حوالہ | 38 |
| مختار وحجاج سے متعلق ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 39 |
| اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا کی حدیث | 41 |
| اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا کی دوسری روایات | 48 |

| | | |
|---|---|---|
| | عبداللہ بن زبیر وابو برزہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | 62 |
| | حجاج سے متعلق عمر رضی اللہ عنہ کی روایات | 68 |
| | حجاج سے متعلق علی رضی اللہ عنہ کی روایات | 70 |
| | حجاج بن یوسف کی تکفیر سے متعلق روایات واقوال | 73 |
| | حجاج بن یوسف سے متعلق دیگر روایات وعبارات | 85 |
| | مختار سے متعلق رفاعہ بن شداد فتیانی کی روایت | 100 |
| | عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت | 101 |
| | ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی روایت | 102 |
| | ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت | 103 |
| | عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی روایت | 104 |
| | عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت | // |
| | ابنِ عمر وابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی روایات | 105 |
| | عکرمہ کی روایت | 106 |
| | امام شعبی اور بعض دیگر حضرات کی روایات | 108 |
| | ابنِ عبدالبر قرطبی کا حوالہ | 116 |
| | ابنِ اثیر جزری کا حوالہ | 117 |
| | حافظ ذہبی کا حوالہ | 118 |
| | ابنِ عساکر کا حوالہ | 124 |
| | حافظ ابنِ حجر عسقلانی کا حوالہ | 131 |

| | | |
|---|---|---|
| | چند مزید حوالہ جات | 132 |
| | ابوبکر جصاص وابراہیم نخعی کا حوالہ | 139 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا حوالہ | // |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا دوسرا حوالہ | 141 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا تیسرا حوالہ | 142 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا چوتھا حوالہ | 143 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا پانچواں حوالہ | 144 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا چھٹا حوالہ | // |
| | علامہ ابنِ حزم کا حوالہ | 147 |
| | علامہ ابنِ حزم کا دوسرا حوالہ | 148 |
| | حافظ ابنِ کثیر کا حوالہ | 149 |
| | ایک شبہ کا ازالہ | 150 |


Idara Ghufran

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تمہید

(از مؤلف)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وحی کے ذریعہ، اپنے بعد رونما ہونے والے بے شمار فتنوں کی نشاندہی فرمائی ہے، جن کو ملاحظہ کرنا، اور ان کو صحیح طرح سمجھ کر ان کے مطابق عمل کرنا، دنیا وآخرت کے اعتبار سے خیر وبھلائی کا ذریعہ ہے۔

افسوس کہ آج کے دور میں مسلمانوں کا قرآن وسنت کی تعلیمات کی طرف رجوع بہت کم پایا جاتا ہے، بالخصوص جب سے جدید ذرائع ابلاغ کا دور، دورہ ہوا، اس وقت سے معاملہ زیادہ بگڑ گیا، جس کی زد میں اہلِ علم کا بڑا طبقہ بھی آ گیا، جو بلا تحقیق اِدھر اُدھر کی باتیں کرنے اور مختلف اوٹ پٹانگ کمنٹ کرتے رہنے کو دین کی تحقیق اور اس میں کمال ومہارت سمجھتا ہے، اور محققین اسلاف نے شرعی اصول وقواعد کی روشنی میں جو تحقیقات کی تھیں، ان کی طرف نظر نہیں کرتا۔

ان حالات میں بھی الحمدللہ ایک معتدبہ طبقہ وہ ہے، جو اس قسم کی اوٹ پٹانگ خرافات سے اپنا دامن بچا کر سلف کے طریقہ پر دین کی طلب وجستجو اور تحقیق کی سعی کرتا ہے۔

احادیث وروایات میں جن لوگوں اور ان کی بداعمالیوں کی پیش گوئی کی گئی ہے، ان میں قبیلہ ثقیف میں ''کذّاب'' اور ''مبیر'' یعنی بہت زیادہ قتل وظلم کرنے والا، برآمد ہونے کا ذکر آیا ہے، اور بعض معتبر اور صحیح روایات میں دو کذاب ہونے، اور دوسرے کے مبیر اور اس کے پہلے کے مقابلہ میں زیادہ شریر ہونے کی تصریح بھی آئی ہے۔

اہلِ علم حضرات نے، ان میں سے پہلا شخص ''مختار بن ابی عبید ثقفی'' اور دوسرا شخص ''حجاج بن یوسف ثقفی'' کو مراد لیا ہے، کیونکہ ''مختار ثقفی'' پہلے ہوا ہے، اور ''حجاج ثقفی'' بعد میں ہوا ہے ''مختار ثقفی'' کی ولادت، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں ہجرت کے سال ہوئی، اور اس کی

وفات سڑسٹھ (67) ہجری میں ہوئی۔

جبکہ ''حجاج ثقفی'' کی پیدائش چالیس، یا اکتالیس ہجری میں ہوئی، اور وفات پچانوے (95) ہجری میں ہوئی، اور ''حجاج ثقفی'' نے اپنے بیس سالہ دورِ اقتدار میں امتِ مسلمہ کو سخت آزمائش میں مبتلاء رکھا، ہر طرح کا فتنہ وفساد برپا کیا، دین کی حدود وقیود کو پامال کیا، جبکہ ''مختار ثقفی'' کا دورِ اقتدار مختصر عرصہ تک محدود رہا۔

اور اس طرح بعض روایات کے مصداق کی رو سے جو ''مختار ثقفی'' کی صفت ''کذاب'' ہونا، اور ''حجاج بن یوسف'' کی صفت ''مبیر'' ہونا، اور دوسری روایات کے مطابق ''حجاج بن یوسف'' کی ''مبیر'' کی صفت کے ساتھ دوسری صفت ''کذاب'' ہونا، اور ساتھ ہی ''حجاج بن یوسف'' کی صفت ''مختار ثقفی'' سے زیادہ شریر ہونا تھی، اس کا پوری طرح ظہور ہوا۔

یہ دونوں اشخاص صحابہ وتابعین کے دور میں ہوئے ہیں، صحابہ وتابعین کا ان دونوں شخصیات کے بارے میں جو طرزِ عمل تھا، اس کا بھی روایات میں ذکر آیا ہے۔

تاہم ان دونوں شخصیات کے جھوٹ اور ظلم کی تو معتبر احادیث وروایات میں تصریح آئی ہے، لیکن ان کے کافر ہونے کی تصریح نہیں آئی۔

اور علماء کا ''حجاج بن یوسف ثقفی'' کے کافر، یا فاسق ہونے میں اختلاف رہا، اگرچہ دلائل کی رو سے راجح یہ معلوم ہوا کہ ''مختار ثقفی'' کی طرح ''حجاج بن یوسف ثقفی'' سے جو گمراہ کن، اور ظلم وجھوٹ پر مبنی باتیں ثابت ہوں، ان کو اسی جہت سے قبول کیا جائے، مگر احتیاط وسلامتی والا پہلو یہ ہے کہ ان میں سے کسی شخص پر صریح کفر کا حکم لگانے سے اجتناب کیا جائے۔

اور بلاوجہ کسی گذری ہوئی شخصیت کی کردار کشی کو اپنا مستقل موضوع اور مشغلہ بنانے سے کنارہ کشی اختیار کی جائے، جیسا کہ نصوص اور صحابہ وتابعین کی سیرت سے ظاہر ہے۔

لیکن آج کل نصوص اور صحابہ وتابعین کی سیرت پر نظر کرنے کے بجائے، اکثر دوسری چیزوں کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے، جس کی وجہ سے مختلف شکوک وشبہات پیدا ہوتے ہیں، اور

مسلمان باہم ایک دوسرے کی کردار کشی کرتے، اور ایک دوسرے پر طعن وتشنیع کا ارتکاب کرتے ہیں، اور پھر یہ سلسلہ آگے بڑھتا اور ترقی کرتا ہے۔

چنانچہ بعض اہلِ سنت کی طرف سے ''مختار ثقفی'' کی برائی اور مذمت کو خوب اچھالا جاتا ہے، اور اس کی طرف مدعیِ نبوت ہونے کے دعوے کو منسوب کرکے کفر وارتداد کا حکم لگایا جاتا ہے، اور اس بارے میں دوسرے پہلوؤں کو نظر انداز کردیا جاتا ہے، اور اس طرح کے کفر وارتداد کا شدید حکم ''حجاج بن یوسف'' کی طرف منسوب کرنے سے اجتناب کیا جاتا ہے، بلکہ بعض اوقات اس کے چند محامد ومحاسن کے ذکر پر اکتفاء کیا جاتا ہے، جبکہ ''حجاج ثقفی'' کے متعلق بعض اہلُ السنۃ کے ''مختار ثقفی'' سے بھی زیادہ شدید اقوال موجود ہیں۔

اور اس کے برعکس بعض اہلِ تشیع کی طرف سے ''حجاج بن یوسف'' کے مظالم اور قبائح کو خوب اچھالا جاتا ہے، اور اس کی طرف کفریہ اقوال وافعال کو منسوب کرکے، اس پر صریح کفر وارتداد کا حکم عائد کیا جاتا ہے، ساتھ ہی ''مختار ثقفی'' کے محامد ومحاسن میں مبالغہ آرائی کا طرزِ عمل اختیار کیا جاتا ہے، جیسا کہ آج کل بہت سے لوگوں کی طرف سے تحریری، وتقریری طور پر اس کا مشاہدہ ہوتا ہے، سوشل میڈیا پر تو اس طرح کی چیزوں کی بھرمار ہے۔

ہماری نظر میں یہ دونوں طرز ہائے عمل قابلِ اصلاح ہیں، اول تو عام مسلمانوں کو قرآن وسنت میں بیان کردہ اہم چیزوں، اور اپنے روزمرہ کے ضروری کاموں اور اپنے فرائضِ منصبی پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، جس میں موجودہ زمانہ کے بیشتر مسلمانوں کی حالت بہت ناگفتہ بہ، اور تشویش ناک ہے، اس کے مقابلہ میں گزشتہ تاریخی واقعات کے متعلق اللہ تعالیٰ کے اس حکم کے مطابق عقیدہ رکھ لینا کافی ہے کہ:

''تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ'' (سورۃ البقرۃ، رقم الآیۃ ۱۳۴ و ۱۴۱)

دوسرے اگر علمی اعتبار سے کسی واقعہ کی تحقیق کی ضرورت بھی پیش آئے، تو اس میں یکطرفہ طور

پر بے جا غلو ومبالغہ آرائی سے اجتناب کرنا چاہیے، اور محض چند روایات، یا عبارات کی بنیاد پر ایک دوسرے کے خلاف محاذ آرائی قائم کرنے، اور محض ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی کوشش سے بچنا چاہیے، کیونکہ اس کی وجہ سے مسلمان اب تک بہت کچھ نقصان کر چکے ہیں، اور اپنے لئے دین ودنیا کی تعمیر وترقی کا سامان کرنے سے محروم رہ چکے ہیں۔

اگر وہ مذکورہ ہدایات کو سامنے رکھ کر عمل پیرا ہوتے، تو اب تک بہت سے مسائل حل ہو چکے ہوتے، اور دنیا وآخرت کی فلاح وبہبود حاصل کر چکے ہوتے۔

ابھی حال ہی میں بندہ کو اس سلسلہ میں ایک استفتاء موصول ہوا، جس میں بعض علمی وتحقیقی امور پر استفتاء کیا گیا تھا۔

اس استفتاء کا جو جواب تحریر کیا گیا، اس کو آنے والے اوراق میں نقل کیا جا رہا ہے، جس میں اہل السنہ اور اہلِ تشیع دونوں کے لئے اصولی انداز میں اعتدال کا راستہ موجود ہے، اور اس کا حاصل یہ ہے کہ خواہ ''مختار ثقفی'' کا معاملہ ہو، یا ''حجاج ثقفی'' کا، ان دونوں سے جو اچھے افعال ثابت ہیں، ان کو اپنی جگہ رکھتے ہوئے، ان کے برے اعمال کو برا قرار دیا جائے، اور منکر سمجھا جائے، اور تاویل واحتیاط کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے، ان کو صریح کافر ومرتد قرار دینے سے اجتناب کیا جائے، اور بطور خاص ہمارے یہاں بڑے طبقہ میں آج جو ''مختار ثقفی'' کو مدعی نبوت قرار دے کر اس کو صریح کافر ومرتد قرار دینے کو شہرت حاصل ہوگئی ہے، اس سے بچا جائے۔

وہ الگ بات ہے کہ آج کل طبیعتوں میں انصاف واعتدال نہ ہونے، یا اپنے اپنے اکابر کے چند پسندیدہ اقوال کو لے کر ان پر اکتفاء کر لینے اور ان کو ہر طرح سے حق وصواب سمجھ لینے کی بناء پر اس طرح کی تحریرات سے کوئی ایک فریق بھی خوش نہیں ہوتا، کیونکہ اس کو اپنے جذبات کی تسکین حاصل نہیں ہوتی۔

لیکن اگر ہر ایک اپنے اپنے جذبات کے بجائے، اعتدال کو اختیار کرے، ساتھ ہی اپنے

بالمقابل دوسرے کے جذبات کو بھی بلاوجہ ٹھیس پہنچانے کا ارادہ وکوشش نہ کرے، تو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اعتدال کی توفیق حاصل ہونے میں دیر نہیں لگے گی۔

ہم نے آنے والے مضمون میں کوشش کی ہے کہ اس بارے میں طرفین سے ہونے والی بے اعتدالیوں کو دور کریں، اور اس سلسلہ میں اعتدال کے راستہ کی راہ نمائی کریں۔

البتہ علمی وتحقیقی امور کی تفصیل کے ضمن میں بعض باتیں یقیناً ایسی بھی آ گئی ہیں، جن سے مخصوص موقف کے حامل افراد کے جذبات مجروح ہوں گے، لیکن اس قسم کی باتیں ضمناً اور استفتاء کے جواب کے طور پر آئی ہیں، اور کئی ایسی باتوں کا بعد میں بھی اضافہ کرنا پڑا، جن کی پہلے ضرورت نہیں سمجھی گئی تھی، لیکن ان کی تصریح نہ ہونے سے بعض اصحابِ علم کو متعدد شبہات پیدا ہوئے، جس کی وجہ سے ہمیں خواہی نہ خواہی ان کی تصریح واضافہ کرنا پڑ گیا۔

نیز ہم نے یہ مضمون اہل السنہ والجماعہ کے موقف کو سامنے رکھتے ہوئے تحریر کیا ہے، اور، اہلِ تشیع کے موقف کا ضمنی طور پر ذکر آیا ہے۔

جہاں تک اس سلسلہ میں اہلِ تشیع کے موقف کا تعلق ہے، تو ہم اس کو اہل السنہ والجماعہ کے اصول وقواعد کی رو سے صواب نہیں سمجھتے، البتہ اگر خود اہلِ تشیع اس سلسلہ میں اپنے مذہب کی کتب میں مذکور باتوں کو حجت سمجھیں، اور ان کو ترجیح دیں، تو وہ ان کا اپنا معاملہ ہے۔

ایسی صورت میں ہم یہی دعاء کر سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ، امتِ محمدیہ کو اعتدال قائم رکھنے کی ہدایت وتوفیق نصیب فرمائے، اور ہر قسم کی بے اعتدالیوں، اور افراط وتفریط سے محفوظ فرمائے۔ آمین۔

محمد رضوان خان

08/ ذوالقعدۃ/ 1446ہجری۔ 06/ مئی/ 2025ء، بروز منگل

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حجاج ومختار ثقفی کی تحقیق

## استفتاء

جناب مفتی صاحب! چند دن پہلے کی بات ہے کہ کچھ افراد کو آپس میں بحث کرتے ہوئے سنا، جن میں سے ایک شخص مختار ثقفی کی بہت تعریف کر رہا تھا کہ یہ بہت نیک شخص تھا، جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ اور اہلِ بیت کے ظالمانہ قتل کا بدلہ لیا، اور حجاج بن یوسف بہت ظالم، ناصبی، بلکہ کافر شخص تھا، جس نے اہلِ بیت سمیت بہت سے مسلمانوں کا ظالمانہ وجابرانہ طریقہ پر قتل کیا، اور اس کا دفاع کرنے والے لوگ ''ناصبی'' کہلاتے ہیں۔

جبکہ دوسرا شخص کہہ رہا تھا کہ حجاج بن یوسف کو کافر کہنا صحیح نہیں، البتہ مختار ثقفی جھوٹا شخص ''رافضی'' اور مدعیِ نبوت تھا، اور اس کا دفاع کرنے والے لوگ ''رافضی'' کہلاتے ہیں۔

میں نے دینی علم کے کچھ درجے پڑھے ہیں، مکمل عالم نہیں ہوں، لیکن مجھے مطالعہ کا بہت شوق ہے، بہت عرصہ سے دینی کتابوں کا مطالعہ کرتا رہتا ہوں، میرے پاس عربی حدیثوں کی کتابوں کے ترجمے بھی ہیں۔

اس لئے تحقیق کی غرض سے میں نے بعض حدیثوں میں قبیلہ ثقیف میں ''کذاب'' اور ''مبیر'' ہونے کا ذکر پڑھا، پھر کچھ تفصیل معلوم ہوئی کہ اس سے مراد ''مختار بن ابی عبید ثقفی'' اور ''حجاج بن یوسف ثقفی'' ہیں، یہ دونوں ثقفی قبیلہ کے اشخاص تھے، لیکن تحریری طور پر کتابوں میں زیادہ تفصیل نہیں ملی، اب آپ سے ان اشخاص کے متعلق دریافت طلب امر یہ ہے کہ واقعی یہ دونوں اشخاص مراد ہیں، اور ان کا کن کن احادیث میں ذکر آیا ہے؟ بعض علماء نے

بتایا کہ ''مختار ثقفی'' اور ''حجاج ثقفی'' دونوں کے کذاب ہونے کا احادیث میں ذکر آیا ہے۔
''مختار ثقفی'' اپنے اوپر وحی کی آمد کا قائل تھا، اور ''حجاج ثقفی'' بھی جھوٹ بولتا تھا، اور سفاک قاتل بھی تھا، اور ان دونوں کو بعض علماء نے کافر کہا ہے۔
لیکن اس کے باوجود ان کی اقتداء میں بعض صحابہ وتابعین نے نماز پڑھی۔
اس پر کئی شکوک وشبہات نے جنم لیا، جن کو تحریر میں لانا مناسب نہیں۔
مجھے کتابوں میں بھی ان دونوں کے حالات اور ان سے متعلق اقوال کی زیادہ تفصیل نہیں ملی۔
بعض حضرات نے آپ سے تحقیق کرنے کے لئے کہا کہ آپ محقق شخص ہیں۔
اس لئے آپ سے باحوالہ وضاحت وتحقیق مطلوب ہے۔

**محمد عبد الشکور تنولی**

**میر پور، آزاد کشمیر، پاکستان**

Idara Ghufran

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# جواب

سب سے پہلے تو یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ ہر انسان کو اپنی اصلاح اور اپنی آخرت کی فکر کرنی چاہیے۔

## سورہ بقرہ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

تِلْکَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْأَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (سورة البقرة، رقم الآية ۱۳۴ و ۱۴۱)

ترجمہ: وہ امت تھی، جو گذر چکی، اس کے لئے ہے، وہ جو کمایا اس نے اور تمہارے لئے وہ ہے، جو کمایا تم نے اور نہیں سوال کیا جائے گا تم سے، ان کاموں کے بارے میں جو وہ کرتے تھے (سورہ بقرہ)

مطلب یہ ہے کہ جو لوگ پہلے گذر گئے، انہوں نے جو بھی عمل کیا، اس کا فائدہ ان کو حاصل ہو کر رہے گا، خواہ تم ان سے راضی ہو، یا نہ ہو، اور تم نے جو عمل کیا، اس کا فائدہ تمہیں حاصل ہو کر رہے گا، اور تم سے ان گذرے ہوئے لوگوں کے کئے ہوئے عمل کے بارے میں سوال نہیں کیا جائے گا۔ پس ایسی صورت میں اپنے اعمال کی فکر چھوڑ کر دوسرے کے اعمال کی فکر کے درپے ہونا، اور اپنی طرف سے کسی کے قطعی ودائمی جنتی، یا جہنمی ہونے کا فیصلہ کرنا، بالخصوص کسی مومن کو اس کے بڑے سے بڑے گناہ کی وجہ سے کافر قرار دینا درست نہیں۔

## سورہ انعام کا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرٰى ثُمَّ إِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ (سورة الانعام،رقم الآية ١٦٤)

ترجمہ: اور نہیں کماتا ہر نفس (کسی گناہ کو) مگر اسی پر ہوگا (اس کا وبال) اور نہیں وزن اٹھائے گا، کوئی وزن اٹھانے والا، کسی دوسرے کے وزن کو، پھر تمہارے رب کی طرف تمہارے لوٹنے کی جگہ ہے، پھر خبردار کردے گا وہ (تمہارا رب) ان باتوں سے کہ تھے تم اس میں اختلاف کیا کرتے (سورہ انعام)

مطلب یہ ہے کہ جو بھی کوئی برا عمل کرے گا، اس کا بوجھ وہ خود اٹھائے گا، اس کا بوجھ دوسرے پر نہیں لادا جائے گا، پھر بھی اگر دنیا میں کسی کے اچھے، یا برے عمل میں اختلاف پیدا ہوجائے، تو اس کا اللہ رب العزت کی طرف سے آخرت میں پورا معاملہ صاف کردیا جائے گا، اور ہر قسم کا ابہام دور کردیا جائے گا، جس کے بعد کسی قسم کے اختلاف کی گنجائش باقی نہیں رہے گی، اس لئے ایسے اختلافی امور میں زیادہ کدوکاوش کرنے کے بجائے، آخرت کا انتظار کرنا چاہیے۔

## سورہ اسراء کا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ اسراء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

مَنِ اهْتَدٰى فَإِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرٰى (سورة الاسراء،رقم الآية ١٥)

ترجمہ: جو ہدایت حاصل کرے گا، تو بس ہدایت حاصل کرے گا وہ اپنے آپ کے لئے، اور جو گمراہ ہوگا، تو بس گمراہ ہوگا، وہ اپنے خلاف، اور نہیں وزن اٹھائے گا، کوئی وزن اٹھانے والا، دوسرے کے وزن کو (سورہ اسراء)

مطلب یہ ہے کہ جو شخص بھی ہدایت والے کام کرتا ہے، تو وہ اپنی ہدایت کے لئے کرتا ہے، اور اس کے مقابلہ میں جو شخص گمراہی والے کام کرتا ہے، تو وہ اپنی گمراہی کا سامان کرتا ہے، اور

اس کے برخلاف کسی کی گمراہی کا بوجھ، دوسرے پر نہیں ڈالا جائے گا۔

پس ایسی صورت میں دوسرے کے اختیار کردہ ہدایت، یا ضلالت والے کاموں کو اپنی ذمہ داری سمجھ کر ان میں بحث ومباحثہ کرنا درست نہیں۔

## سورہ فاطر کا حوالہ

اور سورہ فاطر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرٰى وَإِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى (سورة فاطر، رقم الآية ١٨)

ترجمہ: اور نہیں وزن اٹھائے گا، کوئی وزن اٹھانے والا، دوسرے کے وزن کو، اور اگر پکارے گا، کوئی وزن لدا ہوا، اپنے لدے ہوئے کی طرف، تو نہیں اٹھایا جائے گا، اس (کے وزن) میں سے کچھ بھی، اگرچہ ہو وہ (اس کی) قربت والا (سورہ فاطر)

مطلب یہ ہے کہ اول تو کوئی کسی دوسرے کی بدعملی کے بوجھ کو نہیں اٹھائے گا، اور اگر اس مقصد کے لئے کسی دوسرے سے مدد بھی حاصل کی جائے گی، تو اس کا بھی کوئی فائدہ حاصل نہ ہوگا، خواہ دوسرا شخص اپنا قریبی عزیز ورشتہ دار کیوں نہ ہو۔

## سورہ زمر کا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ زمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنْ تَكْفُرُوْا فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ وَإِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرٰى ثُمَّ إِلٰى رَبِّكُمْ مَرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ إِنَّهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (سورة الزمر، رقم الآية ٧)

ترجمہ: اگر کفر کرو گے تم تو بے شک اللہ غنی ہے تم سے، اور نہیں راضی ہوگا وہ اپنے

بندوں کے لئے کفر سے، اور اگر شکر کرو گے تم، تو راضی ہوگا وہ تمہارے لئے، اور نہیں وزن اٹھائے گا کوئی وزن اٹھانے والا وزن کو، دوسرے کے، پھر اپنے رب کی طرف تمہارے لوٹنے کی جگہ ہے، پھر خبردار کردے گا وہ تم کو، ان چیزوں سے کہ تھے تم عمل کرتے، بے شک وہ علیم ہے، سینے والی باتوں کا (سورہ زمر)

مطلب یہ ہے کہ اللہ نے اپنے بندوں کو اپنی رضا اور غیر رضا والے کاموں سے آگاہ کردیا ہے، جو بندوں کے سامنے کھول کر بیان کردیئے گئے ہیں، اس لئے ہر ایک کو اپنے اپنے گریبانوں میں جھانک کر اپنے رب کو راضی کرنے کی فکر میں لگ جانا چاہیے، اور دوسرے کی کی ہوئی بداعمالیوں کے وزن کو اپنے سر لینے، یا اپنی بداعمالیوں کو دوسرے کے سر تھوپنے کی امید پر نہیں رہنا چاہیے، ایسا ممکن نہیں۔

اور آخرت میں ہر ایک کو اپنے عمل کا پتہ چل جائے گا، دنیا میں بھی اللہ کو خوب علم ہے۔

اس کے مقابلہ میں اپنی طرف سے تخمینے اور اندازے قائم کرکے بحث ومباحثہ کا میدان نہیں سجانا چاہیے۔

## سورہ نجم کا حوالہ

اور سورہ نجم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

أَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرٰى. وَأَنْ لَّيْسَ لِلْإِنْسَانِ إِلَّا مَا سَعٰى. وَأَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى. ثُمَّ يُجْزَاهُ الْجَزَاءَ الْأَوْفٰى. وَأَنَّ إِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى

(سورة النجم، رقم الآية ۳۸، الیٰ ۴۲)

ترجمہ: یہ کہ نہیں اٹھائے گا کوئی وزن اٹھانے والا، دوسرے کے وزن کو، اور یہ کہ نہیں ہے انسان کے لئے، مگر وہ ہی جو کوشش کی اس نے، اور بے شک اپنی کوشش کو عنقریب دیکھ لے گا وہ، پھر بدلہ دیا جائے گا، اس کو پورا بدلہ، اور بے شک آپ کے رب کی طرف ہی انتہاء کی جگہ ہے (سورۃ النجم)

مطلب یہ ہے کہ ہر انسان اپنے کئے ہوئے اعمالِ بد کا ذمہ دار ہے، جس کے بوجھ کو وہ خود اٹھائے گا، دوسرا اس کا ذمہ دار نہ ہوگا، ہر انسان اپنے کئے ہوئے اعمال کا ذمہ دار ہے، جس کے نتیجہ کو وہ بہت جلد دیکھ لے گا، اللہ رب العزت کے پاس پہنچ کر ہر چیز اور بحث ومباحثہ کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔

لہٰذا ہر شخص کو اللہ رب العزت کی طرف سے آخری اور حتمی فیصلہ کا انتظار کرنا چاہیے، اور اپنی فکر کرنی چاہیے، اور دوسروں کے اعمال، اور ان کے نتائج کی کھود کرید میں نہیں پڑنا چاہیے۔

البتہ جو باتیں تاریخ کا حصہ بن چکی ہیں، اور ان پر تصنیفات وتالیفات میں بہت کچھ لکھدیا گیا ہے، اور بعض حضرات کی طرف سے افراط وتفریط کردی گئی ہے، اور ان پر بے جا بحث ومباحثہ کا بازار گرم ہوتا ہے، ان پر ضرورت کے وقت معتدل ومناسب کلام کرنا، اور افراط وتفریط اور غلط فہمیوں، اور لڑائی جھگڑوں سے بچنے بچانے کی کوشش بھی ضروری ہے۔

اب آپ نے سوال میں جن باتوں کا ذکر کیا ہے، اس کی باحوالہ تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## مختار وحجاج سے متعلق ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

شریک بن عبداللہ، عبداللہ بن عصم سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فِیْ ثَقِیْفَ مُبِیْرًا وَ کَذَّابًا

(مسند احمد، رقم الحدیث ۴۷۹۰)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قبیلہ ثقیف میں ''مبیر'' (سفاک وظالم قاتل) اور کذاب (جھوٹا) ہوگا (مسند احمد)

اس حدیث کی سند اگرچہ فی نفسہٖ ضعیف ہے، کیونکہ اس کی سند میں شریک، اور عبداللہ بن عصم پائے جاتے ہیں۔

لیکن دوسری احادیث کے ساتھ مل کر صحیح شمار کی گئی ہے۔ [1]

اس حدیث کو امام ترمذی نے بھی روایت کیا ہے، جس کے ضمن میں امام ترمذی نے یہ بھی لکھا ہے کہ:

> کہا جاتا ہے کہ ''کذاب'' سے مراد ''مختار بن ابی عبید'' ہے، اور ''مبیر'' سے مراد ''حجاج بن یوسف'' ہے۔ اور ہشام بن حسان کہتے ہیں کہ لوگوں نے حجاج بن یوسف کے قید کر کے قتل کئے ہوئے افراد کو شمار کیا، تو اس کی تعداد ایک لاکھ بیس ہزار تک پہنچی۔ پھر امام ترمذی نے فرمایا کہ ''یہ حدیث حسن غریب ہے، جس کو ہم صرف شریک بن عبداللہ کی حدیث سے ہی پہچانتے ہیں''۔ انتھیٰ۔ [2]

امام ترمذی کا مطلب یہ ہے کہ حدیث میں جس کو ''مبیر'' کہا گیا، اس سے مراد ''حجاج بن یوسف'' ہے، اور اس کے مقابلہ میں جس کو ''کذاب'' کہا گیا، اس سے مراد ''مختار ثقفی'' ہے۔

یہ مطلب نہیں کہ ''حجاج بن یوسف کی صفت ''مبیر'' کے ساتھ ''کذاب'' ہونا بھی نہ ہو، کیونکہ دوسری روایات میں ثقیف قبیلہ کے دونوں اشخاص کے کذاب ہونے، کے ساتھ، بعد والے کے ''مبیر''، اور پہلے سے زیادہ شریر وشدید ہونے کا بھی ذکر آیا ہے، اور بعد والے شخص سے ''حجاج بن یوسف'' مراد ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد ضعيف لضعف شريک، وهو ابن عبد الله النخعي. وعبد الله بن عُصم: اختلف في اسم أبيه عصم أو عصمة (حاشية مسند احمد)

[2] حدثنا علي بن حجر قال: حدثنا الفضل بن موسى، عن شريک بن عبد الله، عن عبد الله بن عصم، عن ابن عمر قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: في ثقيف كذاب ومبير: يقال: الكذاب المختار بن أبي عبيد، والمبير: الحجاج بن يوسف.

حدثنا أبو داود سليمان بن سلم البلخي قال: أخبرنا النضر بن شميل، عن هشام بن حسان قال: أحصوا ما قتل الحجاج صبرا فبلغ مائة ألف وعشرين ألف قتيل: وفي الباب عن أسماء بنت أبي بكر حدثنا عبد الرحمن بن واقد قال: حدثنا شريک، نحوه بهذا الإسناد.

وهذا حديث حسن غريب، لا نعرفه إلا من حديث شريک وشريک يقول: عبد الله بن عصم، وإسرائيل يقول: عبد الله بن عصمة (سنن الترمذی، رقم الحديث ٢٢٢٠، ابواب الفتن، باب ما جاء في ثقيف كذاب ومبير)

پس اس مذکورہ حدیث، اور امام ترمذی کے قول کی وجہ سے جو بہت سے حضرات نے حجاج کے ''کذاب'' ہونے کی نفی سمجھ لی، یہ راجح نہیں، حجاج بن یوسف کا اپنے بیس سالہ ظالمانہ دورِ حکومت میں طرح طرح، اور دین کے عنوان سے جھوٹ بولنا، اور جھوٹی تہمتیں عائد کرنا، بالکل واضح ہے۔

اور ایک لاکھ بیس ہزار لوگوں کو تو ''حجاج ثقفی'' نے قید کر کے قتل کیا، اور اس نے جن لوگوں کو جنگ کے میدان میں قتل کیا، وہ لوگ ان کے علاوہ ہیں۔ [1]

عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو بھی ''حجاج بن یوسف ثقفی'' نے ظالمانہ طریقہ پر قتل کیا۔

اور ''حجاج بن یوسف ثقفی'' نے حضرت سعید بن جبیر کو بھی ظالمانہ طریقہ پر قتل کیا، اسی وجہ سے اس کو ''مبیر'' کہا گیا، جس کے معنیٰ ''لوگوں کو اس طرح قتل کرنے کے ہیں کہ جس میں ان کا صفایا کر دیا جائے، اور کسی اچھے، برے کی تمیز نہ کی جائے، اور یہ صفت اس امت میں خاص ''حجاج'' کا مقدر بنی۔ [2]

جس کی مزید تفصیل آگے آتی ہے۔

## اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا کی حدیث

اسود بن شیبان سے روایت ہے کہ:

عَنْ أَبِیْ نَوْفَلٍ، رَأَیْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ الزُّبَیْرِ عَلٰی عَقَبَۃِ الْمَدِینَۃِ، قَالَ: فَجَعَلَتْ قُرَیْشٌ تَمُرُّ عَلَیْہِ، وَالنَّاسُ حَتّٰی مَرَّ عَلَیْہِ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عُمَرَ،

---

[1] "والمبير :هو الحجاج بن يوسف"، لم يكن في الإهلاك أحد مثله.
"قال هشام بن حسان :أحصوا - "بصيغة الماضي -من الإحصاء ؛ أي :عدوا "ما قتل الحجاج صبرا"؛ أي :حبسا، "فبلغ مئة ألف وعشرين ألفا "سوى من قتله محاربة(شرح المصابيح لابن الملک، ج٦،ص ٣٩١، كتاب الفتن،باب في مناقب قريش وذكر القبائل)

[2] وكان يقال للحجاج بن يوسف :المُبِيرُ؛ لأنه أبار الناس؛ أي :أفناهم بالقتل(المنتخب من كلام العرب،لعلي بن الحسن الهُنائي الأزدي، الملقب بـ كراع النمل،ص ٧٥٥،باب من قال كلمة أو قيلت له)

فَوَقَفَ عَلَيْهِ فَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ، أَبَا خُبَيْبٍ! اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَبَا خُبَيْبٍ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَبَا خُبَيْبٍ! أَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ كُنْتُ أَنْهَاكَ عَنْ هٰذَا، أَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ كُنْتُ أَنْهَاكَ عَنْ هٰذَا. أَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ كُنْتُ أَنْهَاكَ عَنْ هٰذَا. أَمَا وَاللّٰهِ إِنْ كُنْتَ، مَا عَلِمْتُ، صَوَّامًا، قَوَّامًا، وَصُوْلًا لِلرَّحِمِ، أَمَا وَاللّٰهِ لَأُمَّةٌ أَنْتَ أَشَرُّهَا لَأُمَّةٌ خَيْرٌ، ثُمَّ نَفَذَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ. فَبَلَغَ الْحَجَّاجَ مَوْقِفُ عَبْدِ اللّٰهِ وَقَوْلُهُ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ، فَأُنْزِلَ عَنْ جِذْعِهِ، فَأُلْقِيَ فِيْ قُبُوْرِ الْيَهُوْدِ.

ثُمَّ أَرْسَلَ إِلٰى أُمِّهِ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، فَأَبَتْ أَنْ تَأْتِيَهُ، فَأَعَادَ عَلَيْهَا الرَّسُوْلَ: لَتَأْتِيَنِّيْ أَوْ لَأَبْعَثَنَّ إِلَيْكِ مَنْ يَسْحَبُكِ بِقُرُوْنِكِ.

قَالَ: فَأَبَتْ وَقَالَتْ: وَاللّٰهِ لَا آتِيْكَ حَتّٰى تَبْعَثَ إِلَيَّ مَنْ يَسْحَبُنِيْ بِقُرُوْنِيْ. قَالَ: فَقَالَ: أَرُوْنِيْ سِبْتِيَّ فَأَخَذَ نَعْلَيْهِ، ثُمَّ انْطَلَقَ يَتَوَذَّفُ، حَتّٰى دَخَلَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: كَيْفَ رَأَيْتِنِيْ صَنَعْتُ بِعَدُوِّ اللّٰهِ؟

قَالَتْ: رَأَيْتُكَ أَفْسَدْتَ عَلَيْهِ دُنْيَاهُ، وَأَفْسَدَ عَلَيْكَ آخِرَتَكَ، بَلَغَنِيْ أَنَّكَ تَقُوْلُ لَهُ: يَا اِبْنَ ذَاتِ النِّطَاقَيْنِ أَنَا، وَاللّٰهِ ذَاتُ النِّطَاقَيْنِ، أَمَّا أَحَدُهُمَا فَكُنْتُ أَرْفَعُ بِهِ طَعَامَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَطَعَامَ أَبِيْ بَكْرٍ مِنَ الدَّوَابِّ، وَأَمَّا الْآخَرُ فَنِطَاقُ الْمَرْأَةِ الَّتِيْ لَا تَسْتَغْنِيْ عَنْهُ. أَمَا إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا، أَنَّ فِيْ ثَقِيْفٍ كَذَّابًا وَمُبِيْرًا فَأَمَّا الْكَذَّابُ فَرَأَيْنَاهُ، وَأَمَّا الْمُبِيْرُ فَلَا إِخَالُكَ إِلَّا إِيَّاهُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۵۴۵ "۲۲۹"، كتاب فضائل الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم، باب ذكر كذاب ثقيف ومبيرها)

ترجمہ: حضرت ابونوفل کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو مدینہ کی ایک گھاٹی پر (سولی لٹکتے ہوئے) دیکھا (جن کو حجاج ثقفی نے قتل کیا تھا)

حضرت ابونوفل کہتے ہیں کہ قریشی اور دوسرے لوگ بھی اس طرف سے گزرتے تھے، یہاں تک کہ جب حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ اس طرف سے گزرے، تو وہاں پر کھڑے ہوکر فرمایا کہ اے ابوخبیب! تجھ پر سلام ہو۔ اے ابوخبیب! تجھ پر سلام ہو۔ اے ابوخبیب! تجھ پر سلام ہو۔ یادرکھو، اللہ کی قسم! میں آپ کو اس چیز سے (جس کے سبب یہ نوبت آئی) روکا کرتا تھا۔ یادرکھو، اللہ کی قسم! میں آپ کو اس چیز سے روکا کرتا تھا۔ یادرکھو، اللہ کی قسم! میں آپ کو اس چیز سے روکا کرتا تھا۔ بہرحال اللہ کی قسم! میرے علم میں آپ بہت روزے رکھنے، اور رات کو عبادت کرنے، اور بہت زیادہ صلہ رحمی کرنے والے تھے، اللہ کی قسم! ایسا گروہ جس میں (آپ کے دشمنوں کے بقول) آپ جیسا شریرترین ہو، وہ تو بہترین گروہ ہے۔ [1]

پھر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ چلے گئے۔

پھر حجاج بن یوسف کو عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے یہاں کھڑے ہونے اور ان کے کلام کی اطلاع پہنچی، تو حجاج بن یوسف نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی نعش اس گھاٹی سے اتروا کر یہود کے قبرستان میں ڈلوادی۔

پھر حجاج بن یوسف نے حضرت ابنِ زبیر رضی اللہ عنہ کی والدہ حضرت اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا کو اپنے پاس بلانے کا پیغام بھیجا، تو حضرت اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا نے آنے سے انکار کردیا، حجاج نے دوبارہ بلوانے کے لئے بھیجا اور کہا کہ یا تو میرے پاس خود آجاؤ، ورنہ میں تیری طرف ایسے آدمی کو بھیجوں گا، جو تیرے بالوں کو کھینچتا ہوا تجھے میرے پاس لے آئے گا۔

---

[1] والمعنى :إن أعداءك يقولون عنك :إنك أكثر الأمة شرا، وحقيقتك أنك من أحسنها، فإذا كنت شرا كانت الأمة كلها خيرا. والمعنى ليس فاسدا على الرواية الأخرى، أى إذا كنت شرا فالأمة كلها شر وسوء ، لأنك من أحسنها (فتح المنعم شرح صحيح مسلم، ج ٩، ص ٦٠١، كتاب فضائل الصحابة ،باب ذكر كذاب ثقيف)

(حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی والدہ) حضرت اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا نے پھر حجاج کے پاس آنے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ اللہ کی قسم! میں تیرے پاس نہیں آؤں گی، یہاں تک کہ تو میری طرف ایسے آدمی کو بھیجے، جو میرے بالوں سے کھینچ کر مجھے لائے۔

راوی کہتے ہیں کہ بالآخر حجاج بن یوسف نے کہا کہ میری جوتیاں لاؤ! پھر وہ جوتیاں پہن کر اکڑتا ہوا (حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی والدہ) حضرت اسماء بنتِ ابکر رضی اللہ عنہا کے پاس داخل ہوا، اور کہا کہ کیا تو نے دیکھا ہے کہ میں نے اللہ کے دشمن کے ساتھ کیا کیا ہے؟

(حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی والدہ) حضرت اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں نے تجھے اس حال میں دیکھا ہے کہ تو نے اس (میرے شہید بیٹے، عبداللہ بن زبیر) کی دنیا خراب کر دی ہے، اور اس (میرے شہید بیٹے، عبداللہ بن زبیر) نے تیری آخرت خراب کر دی ہے، مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ تو نے اس (میرے شہید بیٹے) کو (طنزیہ انداز میں) دو کمر (ازار) بندوں والی کا بیٹا کہا تھا؟ اللہ کی قسم میں دو کمر بندوں والی ہوں، ایک کمر بند سے تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا (ہجرت کے موقع پر) کھانا، باندھا تھا اور دوسرا کمر بند وہی ہے، جس سے کوئی عورت بے نیاز نہیں ہوتی۔

یاد رکھ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ حدیث بیان کی تھی کہ قبیلہ ثقیف میں کذاب، اور مبیر ہوگا۔

پس کذاب تو ہم نے دیکھ لیا، جہاں تک مبیر کا تعلق ہے، تو میں تجھے یہی گمان کرتی ہوں کہ تو وہی ہے (مسلم)

امام نووی نے فرمایا کہ علمائے اہلُ السنۃ کا اتفاق ہے کہ اس حدیث میں ''کذاب'' سے ''مختار

بن ابی عبید ثقفی'' اور ''مبیر'' سے ''حجاج بن یوسف ثقفی'' مراد ہے۔ [1]

تاہم بعض صحیح احادیث میں دونوں کو کذاب کہا گیا ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے ایک طرف تو عبداللہ بن زبیر کی نیکی اور تقوے کی شہادت دی، اور ساتھ ہی اس طرح کے طرزِ عمل سے منع کرنے کی اپنی ذمہ داری پوری کرنے کا بھی ذکر کیا، حضرت ابنِ عمر مسلمانوں کی باہمی جنگ کے بڑے مخالف اور صلح کے علمبردار تھے، اور شر پسند لوگوں کے مقابلہ اور ان کے ساتھ چھیڑ چھار سے کنارہ کشی پسند کیا کرتے تھے۔ [2]

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ پر مسلمانوں کے درمیان منازعت اور خون ریزی سے بچنے بچانے کا بہت غلبہ تھا، جس کا وہ مختلف مواقع پر حسبِ استطاعت اہتمام واظہار کیا کرتے تھے۔

صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن زبیر کی زندگی میں، حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے آپ کو یہ کہہ کر حکومت کے قضیہ سے الگ کرلیا تھا کہ اس سے فتنہ لازم آتا ہے، اور درحقیقت قتال، فتنہ کو ختم کرنے کے لئے ہے۔ [3]

---

[1] وقولها فی الکذاب فرأیناه تعنی به المختار بن أبی عبید الثقفی کان شدید الکذب ومن أقبحه ادعی أن جبریل صلی الله علیه وسلم یأتیه واتفق العلماء علی أن المراد بالکذاب هنا المحتار بن أبی عبید وبالمبیر الحجاج بن یوسف(شرح النووی علیٰ مسلم، ج۱۶ ص۱۰۰، کتاب فضائل الصحابة رضی الله عنهم،باب فضل أهل عمان)

[2] وقوله :(لقد کنت أنهاک عن هذا) مکرر ثلاثا، وهذا إشارة إلی موجب الصلب وسببه، وهو الخروج ودعوی الإمامة ومخالفة هؤلاء الأشرار(لمعات التنقیح فی شرح مشکاة المصابیح، ج۹، ص۵۷۳، کتاب المناقب،باب مناقب قریش وذکر القبائل)

و(قول ابن عمر :أما والله لقد کنت أنهاک عن هذا) أی :عن التعرض لهذا، وکأنه کان أشار علیه بالصلح، ونهاه عن قتالهم لما رأی من کثرة عدوه، وشدة شوکتهم، ثم إنه شهد بما علم من حاله فقال :أما والله إن کنت ما علمت صواما، قواما، وصولا للرحم(المفهم لما أشکل من تلخیص کتاب مسلم،للقرطبی،ج۶،ص۵۰۳، کتاب النبوات وفضائل نبینا محمد صلی الله علیه وسلم،باب فی ثقیف کذاب ومبیر)

[3] حدثنا محمد بن بشار: حدثنا عبد الوهاب: حدثنا عبید الله، عن نافع، عن ابن عمر رضی الله عنهما: أتاه رجلان فی فتنة ابن الزبیر فقالا: إن الناس صنعوا وأنت ابن عمر، وصاحب النبی صلی الله علیه وسلم، فما یمنعک أن تخرج؟ فقال: یمنعنی أن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اور صحیح بخاری، اور مسند احمد میں صحیح سند کے ساتھ یہ بھی مروی ہے کہ جب اہلِ مدینہ نے یزید بن معاویہ کی بیعت کو توڑنا شروع کیا، تو ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے اہلِ خانہ کو جمع کر کے اس سے منع کیا۔ [1]

حضرت شعبی کی سند سے یہ بھی مروی ہے کہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو عراق جانے سے بھی منع کیا تھا۔ [2]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

الله حرم دم أخي، فقالا: ألم يقل الله:"وقاتلوهم حتى لا تكون فتنة" فقال: قاتلنا حتى لم تكن فتنة، وكان الدين لله، وأنتم تريدون أن تقاتلوا حتى تكون فتنة، ويكون الدين لغير الله (صحيح البخاری،رقم الحديث ۴۵۱۵، كتاب تفسير القرآن)

[1] حدثنا سليمان بن حرب، حدثنا حماد بن زيد، عن أيوب، عن نافع قال: لما خلع أهل المدينة يزيد بن معاوية، جمع ابن عمر حشمه وولده، فقال: إني سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول: ينصب لكل غادر لواء يوم القيامة .وإنا قد بايعنا هذا الرجل على بيع الله ورسوله، وإني لا أعلم غدرا أعظم من أن يبايع رجل على بيع الله ورسوله ثم ينصب له القتال، وإني لا أعلم أحدا منكم خلعه، ولا بايع في هذا الأمر إلا كانت الفيصل بيني وبينه.(صحيح البخاری،رقم الحديث ۷۱۱۱، كتاب الفتن)

عن نافع، قال: لما خلع الناس يزيد بن معاوية، جمع ابن عمر بنيه وأهله، ثم تشهد، ثم قال: أما بعد، فإنا قد بايعنا هذا الرجل على بيع الله ورسوله، وإني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: " إن الغادر ينصب له لواء يوم القيامة، يقال: هذه غدرة فلان "وإن من أعظم الغدر – إلا أن يكون الإشراك بالله تعالى – أن يبايع رجل رجلا على بيع الله ورسوله، ثم ينكث بيعته، فلا يخلعن أحد منكم يزيد، ولا يشرفن أحد منكم في هذا الأمر فيكون صيلم بيني وبينه(مسند احمد،رقم الحديث۵۰۸۸)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط الشيخين(حاشية مسند احمد)

[2] أخبرنا محمد بن إسحاق بن إبراهيم مولى ثقيف، حدثنا الحسن بن محمد بن الصباح، حدثنا شبابة بن سوار، حدثنا يحيى بن إسماعيل بن سالم عن الشعبي قال :بلغ ابن عمر وهو بمال له أن الحسين بن علي قد توجه إلى العراق، فلحقه على مسيرة "" يومين أو ثلاثة، فقال :إلى أين؟ فقال :هذه كتب أهل العراق وبيعتهم، فقال :لا تفعل، فأبى، فقال له ابن عمر :أن جبريل عليه السلام أتى النبي صلى الله عليه وسلم فخيره بين الدنيا والآخرة فاختار الآخرة، ولم يرد الدنيا، وإنك بضعة من رسول الله صلى الله عليه وسلم، كذلك يريد منكم""، فأبى، فاعتنقه ابن عمر، وقال :أستودعك الله، والسلام"(صحيح ابنِ حبان،رقم الحديث ۶۹۶۸،كتاب إخباره صلى الله عليه وسلم عن مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين،مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين)

www.idaraghufran.org

اس روایت کے راوی تو معتبر ہیں، لیکن ابو حاتم وغیرہ نے حضرت شعبی کے ابنِ عمر سے سماع کی نفی کی ہے، اور بعض حضرات، امام شعبی کی مراسیل کو معتبر مانتے ہیں۔ [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:

"رجاله ثقات رجال الصحيح، غير يحيى بن إسماعيل بن سالم، فقد وثقه المؤلف 7/610، وروى عنه جمع، وأورده ابن أبي حاتم 9/126ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلا .وأخرجه البزار "2643"عن إسماعيل بن أبي الحارث، والبيهقي في "دلائل النبوة 471 - 6/470 "من طريق محمد بن عبد الملك بن زنجويه كلاهما عن شبابة بن سوار، بهذا الإسناد.وقد وقع في إسناد البزار تحريف يصحح من هنا.

وأورده الهيثمي في "المجمع 9/192 "وقال رواه الطبراني في "الأوسط "والبزار، ورجاله ثقات.

وأخرجه ابن عساكر في "تاريخ دمشق" "تهذيبه "4/332من طريق البيهقي.

وأخرجه البزار "2644"عن محمد بن معمر، عن أبي داود -وهو الطيالسي -عن يحيى بن إسماعيل، به .وقد وقع في المطبوع "الحسن بن إسماعيل "وهو تحريف , ونسبه أيضا ابن كثير في "شمائل الرسول "ص 449إلى أبي داود الطيالسي في "مسنده "عن يحيى بن إسماعيل بن سالم، به.

وأخرجه مختصرا البيهقي في "السنن 7/48 "من طريق يحيى بن أبي طالب، عن شبابة بن سوار عن يحيى بن إسماعيل بن سالم، قال :سمعت الشعبي يحدث عن ابن عمر رضي الله عنه قال :إن جبريل عليه السلام أتى النبي صلى الله عليه وسلم، فخيره بين الدنيا والآخرة فاختار الآخرة ولم يرد الدنيا(حاشية صحيح ابنِ حبان)

وقال الهيثمي:

رواه البزار، والطبراني في الأوسط، ورجال البزار ثقات(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ١٥١٣٠ ،باب مناقب الحسين بن علي عليهما السلام)

وقال حسين سليم أسد الدّارانی :

رجاله ثقات، غير أنه منقطع، قال ابن أبي حاتم في "المراسيل "ص " :(160)سمعت أبي يقول :لم يسمع الشعبي من ابن عمر ." ...وانظر جامع التحصيل ص .(248)

ويحيى بن إسماعيل بن سالم هو الأسدي، ترجمه البخاري في الكبير 260 /8ولم يورد فيه جرحاً ولا تعديلاً، وتبعه على ذلك ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل /9" 126، وكره ابن حبان في الثقات .610 /7

والحديث في الإحسان 58 /9برقم .(9629)وعنده "مسيرة شهر يومين "وأظن أن كلمة "شهر "مقحمة هنا .وعنده أيضاً "وإنك بضعة "بدل "وإنكم بضعة."

وأخرجه البزار 232 /3برقم (2643) من طريق إسماعيل بن أبي الحارث، حدثنا

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

بہر حال جو کچھ بھی ہو، حضراتِ صحابہ کے مابین اس طرح کی آراء کے اختلاف کی وجہ سے کسی صحابی کی شان میں گستاخی ولب کشائی کی اجازت نہیں، علمی باتوں اور اس طرح کے اجتہادی اختلافات کو اپنی حدود میں رکھنا ضروری ہے۔

## اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا کی دوسری روایات

''حجاج بن یوسف ثقفی'' نے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے بارے میں جھوٹ بولا تھا، جس کا حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کی ہی روایات میں ذکر ہے، اور حجاج کے ''مبیر'' ہونے کے ساتھ ''کذاب'' ہونے، اور زیادہ شریر وزیادہ شدید جھوٹا ہونے کا بھی بعض معتبر روایات میں ذکر ہے۔

ابوسلمان کی روایت میں ہے کہ:

> ''حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے کے بعد، حجاج بن یوسف نے حضرت اسماء سے یہ بھی کہا تھا کہ میں نے اللہ کے دشمن، اور حرم پاک میں الحاد (وبدعت ایجاد) کرنے والے کو قتل کیا ہے، جس پر حضرت اسماء نے فرمایا کہ تو نے جھوٹ کہا، تو نے روزہ دار، عبادت گذار اور صلہ رحمی کرنے والے کو قتل کیا ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حدیث بیان کی تھی کہ قبیلہ ثقیف میں کذاب، اور مبیر نکلے گا، کذاب کو تو ہم نے دیکھ لیا، اور مبیر (ظالمانہ صفایا کرنے

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

شبابة بن سوار، بهذا الإسناد .وقد أقحم فيه "الحسن "بين شبابة، وبين يحيى فقال : "حدثنا الحسن بن يحيى بن إسماعيل، عن سالم ."وهذا تحريف أيضاً.

وأخرجه البزار (2644) من طريق محمد بن معمر، حدثنا أبو داود، حدثنا الحسن ابن إسماعيل، عن الشعبي، به.

وذكره الهيثمي في "مجمع الزوائد 192 /9 "باب :مناقب الحسين بن علي -عليهما السلام -وقال" :رواه البزار، والطبراني في الأوسط، ورجال البزار ثقات(حاشية موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان،تحت رقم الحديث ۲۲۴۲)

والا) تو ہی ہے، جس پر حجاج نے کہا کہ میں منافقین کا مبیر ہوں"۔ انتھٰی۔ [1]

اور ابوصدیق ناجی سے بخاری ومسلم کی شرط کے مطابق صحیح سند کے ساتھ روایت ہے کہ:

**أَنَّ الْحَجَّاجَ بْنَ يُوْسُفَ دَخَلَ عَلٰى أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، بَعْدَ مَا قَتَلَ اِبْنَهَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، فَقَالَ: إِنَّ اِبْنَكِ أَلْحَدَ فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ، وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَذَاقَهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيْمٍ، وَفَعَلَ بِهِ وَفَعَل، فَقَالَتْ: كَذَبْتَ، كَانَ بَرًّا بِالْوَالِدَيْنِ، صَوَّامًا قَوَّامًا، وَاللّٰهِ لَقَدْ أَخْبَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى**

---

[1] حدثنا أسلم، قال: ثنا وهب بن بقية، قال: ثنا خالد عن داود بن أبی هند عن شهر بن حوشب عن أبی سلمان صاحب راية الحجاج، قال: لما قتل الحجاج ابن الزبير، دخل علی أسماء بنت أبی بكر رضی الله عنه، وأنا معه، وقد كبرت وعميت، فلا تكاد تسمع .وإذا جارية تسمعها .فقال:قولی لها: ابن يوسف أتاک، فأسمعيها .قالت: مالی ولابن يوسف .قال:قولی لها: إنا نسلم عليک ونسألک حاجتک .قالت: وما حاجتی إليه وقد قتل ابن الزبير .قال: قتلته فاسقا خبيثا، عدوا لله تعالی ملحدا فی حرم الله تعالی .قالت بل قتلته صواما قواما برا بوالديه .إن رسول الله صلی الله عليه وسلم، قال:سيخرج من ثقيف، أو يكون فی ثقيف كذاب ومبير .فأما الكذاب فقد رأيناه .وأما المبير فأنت .قال: أو قد قال ذاک؟ قالت: نعم .قال: أنا مبير المنافقين(تاريخ واسط، لاسلم بن سهل بحشل، ص۷۳ ،تسمية القرن الأول القادمين مدينة واسط من صحابة رسول الله صلی الله عليه وسلم ممن خدمه ورآه ونقل حديثه وسمع كلامه،من روی عن أسماء بنت أبی بكر رضی الله عنهما)

أخبرنا عبد الواحد بن إسماعيل الرويانی قدم علينا ثنا أبو سهل الأبيوردی ببخاری ثنا القاضی أبو نصر أحمد بن عمرو ثنا أبو الحسن علی بن محمد بن محمد بن عقبة الشيبانی الكوفی ببغداد ثنا أحمد بن محمد بن إبراهيم المروزی ثنا وهب بن بقية الواسطی أنا خالد بن عبد الله عن داود عن شهر بن حوشب عن ابن سلمان وكان صاحب راية الحجاج بن يوسف قال لما قتل ابن الزبير رضی الله عنه دخل الحجاج علی أسماء بنت أبی بكر رضی الله عنها وأنا معه وقد كبرت وعميت ولا تكاد تسمع ولها جارية تسمعها فقال لها قولی لها أنا ابن يوسف فنادتها فأسمعتها فقالت خلينی مالی وابن يوسف قال قولی أتاک ليسلم عليک وينظر هل لک حاجة قالت وما حاجتی وقد قتل ابن الزبير قال قتلت عدو الله ملحدا فی حرم الله عز وجل قالت كذبت بل قتلت صواما قواما برا بوالديه وإن رسول الله صلی الله عليه وسلم قال إنه سيخرج أو يكون فی ثقيف كذاب ومبير أما الكذاب فقد رأيناه وأما المبير فإنک أنت هو قال أنا مبير المنافقين(دلائل النبوة لإسماعيل الاصبهانی،ص۲۱۸، ۲۱۹ ،رقم الحديث ۳۰۲)

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّهُ سَيَخْرُجُ مِنْ ثَقِيْفٍ كَذَّابَانِ، اَلْآخِرُ مِنْهُمَا شَرٌّ مِنَ الْأَوَّلِ، وَهُوَ مُبِيْرٌ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٦٩٦٧)

ترجمہ: حجاج بن یوسف، حضرت اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا کے پاس آیا، جب وہ ان کے بیٹے، عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو قتل کر چکا تھا، اور حجاج نے کہا کہ تیرے بیٹے نے اس بیتُ اللہ میں الحاد (اور بدعت کو ایجاد) کیا ہے، اور اللہ عزوجل نے اس کو دردناک عذاب کا مزہ چکھا دیا ہے، اور اس نے ایسا اور ایسا فعل کیا۔

تو (عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی والدہ) حضرت اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ تو نے جھوٹ کہا، وہ والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنے والے، اور روزہ دار و عبادت گذار تھے، اللہ کی قسم! ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی کہ قبیلہ ثقیف میں دو کذاب، برآمد ہوں گے، دوسرا، پہلے سے زیادہ شر والا ہوگا، اور وہ (دوسرا کذاب شخص) ''مبیر'' (سفاک قاتل) ہے (مسند احمد)

اس حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ثقیف میں دو کذابوں کے خروج، اور دوسرے کے پہلے سے زیادہ شریر ہونے اور اس کے مبیر بھی ہونے کا حکم لگایا ہے، جس سے مراد ''حجاج بن یوسف ثقفی'' ہے، کیونکہ ''حجاج بن یوسف'' ہی دوسرا شخص ہے، جس کی ولادت اور وفات دونوں ہی ''مختار ثقفی'' کے بعد ہیں۔

اور اس حدیث کی سند کے راوی بخاری و مسلم کے راوی ہیں، اور یہ حدیث سند کے اعتبار سے قوی و صحیح ہے۔

اور بعض حضرات کا، اس روایت کے ایک راوی ''ابوصدیق ناجی'' کے تفرد کی وجہ سے اس کے متن کو غیر محفوظ کہنا راجح نہیں، اس کے تمام راوی معتبر ہیں، اور متعدد مشاہیر محدثین نے اس کو مختلف اسانید کے ساتھ روایت کیا ہے۔ [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين (حاشية مسند احمد)

اولاً تو حضرت اسماء کی حدیث میں ''حجاج بن یوسف ثقفی'' کو جھوٹا کہنے کا ذکر ہے، اور اسی پر انہوں نے یہ حدیث سنائی ہے۔

اور جھوٹا ہونے کے ساتھ اس کے مبیر (سفاک قاتل) ہونے کا بھی ذکر ہے، جو بمقابلہ پہلے کے زیادہ شر والا ہونے کی دلیل ہے۔

دوسرے ''صدیق ناجی'' نام کے راوی کے ثقہ ہونے پر تمام محدثین کا اتفاق ہے۔ [1]

تیسرے اس کی تائید دوسری اسناد سے بھی ہوتی ہے۔

چنانچہ امام حاکم نے ابو الصدیق ناجی، اور حصین بن عبد الرحمٰن سلمی، کی دو اسناد کے ساتھ روایت کیا ہے کہ:

لَمَّا ظَفِرَ الْحَجَّاجُ عَلٰی ابْنِ الزُّبَیْرِ فَقَتَلَهٗ وَمَثَّلَ بِهٖ، ثُمَّ دَخَلَ عَلٰی أُمِّ عَبْدِ اللّٰهِ وَهِیَ أَسْمَاءُ بِنْتُ أَبِیْ بَکْرٍ، فَقَالَتْ: کَیْفَ تَسْتَأْذِنُ عَلَیَّ وَقَدْ قَتَلْتَ اِبْنِیْ؟ فَقَالَ: إِنَّ اِبْنَکِ أَلْحَدَ فِیْ حَرَمِ اللّٰهِ، فَقَتَلْتُهٗ مُلْحِدًا عَاصِیًا حَتّٰی أَذَاقَهُ اللّٰهُ عَذَابًا أَلِیْمًا، وَفَعَلَ بِهٖ وَفَعَلَ، فَقَالَتْ: کَذَبْتَ یَا عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّ الْمُسْلِمِیْنَ، وَاللّٰهِ لَقَدْ قَتَلْتَهٗ صَوَّامًا قَوَّامًا بَرًّا بِوَالِدَیْهِ، حَافِظًا لِهٰذَا الدِّیْنِ، وَلَئِنْ أَفْسَدَتْ عَلَیْهِ دُنْیَاهُ لَقَدْ أَفْسَدَ عَلَیْکَ آخِرَتَکَ، وَلَقَدْ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّهٗ یَخْرُجُ مِنْ ثَقِیْفٍ کَذَّابَانِ، اَلْآخِرُ مِنْهُمَا أَشَرُّ مِنَ الْأَوَّلِ، وَهُوَ الْمُبِیْرُ، وَمَا هُوَ إِلَّا أَنْتَ یَا حَجَّاجُ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۶۰۲، ورقم الحدیث ۸۶۰۳، کتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: جب حجاج بن یوسف، حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے میں

---

[1] ع: أبو الصدیق الناجی البصری بکر بن عمرو، وقیل ابن قیس. سمع: عائشة، وأبا سعید، وابن عمر، وعنه: الولید بن مسلم البصری، وقتادة، وزید العمی، وعامر الأحول، وآخرون. مجمع علی ثقته (تاریخ الإسلام للذهبی، ج۳، ص ۱۹۱، ۱۹۲، تحت رقم الترجمة ۲۹۱، باب الکنی)

کامیاب ہوگیا،تو اس کے بعد عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی والدہ،جن کا نام حضرت اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا ہے، کے پاس آیا،حضرت اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا نے کہا کہ تو نے میرے پاس آنے کی کیسے اجازت طلب کی،جبکہ تو نے میرے بیٹے کو قتل کر دیا ہے،حجاج بن یوسف نے کہا کہ تیرے بیٹے نے اللہ کے حرم میں الحاد کیا تھا،تو میں نے اس کو ملحد، گناہ گار ہونے کی حالت میں قتل کیا ہے۔

یہاں تک کہ اللہ نے اس کو دردناک عذاب کا مزہ چکھا دیا ہے،اور اس نے یہ کیا،اور یہ کیا،تو (عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی والدہ) حضرت اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ اے اللہ کے دشمن،اور مسلمانوں کے دشمن! تو نے جھوٹ کہا،اللہ کی قسم! تو نے بہت زیادہ روزہ رکھنے والے، بہت زیادہ عبادت کرنے والے،اور والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنے والے،اور اس دین کی حفاظت کرنے والے شخص کو قتل کیا ہے،اور اگر تو نے اس (میرے شہید بیٹے،عبد اللہ بن زبیر) کی دنیا خراب کی ہے،تو یقیناً اس (میرے شہید بیٹے،عبد اللہ بن زبیر) نے تیرے لئے تیری آخرت خراب کر دی ہے،اور ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حدیث بیان کی تھی کہ قبیلہ ثقیف میں دو کذاب، برآمد ہوں گے، دوسرا، پہلے سے زیادہ شر والا ہوگا،اور وہ (دوسرا شخص) ''مبیر'' (یعنی سفاک قاتل بھی) ہوگا،اور وہ ''مبیر'' اے حجاج صرف تو ہی ہے (حاکم)

امام حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے،اور حافظ ذہبی نے بھی صحیح کہا ہے۔ [1]

---

[1] فحدثنا أبو عبد الله محمد بن يعقوب الشيباني، ثنا إبراهيم بن عبد الله السعدي، ثنا روح بن عبادة، ثنا عوف، ثنا أبو الصديق، قال :لما ظفر الحجاج على ابن الزبير فقتله ومثل به، ثم دخل على أم عبد الله وهي أسماء بنت أبي بكر، فقالت :كيف تستأذن على وقد قتلت ابني؟ فقال :إن ابنك ألحد في حرم الله، فقتلته ملحدا عاصيا حتى أذاقه الله عذابا أليما، وفعل به وفعل، فقالت :كذبت يا عدو الله وعدو المسلمين،

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اس روایت میں بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ثقیف میں دو کذابوں کے خروج، اور دوسرے کے پہلے سے زیادہ شریر ہونے اور اس کے مبیر بھی ہونے کا حکم لگایا ہے، اور اس روایت میں خود حضرت اسماء رضی اللہ عنہا سے، اس دوسرے شخص سے ''حجاج بن یوسف ثقفی'' کے مراد ہونے کی تصریح ہے۔

اور اس حدیث کے راوی ''ابوصدیق ناجی'' ثقہ ہیں، جن کا ذکر آگے آتا ہے، اور حصین بن عبد الرحمٰن سلمی بھی حافظ، عالی سند اور ثقہ ہیں، ان کی وفات ایک سو چھتیس ہجری میں ہوئی۔ [1]

جبکہ ان کی ولادت تینتالیس ہجری میں بتلائی جاتی ہے۔

جس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ حجاج کے دورِ ولایت وحکومت، اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے وقت حیات تھے۔ [2]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

والله لقد قتلته صواما قواما برا بوالديه، حافظا لهذا الدين، ولئن أفسدت عليه دنياه لقد أفسد عليك آخرتك، ولقد حدثنا رسول الله صلى الله عليه وسلم :أنه يخرج من ثقيف كذابان الآخر منهما أشر من الأول، وهو المبير، وما هو إلا أنت يا حجاج.

أخبرناه الشيخ أبو بكر بن إسحاق، أنبأ محمد بن غالب، ثنا أبو عمر الحوضي، وعمرو بن مرزوق، قالا :ثنا شعبة، عن حصين، فذكر الحديث بنحوه، وزاد فيه، فقال الحجاج: صدق رسول الله صلى الله عليه وسلم وصدقت أنا المبير أبير المنافقين.

هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه (المستدرک للحاکم،رقم الحديث ٨٦٠٢و٨٦٠٣، كتاب الفتن والملاحم)

قال الذهبي في التلخيص:صحيح.

[1] ع: حصين بن عبد الرحمن السلمي أبو الهذيل الكوفي، ابن عم منصور بن المعتمر.

روى عن: جابر بن سمرة، وعمارة بن رويبة الصحابيين، وزيد بن وهب، وابن أبي ليلى، وأبي وائل، وأبي ظبيان، وسعيد بن جبير، وعمرو بن ميمون الأودي، وطائفة سواهم .وعنه: شعبة، وأبو عوانة، وفضيل بن عياض، وهشيم، وعباد بن العوام، وعبثر بن القاسم، وزياد البكائي، وآخرون كثيرون آخرهم موتاً علي بن عاصم.وكان ثقة حافظاً عالي السند، عاش ثلاثاً وتسعين سنة.

توفي سنة ست وثلاثين ومائة(تاريخ الإسلام للذهبي،ج٣،ص ٦٣٣، تحت رقم الترجمة ٥١)

[2] حصين بن عبد الرحمن أبو الهذيل السلمي *(ع)الحافظ، الحجة، المعمر، أبو الهذيل السلمي، الكوفي، ابن عم منصور.ولد :في زمن معاوية، في حدود سنة ثلاث وأربعين.

وحدث عن :عمارة بن رويبة الصحابي، وجابر بن سمرة(سير أعلام النبلاء ،ج٥،ص ٤٢٢، رقم الترجمة ١٨٦ ،الطبقة الرابعة)

اور ابنِ سعد نے اسحاق بن یوسف ازرق سے، انہوں نے عوف بن ابی جمیلہ اعرابی سے اور انہوں نے ابوصدیق ناجی، یعنی بکر بن عمرو سے روایت کیا ہے کہ:

أَنَّ الْحَجَّاجَ دَخَلَ عَلٰى أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَ لَهَا: إِنَّ ابْنَكِ أَلْحَدَ فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ وَإِنَّ اللّٰهَ أَذَاقَهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيْمٍ وَفَعَلَ بِهٖ وَفَعَلَ، فَقَالَتْ لَهُ: كَذَبْتَ كَانَ بَرًّا بِالْوَالِدَيْنِ صَوَّامًا قَوَّامًا، وَلٰكِنَّ وَاللّٰهِ لَقَدْ أَخْبَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ أَنَّهُ سَيَخْرُجُ مِنْ ثَقِيْفٍ كَذَّابَانِ اَلْآخَرُ مِنْهُمَا شَرٌّ مِنَ الْأَوَّلِ وَهُوَ مُبِيْرٌ (الطبقات الكبرىٰ لابنِ سعد، ج۸، ص ۲۰۰، تحت ترجمة: "أسماء بنت أبي بكر الصديق" رقم الترجمة ۴۹۸، تسمية النساء المبايعات من قريش وحلفائهم ومواليهم وغرائب نساء العرب)

ترجمہ: حجاج، حضرت اسماء بنتِ ابی بکر کے پاس داخل ہوا، اور ان سے کہا کہ تیرے بیٹے نے، اس بیتُ اللہ میں الحاد کیا تھا، اور بے شک اللہ نے اس کو دردناک عذاب کا مزہ چکھا دیا ہے، اور اس نے ایسا، ویسا کیا، تو حجاج کو حضرت اسماء نے فرمایا کہ تو نے جھوٹ بولا، وہ تو والدین کے ساتھ بہت زیادہ نیکی کرنے والے، بہت زیادہ روزے رکھنے والے، اور بہت زیادہ راتوں کو عبادت کرنے والے تھے، لیکن اللہ کی قسم! ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حدیث بیان کی تھی کہ عنقریب قبیلہ ثقیف میں دو کذاب، برآمد ہوں گے، دوسرا، پہلے سے زیادہ شر والا ہوگا، اور وہ (دوسرا شخص) "مبیر" (یعنی سفاک قاتل) بھی ہوگا (ابنِ سعد)

اس روایت میں بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ثقیف میں دو کذابوں کے خروج، اور دوسرے کے پہلے سے زیادہ شریر ہونے اور اس کے مبیر بھی ہونے کا حکم لگایا ہے۔

اور حافظ ذہبی نے "تاریخِ اسلام" میں اس حدیث کی سند کو قوی کہا ہے۔ [1]

---

[1] إسحاق الأزرق، عن عوف الأعرابي، عن أبي الصديق الناجي، أن الحجاج دخل على أسماء فقال: إن ابنك ألحد في هذا البيت، وإن الله أذاقه من عذاب أليم، قالت: كذبت، كان برا

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ابوصدیق ناجی ،یعنی بکر بن عمرو بالاتفاق ثقہ ہیں،جنہوں نے حضرت عائشہ، ابوسعید، اور ابنِ عمر رضی اللہ عنہم سے احادیث کی سماعت کی ہے،اوران کی وفات ایک سوہجری کے کچھ بعد ہے۔ [1]

اوراسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا کی وفات تقریباً اسی (80) ہجری ہے۔

اورعبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی شہادت تہتر (73) ہجری میں واقع ہوئی۔

اس وقت یقینی طور پر ابوصدیق ناجی حیات تھے۔

اورابنِ عساکر نے ابوصدیق ناجی سے جوحدیث روایت کی ہے،اس کے آخر میں ہے:

**فقالت كذبت كان برا بالوالدين صواما قواما والله لقد أخبرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه سيخرج من ثقيف كذابان الآخر منهما أشد من الأول**(تاریخ دمشق،لابنِ عساکر،ج۱۲،ص ۱۲۱،تحت ترجمة: الحجاج بن یوسف، رقم الترجمة ۱۲۱۷، حرف الحاء)

ترجمہ: توحضرت اسماء نے (حجاج کومخاطب کرکے)فرمایا کہ تو نے جھوٹ بولا،وہ تو والدین کے ساتھ بہت زیادہ نیکی کرنے والے،بہت زیادہ روزے رکھنے والے،اور بہت زیادہ راتوں کوعبادت کرنے والے تھے،اللہ کی قسم! ہمیں

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

بوالديه، صواما قواما، ولكن قد أخبرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه سيخرج من ثقيف كذابان، الآخر منهما شر من الأول، وهو مبير،إسناده قوى(تاريخ الإسلام للذهبى،ج۲،ص ۷۸۷، تحت ترجمة"أسماء بنت أبى بكر الصديق" رقم الترجمة ۱،الطبقة الثامنة،حرف الالف)

[1] ع: أبو الصديق الناجى البصرى بكر بن عمرو، وقيل ابن قيس.

سمع: عائشة، وأبا سعيد، وابن عمر، وعنه: الوليد بن مسلم البصرى، وقتادة، وزيد العمى، وعامر الأحول، وآخرون .مجمع على ثقته(تاريخ الإسلام للذهبى،ج۳،ص ۱۹۱،۱۹۲، تحت رقم الترجمة ۲۹۱،باب الكنى)

بكر "بن عمرو وقيل بن قيس أبو الصديق الناجى .روى عن ابن عمر وأبى سعيد وعائشة .وعنه قتادة وعاصم الأحول والعلاء بن بشير المزنى والوليد بن مسلم العنبرى ومطرف بن الشخير وهو من أقرانه وغيرهم .قال ابن معين وأبو زرعة والنسائى " :ثقة "قلت :وذكره ابن حبان فى الثقات وقال توفى سنة "108"(تهذيب التهذيب لابنِ حجر،ج۱،ص۴۸۶، تحت رقم الترجمة ۸۹۴، حرف الباء،من اسمه بكر)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حدیث بیان کی تھی کہ عنقریب قبیلہ ثقیف میں دو کذاب، برآمد ہوں گے، دوسرا، پہلے سے زیادہ شدید (جھوٹا) ہوگا (تاریخ دمشق)

اس روایت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ثقیف میں دو کذابوں کے خروج، اور دوسرے کے پہلے سے زیادہ شدید ہونے کا حکم لگایا ہے، اور ظاہر ہے کہ ''زیادہ شدید'' اسی چیز میں ہوگا، جس کا پہلے ذکر کیا گیا، اور وہ ''کذاب'' ہونا ہے۔

اور عباد بن عوام نے، ہارون بن عنترہ سے اور انہوں نے، اپنے والد عنترہ بن عبدالرحمٰن سے روایت کیا ہے کہ:

لَـمَّا قَتَلَ الْحَجَّاجُ اِبْنَ الزُّبَيْرِ وَصَلَبَهٗ مَنْكُوْسًا، فَبَيْنَا هُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، إِذْ جَاءَتْ أَسْمَاءُ، وَمَعَهَا أَمَةٌ تَقُوْدُهَا، وَقَدْ ذَهَبَ بَصَرُهَا، فَقَالَتْ: أَيْنَ أَمِيْرُكُمْ؟ فَذَكَرَ قِصَّةً، فَقَالَتْ: كَذَبْتَ، وَلٰكِنِّيْ أُحَدِّثُكَ حَدِيْثًا سَمِعْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَخْرُجُ مِنْ ثَقِيْفٍ كَذَّابَانِ، اَلْآخِرُ مِنْهُمَا شَرٌّ مِنَ الْأَوَّلِ، وَهُوَ مُبِيْرٌ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۶۹۷۴)

ترجمہ: جب حجاج بن یوسف نے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا، اور ان کو سولی پر الٹا لٹکا دیا، حجاج منبر پر تھا، تو (عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی والدہ) حضرت اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا آئیں، اور ان کے ساتھ ان کی باندی تھی، جو ان کو پکڑ کر لا رہی تھی، کیونکہ حضرت اسماء اس وقت نابینا ہوگئی تھیں، انہوں نے کہا کہ تمہارا امیر کہاں ہیں؟ پھر راوی نے قصہ ذکر کیا، پھر حضرت اسماء نے فرمایا کہ میں تجھے ایک حدیث بیان کرتی ہوں، جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی، آپ نے فرمایا تھا کہ قبیلہ ثقیف سے دو جھوٹے آدمی برآمد ہوں گے، جن میں سے دوسرا شخص، پہلے شخص سے زیادہ شر والا ہوگا، اور وہ دوسرا شخص ''مبیر'' (یعنی سفاک قاتل) بھی ہوگا (مسند احمد)

اس روایت میں بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ثقیف میں دو کذابوں کے خروج، اور دوسرے کے پہلے سے زیادہ شریر ہونے اور اس کے مبیر بھی ہونے کا حکم لگایا ہے۔

اس حدیث کی سند بھی صحیح ہے، اور اس کی سند میں ''ہارون بن عنترہ'' نام کے راوی، اور الٹا صلیب دینے کے الفاظ کی وجہ سے کلام کا حکم لگانا، راجح معلوم نہیں ہوا۔ [1]

کیونکہ عبداللہ بن زبیر کو الٹا صلیب دینے کے واقعہ کی تو متعدد محققین نے تصریح کی ہے۔ [2]

اور ہارون بن عنترہ کو محدثین نے ثقہ کہا ہے۔ [3]

البتہ ان کے بیٹے ''عبدالملک بن ہارون'' اکثر حضرات کے نزدیک ''ضعیف'' ہیں، البتہ ابنِ حبان نے ان کو ''ثقہ'' کہا ہے، لیکن دوسری صحیح روایات، اس مضمون کی تائید کرتی ہیں۔ [4]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: مرفوعه صحيح (حاشية مسند احمد)

[2] ثم إن الحجاج أخذه وصلبه منكسا (الوافي بالوفيات، للصفدى، ج١٧، ص ٩٢، تحت ترجمة "عبد الله بن الزبير بن العوام")

وقتل الحجاج عبد الله بن الزبير بمكة وصلبه منكسا (المحبر، لابى جعفر البغدادى، ص ٨٩، أعرق العرب فى القتل)

فوافى الحجاج مكة وحاصر الحرم ونصب المنجنيق على الكعبة أياما إلى أن ظفر بعبد الله بن الزبير فقتله وذلك يوم الثلاثاء لثلاث عشرة ليلة بقيت من جمادى الأولى سنة ثلاث وسبعين وصلبه على جذع منكسا (الثقات، لابن حبان، ج٢، ص ٣١٧، باب العين، ذكر البيان بان من ذكرناهم كانوا خلفاء ومن بعدهم كانوا ملوكا)

وقتل عبد الملك بن مروان عبد الله بن الزبير سنة ثلاث وسبعين يوم الثلاثاء لعشر بقين من جمادى الاخرة وصلبه منكسا ثم انزله من الصلب (تاريخ دمشق، لابنِ عساكر، ج٢٨، ص ٢٤٥، تحت ترجمة "عبد الله بن الزبير بن العوام" رقم الترجمة ٣٢٩٧، حرف العين)

[3] شعیب ارنؤوط نے بھی دوسری جگہ ان کی حدیث کو قوی کہا ہے۔

قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى، هارون بن عنترة، روى له أبو داود والنسائى وابن ماجه فى "التفسير"، ووثقه أحمد وابن معين والعجلى وابن سعد، وقال أبو زرعة: لا بأس به، مستقيم الحديث، وقال الدارقطنى: يحتج به، وانفرد ابن حبان بوصف حديثه بالنكارة، ورده الإمام الذهبى بأن النكارة إنما أتت من الراوى عنه لا منه (حاشية مسند احمد، تحت رقم الحديث ٤٠٣٠)

[4] دس فق: هارون بن عنترة بن عبد الرحمن الشيبانى، أبو عبد الرحمن بن أبى وكيع الكوفى، والد عبد الملك ابن هارون بن عنترة.

روى عن: زاذان أبى عمر، وسعيد بن جبير، وسليم بن حنظلة البكرى، وعبد الله بن السائب، وعبد

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اور ہارون بن عنترہ کے والد، جن کا نام ''عنترہ بن عبدالرحمٰن'' اور کنیت ''ابو وکیع'' ہے، وہ بھی ثقہ ہیں۔ [1]

اور شیخ ناصر الدین البانی صاحب نے بھی مذکورہ احادیث کی سند کو صحیح، اور جید کہا ہے۔ [2]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

اللہ بن عیسی بن عبد الرحمن بن أبی لیلی، وعبد الرحمن بن الأسود بن یزید النخعی (دس) ، وعمرو بن مرة، وأبیه أبی وکیع عنترة بن عبد الرحمن الشیبانی (س) ، ومحارب بن دثار، وأبی جعفر محمد ابن علی بن الحسین -من طریق ضعیف، وعن شیخ من بنی فزارة (فق).....

قال أبو طالب عن أحمد بن حنبل، وإسحاق بن منصور عن یحیی بن معین :ثقة وقال أبو زرعة : لا بأس به، مستقیم الحدیث .وقال أبو بکر البرقانی : سألت الدراقطنی عن عبد الملک بن هارون بن عنترة، فقال :متروک یکذب، وأبوه یحتج به، وجده یعتبر به، حدث عن علی.

وذکره ابن حبان فی کتاب "الثقات.

روی له أبو داود، والنسائی، وابن ماجه فی "التفسیر(تهذیب الکمال فی أسماء الرجال، للمزی، ج۳۰، ص۱۰۰ الٰی ۱۰۲ ملخصاً، رقم الترجمة ۶۵۲۱،باب الهاء ،من اسمه هارون)

[1] عنترة کالذی قبله لکن بمثناة وراء ابن عبد الرحمن الکوفی (أبو وکیع الشیبانی) ثقة من الثانیة وهم من زعم أن له صحبة وهو جد عبد الملک ابن هارون ابن عنترة الکوفی س(تقریب التهذیب،ص۴۳۳، رقم الترجمة ۵۲۰۹،حرف العین)

عنترة أبو وکیع الکوفی روی عن عثمان وعلی وابن عباس روی عنه ابنه هارون بن عنترة وأبو سنان الشیبانی سمعت أبی یقول ذلک، نا عبد الرحمن قال سئل أبو زرعة عن عنترة والد هارون بن عنترة فقال کوفی ثقة(الجرح والتعدیل،لابنِ ابی حاتم، ج۷،ص ۳۵، رقم الترجمة ۱۸۷ ، باب من روی عنه العلم ممن یسمی عنترة)

[2] وأبو نوفل بن أبی عقرب اسمه :مسلم، وقیل غیر ذلک، وهو ثقة من رجال البخاری أیضاً.

وقد تابعه جمع:منهم :أبو الصدیق الناجی:

أن الحجاج بن یوسف دخل علی أسماء بنت أبی بکر بعدما قتل ابنها عبد الله بن الزبیر، فقال :إن ابنک ألحد فی هذا البیت، وإن الله عز وجل أذاقه من عذاب ألیم، وفعل به ما فعل، فقالت : کذبت !کان برّآ بالوالدین، صواماً قواماً، والله !لقد أخبرنا رسول الله -صلی الله علیه وسلم -أنه: "سیخرج من ثقیف کذابان؛ الآخر منهما شر من الأول، وهو مبیر."

أخرجه أحمد (6/351) ، وابن سعد فی "الطبقات "(8/254) کلاهما بإسناد واحد صحیح.

ومنهم :عنترة بن عبد الرحمن قال:لما قتلَ الحجاجُ ابن الزبیر وصلبه منکوساً، فبینا هو علی المنبر؛ إذ جاء ت أسماء ومعها أمةٌ تقودها؛ وقد ذهب بصرها، فقالت :أین أمیرکم؟ ...فذکر قصة، فقالت: کذبت، ولکنی أحدثک حدیثاً سمعته من رسول الله -صلی الله علیه وسلم -یقول":یخرج من ثقیف کذابان؛ الآخر منهما أشر من الأول، وهو مبیر ."أخرجه أحمد ( 6/352) وإسناده جید(سلسلة الأحادیث الصحیحة،تحت رقم الحدیث۳۵۳۸)

اور ابنِ عساکر نے حضرت اسماء کے آزاد کردہ غلام ''عبداللہ'' سے بھی اس واقعہ کو روایت کیا ہے، جس میں مزید تفصیل ہے، اور اس کے آخر میں حضرت اسماء رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

**" اشهد على رسول الله صلى الله عليه وسلم لسمعته يقول سيخرج من ثقيف كذابان الآخر منهما شر من الاول وهو مبير وهو انت"**

''میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں شہادت دیتی ہوں، یقیناً میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب قبیلہ ثقیف میں دو جھوٹے برآمد ہوں گے، دوسرا پہلے سے زیادہ شریر ہوگا، اور وہ (دوسرا زیادہ شریر) مبیر (سفاک قاتل) بھی ہوگا، اور وہ (کذاب زیادہ شریر اور سفاک قاتل) تو ہی ہے'' [1]

یہ روایت بھی گذشتہ روایات کے مضمون کے مطابق ہے، جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ثقیف میں دو کذابوں کے خروج، اور دوسرے کے پہلے سے زیادہ شریر ہونے اور اس کے مبیر بھی ہونے کا حکم لگایا ہے، اور اس روایت میں حضرت اسماء سے، اس دوسرے شخص

---

[1] قال وأنا محمد بن عمر حدثني نافع بن ثابت عن عبد الله مولى اسماء قال لما قتل عبد الله عبد الله خرجت إليه امه حتى وقفت عليه وهي على دابة فاقبل الحجاج في اصحابه فسأل عنها فاخبر بها فاقبل حتى وقف عليها فقال كيف رايت نصر الله الحق واظهره قالت وبما اديل الباطل على الحق وانك بين فرثها والجية قال ان ابنك ألحد في هذا البيت وقال الله "ومن يرد فيه بإلحاد بظلم نذقه من عذاب اليم وقد اذاقه الله ذلك العذاب الاليم قطع السبيل قالت كذبت كان اول مولود ولد في الاسلام بالمدينة وسر به رسول الله (صلى الله عليه وسلم) وحنكه بيده فكبر المسلمون يومئذ حتى ارتجت المدينة فرحا به وقد فرحت انت واصحابك بمقتله فمن كان فرح يومئذ به خيرا منك ومن اصحابك وكان مع ذلك برا بالوالدين صواما قواما بكتاب الله عز وجل معظما لحرم الله يبغض ان يعصى الله اشهد على رسول الله (صلى الله عليه وسلم) لسمعته يقول سيخرج من ثقيف كذابان الآخر منهما شر من الاول وهو مبير وهو انت فانكسر الحجاج وانصرف وبلغ ذلك عبد الملك فكتب إليه يلومه في مخاطبته اسماء وقال ما لك ولابنة الرجل الصالح (تاریخ دمشق، لابنِ عساکر، ج۲۸، ص۲۲۸، تحت ترجمة''عبد الله بن الزبير بن العوام'' رقم الترجمة ۳۲۹۷، حرف العين)

سے ''حجاج بن یوسف ثقفی'' کے مراد ہونے کی بھی تصریح ہے۔

اور نعیم بن حماد نے سہیل بن ذکوان کی سند سے، حضرت اسماء کی حدیث میں ثقیف قبیلہ میں تین کذابوں کا برآمد ہونا، روایت کیا ہے، جن میں تیسرا شخص، طویل قد، طویل ذیل اور اترانے والا ہونا، مذکور ہے۔ [1]

لیکن اس کی سند میں ''سہیل بن ذکوان'' راوی، پر جرح کی گئی ہے، اور اس کو ''کذاب'' کہا گیا ہے، جس سے اس حدیث کی سند کا کمزور ہونا ظاہر ہوتا ہے۔ [2]

گذشتہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ بعض احادیث وروایات کی رو سے ''حجاج بن یوسف'' کا ''کذاب اور مبیر'' دونوں صفات کا حامل ہونا ثابت ہے، اور اس کا ''مختار ثقفی'' سے زیادہ شریر اور زیادہ شدید ہونا بھی ثابت ہے۔

پس بعض حضرات کی طرف سے ''حجاج بن یوسف'' سے متعلق مذکورہ منصوص تصریحات کو نظر انداز کرنا، اور دوسری روایات کی بنیاد پر ''مختار ثقفی'' کے ''کذاب'' ہونے پر زور دینا، اور

---

[1] حدثنا يزيد بن هارون، عن سهيل بن ذكوان، قال: لما قتل الحجاج ابن الزبير دخل على أسماء ابنة أبي بكر، فقالت: ما فعل ابن الزبير؟ قال: قتله الله، قالت: أما والله لقد قتلته صواما قواما، سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: " يخرج من ثقيف ثلاثة: الكذاب والذيال، والمبير، فأما الكذاب فقد مضى، وأما المبير فأنت المبير، وقالت: وأما الذيال فما رأيناه بعد، قال: فمر ابن عمر رضى الله عنه بابن الزبير مصلوبا فقال: قد أفلحت أمة أنت شرها (الفتن،لنعيم بن حماد، ص ۱۳۴، ۱۳۵، رقم الحديث ۳۳۰،باب آخر من ملک بنی أمية)

[2] سهيل بن ذكوان، أبو السندى المكى.عن عائشة، وابن الزبير .وعنه هشيم، ومروان بن معاوية، ويزيد بن هارون، وغيرهم.قال إبراهيم بن عبد الله الهروى: سمعت عباد بن العوام يرميه ببلاء .قال الهروى: كان بواسط، وكان كذاباً.وقال يحيى بن معين: كذاب .والنسائى والدارقطنى تركاه.ومما نقم عليه: رأيت عائشة وكانت سوداء مشربة حمرة(تاريخ الإسلام للذهبى، ج۳، ص ۸۸۹، تحت رقم الترجمة ۲۰۴، الطبقة الخامسة العشرة، تراجم أهل هذه الطبقة على الحروف)

أبو السندى، سهيل بن ذكوان مكى .عن عائشة، وابن الزبير .وعنه هشيم، ومروان بن معاوية، ويزيد بن هارون.كذبه يحيى بن معين، وتركه غيره، وهو الذى زعم أن عائشة كانت سوداء، فكذب بمثل هذا(تاريخ الإسلام للذهبى،ج۳،ص ۱۰۲۱، تحت رقم الترجمة ۵۰۸، الطبقة الخامسة العشرة، تراجم أهل هذه الطبقة على الحروف)

حجاج سے اس صفت کی نفی سمجھنا، اور ''مختار ثقفی'' کو ''حجاج بن یوسف'' سے زیادہ شریر سمجھنا، راجح نہ کہلائے گا۔

البتہ روایتوں کے الفاظ میں جزوی فرق سے سند کمزور نہیں کہلاتی، جب تک مقصود پر اتفاق ہو، بعض اوقات دو الگ الگ واقعات کی وجہ سے بھی فرق پیدا ہو جاتا ہے۔

اگر بعض روایات میں ''مبیر'' سے فرق کرنے کے لئے دوسرے کو کذاب کہہ دیا گیا، اور دوسری روایات میں دونوں کو کذاب کہہ کر دوسرے کی اصل صفت کو ممتاز کرنے کے لئے ''مبیر'' کہہ دیا گیا، تو اس میں تعارض نہیں سمجھنا چاہیے۔

اسماء بنتِ ابی بکر رضی اللہ عنہا کا شمار مہاجر صحابیات میں ہوتا ہے، انہوں نے سب سے آخر میں ہجرت کی۔ [1]

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی شہادت کا یہ واقعہ، مکہ مکرمہ میں تہتر ہجری، ماہِ جمادی الاولیٰ میں پیر کے دن پیش آیا، اس وقت عبداللہ بن زبیر کی عمر بہتر سال کی تھی، اور اس کے چند دن بعد ہی ان کی والدہ، حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کا بھی انتقال ہو گیا۔ [2]

اور اگلے سال، یعنی چوہتر ہجری میں مکہ مکرمہ میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی بھی چوراسی سال کی عمر میں وفات ہو گئی۔ [3]

---

[1] ع: أسماء بنت أبی بکر الصدیق أم عبد الله ذات النطاقین، آخر المهاجرین والمهاجرات وفاة، وأمها قتیلة بنت عبد العزی العامریة(تاریخ الإسلام للذهبی، ج۲، ص ۷۸۵، تحت ترجمة''أسماء بنت أبی بکر الصدیق'' رقم الترجمة ۱، الطبقة الثامنة، حرف الالف)

[2] سنة ثلاث وسبعین: فیها قتل عبد الله بن الزبیر بن العوام بمکة یوم الثلاثاء لتسع عشرة لیلة خلت من جمادی الأولی وهو ابن اثنتین وسبعین سنة وفیها ماتت أسماء ابنة أبی بکر الصدیق بعد ابنها بلیال. قال أبو نعیم وعمرو مات ابن عمر سنة ثلاث وسبعین وفیها بویع عبد الملک بن مروان بالحرمین فی جمادی الأولی وفیها مات بشر بن مروان بالبصرة (تاریخ مولد العلماء ووفیاتهم، لابی سلیمان، الربعی، ج ۱، ص ۱۹۱ و ۱۹۲، سنة ثلاث وسبعین)

[3] سنة أربع وسبعین: قالوا فیها مات رافع بن خدیج بن رافع ویکنی أبا عبد الله توفی بالمدینة وهو ابن ست وثمانین. وفیها مات أبو سعید الخدری سعد بن مالک بن سنان.
وفیها مات سلمة بن الأکوع الأسلمی ویکنی أبا إیاس مات بالمدینة وهو ابن ثمانین سنة.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اور ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی وفات کا سبب بھی حجاج کی طرف سے زہر آلود نیزہ کا مارنا تھا۔ [1]

معلوم ہوا کہ بعض احادیث میں خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ثقیف میں دو کذابوں، اور ایک کے مبیر ہونے کی بھی خبر دی ہے، اور ایک کو "مبیر" بھی فرمایا ہے، جس سے مراد سفاکانہ طریقہ پر صفایا اور ہلاک کرنے والا ہونا ہے، اور اسی جہت سے اس کو پہلے کے مقابلہ میں زیادہ شر والا کہا گیا ہے۔

## عبداللہ بن زبیر وابو برزہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

ابو یعلیٰ موصلی نے عبداللہ بن زبیر کی سند سے ایک حدیث کو روایت کیا ہے، جس میں پہلے تو قیامت سے پہلے تیس کذاب پیدا ہونے کا ذکر ہے، اس کے بعد ان میں مسیلمہ، عنسی، اور مختار کا ذکر ہے، اور پھر تمام عربی قبائل میں بنو امیہ، اور بنو حنیفہ، اور ثقیف قبیلوں کے شریر ترین ہونے کا ذکر ہے۔ [2]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ وفيها مات عبد الله بن عمر بن الخطاب ويكنى أبا عبد الرحمن بمكة ودفن بفخ وهو ابن أربع وثمانين سنة وهذا أثبت (تاريخ مولد العلماء ووفياتهم، لابى سليمان، الربعى، ج ١، ص ١٩٣، ١٩٤، سنة أربع وسبعين)

[1] عن سعيد بن جبير قال: كنت مع ابن عمر حين أصابه سنان الرمح فى أخمص قدمه، فلزقت قدمه بالركاب، فنزلت فنزعتها، وذلك بمنى، فبلغ الحجاج، فجعل يعوده، فقال الحجاج: لو نعلم من أصابك؟ فقال ابن عمر: أنت أصبتنى، قال: وكيف؟ قال: حملت السلاح فى يوم لم يكن يحمل فيه، وأدخلت السلاح الحرم ولم يكن السلاح يدخل الحرم (صحيح البخارى، رقم الحديث ٩٦٦)

حدثنا أحمد بن يعقوب قال: حدثنى إسحاق بن سعيد بن عمرو بن سعيد بن العاص، عن أبيه قال: دخل الحجاج على ابن عمر وأنا عنده فقال: كيف هو؟ فقال: صالح، فقال: من أصابك؟ قال: أصابنى من أمر بحمل السلاح فى يوم لا يحل فيه حمله، يعنى الحجاج (صحيح البخارى، رقم الحديث ٩٦٧)

[2] حدثنا عثمان بن أبى شيبة، حدثنا محمد بن الحسن الأسدى، حدثنا شريك، عن أبى إسحاق، عن عبد الله بن الزبير قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم " لا تقوم الساعة حتى يخرج ثلاثون كذابا: منهم مسيلمة، والعنسى، والمختار، وشر قبائل العرب بنو أمية، وبنو حنيفة، وثقيف (مسند ابى يعلى، رقم الحديث ٦٨٢٠، سند عبد الله بن الزبير رحمه الله)

لیکن اس کی سند میں ضعف پایا جاتا ہے۔ [1]

جبکہ بعض حضرات نے اس حدیث کو منکر، یا شدید منکر قرار دیا ہے۔ [2]

اور حافظ ذہبی نے فرمایا کہ اس حدیث میں تیس کذابوں کے بعد کا مضمون غالب یہ ہے کہ راوی کی طرف سے ہے۔

اس لئے مذکورہ حدیث کے مضمون پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا۔

اسی طرح مسند احمد میں ابو برزہ رضی اللہ عنہ کی سند سے یہ حدیث مروی ہے کہ:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ مبغوض قبیلے'' ثقیف اور

---

[1] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده ضعيف (حاشية مسند ابى يعلىٰ)

وقال الهيثمي:

رواه أبو يعلى، وفيه محمد بن الحسن بن زبالة، وهو ضعيف (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٦٧٣٥، باب فيمن ذم من القبائل وأهل البدع)

[2] قال ابن الجوزى:

هذا حديث منكر لم يروه عن شريك إلا الأسدى قال يحيى بن معين ليس بشىء.

وقد روى الربيع بن بدر عن راشد ابى محمد عن قتادة عن بجالة العنبرى عن عمران بن حصين قال قبض رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يبغض هؤلاء الأحياء بنى امية وبنى ثقيف وبنى حنيفة وهذا حديث منكر ايضا قال يحيى الربيع ليس بشىء وقال النسائى متروك الحديث وروى محمد بن ابى يعقوب عن ابى النصر الهلالى عن بجالة نحوه . قال ابو حاتم الرازى ابن ابى يعقوب مجهول (العلل المتناهية فى الأحاديث الواهية، ج ١، ص ٢٩٣، تحت رقم الحديث ٤٧٢، كتاب الفضائل والمثالب، حديث فى ذم بنى امية وبنى حنيفة وثقيف)

وقال الذهبى:

محمد بن الحسن بن التل الأسدى الكوفى. عن فطر بن خليفة، والثورى. وعنه ابنه عمر، وابنا أبى شيبة، وآخرون. قال أبو حاتم: شيخ. وروى عباس، عن يحيى: ليس بشىء. وقال أبو داود: صالح، يكتب حديثه. وقال الفسوى: ضعيف.

عثمان بن أبى شيبة، حدثنا محمد بن الحسن الأسدى، حدثنا شريك، عن أبى إسحاق، عن عبد الله بن الزبير، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقوم الساعة حتى يخرج ثلاثون كذابا. منهم مسيلمة، والعنسى، والمختار، وشر قبائل العرب بنو أمية وبنو حنيفة وثقيف (ميزان الاعتدال فى نقد الرجال، ج ٣، ص ٥١٢، تحت رقم الترجمة ٧٣٧٢، حرف العين)

بنو حنیفہ'' تھے'' [1]

لیکن اس حدیث کی سند بھی ضعیف ہے، اور اس باب میں کوئی حدیث صحیح نہیں۔ [2]

پس جن حضرات نے مذکورہ حدیث کی سند پر اعتبار کرتے ہوئے ''مختار ثقفی'' کو ''مسیلمہ وعنسی'' کی طرح کا حکم دے دیا، اور دوسری روایات میں حجاج کے کذاب ہونے، اور ثقیف قبیلہ کے شریر ومبغوض ترین ہونے، اور حجاج کی طرف سے خلیفہ کے حکم کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ترجیح دینے کی باتوں کو جوڑ کر اس حکم میں حجاج کو بھی شامل کرلیا، تو یہ راجح نہیں، جیسا کہ آگے آتا ہے۔ [3]

اولاً تو معتبر ومرفوع احادیث میں ''حجاج ثقفی'' اور ''مختار ثقفی'' کے نام کی تصریح کے ساتھ کذاب ہونے کا اس طرح ذکر نہیں ملتا، جس طرح معتبر مرفوع احادیث میں ''اسود عنسی ومسیلمہ'' کے نام کی تصریح ملتی ہے۔ [4]

---

[1] حدثنا حجاج، أخبرنا شعبة، عن أبی حمزة جارهم، قال: سمعت حميد بن هلال يحدث عن عبد الله بن مطرف، عن أبی برزة، قال: كان أبغض الناس – أو أبغض الأحياء – إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم ثقيف وبنو حنيفة(مسند احمد،رقم الحديث١٩٧٧٥)

[2] قال شعيب الارنؤوط:

إسناده ضعيف، لجهالة حال أبی حمزة جار شعبة -هو عبد الرحمن ابن عبد الله المازنی .حجاج :هو ابن محمد المِصّيصی الأعور.وأخرجه الحاكم 4/480-481 من طريق عبد الله بن أحمد، عن أحمد ابن حنبل، بهذا الإسناد .وزاد فيه :بنی أمية، وصححه!وأخرجه أبو يعلى (7421) من طريق حجاج بن محمد المِصِّيصی، به.

وزاد فيه أيضاً :بنی أمية .وفی الباب عن عمران بن حصين عند الترمذی (3943) ، والطبرانی فی "الكبير /18 "(572) وإسناداهما ضعيفان .وفی بعض مطبوعات "سنن الترمذی :"مات النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وهو يُكرم ...، وهو تحريف، والصواب : وهو يكره.وعن أبی الزبير عند أبی يعلى ضمن حديث (6820) . وإسناده ضعيف.

ولا يصح فی هذا الباب شیء (حاشية مسند احمد)

[3] قلت :من عند قوله :منهم مسيلمة -لعله من قول الراوی(ميزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج٣، ص ٥١٣، تحت رقم الترجمة ٧٣٧٢،حرف العين)

[4] عن ابن عباس رضی الله عنهما قال: قدم مسيلمة الكذاب على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم، فجعل يقول: إن جعل لی محمد من بعده تبعته، وقدمها فی بشر

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

دوسرے جمہور صحابہ وتابعین کا ''حجاج ثقفی'' اور ''مختار ثقفی'' کے متعلق ''اسود عنسی ومسیلمہ'' کی طرح ذکر نہیں ملتا، بلکہ ''حجاج اور مختار'' کی اقتداء میں نماز پڑھنے کا ذکر ملتا ہے۔

بہر حال بعض احادیث وروایات میں مذکور کذاب سے ''مختار ثقفی'' کو مراد لیا گیا، اور ''مبیر'' سے ''حجاج ثقفی'' کو مراد لیا گیا۔

لیکن بعض احادیث کی رو سے ''حجاج ثقفی'' دراصل ''کذاب'' اور ''مبیر'' دونوں صفات سے متصف ہے۔

اور احادیث میں ''مختار ثقفی'' کو پہلے، اور ''حجاج ثقفی'' کو بعد میں ذکر کیا گیا ہے، اور دوسرے کو پہلے سے زیادہ شر والا قرار دیا گیا ہے، اور متعدد صحابہ وتابعین نے بھی احادیث وروایات کی پیش گوئی سے زیادہ شر والے سے ''حجاج ثقفی'' کو ہی مراد لیا ہے۔

احادیث وراوایات کی یہ پیش گوئی اسی طرح سے پوری ہو کر رہی۔

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

كثير من قومه، فأقبل إليه رسول الله صلى الله عليه وسلم ومعه ثابت بن قيس بن شماس، وفي يد رسول الله صلى الله عليه وسلم قطعة جريد، حتى وقف على مسيلمة في أصحابه، فقال: لو سألتني هذه القطعة ما أعطيتكها، ولن تعدو أمر الله فيك، ولئن أدبرت ليعقرنك الله، وإني لأراك الذي أريت فيه ما رأيت، وهذا ثابت يجيبك عني، ثم انصرف عنه.

قال ابن عباس: فسألت عن قول رسول الله صلى الله عليه وسلم: إنك أرى الذي أريت فيه ما رأيت، فأخبرني أبو هريرة: أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: بينا أنا نائم، رأيت في يدي سوارين من ذهب، فأهمني شأنهما، فأوحي إلي في المنام: أن انفخهما، فنفختهما فطارا، فأولتهما كذابين يخرجان بعدي، أحدهما العنسي، والآخر مسيلمة(صحيح البخاری،رقم الحديث۴۳۷۳، كتاب المغازی)

عن أبي وائل، قال: قال عبد الله، حيث قتل ابن النواحة: إن هذا وابن أثال، كانا أتيا النبي صلى الله عليه وسلم، رسولين لمسيلمة الكذاب، فقال لهما رسول الله صلى الله عليه وسلم: " أتشهدان أني رسول الله؟ "قالا: نشهد أن مسيلمة رسول الله!! فقال: " لو كنت قاتلا رسولا، لضربت أعناقكما ."قال: فجرت سنة أن لا يقتل الرسول، فأما ابن أثال، فكفاناه الله، عزوجل، وأما هذا، فلم يزل ذلك فيه، حتى أمكن الله منه الآن(مسند احمد،رقم الحديث۳۷۰۸)

قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح(حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

''مختار ثقفی'' کی ولادت، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں ہجرت کے سال ہوئی، اس کے والد صحابی تھے، اور اس کی زوجہ بھی صحابی کی بیٹی تھیں، اور اس کی بہن حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں۔

اس کی کوفہ، عراق وغیرہ میں ڈیڑھ سال حکومت قائم رہی، اور اس کی وفات سڑسٹھ ہجری میں ہوئی، اس دوران ''مختار ثقفی'' نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ اور آپ کے اصحاب ورفقاء کے قاتلین ''عبیداللہ بن زیاد ودیگر'' کو قتل کیا۔

''حجاج ثقفی'' کی پیدائش چالیس، یا اکتالیس ہجری میں ہوئی، اور وفات پچانوے ہجری بتلائی جاتی ہے۔

بنوامیہ میں یزید بن معاویہ کی بیعت سے عبداللہ بن زبیر اور ان کے اصحاب نے انکار کیا، اور ان حضرات نے مکہ کی طرف رحلت اختیار کی، یزید بن معاویہ کے بعد بنوامیہ کے ''مروان بن حکم'' کو حکومت سپرد کی گئی، پھر عبدالملک بن مروان کو سپرد کی گئی، جس نے، اس امت کے مبیر اور ظالم ''حجاج بن یوسف ثقفی'' کو اپنا نمائندہ مقرر کیا۔

علامہ ابنِ تیمیہ فرماتے ہیں:

فلما مات يزيد بايع ابن الزبير طائفة من أهل الشام والعراق وغيرهم . وتولى بعد يزيد ابنه معاوية بن يزيد ولم تطل أيامه ، بل أقام أربعين يوما أو نحوها، وكان فيه صلاح وزهد، ولم يستخلف أحدا، فتأمر بعده مروان [بن الحكم] على الشام، ولم تطل أيامه ، ثم تأمر بعده ابنه عبد الملك، وسار إلى مصعب بن الزبير نائب أخيه على العراق، فقتله حتى ملك العراق، وأرسل الحجاج إلى ابن الزبير [فحاصره] وقاتله، حتى قتل ابن الزبير، واستوثق الأمر لعبد الملك، ثم لأولاده من بعده (منهاج السنة النبوية فی نقض كلام الشيعة القدرية، ج۴، ص۱۲۳، الفصل الثانی، كلام الرافضی علی يوم مقتل الحسين رضی الله عنه والرد عليه)

ترجمہ: پھر جب یزید کی وفات ہوگئی، تو ابنِ زبیر سے شام اور عراق وغیرہ کے

بعض لوگوں نے بیعت کرلی، اور یزید کے بعد اس کے بیٹے ''معاویہ بن یزید'' نے حکومت سنبھالی، لیکن اس کا دورِ حکومت زیادہ عرصہ نہیں ہوا، بلکہ وہ چالیس دن کے قریب رہا، اور اس میں نیکی اور زہد وعبادت پائی جاتی تھی، اور اس نے اپنے بعد کسی کو اپنا جانشین مقرر نہیں کیا، پھر اس کے بعد مروان بن حکم (بن ابی العاص بن امیہ، جو بنوامیہ کی دوسری شاخ سے تھا) شام کا حکمران بنا، لیکن اس کا زمانہ بھی زیادہ عرصہ نہیں ہوا، پھر اس کے بعد اس کا بیٹا، عبدالملک حکمران بنا، اور وہ مصعب بن زبیر کی طرف گیا، جو اپنے بھائی (عبداللہ بن زبیر) کی طرف سے عراق میں نائب مقرر تھے، پھر عبدالملک نے ان کو قتل کردیا، اور عراق کی حکومت حاصل کرلی، اور حجاج بن یوسف کو (اپنا نمائندہ مقرر کرکے) عبداللہ بن زبیر کی طرف بھیجا، جس نے ان کا (مکہ میں) محاصرہ کرکے، ان سے قتال کیا، یہاں تک کہ ان کو قتل کردیا، اور اس طرح عبدالملک کی حکومت مضبوط ہوگئی، پھر اس کے بعد اس کی اولاد کی حکومت قائم ہوئی (منہاج السنہ)

حجاج بن یوسف ثقفی کی عراق اور مشرق میں ظالمانہ وجابرانہ حکومت ووزارت کا عرصہ بیس سال، یا اس سے بھی زیادہ عرصہ پر مشتمل رہا، جس نے ''عبداللہ بن زبیر، سعید بن جبیر، اور دیگر صحابہ وتابعین سمیت، لاکھوں بے گناہوں کو بے دردی، بے رحمی اور سفاکانہ طریقہ پر قتل ومحبوس کیا، اور طرح طرح سے احکامِ الٰہی کو پامال کیا، اور ''العیاذ باللہ'' بیتُ اللہ کے ایک حصہ تک کو منہدم کریا۔ [1]

ہمارے نزدیک مذکورہ دونوں شخصیات ہی بے اعتدالیوں کا شکار تھیں، کسی جہت سے ''حجاج

---

[1] معاوية رضى الله عنه لما ولى يزيد أنكر عبد الله بن الزبير وأصحابه أن يبايعوه ورحل عبد الله بن الزبير رضى الله عنه إلى مكة، فاستخلف بعده مروان، ثم عبد الملك، فولى عبد الملك الحجاج المبير ظالم هذه الأمة، فتولى قتل ابن الزبير رضى الله عنه وفعل ما فعل، وأحرق قرنا كبش إسماعيل عليه الصلاة والسلام، وتهدمت حصة من البيت أيضا، والعياذ بالله(فيض البارى على صحيح البخارى، ج ١، ص ٢٨٨، كتاب العلم، باب ليبلغ العلم الشاهد الغائب)

ثقفی'' کی ،اور کسی جہت سے ''مختار ثقفی'' کی بے اعتدالیاں زیادہ تھیں۔

اور بعض حضرات کی نظر میں ان دونوں شخصیات ،بالخصوص ''حجاج ثقفی'' کی چند بے اعتدالیاں اس نوعیت کی تھیں، جو اُن کی نظر میں باعثِ کفر تھیں۔

لیکن چونکہ ان میں تاویل کا احتمال تھا،اور کفر کا حکم لگانے میں انتہائی درجہ کی احتیاط کا حکم ہے،اس لئے دیگر حضرات نے ان کی تکفیر نہیں کی۔

پس موجودہ زمانہ میں جو تعصب کی بنیاد پر ایک شخصیت کی سخت ترین ،یا باعثِ تکفیر بے اعتدالیوں کو بروئے کار لایا جاتا ہے،اور دوسری شخصیت کی اس نوعیت کی بے اعتدالیوں میں تاویل کی جاتی ہے،اور اس طرح ایک دوسرے کے خلاف محاذ کھڑا کیا جاتا ہے، یہ معتدل طریقہ نہیں۔

## حجاج سے متعلق عمر رضی اللہ عنہ کی روایات

امام بیہقی نے ''دلائلُ النبوۃ ''میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان کردہ پیش گوئیوں کا ذکر کرتے ہوئے،ایک باب ''مبیر ثقفی'' سے حجاج بن یوسف مراد ہونے کا قائم کیا ہے،جس کے ضمن میں بعض احادیث تو وہی ذکر کی ہیں، جو پہلے گذریں،اسی کے ساتھ،حضرت عمر اور علی رضی اللہ عنہما کی بعض روایات سے بھی حجاج بن یوسف مراد ہونے کا حکم لگایا ہے،اور یہ بھی فرمایا کہ صحابۂ کرام ایسی باتیں خود سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنے بغیر نہیں فرما سکتے۔

اس موقع پر امام بیہقی نے دو اسناد کے ساتھ ایک روایت یہ بیان کی ہے کہ:

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اہلِ عراق کی بعض کوتاہیوں پر یہ دعاء کی کہ اے اللہ! ان لوگوں نے میرے ساتھ تلبیس کی ہے،تو اُن پر تلبیس فرما،اے اللہ! ان پر جلد ثقفی غلام کو مسلط فرما، جو ان کے متعلق جاہلیت والے فیصلے کرے، نہ تو ان کی اچھائیوں کو قبول کرے،اور نہ ان کی برائیوں کو درگذر کرے''

ابوالیمان کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ (احادیث کی روشنی میں) یہ بات جانتے تھے کہ ''مبیر ثقفی'' یعنی حجاج ضرور برآمد ہوگا، اس لئے انہوں نے اس علاقہ میں ہونے کی دعاء کی''۔ انتھٰی۔ [1]

---

[1] وقد حذر أمير المؤمنين عمر بن الخطاب ثم أمير المؤمنين على بن أبى طالب رضى الله عنهما أمة محمد صلى الله عليه وسلم شأن الحجاج بن يوسف وأخبرا بخروجه ولا يقولان ذلك إلا توقيفا .أخبرنا أبو الحسين بن الفضل القطان ببغداد، أخبرنا عبد الله بن جعفر بن درستويه حدثنا يعقوب بن سفيان حدثنا أبو اليمان حدثنا جرير .(ح) وأخبرنا أبو عبد الله الحافظ أخبرنا أبو النضر محمد بن محمد بن يوسف الفقيه حدثنا عثمان بن سعيد الدارمى، قال :قرأت على أبى اليمان أن جرير بن عثمان حدثه عن عبد الرحمن بن ميسرة بن أزهر عن أبى عذبة الحمصى، قال :قدمت على عمر بن الخطاب -رضى الله عنه -رابع أربعة من الشام ونحن حجاج، فبينا نحن عنده أتاه آت من قبل العراق فأخبره أنهم قد حصبوا إمامهم وقد كان عوضهم به مكان إمام كان قبله فحصبوه فخرج إلى الصلاة مغضبا فسها فى صلاته ثم أقبل على الناس فقال :من ها هنا من أهل الشام؟ فقمت أنا وأصحابى، فقال :يا أهل الشام تجهزوا لأهل العراق فإن الشيطان قد باض فيهم وفرخ .ثم قال : اللهم إنهم قد لبسوا على فألبس عليهم، اللهم عجل لهم الغلام الثقفى الذى يحكم فيهم بحكم الجاهلية لا يقبل من محسنهم ولا يتجاوز عن مسيئهم .زاد الدارمى فى روايته :قال أبو اليمان :علم عمر -رضى الله عنه -أن الحجاج خارج لا محالة .فلما أغضبوه استعجل لهم العقوبة التى لا بد لهم منها.قال عثمان :وقلت له إن هذا أحد البراهين فى أمر الحجاج قال:صدقت.

وأخبرنا أبو الحسين بن الفضل القطان، أخبرنا عبد الله بن جعفر، حدثنا يعقوب بن سفيان، حدثنا أبو صالح عبد الله بن صالح، قال :حدثنى معاوية ابن صالح.

(ح) وأخبرنا أبو عبد الله الحافظ، أخبرنا أبو النضر حدثنا عثمان بن سعيد .قال عبد الله بن صالح المصرى :إن معاوية بن صالح حدثه عن شريح ابن عبيد عن أبى عذبة، قال :جاء رجل إلى عمر بن الخطاب فأخبره أن أهل العراق قد حصبوا أميرهم فخرج غضبان فصلى لنا الصلاة فسها فيها حتى جعل الناس يقولون سبحان الله سبحان الله فلما سلم أقبل على الناس فقال :من ها هنا من أهل الشام فقام رجل ثم قام آخر ثم قمت أنا ثالثا أو رابعا فقال :يا أهل الشام استعدوا لأهل العراق فإن الشيطان قد باض فيهم وفرخ اللهم إنهم قد لبسوا على فألبس عليهم وعجل عليهم بالغلام الثقفى يحكم فيهم بحكم الجاهلية لا يقبل من محسنهم ولا يتجاوز عن مسيئهم.

زاد عثمان بن سعيد الدارمى فى روايته -قال عبد الله :وحدثنى ابن لهيعة بمثله .قال :وما ولد الحجاج يومئذ(دلائل النبوة،للبيهقى،ج٦،ص ٤٨٦،الٰى ٤٨٨،جماع أبواب إخبار النبى صلى الله عليه وسلم بالكوائن بعده، وتصديق الله جل ثناؤه رسوله صلى الله عليه وسلم فى جميع ما وعده،باب ما جاء فى إخباره بالمبير الذى يخرج من ثقيف وتصديق الله سبحانه قوله فى الحجاج بن يوسف الثقفى غفر الله لنا ولجميع المسلمين)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

# حجاج سے متعلق علی رضی اللہ عنہ کی روایات

اسی ضمن میں امام بیہقی نے روایت کیا ہے کہ:

''حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اہلِ کوفہ کے متعلق فرمایا کہ اے اللہ! میں نے ان لوگوں کے ساتھ امانت داری والا برتاؤ کیا، لیکن انہوں نے میرے ساتھ خیانت کی، اور میں نے ان کو نصیحت کی، لیکن انہوں نے مجھے دھوکہ دیا، پس تو اُن پر قبیلہ ثقیف کے جوان کو مسلط فرما، جو اُن کی ہری بھری نعمتوں کو کھا جائے، اور ان کے لئے جاہلیت والے فیصلے کرے''

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ ہے کہ ''قبیلہ ثقیف کا جوان، بیس سال، یا اس سے زیادہ عرصہ حکومت کرے گا، جو کوئی گناہ نہیں چھوڑے گا، جس کو وہ کر نہ گذرے، یہاں تک کہ جب ایک گناہ رہ جائے گا، اور اس کے اور گناہ کے درمیان ایک دروازہ بند ہوگا، تو وہ اس کو بھی توڑ کر اس کا ارتکاب کرے گا، یہ شخص اپنی اطاعت کرنے والے کے علاوہ ہر اس شخص کو قتل کرے گا، جو اس کی بات نہیں مانے گا''۔انتھٰی۔ [1]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

قال الالبانی:

أخرجه يعقوب الفسوى فى "المعرفة "( 2/529 ، 754) عن شريح بن عبيد، و ( 2 /755 ) عن عبد الرحمن بن ميسرة؛ كلاهما عنه .قلت :وهذا إسناد حسن :أبو عذبة؛ أورده ابن أبى حاتم برواية شريح عنه، ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلا؛ لكن قد روى عنه أيضا عبد الرحمن بن ميسرة؛ كما ترى، وذكره الفسوى فى ثقات التابعين المصريين . والله أعلم(سلسلة الأحاديث الضعيفة،تحت رقم الحديث ٥٥٢٠)

[1] أخبرنا محمد بن عبد الله الحافظ أخبرنا أبو عبد الله محمد بن على الصنعانى بمكة حدثنا إسحاق بن إبراهيم بن عباد أخبرنا عبد الرزاق أخبرنا جعفر ابن سليمان عن مالک بن دينار عن الحسن .قال :قال على -رضى الله عنه -لأهل الكوفة !اللهم كما

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اور طبرانی کبیر میں امِ حکیم بنتِ عمرو بن سنان سے روایت ہے کہ:

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے، اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ اے اشعث! اللہ کی قسم! اگر تم عبدِ ثقیف کے ساتھ ٹکرائے، تو تمہارے سرین کے بال کانپ اٹھیں گے، حضرت علی سے عرض کیا گیا کہ اے امیر المومنین! عبدِ ثقیف کون ہے، تو حضرت علی نے فرمایا کہ وہ ثقیف قبیلہ کا قریب زمانہ میں آنے والا لڑکا ہے، عرب کا کوئی گھر ایسا نہیں ہوگا، جس میں وہ ذلت کو داخل کئے بغیر چھوڑے۔

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

ائتمنتهم فخانونی ونصحت لهم فغشونی فسلط علیهم فتی ثقیف الذبال المیال یأکل، خضرتها ویلبس فروتها ویحکم فیها بحکم الجاهلیة .قال :وتوفی الحسن وما خلق الحجاج یومئذ .

وأخبرنا أبو صالح بن أبی طاهر العنبری أخبرنا جدی :یحیی بن منصور القاضی حدثنا محمد بن النضر الجارودی حدثنا یعقوب بن إبراهیم الدورقی حدثنا معتمر بن سلیمان عن أبیه عن أیوب عن مالک بن أوس بن الحدثان عن علی -رضی الله عنه -أنه قال : الشاب الذبال أمیر المصرین یلبس فروتها ویأکل خضرتها ویقتل أشراف أهلها یشتد منه الفرق ویکثر منه الأرق یسلطه الله علی شیعته

وأخبرنا أبو عبد الله الحافظ أخبرنا أبو العباس محمد بن أحمد المحبوبی حدثنا سعید بن مسعود حدثنا یزید بن هارون أخبرنا العوام بن حوشب، قال:أخبرنی حبیب بن أبی ثابت، قال :قال علی -رضی الله عنه -لرجل :لا مت حتی تدرک فتی ثقیف .قیل له :یا أمیر المؤمنین ما فتی ثقیف؟ قال :لیقالن له یوم القیامة اکفنا زاویة من زوایا جهنم، رجل یملک عشرین أو بضعا وعشرین سنة لا یدع لله معصیة إلا ارتکبها حتی لو لم تبق إلا معصیة واحدة وکان بینه وبینها باب مغلق لکسره حتی یرتکبه یقتل بمن أطاعه من عصاه .

قلت :قدم الحجاج مکة سنة إحدی وسبعین وحاصر ابن الزبیر ثم قتل ابن الزبیر سنة ثلاث وسبعین وتوفی سنة خمس وتسعین(دلائل النبوة، للبیهقی، ج٦، ص٤٨٨، و٤٨٩، جماع أبواب إخبار النبی صلی الله علیه وسلم بالکوائن بعده، وتصدیق الله جل ثناؤه رسوله صلی الله علیه وسلم فی جمیع ما وعده،باب ما جاء فی إخباره بالمبیر الذی یخرج من ثقیف وتصدیق الله سبحانه قوله فی الحجاج بن یوسف الثقفی غفر الله لنا ولجمیع المسلمین)

www.idaraghufran.org

عرض کیا گیا کہ وہ کتنا عرصہ حکومت کرے گا، تو حضرت علی نے فرمایا کہ بیس سال حکومت کرے گا، اگر وہ (اس مرحلہ تک) پہنچا"۔ انتھٰی۔ [1]

علامہ ہیثمی نے فرمایا کہ اس روایت کی سند میں اجلح کندی کو بعض نے ثقہ اور بعض نے ضعیف کہا ہے۔ [2]

تاہم اجلح کندی کو حافظ ابنِ حجر نے صدوق کہا ہے، اس لئے اس کی وجہ سے تو مذکورہ روایت پر زیادہ کلام کی ضرورت نہیں۔ [3]

اور اس روایت کے بعض دوسرے راویوں پر کلام ہے، لیکن وہ بھی قابلِ تحمل ہے۔ [4]

لیکن اس روایت کی سند میں قاسم بن زکریا، اور امِ حکیم بنتِ عمرو بن سنان راویوں کی معرفت حاصل نہ ہوسکی۔

---

[1] حدثنا القاسم بن زكريا، ثنا إسماعيل بن موسى السدى، ثنا على بن مسهر، عن الأجلح، عن الشعبى، عن أم حكيم بنت عمرو بن سنان الجدلية، قالت: استأذن الأشعث بن قيس على على رضى الله عنه، فرده قنبر، فأدمى أنفه، فخرج على فقال: ما لك وما له يا أشعث؟ أم والله لو بعبد ثقيف تمرست، اقشعرت شعيرات استك قيل له: يا أمير المؤمنين، ومن عبد ثقيف؟ قال: غلام يليهم لا يبقى أهل بيت من العرب إلا أدخلهم ذلا قيل: كم يملك؟ قال: عشرين إن بلغ(المعجم الكبير للطبرانى،ج ا ص۲۳۷، رقم الحديث ۶۵۱)

[2] قال الهيثمى:رواه الطبرانى وفيه الأجلح الكندى وثقه ابن معين وغيره وضعفه أحمد وغيره(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۹۲۴۸،باب فى أئمة الظلم والجور وأئمة الضلالة)

[3] أجلح ابن عبد الله ابن حجية بالمهملة والجيم مصغر يكنى أبا حجية الكندى يقال اسمه يحيى صدوق شيعى من السابعة مات سنة خمس وأربعين بخ(تقريب التهذيب،ص۹۶، رقم الترجمة ۲۸۵،حرف الالف)

[4] إسماعيل ابن موسى الفزارى أبو محمد أو أبو إسحاق الكوفى نسيب السدى أو ابن بنته أو ابن أخته صدوق يخطىء رمى بالرفض من العاشرة مات سنة خمس وأربعين (تقريب التهذيب،ص۱۱۰، رقم الترجمة ۴۹۲،حرف الالف)

على ابن مسهر بضم الميم وسكون المهملة وكسر الهاء القرشى الكوفى قاضى الموصل ثقة له غرائب بعد أن أضر من الثامنة مات سنة تسع وثمانين ع(تقريب التهذيب،ص۴۰۵، رقم الترجمة ۴۸۰۰،حرف العين،باب ع ل)

www.idaraghufran.org

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی وفات ماہِ رمضان چالیس ہجری میں ہوئی۔ [1]

اور حجاج ثقفی کی ولادت چالیس، یا اکتالیس ہجری میں ہوئی۔ [2]

اور اشعث بن قیس بن معدی کرب رضی اللہ عنہ کی وفات بھی چالیس، یا اکتالیس ہجری میں ہوئی۔

اگر اس روایت کی سند صحیح ہو، تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ پیش گوئی بالکل سچ کہلائے گی۔

مذکورہ روایات سے ''حجاج بن یوسف ثقفی'' کی شخصیت اور اس کے برے کردار کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے، جس کی وجہ سے امتِ مسلمہ کو ایسا ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا، جو کسی دوسری شخصیت سے نہیں پہنچا، اسی لئے اس کو اس امت کا ''مبیر، ظالم وجابر'' کہا جاتا ہے۔

## حجاج بن یوسف کی تکفیر سے متعلق روایات واقوال

بعض احادیث میں ''مختار ثقفی'' اور ''حجاج بن یوسف'' دونوں کو ''کذاب'' کہا گیا ہے۔

اور احادیث میں عام طور پر ''کذاب'' سے ایسے افراد کو مراد لیا گیا ہے، جو کفر کی صفت کے حامل ہوں، اس لئے بعض حضرات نے فرمایا کہ جب مذکورہ روایات میں دونوں افراد کو کذاب کہا گیا، تو اس سے دونوں کا ''کافر'' ہونا، لازم آتا ہے۔

''حجاج ثقفی'' کا زمانہ موخر ہے، اور ''مختار ثقفی'' کا زمانہ مقدم ہے، جس میں جلیلُ القدر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی بڑی تعداد موجود تھی، اور ''مختار ثقفی'' کے افعال واقوال پر نکیر میں اس

---

[1] قال أبو نعيم مات علي بن أبي طالب سنة أربعين(تاريخ دمشق،لابنِ عساكر، ج۴۲، ص ۵۸۵، تحت ترجمة "علي بن أبي طالب" رقم الترجمة ۴۹۳۳،حرف العين )

[2] الحجاج بن يوسف بن الحكم بن أبي عقيل بن مسعود الثقفي، أمير العراق، أبو محمد . ولد سنة أربعين، أو إحدى وأربعين(تاريخ الاسلام للذهبي، ج۲،ص ۱۰۷۱ الطبقة العاشرة،حرف الحاء،تحت ترجمة:الحجاج بن يوسف بن الحكم )

الحجاج بن يوسف بن الحكم الثقفي أمير العراق ولد سنة أربعين أو إحدى وأربعين وتوفي سنة خمس وتسعين(الوافي بالوفيات،للصفدي، ج ۱۱،ص ۲۳۶، ۲۳۷، تحت ترجمة ابن يوسف الثقفي" )

طرح کا خطرہ بھی نہیں تھا، جس طرح کا خطرہ حجاج ثقفی کے زمانہ میں تھا، وہ اپنے سے اختلاف کرنے والے کو قتل، یا ظلم کا نشانہ بناتا تھا، اور ایسی صورت میں نکیر واجب نہیں رہتی، اور صبر وسکوت میں عافیت ہوتی ہے۔

حضرت زبیر بن عدی سے روایت ہے کہ:

أَتَيْنَا أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، فَشَكَوْنَا إِلَيْهِ مَا نَلْقَى مِنَ الْحَجَّاجِ، فَقَالَ: اِصْبِرُوْا (صحيح البخاری، رقم الحديث ٧٠٦٨، كتاب الفتن، باب: لا يأتی زمان إلا الذی بعده شر منه)

ترجمہ: ہم حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، پھر ہم نے ان سے حجاج کی طرف سے پہنچنے والے مصائب کا ذکر کیا، تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم صبر کرو (صحیح بخاری)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ يَخْطُبُ، فَذَكَرَ شَيْئًا أَنْكَرْتُهُ، فَذَكَرْتُ مَقَالَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْبَغِيْ لِلْمُؤْمِنِ أَنْ يُّذِلَّ نَفْسَهُ. قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَيْفَ يُذِلُّ نَفْسَهُ؟ قَالَ: يَتَعَرَّضُ مِنَ الْبَلَاءِ لِمَا لَا يُطِيْقُ (المعجم الأوسط للطبرانی، رقم الحديث ٥٣٥٧) [1]

---

[1] قال الهيثمی:
رواه البزار والطبرانی فی الاوسط والكبير باختصار واسناد الطبرانی فی الكبير جيد ورجاله رجال الصحيح غير زكريا بن يحی بن أيوب الضرير ذكره الخطيب روی عنه جماعة ولم يتكلم فيه أحد (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢١٦٩، باب فيمن خشی من ضرر علی غيره وعلی نفسه)

وقال ابن حجر:
قال الطبرانی لا يروی عن ابن عمر إلا بهذا الإسناد تفرد به زكريا قلت رواته موثقون إلا عبد الكريم وهو أبو أمية بن أبی المخارق فإنه ضعيف لكنه شاهد جيد للحديث الماضی وله شاهد آخر من حديث علی رضی الله تعالی عنه رويناه فی المعجم الأوسط أيضا وفی إسناده من لا يعرف (الامالی المطلقة لابن حجر، صفحه ١٦٨، رقم الحديث ١٢٢)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: میں نے حجاج (بن یوسف) سے خطبے میں ایسی چیز سُنی، جس کو میں نے منکَر (بُرا) سمجھا (میں نے اُس پر نکیر کرنی چاہی) پھر مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد یاد آ گیا کہ مؤمن کے لیے یہ مناسب نہیں کہ وہ اپنے آپ کو ذلیل کرے۔

میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اپنے آپ کو کس طرح ذلیل کرے گا؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایسی آزمائش میں پڑے، جس کی اُسے طاقت نہ ہو (طبرانی)

اور حضرت حسن بن حسن کے بارے میں روایت ہے کہ:

قَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ يَا أَبَا سَعِيْدٍ الْحَجَّاجُ قَدْ أَخَّرَ الصَّلَاةَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ حَتّٰى كَانَ قَرِيْبًا مِّنَ الْعَصْرِ قَالَ فَأَقُوْمُ إِلَيْهِ فَآمُرُهُ بِتَقْوَى اللّٰهِ قَالَ لَهُ الْحَسَنُ بْنُ أَبِي الْحَسَنِ إِنَّهُمْ إِذًا يَقْتُلُوْنِيْ قَالَ فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ أَلَيْسَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ قَالَ الْحَسَنُ حَدَّثَنِيْ أَبُوْ بَكْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : لَيْسَ لِلْمُؤْمِنِ أَنْ يُّذِلَّ نَفْسَهُ قَالُوْا وَكَيْفَ يُذِلُّهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ يَتَكَلَّفُ مِنَ الْبَلَاءِ مَا لَا يُطِيْقُ (مسند الحارث = بغية الباحث عن زوائد مسند الحارث، ج۲ ص ۷۷۲، رقم الحديث ۷۷۳، كتاب الفتن، باب ليس للمؤمن أن يذل نفسه) [1]

---

[1] قال ابن حجر:

رواته ثقات إلا الخليل وهو عند أبي يعلى في قصة طويلة من طريق المعلى بن زياد القردوسي عن الحسن البصري إنما حدث بحديثين ، أحدهما :عن أبي سعيد رضي الله عنه ، والثاني قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم .فذكر هذا المتن (المطالب العالية، ج۱۸ ص ۳۲۲۳، كتاب الفتوح، باب جواز ترك النهي عن المنكر ، لمن لا يطيق)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ترجمہ: اُن کے سامنے ایک آدمی کھڑا ہوا، اور کہا کہ اے ابوسعید! حجاج (بن یوسف) نے جمعہ کے دن نماز میں بہت تاخیر کردی ہے، یہاں تک کہ عصر کا وقت قریب ہوگیا ہے، تو آپ اُن کو کھڑے ہوکر اللہ کا خوف دِلائیے۔

حضرت حسن بن حسن نے اُن سے کہا کہ ایسی صورت میں وہ لوگ مجھے قتل کردیں گے، پھر اُن کو اُس آدمی نے کہا کہ کیا اللہ عزوجلّ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ وہ لوگ نہی عن المنکر نہیں کرتے تھے، اور اُن کا طرزِ عمل بہت بُرا تھا۔

حضرت حسن نے اس کے جواب میں فرمایا کہ مجھ سے حضرت ابوبکرہ نے یہ حدیث بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مؤمن کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنے آپ کو ذلیل کرے۔

صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اپنے آپ کو کیسے ذلیل کرے گا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایسی آزمائش کو (اپنی طرف سے) اختیار کرے کہ جس کی اُسے طاقت نہ ہو (مسند الحارث)

امام محمد نے عقبہ بن ابی العیزار سے روایت کیا ہے کہ:

كُنَّا نَأْتِيْ إِبْرَاهِيْمَ النَّخْعِيَّ وَهُوَ مُتَغَيَّبٌ مِنَ الْحَجَّاجِ بْنِ يُوْسُفَ، فَكُنَّا إِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهٖ يَقُوْلُ لَنَا: إِنْ أَنْتُمْ سَئَلْتُمْ عَنِّيْ وَحَلَفْتُمْ فَاحْلِفُوْا بِاللّٰهِ: مَا نَدْرِيْ أَيْنَ هُوَ وَلَا لَنَا بِهٖ عِلْمٌ وَلَا فِيْ أَيِّ مَوْضِعٍ هُوَ، وَانْوُوْا أَنَّكُمْ لَا تَدْرُوْنَ فِيْ أَيِّ مَوْضِعٍ أَنَا فِيْهِ، قَائِمٌ وَلَا قَاعِدٌ وَلَا نَائِمٌ (كتاب الأصل، ج۹، ص ۴۰۷، كتاب الحيل)

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وقال البوصيرى: رواه الحارث بن أبى أسامة عن الخليل بن زكريا وهو ضعيف لكن لم ينفرد به فقد رواه أبو يعلى مطولًا وسيأتى فى الفتن فى باب ليس للمؤمن أن يذل نفسه (اتحاف الخيرة المهرة، ج۷ص ۳۸۲، كتاب المواعظ، باب مثل من يعمل الحسنات بعد السيئات وما جاء فى المؤمن الذى لا يذل نفسه)

ترجمہ: ہم ابراہیم نخعی کے پاس آتے تھے، اور حجاج بن یوسف سے چھپے ہوئے تھے، پس جب ہم ابراہیم نخعی کے پاس سے باہر نکلتے، تو وہ ہمیں فرماتے کہ اگر تم سے میرے بارے میں پوچھا جائے، اور تم سے حلف لیا جائے، تو تم اللہ کے نام کا حلف اٹھا کر کہہ دینا کہ ہم نہیں جانتے کہ وہ (ابراہیم نخعی) کہاں ہے، اور نہ ہی ہمیں اس کا علم ہے، اور نہ ہی ہمیں یہ علم ہے کہ وہ کونسی جگہ ہے؟ اور تم یہ نیت کر لینا کہ تمہیں اس بات کا علم نہیں کہ میں کس جگہ ہوں، کھڑا ہوں، یا بیٹھا ہوں، یا سویا ہوا ہوں (کتاب الاصل)

واقعہ یہ ہے کہ حجاج ثقفی نے اپنے دورِ حکومت میں دین کی صحیح تبلیغ اور نشر واشاعت میں، اس قدر رکاوٹیں پیدا کیں کہ اس نے حق کی تبلیغ کرنے والی مقدس ہستیوں کا ہی صفایا کر دیا، جن کے علوم وفیوض سے قیامت تک آنے والی امت مستفید ہو سکتی تھی۔

اس لئے بہت سے مواقع پر ''حجاج ثقفی'' کے خلاف نکیر نہیں ملتی، جس طرح ''مختار ثقفی'' کے خلاف ملتی ہے۔

لیکن اس کے باوجود متعدد مواقع پر ''حجاج ثقفی'' کے متعلق بھی ان کے زمانہ کے جلیلُ القدر تابعین سے شدید نکیر اور تکفیر کے اقوال ملتے ہیں۔

احادیث میں مسلمان کو ناحق قتل کرنے کو کفر سے تعبیر کیا گیا ہے، اور اس پر سخت وعیدیں سنائی گئی ہیں، اور حجاج سے یہ عمل تواتر کے ساتھ ثابت ہے، اور حجاج کی خباثتوں کو احاطۂ شمار میں لانا مشکل ہے، جس کی وجہ سے ایسے بعض جلیلُ القدر حضرات نے حجاج بن یوسف کو کافر تک بھی قرار دے دیا ہے، جنہوں نے مختار ثقفی کو کافر قرار نہیں دیا۔

چنانچہ امام ابنِ عساکر نے حضرت قتادہ سے روایت کیا ہے کہ:

قِيْلَ لِسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ خَرَجْتَ عَلَى الْحَجَّاجِ ؟قَالَ أَيْ وَاللّٰهِ مَا خَرَجْتُ عَلَيْهِ حَتّٰى كَفَرَ (تاریخ دمشق، ج ۱۲، ص ۱۸۳، تحت ترجمة: "الحجاج بن یوسف" رقم الترجمة ۱۲۱۷، حرف الحاء)

ترجمہ: حضرت سعید بن جبیر سے کہا گیا کہ تم نے حجاج کے خلاف خروج کیوں اختیار کیا؟ تو انہوں نے جواب میں فرمایا کہ اللہ کی قسم! میں نے حجاج کے خلاف خروج اس وقت تک اختیار نہیں کیا، جب تک اس نے کفر کو اختیار نہیں کرلیا (تاریخِ دمشق)

یہ سعید بن جبیر وہی ہیں، جن کو نہایت بے دردی کے ساتھ ''حجاج بن یوسف ثقفی'' نے قتل کیا تھا۔

اور حضرت اعمش سے روایت ہے کہ:

اِخْتَلَفُوْا فِی الْحَجَّاجِ، فَقَالُوْا: بِمَنْ تَرْضَوْنَ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: بِمُجَاهِدٍ، فَأَتَوْهُ فَسَأَلُوْا، فَقَالَ: تَسْأَلُوْنِیْ عَنِ الشَّیْخِ الْکَافِرِ؟ (حدیث أبد الفضل الزهری، ص ۳۰۱، رقم الحدیث ۲۷۴)

ترجمہ: لوگوں کا حجاج کے بارے میں اختلاف ہوا، تو انہوں نے کہا کہ تم (اس کے متعلق) کس (کے فتوے ) پر راضی ہو؟ ان میں سے بعض لوگوں نے کہا کہ حضرت مجاہد سے راضی ہیں، پھر وہ حضرت مجاہد کے پاس آئے، اور انہوں نے حضرت مجاہد سے حجاج کے متعلق سوال کیا، تو حضرت مجاہد نے جواب میں فرمایا کہ تم مجھ سے بوڑھے کافر کے بارے میں سوال کرتے ہو (حدیث زہری)

حضرت مجاہد جلیلُ القدر تابعی اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کے خصوصی شاگرد ہیں۔

اور اجلح بن عبداللہ سے روایت ہے کہ امام عامر شعبی نے فرمایا کہ:

اَلْحَجَّاجُ مُؤْمِنٌ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ، کَافِرٌ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ (حدیث أبی الفضل الزهری، ص ۳۰۱، رقم الحدیث ۲۷۵)

ترجمہ: حجاج، بتوں اور شیطانوں پر ایمان رکھتا ہے، اور اللہ عظیم کے ساتھ کفر کرتا ہے (حدیثِ زہری)

اس کو ابنِ عساکر نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

عامر شعبی کا شمار جلیلُ القدر تابعین میں ہوتا ہے، جن کو اہلِ کوفہ کی علامت، اور امام ابوحنیفہ کے اساتذہ میں شمار کیا جاتا ہے۔ [2]

امام اوزاعی سے روایت ہے کہ:

**سمعت القاسم بن مخيمرة يقول كان الحجاج ينقض عرى الإسلام** (تاريخ دمشق، لابنِ عساكر، ج ۱۲، ص ۱۸۷، تحت ترجمة: "الحجاج بن يوسف" رقم الترجمة ۱۲۱۷، حرف الحاء)

ترجمہ: میں نے (تابعی) قاسم بن مخیمرہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ حجاج، اسلام کے حلقوں کو توڑ دیا کرتا تھا (تاریخِ دمشق)

اور امام اوزاعی سے ہی روایت ہے کہ:

**قال عمر بن عبد العزيز لو جاءت كل أمة بخبيثها وجئنا**

---

[1] وانبأنا احمد أنبأنا واصل نبأنا عمار بن أبى مالک عن أبيه عن الاجلح قال اختلفت أنا وعمر بن قيس الماصر فى الحجاج فقلت أنا الحجاج كافر وقال عمر الحجاج مؤمن ضال قال فأتينا الشعبى فقلت با أبا عمرو أنى قلت أن الحجاج كافر وقال عمر الحجاج مؤمن ضال قال فقال الشعبى يا عمر شمرت ثيابک وحللت إزارک وقلت أن الحجاج مؤمن ضال قال فقال وكيف يجتمع فى رجل ايمان وضلال الحجاج مؤمن بالجبت والطاغوت كافر بالله العظيم (تاريخ دمشق، لابنِ عساكر، ج ۱۲، ص ۱۸۷، تحت ترجمة "الحجاج بن يوسف" رقم الترجمة ۱۲۱۷، حرف الحاء)

[2] ع: عامر بن شراحيل الشعبى، شعب همدان، أبو عمرو. علامة أهل الكوفة فى زمانه، ولد فى وسط خلافة عمر (تاريخ الإسلام للذهبى، ج ۳، ص ۷۰، الطبقة الحادية عشرة، حرف العين)

-عامر بن شراحيل الشعبى سمع الشعبى من ثمانية وأربعين من أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم (معرفة الثقات، للعجلى، ج ۲، ص ۱۲، رقم الترجمة ۸۲۳، باب العين المهملة، باب عامر)

الشعبى عامر بن شراحيل أو عمرو الكوفى: ولد لست سنين مضت من خلافة عمر على المشهور وأدرک خمسمائة من الصحابة وقال ما كتبت سوداء فى بيضاء قط ولا حدثنى رجل بحديث فأحببت أن يعيده على ولا حدثنى رجل بحديث إلا حفظته.

وقال أبو مخلد ما رأيت أفقه من الشعبى. وقال عبد الملک بن عمير مر ابن عمر على الشعبى وهو يحدث بالمغازى فقال لقد شهدت القوم فلهو أحفظ لها وأعلم بها. مات سنة ثلاث ومائة أو أربع أو سبع أو عشر (طبقات الحفاظ للسيوطى، ص ۴۰، رقم الترجمة ۷۴، الطبقة الثالثة الوسطى من التابعين)

**بالحجاج لغلبناهم** (تاریخ دمشق،لابنِ عساکر،ج۱۲،ص۱۸۶،تحت ترجمة:"الحجاج بن یوسف"رقم الترجمة ۱۲۱۷، حرف الحاء)

ترجمہ: عمر بن عبدالعزیز نے فرمایا کہ اگر ہر امت اپنی خباثتوں کو لے کر آئے، اور ہم حجاج کو لے کر آئیں،تو ہم (حجاج کی خباثتوں کی وجہ سے )ان سب امتوں پر غالب آجائیں گے(تاریخِ دمشق)

اور صالح بن سلیمان سے روایت ہے کہ:

**قال عمر بن عبد العزیز لو تخابثت الأمم وجئتنا بالحجاج لغلبناهم وما کان یصلح لدنیا ولا لاخرة**(تاریخ دمشق،لابنِ عساکر،ج۱۲،ص۱۸۵،تحت ترجمة:"الحجاج بن یوسف"رقم الترجمة ۱۲۱۷، حرف الحاء)

ترجمہ: عمر بن عبد العزیز نے فرمایا کہ اگر تمام امتیں اپنی خباثتوں کو لے کر آئیں،اور ہم حجاج کو لے کر آئیں،تو ہم ان سب امتوں پر غالب آجائیں گے، اور حجاج، دنیا وآخرت کا کوئی بھی درست کام نہیں کرتا تھا(تاریخِ دمشق)

اور عثمان بن سعید بن کثیر بن دینار قرشی، اپنے دادا ''کثیر بن دینار'' سے حجاج بن یوسف کے متعلق عمر بن عبدالعزیز سے روایت کرتے ہیں کہ:

**یأخذ الزکاة من غیر حقها وکان لما سوی ذلک اضیع** (تاریخ دمشق،لابنِ عساکر،ج۱۲،ص۱۸۷،تحت ترجمة:"الحجاج بن یوسف"رقم الترجمة ۱۲۱۷، حرف الحاء)

ترجمہ: حجاج، زکاۃ ناحق لیا کرتا تھا،اور اس کے علاوہ دوسرے حقوق کو وہ بہت زیادہ ضائع کرنے والا تھا(تاریخِ دمشق)

عمر بن عبدالعزیز کے درجہ ومقام سے سب واقف ہیں،اور جھوٹ بھی خباثتوں میں داخل ہے،جس میں ''حجاج بن یوسف ثقفی'' بہت پیش پیش تھا۔

مذکورہ جلیلُ القدر حضرات سے ''حجاج ثقفی'' کے متعلق جس طرح تکفیر کا حکم مروی ہے،اس

طرح کا حکم ''مختار ثقفی'' کے متعلق مروی نہیں۔

شرح زرقانی میں ہے:

**(الحجاج بن یوسف) الثقفی الظالم المبیر المختلف فی کفره ولی إمرة العراق عشرین سنة، ومات سنة خمس وتسعین(شرح الزرقانی علی موطأ الإمام مالک، ج۲،ص۵۳۵، کتاب الحج،باب الصلاة فی البیت، وقصر الصلاة، وتعجیل الخطبة بعرفة)**

ترجمہ: حجاج بن یوسف ثقفی، ظالم ہے، سفاک ہے، اس کے کفر میں اختلاف ہے، اس کو عراق کا بیس سال تک حکمران بنایا رکھا گیا، اور یہ پچانوے ہجری میں فوت ہوا (شرح زرقانی)

اور قاضی عیاض فرماتے ہیں:

**وحجة الآخرین أن قیامهم علی الحجاج لیس لمجرد الفسق، بل لما غیر من الشرع وظاهر الکفر لبیعة الأحرار، وتفضیله الخلیفة علی النبی صلی الله علیه وسلم، وقوله المشهور المنکر فی ذلک(اکمال المعلم،بفوائد مسلم، ج۶،ص۲۴۷، کتاب الامارة،باب وجوب طاعة الأمراء فی غیر معصیة وتحریمها فی المعصیة)**

ترجمہ: اور دوسرے حضرات کی دلیل یہ ہے کہ (بعض) صحابہ وتابعین کا حجاج کے خلاف کھڑا ہونا محض فسق کی وجہ سے نہیں تھا، بلکہ اس لئے تھا کہ اس نے شریعت کے بعض احکام میں تغیر پیدا کر دیا تھا، اور احرار (خوارج) کی بیعت، اور خلیفہ کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر فضیلت دے کر، کفر کا اظہار کیا تھا، اور حجاج کا اس بارے میں منکر (وناپسندیدہ) قول مشہور ہے (اکمال المعلم)

اور امام نووی صحیح مسلم کی شرح میں فرماتے ہیں:

**وحجة الجمهور أن قیامهم علی الحجاج لیس بمجرد الفسق بل لما غیر من الشرع وظاهر من الکفر(شرح النووی علی مسلم، ج۱۲،ص۲۲۹، کتاب الامارة،باب وجوب طاعة الأمراء فی غیر معصیة وتحریمها فی المعصیة)**

ترجمہ: اور جمہور کی دلیل یہ ہے کہ (بعض) صحابہ وتابعین کا حجاج کے خلاف قیام (کھڑا ہونا) محض فسق کی وجہ سے نہیں تھا، بلکہ اس لئے تھا کہ اس نے شریعت کے بعض احکام میں تغیر پیدا کر دیا تھا، اور کفر کا اظہار کیا تھا (شرح نووی)

اور ابوبکر بن عربی فرماتے ہیں:

**والحجاج ظالم متعد ملعون على لسان النبى عليه السلام من طرق خارج الإسلام عندى باستخفافه بالصحابة كابن عمر وأنس (عارضة الأحوذى بشرح صحيح الترمذى، كتاب الفتن، باب لا تقوم الساعة حتى يخرج كذابون)**

ترجمہ: اور ''حجاج'' ظالم ہے، حد سے تجاوز کرنے والا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر ایسے طریقوں سے ملعون ہے کہ وہ میرے نزدیک اسلام سے خارج ہے، کیونکہ اس نے صحابہ کے استخفاف اور توہین کا ارتکاب کیا، جیسا کہ ابنِ عمر اور انس رضی اللہ عنہما کا (عارضۃ الاحوذی)

اور امام مناوی فرماتے ہیں:

**وقال ابن العربى :الحجاج ظالم معتدى ملعون على لسان المصطفى صلى الله عليه وسلم من طرق خارج عن الإسلام عندى باستخفافه بالصحابة كابن عمر وأنس كذا ذكره فى المعارضة (فيض القدير شرح الجامع الصغير، ج ٢، ص ٤٧٣، تحت رقم الحديث ٢٣٣٥، حرف الهمزة)**

ترجمہ: اور (ابوبکر) ابنِ عربی نے فرمایا کہ ''حجاج'' ظالم ہے، حد سے تجاوز کرنے والا ہے، نبی مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر ایسے طریقوں سے ملعون ہے کہ وہ میرے نزدیک اسلام سے خارج ہے، کیونکہ اس نے صحابہ کے استخفاف اور توہین کا ارتکاب کیا، جیسا کہ ابنِ عمر اور انس رضی اللہ عنہما کا، ابنِ عربی نے ''المعارضة'' میں اسی طرح ذکر کیا ہے (فیض القدیر)

اور علی بن سلیمان مرداوی حنبلی فرماتے ہیں:

**ومن أصحابنا من أخرج الحجاج بن يوسف عن الإسلام؛ لأنه أخاف أهل**

**المدينة وانتهك حرم الله وحرم رسوله -صلى الله عليه وسلم (الإنصاف في معرفة الراجح من الخلاف، ج ١٠، ص ٣٢٧، كتاب الديات، باب حكم المرتد)**

ترجمہ: اور ہمارے بعض اصحاب نے ''حجاج بن یوسف'' کو اسلام سے خارج قرار دیا ہے، کیونکہ اس نے اہلِ مدینہ کو خوف زدہ کیا، اور اللہ کی حرمتوں کو اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حرمتوں کو پامال کیا (الانصاف)

اور علامہ انور شاہ کشمیری سنن ترمذی کی شرح میں فرماتے ہیں کہ:

**المبير هو حجاج بن يوسف ظالم هذه الأمة، والكذاب هو مختار بن أبي عبيد وأخته صفية بنت أبي عبيد زائدة زوجة ابن عمر، ويروى عن أحمد بن حنبل أن حجاجا كافر (العرف الشذى شرح سنن الترمذى، ج٣، ص ٤١٧، كتاب الفتن، باب ما جاء في ثقيف كذاب ومبير)**

ترجمہ: ''مبیر'' سے مراد ''حجاج بن یوسف'' ہے، جو اس مت کا ظالم شخص ہے، اور ''کذاب'' سے مراد ''مختار بن ابی عبید ہے، اس کی بہن ''صفیہ بنتِ ابی عبید زائدہ'' ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی بیوی ہیں۔

اور امام احمد بن حنبل سے مروی ہے کہ حجاج، کافر ہے (العرف الشذی)

اور علامہ ابنِ تیمیہ فرماتے ہیں:

**الحجاج بن يوسف، فكان لا يقبل من محسنهم ولا يتجاوز عن مسيئهم (منهاج السنة النبوية، ج٢، ص ٩٢، ٩٣، الفصل الثاني، الرد على القسم الأخير من المقدمة)**

ترجمہ: حجاج بن یوسف، ایسا تھا، جو نہ تو لوگوں کی اچھائیوں کو قبول کرتا تھا، اور نہ ہی ان کی برائیوں کو معاف کرتا تھا (منہاج)

نیز علامہ ابنِ تیمیہ مزید فرماتے ہیں:

**الحجاج بن يوسف فإنه أظلم من يزيد باتفاق الناس (منهاج السنة النبوية، ج٤، ص ٥٦٧، الفصل الثاني، مزاعم الرافضي عن يزيد بن معاوية)**

ترجمہ: حجاج بن یوسف کے بارے میں اتفاق ہے کہ وہ ''یزید'' سے بڑا ظالم تھا (منہاج)

معلوم ہوا کہ بعض اہلُ السنۃ کے نزدیک ''حجاج بن یوسف'' فاسق وظالم ہونے کے بجائے ''کافر'' شمار ہوتا ہے، اور ''حجاج'' کا ظلم بھی ''یزید'' سے بڑا اور شدید شمار کیا گیا، اور قرار دیا گیا ہے۔

اہلِ تشیع نے ''حجاج'' کے کافر ہونے کو ترجیح دی ہے۔

لیکن بعد کے اکثر محققینِ اہل السنۃ نے کفر میں تاویل واحتیاط کے پیشِ نظر ''حجاج بن یوسف'' کو کافر قرار دینے سے اجتناب کیا ہے، اور انہوں نے ''کفرِ استلزامی'' اور ''کفرِ التزامی'' میں فرق کیا ہے۔

اسی طرح ''مختار بن ابی عبید'' کے ''کذاب'' ہونے کی توجیہات میں بھی مختلف اقوال ہیں، جن میں بعض اقوال اس کے کافر ہونے، اور بعض فاسق ہونے کا تقاضا کرتے ہیں۔

وہ الگ بات ہے کہ مذکورہ دونوں شخصیات کے کفر، یا فسق کے اقوال کی توجیہات الگ الگ نوعیت کی ہوں۔

اس موقع پر بعض اہل السنہ نے ''مختار بن ابی عبید ثقفی'' کے کافر ہونے کے قول کو ترجیح دی ہے۔

لیکن دیگر محققین اہل السنہ نے ''حجاج بن یوسف'' کی طرح ''مختار بن ابی عبید ثقفی'' پر کفر کا حکم لگانے سے اجتناب کیا، اور ''کفرِ استلزامی'' کو ''کفرِ التزامی'' قرار نہیں دیا۔

جہاں تک بعض احادیث کی رو سے حجاج اور مختار دونوں کے کذاب ہونے کا تعلق ہے، تو محققین کی طرف سے اس کے جواب میں کہا جا سکتا ہے کہ بعض احادیث میں ''کذاب'' بول کر اس طرح کے افراد کو بھی مراد لیا گیا ہے، جو بہت زیادہ جھوٹ بولنے والے ہوں۔ [1]

---

[1] عن أبی هريرة، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم "ثلاثة لا يكلمهم الله يوم القيامة ولا يزكيهم (قال أبو معاوية: ولا ينظر إليهم) ولهم عذاب أليم: شيخ زان. وملك كذاب. وعائل مستكبر ."(صحيح مسلم، رقم الحديث ١٠٧ "١٧٢" باب بيان غلظ تحريم إسبال الإزار والمن بالعطية وتنفيق السلعة بالحلف الخ )

(وملك كذاب) أى :كثير كذب أو ذو كذب بناء على أن الصيغة للمبالغة، أو النسبة، والثانى أبلغ(مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، ج٨، ص ٣١٩٠، كتاب الآداب، باب الغضب والكبر)

اور ہمارے نزدیک یہی راجح ،اور احتیاط پر مبنی ہے کہ ''حجاج ثقفی'' کو کافر قرار دینے سے اجتناب کیا جائے ،اور ''مختار ثقفی'' کو بھی کافر قرار دینے سے اجتناب کیا جائے۔

اور کسی ایک شخصیت کے خلاف چند مخصوص قسم کی روایات، واقوال کو لے کر یکطرفہ حکم لگانے سے بچا جائے ،جیسا کہ متعدد اہلِ سنت، یا اہلِ تشیع کی طرف سے اس قسم کا یکطرفہ حکم لگایا جاتا ہے۔

## حجاج بن یوسف سے متعلق دیگر روایات وعبارات

حجاج بن یوسف کی بحث کے ضمن میں امام بیہقی نے مندرجہ ذیل روایات نقل کی ہیں کہ:

'' حضرت عمر بن عبد العزیز نے فرمایا کہ اگر ہر امت اپنی خبیث چیزوں کو لائے ،اور ہم حجاج کو لائیں ،تو ہم اس کی وجہ سے دوسری امتوں کی خباثت پر غالب آجائیں گے''۔

عاصم بن ابی النجود کہتے ہیں کہ ''حجاج نے اللہ کی ہر حرمت کو پامال کیا''۔انتھیٰ۔ [1]

---

[1] أخبرنا أبو عبد الله الحافظ، حدثنا الحسين بن الحسن بن أيوب، حدثنا أبو حاتم الرازى، حدثنا عبد الله بن يوسف بن التنيسى حدثنا هشام بن يحيى ابن يحيى الغسانى قال :قال عمر بن عبد العزيز :لو جاء ت كل أمة بخبيثها وجئنا بالحجاج لغلبناهم.

وأخبرنا أبو عبد الله الحافظ حدثنا أحمد بن يعقوب الثقفى حدثنا محمد بن عبد الله الحضرمى حدثنا أحمد بن عمران الأخنسى، حدثنا أبو بكر بن عياش عن عاصم بن أبى النجود قال :ما بقيت لله حرمة إلا وقد انتهكها الحجاج.

أخبرنا أبو طاهر الفقيه أخبرنا أبو بكر محمد بن الحسين القطان حدثنا أحمد بن يوسف السلمى حدثنا عبد الرزاق، أخبرنا معمر عن ابن طاووس قال :دخل رجل على أبى فقال :مات الحجاج بن يوسف يا أبا عبد الرحمن !قال:فقال أبى :اربعوا على أنفسكم حبس رجل عليه لسانه وعلم ما يقول فقال له الرجل :يا أبا عبد الرحمن برح الخفاء هذا نساء وافد بن سلمة قد نشرن أشعارهن وخرقن ثيابهن ينحن عليه .قال :أفعلوا؟ قال :نعم، قال :فقطع دابر القوم الذين ظلموا والحمد لله رب العالمين(دلائل النبوة،للبيهقى،ج٦،ص ٤٨٩،جماع أبواب إخبار النبى صلى الله عليه وسلم بالكوائن بعده، وتصديق الله جل ثناؤه رسوله صلى الله عليه وسلم فى جميع ما وعده،باب ما جاء فى إخباره بالمبير الذى يخرج من ثقيف وتصديق الله سبحانه قوله فى الحجاج بن يوسف الثقفى غفر الله لنا ولجميع المسلمين)

امام حاکم، اور طحاوی نے ہلال بن یساف سے روایت کیا ہے کہ:

''مجھے اس شخص نے جو عبداللہ بن زبیر کے پاس مختار کا سر لے کر آیا تھا، بیان کیا کہ جب عبداللہ بن زبیر نے اس کو دیکھا، تو فرمایا کہ مجھے حضرت کعب نے جو بھی حدیث بیان کی، اس کو میں نے سچ پایا، سوائے اس حدیث کے جو انہوں نے مجھے حدیث بیان کی تھی کہ عنقریب مجھے ثقیف قبیلہ کا ایک آدمی قتل کرے گا۔

حضرت اعمش کہتے ہیں کہ ابنِ زبیر یہ بات نہیں جانتے تھے کہ ابو محمد، یعنی حجاج ثقفی ''اللہ اس کو ذلیل کرے'' ان کے قتل کی تیاری میں ہے''۔ انتھٰی۔ [1]

اور طبرانی کبیر میں محمد بن سیرین سے روایت ہے کہ:

''عبداللہ بن زبیر کہتے ہیں کہ ہم سے جو حدیث بھی حضرت کعب نے بیان کی، وہ پوری ہو کر رہی، سوائے اس کے جو انہوں نے فرمایا تھا کہ قبیلہ ثقیف کا جوان مجھے (یعنی عبداللہ بن زبیر کو) قتل کرے گا، حالانکہ مختار ثقفی کا یہ سر میرے ہاتھ میں ہے (اس لئے کعب کی یہ بات پوری نہیں ہوئی) ابنِ سیرین کہتے ہیں کہ عبداللہ بن زبیر کو اس بات کا شعور نہیں تھا کہ ابو محمد، یعنی حجاج ثقفی، ان کے قتل کے لئے

---

[1] حدثنا أبو بكر محمد بن أحمد بن بالويه، ثنا موسى بن هارون، حدثني سعيد بن يحيى بن سعيد الأموي، حدثني أبي، عن الأعمش، عن شمر بن عطية، عن هلال بن يساف، حدثني البريد الذي أتى ابن الزبير برأس المختار، فلما رآه قال ابن الزبير: ما حدثني كعب بحديث إلا وجدت مصداقه، إلا أنه حدثني، أن رجلا من ثقيف سيقتلني. قال الأعمش: وما يدري أن أبا محمد - خذله الله - خبأ له (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ٦٣٣٣، كتاب معرفة الصحابة رضي الله عنهم)

حدثنا يونس، وبحر جميعا قالا: حدثنا يحيى بن حسان قال: حدثنا: أبو أسامة، عن الأعمش، عن شمر بن عطية، عن هلال بن يساف قال: حدثني البريد الذي قدم برأس المختار على عبد الله بن الزبير قال: فلما وضعته بين يديه قال: ما حدثني كعب بحديث إلا وجدته كما حدثني إلا هذا، فإنه حدثني أنه يقتلني رجل من ثقيف، وها هو هذا قد قتلته قال: الأعمش، وما يعلم أن أبا محمد يعني الحجاج مرصد له بالطريق (شرح مشكل الآثار، للطحاوی، ج۷، ص۴۰۶، باب بيان مشكل ما روى عن رسول الله صلى الله عليه وسلم في حمل رءوس القتلى المقتولين نكالا من بلد إلى بلد)

www.idaraghufran.org

چھپا بیٹھا ہے (ثقفی نوجوان سے یہی مراد ہے، پس کعب کی یہ بات بھی پوری ہوکر رہی)''۔انتھٰی۔ [1]

علامہ ہیثمی نے فرمایا کہ اس روایت کے راوی صحیح ہیں۔ [2]

اس واقعہ کو عبدالرزاق نے بھی اپنی مصنف میں روایت کیا ہے۔ [3]

مختار ثقفی کے قتل کے صرف پانچ سال بعد عبداللہ بن زبیر کو ''حجاج ثقفی'' نے بے دردی سے قتل کر دیا تھا، اور اس طرح عبداللہ بن زبیر کو ثقفی قبیلہ کے ایک شخص کے قتل کرنے کی حدیث کی پیش گوئی بھی پوری ہوکر رہی۔

ابوبکر خلال نے صلت بن دینار سے روایت کیا ہے کہ:

''حجاج بن یوسف نے مقامِ واسط کے منبر پر کھڑے ہوکر کہا کہ عبد اللہ بن مسعود، منافقوں کا سردار ہے، اگر میں اس کو پالیتا، تو زمین کو اس کے خون سے سیراب کر دیتا''۔انتھٰی۔ [4]

حافظ ذہبی نے بھی ''تاریخُ الاسلام'' میں حجاج بن یوسف کی طرف سے حضرت عبداللہ بن

---

[1] حدثنا إسحاق بن إبراهيم الدبرى، عن عبد الرزاق، عن معمر، عن أيوب، عن ابن سيرين قال: قال ابن الزبير: " ما شيء كان يحدثناه كعب إلا قد أتى على ما قال إلا قوله فتى ثقيف يقتلنى، وهذا رأسه بين يدى، يعنى: المختار، قال ابن سيرين: ولا يشعر أن أبا محمد قد خبىء له، يعنى: الحجاج "(المعجم الكبير للطبرانى، ج۱۳ ص ۹۲، رقم الحديث ۲۲۹)

[2] قال الهيثمى: رواه الطبرانى، ورجاله رجال الصحيح. (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۰۸۴، باب فيما كان من أمر ابن الزبير)

[3] أخبرنا عبد الرزاق عن معمر عن أيوب عن بن سيرين قال قال بن الزبير ما شيء كان يحدثناه كعب إلا قد أتى على ما قال إلا قوله إن فتى ثقيف يقتلنى وهذا رأسه بين يدى -يعنى المختار -قال بن سيرين ولا يشعر أن أبا محمد قد خبىء له -يعنى الحجاج (مصنف عبد الرزاق، الجامع ـ معمر بن راشد، ،رقم الحديث ۲۰۷۵۵، باب الفتن)

[4] أخبرنا الدورى، قال :ثنا مسلم بن إبراهيم، قال :ثنا الصلت بن دينار، قال : سمعت الحجاج، على منبر واسط يقول :عبد الله بن مسعود رأس المنافقين، لو أدركته لسقيت الأرض من دمه(السنة، لابى بكر الخَلَّال ، ج۳ ص ۵۶۴، رقم الحديث ۸۵۵، ذكر الفتن من بنى أمية وغيرهم)

مسعود رضی اللہ عنہ کی شان میں گستاخی کرنے کی روایات نقل کی ہیں۔ [1]

اور مسلم بن ابراہیم سے روایت ہے کہ:

''جب حجاج نے، حضرت سعید بن جبیر کو قتل کیا، تو حضرت حسن بصری نے فرمایا کہ حجاج نے اللہ کے ایسے نور کو بجھا دیا، جس کے مثل روئے زمین پر دوسری روشنی نہیں''۔ انتھیٰ۔ [2]

ابنِ ابی شیبہ نے علی بن مسہر سے روایت کیا ہے کہ:

''ربیع بن ابی صالح کہتے ہیں کہ جب سعید بن جبیر کو مکہ مکرمہ سے کوفہ کی طرف لایا گیا، تا کہ ان کو حجاج بن یوسف کے پاس مقامِ واسط کی طرف لے جایا جائے، تو ہم سعید بن جبیر کے پاس تین، یا چار افراد آئے، تو ہم نے سعید بن جبیر کو لکڑی کے کوڑے دان میں پایا، ہم آپ کے پاس بیٹھ گئے، اور ہم میں سے ایک آدمی

---

[1] وقال أبو بكر بن عياش، عن عاصم :سمعت الحجاج، وذكر هذه الآية :(فاتقوا الله ما استطعتم واسمعوا وأطيعوا)، فقال :هذه لعبد الله، لأمين الله وخليفته، ليس فيها مثنوية، والله لو أمرت رجلا يخرج من باب هذا المسجد، فأخذ من غيره لحل لى دمه وماله، والله لو أخذت ربيعة بمضر لكان لى حلالا، يا عجبا من عبد هذيل يزعم أنه يقرأ قرآنا من عند الله، ما هو إلا رجز من رجز الأعراب، والله لو أدركت عبد هذيل لضربت عنقه .رواها واصل بن عبد الأعلى شيخ مسلم، عن أبى بكر.

قاتل الله الحجاج ما أجرأه على الله، كيف يقول هذا فى العبد الصالح عبد الله بن مسعود!

قال أبو بكر بن عياش :ذكرت قوله هذا للأعمش، فقال :قد سمعته منه.

ورواها محمد بن يزيد، عن أبى بكر، فزاد :ولا أجد أحدا يقرأ على قراءة ابن أم عبد إلا ضربت عنقه، ولأحكنها من المصحف ولو بضلع خنزير.

وروها ابن فضيل، عن سالم بن أبى حفصة.

وقال الصلت بن دينار :سمعت الحجاج يقول :ابن مسعود رأس المنافقين، لو أدركته لأسقيت الأرض من دمه(تاريخ الاسلام للذهبى، ج۲،ص ۱۰۷۱ الطبقة العاشرة،حرف الحاء،تحت ترجمة:الحجاج بن يوسف بن الحكم)

[2] حدثنا يوسف بن الضحاك، نا مسلم بن إبراهيم، عن الحسن بن أبى جعفر؛ قال: لما قتل الحجاج سعيد بن جبير قال الحسن البصرى: لقد أطفأ من نور الله شيئا ما أصبح على وجه الأرض مثله .(المجالسة وجواهر العلم،للدينورى، ج٦ ص ۱۸ ،رقم الحديث ۲۳۲۰)

رونے لگا، سعید بن جبیر نے فرمایا کہ تم کیوں روتے ہو؟ اس نے کہا کہ آپ کی اس پیش آنے والی حالت کو دیکھ کر مجھے رونا آرہا ہے، تو سعید بن جبیر نے فرمایا کہ تم مت روؤ، یہ سب اللہ کے علم میں پہلے سے ہے، پھر سعید بن جبیر نے یہ آیت تلاوت فرمائی کہ:

”مَا أَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْأَرْضِ ، وَلَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ إِلَّا فِيْ كِتَابٍ مِّنْ قَبْلِ أَنْ نَّبْرَأَهَا، إِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ“ [1]

مطہر بن طاہر مقدسی لکھتے ہیں:

”حجاج کی موت ”ولید بن عبدالملک بن مروان“ کے دورِ ولایت میں ہوئی، اس وقت اس کی عمر ترپن سال تھی، اور اس نے، حجاز، اور عراق پر بیس سال حکومت کی، اور جن شرفاء ورؤساء کو اس نے قید وبند کی صورت میں قتل کیا، ان کی تعداد ایک لاکھ بیس ہزار ہے، یہ تعداد عام لوگوں، اور ان لوگوں کے علاوہ ہے، جو اس کے مقابلہ میں میدانِ جنگ کے دوران قتل کئے گئے، اور جب حجاج ثقفی فوت ہوا، تو اس کی قید میں پچاس ہزار مرد، اور تیس ہزار عورتیں تھیں“۔ انتھٰی۔ [2]

---

[1] حدثنا علی بن مسهر ، عن الربیع بن أبی صالح ، قال : لما قدم سعید بن جبیر من مکة إلی الکوفة لینطلق به إلی الحجاج إلی واسط ، قال : فأتیناه ونحن ثلاثة نفر ، أو أربعة ، فوجدناه فی کناسة الخشب فجلسنا إلیه ، فبکی رجل منا ، فقال له سعید : ما یبکیک ، قال : أبکی للذی نزل بک من الأمر ، قال : فلا تبک فإنه قد کان سبق فی علم الله یکون هذا ، ثم قرأ :”ما أصاب من مصیبة فی الأرض ، ولا فی أنفسکم إلا فی کتاب من قبل أن نبرأها إن ذلک علی الله یسیر“مصنف ابنِ ابی شیبة،رقم الحدیث ۳۱۲۶۲، کتاب الأمراء،ما ذکر من حدیث الأمراء والدخول علیهم)

[2] ومات الحجاج فی ولایة الولید بن عبد الملک بن مروان وقد بلغ من السن ثلاثا وخمسین سنة وولی الحجاز والعراق عشرین سنة وکان قتل من الأشراف والرؤساء المذکورین مائة ألف وعشرین ألفا صبرا سوی عوام الناس ومن قتل فی معارک الحروب وکان مات فی حبسه خمسون ألف رجل وثلاثون ألف امرأة(البدء والتاریخ،ج٦،ص ۴۰،الفصل الحادی والعشرون فی ولایة بنی أمیة إلی آخر أیامهم ، موت الحجاج)

www.idaraghufran.org

علامہ صفدی نے حجاج بن یوسف کا ذکر کرتے ہوئے ''الوافی بالوفیات'' میں لکھا ہے کہ:

''حجاج بن یوسف بن حکم ثقفی، جو امیرِ عراق کی حیثیت سے معروف ہے، اس کی کی ولادت چالیس، یا اکتالیس ہجری میں ہوئی، اور وفات پچانوے ہجری میں ہوئی۔

امام نسائی نے فرمایا کہ یہ نہ تو ''ثقہ'' ہے، اور نہ ہی ''مامون'' ہے۔

بعض حضرات نے اس کی فصاحت کی تعریف کی ہے، اور بعض حضرات نے فرمایا کہ یہ ہر رات میں ایک قرآن کی تلاوت کرلیا کرتا تھا۔

حجاج بن یوسف نے جن لوگوں کو قید وحبس کی صورت میں قتل کیا، ان کو شمار کیا گیا، تو ان کی تعداد ایک لاکھ بیس ہزار پائی گئی، اور اس کی موت کے بعد تینتیس ہزار افراد کو قید خانہ میں ایسا پایا گیا، جن پر قطع وقتل کا ثبوت نہیں تھا۔

اور ہیثم بن عدی سے مروی ہے کہ حجاج کی موت کے وقت اس کی قید میں اسی ہزار افراد تھے، جن میں تیس ہزار صرف عورتیں تھیں''۔ انتھیٰ۔ [1]

اور حافظ ذہبی نے ''سیر اعلامُ النبلاء'' میں فرمایا کہ:

---

[1] (ابن یوسف الثقفی) الحجاج بن یوسف بن الحکم الثقفی أمیر العراق ولد سنة أربعین أو إحدی وأربعین وتوفی سنة خمس وتسعین روی عن ابن عباس وسمرة بن جندب وأسماء بنت الصدیق وابن عمر. قال النسائی لیس بثقة ولا مأمون وقال أبو عمرو بن العلاء ما رأیت أحدا أفصح من الحجاج والحسن والحسن أفصحهما وقال عون کنت إذا سمعت الحجاج یقرأ عرفت أنه طالما درس القرآن وقیل إنه کان یقرؤه کل لیلة .

وقال عتبة بن عمرو ما رأیت عقول الناس إلا قریبا بعضها من بعض إلا الحجاج وإیاس ابن معاویة فإن عقولهما کانت ترجح علی عقول الناس .

أحصی ما قتل صبرا فبلغ ذلک مئة وعشرین ألفا وعرضت بعد موته السجون فوجد فیها ثلاثة وثلاثون ألفا لم یجب علی أحدهم قطع ولا صلب.

وقال الهیثم بن عدی مات الحجاج وفی سجنه ثمانون ألفا منهم ثلاثون ألف امرأة .

وقال عمر بن عبد العزیز لو تخابثت الأمم وجئنا بالحجاج لغلبناهم ما کان یصلح لدینا ولا آخرة ولما توفی لیلة سبع وعشرین من شهر رمضان وله خمس وخمسون سنة (الوافی بالوفیات، للصفدی، ج ۱۱، ص ۲۳۶، ۲۳۷، تحت ترجمة ''ابنِ یوسف الثقفی'')

''حجاج بن یوسف نہایت ظالم، جابر، اور ناصبی، خبیث آدمی اور سفاک طریقہ پر خون بہانے والا تھا، اسی کے ساتھ بہادر، چالاک، اور فصاحت وبلاغت والا، اور قرآن کی تعظیم کرنے والا تھا۔

اس کے برے کردار کا تاریخِ کبیر میں ذکر ہے، اس نے عبداللہ بن زبیر کے لئے کعبہ کا محاصرہ کیا تھا، اور اہلِ حرم کی تذلیل کی تھی، اس کی عراق اور مشرق میں بیس سال حکومت قائم رہی۔

اور ہم اس کو برا سمجھتے ہیں، اس سے محبت نہیں کرتے، اور اس سے اللہ کے لئے بغض رکھتے ہیں۔

اور اس کے گناہوں کے سمندر میں، اس کی نیکیاں بھی ہیں، اور اس کا معاملہ، اللہ کے سپرد ہے، اور فی الجملہ یہ توحید کا قائل تھا، جابر وظالم حکمرانوں میں اپنی مثال رکھتا تھا''۔انتھٰی۔ [1]

حافظ ذہبی نے ''تاریخُ الاسلام'' میں حجاج بن یوسف ثقفی کے متعلق بہت سی روایات واقوال نقل کیے ہیں، جن میں سے چند ایک کا ذکر کیا جاتا ہے۔

حجاج ثقفی حضرت انس رضی اللہ عنہ، اور حضرت حسن بصری کا گستاخ تھا، اس نے کئی مرتبہ حضرت حسن بصری کو قتل کرنے کا ارادہ کیا، لیکن ایسا نہیں کرسکا، اور حسن بصری حجاج ثقفی کے خوف سے دو سال تک علی بن زید کے گھر میں چھپے رہے۔

---

[1] الحجاج بن يوسف الثقفي: أهلكه الله :في رمضان، سنة خمس وتسعين، كهلا.
وكان ظلوما، جبارا، ناصبيا، خبيثا، سفاكا للدماء، وكان ذا شجاعة، وإقدام، ومكر، ودهاء، وفصاحة، وبلاغة، وتعظيم للقرآن .قد سقت من سوء سيرته في (تاريخي الكبير) ، وحصاره لابن الزبير بالكعبة، ورميه إياها بالمنجنيق، وإذلاله لأهل الحرمين.
ثم ولايته على العراق والمشرق كله عشرين سنة، وحروب ابن الأشعث له، وتأخيره للصلوات إلى أن استأصله الله، فنسبه ولا نحبه، بل نبغضه في الله، فإن ذلك من أوثق عرى الإيمان.
وله حسنات مغمورة في بحر ذنوبه، وأمره إلى الله، وله توحيد في الجملة، ونظراء من ظلمة الجبابرة والأمراء(سير أعلام النبلاء ، ج۴،ص ۳۴۳، رقم الترجمة ۱۱۷ ،الطبقة الثانية من التابعين)

مالک بن دینار کہتے ہیں کہ حجاج ثقفی اللہ کی طرف سے عقوبت کے طور پر مسلط ہے، اور اس کا تلوار کے بجائے اللہ سے دعاء وتضرع کے ذریعہ مقابلہ کرنا چاہیے۔

قتادہ سے روایت ہے کہ سعید بن جبیر سے کہا گیا کہ آپ نے حجاج ثقفی کے خلاف خروج کیوں کیا؟ تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے اسی وقت خروج کیا، جب میں نے اس کے کفر کو ملاحظہ کرلیا۔

قحذم سے روایت ہے کہ حجاج ثقفی کی وفات کے بعد سلیمان بن عبدالملک بن مروان نے ایک دن میں صبح کے وقت اسی ہزار قیدی رہا کئے، اور حجاج کی موت کے بعد تینتیس ہزار قیدی ایسے تھے، جن میں سے کسی پر قطع، اور قتل ثابت نہیں تھا۔

طاووس کہتے ہیں کہ اہلِ عراق کے حجاج بن یوسف کو مومن شمار کرنے پر مجھے تعجب ہے۔

ابنِ سیرین کہتے ہیں کہ اللہ اگر حجاج کے گناہوں پر مواخذہ کرے، تو کوئی تعجب نہیں، اور اللہ کے لئے اس کو معاف کرنا بھی مشکل نہیں۔

ایک آدمی نے سفیان ثوری کے سامنے حجاج کو جہنمی کہا، تو انہوں نے جواب میں کہا کہ اگر وہ توحید کا قائل ہے، تو ایسا نہ کہو۔

سری بن یحییٰ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ جمعہ کے دن حجاج بن یوسف گذر رہا تھا کہ اس نے آہ وبکا، اور مدد طلب کرنے کی آواز سنی، تو اس نے معلوم کیا کہ یہ کیا ہے؟ لوگوں نے کہا کہ قیدی کہہ رہے ہیں کہ ہمیں گرمی نے ہلاک کردیا ہے، تو حجاج نے کہا کہ ''**اخسئوا فیھا ولاتکلمون**'' ان کو کہو کہ تم اسی آگ میں ذلیل ہوتے رہو اور مجھ سے کلام نہ کرو۔

بعض روایات میں ہے کہ حجاج قرآن سے محبت رکھتا تھا، اور اس نے مرتے وقت یہ جملہ کہا تھا کہ:

''اے اللہ میری مغفرت کردیجیے، کیونکہ لوگوں کا گمان یہ ہے کہ تو میری مغفرت نہیں کرے گا''

علی بن زید کہتے ہیں کہ جس وقت حسن بصری کو حجاج کی موت کی خبر ملی، تو انہوں نے شکر کے طور پر سجدہ کیا۔

حماد بن سلیمان کہتے ہیں کہ ابراہیم نخعی کو جب حجاج کی موت کی خبر ملی، تو وہ خوشی میں رو پڑے۔

حجاج کی وفات پچانوے ہجری میں ہوئی، اور اس وقت اس کی عمر پچپن سال تھی۔

اور میرے پاس حجاج کی خبروں اور قصوں کی پوری ایک جلد ہے، لیکن مجھے ان خبروں وقصوں کا صحیح ہونا معلوم نہیں (یہ تمام باتیں حافظ ذہبی کی، تاریخِ اسلام سے ماخوذ ہیں) [1]

---

[1] وقال الواقدی :حدثنا ابن أبی ذئب، عن إسحاق بن یزید :قال رأیت أنسا رضی الله عنه مختوما فی عنقه ختمة الحجاج، أراد أن یذله بذلک .قال الواقدی :قد فعل ذلک بغیر واحد من الصحابة، یرید أن یذلهم بذلک، وقد مضت لهم العزة بصحبة رسول الله صلی الله علیه وسلم.
وقال جریر بن عبد الحمید، عن سماک بن موسی الضبی قال :أمر الحجاج أن توجأ عنق أنس، وقال :أتدرون من هذا؟ هذا خادم رسول الله صلی الله علیه وسلم، فعلته به لأنه سیء البلاء فی الفتنة الأولی، غاش الصدر فی الفتنة الآخرة.
وروی إسماعیل بن أبی خالد :قال الشعبی :یأتی علی الناس زمان یصلون فیه علی الحجاج.
وعن أیوب السختیانی قال :أراد الحجاج قتل الحسن مرارا، فعصمه الله منه، واختفی مرة فی بیت علی بن زید سنتین.قلت :لأن الحسن کان یذم الأمراء الظلمة مجملا، فأغضب ذلک الحجاج.
وعن مالک بن دینار قال :إن الحجاج عقوبة سلطه الله علیکم، فلا تستقبلوا عقوبة الله بالسیف، ولکن استقبلوها بالدعاء والتضرع.
وقال أبو عاصم النبیل :حدثنی جلیس لهشام بن أبی عبد الله قال :قال عمر بن عبد العزیز لعنبسة بن سعید :أخبرنی ببعض ما رأیت من عجائب الحجاج .قال :کنا جلوسا عنده لیلة، فأتی برجل، فقال :ما أخرجک هذه الساعة !وقد قلت :لا أجد فیها أحدا إلا فعلت به؟ قال :أما والله لا أکذب الأمیر، أغمی علی أمی منذ ثلاث، فکنت عندها، فلما أفاقت الساعة قالت :یا بنی، أعزم علیک إلا رجعت إلی أهلک، فإنهم مغمومون لتخلفک عنهم، فخرجت، فأخذنی الطائف، فقال :ننهاکم وتعصونا، اضرب عنقه !ثم أتی برجل آخر، فقال :ما أخرجک هذه الساعة؟ !قال :والله لا أکذبک، لزمنی غریم فلما کانت الساعة أغلق الباب وترکنی علی بابه، فجاءنی طائفک فأخذنی، فقال :اضربوا عنقه .ثم أتی بآخر، فقال :ما أخرجک هذه الساعة؟ !قال :کنت مع شربة أشرب، فلما سکرت خرجت، فأخذونی، فذهب عنی السکر فزعا، فقال :یا عنبسة ما أراه إلا صادقا، خلوا سبیله، فقال عمر لعنبسة، فما قلت له شیئا؟ فقال :لا، فقال عمر لآذنه :لا تأذن لعنبسة علینا، إلا أن یکون فی حاجة.وقال بسطام بن مسلم، عن قتادة قال :قیل لسعید بن جبیر :خرجت علی الحجاج؟

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

زید بن اسلم سے روایت ہے کہ:

''ایک مرتبہ مسور بن مخرمہ پر غشی طاری ہوگئی، جب ان کو ہوش آیا، تو فرمایا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور محمد، اللہ کے رسول ہیں، مجھے

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾قال :إني والله ما خرجت عليه حتى كفر.

وقال هشام بن حسان :أحصوا ما قتل الحجاج صبرا، فبلغ مائة ألف وعشرين ألفا.

وقال عباد بن كثير، عن قحذم، قال :أطلق سليمان بن عبد الملك في غداة واحدة واحدا وثمانين ألف أسير، وعرضت السجون بعد موت الحجاج، فوجدوا فيها ثلاثة وثلاثين ألفا، لم يجب على أحد منهم قطع ولا صلب.

وقال الهيثم بن عدى :مات الحجاج، وفي سجنه ثمانون ألفا، منهم ثلاثون ألف امرأة.

وعن عمر بن عبد العزيز، قال :لو تخابثت الأمم، وجئنا بالحجاج لغلبناهم، ما كان يصلح لدنيا ولا لآخرة، ولي العراق، وهو أوفر ما يكون من العمارة، فأخس به حتى صيره أربعين ألف ألف، ولقد أدى إلي في عامي هذا ثمانون ألف ألف وزيادة.

وقال جعفر بن سليمان :حدثنا مالك بن دينار قال :كنا إذا صلينا خلف الحجاج، فإنما نلتفت ما بقي علينا من الشمس، فقال :إلام تلتفتون، أعمى الله أبصاركم، إنا لا نسجد لشمس ولا لقمر، ولا لحجر، ولا لوبر.وقال عاصم بن أبي النجود :ما بقيت لله حرمة إلا وقد انتهكها الحجاج.

وقال طاوس :إني لأعجب من أهل العراق، يسمون الحجاج مؤمنا.

وقال سفيان، عن منصور، قال :ذكرت لإبراهيم لعن الحجاج أو بعض الجبابرة، فقال :أليس الله يقول :(ألا لعنة الله على الظالمين)، وكفى بالرجل عمى أن يعمى عن أمر الحجاج.

وقال ابن عون :قيل لأبي وائل :تشهد على الحجاج أنه في النار؟ فقال :سبحان الله أحكم على الله!وقال عوف :ذكر الحجاج عند ابن سيرين، فقال :مسكين أبو محمد، إن يعذبه الله فبذنبه، وإن يغفر له فهنيئا.

وقال رجل للثوري :اشهد على الحجاج وأبي مسلم أنهما في النار .فقال :لا، إذا أقرا بالتوحيد.

وقال العباس الأزرق، عن السري بن يحيى، قال :مر الحجاج في يوم جمعة، فسمع استغاثة، فقال: ما هذا؟ قيل :أهل السجون يقولون :قتلنا الحر، فقال :قولوا لهم :(اخسؤا فيها ولا تكلمون)، قال: فما عاش بعد ذلك إلا أقل من جمعة.

وقال الأصمعي :بنى الحجاج واسطا في سنتين وفرغ منها سنة ست وثمانين.

وقال مسلم بن إبراهيم :حدثنا الصلت بن دينار قال :مرض الحجاج، فأرجف به أهل الكوفة، فلما عوفي صعد المنبر وهو يتثنى على أعواده، فقال :يا أهل الشقاق والنفاق والمراق، نفخ الشيطان في مناخركم، فقلتم :مات الحجاج، فمه والله ما أرجو الخير إلا بعد الموت، وما رضى الله الخلود لأحد من خلقه إلا لأهونهم عليه إبليس، وقد قال العبد الصالح سليمان :(رب اغفر لي وهب لي ملكا لا ينبغي لأحد من بعدي) فكان ذلك، ثم اضمحل فكأن لم يكن، يا أيها الرجل، وكلكم

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

دنیا و مافیہا سے زیادہ عبدالرحمٰن بن عوف محبوب ہیں، جو رفیقِ اعلیٰ میں ان لوگوں کے ساتھ ہیں، جن پر اللہ نے انعام فرمایا، یعنی انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین کے ساتھ اور یہ کیا ہی اچھی رفاقت ہے۔

اور عبدالملک اور حجاج دونوں اپنی آنتوں کو جہنم میں کھینچ رہے ہیں۔

اس وقت نہ تو حجاج کا ذکر تھا، اور نہ ہی اس وقت تک عبدالملک کو حکومت حاصل ہوئی تھی، اور مسور بن مخزمہ کی اس سے پہلے ہی وفات ہوگئی تھی"۔ انتھٰی۔ [1]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ ذلک الرجل، کأنی بکل حی میت، وبکل رطب یابس، وبکل امرء فی ثیاب طهور إلی بیت حفرته، فخد له فی الأرض خمسة أذرع طولا فی ذراعین عرضا، فأکلت الأرض من لحمه، ومصت من صدیده ودمه.

وقال محمد بن المنکدر :کان عمر بن عبد العزیز یبغض الحجاج، فنفس علیه بکلمة قالها عند الموت :اللهم اغفر لی فإنهم یزعمون أنک لا تفعل.

وقال إبراهیم بن هشام الغسانی، عن أبیه، عن جده، أن عمر بن عبد العزیز، قال :ما حسدت الحجاج عدو الله علی شیء حسدی إیاه علی حبه القرآن وإعطائه أهله، وقوله حین احتضر :اللهم اغفر لی فإن الناس یزعمون أنک لا تفعل.وقال الأصمعی :قال الحجاج لما احتضر:

یا رب قد حلف الأعداء واجتهدوا ...بأننی رجل من ساکنی النار

أیحلفون علی عمیاء ویحهم ...ما علمهم بکثیر العفو ستار

فأخبر الحسن فقال :إن نجا فبهما.وقال عثمان بن عمرو المخزومی :حدثنا علی بن زید، قال : کنت عند الحسن، فأخبر بموت الحجاج، فسجد.وقال حماد بن أبی سلیمان :قلت لإبراهیم النخعی :مات الحجاج، فبکی من الفرح.قال أبو نعیم، وجماعة :توفی لیلة سبع وعشرین فی رمضان سنة خمس وتسعین.قلت :عاش خمسا وخمسین سنة.

قال ابن شوذب، عن أشعث الحدانی قال :رأیت الحجاج فی منامی بحال سیئة، قلت :ما فعل بک ربک؟ قال :ما قتلت أحدا قتلة، إلا قتلنی بها، قلت :ثم مه .قال :ثم أمر بی إلی النار، قلت :ثم مه. قال :ثم أرجو ما یرجو أهل لا إله إلا الله، فکان ابن سیرین یقول :إنی لأرجو له، فبلغ ذلک الحسن، فقال :أما والله لیخلفن الله رجاء ه فیه.ذکر ابن خلکان أنه مات بواسط، وعفی قبره وأجروا علیه الماء .وعندی مجلد فی أخبار الحجاج فیه عجائب، لکن لا أعرف صحتها(تاریخ الاسلام للذهبی، ج۲، ص ۱۰۷۵ الٰی ۱۰۷۹، رقم الترجمة ۳۳،الطبقة العاشرة،حرف الحاء،تحت ترجمة"الحجاج بن یوسف بن الحکم")

[1] وقال ابن أبی الدنیا حدثنی أحمد بن حنبل حدثنا عبد الملک بن المبارک أنبأنا عبد الرحمن بن عبد الله بن دینار عن زید بن أسلم قال أغمی علی المسور بن مخزمة ثم أفاق فقال أشهد أن لا إله إلا الله وأن محمدا رسول الله صلی الله علیه وسلم أحب إلی من الدنیا وما فیها عبد الرحمن بن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ابنِ عساکر نے اشعث حدانی سے روایت کیا ہے کہ:

''میں نے حجاج بن یوسف کو خواب میں بری حالت میں دیکھا، میں نے کہا کہ تیرے ساتھ رب تعالیٰ نے کیا معاملہ کیا، تو حجاج نے جواب میں کہا کہ میں نے جس جس کو بھی قتل کیا تھا، تو ہر ایک نے اس کے بدلہ میں مجھے قتل کیا۔

میں نے کہا کہ پھر آگے کیا ہوا؟ حجاج نے کہا کہ پھر مجھے آگ میں ڈالنے کا حکم ہوا۔

میں نے کہا کہ پھر آگے کیا ہوا؟ تو حجاج نے کہا کہ بس میں اسی چیز کی امید رکھتا ہوں، جس کی اہلِ توحید امید رکھتے ہیں''۔انتھٰی۔ [1]

ابنِ عساکر ہی نے ابوسلیمان دارانی سے روایت کیا ہے کہ:

''حضرت حسن بصری، جس مجلس میں بھی بیٹھتے تھے، تو حجاج کا ذکر کر کے اس کے خلاف بددعاء کیا کرتے تھے۔

ایک مرتبہ حسن بصری نے حجاج بن یوسف کو خواب میں دیکھا، تو فرمایا کہ کیا تو

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

عوف فی الرفیق الأعلی مع الذین أنعم الله علیهم من النبیین والصدیقین والشهداء والصالحین وحسن أولئک رفیقا. وعبد الملک والحجاج یجران معا هما فی النار.

قال شیخنا وهذا إسناد صحیح. ولم یکن للحجاج حینئذ ذکر ولا کان عبد الملک ولی الخلافة بعد لأن المسور مات فی الیوم الذی جاء فیه نعی یزید بن معاویة وذلک فی ربیع الأول سنة أربع وستین من الهجرة (التحفة اللطیفة فی تاریخ المدینة الشریفة،للسخاوی، ج ۱،ص ۲۶۷، تحت ترجمة "الحجاج بن یوسف بن الحکم"رقم الترجمة ۸۸۹،حرف الحاء المهملة)

[1] اخبرنا أبو القاسم بن السمرقندی أنبأنا أبو الفضل عمر بن عبید الله بن عمر أنبأنا أبو الحسین بن بشران أنبأنا عثمان بن احمد نبأنا حنبل بن إسحاق نبأنا هارون بن معروف نبأنا ضمرة نبأنا ابن شوذب عن اشعث الحدانی قال رأیت الحجاج فی منامی بحال سیئة قلت یا أبا محمد ما صنع بک ربک قال ما قتلت احدا قتلة إلا قتلنی بها قلت ثم مه قال ثم أمر بی إلی النار قلت ثم مه قال أرجو ما یرجو أهل لا إله إلا الله. قال فکان ابن سیرین یقول إنی لأرجو له قال فبلغ ذلک الحسن قال فقال الحسن أما والله لیخلفن الله عز وجل رجاءه فیه یعنی ابن سیرین(تاریخِ دمشق،لابنِ عساکر، ج ۱۲،ص ۲۰۱،تحت ترجمة:"الحجاج بن یوسف"رقم الترجمة ۱۲۱۷، حرف الحاء)

حجاج ہے؟ اس نے کہا کہ میں ہی حجاج ہوں، حسن بصری نے فرمایا کہ تیرے رب نے تیرے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟ حجاج نے کہا کہ مجھے ہر ایک قتل کے عوض میں قتل کیا گیا، پھر مجھے موحدین کے ساتھ چھوڑ دیا گیا۔

ابوسلیمان دارانی کہتے ہیں کہ اس کے بعد حسن بصری نے حجاج کو برا کہنے سے اپنے آپ کو روک لیا''۔ انتھٰی۔ [1]

حجاج بن یوسف ثقفی کے ذکر کا اختتام مذکورہ روایت پر ہی مناسب ہے، جس میں سب کے لئے سبق ہے۔

عبدالملک بن مروان نے اکہتر ہجری میں جمعہ کے دن مصعب بن زبیر کو قتل کیا۔ [2]

پھر عبدالملک بن مروان نے حجاج بن یوسف کو، حجاز اور عراق کا والی مقرر کیا۔ [3]

---

[1] أنبأنا أبو القاسم عبد المنعم بن علی بن احمد وحدثنا أبو الحسن علی بن مهدی انبأنا عبد العزیز بن احمد الکتانی أنبأنا أبو نصر بن الجبان أنبأنا جعفربن الفضل المؤذن نبأنا محمد بن العباس بن الدرفس نبأنا احمد بن أبی الحواری قال سمعت أبا سلیمان الدارانی یقول کان الحسن لا یجلس مجلسا إلا ذکر الحجاج فدعا علیه فرآه فی المنام قال فقال أنت الحجاج قال أنا الحجاج قال ما فعل بک ربک قال قتلت بکل قتلة قتلة ثم عزلت مع الموحدین قال فامسک الحسن بعد ذلک عن شتمه (تاریخ دمشق، لابنِ عساکر، ج۱۲، ص۲۰۲، تحت ترجمة: "الحجاج بن یوسف" رقم الترجمة ۱۲۱۷، حرف الحاء)

[2] مصعب بن الزبیر بن العوام الأسدی القرشی کنیته أبو عبد الله یروی عن أبیه وأخیه قتل سنة إحدی وسبعین وله تسع وثلاثون سنة قتله عبد الملک بن مروان بیده یوم الجمعة أمه الرباب بنت أنیف بن عبید بن مصاد بن حصن بن کعب الکلبی (الثقات، لابن حبان، ج۵، ص۴۱۰، ۴۱۱، اول کتاب التابعین، باب المیم)

[3] وسار عبد الملک إلی العراق یرید مصعبا فالتقوا بدیر الجاثلیق وکان بینهما وقعات إلی أن کانت الهزیمة علی أصحاب مصعب وقتل مصعب بن الزبیر ثم رجع عبد الملک إلی دمشق وجمع الناس واستشارهم فی أمر عبد الله بن الزبیر وقال من له فقام الحجاج بن یوسف فقال أنا وکان أصغر القوم وأقلهم نباهة فقال له عبد الملک وما یدریک فقال له إنی رأیت فی المنام أنی خلعت ثوبه فقال أنت له فأخرجه فی جماعة من أهل الأردن والشام لمحاربة بن الزبیر فوافی الحجاج مکة وحاصر الحرم ونصب المنجنیق علی الکعبة أیاما إلی أن ظفر بعبد الله بن الزبیر فقتله وذلک یوم الثلاثاء لثلاث عشرة لیلة بقیت من جمادی الأولی سنة ثلاث وسبعین وصلبه علی جذع منکسا

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

عبدالملک بن مروان کی ولادت چھبیس ہجری میں ہوئی، عبداللہ بن زبیر کے دورِ خلافت میں عبدالملک کی محدود حکومت قائم ہوئی، اور عبداللہ بن زبیر کی حجاج کے ہاتھوں شہادت کے بعد عبدالملک کی حکومت کا دائرہ وسیع ہوگیا، اور چھیاسی ہجری میں ''عبدالملک بن مروان'' کی اکسٹھ سال کی عمر پا کر وفات ہوگئی۔ [1]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

واستقر الأمر حينئذ لعبد الملک بن مروان ومات عبد الملک بن مروان بدمشق لأربع ليال خلون من شوال سنة ست وثمانين(الثقات،لابن حبان،ج۲،ص ۳۱۶،۳۱۷،ذكر البيان بان من ذكرناهم كانوا خلفاء ومن بعدهم كانوا ملوكا)

أنبأنا أبو اليمن الكندى قال :أخبرنا أبو البركات لأنماطى -إذنا إن لم يكن سماعا -قال :أخبرنا أبو الفضل بن خيرون قال :أخبرنا أبو القاسم بن بشران قال:أخبرنا أبو على بن الصواف قال :حدثنا أبو جعفر محمد بن عثمان بن أبى شيبة قال :ولى الحجاج العراق سنة سبعين فاقام بالكوفة خمس سنين وأقام بواسط عشرين سنة ومات فى سنة خمس وتسعين.

أنبأنا الكندى عن أبى عبد الله بن البناء عن أبى تمام عن أبى عمر الخزاز قال :أخبرنا محمد بن القاسم قال :حدثنا ابن أبى خيثمة قال أخبرنا سليمان بن أبى شيخ قال :وقال أبو سفيان الحميرى : ولى الحجاج العراق عشرين سنة، قدمها سنة خمس وسبعين، ومات سنة خمس وتسعين فى شهر رمضان ليلة سبع وعشرين، ولى فى خلافة عبد الملک بن مروان إحدى عشرة سنة، وتسع سنين فى خلافة الوليد، وكان الحجاج ولى الحجاز ثلاث سنين، وله ثلاثون سنة، ثم ولى العراق فمات وله ثلاث وخمسون سنة ودفن بواسط.

قرأت فى تاريخ سعيد بن كثير بن عفير :ثم كانت سنة أربع وسبعين ففيها قدم الحجاج الكوفة، ومنهم من قال قدمها فى رجب سنة خمس وسبعين، وقال :ثم كانت سنة خمس وتسعين، وفيها مات الحجاج بن يوسف بواسط، وكان يكنى أبا محمد، مات لأربع بقين من شهر رمضان، ومنهم من قال لثلاث خلون من شهر رمضان، وقد بلغ من السن ثلاث وخمسين سنة(بغية الطلب فى تاريخ حلب، ج۵،ص ۲۰۹۵،۲۰۹۶،حرف الحاء،ذكر من اسمه الحجاج)

[1] عبد الملک بن مروان بن الحكم بن أبى العاص بن أمية بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصى بن كلاب الخليفة، أبو الوليد القرشى الأموى.

بويع بعهد من أبيه فى خلافة ابن الزبير، وبقى على مصر والشام، وابن الزبير على باقى البلاد مدة سبع سنين، ثم غلب عبد الملک على العراق، وما والاها فى سنة اثنتين وسبعين، وبعد سنة قتل ابن الزبير، واستوسق الأمر لعبد الملک .ولد سنة ست وعشرين.....

قالوا :توفى عبد الملک فى شوال سنة ست وثمانين، وخلافته المجمع عليها من وسط

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

عبدالملک بن مروان کی وفات کے بعد ان کے بیٹے ''ولید بن عبدالملک'' کو حکومت حاصل ہوئی، اور اسی کے دورِ حکومت میں ''حجاج ثقفی'' کی وفات ہوئی، جس کے کچھ ہی عرصہ بعد ''ولید بن عبدالملک'' کی بھی وفات ہوگئی۔ [1]

اس لئے حجاج ثقفی کے مظالم میں اعانت کی حیثیت سے ''عبدالملک بن مروان'' اور ان کے بیٹے ''ولید بن عبدالملک'' کو بری الذمہ قرار دیا جانا ممکن نہیں۔

اللہ تعالیٰ امتِ مسلمہ کی ظالم حکمرانوں سے حفاظت فرمائے۔ آمین۔

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

سنة ثلاث وسبعين.....وعاش إحدى وستين سنة، وكان له سبعة عشر ولدا(تاريخ الاسلام، للذهبي، ج٢، ص٩٧٠ الى ٩٧٦ ملخصاً،تحت ترجمة"عبد الملك بن مروان بن الحكم" رقم الترجمة ٩٧،الطبقة التاسعة، حرف العين )

ولاية عبد الملك بن مروان:يكنى أبا الذبان لبخر فمه ويلقب برشح الحجر لبخله وكان معاوية بن أبي سفيان جعله مكان زيد بن ثابت على ديوان المدينة ثم ولاه أبوه مروان هجر ثم جعله ولي عهده بعده وبويع سنة خمس وستين بالشام وبايعه أهل مكة بعد قتل ابن الزبير سنة ثلاث وسبعين وكتب إليه ابن عمر ببيعته.

وكتب إليه محمد بن الحنفية يستوثق لنفسه وأصحابه وتوفى بدمشق سنة ست وثمانين وكانت ولايته من يوم قتل ابن الزبير إلى أن مات تسع سنين وعشرة أيام ومن يوم بويع بالشام إحدى وعشرين سنة وكتب إلى عبد الله بن خازم بخراسان إن بايعتني أطعمتك خراسان عشر سنين فأبى إلا التزبر وكان بعث إليه برأس ابن الزبير فأخذه ورده إلى المدينة فكتب عبد الملك الى بكير ابن وشاح خليفة عبد الله بن خازم على مرو يأمره بالوثوب بعبد الله بن خازم فسار إليه فواقعه فقتله وولى بكيرا خراسان وصفت المملكة لعبد الملك بن مروان ومات بشر بن مروان بالبصرة واشتدت شوكة الخوارج بالعراق والأهواز والمهلب يقاومهم ويدافعهم فولى عبد الملك الحجاج بن يوسف العراقين وكان العراق إذ ذاك من فم الرقة إلى أقصى خجند بخراسان ومنها السند والهند(البدء والتاريخ،للمطهر بن طاهر المقدسي ،ج٦،ص٢٦،٢٧،الفصل الحادي والعشرون في ولاية بني أمية إلى آخر أيامهم،ولاية عبد الملك بن مروان)

[1] الوليد بن عبد الملك بن مروان بن الحكم بن أبي العاص بن أمية، أبو العباس الأموي . استخلف بعهد من أبيه بعده.....قال أبو عمر الضرير وغيره :توفي في نصف جمادى الآخرة سنة ست وتسعين .وقال خليفة :عاش إحدى وخمسين سنة.(تاريخ الإسلام ،للذهبي، ج٢،ص١١٨٢ الى ١١٨٥ ملخصاً، تحت رقم الترجمة ٢٢٧، الطبقة العاشرة،حرف الواو)

اب مختار ثقفی کے متعلق کچھ روایات وحوالہ جات ذکر کئے جاتے ہیں۔

جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا کہ ''مختار ثقفی'' کا زمانہ ''حجاج ثقفی'' سے کافی پہلے ہے، اس زمانہ میں صحابۂ کرام کی معتد بہ تعداد موجود تھی، اور جس وقت مختار ثقفی کی وفات ہوئی، اس وقت تک ''حجاج ثقفی'' کا دورِ حکومت شروع نہیں ہوا تھا، اس لئے حجاج بن یوسف کے مقابلہ میں مختار ثقفی کے متعلق صحابۂ کرام کے آثار زیادہ ملتے ہیں، جس کی وجہ سے حجاج ثقفی کے مقابلہ میں ''مختار ثقفی'' کی بے اعتدالیوں کو زیادہ شہرت حاصل ہوئی۔

## مختار سے متعلق رفاعہ بن شداد فتیانی کی روایت

رفاعہ بن شداد فتیانی سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ أَقُوْمُ عَلٰى رَأْسِ الْمُخْتَار، فَلَمَّا تَبَيَّنْتُ كِذَابَتَهٗ هَمَمْتُ وَايْمُ اللّٰهِ أَنْ أَسُلَّ سَيْفِيْ، فَأَضْرِبَ عُنُقَهٗ، حَتّٰى ذَكَرْتُ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ عَمْرُو بْنُ الْحَمِقِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ أَمَّنَ رَجُلًا عَلٰى نَفْسِهٖ فَقَتَلَهٗ، أُعْطِيَ لِوَاءَ الْغَدْرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

(مسند احمد، رقم الحديث ٢١٩٤٦) [1]

ترجمہ: میں مختار کے سر پر کھڑا ہوتا تھا، پھر جب مجھے اس کا جھوٹا ہونا واضح ہو گیا، تو میں نے ارادہ کیا کہ میں اپنی تلوار سونت کر اس کی گردن اڑا دوں، لیکن مجھے عمرو بن حمیق کی بیان کی ہوئی حدیث یاد آ گئی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے کسی آدمی کی جان کو امن دے دیا، پھر اس کو قتل کرے، تو قیامت کے دن اس کو دھوکہ کا جھنڈا دیا جائے گا (مسند احمد)

رفاعہ بن شداد فتیانی سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى الْمُخْتَارِ، فَأَلْقٰى لِيْ وِسَادَةً، وَقَالَ: لَوْلَا أَنَّ أَخِيْ

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

جِبْرِيْلَ قَامَ عَنْ هٰذِهٖ لَأَلْقَيْتُهَا لَكَ، قَالَ: فَأَرَدْتُ أَنْ أَضْرِبَ عُنُقَهُ، فَذَكَرْتُ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ أَخِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَمِقِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّمَا مُؤْمِنٍ أَمَّنَ مُؤْمِنًا عَلٰى دَمِهٖ فَقَتَلَهُ، فَأَنَا مِنَ الْقَاتِلِ بَرِيْءٌ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۹۴۷) [1]

ترجمہ: میں ایک مرتبہ مختار (ثقفی) کے پاس گیا، اس نے میرے لیے ایک تکیہ رکھا، اور کہنے لگا کہ اگر میرے بھائی جبریل اس (تکیہ) سے نہ اٹھے ہوتے، تو میں یہ تکیہ تمہارے لیے رکھتا، تو میں نے اس بات کا ارادہ کرلیا کہ اس کی گردن اڑا دوں، لیکن پھر مجھے ایک حدیث یاد آ گئی، جو مجھ سے حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ نے بیان کی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو مومن شخص کسی دوسرے مومن کو پہلے اس کی جان کی امان دے دے، پھر بعد میں اسے قتل کر دے، تو میں قاتل سے بریٔ ہوں (مسند احمد)

یعنی ''مختار ثقفی'' کا قول اگرچہ اس بات کا مقتضی تھا کہ اس کے شر کو دور کرنے کے لئے اس کو قتل کر دیا جائے، لیکن حدیث میں جان کا ذمہ دینے کی وجہ سے قتل کرنے کی وعید آئی ہے، اس لئے اس کے قتل سے اجتناب کیا گیا۔

## عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت

ابواسحاق سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: إِنَّ الْمُخْتَارَ يَزْعُمُ أَنَّهُ يُوْحٰى إِلَيْهِ، فَقَالَ: صَدَقَ وَإِنَّ الشَّيَاطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ إِلٰى أَوْلِيَائِهِمْ (المعجم الاوسط، للطبرانی، رقم الحديث ۹۲۴) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الأوسط، ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۴۸۸، باب ما جاء في الكذابين بين يدي الساعة)

ترجمہ: میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ مختار یہ گمان کرتا ہے کہ اس کی طرف وحی آتی ہے، تو عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ وہ سچ کہتا ہے، بے شک شیاطین اپنے اولیاء کی طرف وحی بھیجتے ہیں (طبرانی)

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے بھی مختار ثقفی کے متعلق حق واضح فرمادیا، لیکن اس پر کفر وارتداد کا حکم نہیں لگایا، کیونکہ کفر سے بچنے کی تاویل ممکن تھی۔

اور ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کے نکاح میں مختار ثقفی کی بہن حضرت صفیہ تھیں، جو نیک صالح، اور ثقہ خاتون تھیں، اگر کفر کا حکم لگایا جاتا، تو ان کو مختار کے ساتھ رہنا جائز نہ ہوتا۔ [1]

## ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی روایت

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

مَا تَرَکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ إِلَّا مَا بَیْنَ ھٰذَیْنِ اللَّوْحَیْنِ، وَدَخَلْنَا عَلٰی مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِکَ، قَالَ: وَکَانَ الْمُخْتَارُ یَقُوْلُ اَلْوَحْیُ (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۹۰۹) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ چھوڑا ہے، وہ یہی دولوحوں کے درمیان (والا قرآن) ہے، اور ہم محمد بن علی کے پاس گئے، انہوں نے بھی اسی

---

[1] وهو ابن أبی عبید قبحه الله، وکان یزعم أنه یأتیه الوحی. وقد کانت أخته صفیة تحت عبد الله بن عمر، وکانت من الصالحات، ولما أخبر عبد الله بن عمر أن المختار یزعم أنه یوحی إلیه، فقال: صدق، قال الله تعالی: وإن الشیاطین لیوحون إلی أولیائهم، وقوله تعالی: یوحی بعضهم إلی بعض زخرف القول غرورا أی یلقی بعضهم إلی بعض القول المزین المزخرف، وهو المزوق الذی یغتر سامعه من الجهلة بأمره (تفسیر ابن کثیر، ج۳، ص ۲۸۷، ۲۸۸، سورة الانعام)

صفیة بنت أبی عبید بن مسعود الثقفیة "أخت المختار الکذاب، وزوجة ابن عمر، رأت عمر. وروت عن: عائشة، وحفصة، وأم سلمة، وغیرهن. وعنها: سالم، ونافع، وعبد الله بن دینار، وموسی بن عقبة، وجماعة. وثقها أحمد العجلی وغیره" (تذهیب تهذیب الکمال فی أسماء الرجال، ج ۱۱، ص ۱۴۸، رقم الترجمة ۸۶۹۴، باب الکنی، حرف الیاء)

[2] قال شعیب الارنؤوط: إسناده صحیح علی شرط الشیخین (حاشیة مسند احمد)

طرح کی بات کہی، لیکن مختار کہتا ہے کہ اس کے پاس وحی آتی ہے (مسند احمد)

## ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

اور طبری وابوحاتم نے عکرمہ سے ابوزمیل کی سند سے روایت کیا ہے کہ:

''میں ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، اور مختار بن ابی عبید نے اس موقع پر حج کیا تھا، تو ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کے پاس ایک شخص آیا، اور اس نے کہا کہ مختار بن ابی عبید کہتا ہے کہ اس کے پاس رات کو وحی آئی ہے، تو ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ وہ سچ کہتا ہے، وحی دو قسم کی ہے، ایک اللہ کی طرف سے اور دوسری شیطان کی طرف سے، پس اللہ کی وحی تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہوتی ہے، اور شیطان کی وحی اس کے دوستوں کی طرف ہوتی ہے، پھر ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے اس کی تائید میں قرآن مجید کی یہ آیت تلاوت فرمائی کہ:

''وإن الشياطين ليوحون إلى أوليائهم''. انتهٰى. [1]

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ نے بھی ''مختار ثقفی'' کے وحی آنے کے قول کی نہایت عمدہ طریقہ پر قرآن سے نکیر فرمادی، لیکن اس پر کفر وارتداد کا حکم نہیں لگایا۔

---

[1] كنت قاعدا عند ابن عباس، فجاء ه رجل من أصحابه، فقال :يا ابن عباس، زعم أبو إسحاق أنه أوحى إليه الليلة !يعنى المختار بن أبى عبيد فقال ابن عباس :صدق! فنفرت فقلت :يقول ابن عباس "صدق !"فقال ابن عباس :هما وحيان، وحى الله، ووحى الشيطان، فوحى الله إلى محمد، ووحى الشياطين إلى أوليائهم .ثم قرأ :(وإن الشياطين ليوحون إلى أوليائهم(تفسير الطبرى،رقم الحديث ١٣٨٣٢، ج١٢، ص٨٦، سورة الانعام)

حدثنا أبى ثنا أبو حذيفة ثنا عكرمة بن عمار عن أبى زميل قال :كنت قاعدا عند ابن عباس، وحج المختار بن أبى عبيد، فجاء رجل فقال :يا ابن عباس، زعم أبو إسحاق أنه أوحى إليه الليلة، فقال ابن عباس :صدق .فنفرت وقلت :يقول ابن عباس :صدق!؟ فقال ابن عباس :هما وحيان، وحى الله، ووحى الشيطان، فوحى الله تعالى إلى محمد صلى الله عليه وسلم، ووحى الشيطان إلى أوليائهم، ثم قرأ :وإن الشياطين ليوحون إلى أوليائهم(تفسير ابنِ ابى حاتم،رقم الحديث ٧٨٤١، ج٤،ص١٣٧٩،سورة الانعام)

www.idaraghufran.org

## عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی روایت

اور ابنِ ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں سعید بن وہب ہمدانی سے روایت کیا ہے کہ:

''میں عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس تھا، ان سے کہا گیا کہ مختار یہ گمان کرتا ہے کہ اس کی طرف وحی بھیجی جاتی ہے، تو انہوں نے فرمایا کہ اس نے سچ کہا، پھر قرآن مجید کی یہ آیت تلاوت فرمائی:

''هل أنبئكم على من تنزل الشياطين تنزل على كل أفاك أثيم''[1]

فائدہ: عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے بھی دیگر صحابہ کی طرح کا عمل کیا۔

## عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت

اور ابنِ ابی حاتم نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

''اس قرآن کی جو بھی چیز ہے، اس پر تم سے پہلے لوگوں نے عمل کیا ہے، اور تمہارے بعد بھی عمل کیا جائے گا، اور سورہ انعام کی اس آیت: ''ومن أظلم ممن افترى على الله كذبا أو قال أوحى إلى ولم يوح إليه شيء'' میں مذکور عمل اہلِ قبلہ میں سے کسی نے بھی نہیں کیا، تا آنکہ مختار بن ابی عبید نہیں ہو گیا (اس نے وحی کا دعویٰ کیا)''۔ انتھیٰ۔[2]

---

[1] حدثنا عبيد الله ، قال :أخبرنا إسرائيل ، عن أبي إسحاق ، عن سعيد بن وهب ، قال :كنت عند عبد الله بن الزبير فقيل له :إن المختار يزعم أنه يوحى إليه ، فقال :صدق ، ثم تلا ''هل أنبئكم على من تنزل الشياطين تنزل على كل أفاك أثيم''(مصنف ابنِ ابی شیبة،رقم الحديث ٣١٢٠٥، كتاب الأمراء،ما ذكر من حديث الأمراء والدخول عليهم)

[2] حدثنا أبو سعيد الأشج ,ثنا مسعر بن عبد الملک بن سلع ,عن عيسى بن عمر ,عن عمرو بن مرة ,قال :قال عبد الله :ما من هذا القرآن شيء إلا قد عمل به من كان قبلكم وسيعمل به من بعدكم حتى كنت لأمر بهذه الآية:''ومن أظلم ممن افترى على الله كذبا أو قال أوحى إلى ولم يوح إليه شيء''ولم يعمل هذا أهل هذه القبلة حتى كان المختار بن أبي عبيد(تفسير ابنِ ابی حاتم،رقم الحديث ٧٦٢٣، ج٤،ص ١٣٤٦ ،سورة الانعام)

www.idaraghufran.org

مذکورہ اوران جیسی روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم پر ''مختار بن ابی عبید ثقفی'' کی حالت مخفی نہیں تھی۔

اورانہوں نے ''مختار بن ابی عبید ثقفی'' کے اقوال پر گمراہی کا تو حکم لگایا، لیکن صریح کفر وارتداد کا حکم نہیں لگایا، کیونکہ اس میں کفر سے بچنے کے لئے تاویل کا احتمال تھا۔

اور محققین نے بھی اس طرح کی باتوں پر تاویل کی وجہ سے کفر کا حکم نہیں لگایا، البتہ ضلالت وگمراہی کا حکم لگایا، اوراس قسم کے دعویداروں کو جھوٹا وکذاب وغیرہ قرار دیا۔ [1]

## ابنِ عمر وابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی روایات

امام بیہقی نے ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کے خادم ''نافع'' سے روایت کیا ہے کہ:

أَنَّ الْمُخْتَارَ بْنَ أَبِيْ عُبَيْدٍ الثَّقَفِيَّ كَانَ يُرْسِلُ إِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بِالْمَالِ فَيَقْبَلَهُ، وَيَقُوْلُ: لَا أَسْأَلُ أَحَدًا شَيْئًا، وَلَا أَرُدُّ مَا رَزَقَنِي اللّٰهُ

(شعب الإيمان،للبيهقي،رقم الحديث ٣٢٦٩،الثاني والعشرون من شعب الإيمان وهو باب في الزكاة،فصل:فيمن آتاه الله مالا من غير مسألة)

---

[1] وقد اتهم بالأخوين :الكذب والرفض، وهو آية في التفسير، واسع العلم على ضعفه.
قال زيد بن الحريش :سمعت أبا معاوية يقول :سمعت الكلبي يقول :حفظت ما لم يحفظ أحد، ونسيت ما لم ينس أحد، حفظت القرآن في ستة أيام أو سبعة، وقبضت على لحيتي لآخذ منها ما دون القبضة، فأخذت فوق القبضة .وقال يزيد بن هارون :قال لي الكلبي :ما حفظت شيئا فنسيته، وحضر الحجام فقبضت قبضة، فأردت أن أقول خذ من هاهنا، فقلت :خذ من هاهنا، فأخذ من فوق القبضة.وقال ابن عدي :ليس لأحد تفسير أطول من تفسير الكلبي.
قلت :يعني من الذين فسروا القرآن في المائة الثانية، ومن الذين ليس في تفسيرهم سوى قولهم.
ثم قال ابن عدي :ولشهرته بين الضعفاء يكتب حديثه .وقال أبو حاتم الرازي :أجمعوا على ترك حديثه.وقال أبو داود :جويبر أمثل منه.وقال أبو عوانة :سمعت الكلبي يتكلم بشيء من تكلم به كفر.وقال يزيد بن زريع :رأيت الكلبي يضرب يده على صدره ويقول :أنا سبئي، أنا سبئي.
وقال عبد الرحمن بن مهدي :سمعت أبا جزء يقول :قال الكلبي :كان جبريل يوحي إلى النبي - صلى الله عليه وسلم -فقام لحاجة وجلس علي فأوحى جبريل إلى علي(تاريخ الإسلام،للذهبي، ج٣، ص٩٦٠، ٩٦١، تحت ترجمة "محمد بن السائب بن بشر بن عمرو" رقم الترجمة ٣٧٩، الطبقة الخامسة عشرة،حرف الميم)

ترجمہ: مختار بن ابی عبید ثقفی، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس مال بھیجتا تھا، تو ابنِ عمر اس کو قبول کرلیا کرتے تھے، اور یہ فرمایا کرتے تھے کہ میں کسی سے کوئی چیز نہیں مانگتا، اور جو اللہ مجھے رزق دے میں اسے رَد بھی نہیں کرتا (بیہقی)

اور ابنِ ابی شیبہ نے حبیب بن ابی ثابت سے روایت کیا ہے کہ:

رَأَیْتُ اِبْنَ عُمَرَ ، وَابْنَ عَبَّاسٍ تَأْتِیْهِمَا هَدَایَا الْمُخْتَارِ فَیَقْبَلَانِهَا

(مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحدیث ۲۰۷۰۳، کتاب البیوع والأقضیة، من رخص فی جوائز الأمراء والعمال)

ترجمہ: میں نے ابنِ عمر اور ابنِ عباس رضی اللہ عنہما کو دیکھا، جن کے پاس مختار ثقفی، کے ہدایا آتے تھے، اور وہ دونوں ان کو قبول کرلیا کرتے تھے (ابنِ ابی شیبہ)

## عکرمہ کی روایت

حضرت عکرمہ سے روایت ہے کہ:

قَدِمْتُ عَلَى الْمُخْتَارِ ،فَأَكْرَمَنِیْ وَأَنْزَلَنِیْ عَلَیْهِ حَتّٰی كَانَ یَتَعَاهَدُ مَبِیْتِیْ بِاللَّیْلِ ،قَالَ: فَقَالَ لِیْ: اُخْرُجْ فَحَدِّثِ النَّاسَ ،قَالَ: فَخَرَجْتُ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ: مَا تَقُوْلُ فِی الْوَحْیِ؟ قُلْتُ: اَلْوَحْیُ وَحْیَانِ ،قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: "بِمَا أَوْحَیْنَا إِلَیْکَ هٰذَا الْقُرْآنَ "وَقَالَ اللّٰهُ: "شَیَاطِیْنَ الْإِنْسِ وَالْجِنِّ یُوحِیْ بَعْضُهُمْ إِلٰی بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا" قَالَ: فَهَمُّوْا بِیْ أَنْ یَّأْخُذُوْنِیْ: فَقُلْتُ: مَا لَكُمْ ذَاکَ ،إِنِّیْ مُفْتِیْكُمْ وَضَیْفُكُمْ، فَتَرَكُوْنِیْ (تفسیر ابنِ ابی حاتم، رقم الحدیث ۷۷۸۹، ج۴، ص ۱۳۷۱، ۱۳۷۲، سورة الانعام)

ترجمہ: میں مختار ثقفی کے پاس آیا، اس نے میرا، اکرام کیا، اور میری مہمان نوازی

کی، یہاں تک کہ قریب تھا کہ وہ میری رات گذارنے کا اہتمام کرے، اسی دوران اس نے مجھے کہا کہ تم باہر جا کر لوگوں کو بتادو، میں باہر نکلا، تو ایک آدمی نے آ کر مجھ سے کہا کہ تم وحی کے متعلق کیا کہتے ہو؟ میں نے کہا کہ وحی، دو طرح کی ہوتی ہے، (ایک وحی تو وہ ہے، جس کے متعلق) اللہ عزوجل کا سورہ یوسف میں ارشاد ہے کہ:

"بِمَا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ هَذَا الْقُرْآن"

اور (دوسری وحی وہ ہے، جس کے متعلق) اللہ تعالیٰ کا سورہ انعام میں ارشاد ہے کہ:

"شَيَاطِينَ الْإِنْسِ وَالْجِنِّ يُوحِي بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُورًا"

اس کے بعد ان لوگوں نے مجھے پکڑنے کا ارادہ کیا، تو میں نے کہا کہ تمہیں کیا ہو گیا، میں تمہیں فتویٰ دیتا ہوں، اور تمہارا مہمان ہوں، تو انہوں نے مجھے چھوڑ دیا

(ابنِ ابی حاتم)

اس طرح کی روایات کو بنیاد بنا کر بعض متاخرین حضرات نے "مختار ثقفی" پر کفر کا حکم عائد کر دیا، جو کہ راجح نہیں، کیونکہ اس کی حیثیت "کفرِ استلزامی" سے زیادہ نہیں۔

"مختار ثقفی" کے اپنے پاس وحی، یا جبریل کی آمد کے دعوے سے متعلق مختلف روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ مختار اپنی طرف وحی، یا جبریل کی آمد کا تو قائل تھا، لیکن وہ وحی کیا تھی، اور اس سے کس قسم کے شرعی احکام کی مخالفت وتحریف لازم آئی؟ اس کا اہلُ السنۃ کی معتبر روایات میں کوئی ذکر نہیں۔

جس سے اس طرف رجحان ہوتا ہے کہ "مختار ثقفی" اپنے دنیاوی مفادات واغراض کی خاطر لوگوں کو دھوکہ دینے اور اپنی بات منوانے کے لئے اس قسم کا دعویٰ کرتا تھا، تا کہ جہلاء پر اس کی بات کا اثر ہو۔

اوراس طرح کے ''کفرِ استلزامی'' کا ''حجاج ثقفی'' سے بھی بکثرت ثبوت ملتا ہے۔

اور ''مختار ثقفی'' یا اس کے ہمنوا لوگوں کا اپنی بات کی مخالفت کی بناء پر کسی کو قتل کرنے کا ثبوت معتبر روایات سے ثابت نہیں، بلکہ اس کے دعوے کی مخالفت کرنے والوں کی ہدایا وتحائف سے خدمت کرنا، ثابت ہے، اور حجاج کی زوجہ کا نیک اور صحابی کی دختر ہونا، اور ''مختار ثقفی'' کے متعلق گواہی دینا بھی معتبر سند سے ثابت ہے، اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کا مختار ثقفی سے قریبی رشتہ ہونا، اور اس کے متعلق اور اس کے ساتھیوں کے بارے میں موحد ہونے کا حکم لگانا، اور ان کے قاتل مصعب بن زبیر کا اس کی نفی نہ کرنا بھی ثابت ہے۔

جبکہ دوسری طرف ''حجاج ثقفی'' کے متعلق یہ بات مشہور ہے کہ وہ اپنے، یا خلیفہ کے حکم کی مخالفت پر سفاکانہ قتل کئے بغیر نہ چھوڑتا تھا، جس کے حملہ سے حضرت ابنِ عمر بھی محفوظ نہ رہے، اور وہ اپنے ہر جائز وناجائز حکم کی اطاعت کو اس طرح لازم سمجھتا تھا، جس طرح اللہ کے رسول کا حکم واجبُ الاطاعت ہے، جس کی وجہ سے متعدد حضرات نے حجاج کی تکفیر کی۔

بہر حال ''مختار ثقفی'' سے متعلق صحابہ وتابعین کی ایک سے زیادہ روایات اس بات کی دلیل ہیں کہ انہوں نے مختار ثقفی کے اقوالِ شنیعہ کا مشاہدہ کرلیا تھا، اور ان پر نکیر بھی کی تھی، لیکن انہوں نے اس سلسلہ میں شرعی حدود کو قائم رکھا، مختار ثقفی کی تکفیر نہیں کی، اور محض غصہ وفرطِ جذبات میں کوئی ایسا اقدام نہیں کیا، جو فتنہ وفساد کا باعث تھا، یا اس میں شرعی حدود پر زیادتی لازم آنے کا خدشہ تھا۔

## امام شعبی اور بعض دیگر حضرات کی روایات

ابو یوسف، یعقوب بن سفیان فسوی (المتوفیٰ: 277ھ) نے اپنی سند سے مجالد بن سعید سے، انہوں نے امام شعبی سے روایت کیا ہے کہ:

''احنف بن قیس نے مجھے ایک مکتوب دکھایا، جس میں لکھا ہوا تھا کہ یہ مختار کی

طرف سے ہے، اس میں یہ ذکر کیا گیا تھا کہ وہ نبی ہے''۔انتھٰی۔ [1]

اس روایت میں ایک راوی مجالد بن سعید پائے جاتے ہیں، جن کو بہت سے محدثین نے ضعیف، اور مختلط کہا ہے، نیز مجالد کی امام شعبی سے دوسری روایات بھی ہیں، جو اس سے مختلف ہیں، جیسا کہ آگے آتا ہے۔ [2]

اور پیچھے وہ روایات گذر چکی ہیں، جن میں مختار کے وحی کی آمد کے دعویٰ، اور صحابہ کی طرف سے اس دعوے پر نکیر کا ذکر ہے۔

اور نبوت کے دعوے کا دوسری مشہور روایات میں ذکر نہیں ملتا۔

ممکن ہے کہ ''واللّٰہ أعلم ''بعض حضرات نے اسی دعوے کو دعوائے نبوت کے لئے مستلزم سمجھا ہو، اور ''کفرِ استلزامی'' کی وجہ سے ''کفرِ التزامی'' کا حکم لگانا راجح نہیں ہوا کرتا۔

مذکورہ روایت کی بنیاد پر بعض حضرات نے مختار ثقفی کی طرف نبوت کے دعوے کی نسبت کر دی ہے، لیکن صحابہ وتابعین میں مختار کے اس دعوے کو شہرت حاصل نہیں تھی، بلکہ بعض کے سامنے اس کے وحی کے دعوے کی شہرت تھی، جس پر وہ نکیر کیا کرتے تھے، لیکن تکفیر نہیں کیا کرتے تھے، جیسا کہ گذرا۔

---

[1] أبو يوسف حدثنا أبو بكر الحميدى حدثنا سفيان عن مجالد عن الشعبى قال :فاخرت أهل البصرة فغلبتهم بأهل الكوفة والأحنف ساكت لا يتكلم، فلما رآنى قد غلبتهم أرسل غلاما له فجاء ه بكتاب.فقال لى :هاک اقرأ .فقرأته فإذا فيه :من المختار إليه يذكر أنه نبى .قال :يقول الأحنف أنى فينا مثل هذا(المعرفة والتاريخ، ج۲،ص۲۵۵،تحت ترجمة:الأسود بن شيبان،تتمة الطبقة الثالثة)

[2] وفى سنده مجالد بن سعيد وهو لين(فتح البارى شرح صحيح البخارى، ج۱۳، ص۵۲۵، كتاب الفتن،باب قول الله تعالى بل هو قرآن مجيد فى لوح محفوظ)

وفيه مجالد بن سعيد، وقد اختلط(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۸۳۹،باب الاجتهاد)

وفيه مجالد بن سعيد وقد ضعفه الجمهور(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث۷۹۶۶،باب المؤمن يأكل فى معاء واحد)

وفيه مجالد بن سعيد، وثقه النسائى، وضعفه الجمهور(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۸۹۶۷،باب الخلفاء الاثنى عشر)

وفيه مجالد بن سعيد، وثقه النسائى فى رواية وقال فى أخرى :ليس بالقوى، وضعفه جماعة(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث۱۲۵۳۳،باب ما جاء فى الدجال)

اسی وجہ سے بعض نے مختار ثقفی کی طرف نبوت کے دعوے پر تامل کا اظہار کیا ہے۔

چنانچہ حافظ ابنِ کثیر ''البداية و النهاية'' میں فرماتے ہیں:

''علماء نے ذکر کیا ہے کہ مختار بن عبید کذاب تھا، اور وہ تشیع کا اظہار کرتا تھا، اور اندر سے کاھن تھا، اور اپنے مخصوص لوگوں کے سامنے یہ دعویٰ کیا کرتا تھا کہ اس کی طرف وحی آتی ہے، لیکن میرے علم میں نہیں کہ اس نے نبوت کا دعویٰ بھی کیا تھا، یا نہیں؟''۔انتھٰی۔ [1]

صحابہ وتابعین کا مختار ثقفی کے ڈیڑھ سالہ دورِ حکومت میں اس کی اقتداء میں نماز سے بھی امتناع منقول نہیں، جو اس کی طرف سے نبوت کے صریح دعوے کے ثبوت وشہرت میں تامل پیدا کرتا ہے، واللّٰہ أعلم۔

اور عبداللہ بن احمد نے اپنی سند کے ساتھ مجالد سے اور انہوں نے امام شعبی سے روایت کیا ہے کہ:

''ہمارے سامنے مختار ثقفی نے ایک صحیفہ نکال کر کہا کہ یہ میرے پاس حضرت علی کی طرف سے گذشتہ رات آیا ہے۔

امام شعبی کہتے ہیں کہ اس کے بعد ہم مختار کے پاس سے نکل کر مقامِ مدائن کی طرف چلے گئے، اور مختار کو چھوڑ دیا۔

اس روایت کی سند میں مجالد راوی موجود ہیں''۔انتھٰی۔ [2]

اس سے پہلی روایت میں بھی مجالد بن سعید راوی موجود ہیں۔

---

[1] وقد ذكر العلماء أن الكذاب هو المختار بن أبي عبيد، وكان يظهر التشيع ويبطن الكهانة، وأسر إلى أخصائه أنه يوحى إليه، ولكن ما أدرى هل كان يدعى النبوة أم لا؟(البداية والنهاية، ج۸،ص ۲۹۲،ثم دخلت سنة سبع وستين،ترجمة المختار بن أبي عبيد الثقفي)

[2] حدثني إبراهيم بن سعيد الطبري ، نا شاذان ، عن شريك ، عن مجالد ، عن الشعبي ، قال : أخرج إلينا المختار صحيفة قال :جاء تني البارحة من عند علي قال : فخرجنا إلى المدائن وتركناه. في سنده مجالد(السنة لعبد الله بن أحمد، ج۲ ص ۵۶۲،رقم الحديث ۱۲۲۰،قول أولاد علي رضي الله عنه)

اور مجالد بن سعید کو بعض اہلِ علم نے ضعیف قرار دیا ہے، جن میں امام احمد بھی شامل ہیں۔

چنانچہ امام ترمذی ایک حدیث کے ذیل میں فرماتے ہیں:

**وقد ضعف مجالدا بعض أهل العلم وهو كثير الغلط** (سنن الترمذی، تحت رقم الحدیث ۶۴۸، باب ما جاء فی رضا المصدق، ابواب الزکاۃ)

ترجمہ: اور مجالد کو بعض اہلِ علم نے ضعیف کہا ہے، اور یہ کثرت سے غلطی کا ارتکاب کرتے ہیں (سنن ترمذی)

نیز امام ترمذی ایک حدیث کے ذیل میں فرماتے ہیں:

**وهذا حديث ليس إسناده بالقائم، لأن مجالد بن سعيد قد ضعفه بعض أهل العلم منهم :أحمد بن حنبل** (سنن الترمذی، تحت رقم الحدیث ۱۱۱۹، ابواب النکاح، باب ما جاء فی المحل والمحلل له)

ترجمہ: اور اس حدیث کی سند قائم نہیں ہے، کیونکہ مجالد بن سعید کو بعض اہلِ علم نے ضعیف کہا ہے، ضعیف کہنے والوں میں امام احمد بن حنبل بھی شامل ہیں (سنن ترمذی)

بعض حضرات نے مجالد کو اختلاط ہونے کے عارضہ میں مبتلاء ہونے کا بھی حکم لگایا ہے۔ [1]

تاہم بعض حضرات نے مجالد بن سعید کی تحسین بھی کی ہے۔ [2]

اور امام طبرانی نے مجالد بن سعید ہی سے، اور انہوں نے امام شعبی سے روایت کیا ہے کہ:

**قَالَ: رَأَيْتُ فِي النَّوْمِ كَأَنَّ رِجَالًا نَزَلُوْا مِنَ السَّمَاءِ مَعَهُمْ حِرَابٌ يَتَتَبَّعُوْنَ قَتَلَةَ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَمَا لَبِثْتُ أَنْ نَّزَلَ الْمُخْتَارُ فَقَتَلَهُمْ** (المعجم الکبیر، للطبرانی، ج۳ص ۱۱۳، رقم الحدیث ۲۸۳۳)

ترجمہ: امام شعبی کہتے ہیں کہ میں نے رات کو خواب میں دیکھا کہ کچھ لوگ آسمان سے نازل ہوئے، جن کے ساتھ اسلحہ تھا، وہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے قاتلوں

---

[1] وفيه مجالد بن سعيد، وقد اختلط (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۸۳۹، باب الاجتهاد)

[2] وفيه مجالد بن سعيد وقد ضعفه الجمهور وفيه توثيق (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۵۳۶، باب ما جاء فی الدجال)

www.idaraghufran.org

کا پیچھا کر رہے تھے، پس میں کچھ ہی دیر ٹھہرا کہ مختار ثقفی نازل ہوا، اور اس نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے قاتلوں کو قتل کر دیا (طبرانی)

علامہ ہیثمی نے مذکورہ روایت کی سند کو باوجود مجالد کے ''حسن'' قرار دیا ہے۔ [1]

لیکن اس میں شک نہیں کہ مختار بن ابی عبید ثقفی نے حضرت حسین کے قاتلوں کو قتل کیا تھا۔

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں اللہ کی طرف سے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے قاتلوں کے بدلہ میں ستر ہزار لوگوں کے قتل کئے جانے کا ذکر ہے۔

چنانچہ امام حاکم نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

أَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى إِلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّيْ قَتَلْتُ بِيَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا سَبْعِينَ أَلْفًا، وَإِنِّيْ قَاتِلٌ بِابْنِ اِبْنَتِكَ سَبْعِيْنَ أَلْفًا وَسَبْعِيْنَ أَلْفًا .

هٰذَا لَفْظُ حَدِيْثِ الشَّافِعِيِّ، وَفِي حَدِيْثِ الْقَاضِي أَبِيْ بَكْرِ بْنِ كَامِلٍ: إِنِّيْ قَتَلْتُ عَلٰى دَمِ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا، وَإِنِّي قَاتِلٌ عَلٰى دَمِ اِبْنِ اِبْنَتِكَ (المستدرک علی الصحیحین، رقم الحدیث ۴۸۲۲، کتاب معرفة الصحابة رضی الله عنهم، أول فضائل أبی عبد الله الحسین بن علی الشهید رضی الله عنهما ابن فاطمة بنت رسول الله صلی الله علیه وسلم وعلی آله)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف یہ وحی بھیجی کہ میں نے یحییٰ بن زکریا کے بدلہ میں ستر ہزار لوگوں کو قتل کیا تھا، اور میں آپ کی بیٹی کے بیٹے (یعنی حضرت حسین رضی اللہ عنہ) کے بدلہ میں ستر ہزار، اور ستر ہزار کو قتل کروں گا۔

یہ حدیثِ شافعی کے الفاظ ہیں، اور قاضی ابی بکر بن کامل کی حدیث کے الفاظ یہ ہیں کہ:

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني، وإسناده حسن (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۵۱۵۱، باب مناقب الحسين بن علي عليهما السلام)

میں نے یحییٰ بن زکریا کے خون کے بدلہ میں بھی قتل کیا تھا، اور میں آپ کی بیٹی کے بیٹے کے خون کے بدلہ میں بھی قتل کروں گا (حاکم)

امام حاکم نے اس روایت کی سند کو صحیح کہا ہے، اور حافظ ذہبی نے مسلم کی شرط پر کہا ہے۔ [1]

اور بعض حضرات نے اس روایت کی سند پر کلام کیا ہے، لیکن واقعہ یہ ہے کہ یہ روایت مختلف سندوں سے مروی ہے، جن میں سے بعض سندیں معتبر اور بعض غیر معتبر ہیں۔ [2]

اور یہ بھی روایات میں ہے کہ جس طرح حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے سر کے ساتھ معاملہ پیش آیا، وہی ان کے قاتل کے سر کے ساتھ بھی پیش آیا۔

چنانچہ عبدالملک بن عمیر سے روایت ہے کہ:

دَخَلْتُ عَلٰی عُبَیْدِ اللّٰہِ بْنِ زِیَادٍ، وَإِذَا رَأْسُ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قُدَّامَہٗ عَلٰی تُرْسٍ، فَوَاللّٰہِ مَا لَبِثْتُ إِلَّا قَلِیْلًا حَتّٰی دَخَلْتُ

---

[1] قال الحاکم: ھذا حدیث صحیح الإسناد ولم یخرجاہ .
وقال الذھبی: علی شرط مسلم.

[2] فی الوجیز ابن عباس أوحی اللہ إلی محمد صلی اللہ علیہ وسلم أنی قتلت بیحیی بن زکریا سبعین ألفا وإنی قاتل بابن بنتک سبعین ألفا وسبعین ألفا فیہ محمد بن شداد ضعیف جدا قلت قد توبع وقال الذھبی أنہ علی شرط مسلم(تذکرۃ الموضوعات للفتنی،ص ۹۸ ،باب فضل صحابتہ وأھل بیتہ وأویس ورد الشمس علی علی رضی اللہ عنہ وعذاب قاتل الحسین وتاریخ قتلہ)
حدیث :قال لی جبریل :قال اللہ تعالی :إنی قتلت بدم یحیی بن زکریا سبعین ألفا، وإنی قاتل بدم الحسین بن علی سبعین ألفا وسبعین ألفا، الحاکم فی المستدرک، من حدیث ابن عباس مرفوعا بأسانید متعددۃ تدل علی أن لہ أصلا، کما قالہ شیخنا(المقاصد الحسنۃ ،للسخاوی،ص ۴۸۳،۴۸۴، تحت رقم الحدیث ۷۵۶،حرف القاف)
(حدیث) " ابن عباس أوحی اللہ تعالی إلی محمد أنی قد قتلت بیحی بن زکریا سبعین ألفا وإنی قاتل بابن ابنتک سبعین ألفا وسبعین ألفا، "(أبو بکر الشافعی) فی الغیلانیات من طریق محمد بن شداد عن أبی نعیم، قال ابن حبان لا أصل لہ، وابن شداد ضعیف جدا وتابعہ القاسم بن إبراھیم الھاشمی الکوفی وھو منکر الحدیث .
(تعقب) بأن الحاکم أخرجہ فی المستدرک من طریق ستۃ أنفس عن أبی نعیم .وقال صحیح، ووافقہ الذھبی فی تلخیصہ وقال علی شرط مسلم(تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الأخبار الشنیعۃ الموضوعۃ لابنِ عراق، ج ۱ ،ص ۴۱۶، تحت رقم الحدیث ۲۸ ،کتاب المناقب وامثالب،باب فی مناقب السبطین وأمھما وآل البیت،الفصل الثانی)

عَلَى الْمُخْتَارِ، فَإِذَا رَأْسُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ عَلٰى تُرْسٍ، فَوَاللّٰهِ مَا لَبِثْتُ إِلَّا قَلِيلًا حَتّٰى دَخَلْتُ عَلٰى مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَإِذَا رَأْسُ الْمُخْتَارِ عَلٰى تُرْسٍ، فَوَاللّٰهِ مَا لَبِثْتُ إِلَّا قَلِيلًا حَتّٰى دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ، وَإِذَا رَأْسُ مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَلٰى تُرْسٍ (المعجم الكبير،للطبرانی،ج۳ص۱۲۵ ،رقم الحديث ۲۸۷۷)

ترجمہ: میں عبیداللہ بن زیاد کے یہاں داخل ہوا،تو کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ کا سر اس کے سامنے ڈھال پر رکھا ہوا ہے۔

پھر اللہ کی قسم! میں تھوڑا ہی عرصہ ٹھہرنے کے بعد مختار (بن ابی عبید ثقفی) کے یہاں داخل ہوا،تو کیا دیکھتا ہوں کہ عبیداللہ بن زیاد کا سر ڈھال پر (مختار بن ابی عبید کے سامنے) رکھا ہوا ہے۔

پھر اللہ کی قسم! میں تھوڑا ہی عرصہ ٹھہرنے کے بعد (عبداللہ بن زبیر کے بھائی) مصعب بن زبیر کے یہاں داخل ہوا،تو کیا دیکھتا ہوں کہ مختار بن ابی عبید کا سر (مصعب بن زبیر کے سامنے) ڈھال پر رکھا ہوا ہے۔

پھر میں اللہ کی قسم! تھوڑا ہی عرصہ ٹھہرنے کے بعد عبدالملک بن مروان کے یہاں داخل ہوا،تو کیا دیکھتا ہوں کہ مصعب بن زبیر کا سر (عبدالملک بن مروان کے سامنے) ڈھال پر رکھا ہوا ہے (طبرانی)

علامہ ہیثمی نے مذکورہ حدیث کے بارے میں فرمایا کہ اس روایت کے راوی ثقہ ہیں۔

اور ابو یعلیٰ نے یہ بھی کہا کہ ان لوگوں کا کام سر اُتارنا ہی تھا۔ [1]

اللہ حفاظت فرمائے۔

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني، وأبو يعلى بنحوه، وقال: ما كان لهؤلاء عمل إلا الرءوس. ورجال الطبراني ثقات (مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۵۱۵۳ ،باب مناقب الحسين بن علي عليهما السلام)

اس طرح کی روایات کا ابنِ عساکر نے بھی اپنی اسناد کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ [1]

حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر عبید اللہ بن زیاد کے سامنے لائے جانے کا ذکر حضرت انس رضی اللہ عنہ کی بخاری کی روایت میں بھی ہے۔ [2]

جس طرح حجاج بن یوسف کے بارے میں بعض جلیل القدر حضرات سے کفر کا حکم بھی منقول تھا، اور شدید ترین وبدترین کردار کا حامل ہونا بھی منقول تھا، لیکن اس کے باوجود، ترجیح اس بات کو دی گئی کہ اس کی تکفیر نہ کی جائے، بلکہ تفسیق کی جائے۔

---

[1] ویروی عنه یعنی عبد الملک بن عمیر أنه قال رأیت عجبا رأیت رأس الحسین أتی به حتی وضع بین یدی عبید الله بن زیاد ثم رأیت رأس عبید الله أتی به حتی وضع بین یدی المختار ثم رأیت رأس المختار أتی به حتی وضع بین یدی مصعب بن الزبیر ثم أتی برأس مصعب حتی وضع بین یدی الحجاج.

قال ابن عساکر کذا قال والصواب بین یدی عبد الملک أخبرنا أبو المظفر بن القشیری أنا أبو سعد الجنزرودی أنا أبو عمرو بن حمدان أنا أبو یعلی نا محمد بن عقبة السدوسی نا علی أبو محمد القرشی نا ابن عبد الرحمن الغنوی عن عبد الملک بن عمیر قال رأیت رأس الحسین بن علی أتی به عبید الله بن زیاد ورأیت رأس عبید الله بن زیاد أتی به المختار بن أبی عبید ورأیت رأس المختار أتی به مصعب بن الزبیر ورأیت رأس مصعب أتی به عبد الملک بن مروان.

قال أبو یعلی ما کان لهؤلاء عمل إلا الرؤوس.

أخبرنا أبو القاسم بن السمرقندی أنا أبو الحسین بن النقور نا عیسی بن علی إملاء نا أبو عبد الله محمد بن مخلد العطار سنة سبع عشرة وثلاثمئة نا أبو حاتم محمد بن إدریس الرازی نا یحیی بن مصعب الکلبی نا أبو بکر بن عیاش عن عبد الملک بن عمیر قال دخلت القصر بالکوفة فإذا رأس الحسین علی ترس بین یدی عبید الله بن زیاد وعبید الله علی السریر ثم دخلت القصر بعد ذلک بحین فرأیت رأس عبید الله بن زیاد علی ترس بین یدی المختار والمختار علی السریر ثم دخلت القصر بعد ذلک بحین فرأیت رأس المختار بین یدی مصعب ومصعب علی السریر ثم دخلت بعد ذلک بحین فرأیت رأس مصعب بن الزبیر بین یدی عبد الملک وعبد الملک علی السریر (تاریخ دمشق، ج۵۸، ص ۲۴۴، ۲۴۵، تحت ترجمة: "مصعب بن الزبیر بن العوام بن خویلد" رقم الترجمة ۸۴۴۷، حرف المیم)

[2] حدثنی محمد بن الحسین بن إبراهیم قال: حدثنی حسین بن محمد: حدثنا جریر، عن محمد، عن أنس بن مالک رضی الله عنه: أتی عبید الله بن زیاد برأس الحسین علیه السلام، فجعل فی طست، فجعل ینکت، وقال فی حسنه شیئا، فقال أنس: کان أشبههم برسول الله صلی الله علیه وسلم، وکان مخضوبا بالوسمة (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۳۷۴۸، کتاب فضائل الصحابة)

اسی طرح ''مختار ثقفی'' کا معاملہ بھی ہے کہ اس کی بعض اچھی صفات بھی مروی ہیں، ساتھ ہی اس کا جھوٹا ہونا بھی ثابت ہے۔

اور جھوٹا ہونے کے بارے میں ایک قول ''مدعی نبوت ہونے کا ہے'' اور دوسرا قول ''اپنے پاس جبریل کی آمد کے دعوے کا'' اور تیسرا قول، فسق کو چھپا کر نیکی کو ظاہر کرنے کا ہے۔

اور تحقیق سے یہ ظاہر ہوا کہ اس کی طرف ''مدعیِ نبوت'' ہونے کا قول راجح نہیں، کیونکہ اس سلسلہ میں مروی روایت کی سند مضبوط نہیں، جس کی بناء پر اس کی تکفیر کی گئی، البتہ دوسرا اور تیسرا قول راجح ہے، اور تاویل کے ساتھ، یا بغیر تاویل کے ان دونوں اقوال کا مآل ''فسق'' ہے۔

اس لئے ''حجاج بن یوسف ثقفی'' کی طرح احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ ''مختار بن ابی عبید ثقفی'' کی بھی تکفیر نہ کی جائے۔

''مختار ثقفی'' کے سلسلہ میں مزید چند حوالہ جات ملاحظہ فرمائیں۔

## ابنِ عبدالبر قرطبی کا حوالہ

ابوعمر، یوسف بن عبداللہ نمری قرطبی (المتوفیٰ: 463ھ) ''الاستیعاب'' میں فرماتے ہیں:

''مختار بن ابی عبید بن مسعود ثقفی، جس کی کنیت ابواسحاق ہے، اس کے والد ''ابو عبید بن مسعود بن عمرو ثقفی'' کا شمار صحابہ میں ہوتا ہے۔

مختار بن ابی عبید بن مسعود ثقفی کی ولادت، ہجرت کے سال میں ہوئی، لیکن اس کو صحابیت کا شرف حاصل نہیں ہوا، نہ ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث روایت کرنے کا شرف حاصل ہوا، اور اس کی روایات ناپسندیدہ ہیں، اس سے بعض ثقات نے روایت کیا ہے، جیسا کہ سوید بن غفلہ، اور شعبی وغیرہ نے۔

اس نے حکومت کو طلب کیا تھا، پھر اس کو مصعب بن زبیر نے کوفہ میں قتل کر دیا تھا۔

اوراس سے پہلے اس شخص کا شمار، اہلِ فضل اوراہلِ خیر لوگوں میں ہوتا تھا، یہ پہلے ریاکاری کیا کرتا تھا، اورفسق کو چھپاتا تھا، یہاں تک کہ اس کا راز فاش ہوگیا، اس نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ وہ حضرت حسین کے قتل کی طلب میں محمد بن حنفیہ کا قاصد ونائب ہے''۔انتھٰی۔ [1]

ہم متعدد صحابۂ کرام کی روایات ذکر کرچکے ہیں کہ ان سے مختار ثقفی کی حالت مخفی نہیں تھی۔

## ابنِ اثیر جزری کا حوالہ

ابن اثیر جزری نے ''اسدُ الغابة'' میں فرمایا:

''مختار بن ابی عبید ثقفی کے والد، صحابہ میں سے تھے، مختار کی ولادت ہجرت کے سال میں ہوئی، اس کا شمار صحابہ میں نہیں ہوتا، نہ ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی کوئی روایت ہے، اوراس کی خبریں وروایتیں، اچھی نہیں ہیں، اس سے شعبی وغیرہ نے روایت کیا ہے۔

مختار نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے قتل کے بدلہ کا مطالبہ کیا تھا، جس کی وجہ سے اس کے ساتھ بہت سے شیعہ کوفہ میں جمع ہوگئے تھے، جس پر مختار نے کامیابی حاصل کرلی، اوراس کے نتیجہ میں بہت سے مسلمانوں کا اس کی طرف میلان ہوگیا۔

---

[1] المختار بن أبی عبید بن مسعود الثقفی، أبو إسحاق .کان أبوه من جلة الصحابة، ویأتی ذکره فی باب السکنی من هذا الکتاب إن شاء الله تعالی .ولد المختار عام الهجرة، ولیست له صحبة ولا روایة، وأخباره أخبار غیر مرضیة حکاها عنه ثقات مثل :سوید بن غفلة والشعبی وغیرهما، (وذلک مذ طلب الإمارة إلی أن قتله مصعب بن الزبیر بالکوفة سنة سبع وسبعین، وکان قبل ذلک معدود فی أهل الفضل والخیر، یرائی بذلک کله، ویکتم الفسق، فظهر منه ما کان یضمر والله أعلم إلی أن فاق ابن الزبیر وطلب الإمارة، وکان المختار یتزین بطلب دم الحسین رضوان الله علیه) ، إلا أنه کان بینه وبین الشعبی ما یوجب ألا یقبل قول بعضهم فی بعض.

والمختار معدود فی أهل الفضل والدین إلی أن طلب الإمارة، وادعی أنه رسول محمد ابن الحنفیة فی طلب دم الحسین(الاستیعاب فی معرفة الأصحاب، ج۴،ص ۱۴۶۵، تحت رقم الترجمة ۲۵۲۸، تتمة حرف المیم،باب الأفراد فی حرف المیم)

پھر مختار ثقفی کی کوفہ میں ڈیڑھ سال تک حکومت قائم رہی (اس وقت متعدد صحابہ وتابعین موجود تھے)

مختار ثقفی، کی بہن ''صفیہ بنتِ ابی عبید، حضرت ابنِ عمر کے نکاح میں تھیں، اس دوران مختار ثقفی، ابنِ عمر، حضرت ابنِ عباس، اور ابنِ حنفیہ وغیرہ کی طرف مال ہدیہ بھیجا کرتا تھا۔

پھر مصعب بن زبیر نے بصرہ سے ایک بڑے قافلہ کے ساتھ مختار ثقفی کا تعاقب کیا، اور اس کو کوفہ میں سڑسٹھ ہجری میں قتل کر دیا''۔ انتھٰی۔ [1]

## حافظ ذہبی کا حوالہ

حافظ ذہبی نے ''العبر فی خبر من غبر ''میں مختار بن ابی عبید کے والد ''ابوعبید بن مسعود

[1] س: مختار بن أبی عبید بن مسعود بن عمرو بن عمیر بن عوف بن عقدة بن غیرة بن عوف بن ثقیف الثقفی، أبو إسحاق.
کان أبوه من جلة الصحابة، وولد المختار عام الهجرة، ولیست له صحبة ولا روایة، وأخباره غیر حسنة، رواها عنه الشعبی وغیره، إلا أنه کان بینهما ما یوجب أن لا یسمع کلام أحدهما فی الآخر، وکان المختار قد خرج یطلب بثأر الحسین بن علی رضی الله عنهما، واجتمع علیه کثیر من الشیعة بالکوفة، فغلب علیها، وطلب قتلة الحسین فقتلهم، قلت: شمر بن ذی الجوشن الضبابی، وخولی بن زید الأصبحی، وهو الذی أخذ رأس الحسین، ثم حمله إلی الکوفة، وقتل عمر بن سعد بن أبی وقاص، وهو کان أمیر الجیش الذین قتلوا الحسین، وقتل ابنه حفصا، وقتل عبید الله بن زیاد، وکان ابن زیاد بالشام، فأقبل فی جیش إلی العراق، فسیر إلی المختار إبراهیم بن الأشتر فی جیش، فلقیه فی أعمال الموصل، فقتل ابن زیاد وغیره، فلذلک أحبه کثیر من المسلمین، وأبلی فی ذلک بلاء حسنا، وقد أتینا علی ذکر ذلک مفصلا فی الکامل فی التاریخ .وکان یرسل المال إلی ابن عمر، وابن عباس، وابن الحنفیة، وغیرهم، فیقبلونه منه .وکان ابن عمر زوج أخت المختار وهی صفیة بنت أبی عبید، ثم سار إلیه مصعب بن الزبیر من البصرة فی جمع کثیر من أهل الکوفة وأهل البصرة، فقتل المختار بالکوفة سنة سبع وستین، وکان إمارته علی الکوفة سنة ونصف سنة، وکان عمره سبعا وستین سنة.أخرجه أبو عمر(اسد الغابة، ج۵،ص۱۱۷، رقم الترجمة ۴۷۹۱، حرف المیم،باب المیم والخاء)

www.idaraghufran.org

ثقفی'' کو صحابہ کرام میں شمار کیا ہے، اور چودہ ہجری میں ان کی وفات کا ذکر کیا ہے۔ [1]

اور حافظ ذہبی نے ''تاریخُ الاسلام'' میں فرمایا کہ:

''حضرت ابو عبید بن مسعود بن عمرو ثقفی، دراصل، مختار، اور ابنِ عمر کی زوجہ صفیہ کے والد ہیں، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اسلام لائے، اور ان کو حضرت عمر نے عامل مقرر کیا، اور ان کو عراق کی طرف روانہ کیا، ان ہی کی طرف ''جسر ابی عبید'' منسوب ہے، اس مقام پر ان کی شہادت ہوئی، ان کو ابنِ عبدالبر کے علاوہ کسی نے صحابہ میں ذکر نہیں کیا، البتہ یہ بات بعید نہیں کہ ان کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رؤیت اور اسلام حاصل ہو''۔ انتھٰی۔ [2]

پھر اسی تالیف میں ایک مقام پر حافظ ذہبی نے ''ابو عبید بن مسعود بن عمرو ثقفی'' کو ''فضلاءِ صحابہ'' میں شمار کیا ہے۔ [3]

حافظ ذہبی نے ''تاریخُ الاسلام'' میں ہی فرمایا کہ:

''مختار بن ابی عبید ثقفی ''کذاب'' ہے، اس نے کوفہ میں خروج کیا تھا، اور اس نے

---

[1] وفيها كانت وقعة جسر أبى عبيد .واستشهد يومئذ طائفة منهم :أبو عبيد بن مسعود الثقفى، وهو الذى نسب إليه الجسر، وهو والد المختار الكذاب وكان من سادة الصحابة وهذه الوقعة عند نجران على مرحلتين من الكوفة(العبر فى خبر من غبر،ج ١،ص ١٤،سنة أربع عشرة)

[2] أبو عبيد بن مسعود بن عمرو الثقفى .والد المختار وصفية زوجة ابن عمر .أسلم فى عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم، واستعمله عمر وسيره على جيش كثيف إلى العراق، وإليه ينسب جسر أبى عبيد، وكانت الوقعة عند هذا الجسر كما ذكرنا، وقتل يومئذ أبو عبيد رحمه الله، والجسر بين القادسية والحيرة، ولم يذكره أحد فى الصحابة إلا ابن عبد البر، ولا يبعد أن يكون له رؤية وإسلام(تاريخ الاسلام،للذهبى،ج٢،ص ٨٠، ٨١،سنة اربع عشرة، وفيات سنة اربع عشرة)

[3] وفيها توفى خليفة رسول الله صلى الله عليه وسلم أبو بكر الصديق لثمان بقين من جمادى الآخرة، وعهد بالأمر بعده إلى عمر، وكتب له بذلك كتاباً .

فأول ما فعل عمر عزل خالد بن الوليد عن أمراء الشام، وأمر عليهم أبا عبيدة بن الجراح، وكتب إليه بعهده، ثم بعث جيشاً من المدينة إلى العراق أمر عليهم أبا عبيد بن مسعود الثقفى والد المختار الكذاب، وكان أبو عبيدة من فضلاء الصحابة، فالتقى مع أهل العراق كما سيأتى (تاريخ الاسلام،للذهبى، ج٢،ص ٥٣،سنة ثلاث عشرة، وقعة فحل)

www.idaraghufran.org

حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے قاتلین کا تعاقب کر کے، ان کو قتل کیا تھا۔

اس کے بارے میں احادیث وروایات میں ذکر آیا ہے، جن میں اس کے جھوٹا ہونے، اور نزولِ وحی کا ذکر ہے، اور احنف بن قیس نے شعبی کے سامنے مختار کی تحریر، نبوت کے گمان کی پیش کی تھی (یہ تمام روایات بمع سند پہلے گذر چکی ہیں) مختار کو سڑسٹھ ہجری میں قتل کیا گیا''۔انتھٰی۔ [1]

اور حافظ ذہبی نے ''تاریخُ الاسلام'' میں ایک مقام پر تفصیل بیان کرتے ہوئے فرمایا:

''ابنِ زبیر نے اپنے بھائی مصعب کو مختار سے مقابلہ کے لئے بھیجا، جنہوں نے بہت سے لوگوں کو دارُالامارۃ میں امن فراہم کرنے کے باوجود دھوکہ سے قتل کر دیا، اور مختار کی زوجہ ''عمرہ بنتِ نعمان بن بشیر انصاری'' کو بھی قید کی حالت میں قتل کر دیا، جو کہ نعمان بن بشیر صحابی کی بیٹی تھیں، کیونکہ انہوں نے مختار کے نیک ہونے کی گواہی دی تھی۔

اس طرزِ عمل پر حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے نکیر کی، اور یہ فرمایا کہ:

''وقتلت من وحد الله، أما كان فيهم مستكره أو جاهل ترجى توبته؟''

اس سلسلہ میں مزید روایات بھی ہیں، جن کی اسناد پر اطمینان مشکل ہے۔

---

[1] المختار بن أبي عبيد الثقفي الكذاب. الذي خرج بالكوفة، وتتبع قتلة الحسين فقتلهم. قال النبي صلى الله عليه وسلم " :يكون في ثقيف كذاب ومبير "فكان أحدهما المختار، كذب على الله وادعى أن الوحي يأتيه، والآخر :الحجاج. قال أحمد في "مسنده :"حدثنا ابن نمير، قال: حدثنا عيسى بن عمر، قال :حدثنا السدي، عن رفاعة الفتياني، قال :دخلت على المختار، فألقى لي وسادة، وقال :لولا أن جبريل قام عن هذه لألقيتها لك، فأردت أن أضرب عنقه، فذكرت حديثا حدثنيه عمرو بن الحمق قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم " :أيما مؤمن أمن مؤمنا على دمه فقتله، فأنا من القاتل بريء ."مجالد، عن الشعبي قال :أقرأني الأحنف كتاب المختار إليه، يزعم فيه أنه نبي .قلت :قتل في رمضان سنة سبع وستين مقبلا غير مدبر في هوى نفسه، كما قدمنا(تاريخ الاسلام،للذهبي، ج٢،ص٧٠٦، رقم الترجمة ٩٧،حرف الميم)

اور مختار حضرت ابنِ عمر کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا کرتا تھا، ان کی طرف، ھدایا، اور تحائف بھیجا کرتا تھا، کیونکہ مختار کی بہن صفیہ بنتِ ابی عبید، دراصل حضرت ابنِ عمر کی بیوی تھیں، اور ان دونوں کے والد ایک ہی تھے، جن کا نام ابوعبید ثقفی تھا، جو نیک آدمی تھے، یہ جسرِ ابی عبید کے دن شہید ہوئے، یہ مقام ان ہی کی طرف منسوب ہے"۔ انتھٰی۔ [1]

---

[1] فأما ابن الزبير فإنه غضب على المختار، وبعث لحربه أخاه مصعب بن الزبير وولاه جميع العراق، فقدم محمد بن الأشعث بن قيس وشبث بن ربعي إلى البصرة يستنصران على المختار، فسير المختار إلى البصرة أحمر بن شميط وأبا عمرة كيسان في جيش من الكوفة حتى نزلوا المذار، فسار إليهم مصعب بأهل البصرة، وعلى ميمنته وميسرته المهلب بن أبي صفرة الأزدي وعمر بن عبيد الله التيمي، فحمل عليهم المهلب فألجأهم إلى دجلة، ورموا بخيولهم في الماء وانهزموا، فاتبعوهم حتى أدخلوهم الكوفة، وقتل أحمر بن شميط وكيسان، وقتل من عسكر مصعب محمد بن الأشعث وعبيد الله بن علي بن أبي طالب، ودخل أهل البصرة الكوفة فحصروا المختار في قصر الإمارة، فكان يخرج في رجاله فيقاتل ويعود إلى القصر، حتى قتله طريف وطراف -أخوان من بني حنيفة -في رمضان، وأتيا برأسه إلى مصعب، فأعطاهما ثلاثين ألفا، وقتل بين الطائفتين سبعمائة .ويقال :كان المختار في عشرين ألفا فقتل أكثرهم، والله أعلم.

وقتل مصعب خلقا بدار الإمارة غدرا بعد أن أمنهم، وقتل عمرة بنت النعمان بن بشير الأنصاري امرأة المختار صبرا، لأنها شهدت في المختار أنه عبد صالح.

وبلغنا من وجه آخر أن طائفة من أهل الكوفة لما بلغهم مجيء مصعب تسربوا إليه إلى البصرة، منهم شبث بن ربعي وتحته بغلة قد قطع ذنبها وأذنها، وشق قباءه، وهو ينادي :يا غوثاه، وجاء أشراف أهل الكوفة وأخبروا مصعبا بما جرى، وبوثوب عبيدهم وغلمانهم عليهم مع المختار، ثم قدم عليهم محمد بن الأشعث، ولم يكن شهد وقعة الكوفة، بل كان في قصر له بقرب القادسية، فأكرمه مصعب وأدناه لشرفه، ثم كتب إلى المهلب بن أبي صفرة -وكان عامل فارس -ليقدم، فتوانى عنه، فبعث مصعب خلفه محمد بن الأشعث، فقال له المهلب :مثلك يأتي بريدا؟ قال :إني والله ما أنا بريد أحد، غير أن نساءنا وأبناءنا غلبنا عليهم عبداؤنا وموالينا، فأقبل المهلب بجيوش وأموال عظيمة، وهيئة ليس بها أحد من أهل البصرة، ولما انهزم جيش المختار انهد لذلك، وقال لنجي له :ما من الموت بد، وحبذا مصارع الكرام، ثم حصن القصر، ودام الحصار أياما، وفي أواخر الأمر كان المختار يخرج فيقاتل هو وأصحابه قتالا ضعيفا، ثم جهدوا وقل عليهم القوت والماء، وكان نساؤهم يجئن بالشيء اليسير خفية، فضايقهم جيش مصعب، وفتشوا النساء، فقال المختار : ويحكم !انزلوا بنا نقاتل حتى نقتل كراما، وما أنا بآيس إن صدقتموهم أن تنصروا، فضعفوا، فقال: أما أنا فلا والله لا أعطي بيدي، فأملس عبد الله بن جعدة بن هبيرة المخزومي فاختبأ، وأرسل

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اور حافظ ذہبی نے ''تاریخُ الاسلام'' میں ہی ایک اور مقام پر فرمایا:

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

المختار إلى امرأته بنت سمرة بن جندب، فأرسلت إليه بطيب كثير، ثم اغتسل وتحنط وتطيب، ثم خرج حوله تسعة عشر رجلا، فيهم السائب بن مالك الأشعرى خليفته على الكوفة، فقال للسائب: ما ترى؟ قال :أنا أرى أم الله يرى؟ قال :بل الله يرى، ويحك !أحمق أنت؟ إنما أنا رجل من العرب، رأيت ابن الزبير انتزى على الحجاز، ورأيت نجدة انتزى على اليمامة، ورأيت مروان انتزى على الشام، فلم أكن بدونهم، فأخذت هذه البلاد فكنت كأحدهم، إلا أنى طلبت بثأر أهل البيت، فقاتل على حسبك إن لم يكن لك نية، قال :إنا لله !وما كنت أصنع بحسبى؟ وقال لهم المختار: أتؤمنونى؟ قالوا :لا، إلا على الحكم .قال :لا أحكم فى نفسى، ثم قاتل حتى قتل، ثم أمكن أهل القصر من أنفسهم، فبعث إليه مصعب عباد بن الحصين، فكان يخرجهم مكتفين، ثم قتل سائرهم. فقيل :إن رجلا منهم قال لمصعب :الحمد لله الذى ابتلانا بالإسار وابتلاك أن تعفو عنا، وهما منزلتان إحداهما رضا الله والأخرى سخطه، من عفا عفا الله عنه، ومن عاقب لم يأمن القصاص، يا ابن الزبير نحن أهل قبلتكم وعلى ملتكم، لسنا تركا ولا ديلما، فإن خالفنا إخواننا من أهل المصر، فإما أن نكون أصبنا وأخطأوا، وإما أن نكون أخطأنا وأصابوا فاقتتلنا كما اقتتل أهل الشام بينهم، ثم اصطلحوا واجتمعوا، وقد ملكتم فاسجحوا، وقد قدرتم فاعفوا، فرق لهم مصعب، وأرد أن يخلى سبيلهم، فقام عبد الرحمن بن محمد بن الأشعث فقال :تخلى سبيلهم؟ اخترنا أو اخترهم، ووثب محمد بن عبد الرحمن الهمدانى فقال :قتل أبى وخمسمائة من همدان وأشراف العشيرة ثم تخليهم؟ ووثب أهل كل بيت، فأمر بقتلهم، فنادوا :لا تقتلنا واجعلنا مقدمتك إلى أهل الشام غدا، فوالله ما بك عنا غنى، فإن ظفرنا فلكم، وإن قتلنا لم نقتل حتى نرقهم لكم، فأبى، فقال مسافر بن سعيد :ما تقول لله غدا إذا قدمت عليه وقد قتلت أمة من المسلمين صبرا حكموك فى دمائهم أن لا تقتل نفسا مسلمة بغير نفس، فإن كنا قتلنا عدة رجال منكم فاقتلوا عدة منا وخلوا سبيل الباقى، فلم يستمع له، ثم أمر بكف المختار، فقطعت وسمرت إلى جانب المسجد، وبعث عماله إلى البلاد، وكتب إلى ابن الأشتر يدعوه إلى طاعته ويقول :إن أجبتنى فلك الشام وأعنة الخيل .وكتب عبد الملك بن مروان أيضا إلى ابن الأشتر :إن بايعتنى فلك العراق، ثم استشار أصحابه فترددوا، ثم قال :لا أؤثر على مصرى وعشيرتى أحدا، ثم سار إلى مصعب.

قال أبو غسان مالك بن إسماعيل :حدثنا إسحاق بن سعيد، عن سعيد قال :جاء مصعب إلى ابن عمر -يعنى لما وفد على أخيه ابن الزبير -فقال :أى عم، أسألك عن قوم خلعوا الطاعة وقاتلوا، حتى إذا غلبوا تحصنوا وسألوا الأمان فأعطوا، ثم قتلوا بعد، قال :وكم العدد؟ قال :خمسة آلاف، قال :فسبح ابن عمر، ثم قال :عمرك الله يا مصعب، لو أن امرءا أتى ماشية للزبير فذبح منها خمسة آلاف شاة فى غداة، أكنت تعده مسرفا؟ قال :نعم، قال :فتراه إسرافا فى البهائم وقتلت من وحد الله، أما كان فيهم مستكره أو جاهل ترجى توبته؟ !أصب يا ابن أخى من الماء البارد ما استطعت فى دنياك.وكان المختار محسنا إلى ابن عمر، يبعث إليه بالجوائز والعطايا لأنه كان زوج أخت المختار صفية بنت أبى عبيد، وكان أبوهما أبو عبيد الثقفى رجلا صالحا، استشهد يوم جسر أبى عبيد، والجسر مضاف إليه، وبقى ولداه بالمدينة(تاريخ الاسلام،للذهبى،ج۲،ص ۶۱۰ الٰى ۶۱۳، سنة سبع وستين،ذكر وقعة الخازر)

''صفیہ بنتِ ابی عبید بن مسعود ثقفی، مختار کذاب کی بہن، اور ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی زوجہ ہیں''۔ انتھٰی۔ [1]

صفیہ بنتِ ابی عبید بن مسعود ثقفی کی وفات نوے ہجری کی حدود میں ہوئی، ان سے امام مسلم، ابوداؤد، نسائی، اور ابنِ ماجہ نے احادیث کو روایت کیا ہے۔ [2]

حافظ ذہبی نے ''سیر اعلام النبلاء'' میں بھی بعض ایسی روایات نقل کی ہیں، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ''مختار کے ساتھ، جس طرح سینکڑوں لوگوں، اور اس کی بیوی کو قتل کیا گیا، تو اس پر عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ، اور بعض دیگر حضرات نے ناگواری کا اظہار کیا تھا، جیسا کہ پہلے گذرا۔ [3]

---

[1] م د ن ق: صفية بنت أبي عبيد بن مسعود الثقفي، أخت المختار الكذاب، زوجة ابن عمر.
روت عن عمر، وحفصة، وعائشة، وغيرهم.
روى عنها سالم بن عبد الله، ونافع، وحميد الأعرج، وعبد الله بن دينار، وموسى بن عقبة وغيرهم
(تاريخ الإسلام للذهبي، ج٢، ص ٩٤٨، رقم الترجمة ٥٢، الطبقة التاسعة، حرف الصاد)

[2] (أخت المختار) صفية بنت أبي عبيد الثقفي أخت المختار الكذاب زوجة ابن عمر روى عن عمر وحفصة وعائشة وتوفيت في حدود التسعين للهجرة وروى لها مسلم وأبو داود والنسائي وابن ماجه (الوافي بالوفيات، ج١٦، ص ١٩٠، تحت ترجمة "أخت المختار")

[3] ثم إن مصعبا أساء، فأمن بقصر الإمارة خلقا، ثم قتلهم غدرا، وذبحت عمرة بنت النعمان بن بشير صبرا، لأنها شهدت أن زوجها المختار عبد صالح. وأقبل في نجدة مصعب المهلب بن أبي صفرة في الرجال والأموال. ولما خذل المختار، قال لصاحبه: ما من الموت بد، وحبذا مصارع الكرام. وقل عليه القوت في الحصار والماء، وجاعوا في القصر، فبرز المختار للموت في تسعة عشر مقاتلا. فقال المختار: أتؤمنوني؟ قالوا: لا، إلا على الحكم.
قال: لا أحكم في نفسي. وقاتل حتى قتل، وأمكن أهل القصر من أنفسهم، فبعث إليهم عباد بن حصين، فكان يخرجهم مكتفين، ويقتلهم.
فقال رجل لمصعب بن الزبير: الحمد لله الذي ابتلانا بالأسر، وابتلاك أن تعفو، وهما منزلتان؛ إحداهما رضى الله، والأخرى سخطه، من عفا، عفا الله عنه، ومن قتل، لم يأمن القصاص، نحن أهل قبلتكم وعلى ملتكم، لسنا تركا ولا ديلما، قاتلنا إخواننا كما اقتتل أهل الشام بينهم، ثم اصطلحوا، وقد ملكتم، فأسجحوا. فرق مصعب، وهم أن يدعهم، فوثب عبد الرحمن بن محمد بن الأشعث، وقال: اخترنا أو اخترهم. وقال آخر: قتل أبي في خمس مائة من همدان وتخليهم؟!
وسمرت كف المختار إلى جانب المسجد. وروى إسحاق بن سعيد، عن أبيه، قال: جاء مصعب

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

## ابنِ عساکر کا حوالہ

اور ابنِ عساکر نے ''ابوغسان مالک بن اسماعیل'' سے، انہوں نے ''اسحاق بن سعید'' سے، اور انہوں نے اپنے والد ''سعید بن عمرو'' سے روایت کیا ہے کہ:

''مصعب بن زبیر، حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، اور ان کو سلام کیا، حضرت ابنِ عمر نے اِن سے معلوم کیا کہ تم کون ہو؟ مصعب نے جواب دیا کہ میں آپ کا بھتیجا ''مصعب بن زبیر'' ہوں، حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''کیا عراق والے؟'' مصعب نے جواب دیا کہ جی ہاں۔

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں تم سے ان لوگوں کے بارے میں سوال کرنا چاہتا ہوں، جنہوں نے مخالفت کی اور طاعت سے نکل گئے، اور قتال کیا، پھر وہ مغلوب ہوگئے، اور محل میں داخل ہوگئے، اور وہاں اپنے آپ کو محفوظ ومحصور کرلیا، اور اپنے خونوں پر امان کو طلب کیا، جس پر ان کو امن فراہم کردیا گیا، پھر اس کے بعد ان کو قتل کردیا گیا (یعنی مختار بن ابی عبید ثقفی، اور ان کے ہمراہیوں کو) عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے معلوم کیا کہ وہ لوگ کتنی تعداد میں

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

يزور ابن عمر، فقال :أى عم !أسألك عن قوم خلعوا الطاعة، وقاتلوا حتى إذا غلبوا تحصنوا وطلبوا الأمان فأعطوا، ثم قتلوا .قال :كم العدد؟ قال :خمسة آلاف .فسبح ابن عمر، ثم قال :يا مصعب !لو أن امرأ أتى ماشية الزبير، فذبح منها خمسة آلاف شاة فى غداة، أكنت تعده مسرفا؟ قال :نعم .قال :فتراه إسرافا فى البهائم، وقتلت من وحد الله، أما كان فيهم مكره أو جاهل ترجى توبته؟ !اصبب يا ابن أخى من الماء البارد ما استطعت فى دنياك.

وقد كان المختار معظما لابن عمر، ينفذ إليه بالأموال، وكان ابن عمر تحته صفية أخت المختار.

ونشأ المختار بالمدينة، يعرف بالميل إلى بنى هاشم، ثم سار إلى البصرة يظهر بها ذكر الحسين فى أيام معاوية، فأخبر به عبيد الله بن زياد، فأمسك، وضربه مائة ,ودرعه عباء ة، ونفاه إلى الطائف , فلما عاذ ابن الزبير بالبيت خرج إليه(سير أعلام النبلاء ،ج۴،ص۵۴۳، ۵۴۴، تحت ترجمة ''المختار بن أبى عبيد الثقفى الكذاب'' رقم الترجمة ۱۴۴)

تھے؟مصعب نے جواب دیا کہ پانچ ہزار لوگ تھے، پھر حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے سبحان اللہ پڑھ کر فرمایا کہ اے مصعب! اللہ تمہاری عمر دراز فرمائے، اگر کوئی شخص آپ کے والد زبیر کی بکریوں کے ریوڑ کے پاس آئے، پھر ان میں سے پانچ ہزار بکریوں کو کل صبح میں ذبح کردے، تو کیا تم اس شخص کو متعدی، یا مسرف سمجھو گے؟اس پر مصعب خاموش ہو گئے، حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے جواب دیجئے۔مصعب نے کہا کہ جی ہاں، جو آدمی ایک دن میں پانچ ہزار بکریوں کو ذبح کردے، میں اس کو مسرف (حد سے تجاوز اور زیادتی کرنے والا) سمجھتا ہوں، حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

**" أفتراه إسرافا فی البهائم لا تعبد اللّٰه ولا تدری ما اللّٰه وقتلت من وحد اللّٰه"**

"تم اس شخص کو چوپاؤں میں مسرف سمجھتے ہو، جو نہ تو (بندوں کی طرح) اللہ کی عبادت کرتے ،اور نہ ہی اللہ کو (اس طرح) جانتے،اور تم نے اللہ کی توحید کا اعتراف کرنے والوں کو قتل کردیا"۔

کیا ان میں کوئی ایسا نہیں تھا، جس پر جبر کیا گیا ہو، اس سے توبہ کرائی جاسکتی تھی، یا ان میں کوئی جاہل نہیں تھا، جس کے رجوع کرنے کی امید کی جاسکتی تھی، اے میرے بھتیجے تم دنیا میں جتنی بھی استطاعت رکھو، اس کے مطابق ٹھنڈے پانی سے نہاؤ" (اپنا غصہ ٹھنڈا رکھو)۔انتھٰی۔ [1]

---

[1] أخبرنا أبو القاسم بن السمرقندی أنا أبو بکر بن الطبری أنا أبو الحسین بن الفضل أنا عبد الله بن جعفر نا یعقوب .نا أبو غسان مالک بن إسماعیل نا إسحاق بن سعید عن سعید قال جاء ابن عمر مصعب بن الزبیر فسلم علیه فقال من أنت قال أنا ابن أخیک مصعب بن الزبیر قال صاحب العراق قال نعم قال ابن عمر أسألک عن قوم خالفوا وخلعوا الطاعة وقاتلوا حتی إذا غلبوا دخلوا قصرا وتحصنوا فیه وسألوا الأمان علی دمائهم فأعطوا ثم قتلوا بعد ذلک قال وکم العدد قال خمسة

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اس روایت کے آٹھ راوی ہیں، جو تمام کے تمام ثقہ ہیں۔ [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

آلاف قال فسبح ثم قال عمرک الله یا مصعب لو أن امرأ أتی ماشیة للزبیر فذبح منها خمسة آلاف شاة فی غداة أکنت تعده أو تراه مسرفا قال فسکت مصعب فقال أجبنی قال نعم إنی لأعد رجلا یذبح خمسة آلاف شاة فی یوم مسرفا قال أفتراه إسرافا فی البهائم لا تعبد الله ولا تدری ما الله وقتلت من وحد الله أما کان فیهم مستکره یراجع به التوبة أو جاهل ترجی رجعته أصب یا بن أخی من الماء البارد ما استطعت فی دنیاک (تاریخ دمشق، لابنِ عساکر، ج۵۸، ص ۲۲۹ و ۲۳۰، تحت ترجمة "مصعب بن الزبیر بن العوام بن خویلد" رقم الترجمة ۷۴۴۸، حرف المیم)

[1] (۱).....ابن السمرقندی إسماعیل بن أحمد بن عمر.

الشیخ، الإمام، المحدث المفید، المسند، أبو القاسم إسماعیل بن أحمد بن عمر بن أبی الأشعث السمرقندی، الدمشقی المولد، البغدادی الوطن، صاحب المجالس الکثیرة (سیر أعلام النبلاء، ج ۲۰، ص ۲۸، رقم الترجمة ۱۳، تابع الطبقة الثامنة والعشرون)

(۲).....محمد بن هبة الله بن الحسن بن منصور، أبو بکر ابن الحافظ أبی القاسم الطبری اللالکائی ثم البغدادی. ثقة، مکثر (تاریخ الإسلام للذهبی، ج ۱۰، ص ۳۴۶، الطبقة الثامنة والأربعون، حرف المیم)

(۳).....القطان أبو الحسین محمد بن الحسین بن محمد.

الشیخ، العالم، الثقة، المسند، أبو الحسین محمد بن الحسین بن محمد بن الفضل البغدادی، القطان، الأزرق. ذکر لأبی الخطیب: أنه ولد فی شوال سنة خمس وثلاثین وثلاث مائة.

وسمع وهو ابن خمس سنین من: إسماعیل الصفار وهو أکبر شیخ له، ومن أبی جعفر محمد بن علی بن عمر بن علی بن حرب، وعبد الله بن جعفر بن درستویه الفارسی، وعنده عنه (تاریخ الفسوی)، وأبی بکر النجاد، وأبی عمرو بن السماک، وعدة (سیر أعلام النبلاء، ج ۱۷، ص ۳۳۱، رقم الترجمة ۲۰۲، الطبقة الثانیة والعشرون)

(۴).....ابن درستویه عبد الله بن جعفر الفارسی.

الإمام، العلامة، شیخ النحو، أبو محمد عبد الله بن جعفر بن درستویه بن المرزبان الفارسی، النحوی، تلمیذ المبرد. سمع: یعقوب الفسوی فأکثر، له عنه (تاریخه) و (مشیخته).

وسمع ببغداد من: عباس بن محمد الدوری، ویحیی بن أبی طالب، وأبی محمد بن قتیبة، وعبد الرحمن بن محمد کربزان، ومحمد بن الحسین الحنینی.

قدم من مدینة فسا فی صباه إلی بغداد، واستوطنها، وبرع فی العربیة، وصنف التصانیف، ورزق الإسناد العالی. وکان ثقة (سیر أعلام النبلاء، ج ۱۵، ص ۵۳۱، رقم الترجمة ۳۰۹، الطبقة العشرون)

(۵).....یعقوب ابن سفیان الفارسی أبو یوسف الفسوی ثقة حافظ من الحادیة عشرة مات سنة سبع وسبعین وقیل بعد ذلک ت س (تقریب التهذیب، ص ۶۰۸، رقم الترجمة ۷۸۱۷، حرف الیاء)

(۶).....مالک ابن إسماعیل النهدی أبو غسان الکوفی سبط حماد ابن أبی سلیمان ثقة متقن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اس معتبر سند پر مشتمل روایت میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے ''مختار ثقفی، اوران کے ہمراہیوں'' کے موحد ہونے کی شہادت ہے، جس کی مصعب بن زبیر کی طرف سے تردید مذکور نہیں، البتہ مختار ثقفی اوران کے ہمراہیوں کے حکومت سے باغی ہونے کا ذکر ہے، جس کی وجہ سے ان کو قتل کیا گیا۔

اس کے علاوہ ابنِ عساکر نے ''تاریخِ دمشق'' میں ''**عمرة بنت النعمان بن بشير بن سعد الأنصارية**'' کا باب قائم کر کے ان کے حالات، اوران کے، مختار ثقفی کو نیک قرار دینے، اور مصعب بن زبیر کی طرف سے ان پر مختار کو نبی قرار دینے کا الزام عائد کر کے قتل کرنے، اور مختار ثقفی کی دوسری بیوی، امِ ثابت بنتِ سمرہ بن جندب فزاری کے مختار ثقفی سے

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

صحيح الكتاب عابد من صغار التاسعة مات سنة سبع عشرة ع(تقريب التهذيب،ص ٥١٦، رقم الترجمة ٦٤٢٤،ذكر بقية حرف الميم على الترتيب)

أبو غسان مالك بن إسماعيل بن درهم النهدى *(ع)

الحافظ، الحجة، الإمام، أبو غسان النهدى مولاهم، الكوفى، سبط إسماعيل بن حماد بن أبى سليمان الفقيه(سير أعلام النبلاء ،ج١٠ ،ص ٤٣٠، رقم الترجمة ١٣٢ ،الطبقة الحادية عشرة)

(٧).....إسحاق ابن سعيد ابن عمرو ابن سعيد ابن العاص الأموى السعيدى الكوفى ثقة من السابعة مات سنة سبعين وقيل بعدها خ م د ق(تقريب التهذيب،ص ١٠١ ، رقم الترجمة ٣٥٦،حرف الالف)

(٨).....سعيد ابن عمرو ابن سعيد ابن العاص (أبى أحيحة) الأموى المدنى ثم الدمشقى ثم الكوفى ثقة من صغار الثالثة مات بعد العشرين ومائة خ م د س ق(تقريب التهذيب،ص ٢٣٩، رقم الترجمة ٢٣٧٠،حرف السين)

خ م د س ق -سعيد "بن عمرو بن سعيد بن العاص بن سعيد بن العاص بن أمية أبو عثمان ويقال أبو عنبسة الأموى كان مع أبيه إذ غلب على دمشق ثم سكن الكوفة أرسل عن النبى صلى الله عليه وآله وسلم وعن الحكم وخالد ابنى أبى أحيحة سعيد بن العاص وروى عن أبيه وعن معاوية والعبادلة الأربعة وأبى هريرة وعائشة وأم خالد بنت خالد بن سعيد بن العاص رضى الله عنهم وغيرهم وعنه أولاد خالد وإسحاق وعمرو وحفيده عمرو بن يحيى بن سعيد والأسود بن قيس وشعبة وغيرهم قال أبو زرعة والنسائى ثقة وقال أبو حاتم صدوق وقال الزبير كان من علماء قريش بالكوفة وذكره ابن حبان فى الثقات قلت وذكره بن عساكر أنه بقى إلى أن وفد على الوليد بن يزيد بن عبد الملك وقال الكنانى عن أبى حاتم هو ثقة(تهذيب التهذيب،لابنِ حجر، ج٤،ص ٦٨، رقم الترجمة ١١٥، تابع لحرف السين)

برائت ظاہر کرنے پر زندہ چھوڑ دینے اور دوسرے بے شمار افراد کے قتل سے متعلق مختلف روایات ذکر کی ہیں، جن کی اسناد میں مجہول راوی ہیں۔

اور بعض روایات میں مصعب بن زبیر کے اس قتلِ عام پر حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے یہ نکیر بھی مذکور ہے کہ:

"أنت القاتل سبعة آلاف من أهل القبلة"

"تم سات ہزار اہلِ قبلہ کے قاتل ہو"

اور بعض روایات میں یہ بھی ہے کہ مختار کی زوجہ کو مصعب بن زبیر نے اپنے بھائی "عبداللہ بن زبیر" کی اجازت کے بغیر قتل کر دیا تھا، جس پر بعد میں ان کے بھائی، عبداللہ بن زبیر، جنہوں نے اپنے نمائندہ بنا کر ان کو بھیجا تھا، انہوں نے مصعب بن زبیر کی اس حرکت پر ناگواری کا اظہار کیا تھا"۔ انتہٰی۔ [1]

---

[1] عمرة بنت النعمان بن بشير بن سعد الأنصارية امرأة شاعرة سكنت دمشق أخبرنا أبو غالب وأبو عبد الله ابنا أبي علي قالا أنا أبو جعفر المعدل أنا أبو طاهر المخلص نا أحمد بن سليمان نا الزبير بن بكار قال وكان الحارث بن خالد خطب في مقدمه دمشق عمرة بنت النعمان بن بشير الأنصارية فقالت كهول دمشق وشبانها *أحب إلي من الجاليه لهم ذفر كصنان التيو *س أعيا على المسك والغالية * فقال الحارث * ساكنات العقيق أشهى إلى النف *س من الساكنات دور دمشق يتضوعن إن تطيبن بالمسك *ضنانا كأنه ريح مرق *ورواهما بعض علماء قريش للمهاجر بن خالد وقال *لنساء بين الحجون إلى الحثمة * في مقمرات ليل وشرق *والحجون مقبرة أهل مكة وجاه بيت أبي موسى والحثمة صخرات مشرفات في ربع عمر بن الخطاب وقيل إن هذا الشعر لأختها حميدة بنت النعمان وقيل إنه لأمها ليلى بنت هانء بن الأسود الكندية ثم الجونية .

أخبرنا أبو بكر محمد بن عبد الباقي أنا الحسن بن علي أنا أبو عمر بن حيوية أنا أحمد بن معروف نا الحسين بن فهم نا محمد بن سعد قال فولد النعمان بن بشير عمرة تزوجها المختار بن أبي عبيد الثقفي وهي التي قتلها مصعب بن الزبير وأمها ليلى بنت هانء الكندي.

أنبأنا أبو القاسم علي بن إبراهيم وأبو الوحش سبيع بن المسلم عن رشأ بن نظيف أنا أبو شعيب عبد الرحمن بن محمد وأبو محمد عبد الله بن عبد الرحمن قالا أنا الحسن ابن رشيق نا أبو بشر محمد بن أحمد حدثني أبو بكر الوجيهي وهو أحمد بن محمد بن القاسم حدثني أبي حدثني صالح بن الوجيه قال وكانت عند المختار امرأتان إحداهما أم ثابت بنت سمرة بن جندب والأخرى عمرة بنت النعمان بن بشير الأنصارية فعرضهما مصعب على البراء ة من المختار فأما بنت سمرة فبرئت

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ہمارا رجحان بھی اسی طرف ہوا کہ مختار ثقفی، اوران کے ہمراہیوں کا مصعب نے اپنے بھائی

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

منه فخلاها وأما الأنصارية فقتلها فقال عبد الرحمن بن حسان بن ثابت فی ذلک * إن من أعجب العجائب عندی *قتل بیضاء حرة عطبول قتلت باطلا علی غیر جرم *إن لله درها من قتیل کتب القتل والقتال علینا *وعلی المحصنات جر الذیول *

وقد قیل إن هذا الشعر لعمر بن أبی ربیعة .أنبأنی أبو محمد بن الأکفانی شفاها أن أبا محمد عبد العزیز بن أحمد أجاز لهم أبنأنا القاضی أبو المفضل یحیی بن علی والفقیه أبو الحسن علی بن المسلم وغیرهما أن عبد العزیز بن أحمد أجاز لهم أنا عبد الوهاب بن جعفر المیدانی أنا أبو سلیمان بن زبر أنا عبد الله بن أحمد الفرغانی نا محمد بن جریر الطبری قال قال هشام بن محمد قال أبو مخنف وحدثنی أبو علقمة الخثعمی أن المصعب بعث إلی أم ثابت بنت سمرة بن جندب امرأة المختار وإلی عمرة ابنة النعمان بن بشیر الأنصاریة وهی امرأة المختار فقال لهما ما تقولان فی المختار فقالت أم ثابت ما عسیت أن أقول فیه إلا ما تقولون فیه أنتم فقالوا لها اذهبی.

وأما عمرة فقالت رحمة الله علیه إن کان عبدا من عباد الله الصالحین فرفعها مصعب إلی السجن وکتب فیها إلی عبد الله بن الزبیر أنها تزعم أنه نبی فکتب إلیه أن أخرجها فاقتلها فأخرجها بین الحیرة والکوفة بعد العتمة وضربها مطر ثلاث ضربات بالسیف ومطر تابع لآل ثعل من بنی عبد الله بن ثعلبة کان یکون مع الشرط فقالت یا أبتاه یا أهلاه یا عشیرتاه فسمع به بعض الأنصار وهو أبان بن النعمان بن بشیر فأتاه فلطمه فقال یا ابن الزانیة قطعت نفسها قطع الله یمینک فلزمه حتی رفعه إلی مصعب فقال إن أمی مسلمة وادعی شهادة بنی ثعل فلم یشهد له أحد فقال مصعب خلو سبیل الفتی فإنه رأی أمرا فظیعا فقال عمر بن أبی ربیعة القرشی فی قتل مصعب عمرة ابنة النعمان بن بشیر *إن من أعجب العجائب عندی *قتل بیضاء حرة عطبول قتلت هکذا علی غیر جرم *إن لله درها من قتیل کتب القتل والقتال علینا *وعلی المحصنات جر الذیول *

قال(ای أبو مخنف) وحدثنی محمد بن یوسف أن مصعبا لقی عبد الله بن عمر فسلم علیه فقال له أنا ابن أخیک مصعب فقال له ابن عمر أنت القاتل سبعة آلاف من أهل القبلة فی غداة واحدة عش ما استطعت فقال مصعب إنهم کانوا کفرة سحرة فقال ابن عمر والله لو قتلت عدتهم غنما من تراث أبیک لکان ذلک سرفا.

فقال سعید بن عبد الرحمن ابن حسان بن ثابت فی ذلک *أتی راکب بالأمر ذی النبأ العجب * بقتل ابنة النعمان ذی الدین والحسب بقتل فتاة ذات دل ستیرة *مهذبة الأخلاق والخیم والنسب مطهرة من نسل قوم مطهر * من المؤثرین الخیر فی سالف الحقب خلیل النبی المصطفی ونصیره * وصاحبه فی الحرب والنکب والکرب أتانی بأن الملحدین توافقوا *علی قتلها لا جنبوا القتل والسلب *(فلا هنأت آل الزبیر معیشة *وذاقوا لباس الذل والخوف والحرب کأنهم إذ أبرزوها وقطعت *بأسیافهم فازوا بمملکة العرب ألم تعجب الأقوام من قتل حرة *من المحصنات الدین محمودة الأدب من الغافلات المؤمنات بریئة *من الذم والبهتان والشک والکذب علینا کتاب

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

عبداللہ بن زبیر کی اجازت کے بغیر، امن دے کر قتلِ عام کیا، ورنہ مصعب بن زبیر پر نہ تو ابنِ عمر نکیر کرتے، اور نہ مصعب بن زبیر ان کے سامنے اپنی کوتاہی کا اعتراف کرتے۔ [1]

اور یہ بات ظاہر ہے کہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کا مقام ومرتبہ ''مصعب بن زبیر'' سے اونچا ہے، جن کو تنبیہ کرنے کا بجا استحقاق حاصل تھا۔

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ القتل والیأس واجب *وهن العفاف فی الحجال وفی الحجب علی دین أجداد لها وأبوة *کرام مضت لم تخز أهلا ولا ترب من الخفرات لا خروج بذية *ولا نمة تبغی علی جارها الجنب عجبت لها إذ کفنت وهی حية *ألا إن هذا الخطب من أعجب الخطب.

أخبرنا أبو القاسم بن أبی بکر أنا أبو بکر بن أبی القاسم أنا ابن الفضل أنا عبد الله نا یعقوب قال سنة سبع وستین قتلت بنت النعمان بن بشیر وکانت تحت المختار.

وذکر أبو حسان الزیادی أن مصعبا قتلها فی هذه السنة بغیر أمر أخیه فکتب إلیه یعنفه علی ذلک(تاریخ دمشق،لابنِ عساکر،ج٦٩،ص ٢٩٤،الٰی ٢٩٨، رقم الترجمة ٩٤٩٢،حرف العین)

[1] عمرة بنت النعمان:ابن بشیر الأنصاری امرأة المختار بن أبی عبید.

حکی هشام بن محمد عن أبی مخنف قال: لما قتل المختار؛ أحضر مصعب بن الزبیر امرأتی المختار: عمرة بنت النعمان بن بشیر، وأم ثابت بنت سمرة بن جندب، وقال لهما: ما تقولان فی المختار؟ فقالت أم ثابت: أقول ما تقولون فیه .فأرسلها .وأما عمرة فقالت: رحم الله أبا إسحاق، لقد کان عبدا صالحا، فسجنها، وکتب إلی أخیه ابن الزبیر یقول: إنها تزعم أنه نبی .فکتب إلیه: اقتلها .فأخرجها لیلا بین الحیرة والکوفة، فقتلها .فقبح الناس علی مصعب وأخیه عبد الله قتل امرأة.وقال عمر بن أبی ربیعة القرشی:

إن من أعجب العجائب عندی ..... قتل بیضاء حرة عطبول

قتلت هکذا علی غیر جرم ..... إن لله درها من قتیل

کتب القتل والقتال علینا ..... وعلی الغانیات جر الذیول

وقال الجوهری: العطبول من النساء: الحسناء التامة .وأنشد:

[إن من أعجب العجائب عندی] ..... قتل بیضاء حرة عطبول

وقال أبو حسان الزیادی: إن مصعبا قتل عمرة بغیر أمر أخیه عبد الله، فلما علم کتب إلیه یلومه ویعنفه.

وقال سعید بن عبد الرحمن بن حسان بن ثابت الأنصاری:

أتی راکب بالأمر ذی النبأ العجب ..... بقتل ابنة النعمان ذی الدین والحسب

بقتل فتاة ذات دل ستیرة ..... مهذبة الأخلاق والخیم والنسب

أتانی بأن الملحدین توافقوا ..... علی قتلها لا جنبوا القتل والسلب

ولا هنأت آل الزبیر معیشة ..... وذاقوا لباس الذل والخوف والحرب

کأنهم إذ أبرزوها وقطعت ..... بأسیافهم فازوا بمملکة العرب(مرآة الزمان فی تواریخ الأعیان،لسبط ابن الجوزی،ج٨،ص٤١٨،٤١٩،السنة السابعة والستون)

# حافظ ابنِ حجر عسقلانی کا حوالہ

حافظ ابنِ حجر عسقلانی نے ''لسانُ المیزان'' میں فرمایا:

''مختار بن ابی عبید ثقفی، کذاب ہے، اس سے کوئی چیز روایت نہیں کرنی چاہیے، کیونکہ یہ ضال، مضل ہے، اس کا گمان تھا کہ اس کے پاس جبریل نازل ہوتے ہیں، یہ حجاج بن یوسف کے مثل ہے، یا اس سے بھی زیادہ شریر ہے۔

البتہ اس کے والد ''ابوعبید'' خیارِ صحابہ میں سے تھے، جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے دور میں شہید ہوئے۔

مختار، اور اس کے ساتھیوں، کو مصعب بن زبیر نے قتل کیا، ان مقتولین میں بہت سے وہ بھی تھے، جنہوں نے امن حاصل کیا تھا، اور ان کو امن فراہم کر دیا گیا تھا (اور ان کو قتل کرنا جائز نہیں تھا) اس پر ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے نکیر کی تھی''۔ انتھٰی۔ [1]

---

[1] المختار بن أبی عبید الثقفی الکذاب .لا ینبغی أن یروی عنه شیء لأنه ضال مضل کان یزعم أن جبریل علیه السلام ینزل علیه ,وهو شر من الحجاج، أو مثله .انتهی.

ووالده أبو عبید کان من خیار الصحابة استشهد یوم الجسر فی خلافة عمر بن الخطاب وإلیه نسبت الوقعة ,فیقال :جسر أبی عبید وکان المختار ولد سنة الهجرة وبسبب ذلک ذکره ابن عبد البر فی الصحابة لأن له رؤیة فیما یغلب علی الظن .وکان ممن خرج علی الحسن بن علی بن أبی طالب فی المدائن ,ثم صار مع ابن الزبیر بمکة فولاه الکوفة فغلب علیها ثم خلع ابن الزبیر ودعا إلی الطلب بدم الحسین فالتف علیه الشیعة وکان یظهر لهم الأعاجیب .

ثم جهز عسکرا مع إبراهیم بن الأشتر إلی عبید الله بن زیاد فقتله سنة خمس وستین.

ثم توجه بعد ذلک مصعب بن الزبیر إلی الکوفة فقاتله فقتل المختار وأصحابه ویقال :إنه قتل ممن استأمن إلیه ستة آلاف صبرا. وأنکر ابن عمر، وغیره ذلک علی مصعب.

وکان قتل المختار سنة سبع وستین ویقال :إنه الکذاب الذی أشار إلیه النبی صلی الله علیه وسلم بقوله :یخرج من ثقیف کذاب ومبیر .والحدیث فی صحیح مسلم(لسان المیزان، ج۸،ص ۱۲، ۱۳، رقم الترجمة ۷۶۱۶،حرف المیم)

# چند مزید حوالہ جات

علامہ قسطلانی، صحیح بخاری کی شرح میں فرماتے ہیں:

**المختار الكذاب الخارجي، وكان يزعم أن جبريل عليه الصلاة والسلام يأتيه بالوحي** (إرشاد الساري لشرح صحيح البخاري، ج۳، ص ۲۸۱، كتاب العمرة، باب قول الله تعالى وأتوا البيوت من أبوابها)

ترجمہ: مختار ''کذاب، خارجی'' تھا، اور یہ گمان کرتا تھا کہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام اس کے پاس وحی لے کر آتے ہیں (ارشاد الساری)

اور ابنِ ملک فرماتے ہیں:

''کہا گیا ہے کہ ''کذاب'' سے مختار بن ابی عبید مراد ہے، کیونکہ یہ تدلیس کرتا تھا، دین کے رنگ میں دنیا کا طالب تھا، خیر کا اظہار کرتا تھا، اور شر کو چھپاتا تھا، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بغض رکھتا تھا، اور ان سے محبت کا اظہار کیا کرتا تھا، اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے خون کے بدلہ کو طلب کرتا تھا، جس سے اس کی غرض یہ تھی کہ لوگوں کو اپنی طرف راغب کرے، اور اس کو حکومت وامارت کے حصول کا ذریعہ بنائے۔

اور ایک قول اس کے کذاب ہونے کا یہ ہے کہ اس نے کوفہ میں نبوت کا دعویٰ کیا تھا''۔ انتہٰی۔ [1]

اور ملا علی قاری فرماتے ہیں:

---

[1] قيل: الكذاب هو المختار بن أبي عبيد: "بن مسعود الثقفي، فإنه كان متدلسا مشغوفا بطلب الدنيا بالدين، يظهر الخير ويضمر الشر، وكان يبغض عليا، وقد عرف ذلك منه، وكان يدعي موالاته، وقام طالبا لثأر الحسين، وكان غرضه صرف وجوه الناس إليه توسلا لطلب الإمارة، وأفسد على قوم من الشيعة عقائدهم، ينسبون إليه يقال لهم: المختارية، وقيل: سماه كذابا؛ لادعائه النبوة بالكوفة (شرح المصابيح لابن الملك، ج٦، ص ۳۹۰، ۳۹۱، كتاب الفتن، باب في مناقب قريش وذكر القبائل)

''کہا جاتا ہے کہ کذاب، سے مراد ''مختار بن ابی عبید ثقفی'' ہے، یہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے قتل کے بعد ان کے خون کا بدلہ لینے کے لئے کھڑا ہوا تھا، اور اس کا مقصد، لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کر کے حکومت کا حاصل کرنا تھا، یہ دنیا کا طالب تھا، اور اس کے حصول میں تدلیس کیا کرتا تھا۔

اور ایک قول یہ ہے کہ یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بغض رکھتا تھا۔

اور ایک قول یہ ہے کہ یہ کوفہ میں نبوت کا دعویٰ کرتا تھا، اس لئے اس کا نام کذاب رکھا گیا۔

اور اس کے جھوٹ میں سے یہ بھی ہے کہ یہ اپنے پاس جبریل کے وحی لانے کا مدعی تھا۔

اور بعض حضرات نے فرمایا کہ یہ دنیا کی طلب میں جھوٹ اور جنون کا مرتکب ہو گیا تھا۔

اور کہا جاتا ہے کہ یہ پہلے خارجی تھا، پھر زبیری ہو گیا، پھر رافضی ہو گیا۔

اس سلسلہ میں اور بھی اقوال ہیں''۔ انتھیٰ۔ [1]

---

[1] (يقال :الكذاب هو المختار بن أبي عبيد) : بالتصغير، وهو ابن مسعود الثقفي، قام بعد وقعة الحسين ودعا الناس إلى طلب ثأره، وكان غرضه في ذلك أن يصرف إلى نفسه وجوه الناس، ويتوسل به إلى الإمارة، وكان طالبا للدنيا مدلسا في تحصيلها، كذا ذكره القاضي، وقيل :كان يبغض عليا، وقيل :كان يدعي النبوة بكوفة، فسمي كذابا، ومن جملة كذبه دعواه أن جبريل -عليه السلام -يأتيه بالوحي، ذكره ابن الملك .وقال ابن عبد البر :كان أبوه من جملة الصحابة، ولد المختار عام الهجرة وليست له صحبة ولا رواية ولا رؤية، وأخباره غير مرضية، وذلك مذ طلب الإمارة إلى أن قتله مصعب بن الزبير سنة سبع وسبعين، وكان قبل ذلك معدودا في أهل الفضل والخير، يظهر بذلك كله، ولا يكتم الفسق، فظهر منه ما كان يكتمه إلى أن فارق ابن الزبير، وطلب الإمارة .وكان المختار يزيف لطلب دم الحسين، ويستر طلب الدنيا والإمارة، فيأتي منه الكذب والجنون، وإنما كانت إمارته ستة عشر شهرا.

ويقال :كان في أول أمره خارجيا، ثم صار زبيريا ثم صار رافضيا، وكان يضمر بغض علي -كرم الله وجهه -ويظهر منه لضعف عقله أحيانا .كذا نقله ميرك عن التصحيح، وكذا ذكره المؤلف في أسمائه(مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، ج ۹، ص ۳۸۶۸، كتاب المناقب والفضائل، باب مناقب قريش وذكر القبائل)

معلوم ہوا کہ ''مختار بن ابی عبید ثقفی کے کذاب ہونے کی مختلف وجوہات منقول ہیں، اور اس بارے میں مختلف اقوال ہیں۔

اور مطہر بن طاہر مقدسی لکھتے ہیں:

''پھر مختار ثقفی نے، عبید اللہ بن زیاد کی طرف، ابراہیم بن اشتر نخعی کو بارہ ہزار کا لشکر دے کر بھیجا، جس کے نتیجہ میں عبید اللہ بن زیاد، اور حصین بن نمیر، اور شمر بن ذی الجوشن، اور عمر بن سعد، اور ہر وہ شخص قتل ہوگیا، جو حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ کے قتل میں شریک ہوا تھا، اور ان سب مقتولین کے سروں کو مختار بن ابی عبید کے پاس لایا گیا''۔ انتھیٰ۔ [1]

مطہر بن طاہر مقدسی مزید لکھتے ہیں:

''پھر عبد اللہ بن زبیر نے اپنے بھائی مصعب کو عراق کے لوگوں کی طرف بھیجا، جہاں مختار ثقفی موجود تھا، اور وہ جبریل کی آمد کا دعویٰ کرتا تھا، اور جھوٹی باتیں کیا کرتا تھا، مصعب نے کوفہ کے قلعہ میں موجود، مختار ثقفی اور ان کے ساتھیوں کا محاصرہ کیا، اور مختار ثقفی اور ان کے چھ ہزار آٹھ سو لوگوں کو قتل کر دیا، اور مختار ثقفی کی بیوی ''عمرہ بنتِ نعمان بن بشیر'' کو پکڑ کر، مختار ثقفی سے برائت کا مطالبہ کیا،

---

[1] ثم وجّه المختار الى عبيد الله ابن زياد إبراهيم بن الأشتر النخعى فى اثنى عشر ألفاً فالتقوا بالزاب من أرض الموصل فقتل عبيد الله بن زياد عليه اللعنة والحصين ابن نمير وشمر بن ذى الجوشن وعمر بن سعد وكل من شرك فى قتل الحسين بن على عم وحملت رء وسهم اليه قال وكان ابن عمر ابن سعد قائماً على رأس المختار لما دخلوا برأس أبيه فقال له المختار أتعرف هذا الرأس قال أى والله رأس أبى حفص قال المختار الحقوا حفصاً بأبى حفصٍ فضرب عنقه وفى عبيد الله بن زياد يقول يزيد بن المفرّغ (بسيط)

إن الذى عاش ختاراً بذمته ...ومات عبداً قتيل الله بالزاب

العبد للعبد لا أصل ولا شرف ...ألوت به ذات أظفار وأنياب

ما شق جيب ولا قامتک نائحة ...ولا بكتک جياد عند أسلاب

(البدء والتاريخ، ج٦، ص ٢١ و ٢٢، الفصل الحادى والعشرون فى ولاية بنى أمية إلى آخر أيامهم، ذكر ما جرى بين المختار وبين ابن الزبير)

انہوں نے برائت سے انکار کیا، تو ان کو بھی قتل کر دیا گیا، جس کی مذمت کرتے ہوئے عبدالرحمٰن بن حسان نے شعر کہا تھا۔

اسی دوران کہ عراق میں مصعب بن زبیر کی ولایت تھی، تو عبدالملک بن مروان نے (72 ہجری میں) ان (مصعب) کو قتل کر دیا۔ [1]

اور پھر عراق پر عبدالملک بن مروان نے حکومت قائم کر لی۔

عبدالملک بن عمیر کہتے ہیں کہ میں کوفہ کے شاہی محل میں داخل ہوا، اس وقت عبد الملک بن مروان، ایوان میں اپنے شاہی تخت پر بیٹھا ہوا تھا، اور اس کے سامنے ایک ڈھال پر مصعب بن زبیر کا سر رکھا ہوا تھا، تو میں نے عبدالملک سے کہا کہ اے امیر المومنین! میں پہلے اسی ایوان میں عبیداللہ بن زیاد کے پاس آیا تھا، جس کے سامنے حسین بن علی کا سر رکھا ہوا تھا، پھر میں نے اسی ایوان میں مختار کے سامنے عبیداللہ بن زیاد کا سر رکھا ہوا دیکھا، پھر اس کے بعد میں مصعب بن زبیر کے پاس اسی ایوان میں آیا، تو اس کے سامنے مختار بن ابی عبید کا سر رکھا ہوا دیکھا، پھر آج میں آپ کو اس حال میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ کے سامنے مصعب کا سر رکھا ہوا ہے، یہ سن کر عبدالملک بن مروان گھبرا کر کھڑا ہو گیا، اور اس نے اس ایوان کے منہدم کرنے کا حکم دیا (تاکہ اس ایوان میں یہ سلسلہ آگے نہ چلے)''۔انتھٰی۔ [2]

---

[1] أخبرنا محمد بن عمر قال :حدثنی مصعب بن ثابت بن عبد الله بن الزبیر قال :سألت عامر بن عبد الله بن الزبیر :متی قتل مصعب بن الزبیر رحمه الله؟ قال :قتل یوم الخمیس للنصف من جمادی الأولی سنة اثنتین وسبعین ,وکان الذی سار إلیه فقتله عبد الملک بن مروان (الطبقات الکبری،لابنِ سعد، ج۵،ص ۱۴۰، تحت ترجمة "معصب بن عمیر" رقم الترجمة ۷۳۲، الطبقة الثانیة)

[2] ثم بعث ابن الزبیر أخاه مصعباً علی العراق فقدم البصرة وأعطاه أهلها الطاعة وأمضی للمهلب بن أبی صفرة ما کان أهلها ولوه من قتال الأزارقة وخرج إلی الکوفة وکان المختار یحتال فی استمالة الناس بضروب من الحیل وکان یروی الروایات ویستعمل المخاریق ویدعی

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اور ابنِ وردی نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ:

چھیاسٹھ ہجری میں مختار بن ابی عبید نے کوفہ میں حسین رضی اللہ عنہ کے خون کے بدلہ کا مطالبہ کرنے کے لئے خروج کیا، جس کے ساتھ بہت سے لوگ شامل ہوگئے، اور مختار نے کوفہ پر غلبہ حاصل کرلیا، اور لوگوں نے مختار کے ہاتھ پر اس

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

المعجزات ويزعم أن جبريل وميكائيل يأتيانه ويأمر بعض أصحابه أن يشهد له أنه رأى الملائكة نزلت لنصرته وفيه يقول (هزج)

ألا ابلغ أبا إسحاق عنى ...بأن الخيل كعت مصميات

أرى عينى ما لم تبصرا ... كلانا عالم بالترهات

فزحف إليه مصعب بن الزبير فبيته المختار وقتل من أصحابه ستة آلاف وقتل عبيد الله بن على بن أبى طالب ومحمد بن الأشعث بن قيس وكانا محبوسين فى عسكر مصعب ولم يشعر بهما فلما كان من الغد جد مصعب فى قتاله فلجأ إلى قصر الكوفة فحاصره مصعب إلى أن قتله وقتل من كان معه فى القصر وهم ستّة آلاف وثمان مائة رجل وأخذ عمرة بنت النعمان بن بشير وكانت تحت المختار بن أبى عبيد وعرض عليها البراء ة من المختار فأبت فضرب عنقها وفيها يقول عبد الرحمن بن حسّان (خفيف) كتب القتل والقتال علينا ...وعلى الغانيات جر الذيول.

واستولى مصعب على العراقين فسار إليه عبد الملك بن مروان فالتقوا بمسكن وقتل مصعب وبعث برأسه الى عبد الله بن خازم بخراسان وقد بايع لابن الزبير ودعا له وكتب إن بايعتنى أطعمتك خراسان عشر سنين فكتب اليه ابن حازم (طويل)

أعيش زبيرى الحياة فإن أمت ...فإنى موص هامتى بالتزبر

واستقام العراق لعبد الملك بن مروان قال عبد الملك بن عمير الليثى دخلت قصر الإمارة بالكوفة وعبد الملك بن مروان قاعد فى الإيوان على سريره وبين يديه ترس وعليه رأس مصعب بن الزبير فتبسمت فقال ممّ تبسمت فقلت يا أمير المؤمنين أتيت عبيد الله بن زياد فى هذا الإيوان بين يديه رأس الحسين بن على ثم رأيت المختار وبين يديه رأس عبيد الله بن زياد فى هذا الإيوان ثم أتيت مصعب بن الزبير فى هذا الإيوان وبين يديه رأس المختار بن أبى عبيد ثم أراك وبين يديك رأس مصعب فقام عبد الملك فزعا وأمر بهدم الإيوان فهدم قال وكذلك لما بعث المختار برأس عبيد الله بن زياد وعمر بن سعد إلى محمد بن الحنفية لينصبهما فى المسجد الحرام كان محمّد بن الحنفيّة يأكل فقال محمد الحمد للّه أتى ابن زياد برأس الحسين وهو يأكل وأتينا برأس ابن زياد ونحن على هذه الحالة وفى مصعب بن الزبير يقول ابن قيس الرقيات (منسرح)

إنّ الرزيّة يوم مسكن ...والمصيبة والفجيعة.بابن الحوارى الذى لم ...يعده يوم الوقيعة

(البدء والتاريخ، ج٦، ص ٢٢، الى ٢٤، الفصل الحادى والعشرون فى ولاية بنى أمية إلى آخر أيامهم، ذكر ما جرى بين المختار وبين ابن الزبير)

مقصد کے لئے بیعت کر لی، اور مختار نے شمر کو قتل کر دیا، پھر، عمرو بن سعد اور سعد بن عمرو کو بھی قتل کر دیا، اور ان کے سر اُتار کر حجاز میں محمد بن حنفیہ کے پاس بھیج دیئے۔

اور پھر سڑسٹھ (67) ہجری میں مختار نے ابراہیم بن اشتر نخعی کو بھیج کر عبید اللہ بن زیاد، اور اس کے ساتھیوں کو قتل کر دیا، اور اس کے اور چند ساتھیوں کے سر اُتار کر مختار کے پاس بھیج دیئے، اور اللہ نے مختار کے ذریعہ حضرت حسین کے قاتلوں سے انتقام لے لیا، اگر چہ مختار کی نیت درست نہ ہو (لیکن اللہ جس کے ذریعہ چاہے، انتقام لے لیتا ہے)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث میں ہے کہ اللہ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ وہ میرے بیٹے حسین کے قتل کے بدلہ بے شمار لوگوں کو قتل کرے گا۔

اس طرح اللہ کا یہ وعدہ پورا ہو کر رہا''۔ انتھٰی۔ [1]

ابو حنیفہ احمد بن داؤد، دینوری نے ''الاخبار الطوال'' میں لکھا ہے کہ:

''مختار ثقفی نے اپنے دورِ حکومت میں عراق اور تمام دوسرے علاقوں پر تسلط حاصل

---

[1] ثم دخلت سنة ست وستين :فيها خرج المختار بن عبيد الله الثقفي بالكوفة طالبا بدم الحسين رضي الله عنه في جمع كثير، واستولى عليها، وبايعوه بها على كتاب الله وسنة رسوله والطلب بدم أهل البيت، وتجرد المختار لقتل قتلة الحسين وظفر بشمر فقتله، واحتاط بدار خولي الأصبحي صاحب رأس الحسين وقتله وأحرقه، وقتل عمرو بن سعد بن أبي وقاص صاحب الجيش، وسعد بن عمرو المذكور وبعث برأسيهما إلى محمد بن الحنفية بالحجاز في ذي الحجة منها، ثم اتخذ المختار كرسيا وادعى أن فيه سرا وأنه لهم مثل التابوت لبني إسرائيل، ولما أرسل المختار بالجنود لقتال عبيد الله بن زياد خرج بالكرسي على بغل يحمله في القتال.

ثم دخلت سنة سبع وستين :وفيها :استولى المختار على الموصل وقدم على الجيش إبراهيم بن الأشتر النخعي فقاتلوا جيش عبيد الله بن زياد، فقتل عبيد الله بن زياد وانهزم أصحابه وغرق كثير منهم في الزاب؛ قتله ابن الأشتر في المعركة وأحرق جثته وبعث برأسه وعدة من رؤوس أصحابه إلى المختار، وانتقم الله للحسين بالمختار وإن لم تكن نية المختار.

قلت :في الحديث عن النبي -صلى الله عليه وسلم " : أن الله قتل بيحيى بن زكريا سبعين ألفا ووعدني أن يقتل بابني هذا -يعني الحسين -سبعين ألفا "، وكان كما قال والله أعلم( تاريخ ابن الوردي، ج ١، ص١٦٧، أخبار ابن الزبير)

کرلیا تھا، سوائے شام، مصر اور جزائر کے۔

اور اس نے مختلف علاقوں کے لئے اپنے امیر مقرر کردیے تھے"۔ انتھٰی۔ [1]

تاہم یہ ملحوظ رہنا ضروری ہے کہ تاریخی روایات میں راویوں کی حیثیت ونوعیت، اور دیگر قرائن کی وجہ سے تصدیق، تکذیب، اور راجح، مرجوح قرار دئے جانے کا احتمال ہوا کرتا ہے، اور اہلِ علم حضرات اپنے حسبِ اجتہاد، ان میں سے کوئی قول اختیار کرلیتے ہیں، جو علمی اعتبار سے قابلِ نکیر نہیں، بے شک قابلِ ترجیح نہ ہو۔

اس لئے موجودہ دور کے بعض حضرات کا تاریخی روایات کی بنیاد پر محاذ کھڑا کرکے ایک دوسرے کی تضلیل وتکفیر کا طرزِ عمل اختیار کرنا، درست نہیں، کیونکہ تاریخی روایات میں اجتہاد کی گنجائش ہوا کرتی ہے، جس کے ضمن میں راجح، مرجوح کی بحث کی بھی گنجائش ہوتی ہے، اور یہ بات معلوم ہے کہ اجتہادی مسائل میں ایک دوسرے پر نکیر اور طعن وتشنیع درست نہیں ہوا کرتی۔

اصل چیز معتبر نصوص کی اتباع ہے، جو بہر حال ضروری ہے۔

جہاں تک فقہی احکام کا تعلق ہے، تو اس کے اصول وضوابط اپنی جگہ ہوتے ہیں، ان کا لحاظ اپنی جگہ ضروری ہوا کرتا ہے، جو صحابہ وتابعین اور سلفِ صالحین کی مبارک سیرت سے بآسانی معلوم کئے جاسکتے ہیں، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

آج کل ایک شعبہ کی بات کو دوسرے شعبہ میں بے جا طریقہ پر داخل کرنے، اور دوسرے

---

[1] ثم ان المختار غلب على الكوفه ودانت له العراق وسائر البلاد الا الجزيرة والشام ومصر، فان عبد الملک قد كان حماها، ووجه عماله فى الافاق. فاستعمل عبد الرحمن بن سعيد بن قيس الهمدانى على الموصل، ومحمد بن عثمان التميمى على اذربيجان، وعبد الله بن الحارث أخا الاشتر على الماهين وهمذان، ويزيد ابن معاويه البجلى على أصبهان وقم وأعمالها، وابن مالک البكراوى على حلوان وماسبذان، ويزيد بن ابى نجبه الفزارى على الرى ودستبى، وزحر بن قيس على جوخى. وفرق سائر البلدان على خاصته. وولى الشرطه كيسان أبا عمره، وامره ان يجمع الف رجل من الفعله بالمعاول، وتتتبع دور من خرج الى قتال الحسين بن على، فيهدمها (الأخبار الطوال، ص ۲۹۲، خلافه عبد الملک بن مروان، الدعوة الى العلويين)

شعبہ کے اصولوں کو نظر انداز، بلکہ پامال کرنے کی وجہ سے طرح طرح کے فتنے لازم آ رہے ہیں، جن سے بچنے، بچانے کی ضرورت ہے۔

## ابوبکر جصاص وابراہیم نخعی کا حوالہ

ابوبکر جصاص حنفی (المتوفیٰ: 370 ہجری) نے ''شرح مختصر الطحاوی'' میں فرمایا کہ ابراہیم نخعی کہتے ہیں کہ لوگوں نے سب سے پہلے مختار کذاب کے پیچھے قرائت کی، کیونکہ وہ یہ سمجھتے تھے کہ مختار، امی ہے، وہ قرآن کی قرائت نہیں کر پاتا۔

اور ابوبکر جصاص ہی نے ''احکام القرآن'' میں فرمایا کہ ابراہیم نخعی کہتے ہیں کہ ہم نے امام کے پیچھے قرائت کرنے کو نہیں سنا تھا، یہاں تک کہ مختار کذاب پر لوگوں نے تہمت لگائی، تو اس کے پیچھے لوگوں نے قرائت کی۔ [1]

ابنِ ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں اعمش سے ابراہیم نخعی کا یہ قول روایت کیا ہے کہ سب سے پہلے امام کے پیچھے قرائت کو مختار نے شروع کیا، اور لوگ امام کے پیچھے قرائت نہیں کیا کرتے تھے۔ [2]

## علامہ ابنِ تیمیہ کا حوالہ

علامہ ابنِ تیمیہ نے ''منهاجُ السنة'' میں فرمایا:

---

[1] قال إبراهيم النخعي " :أول ما قرأ الناس خلف الإمام قرؤوا خلف المختار الكذاب، كانوا يرون أنه أمي لا يقرأ القرآن."(شرح مختصر الطحاوی، ج ۱ ،ص ۶۵۷، كتاب الصلاة،باب صفة الصلاة)

قال منصور عن إبراهيم: ما سمعنا بالقرائة خلف الإمام حتى كان المختار الكذاب فاتهموه فقرئوا خلفه(أحكام القرآن،للجصاص، ج۳،ص ۵۵ ،سورة الانعام،باب النهى عن مجالسة الظالمين)

[2] حدثنا الأحمر ، عن الأعمش ، عن إبراهيم ، قال :أول من أحدث القراء ة خلف الإمام المختار ، وكانوا لا يقرؤون(مُصنف ابن أبى شيبة،رقم الحديث ۳۷۰۱۳،كتاب الأوائل،باب أول ما فعل ومن فعله)

وأول هؤلاء -بل خيارهم -هو المختار بن أبي عبيد الكذاب . فإنه كان أمير الشيعة، وقتل عبيد الله بن زياد، وأظهر الانتصار للحسين حتى قتل قاتله، وتقرب بذلک إلى محمد بن الحنفية وأهل البيت، ثم ادعى النبوة وأن جبريل يأتيه .وقد ثبت في صحيح مسلم عن النبي -صلى الله عليه وسلم -أنه قال " :سيكون في ثقيف كذاب ومبير " فكان الكذاب هو المختار بن أبي عبيد، وكان المبير هو الحجاج بن يوسف الثقفي (منهاج السنة النبوية ،ج۲،ص۶۸ الٰی ۷۰،الفصل الثانی،الوجه الخامس)

ترجمہ: اوران (شیعہ) لوگوں میں سب سے پہلا، بلکہ ان کا پسندیدہ شخص ''مختار بن ابی عبید کذاب'' تھا، جو کہ شیعہ کا امیر تھا، اور اس نے عبیداللہ بن زیاد کو قتل کیا تھا، اور اس نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی مدد اور نصرت کا اظہار کیا تھا، یہاں تک کہ اس نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے قاتل کو قتل کر دیا تھا، اور اس کے ذریعہ محمد بن حنفیہ اور اہلِ بیت کا قرب حاصل کرلیا تھا، پھر جبریل کی اپنے پاس آمد، اور اس کے نتیجہ میں نبوت کا دعویٰ کر دیا تھا۔

اور صحیح مسلم میں نبی صلی اللہ علیہ کی یہ حدیث مروی ہے کہ ''عنقریب ثقیف میں ایک ''کذاب'' اور ایک ''مبیر'' (یعنی فناء وقتل کرنے والا) ہوگا''۔

پس ''کذاب'' سے مراد ''مختار بن ابی عبید''، اور ''مبیر'' سے مراد ''حجاج بن یوسف ثقفی'' ہے (منہاج السنۃ)

ہم پیچھے ذکر کر آئے ہیں کہ بعض مرفوع احادیث وروایات میں ''ثقفی'' قبیلہ کے دونوں افراد کے کذاب ہونے، اور دوسرے کے ''مبیر'' بھی ہونے، اور پہلے سے زیادہ شریر وشدید ہونے کی تصریح ہے، جس کا مصداق ''حجاج ثقفی'' ہے۔

اور ''مختار ثقفی'' کے مدعیِ نبوت'' ہونے کے دعوے کا ثبوت مستند روایات سے ثابت نہیں، اور جن روایات سے اس قول کو اخذ کیا گیا ہے، وہ اس سلسلہ میں معتبر نہیں، اور ''کفرِ استلزامی'' کی وجہ سے ''کفرِ التزامی'' کا حکم لگانا، راجح نہیں۔

# علامہ ابنِ تیمیہ کا دوسرا حوالہ

اور علامہ ابنِ تیمیہ نے اپنے فتاویٰ میں فرمایا:

**وهؤلاء تأتيهم أرواح تخاطبهم وتتمثل لهم وهى جن وشياطين فيظنونها ملائكة كالأرواح التى تخاطب من يعبد الكواكب والأصنام .**

**وكان من أول ما ظهر من هؤلاء فى الإسلام :المختار بن أبى عبيد الذى أخبر به النبى صلى الله عليه وسلم فى الحديث الصحيح الذى رواه مسلم فى صحيحه عن النبى صلى الله عليه وسلم أنه قال :"سيكون فى ثقيف كذاب ومبير"**

**وكان الكذاب :المختار بن أبى عبيد والمبير :الحجاج بن يوسف .**

**فقيل لابن عمر وابن عباس :إن المختار يزعم أنه ينزل إليه فقالا :صدق قال الله تعالى:"هل أنبئكم على من تنزل الشياطين،تنزل على كل أفاك أثيم"وقال الآخر وقيل له إن المختار يزعم أنه يوحى إليه فقال :قال الله تعالى:"وإن الشياطين ليوحون إلى أوليائهم ليجادلوكم"(مجموع الفتاوى، ج ۱۱،ص ۲۳۸، ۲۳۹، كتاب التصوف،مناقضة ابن عربى للرسل )**

ترجمہ: اوران گمراہ لوگوں کے پاس ارواح آ کران سے خطاب کرتی ہیں، اوران کے سامنے کسی کی صورت میں ظاہر ہوتی ہیں، حالانکہ درحقیقت وہ جن اور شیاطین ہوتے ہیں، جن کو یہ لوگ فرشتے گمان کر لیتے ہیں، جیسا کہ ستاروں اور بتوں کی عبادت کرنے والوں سے ارواح خطاب کرتی ہیں۔

اور اسلام میں سب سے پہلے جس کے سامنے یہ ظاہر ہوا، وہ ''مختار بن ابی عبید'' تھا، جس کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحیح حدیث میں خبر دی ہے، جس کو امام مسلم نے اپنے صحیح میں روایت کیا ہے کہ ''نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب ثقیف میں ایک ''کذاب'' اور ایک ''مبیر'' (یعنی فناء وقتل کرنے والا) ہوگا''

پس ''کذاب'' سے مراد ''مختار بن ابی عبید'' اور ''مبیر'' سے مراد ''حجاج بن یوسف

ثقفی‘‘ ہے، پس ابنِ عمر اور ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے کہا گیا کہ مختار بن ابی عبید یہ گمان کرتا ہے کہ اس کی طرف وحی نازل ہوتی ہے، تو ان دونوں میں سے ایک نے جواب میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے بالکل سچ فرمایا کہ:

**”هل أنبئكم على من تنزل الشياطين. تنزل على كل أفاك أثيم“.**

اور دوسرے سے جب سوال کیا گیا کہ مختار یہ گمان کرتا ہے کہ اس کی طرف وحی بھیجی جاتی ہے، تو انہوں نے جواب میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا کہ:

**”وإن الشياطين ليوحون إلى أوليائهم ليجادلوكم“.**

(مجموع الفتاویٰ)

## علامہ ابنِ تیمیہ کا تیسرا حوالہ

نیز علامہ ابنِ تیمیہ نے ہی اپنے فتاویٰ میں ایک مقام پر فرمایا:

**و "الوحي "وحيان :وحي من الرحمن ووحي من الشيطان قال تعالى:”وإن الشياطين ليوحون إلى أوليائهم ليجادلوكم“وقال تعالى:”وكذلك جعلنا لكل نبي عدوا شياطين الإنس والجن يوح بعضهم إلى بعض زخرف القول غرورا“وقال تعالى:”هل أنبئكم على من تنزل الشياطين“**

**وقد كان المختار بن أبي عبيد من هذا الضرب حتى قيل لابن عمر وابن عباس قيل لأحدهما إنه يقول إنه يوحى إليه فقال:”وإن الشياطين ليوحون إلى أوليائهم ليجادلوكم“وقيل للآخر :إنه يقول إنه ينزل عليه فقال :”هل أنبئكم على من تنزل الشياطين“** (مجموع الفتاوى، ج۱۳، ص۷۴، ۷۵، كتاب مقدمة التفسير، الوحي وحيان: وحي من الله ووحي من الشيطان)

ترجمہ: وحی کی دو قسمیں ہیں، ایک وحی رحمٰن کی طرف سے ہے، اور ایک وحی شیطان کی طرف سے ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**”وكذلك جعلنا لكل نبي عدوا شياطين الإنس والجن يوحي**

**بعضهم إلى بعض زخرف القول غرورا".**

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**"هل أنبئكم على من تنزل الشياطين".**

اور مختار بن ابی عبید کا تعلق اسی قسم سے تھا، یہاں تک حضرت ابنِ عمر اور ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے عرض کیا گیا کہ یہ اپنی طرف وحی کے آنے، اور جبریل کے نزول کا دعویٰ کرتا ہے؟ تو ان صحابی میں سے ایک نے جواب میں فرمایا:

**"وإن الشياطين ليوحون إلى أوليائهم ليجادلوكم".**

اور دوسرے سے جب سوال کیا گیا کہ مختار یہ کہتا ہے کہ اس کی طرف وحی بھیجی جاتی ہے، تو انہوں نے جواب میں فرمایا کہ:

**"هل أنبئكم على من تنزل الشياطين"** (مجموع الفتاویٰ)

## علامہ ابنِ تیمیہ کا چوتھا حوالہ

اور علامہ ابنِ تیمیہ نے ایک مقام پر فرمایا:

**ثم مات يزيد وتفرقت الأمة :ابن الزبير بالحجاز وبنو الحكم بالشام ووثب المختار بن أبي عبيد وغيره بالعراق .وذلک في أواخر عصر الصحابة وقد بقي فيهم مثل عبد الله بن عباس وعبد الله بن عمر وجابر بن عبد الله وأبي سعيد الخدري وغيرهم**(مجموع الفتاوی، ج۱۰، ص۳۵۷، کتاب علم السلوک)

ترجمہ: پھر یزید کی وفات ہوگئی، اور امت میں تفریق ہوگئی، ابنِ زبیر نے "حجاز" میں، اور بنو حکم نے "شام" میں حکومت قائم کی، اور مختار بن ابی عبید وغیرہ نے "عراق" میں غلبہ حاصل کیا، اور یہ صحابہ کے آخری دور کی بات ہے، اس وقت عبداللہ بن عباس، اور عبداللہ بن عمر، اور جابر بن عبداللہ اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہم موجود تھے (مجموع الفتاویٰ)

# علامہ ابنِ تیمیہ کا پانچواں حوالہ

اور علامہ ابنِ تیمیہ نے ایک مقام پر فرمایا:

**وقد كان الصحابة رضوان الله عليهم يصلون خلف من يعرفون فجوره كما صلى عبد الله بن مسعود وغيره من الصحابة خلف الوليد بن عقبة بن أبي معيط وكان قد يشرب الخمر وصلى مرة الصبح أربعا وجلده عثمان بن عفان على ذلك .وكان عبد الله بن عمر وغيره من الصحابة يصلون خلف الحجاج بن يوسف .وكان الصحابة والتابعون يصلون خلف ابن أبي عبيد وكان متهما بالإلحاد وداعيا إلى الضلال** (مجموع الفتاوی، ج۳، ص ۲۸۱، کتاب مجمل اعتقاد السلف)

ترجمہ: اور صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم، ان لوگوں کے پیچھے نماز پڑھ لیا کرتے تھے، جن کے فسق وفجور سے وہ واقف ہوا کرتے تھے۔ جیسا کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور دوسرے صحابہ نے ولید بن عقبہ بن ابی معیط کی اقتداء میں نماز پڑھی، دراں حالیکہ وہ شراب پیتا تھا، اور ایک مرتبہ اس نے فجر کی چار رکعتیں پڑھا دی تھیں، اور اس کو حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے اس حرکت پر کوڑے بھی لگوائے تھے۔

اور عبداللہ بن عمر اور دوسرے صحابہ حجاج بن یوسف کے پیچھے نماز پڑھ لیا کرتے تھے، اور صحابہ وتابعین مختار بن ابی عبید کے پیچھے نماز پڑھ لیا کرتے تھے، دراں حالیکہ وہ الحاد کے ساتھ متہم تھا، اور گمراہی کا داعی تھا (مجموع الفتاویٰ)

# علامہ ابنِ تیمیہ کا چھٹا حوالہ

اور علامہ ابنِ تیمیہ نے ایک مقام پر فرمایا:

**فإذا كان داعية منع من ولايته وإمامته وشهادته وروايته لما في ذلك من**

النهي عن المنكر لا لأجل فساد الصلاة أو اتهامه في شهادته وروايته فإذا أمكن لإنسان ألا يقدم مظهرا للمنكر في الإمامة وجب ذلك .

لكن إذا ولاه غيره ولم يمكنه صرفه عن الإمامة أو كان هو لا يتمكن من صرفه إلا بشر أعظم ضررا من ضرر ما أظهره من المنكر فلا يجوز دفع الفساد القليل بالفساد الكثير ولا دفع أخف الضررين بتحصيل أعظم الضررين فإن الشريعة جاء ت بتحصيل المصالح وتكميلها وتعطيل المفاسد وتقليلها بحسب الإمكان .ومطلوبها ترجيح خير الخيرين إذا لم يمكن أن يجتمعا جميعا ودفع شر الشرين إذا لم يندفعا جميعا.

فإذا لم يمكن منع المظهر للبدعة والفجور إلا بضرر زائد على ضرر إمامته لم يجز ذلك بل يصلي خلفه ما لا يمكنه فعلها إلا خلفه كالجمع والأعياد والجماعة .إذا لم يكن هناك إمام غيره ولهذا كان الصحابة يصلون خلف الحجاج والمختار بن أبي عبيد الثقفي وغيرهما الجمعة والجماعة فإن تفويت الجمعة والجماعة أعظم فسادا من الاقتداء فيهما بإمام فاجر لا سيما إذا كان التخلف عنهما لا يدفع فجوره فيبقى ترك المصلحة الشرعية بدون دفع تلك المفسدة (مجموع الفتاوى، ج۲۳، ص۳۴۳، كتاب الفقه، الجزء الثالث: من سجود السهو إلى صلاة أهل الأعذار، فصل :الصلاة خلف أهل الأهواء والبدع وخلف أهل الفجور)

ترجمہ: پس جب کوئی بدعت کا داعی ہو، تو اس کی حکومت، اس کی امامت، اور اس کی گواہی، اور اس کی روایت سے منع کیا جائے گا، کیونکہ اس میں منکر سے روکنا پایا جاتا ہے، اس وجہ سے منع نہیں کیا جائے گا کہ اس کی نماز درست نہیں ہوتی، یا اس کی گواہی، اور اس کی روایت میں تہمت پائی جاتی ہے۔

پس جب تک انسان کے لئے ممکن ہو کہ وہ امامت میں ایسے شخص کو آگے نہ کرے، جو منکر کا اظہار کرنے والا ہو، تو اس پر ایسا کرنا، واجب ہے۔

لیکن جب اس کو دوسرا حکومت واقتدار فراہم کردے، اور اس کو امامت وحکومت سے ہٹانے کی قدرت نہ ہو، یا وہ جو منکر ظاہر کررہا ہے، اس کو ہٹانے پر، اس سے

بڑا منکر لازم آتا ہو، تو فسادِ قلیل کو فسادِ کثیر کے ذریعہ سے دور کرنا جائز نہیں، اور دو ضرروں میں سے ہلکے ضرر کو اس سے بڑا ضرر حاصل کر کے دور کرنا بھی جائز نہیں، کیونکہ شریعت، مصالح کے حصول، اور ان کی تکمیل کے لئے اور مفاسد کو دور، یا کم کرنے کے لئے آئی ہے، جتنی قدرت ہو، اس کے مطابق، اور شریعت کو مطلوب دو خیروں میں سے کسی ایک خیر کی ترجیح ہے، جب ان دونوں خیروں کو اکھٹا جمع کرنا ممکن نہ ہو، اور شریعت کو دو شروں میں سے ایک شر کو دور کرنا مطلوب ہے، جب دونوں شرا کھٹے دور نہ ہوتے ہوں۔

پس جب اس کی امامت کے ضرر سے زیادہ بڑا ضرر پیدا کیے بغیر، بدعت اور فسق وفجور کے اظہار کرنے والے کو منع کرنے کی قدرت نہ ہو، تو پھر یہ عمل جائز نہیں، بلکہ اس کے پیچھے ایسی نماز پڑھ لینی چاہیے، جس کو اس کے پیچھے پڑھے بغیر چارہ نہ ہو، جیسا کہ جمعہ اور عید کی نماز، اور جماعت کی نماز، جب اس کے علاوہ وہاں پر دوسرا امام نہ ہو، اور اسی وجہ سے صحابہ حجاج بن یوسف اور مختار بن ابی عبید ثقفی وغیرہ کے پیچھے جمعہ اور جماعت کی نماز پڑھ لیا کرتے تھے، کیونکہ جمعہ اور جماعت کا فوت ہونا، فاسق وفاجر امام کی اقتداء سے زیادہ بڑے فساد کا سبب ہے، خاص طور پر جبکہ ان نمازوں سے پیچھے رہنا، ان کے فسق وفجور کو دور نہیں کرتا، پس مصلحتِ شرعیہ کا ترک کرنا، اس مفسدہ کو دور کئے بغیر باقی رہ جاتا ہے (مجموع الفتاویٰ)

اس کے بعد بھی آگے علامہ ابنِ تیمیہ نے اسی قسم کی تفصیل ذکر کی ہے۔ [1]

---

[1] ولو علم المأموم أن الإمام مبتدع يدعو إلى بدعته أو فاسق ظاهر الفسق وهو الإمام الراتب الذى لا تمكن الصلاة إلا خلفه كإمام الجمعة والعيدين والإمام فى صلاة الحج بعرفة ونحو ذلك. فإن المأموم يصلى خلفه عند عامة السلف والخلف وهو مذهب أحمد والشافعى وأبى حنيفة وغيرهم .ولهذا قالوا فى العقائد :إنه يصلى الجمعة والعيد خلف كل إمام برا كان أو فاجرا

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

# علامہ ابنِ حزم کا حوالہ

اور علامہ ابنِ حزم لکھتے ہیں:

**وذهب طائفة الصحابة كلهم دون خلاف من أحد منهم وجميع فقهاء التابعين كلهم دون خلاف من أحد منهم وأكثر من بعدهم وجمهور اصحاب الحديث وهو قول أحمد والشافعي وأبي حنيفة وداود وغيرهم إلى جواز الصلاة خلف الفاسق الجمعة وغيرها وبهذا نقول وخلاف هذا**

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وكذلك إذا لم يكن في القرية إلا إمام واحد فإنها تصلى خلفه الجماعات فإن الصلاة في جماعة خير من صلاة الرجل وحده وإن كان الإمام فاسقا .هذا مذهب جماهير العلماء :أحمد بن حنبل والشافعي وغيرهما بل الجماعة واجبة على الأعيان في ظاهر مذهب أحمد .ومن ترك الجمعة والجماعة خلف الإمام الفاجر فهو مبتدع عند الإمام أحمد .وغيره من أئمة السنة .كما ذكره في رسالة عبدوس .وابن مالك والعطار .والصحيح أنه يصليها ولا يعيدها فإن الصحابة كانوا يصلون الجمعة والجماعة خلف الأئمة الفجار ولا يعيدون كما كان ابن عمر يصلي خلف الحجاج وابن مسعود وغيره يصلون خلف الوليد بن عقبة وكان يشرب الخمر حتى أنه صلى بهم مرة الصبح أربعا ثم قال :أزيدكم؟ فقال ابن مسعود :ما زلنا معك منذ اليوم في زيادة ولهذا رفعوه إلى عثمان .وفي صحيح البخاري أن عثمان رضي الله عنه لما حصر صلى بالناس شخص فسأل سائل عثمان .فقال: إنك إمام عامة وهذا الذي يصلي بالناس إمام فتنة .فقال :يا ابن أخي إن الصلاة من أحسن ما يعمل الناس فإذا أحسنوا فأحسن معهم وإذا أساء وا فاجتنب إساء تهم .ومثل هذا كثير .والفاسق والمبتدع صلاته في نفسه صحيحة فإذا صلى المأموم خلفه لم تبطل صلاته لكن إنما كره من كره الصلاة خلفه لأن الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر واجب ومن ذلك أن من أظهر بدعة أو فجورا لا يرتب إماما للمسلمين فإنه يستحق التعزير حتى يتوب فإذا أمكن هجره حتى يتوب كان حسنا وإذا كان بعض الناس إذا ترك الصلاة خلفه وصلى خلف غيره أثر ذلك حتى يتوب أو يعزل أو ينتهي الناس عن مثل ذنبه .فمثل هذا إذا ترك الصلاة خلفه كان فيه مصلحة ولم يفت المأموم جمعة ولا جماعة .وأما إذا كان ترك الصلاة يفوت المأموم الجمعة والجماعة فهنا لا يترك الصلاة خلفهم إلا مبتدع مخالف للصحابة رضي الله عنهم .وكذلك إذا كان الإمام قد رتبه ولاة الأمور ولم يكن في ترك الصلاة خلفه مصلحة فهنا ليس عليه ترك الصلاة خلفه بل الصلاة خلف الإمام الأفضل أفضل وهذا كله يكون فيمن ظهر منه فسق أو بدعة تظهر مخالفتها للكتاب والسنة كبدعة الرافضة والجهمية ونحوهم(مجموع الفتاوى، ج۲۳، ص ۳۵۲،الیٰ ۳۵۵،كتاب الفقه،الجزء الثالث: من سجود السهو إلى صلاة أهل الأعذار،باب الامامة،الصلاة خلف المرازقة وعن بدعتهم)

www.idaraghufran.org

**القول بدعة محدثة فما تأخر قط أحد من الصحابة الذين أدركوا المختار بن عبيد والحجاج وعبيد الله بن زياد وحبيش بن دلجة وغيرهم عن الصلاة خلفهم وهؤلاء أفسق الفساق وأما المختار فكان متهما فی دينه مظنونا به الكفر** (الفصل فی الملل والأهواء والنحل، ج۴، ص۱۳۵، الكلام فی الصلاة خلف الفاسق)

ترجمہ: اور صحابہ کی جماعت پوری کی پوری، ان میں سے کسی ایک کے اختلاف کے بغیر اور تمام فقہائے تابعین کسی ایک کے اختلاف کے بغیر، اور ان کے بعد اکثر حضرات، اور جمہور اہل الحدیث حضرات سب اس طرف گئے ہیں، اور یہی امام احمد اور شافعی، اور ابوحنیفہ اور داؤد ظاہری وغیرہ کا قول ہے کہ فاسق کے پیچھے نمازِ جمعہ وغیرہ جائز ہے۔

اور ہم بھی یہی کہتے ہیں، اور اس قول سے اختلاف کرنا بدعت ہے، جو بعد کی ایجاد ہے، پس ان صحابہ میں سے کسی نے بھی، جنہوں نے مختار بن عبید اور حجاج بن یوسف، اور عبید اللہ بن زیاد، اور حبیش بن دجلہ وغیرہ کو پایا، ان کے پیچھے نماز پڑھنے سے انحراف نہیں کیا، دراں حالیکہ یہ لوگ **افسقُ الفساق** ہیں، بلکہ مختار بن ابی عبید تو دین میں متہم اور **مظنون بالکفر** بھی تھا (الفصل فی الملل والنحل)

## علامہ ابنِ حزم کا دوسرا حوالہ

اور علامہ ابنِ حزم دوسرے مقام پر لکھتے ہیں:

**وعن قتادة قلت لسعيد بن المسيب :أنصلی خلف الحجاج؟ قال :إنا لنصلی خلف من هو شر منه.**

**قال علی :ما نعلم أحدا من الصحابة -رضی الله عنهم -امتنع من الصلاة خلف المختار، وعبد الله بن زياد، والحجاج، ولا فاسق أفسق من هؤلاء** (المحلیٰ بالآثار، ج۳، ص۱۳۰، كتاب الصلاة، مسألة الأعمی والبصير والعبد والحر سواء فی الإمامة فی الصلاة)

ترجمہ: اور قتادہ سے روایت ہے کہ میں نے سعید بن مسیّب سے کہا کہ کیا ہم حجاج بن یوسف کے پیچھے نماز پڑھ لیں؟ تو انہوں نے جواب میں فرمایا کہ ہم تو اس سے زیادہ شر والے کے پیچھے بھی نماز پڑھ لیتے ہیں۔

علی بن حزم کہتے ہیں کہ ہمارے علم میں نہیں کہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی ایک نے بھی مختار بن ابی عبید، اور عبداللہ بن زیاد اور حجاج کے پیچھے نماز سے منع کیا ہو۔ اور ان لوگوں سے زیادہ بڑا فاسق کون ہوگا؟ (المحلیٰ بالآثار)

## حافظ ابنِ کثیر کا حوالہ

حافظ ابنِ کثیر ''کذاب اور مبیر'' سے متعلق حدیث نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

**فالكذاب: المختار بن أبي عبيد، والمبير هو: الحجاج، كما فسرت ذلك للحجاج حين قتل ولدها رضي الله عنه.**

**وقد كان الحجاج من الملوك الجبارين الذين طغوا في البلاد، وقتل الجم الغفير من صدر هذه الأمة، ومع هذا فأمره إلى الله، فإنه لم يترف بغير الظلم وسفك الدماء، ولا يلتفت إلى قول الرافضة فيه من تكفيره، وتكفير مستنيبيه، بل هم من ملوك الإسلام، لهم ما لهم، وعليهم ما عليهم** (مسند الفاروق، ج۳، ص۸۳، كتاب الجامع، حديث في ذكر الحجاج بن يوسف الثقفي)

ترجمہ: پس ''کذاب'' سے مراد ''مختار بن ابی عبید'' ہے، اور ''مبیر'' سے مراد ''حجاج'' ہے، جیسا کہ حضرت اسماء نے اس کی حجاج کے سامنے تفسیر کی، جب اس نے ان کے بیٹے کو قتل کیا، اور حجاج، ان جبر وظلم کرنے والے حکمرانوں میں سے تھا، جنہوں نے شہروں میں فساد برپا کیا، اور اس امت کے ابتدائی جمِ غفیر کو قتل کیا، لیکن اس کے باوجود اس کا معاملہ، اللہ کے سپرد ہے، کیونکہ اس نے ظلم اور خون بہانے کے علاوہ (صریح کفر) کا ارتکاب نہیں کیا، اور رافضہ کے اس قول کی طرف توجہ نہیں کی جائے گی، جس میں اس کو، اور اس کے نائب کو کافر قرار دیا گیا

ہے، بلکہ یہ لوگ (مختار وحجاج اور ان کے نائبین) اسلام کے حکمران ہیں، جو انہوں نے نیک عمل کیا، اس کی ان کو جزاء حاصل ہوگی، اور جو گناہ وبدعملی کی، اس کا ان پر وبال ہوگا (مسند فاروق)

معلوم ہوا کہ اہل السنہ والجماعہ کے محققین نے ''مختار وحجاج ثقفی'' پر کفر کا حکم لگانے سے اجتناب کیا ہے۔ [1]

## ایک شبہ کا ازالہ

اب یہاں یہ شبہ پیدا ہوتا ہے کہ جن حضرات نے ''حجاج بن یوسف ثقفی'' کو، بعض وجوہات کی بناء پر کافر قرار دیا، یا ''مختار بن ابی عبید ثقفی'' کی طرف بعض کفریہ اقوال کی نسبت کی، تو ان کے نزدیک تو یہ کافر ومرتد ہوئے، پھر کافر ومرتد کی اقتداء میں نماز پڑھنا

---

[1] ابوسعید اصمعی سے حجاج بن یوسف کے متعلق مروی ہے کہ حجاج نے وفات کے وقت اللہ سے معافی سے متعلق بعض اشعار پڑھے تھے، اور اس واقعہ کو سن کر حضرت حسن بصری نے حجاج کی نجات کی امید ظاہر کی تھی۔

لیکن ابوسعید اصمعی کی ولادت ایک سو بیس ہجری کے بعد کی ہے، جبکہ حجاج بن یوسف کی وفات پچانوے ہجری میں، اور حسن بصری کی وفات ایک سو دس ہجری میں، اصمعی کی ولادت سے کئی سال پہلے ہو چکی تھی، اس لئے مذکورہ روایت کی سند متصل معلوم نہیں ہو سکی۔

أخبرنا علی وسعد الله قالا: أنا محمد، أنا إسماعيل، أنا الحسين، حدثنی أبو العباس الهروی، أنا الرياشی، عن الأصمعی قال: لما حضرت الحجاج الوفاة أنشأ يقول:

يا رب قد حلف الأعداء واجتهدوا ..... بأننی رجل من ساكنی النار

أيحلفون علی عمياء ويحهم ..... ما ظنهم بكثير العفو غفار

فأخبر بذلک الحسن فقال: تالله إن نجا فهما (العمدة من الفوائد والأثار الصحاح والغرائب فی مشيخة شهدة، ص ۱۵۸، رقم الرواية ۱۱۰، الشيخ الخامس والسادس والعشرون)

الأصمعی أبو سعيد عبد الملک بن قريب (د، ت)

الإمام، العلامة، الحافظ، حجة الأدب، لسان العرب، أبو سعيد عبد الملک بن قريب بن عبد الملک بن علی بن أصمع بن مظهر بن عبد شمس بن أعيا بن سعد بن عبد بن غنم بن قتيبة بن معن بن مالک بن أعصر بن سعد بن قيس عيلان بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان الأصمعی، البصری، اللغوی، الأخباری، أحد الأعلام. يقال: اسم أبيه: عاصم، ولقبه: قريب. ولد: سنة بضع وعشرين ومائة (سير أعلام النبلاء، ج ۱۰، ص ۱۷۶، رقم الترجمة ۳۲)

www.idaraghufran.org

کیسے درست ہوسکتا ہے؟ [1]

اس کا جواب یہ ہے کہ جن حضراتِ صحابہ وتابعین نے ان کی اقتداء میں نماز پڑھی، تو ان کے نزدیک مذکورہ لوگوں کا کفر ثابت نہیں تھا، یا ان کے قول وفعل میں تاویل کی گنجائش تھی، یا وہ ''کفرِ استلزامی'' کے درجہ کی چیزیں تھیں، جن پر ''کفرِ التزامی'' کا حکم جاری کرنا، درست نہ تھا، جس کی وجہ سے وہ ان کے نزدیک صریح کافر ومرتد شمار نہیں ہوتے تھے، لہٰذا نہ ان حضراتِ صحابہ وتابعین پر نکیر کی جاسکتی، اور نہ ہی ان کی نمازوں کو باطل قرار دیا جاسکتا، اور نہ ہی ان کی شان میں لب کشائی کی اجازت دی جاسکتی۔

اور جن حضرات نے حجاج، اور مختار وغیرہ سے قتال کیا، ان کے نزدیک انہوں نے ظلم وتعدی، یا بطور قصاص کے قتال کیا، یا انہوں نے کسی ایسے سبب کا مشاہدہ کیا، جو ان کی نظر میں قتال کا سبب تھا، جیسا کہ ابنِ عساکر کی روایت سے ابنِ عمر اور مصعب بن زبیر کے واقعہ سے ثابت ہے، اور وہ روایت پہلے ذکر کی جاچکی ہے۔

علامہ ابنِ تیمیہ نے دوسرے مقامات پر اس موضوع پر بھی کلام کیا ہے، اور صحابۂ کرام کے تنازعات کے متعلق بھی لب کشائی سے منع کیا ہے، چہ جائیکہ جس بارے میں ان کا اختلاف بھی نہ ہو، کیونکہ ان کا علم، تقویٰ وطہارت ہم سے کہیں زیادہ ہے۔

چنانچہ علامہ ابنِ تیمیہ، اپنی معرکۃ الآراء تالیف ''منهاج السنة'' میں فرماتے ہیں:

فليس جعل كلام المفضول قادحا في الفاضل بأولى من العكس، بل إن أمكن الكلام بينهما بعلم وعدل، وإلا تكلم بما يعلم من فضلهما ودينهما،

---

[1] والحجاج ظالم متعد ملعون على لسان النبي عليه السلام من طرق خارج الإسلام عندي باستخفافه بالصحابة كابن عمر وأنس (عارضة الأحوذي بشرح صحيح الترمذي، لابي بكر ابن العربي، كتاب الفتن، باب لا تقوم الساعة حتى يخرج كذابون)

ثقيف حي من قبائل طائف، المبير هو حجاج بن يوسف ظالم هذه الأمة، والكذاب هو مختار بن أبي عبيد وأخته صفية بنت أبي عبيد زائدة زوجة ابن عمر، ويروى عن أحمد بن حنبل أن حجاجا كافر (العرف الشذي شرح سنن الترمذي، ج۳، ص ۱۷۴، كتاب الفتن، باب ما جاء في ثقيف كذاب ومبير)

وكان ما شجر بينهما وتنازعا فيه أمره إلى الله.

ولهذا أوصوا بالإمساک عما شجر بينهم؛ لأنا لا نسأل عن ذلک كما قال عمر بن عبد العزيز " :تلک دماء طهر الله منها يدى، فلا أحب أن أخضب بها لسانى ."وقال آخر"تلک أمة قد خلت لها ما كسبت ولكم ما كسبتم ولا تسألون عما كانوا يعملون"

لكن إذا ظهر مبتدع يقدح فيهم بالباطل، فلا بد من الذب عنهم، وذكر ما يبطل حجته بعلم وعدل (منهاج السنة النبوية فى نقض كلام الشيعة القدرية،لا بن تيمية، ج٦،ص ٢٥٤، الفصل الثانى ،الرد على قول الرافضى أن ابن مسعود كان يطعن على عثمان ويكفره رضى الله عنهما)

ترجمہ: پس مفضول کے کلام کو فاضل کی شان میں رد وقدح کا باعث بنانا اولیٰ نہیں ہے،اس کے عکس کے مقابلہ میں، بلکہ اگر ان صحابہ کے درمیان علم وعدل کے ساتھ کلام ممکن ہو،تو ٹھیک،ورنہ ان کے فضل ودین کے بارے میں جو علم ہو،اس پر کلام کرنے پر اکتفاء کرنا چاہیے،اوران کے درمیان جو اختلاف رونما ہوا،اس کے معاملہ کو اللہ کے حوالہ کرنا چاہیے۔

اوراسی وجہ سے سلف نے یہ وصیت کی ہے کہ صحابہ کے درمیان پیدا شدہ تنازعات میں خاموشی اختیار کی جائے، کیونکہ ہم سے ان کے اختلافات کے بارے میں سوال نہیں ہوگا۔

جیسا کہ عمر بن عبدالعزیز نے فرمایا کہ یہ ایسے خون ہیں،جن سے اللہ نے میرے ہاتھوں کو پاک رکھا ہے،تو مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میں اپنی زبان کو ان سے آلودہ کروں۔

اور کسی اور نے اللہ کے سورہ بقرہ میں مذکور اس ارشاد کے مطابق حکم دیا کہ ”یہ امت گذر چکی ہے،اس کے لئے وہ تھا،جو اس نے کیا،اور تمہارے لئے وہ ہے،جو تم کروگے،اور تم سے ان کے اعمال کے متعلق سوال نہیں کیا جائے گا“ (منہاجُ السنة)

اور علامہ تیمیہ اسی تالیف میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

أما مسائل العقائد فكثير من الناس كفر المخطئين فيها.

وهذا القول لا يعرف عن أحد من الصحابة والتابعين لهم بإحسان، ولا عن أحد من أئمة المسلمين، وإنما هو فى الأصل من أقوال أهل البدع، الذين يبتدعون بدعة ويكفرون من خالفهم، كالخوارج والمعتزلة والجهمية، ووقع ذلك فى كثير من أتباع الأئمة، كبعض أصحاب مالك والشافعى وأحمد وغيرهم.

وقد يسلكون فى التكفير ذلك ;فمنهم من يكفر أهل البدع مطلقا، ثم يجعل كل من خرج عما هو عليه من أهل البدع .وهذا بعينه قول الخوارج والمعتزلة الجهمية .وهذا القول أيضا يوجد فى طائفة من أصحاب الأئمة الأربعة، وليس هو قول الأئمة الأربعة ولا غيرهم ، وليس فيهم من كفر كل مبتدع، بل المنقولات الصريحة عنهم تناقض ذلك، ولكن قد ينقل عن أحدهم أنه كفر من قال بعض الأقوال، ويكون مقصوده أن هذا القول كفر ليحذر، ولا يلزم إذا كان القول كفرا أن يكفر كل من قاله مع الجهل والتأويل ;فإن ثبوت الكفر فى حق الشخص المعين، كثبوت الوعيد فى الآخرة فى حقه، وذلك له شروط وموانع، كما بسطناه فى موضعه.

وإذا لم يكونوا فى نفس الأمر كفارا لم يكونوا منافقين، فيكونون من المؤمنين، فيستغفر لهم ويترحم عليهم .وإذا قال المؤمن : (ربنا اغفر لنا ولإخواننا الذين سبقونا بالإيمان) (سورة الحشر) يقصد كل من سبقه من قرون الأمة بالإيمان، وإن كان قد أخطأ فى تأويل تأوله فخالف السنة، أو أذنب ذنبا، فإنه من إخوانه الذين سبقوه بالإيمان، فيدخل فى العموم، وإن كان من الثنتين والسبعين فرقة، فإنه ما من فرقة إلا وفيها خلق كثير ليسوا كفارا، بل مؤمنين فيهم ضلال وذنب يستحقون به الوعيد، كما يستحقه عصاة المؤمنين.

والنبى صلى الله عليه وسلم لم يخرجهم من الإسلام، بل جعلهم من أمته، ولم يقل:إنهم يخلدون فى النار،فهذا أصل عظيم ينبغى مراعاته ;فإن كثيرا من المنتسبين إلى السنة فيهم بدعة، من جنس بدع الرافضة والخوارج.

وأصحاب الرسول -صلى الله عليه وسلم -على بن أبى طالب وغيره لم يكفروا الخوارج الذين قاتلوهم، بل أول ما خرجوا عليه وتحيزوا بحروراء، وخرجوا عن الطاعة والجماعة، قال لهم على بن أبى طالب رضى الله عنه :إن لكم علينا أن لا نمنعكم مساجدنا ولا حقكم من الفىء .ثم أرسل إليهم ابن عباس فناظرهم فرجع نحو نصفهم، ثم قاتل الباقى وغلبهم، ومع هذا لم يسب لهم ذرية، ولا غنم لهم مالا، ولا سار فيهم سيرة الصحابة فى المرتدين، كمسيلمة الكذاب وأمثاله، بل كانت سيرة على والصحابة فى الخوارج مخالفة لسيرة الصحابة فى أهل الردة، ولم ينكر أحد على على ذلك، فعلم اتفاق الصحابة على أنهم لم يكونوا مرتدين عن دين الإسلام (منهاج السنة النبوية فى نقض كلام الشيعة القدرية،لا بن تيمية،ج۵،ص ۲۳۹ الٰی ۲۴۱،الفصل الثانى، فصل الله أمر بالاستغفار لأصحاب محمد فسبهم الرافضة)

ترجمہ: جہاں تک عقائد کے مسائل کا تعلق ہے، تو بہت سے لوگ، عقائد کے مسائل میں خطاء کار مجتہدین کو کافر قرار دیتے ہیں، لیکن یہ قول نہ تو صحابۂ کرام سے معروف ہے، اور نہ ہی ان کی نیک عمل میں اتباع کرنے والے تابعین سے معروف ہے، اور نہ ہی ائمۂ مسلمین میں سے کسی سے معروف ہے، بلکہ یہ بنیادی طور پر ان اہلِ بدعت کے اقوال میں سے ہے، جو بدعت کو ایجاد کرتے ہیں، اور پھر وہ اپنی مخالفت کرنے والوں کو کافر قرار دیتے ہیں، جیسا کہ خوارج اور معتزلہ اور جہمیہ، اور یہی بات، ائمہ کرام کے بہت سے متبعین کی طرف سے کی گئی ہے، جیسا کہ امام مالک، امام شافعی اور امام احمد وغیرہ کے بعض اصحاب کی طرف سے، جو اس سلسلہ میں تکفیر کے قائل ہیں، پس ان میں سے بعض تو مطلقاً اہلِ بدعت کی تکفیر کے قائل ہیں، پھر ان اہلِ بدعت میں سے، جو اس باعثِ کفر بدعت سے خارج ہو جائے، اس کو اہلِ بدعت میں شمار کرتے ہیں، اور یہ بعینہٖ خوارج اور معتزلۂ جہمیہ کا قول ہے، جو کہ ائمہ اربعہ کے اصحاب کی ایک جماعت میں بھی پایا جاتا ہے، لیکن یہ نہ تو ائمہ اربعہ کا قول ہے، اور نہ ان کے علاوہ دیگر ائمہ کا قول ہے،

کیونکہ ان میں سے کسی نے ہر بدعتی کو کافر قرار نہیں دیا، بلکہ ان ائمہ کرام کی تصریحات اس کے برخلاف منقول ہیں، لیکن بعض اوقات ان کی طرف سے بعض اس طرح کے اقوال کو نقل کیا جاتا ہے، جن کا مقصود یہ ہوتا ہے کہ یہ قول کفر ہے، تاکہ اس سے بچا جائے، اور کسی قول کے کفر ہونے سے یہ بات لازم نہیں آتی کہ جس نے جہالت اور تاویل کے ساتھ یہ قول کیا ہو، تو اس کو کافر قرار دیا جائے، کیونکہ کسی متعین شخص کے حق میں کفر کا ثبوت ایسا ہی ہے، جیسا کہ اس کے حق میں آخرت کی وعید کو ثابت کیا جائے، جس کے لیے کچھ شرائط اور موانع ہیں، جن کی ہم نے اپنے مقام پر تفصیل ذکر کر دی ہے۔

اور جب یہ اہلِ بدعت، حقیقت میں کافر نہیں ہیں، تو یہ منافق بھی نہیں ہوں گے، بلکہ مومنین میں شمار ہوں گے، جن کے لیے استغفار بھی کیا جائے گا، اور ان کے لیے رحم کی دعاء بھی کی جائے گی، اور جب مومن یہ دعاء کرتا ہے کہ:

"رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْإِيْمَانِ"

تو وہ ہر زمانہ میں گزرے ہوئے مومن امتی کا ارادہ کرتا ہے، اگرچہ اس مومن نے کسی تاویل میں خطاء کی ہو، اور سنت کی مخالفت کی ہو، یا کوئی گناہ کیا ہو، کیونکہ وہ سب لوگ اس کے ان بھائیوں میں شامل ہوتے ہیں، جو ایمان کے ساتھ گزر چکے ہیں، اس لیے وہ اس عموم میں داخل ہوتے ہیں، اگرچہ وہ (غیر ناجی) بہتّر 72 فرقوں سے تعلق رکھتے ہوں، اس لیے کہ ان فرقوں میں سے کوئی بھی فرقہ ایسا نہیں ہے، جس میں خلقِ کثیر نہ ہو، اور وہ کفار نہیں ہیں، بلکہ مومن ہیں، جن میں گمراہ لوگ بھی ہیں، اور گناہ گار بھی ہیں، جو اسی طرح کی وعید کے مستحق ہیں، جس طرح کی وعید کے دوسرے عام گناہ گار مومنین مستحق ہوتے ہیں۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اسلام سے خارج نہیں کیا، بلکہ ان کو اپنی امت میں سے قرار دیا، اور یہ نہیں فرمایا کہ وہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے، پس یہ بہت بڑا

قاعدہ ہے، جس کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔

کیونکہ اہلِ سنت کی طرف اپنی نسبت کرنے والے بہت سے لوگوں میں بھی روافض اور خوارج کی جنس والی بدعت موجود ہے (پھر ان کی بھی تکفیر لازم آئے گی) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام، مثلاً حضرت علی بن ابی طالب اور دیگر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے ان خوارج کو کافر قرار نہیں دیا، جنہوں نے ان سے قتال کیا، بلکہ شروع میں جن لوگوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلاف خروج کیا، اور حروراء میں قبضہ کیا اور وہ (خلیفۂ راشد کی) اطاعت اور جماعت سے خارج ہو گئے، تو ان کو حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہمارے اوپر تمہارا یہ حق ہے کہ ہم تمہیں اپنی مساجد سے منع نہ کریں، اور نہ تمہارے مالِ فیء کے حق سے منع کریں، پھر ان کی طرف ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کو بھیجا، جنہوں نے ان سے مناظرہ کیا، جس کی بناء پر ان کے آدھے کے قریب لوگوں نے رجوع کر لیا، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے باقی لوگوں سے قتال کیا، اور ان پر غلبہ حاصل کیا، لیکن اس کے باوجود ان کی اولاد کو قید نہیں کیا، اور نہ ان کے مال کو مالِ غنیمت بنایا، اور نہ ہی ان کے متعلق صحابہ کے اس طریقہ کو اختیار کیا، جو صحابۂ کرام نے مرتدین کے بارے میں اختیار کیا، جیسا کہ مسیلمہ کذّاب اور ان کے مثل، بلکہ حضرت علی اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا طریقہ، خوارج کے متعلق، صحابۂ کرام کے اس طریقہ کے خلاف ہے، جو انہوں نے مرتدین کے بارے میں اختیار کیا تھا، اور کسی نے اس پر نکیر نہیں کی، جس سے صحابۂ کرام کا اس بات پر اتفاق ثابت ہو گیا کہ وہ لوگ دینِ اسلام سے مرتد (اور خارج) نہیں (منهاجُ السنة)

اور علامہ ابنِ تیمیہ اپنے فتاویٰ میں ہی ایک مقام پر فرماتے ہیں:

**والخوارج المارقون الذين أمر النبى صلى الله عليه وسلم بقتالهم قاتلهم أمير المؤمنين على بن أبى طالب أحد الخلفاء الراشدين .واتفق على قتالهم**

أئمة الدين من الصحابة والتابعين ومن بعدهم .ولم يكفرهم على بن أبى طالب وسعد بن أبى وقاص وغيرهما من الصحابة بل جعلوهم مسلمين مع قتالهم ولم يقاتلهم على حتى سفكوا الدم الحرام وأغاروا على أموال المسلمين فقاتلهم لدفع ظلمهم وبغيهم لا لأنهم كفار .ولهذا لم يسب حريمهم ولم يغنم أموالهم .وإذا كان هؤلاء الذين ثبت ضلالهم بالنص والإجماع لم يكفروا مع أمر الله ورسوله بقتالهم فكيف بالطوائف المختلفين الذين اشتبه عليهم الحق فى مسائل غلط فيها من هو أعلم منهم؟ فلا يحل لأحد من هذه الطوائف أن تكفر الأخرى ولا تستحل دمها ومالها وإن كانت فيها بدعة محققة فكيف إذا كانت المكفرة لها مبتدعة أيضا؟ وقد تكون بدعة هؤلاء أغلظ والغالب أنهم جميعا جهال بحقائق ما يختلفون فيه (مجموع الفتاویٰ، ج۳ص ۲۸۲،و۲۸۳،کتاب مجمل اعتقاد السلف، فصل لا يجوز تكفير مسلم بذنب فعله)

ترجمہ: اور خوارج مارقون، جن کے ساتھ قتال کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا تھا، خلفائے راشدین میں سے ایک امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے، ان کے ساتھ قتال کیا، اور ان کے ساتھ قتال کرنے پر صحابہ، تابعین، اور ان کے بعد کے حضرات نے اتفاق کیا۔

خوارج کو علی بن ابی طالب اور سعد بن ابی وقاص، اور ان کے علاوہ دیگر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے کافر قرار نہیں دیا، بلکہ ان کے ساتھ قتال کرنے کے باوجود، ان کو مسلمان قرار دیا، اور ان سے اس وقت تک قتال نہیں کیا، جب تک کہ انہوں نے ناجائز خون نہیں بہایا، اور مسلمانوں کے مالوں پر ناجائز قبضہ نہیں کیا، پھر ان سے ان کے ظلم اور بغاوت کو دور کرنے کے لیے ہی قتال فرمایا، ان سے کافر ہونے کی وجہ سے قتال نہیں فرمایا، اور اسی وجہ سے ان کی خواتین کو قید نہیں فرمایا، اور ان کے مالوں کو مالِ غنیمت نہیں بنایا، اور جب یہ لوگ کہ جن کی گمراہی نص اور اجماع سے ثابت ہے، اور اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے قتال کا بھی حکم

دیا ہے، ان کو بھی کافر قرار نہیں دیا گیا، تو ان جماعتوں کو کیسے کافر قرار دیا جاسکتا ہے، جو اختلاف کرتے ہیں، اور ان پر چند مسائل میں حق مشتبہ ہے، اور اس قسم کے مسائل میں ان سے زیادہ علم والوں نے بھی غلطی کی ہے؟ پس ان جماعتوں میں سے کسی کے لیے بھی یہ حلال نہیں ہے کہ وہ دوسری جماعتوں کی تکفیر کرے، اور نہ ہی ان کا خون اور مال حلال ہے، اگرچہ کسی جماعت میں بدعت متحقق بھی ہوجائے، پس جب کافر قرار دی جانے والی جماعت مبتدع ہو، تو اس کو کیسے کافر قرار دیا جاسکتا ہے، اور بعض اوقات ان لوگوں کی بدعت زیادہ سخت ہوتی ہے، لیکن واقعہ یہ ہے کہ عام طور پر یہ تمام لوگ ان چیزوں کے حقائق سے ناواقف ہیں، جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں (مجموعُ الفتاویٰ)

معلوم ہوا کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم، تابعین اور جمہور محققین، احادیث ونصوص کی پابندی کا بہت اہتمام کیا کرتے تھے، اور اپنی طرف سے نصوص میں کسی کمی، زیادتی کو نامناسب سمجھتے تھے، ہر قسم کی نصوص کو اپنے مقام پر رکھتے تھے، ایک طرف تو قرآن وسنت میں بیان کردہ فتنوں کو سخت جانتے تھے، اور ان پر گہری نظر رکھتے تھے، دوسری طرف تکفیرِ مسلم پر جو شدید وعیدیں وارد ہوئی ہیں، ان کو بھی ملحوظ رکھا کرتے تھے، اسی وجہ سے وہ کسی مسلم پر کفر کا حکم لگانے میں بہت احتیاط سے کام لیتے تھے، اسی بنیاد پر انہوں نے مختار ثقفی، اور حجاج بن یوسف کے بارے میں جو حکم احادیث میں آیا تھا، یعنی مختار کا کذاب، اور حجاج کا قاتل وظالم ہونا، اس کو تو ہمیشہ پیشِ نظر رکھا، اس کی حسبِ قدرت تبلیغ واشاعت بھی کی، جو صحابہ وتابعین میں حدِ شہرت کو پہنچی ہوئی تھی۔ [1]

لیکن نصوص کو اپنی حد پر رکھ کر ان پر اپنی طرف سے زیادتی نہیں کی، اور ان پر صریح کفر کا حکم

---

[1] ویشهدون فی مثل الحجاج بن یوسف والمختار بن أبی عبید وعمرو بن عبید وغیلان القدری وعبد الله بن سبا الرافضی ونحوهم من الظلم والبدعة بما لا یعلمونه إلا بالاستفاضة (مجموع الفتاوی، لابنِ تیمیة، ج۳۵، ص۴۱۳، کتاب قتال أهل البغی، باب الشهادات)

نہیں لگایا، اس لئے انہوں نے ممکنہ حد تک تکفیر میں احتیاط سے متعلق جو دوسری بے شمار نصوص وارد ہوئیں ہیں، ان کے مطابق طرزِ عمل اختیار کیا، آج کل کی طرح فرطِ جذبات میں آ کر نہ تو ان کی تکفیر کے درپے ہوئے، نہ ہی تکفیر کی کوئی مہم چلائی، بلکہ ان کے ساتھ ظاہر میں مسلمانوں والا برتاؤ کیا، اور اگر کسی باطنی حالت پر بھی آگاہی حاصل ہوئی، تب بھی منافقین کے منصوص احکام، اور سیرتِ نبوی کو ملحوظ رکھ کر عمل درآمد کیا۔

اس بارے میں بہت سی نصوص موجود ہیں۔

یہاں صرف ایک حدیث کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ایک تفصیلی حدیث میں روایت ہے کہ:

قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَلَا أَضْرِبُ عُنُقَهُ؟ قَالَ : لاَ، لَعَلَّهُ أَنْ يَّكُوْنَ يُصَلِّيَ فَقَالَ خَالِدٌ : وَكَمْ مِّنْ مُصَلٍّ يَقُوْلُ بِلِسَانِهِ مَا لَيْسَ فِيْ قَلْبِهِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنِّيْ لَمْ أُوْمَرْ أَنْ أَنْقُبَ عَنْ قُلُوْبِ النَّاسِ وَلاَ أَشُقَّ بُطُوْنَهُمْ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۴۳۵۱، كتاب المغازی، باب بعث علی بن أبی طالب عليه السلام، وخالد بن الوليد رضی الله عنه، إلی اليمن قبل حجة الوداع، مسلم، رقم الحديث ۱۰۶۴ "۱۴۴")

ترجمہ: حضرت خالد بن ولید نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا میں اس آدمی کی گردن نہ اُڑا دوں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، شاید کہ یہ نماز پڑھتا ہو، تو حضرت خالد نے عرض کیا کہ کتنے نماز پڑھنے والے ایسے ہیں، جو اپنی زبان سے وہ بات کرتے ہیں، جو ان کے دل میں نہیں ہوتی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے یہ حکم نہیں دیا گیا کہ میں لوگوں کے دلوں کو پھاڑ کر دیکھوں، اور نہ یہ کہ میں ان کے پیٹوں کو چاک کروں (لہٰذا ہم تو ظاہر کے مکلّف ہیں) (بخاری، مسلم)

جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ میں صحابی کی بھی بات کو درست قرار نہیں دیا گیا، تو کسی دوسرے کی بات کی کیا حیثیت ہوسکتی ہے؟

ملا علی قاری حنفی ''مشکاۃُ المصابیح'' کی شرح ''مرقاۃُ المفاتیح'' میں فرماتے ہیں:

**الصواب عند الأكثرين من علماء السلف والخلف أنا لا نكفر أهل البدع والأهواء إلا إن أتوا بمكفر صريح لا استلزامي؛ لأن الأصح أن لازم المذهب ليس بلازم، ومن ثم لم يزل العلماء يعاملونهم معاملة المسلمين في نكاحهم، وإنكاحهم، والصلاة على موتاهم، ودفنهم في مقابرهم؛ لأنهم وإن كانوا مخطئين غير معذورين حقت عليهم كلمة الفسق والضلال إلا أنهم لم يقصدوا بما قالوه اختيار الكفر** (مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، ج ۱، ص ۱۸۰، كتاب الايمان، باب الإيمان بالقدر)

ترجمہ: درست بات اکثر علمائے سلف وخلف کے نزدیک یہ ہے کہ ہم ''اہلِ بدعت واہلِ اہواء'' کی تکفیر نہ کریں گے، سوائے اس کے کہ وہ صریح کفریہ بات کو اختیار کریں ''کفرِ استلزامی'' کا اعتبار نہیں، کیونکہ صحیح تر قول کے مطابق ''مذہب کا لازم، لازم نہیں ہوا کرتا'' اور اسی وجہ سے، علماء ان ''اہلِ بدعت واہلِ اہواء'' کے ساتھ، ہمیشہ مسلمانوں والا معاملہ کرتے رہے، ان سے نکاح کرنے میں بھی، اور ان کے نکاح کرانے میں بھی، اور ان کے فوت شدہ لوگوں کے نمازِ جنازہ پڑھنے میں بھی، اور ان کو اپنے قبرستانوں میں دفن کرنے میں بھی، کیونکہ وہ ''اہلِ بدعت واہلِ اہواء'' ایسے خطاء کار ہیں، جو معذور نہیں ہیں، جن کے اوپر ''فسق وضلالت'' ثابت ہوچکی ہے، لیکن انہوں نے اپنے اقوال سے کفر کو اختیار کرنے کا قصد نہیں کیا (مرقاۃ)

اور علامہ ابنِ عابدین شامی نے فقہ حنفی کی کتاب ''ردُّ المحتار'' میں فرمایا کہ:

**وإن وقع إلزاما في المباحث معناه، وإن وقع التصريح بكفر المعتزلة ونحوهم عند البحث معهم في رد مذهبهم بأنه كفر أي يلزم من قولهم بكذا**

**الکفر، ولا یقتضی ذلک کفرھم؛ لأن لازم المذھب لیس بمذھبھم**

(ردالمحتار، ج۳ص ۴۶، کتاب النکاح، فصل فی المحرمات)

ترجمہ: ''اگرچہ اُن کے متعلق مباحث کے موقع پر، کفر کا الزام کیوں نہ واقع ہو'' اس کا مطلب یہ ہے کہ اگرچہ معتزلہ اور ان جیسے فرقوں کے مذہب کی تردید کرتے وقت، اُن کے کفر کی تصریح واقع ہوئی ہو کہ یہ کفر ہے (تب بھی ان کی تکفیر نہ کی جائے گی) کیونکہ اس کی مراد یہ ہے کہ ان کے اس طرح کے قول سے کفر لازم آجاتا ہے، لیکن یہ بات ان کے کافر ہونے کا تقاضا نہیں کرتی، کیونکہ ''مذہب کا لازم، ان کا مذہب نہیں کہلاتا'' (ردُّ المحتار)

آج کل ''کفرِ استلزامی'' اور ''کفرِ التزامی'' میں فرق کو ملحوظ نہیں رکھا جاتا، اور اس سلسلہ میں بے اعتنائی کا عالم یہ ہے کہ کہیں کسی مسلمان کی طرف سے ذرا سی بے احتیاطی والی، اور خلافِ شریعت بات سن لی جائے، تو سب سے پہلے اس کو اسلام سے خارج، اور مرتد قرار دینے کی کوشش کی جاتی ہے، اور پھر بڑھتے، بڑھتے، اس کام کو ایک تحریک کے طور پر شروع کر دیا جاتا ہے، جو بڑے بڑے فتنوں پر منتج ہوتا ہے، اور نہ جانے کتنی قیمتی جانوں اور خونوں کے بہانے کا ذریعہ بنتا ہے۔

چنانچہ بعض ادوار میں اپنے اپنے مذہبی وسیاسی اور دیگر رجحانات کی بنیاد پر جس طرح کسی فریق کی طرف سے ''حجاج ثقفی'' کے متعلق بعض سخت ترین اقوال کو نظر انداز کر کے، اس کے مقابلہ میں ''مختار ثقفی'' کے متعلق پائے جانے والے بعض شدید اقوال کو زیادہ شہرت دی گئی، اسی طرح دوسرے فریق کی طرف سے ''مختار ثقفی'' کے متعلق بعض سخت ترین اقوال کو نظر انداز کر کے، اس کے مقابلہ میں ''حجاج ثقفی'' کے متعلق پائے جانے والے بعض شدید ترین اقوال کو زیادہ شہرت دی گئی، اور ذرا ذرا سے رجحانات میں ایک دوسرے پر ناصبی، ورافضی کے الزامات واتہامات عائد کئے گئے، جس کا سلسلہ تاحال جاری ہے، اور مذکورہ دونوں شخصیات کے دنیا سے رخصت ہوجانے، اور اپنے اعمال کی جزاء وسزاء پالینے کے

باوجود ''رجماً بالغیب'' کا مصداق بن کر ہر وہ بے اعتدالی گوارا کی جاتی ہے، جو مذکورہ شخصیات پر اس طرح کا حکم لگانے کے مقابلہ میں اپنے لئے زیادہ تباہ کن ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ امتِ مسلمہ کو اپنے گذشتہ تاریخی واقعات سے سبق سیکھنا چاہیے، اور گزری ہوئی اس طرح کی شخصیات کو قطعی جنتی وجہنمی قرار دینے، اور ذرا ذرا سی باتوں پر ایک دوسرے کو رافضیت، اور ناصبیت سے متہم کرنے، اور ایک دوسرے کے دست وگریبان ہونے کے بجائے، اپنے اپنے اعمال کی اصلاح، اور فکرِ آخرت میں مصروف ہوجانا چاہیے۔

امید ہے کہ مذکورہ تفصیل سے آپ کے سوال میں مذکور تمام شقوں کا جواب معلوم ہوگیا ہوگا۔

ہم نے اس سلسلہ میں جو کچھ تحریر کیا، وہ آپ کی علمی وتحقیقی طلب پر کیا، تاکہ اس بارے میں تمام پہلوؤں پر نظر رہے، اور عبرت وبصیرت حاصل ہو۔

ورنہ اس بارے میں عامۃُ الناس کے لئے اللہ تعالیٰ کے درجِ ذیل حکم پر عمل میں سلامتی وعافیت ہے:

''تِلْکَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ'' (سورة البقرة، رقم الآية ۱۳۴ و ۱۴۱)

فقط

وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُهٗ اَتَمُّ وَاَحْكَمُ.

محمد رضوان خان

08/ذوالقعدۃ/1446ہجری۔06/مئی/2025ء، بروز منگل

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

www.idaraghufran.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علمی و تحقیقی سلسلہ

# مولانا عبدالشکور لکھنوی

# اور

# تکفیرِ شیعہ

شیعہ وروافض کی علی الاطلاق تکفیر پر مولانا عبدالشکور لکھنوی اور مولانا منظور نعمانی صاحبان کے فتوے وتحریر کے ضمن میں حضرت مولانا اشرف علی تھانوی، قاری محمد طیب، مفتی محمد شفیع صاحبان، ودیگر اساتذہ دارالعلوم دیوبند کے ایک اجماعی فتوے کے ثبوت ودلالت، اور صدر وفاق المدارس العربیہ مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب زید مجدہٗ کے موقف کی ترجیح پر کلام اور شیعہ وروافض کی تکفیر پر بعض علمائے متاخرین کے مقابلہ میں جمہور مجتہدین کا موقف

مؤلف

مفتی محمد رضوان خان

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

www.idaraghufran.org

(جملہ حقوق بحق ادارہ غفران محفوظ ہیں)

نام کتاب: مولانا عبدالشکور لکھنوی اور تکفیرِ شیعہ

مصنِّف: مفتی محمد رضوان خان

طباعتِ اول: صفر المظفر 1447ھ اگست 2025ء

صفحات: 180

ملنے کا پتہ

کتب خانہ ادارہ غفران: چاہ سلطان، گلی نمبر 17، راولپنڈی، پاکستان

فون: 051-5507270 - 051-5702840

www.idaraghufran.org

# فہرست


| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| تمہید (از مؤلف) | 167 |
| مولانا عبدالشکور لکھنوی اور تکفیرِ شیعہ | 172 |
| استفتاء | // |
| جواب | 174 |
| سورہ نساء کا حوالہ | 175 |
| ابوذر وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث | 177 |
| ابوبکر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 179 |
| امام طحاوی کا حوالہ | // |
| ابومنصور ماتریدی کا حوالہ | 181 |
| ابومنصور ماتریدی کا دوسرا حوالہ | // |
| ابوالحسن اشعری کا حوالہ | 182 |
| ابوالحسن اشعری کا دوسرا کا حوالہ | // |
| علاء الدین ابوالحسن مرداوی کا حوالہ | 184 |


Idara Ghufran

| | | |
|---|---|---|
| | علامہ ابنِ عابدین شامی کا حوالہ | 184 |
| | شہابُ الدین مرجانی کا حوالہ | 185 |
| | علامہ ابنِ عابدین شامی کا ایک اور حوالہ | // |
| | علامہ ابنِ عابدین شامی کے مزید حوالہ جات | 186 |
| | علامہ ابنِ حجر عسقلانی کا حوالہ | 188 |
| | علامہ ظفر احمد عثمانی صاحب کا حوالہ | 190 |
| | مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کا حوالہ | 191 |
| | مولانا منظور نعمانی صاحب کا حوالہ | 232 |
| | مولانا منظور نعمانی صاحب کا دوسرا حوالہ | 236 |
| | مفتی محمد شفیع صاحب کا حوالہ | 289 |
| | قاری محمد طیب صاحب اور دارُ العلوم دیوبند کے فتوے کا حوالہ | 290 |
| | مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب کا حوالہ | 294 |
| | مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کا حوالہ | 308 |
| | مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کا دوسرا حوالہ | 311 |
| | مولانا مفتی محمد شفیع صاحب کے فتوے کا حوالہ | 312 |
| | حضرت مدنی اور حضرت گنگوہی صاحبان کا حوالہ | 315 |
| | مکاتبتِ تھانوی، ودریابادی کی تشریح وتکمیل | 319 |
| | چند آیاتِ قرآنی واحادیثِ نبوی کا حوالہ | 336 |
| | حضرت تھانوی وقاری محمد طیب صاحبان کا حوالہ | 340 |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تمہید

(از مؤلف)

ہر زمانہ اور ہر دور میں جمہور اہل السنۃ والجماعۃ نے اپنے علاوہ دوسرے اہل السنۃ والجماعۃ سے خارج فرقوں کو اہلُ الھواء واہلُ البدعۃ قرار دیا ہے، ان کو علی الاطلاق اسلام سے خارج قرار نہیں دیا، خواہ وہ خوارج کا فرقہ ہو، یا شیعہ وروافض کا، یا جہمیہ، قدریہ، مشبہہ وغیرہ کا، سلف کے دور سے جمہور مجتہدین، اور ان کے متبعین کی طرف سے اسی کے مطابق حکم بیان کیا جاتا رہا، اور اسی کے مطابق تعامل جاری رہا، جس کے دلائل بھی، انتہائی قوی و مستحکم ہیں، اور اس کی بناء پر مختلف اسلامی فرقوں کی بڑی تعداد موجود رہنے کے باوجود مسلمانوں میں موجودہ زمانہ کی طرح کا اندرونی انتشار وخلفشار پیدا نہیں ہوسکا، اور وہ کفار ومشرکین کی طرف سے طرح طرح کی سازشوں کے باوجود بہرحال مجموعی طور پر غالب ہی رہے۔

لیکن ماضی قریب کے بعض علماء کی طرف سے اس مسئلہ میں جمہور اہلُ السنۃ کے برخلاف شیعہ وروافض کی علی الاطلاق تکفیر کا حکم جاری کیا گیا، اور جمہور مجتہدین کے موقف میں ایسی تاویلات کی گئیں کہ جو تکفیر کے اصول وقواعد کی رو سے درست نہیں تھیں، اور اسی پر بس نہیں کیا گیا، بلکہ اس پر مختلف اہلِ علم حضرات سے تائیدات حاصل کی گئیں، اور اس تکفیر کے کام کو بہت اہم دینی ذمہ داری، اور فریضہ سمجھ کر تحریراً وتقریراً آگے چلایا گیا۔

پھر اس طرح کا مواد اور مضامین، بعض اسٹیجی، وجذباتی مقررین کے ہاتھ لگ گئے، جس پر ان کی طرف سے ایک علمی مسئلہ کو عوام کے سامنے لاکر طرح طرح کی بے اعتدالیاں پیدا کی گئیں، ظاہر ہے کہ عوام الناس کا اس طرح کے علمی مسائل میں اعتدال کو قائم رکھنا، بہت مشکل ہوا کرتا ہے، **العوام کالانعام** کی حالت یہ ہے کہ وہ کسی کے کفر وارتداد کا حکم معلوم ہونے کے بعد، جہاد وقتال سمجھ کر آگے کے باقی کام، گالم گلوچ، لعن، طعن، قتل، لوٹ مار وغیرہ

خود ہی شروع کر دیتے ہیں، جس کے لئے وہ نہ شریعت کے کسی اصول کی پابندی کرتے، نہ ہی کسی عدالتی وحکومتی قانون کی رعایت ملحوظ رکھنے کی ضرورت سمجھتے وانتظار کرتے۔

اور سطحی وجذباتی مقررین میں اگرچہ بہت سے لوگ مخلص ونیک نیت بھی ہوا کرتے ہیں، جن کی نیک نیتی میں شبہ کرنے کی ضرورت نہیں، لیکن اس حقیقت کا بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ ان میں ایک بہت بڑی تعداد پیشہ ور، وکاروباری قسم کے لوگوں کی بھی ہوتی ہے، اور اسی نوعیت کا طرزِ عمل، اس کے بالمقابل دوسری طرف سے بھی سامنے آیا، اور دونوں طرف سے ایک دوسرے کے مقابلہ کے لئے مختلف تنظیمیں وتحریکیں قائم ہوئیں، اور پھر اس کے نتیجہ میں اسلامی معاشرہ، مذہبی انتشار وافتراق، لعن طعن، قتل وقتال، اور لوٹ مار کی لپیٹ میں آ گیا، کئی اسلامی ممالک پورے کے پورے اس کی نذر ہو گئے، اور اس کے اثرات ابھی تک مندمل نہیں ہوئے، جس سے بچنے کے لئے محققین کی طرف سے عوام میں جمہور مجتہدین کے موقف سے شعور وآگاہی پیدا کرنے، اور تسامحات کی نشاندہی کرنے کی شدید ضرورت ہے، اگرچہ اس کے نتیجہ میں متشدد وپیشہ ور طبقہ کی طرف سے ناراضگی، وخفگی، اور ملامت وخفت کا سامنا کیوں نہ کرنا پڑے، کیونکہ جس کے مقدر میں اللہ تعالیٰ نے جو کام کیا ہے، اس کو اپنے حصہ کا کام کرنا ہے، اگر پیشہ ور اپنا کام نہیں چھوڑتے، جو اُن کی دنیا وآخرت کی بربادی کا ذریعہ ہے، تو اِن کی وجہ سے علمائے ربانیین اور انبیائے کرام کے وارثین کو اپنی ذمہ داری کو ترک کر کے اپنی آخرت کو خراب کرنے کی کیا ضرورت؟

واقعہ یہ ہے کہ ہر مسلک ومذہب میں متشدد، اور اسی طرح پیشہ ور طبقہ کے افراد موجود ہوا کرتے ہیں، جو عوام کے جذبات ابھارتے، اور اشتعال پیدا کرتے، اور پیشہ ور لوگ اپنے پیشہ کو خوب چمکاتے ہیں، اور جب کسی چیز کو پیشہ وتجارت بنالیا جائے، تو پھر اس میں حق اور سچ اور اعتدال وانصاف سے زیادہ اپنے گاہک بنانا، اور اپنے مال کو فروخت کرنا، اور اس کی راہ میں آنے والی رکاوٹوں کو دور کرنا، پیشِ نظر وطمحِ نظر ہو جایا کرتا ہے۔

اور پہلے تو یہ کام اسٹیجوں تک محدود تھا، مگر اس کے بعد اسٹیجوں سے آگے بڑھ کر سوشل میڈیا تک ،اور گھر گھر پہنچ گیا ،آج اس قسم کا جذباتی، کاروباری، طبقہ شیعوں میں بھی ان کے ذاکرین وغیرہ کی شکل میں موجود ہے،اور سنیوں میں بھی پیشہ ور مقررین کی شکل میں موجود ہے۔

دوسری طرف شیعہ وسنی مذاہب کا اپنے اپنے اصل مذاہب پر قائم رہنے والا سنجیدہ ومحقق طبقہ، ان ''پیشہ ور اسٹیجی ،اور میڈیائی'' لوگوں کے لئے میدان خالی چھوڑ کر،اور چپ سادھ کر بیٹھ جاتا ہے،اور اپنی حد تک منبر ومحراب اور تصنیف وتالیف کے میدان میں بھی حقیقت کو بیان کرنے میں کوتاہی کا ارتکاب کرتا ہے،جس کا نتیجہ یہ ہے کہ عوام کے سامنے تقریباً ہر مسلک ومذہب کی ترجمانی،اسی پیشہ ور، اسٹیجی اور میڈیائی طبقہ کے رحم وکرم پر رہ گئی ہے،اور عوام کے سامنے مسلک ومذہب کی اصل ومعتدل حقیقت مسخ ہوتی جارہی ہے۔

جس طرح دنیاوی مفادات کی خاطر غیر معتدل ترجمانی کرکے عوام کے جذبات کو برانگیختہ کرنے ،اوران کے اشتعال کو بھڑکانے والے پیشہ ور، جذباتی سٹیجی وفیس بکی طبقہ کا کسی بھی مذہب ومسلک کی غلط وغیر معتدل ترجمانی کا طرزِ عمل، دنیا میں فتنہ وفساد برپا کرنے کا ذریعہ اور عنداللہ قابلِ مواخذہ ہے،اسی طرح اس کے بالمقابل حقیقتِ حال سے واقف اور مخلص ومحقق طبقہ کا ،اس جذباتی، پیشہ ور طبقہ کے لئے میدان خالی چھوڑ کر،اور سکوت اختیار کرکے بیٹھ جانا، بھی دنیا میں فتنہ وفساد برپا کرنے کا ذریعہ اور عنداللہ قابلِ مواخذہ طرزِ عمل ہے، پھر اسی کا نتیجہ رفتہ رفتہ یہ نکلتا ہے کہ اگر کبھی سنجیدہ طبقہ کو صحیح ترجمانی واصلاح احوال کی طرف توجہ ہوتی ہے،تو یہ جذباتی وپیشہ ور طبقہ اس صحیح ترجمانی اور اصلاح کی کوششیں کرنے والے طبقہ پر بھی طرح طرح سے طعن وتشنیع کرنے کا مرتکب ہوتا ہے،اوراس کو کام کرنے سے روکنے کی پوری جدوجہد کرتا ہے، تاکہ کہیں اس کے کاروبار اور پیشہ میں خلل پیدا نہ ہوجائے۔

خیر غیر منقسم ہندوستان میں شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر کی مہم سب سے پہلے مولانا عبدالشکور

لکھنوی رحمہ اللہ نے چلائی، جس کے بعد اس کام کو مولانا منظور نعمانی صاحب رحمہ اللہ نے پُر زور انداز میں آگے بڑھایا، ہمیں ان حضرات کی نیک نیتی وخلوص میں ذرا بھی شک نہیں، لیکن خلوص واخلاص کو تسلیم کر لینے کے باوجود علمی اعتبار سے اخلاص کے ساتھ ہی اختلاف کی بہر حال گنجائش موجود ہوا کرتی ہے، اور مذکورہ حضرات کے موقف کے جمہور مجتہدین ومحققین کے برخلاف ہونے میں تو شبہ نہیں، اور اسی کے ساتھ دلائل وحقائق کے اعتبار سے اس موقف کا تکفیر کے اصول، اور لزومِ کفر والتزامِ کفر، اختلافی واجماعی کفر وغیرہ کے قواعد پر منطبق ہونا بھی ممکن نہیں، لیکن اس سے بھی اہم بات یہ ہے کہ مذکورہ بزرگوں کی طرف سے حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کے موقف، اور مفتی محمد شفیع صاحب، قاری محمد طیب صاحب، اور اس زمانہ میں اساتذہ دارالعلوم دیوبند کے ایک اجتماعی فتوے کو بیان ونقل کرنے میں سخت تسامح کا صدور ہوا، جس کی بناء پر بعد کے بہت سے علماء ومشائخ اس تسامح میں مبتلاء رہے، اس بنیاد پر تکفیر کے فتوے کی تائید کی، اور آج بھی بہت سے حضرات اس تسامح کا شکار ہیں، جس کی حقیقت سے آگاہی ضروری ہے، کسی کا مذکورہ حضرات کے موقف سے اتفاق واختلاف ایک الگ قضیہ ہے، لیکن کسی کے دینی موقف کی صحیح صحیح اور ٹھیک ٹھیک ترجمانی ایک علمی ذمہ داری ودینی دیانت داری کا تقاضا ہے، جس میں کوتاہی وخیانت، گناہ ہے۔

اگر محقق وسنجیدہ علماء کی طرف سے کما حقہ، یہ کام پہلے ہو جاتا، تو شاید آج اسٹیجی، میڈیائی وفیس بکی پیشہ ور طبقہ کو اپنے مفادات کو حاصل کرنے، مذہب کے اصل چہرہ کو مسخ کرنے، مسلمانوں میں بدامنی، انتشار وافتراق، قتل وقتال پیدا کرنے، اور علماء وطلباء کے وقت اور عمر کے ضیاع کا ہتھیار ہاتھ نہ لگتا۔

لیکن افسوس کہ ایسا نہ ہو سکا، اور ایک عرصہ اسی حال میں گذر جانے کے بعد اب نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ زمانہ ماضی کے بعض علمی تسامحات کو سننا اور سمجھنا بھی گوارا نہیں۔

بہر حال مولانا عبدالشکور لکھنوی اور مولانا منظور نعمانی صاحبان کے شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر

کے متعلق ہمیں حال ہی میں ایک استفتاء موصول ہوا، جس میں حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب سے متعلق ہماری طرف سے نقل کردہ ایک عبارت کے متعلق استفسار کیا گیا تھا، جس کی ہم نے عدل وانصاف کے مطابق تحقیق کی، اس استفتاء کے جواب کی تحقیق کے ضمن میں مولانا عبدالشکور لکھنوی اور مولانا منظور نعمانی صاحبان کے متعدد علمی تسامحات بھی سامنے آئے، جن پر دینی ذمہ داری وعلمی دیانت داری کے تقاضہ کے پیشِ نظر کلام کرنے کی ضرورت پیش آئی، جو علم وتحقیق کے میدان میں کوئی نئی چیز نہیں، برخلاف اس طبقہ کے، جس کو اس علم وتحقیق کے شعبہ سے خاطر خواہ مناسبت نہیں، اور وہ آباء پرستی، ان کی بے جا عقیدت، اور تعصب وتحزب میں اس قدر آگے نکل گیا ہے کہ جس کو یہ چیزیں اپنی اور اپنے بزرگوں کی تحقیر وتذلیل کا باعث محسوس ہونے لگی ہیں، خواہ اس کی وجہ سے ان کے ہی اپنے جمہور سلف کا مسلک مسخ ہو کر رہ جائے، اور فتنہ وفساد لازم آئے، اس سے ان کو کیا سروکار؟

موجودہ دور کے مذکورہ جذباتی، اسٹیجی، وفیس بکی، بالخصوص پیشہ ور طبقہ کو اس قسم کی تحقیقات برداشت ہونے کا حوصلہ نہیں، وہ اس قسم کی تحقیقات کو اپنے مقصدِ کاروبار وروزگار وغیرہ میں روڑے اٹکانا سمجھتا ہے، جس کی وجہ سے وہ طرح طرح کی اتہام سازیوں پر اتر آتا ہے، یہاں تک کہ وہ اپنے ہی جمہور مجتہدین ومحققین کے اصل موقف ومذہب کی ترجمانی کو، اہلِ باطل کی بے جا حمایت وغیرہ کرنے، جیسی الزام تراشیوں واتہام سازیوں تک کا بھی مرتکب ہو جاتا ہے، لیکن ہم نے بحمد اللہ تعالیٰ، اللہ کی رضاء کو ملحوظ رکھتے ہوئے، یہ جواب تحریر کیا ہے، جس کے مقابلہ میں کسی کی ناراضگی وخفگی کی اہمیت نہیں۔

دعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ حق، صواب واعتدال کو سمجھنے، اس کو اختیار وبیان کرنے اور اس کے مطابق عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے، اور افراط وتفریط کرنے والے افراد وطبقات، اور ان کے شر وانتشار سے امت کی حفاظت فرمائے۔ آمین..... محمد رضوان خان

11/صفر المظفر/1446ہجری۔ 17/اگست/2024ء، بروز ہفتہ

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مولانا عبدالشکور لکھنوی اور تکفیرِ شیعہ

## استفتاء

مکرم جناب مفتی رضوان صاحب

آپ کے مختلف علمی و تحقیقی مضامین ملاحظہ کرتا رہتا ہوں، جن سے الحمد للہ بہت فائدہ ہوتا ہے، آپ نے جن موضوعات پر قلم اٹھایا، اللہ کے فضل و کرم سے ان کا حق اداء کیا، بطور خاص شیعہ وروافض کی مطلق عدمِ تکفیر کے جس مسئلہ سے موجودہ دور کے بہت سے علماء وطلبہ تک واقف نہیں تھے، آپ نے اصل مراجع اور جمہور مجتہدین و محققین کے حوالہ جات وازالۂ شبہات کے ساتھ اس مسئلہ کو بحمد اللہ خوب محقق فرمادیا، جس میں جمہور کے موقف کے دلائل کی ترجیح کے ساتھ، اس کے برعکس موقف رکھنے والے اکابر کی شان میں طعن و تشنیع سے اجتناب، اس دور میں آپ کا خاصہ معلوم ہوا۔

باقی باتیں تو اس سلسلہ میں الحمد للہ تعالیٰ منقح ہوگئیں، البتہ اس ضمن میں ایک بات کی باحوالہ مزید تحقیق درکار ہے، وہ یہ ہے کہ آپ کی ایک مطبوعہ تحریر میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے موجودہ صدر مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کی یہ تحریر نظر سے گذری کہ:

> حضرت مولانا عبدالشکور صاحب لکھنوی رحمہ اللہ (المتولد: 1877ء، 1293ھ، المتوفیٰ: 1962ء، 1381ھ) نے یہ بات سب سے پہلے تفصیل کے ساتھ تحریر فرمائی، اور پھر اسی بات کو حضرت مولانا محمد منظور نعمانی رحمہ اللہ نے چلایا، اور اس کے نتیجہ کے طور پر یہ کہا کہ اب ہمیں اس میں احتیاط کی ضرورت نہیں ہے کہ ہم فرقے پر حکم نہ لگائیں، بلکہ عقائد پر حکم لگائیں، کیونکہ اب یہ بات مکمل طور پر

ثابت ہوگئی ہے کہ تمام اثنا عشریہ، جن کتابوں کو مانتے ہیں، ان کتابوں میں تحریف موجود ہے، لہٰذا انہوں نے کہہ دیا کہ ہر شیعہ اثنا عشری کافر ہے (انعامُ الباری)

لیکن اس پر ایک مولانا صاحب، جو تمام شیعہ کے کافر ہونے پر بہت زور دیتے ہیں، جس کی وجہ سے ماحول میں بھی کشیدگی رہتی ہے، ان مولانا صاحب پر اس کی وجہ سے کئی مرتبہ تھانہ کچہری، اور عدالتی مقدمات بھی ہو چکے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ مولانا عبدالشکور لکھنوی رحمہ اللہ نے تمام اثنا عشریہ کے کافر ہونے کا حکم، مدلل انداز میں حضرت تھانوی اور اس دور میں دارالعلوم دیوبند کے اساتذہ و مفتیانِ کرام کے متفقہ فتوے کی روشنی میں بیان کیا تھا، ان مولانا صاحب نے ہمیں بینات کے خصوصی نمبر سے مولانا منظور نعمانی صاحب کے حوالہ سے بتلایا کہ مولانا لکھنوی نے اس میں حضرت تھانوی، اور مہتمم دارالعلوم دیوبند قاری محمد طیب صاحب ، اور حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہم اللہ، و دارالعلوم دیوبند کے دیگر اساتذہ، سب کی تصدیقات پر مشتمل فتوے کو شائع کیا ہے، اور اس پر ان کے دور میں تمام حضرات نے شیعہ اثنا عشری کی علی الاطلاق تکفیر پر اتفاق کر لیا تھا، جس میں شیعہ کے کفر کی وجوہات مذکور ہیں۔

ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ اگر حضرت تھانوی، اور مفتی تقی عثمانی صاحب کے والد صاحب، مفتیِ اعظم پاکستان مفتی محمد شفیع صاحب، اور قاری محمد طیب صاحب وغیرہ، تمام اثنا عشری شیعہ کے کافر ہونے کا فتویٰ دیں، تو پھر مفتی تقی عثمانی صاحب کی بات کا اعتبار نہیں ہوگا۔

اور یہ حوالہ اگرچہ مفتی تقی عثمانی صاحب سے متعلق ہے، لیکن چونکہ آپ نے نقل کیا ہے، اور آپ سے اس کی مزید تحقیق کی امید ہے، اس لئے آپ اس قضیہ کی مکمل تحقیق فرما کر اس کا جلد از جلد مکمل جواب تحریر فرمائیں۔

طالبِ دعاء:

شمس الدین، بن زین الدین، تعلیم القرآن، لالوکھیت، کراچی

یکم، صفر ۱۴۴۶ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# جواب

آپ نے وفاق المدارس العربیہ، پاکستان کے موجودہ صدر حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب زید مجدہم کی ہمارے مضمون میں مذکور جس عبارت کے بارے میں استفسار کیا ہے، اس کا مکمل حوالہ نہیں لکھا۔

بہر حال پہلے تو یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ کسی کی تکفیر کا مسئلہ بڑا نازک ہے، شریعت نے تکفیر پر زور دینے اور تکفیر کی جدوجہد کرنے کے بجائے عدمِ تکفیر پر زور دیا، اور اس کی جدوجہد کا اہتمام وانتظام کیا ہے۔

جس کی اتباع وپیروی کرتے ہوئے جمہور فقہائے مجتہدین نے بھی کسی کی تکفیر میں بہت احتیاط سے کام لیا ہے، اور اس کے لئے بڑی احتیاط پر مبنی اصول قائم کئے ہیں، اور کسی کی تکفیر وعدمِ تکفیر میں اختلاف، اور ادنیٰ احتمال ہونے کی صورت میں بھی، اگرچہ وہ اختلاف اور احتمال ادنیٰ وکمزور، اور بعید تر درجہ کا کیوں نہ ہو، عدمِ تکفیر کو ترجیح دی ہے، یہاں تک کہ اس مقصد کے لئے ''لزومِ کفر، والتزامِ کفر'' اور ''لزومِ مذہب، والتزامِ مذہب'' تک میں بھی فرق کر کے تکفیر کے لئے ''التزام'' کو ضروری اور ''لزوم'' کو ناکافی قرار دیا ہے۔

جبکہ ہم نے جا بجا دیکھا کہ علی الاطلاق تکفیر کا حکم لگانے اور فتویٰ دہندہ حضرات کی طرف سے ان اصول وقواعد کی رعایت نہیں ہوسکی ''قطعیات کو ضروریات، تاویل کی جگہ، عدمِ تاویل، لزومِ کفر کو التزام، احتمالِ کفر کو، قطعی کفر، اختلافی تکفیر کو اجتماعی تکفیر، انفرادی اقوال کو اجتماعی اقوال، غیر مذہبی اقوال کو مذہب کے اقوال، غیر جمہور کو جمہور، غیر مجتہدین کے اقوال کو، مجتہدین کے اقوال، مرجوح قول کو راجح قول قرار دینے، اور ان میں التباس واختلاط پیدا کرنے'' اور ''ظاہر کو نظر انداز کر کے باطن اور قلب پر حکم لگانے'' جیسے تسامحات کا صدور ہوتا

رہا، اور جو اصول وقواعد ''عدمِ تکفیر'' میں موثر تھے، ان کو جد وجہد اور تکلف اختیار کر کے تکفیر کے لئے موثر سمجھا گیا، اور محققین کی طرف سے بیان کردہ تکفیر کے اصول وقواعد، اور ان کے اصل مراجع ومآخذ تک رسائی سے تعرض تک کی ضرورت نہیں سمجھی گئی، اور نتیجتاً بات بہت دور نکل گئی، جس کو درست کرانے کے لئے بھی سخت جدوجہد کی ضرورت پیش آنے لگی، جن کی تفصیل کا یہ موقع نہیں، ان چیزوں کی تفصیل ہم نے اپنے دیگر رسائل ومضامین میں بیان کردی ہے۔

ہم یہاں زیرِ بحث مسئلہ سے متعلق نہایت اختصار کے ساتھ قرآن وسنت کی چند نصوص اور فقہائے کرام کی عبارات کو نقل کر کے سوال کے بنیادی پہلو کے جواب کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

## سورہ نساء کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ نساء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا، تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ (سورة النساء، رقم الآية ۹۴)

ترجمہ: اور مت کہو تم اس شخص کے لیے، جو کرے تمہیں سلام کہ تو مومن نہیں، تلاش کرتے ہو تم، دنیاوی زندگی کے سامان کو، پس اللہ کے پاس بہت سامالِ غنیمت ہے (سورہ نساء)

اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص بظاہر مسلمان ہو، اس کے مومن ہونے کی نفی کرنا جائز نہیں۔

اور بظاہر مسلمان وہی ہے، جس کو بظاہر مسلمان سمجھا جاتا ہو، اس کے لئے کسی ڈگری اور سند کی ضرورت نہیں، جیسا کہ معاشرہ میں زید، بکر، عمر، وغیرہ وغیرہ کو عام معاشرہ میں محض بظاہر مسلمان ہونے کی وجہ سے مسلمان سمجھا جاتا ہے، تا آنکہ اس کی طرف سے واضح کفر سامنے نہ

آ جائے، جس کو کفر سمجھنا مشکل نہیں ہوتا۔

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَرِيَّةٍ، فَصَبَّحْنَا الْحُرَقَاتِ مِنْ جُهَيْنَةَ، فَأَدْرَكْتُ رَجُلًا فَقَالَ : لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَطَعَنْتُهُ فَوَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ مِنْ ذٰلِكَ، فَذَكَرْتُهُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَقَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَقَتَلْتَهُ؟ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّمَا قَالَهَا خَوْفًا مِنَ السِّلَاحِ، قَالَ : أَفَلَا شَقَقْتَ عَنْ قَلْبِهٖ حَتّٰى تَعْلَمَ أَقَالَهَا أَمْ لَا؟ فَمَا زَالَ يُكَرِّرُهَا عَلَيَّ حَتّٰى تَمَنَّيْتُ أَنِّيْ أَسْلَمْتُ يَوْمَئِذٍ (صحيح مسلم،رقم الحديث ١٥٨ "٩٦ "كتاب الايمان،باب تحريم قتل الكافر بعد أن قال :لا إله إلا الله)

ترجمہ: ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جہادی لشکر میں بھیجا، تو ہم صبح صبح جہینہ کے علاقہ میں پہنچ گئے، میں نے وہاں ایک آدمی کو پایا، اس نے کہا کہ لَا اِلٰہ اِلَّا اللہ، میں نے اسے ہلاک (وقتل) کر دیا، پھر میرے دل میں کچھ خلجان سا پیدا ہوا (کہ میں نے مسلمان کو قتل کیا، یا کافر کو؟) تو میں نے اس کے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس نے لَا اِلٰہ اِلَّا اللہُ کہا تھا، اور پھر بھی تم نے اسے قتل کر دیا، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اس نے تو یہ کلمہ تلوار کے ڈر سے کہا تھا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم نے اس کا دل چیر کر دیکھا تھا کہ اس نے دل سے کہا تھا، یا نہیں؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بار بار مجھ سے یہی کلمات دہراتے رہے، یہاں تک کہ مجھے یہ تمنا ہونے لگی کہ کاش میں آج مسلمان ہوا ہوتا (اور اس کلمہ گو کو قتل کرنے کا فعل کفر کی حالت میں سرزد ہوا ہوتا، اور یہ گناہ آج اسلام لانے سے ختم ہو گیا ہوتا) (مسلم)

دیکھ لیجیے مذکورہ واقعہ میں ظاہر میں صرف کلمۂ اسلام سامنے آیا تھا، اس سے پہلے واضح کفر

تھا، اور صحابی جیسی عظیم شخصیت بھی اس ظاہری کلمہ کو ظاہری قرائن سے تقیہ اور جان بچانے کے لئے زبان سے اداء کرنے پر محمول کر رہی تھی، لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس تاویل کو بھی قبول نہیں فرمایا، اور اس کو کافر سمجھنے اور اس بنیاد پر اس کے قتل کے اقدام کرنے پر سخت تنبیہ فرمائی، اور اس کے وبال سے ڈرایا، جس سے صحابی کو اپنے فعل پر ندامت ہوئی۔

پھر کسی غیر صحابی کی کیونکر مجال ہو سکتی ہے کہ وہ اس قسم کے اقدامات کا ارتکاب کرے۔

یہی وجہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن منافقین پر بھی صریح کفر کا حکم نہیں لگایا، جن کے منافق ہونے کا علم دے دیا گیا تھا، اور کفر کو چھپانا، اور ایمان کا اظہار کرنا ہی، ان منافقین کے مذہب کی اصل بنیاد تھی، جس کی باحوالہ تفصیل ہم دوسرے رسائل ومضامین میں تحریر کر چکے ہیں، جن پر سلف محققین کی پوری نظر اور ان کے مطابق ان کا عمل تھا۔

لیکن افسوس کہ بعض علمائے متاخرین، اس طرح کی نصوص کی مخالفت، اور ظاہر کو نظر انداز کر کے تقیہ کی بنیاد پر کفر کا حکم لگانے کی طرف شدومد سے متوجہ ہونے کے تسامح کا شکار ہو گئے۔

## ابوذر وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ : لَا يَرْمِيْ رَجُلٌ رَجُلًا بِالْفُسُوْقِ، وَلَا يَرْمِيْهِ بِالْكُفْرِ، إِلَّا ارْتَدَّتْ عَلَيْهِ، إِنْ لَمْ يَكُنْ صَاحِبُهُ كَذٰلِكَ** (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۰۴۵، کتاب الادب، باب ما ینھی من السباب واللعن)

ترجمہ: انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو کوئی آدمی بھی دوسرے آدمی پر فاسق ہونے کا الزام لگاتا ہے، یا کفر کا الزام لگاتا ہے، اور وہ اس

(کفر، یا فسق) کا مستحق نہیں ہوتا، تو یہ (کفر، یا فسق کا) الزام اسی (الزام لگانے والے) کی طرف لوٹ کر آ جاتا ہے (بخاری)

اور صحیح مسلم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد اس طرح مروی ہے کہ:

وَمَنْ دَعَا رَجُلًا بِالْكُفْرِ، أَوْ قَالَ : عَدُوُّ اللّٰهِ وَلَيْسَ كَذٰلِكَ إِلَّا حَارَ عَلَيْهِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٦١"١١٢"كتاب الايمان، باب بيان حال ايمان من رغب عن ابيه وهو يعلم)

ترجمہ: اور جس نے کسی آدمی کو کفر کے ساتھ پکارا، یا یہ کہا کہ اے اللہ کے دشمن! حالانکہ وہ ایسا نہیں ہے، تو یہ اسی کہنے والے پر لوٹ کر آ جائے گا (مسلم)

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلّٰى صَلَاتَنَا وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا، وَأَكَلَ ذَبِيْحَتَنَا فَذٰلِكَ الْمُسْلِمُ الَّذِىْ لَهٗ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُوْلِهٖ، فَلَا تُخْفِرُوا اللّٰهَ فِىْ ذِمَّتِهٖ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣٩١، كتاب الصلاة، باب فضل استقبال القبلة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی (یہود و نصاریٰ وغیرہ کے مقابلہ میں) ہماری (یعنی مسلمانوں) جیسی، نماز پڑھے اور ہمارے (یعنی مسلمانوں کے) قبلہ کی طرف (عبادت کے لئے) رُخ کرے اور ہمارا ذبیحہ کھائے، تو وہ مسلمان ہے، جس کے لئے اللہ اور اس کے رسول کا ذمہ ہے، تو تم اللہ کی ذمہ داری میں خیانت نہ کرو (بخاری)

اس طرح کی اور بھی احادیث ہیں، جن کی وجہ سے جمہور محققین نے تکفیر کے باب میں بہت احتیاط سے کام لیا ہے، اس کے لئے نہایت احتیاط پر مبنی اصول وضع کئے ہیں، اور کسی کی تکفیر وعدمِ تکفیر کے مسئلہ میں اختلافِ اقوال وروایات کی صورت میں بھی عدمِ تکفیر کو ترجیح دی ہے۔

## ابوبکر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أَغْلَظَ رَجُلٌ لِأَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، فَقُلْتُ: أَقْتُلُهُ، فَانْتَهَرَنِيْ وَقَالَ: لَيْسَ هٰذَا لِأَحَدٍ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ** (سنن النسائی، رقم الحدیث ۴۰۷۱، کتاب تحریم الدم، باب الحکم فیمن سب النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

ترجمہ: ایک آدمی نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو کچھ غلیظ باتیں کہیں، تو میں نے عرض کیا کہ کیا میں اس آدمی کو قتل کردوں؟ تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھ کو جھڑک دیا، اور فرمایا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد، کسی کے لیے جائز نہیں (نسائی)

## امام طحاوی کا حوالہ

مذکورہ روایت کی تشریح وتوضیح کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے، امام ابوجعفر طحاوی حنفی رحمہ اللہ (المتوفی: 321 ہجری) فرماتے ہیں کہ:

**وبان بذلک أن معنى قول أبى بكر رضى الله عنه أنها لم تكن لأحد بعد رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه أراد بذلک أنه لم يكن لأحد أن يأمر بقتل أحد لسب سبه من سواه مما ينطلق به له مثل ذلک فيمن سب رسول الله صلى الله عليه وسلم ومن سواه فى ذلک لأن من سب رسول الله صلى الله عليه وسلم كان كافرا واجبا على أمته قتله أمروا بذلک أو لم يؤمروا بذلک ومن سب من سواه من ولاة الأمور بعده فالذى يستحقه على ذلک الأدب عليه أدب مثله فأما ما سوى ذلک مما يوجبه عليه خروجه عن الإسلام إلى الكفر فلا والله نسأله التوفيق** (شرح مشکل الآثار، ج۱۲، ص ۴۱۲، باب بیان مشکل ما روی عن أبی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ من قولہ لأبی برزة لما استأذنہ فی قتل الرجل الذی استأذنہ فی قتلہ إنها لم تکن لأحد بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفی ذلک الشیء ما ھو)

ترجمہ: اس تقریر سے یہ بات ظاہر ہوگئی کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد کا مطلب کہ ''یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد، کسی کے لیے جائز نہیں'' آپ کی اس سے مراد یہ تھی کہ کسی کے لیے بھی جائز نہیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سب وشتم کرنے کے علاوہ، کسی اور کو سب وشتم کرنے پر قتل کا حکم دے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی دوسرے کو سب وشتم کرنے والے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مثل قرار دے، کیونکہ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سب وشتم کرے، تو وہ کافر شمار ہوگا، امت پر اس کا قتل واجب ہوگا، اسی کا ان کو حکم دیا گیا ہے، اور جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ آپ کے بعد ولاۃُ الامور میں سے کسی کو سب وشتم کرے، تو وہ اس بات پر تعزیر وتادیب کا مستحق ہوگا، لیکن اس کے علاوہ وہ اسلام سے کفر کی طرف خارج نہیں ہوگا، **واللّٰہ نسأله التوفيق** (شرح مشکل الآثار)

امام طحاوی رحمہ اللہ مذکورہ باب میں ہی فرماتے ہیں:

**من سب رسول الله صلى الله عليه وسلم كان كافرا حلال الدم وليس من سب غيره** (شرح مشكل الآثار، ج ۱۲، ص ۴۱۱، باب بيان مشكل ما روى عن أبى بكر الصديق رضى الله عنه من قوله لأبى برزة لما استأذنه فى قتل الرجل الذى استأذنه فى قتله إنها لم تكن لأحد بعد رسول الله صلى الله عليه وسلم)

ترجمہ: جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سب وشتم کرے، تو وہ ''کافر'' اور ''حلالُ الدم'' ہوجائے گا، اور یہ (سب وشتم کرنے کا فعل) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی اور کو سب وشتم کرنے والے کی طرح نہیں ہے (شرح مشکل الآثار)

اس سے معلوم ہوا کہ غیر نبی پر سب وشتم کرنا گناہ ہے، لیکن باعثِ کفر نہیں۔

اسی وجہ سے جمہور محققین نے روافض کی طرف سے صحابۂ کرام پر سب وشتم کی بناء پر تکفیر نہیں کی۔

## ابومنصور ماتریدی کا حوالہ

امام ابومنصور ماتریدی (المتوفیٰ: 333ھ) فرماتے ہیں:

**ومن عبر الكفر باللسان ووصفه لا يكفر إلا بأن يكون يعبر عن نفسه أنه اعتقده** (تفسير الماتريدى، ج۳، ص ۱۹۰، سورة النساء)

ترجمہ: اور جو شخص زبان سے کفر کی تعبیر اور اس کی توصیف کرے، تو اس کو کافر قرار نہیں دیا جائے گا، الّا یہ کہ وہ اپنی طرف سے یہ تعبیر کردے کہ اس نے اس (کفر کرنے) کا اعتقاد اختیار کیا ہے (تفسیر ماتریدی)

مطلب یہ ہے کہ صرف زبان سے الفاظِ کفر وصفتِ کفر کے اظہار سے اس وقت تک کفر کا حکم نہیں لگایا جائے گا، جب تک وہ خود التزامِ کفر کی توضیح نہ کردے، اسی بنیاد پر جمہور اہل السنہ کی طرف سے تاویل واحتمالاتِ کفر کی صورت میں کفر کا حکم نہیں لگایا گیا، خواہ وہ تاویل اور احتمال بعید درجہ کا اور فاسد کیوں نہ ہو، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

## ابومنصور ماتریدی کا دوسرا حوالہ

امام ابومنصور ماتریدی، دوسرے مقام پر فرماتے ہیں:

**إجماع النقلة فى إثبات الشفاعة وتوارث الأمة فى الصلاة على جميع من مات من أهل القبلة والإستغفار لهم والترحم عليهم** (التوحيد للماتريدى، ص ۳۳۴، مسألة: اختلاف المسلمين فى مرتكبى الكبائر)

ترجمہ: ناقلین کا اجماع ہے، شفاعت کے ثبوت میں، اور اور امت کا توارث وتعامل ہے، نمازِ جنازہ پڑھنے میں ان تمام لوگوں پر، جو اہلِ قبلہ میں سے فوت ہوجائیں، اور ان کے لئے استغفار اور رحمت کی دعاء کرنے پر بھی اجماع وتعامل ہے (التوحید)

پس جن افراد وفرقوں کے اہلِ قبلہ ہونے پر اجماع ہو، ان کو اہلِ قبلہ سے خارج کرنے کے

لئے اسی جیسے ائمہ ومجتہدین کے اجماع کی ضرورت ہوگی، اور اس اجماع سے کسی غیر مجتہد تو درکنار، مجتہد کا اختلاف کرنا بھی، معتبر نہ ہوگا، بلکہ اجماع کے برخلاف ہوکر وہ قول خود ہی مردود ہوگا، چہ جائیکہ وہ حجت شمار ہو۔

## ابوالحسن اشعری کا حوالہ

اور اہلُ السنۃ کے عقائد کے ایک اہم ترجمان، امام ابوالحسن اشعری (المتوفیٰ: 324ھ) فرماتے ہیں:

وقال "أهل السنة والاستقامة: إن الله يخرج أهل القبلة الموحدين من النار ولا يخلدهم فيها (مقالات الإسلاميين واختلاف المصلين، ج۲، ص ۳۵۵، اختلافهم في تخليد الفساق في النار)

ترجمہ: اور اهلُ السنة والاستقامة کا قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اہلِ قبلہ موحدین کو جہنم سے نکال دے گا، اور ان کو جہنم میں ہمیشہ نہیں رکھے گا (مقالات الاسلامیین)

## ابوالحسن اشعری کا دوسرا حوالہ

نیز ابوالحسن اشعری ہی ''الابانة عن اصول الديانة'' میں فرماتے ہیں:

وندين بالصلاة على من مات من أهل القبلة، برهم وفاجرهم، وتوارثهم (الإبانة عن أصول الديانة، ص ۳۲، فصل في إبانة قول أهل الحق والسنة)

ترجمہ: اور ہم اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ اہلِ قبلہ میں سے جو کوئی فوت ہو جائے، نیک ہو، یا گناہ گار، اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی، اور ان کی میراث جاری ہوگی (الابانہ)

ابوالحسن اشعری نے یہی بات ''مقالاتُ الاسلاميين واختلاف المصلين'' میں بھی فرمائی ہے۔ [1]

---

[1] الصلاة على كل من مات من أهل القبلة برهم وفاجرهم وموارثتهم (مقالات الإسلاميين واختلاف المصلين، ج ۱، ص ۲۲۹، جملة قول أصحاب الحديث وأهل السنة)

ابوالحسن اشعری کے مزید حوالہ جات آگے آتے ہیں۔

اور اسی بنیاد پر جمہور کی طرف سے شیعہ وروافض کی تکفیر نہیں کی گئی۔

ترجمانِ دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب، اپنی معرکۃُ الآراء تالیف ''علمائے دیوبند کا دینی رُخ اور مسلکی مزاج'' میں تحریر فرماتے ہیں:

''کلامی مسائل میں جبکہ مسلمہ امام دو ہی ہیں، ایک ابوالحسن اشعری اور ایک امام ابو منصور ماتریدی، تو علمائے دیوبند اشعری ہیں، یا ماتریدی؟

اس بارے میں خود علمائے دیوبند ہی کے عرف میں تو وہ ماتریدی ہی نسبت سے معروف ہیں، لیکن ان ہی میں سے ایک جماعت ان کے اشعری ہونے کی رائے بھی رکھتی ہے، اولاً اس لئے کہ ان کے مورثِ اعلیٰ حضرتُ الامام شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ ہیں، ان کے کلام سے مترشح ہوتا ہے کہ وہ اشعری ہیں، اس لئے علمائے دیوبند کو بھی وہ اشعری سمجھتے ہیں، دوسرے اس لئے کہ اکابرِ دیوبند اپنے درسوں، تقریروں، اور قلمی تحریروں میں مسائلِ اشعریت کا پاس ولحاظ رکھتے ہیں، لیکن لقب کے لحاظ سے ان دونوں کو سامنے رکھ کر جو وجوہِ قبول سے خالی نہیں ہیں، اُن (علمائے دیوبند) کے ماتریدیت اور اشعریت کے ملے جلے رخ کو سامنے رکھ کر اگر انہیں اشعریت پسند ماتریدی کہا جائے، تو ان کے کلامی مزاج کے حسبِ حال ہوگا، جب کہ وہ جامع بین الاشعریت والماتریدیت ہی نظر آتے ہیں، بلکہ ان کے جامعیت آفریں مباحث دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک اشعریت اور ماتریدیت کے اختلافات، آخر کار نزاعِ لفظی ثابت ہوتے ہیں، کوئی حقیقی نزاع نظر ہی نہیں آتا'' (علمائے دیوبند کا دینی رُخ اور مسلکی مزاج، ص۱۵۶و۱۵۷، بعنوان: کلام اور متکلمین، مطبوعہ: ادارہ اسلامیات لاہور، بارِاول، ذوالقعدہ 1408ھ، جولائی 1988ء)

## علاء الدین ابوالحسن مرداوی کا حوالہ

علاءُالدین ابوالحسن مرداوی اپنی اصولِ فقہ سے متعلق تالیف میں فرماتے ہیں:

**فائدة: المبتدعة أهل الأهواء، إذا أطلق العلماء لفظة المبتدعة فالمراد به أهل الأهواء من الجهمية ، والقدرية ، والمعتزلة ، والخوارج ، والروافض ومن نحا نحوهم (التحبير شرح التحرير فى أصول الفقه، ج۴، ص ۱۸۹۰، باب الإجماع، فى تكفير الصلوات الخمس والجمعة ما بينهما إذا اجتنبت الكبائر)**

ترجمہ: فائدہ: مبتدعہ سے ''اہلِ اہواء'' مراد ہیں، جب علماء، لفظِ ''مبتدعہ'' کا اطلاق کریں، تو اس سے مراد اہلِ اھواء ہوتے ہیں، یعنی جہمیہ، قدریہ، معتزلہ، خوارج وروافض، اوران جیسے لوگ (التحبیر)

## علامہ ابنِ عابدین شامی کا حوالہ

علامہ ابنِ عابدین شامی (المتوفیٰ: 1252ہجری) ''ردُّ المحتار'' میں فرماتے ہیں کہ:

**أهل الهوى أهل القبلة الذين لا يكون معتقدهم معتقد أهل السنة، وهم الجبرية والقدرية والروافض والخوارج والمعطلة والمشبهة، وكل منهم اثنتا عشرة فرقة فصاروا اثنين وسبعين (ردالمحتار على الدر المختار، ج۶، ص۶۹۸، كتاب الوصايا، باب الوصية بالخدمة والسكنى والثمرة، فصل فى وصايا الذمى وغيره)**

ترجمہ: اہلِ ھویٰ، وہ اہلِ قبلہ ہیں، جن کے عقائد اہلُ السنۃ والے عقائد نہ ہوں، اور وہ جبریہ اور قدریہ اور روافض اور خوارج اور معطلہ اور مشبہہ ہیں، اوران میں سے ہر ایک کے بارہ فرقے ہیں، اوراس طرح سے بہتّر (72) فرقے بن جاتے ہیں (ردالمحتار)

اس طرح کی اور عبارات بھی ہیں، جن میں اہلِ اہواء میں روافض کے ساتھ خوارج، جبریہ اور

قدریہ اور معطلہ ومشبہہ کو اہلِ قبلہ اور فرقِ مسلمین میں شامل کیا گیا ہے۔
اور اسی اصول کی بنیاد پر جمہور مجتہدین نے شیعہ وروافض کی تکفیر نہیں کی۔

## شہابُ الدین مرجانی کا حوالہ

شہابُ الدین ہارون بن بہاؤالدین مرجانی حنفی (المتوفیٰ:1306ھ) ''حزامةُ الحواشی لازالة الغواشی علی التوضیح'' میں فرماتے ہیں:

**مذهب جمهور المحققين عدم تكفير الروافض مع انكارهم خلافة ابى بكر وعمر وقد نص على ذالک ابو حنيفة والشافعى رحمهما الله وغيرهما،بل فى المحيط وغيره انه مذهب جمهور الفقهاء (حزامة الحواشى لإزاحة الغواشى على التوضيحِ، ج۳،ص۲۰۷، الناشر: المطبعة الخيرية، القاهرة، مصر، تاريخ النشر: 1322هـ)**

ترجمہ: جمہور محققین کا مذہب ''روافض کی عدمِ تکفیر'' کا ہے،ان کے ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی خلافت کا انکار کرنے کے باوجود،اور اس کی امام ابوحنیفہ،اور امام شافعی رحمہما اللہ وغیرہما نے تصریح کی ہے، بلکہ محیط وغیرہ میں ہے کہ یہی جمہور فقہاء کا مذہب ہے (حزانۃ الحواشی)

اور جمہور مجتہدین کے مقابلہ میں مطلق تکفیر کے قول کو علامہ ابنِ عابدین شامی وغیرہ نے خطاء پر مبنی اور مرجوح قرار دیا ہے۔

## علامہ ابنِ عابدین شامی کا ایک اور حوالہ

چنانچہ علامہ ابنِ عابدین شامی ''ردُّ المحتار'' میں جمہور کے مقابلہ میں تکفیر کا قول کرنے والے حضرات کی تردید کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

**والنقل الأول أثبت وابن المنذر أعرف بنقل كلام المجتهدين.**
**نعم يقع فى كلام أهل المذهب تكفير كثير ولكن ليس من كلام الفقهاء**

الـذين هم المجتهدون بل من غيرهم، ولا عبرة بغير الفقهاء ، والمنقول عن الـمـجتهدين ما ذكرنا اهـ ومما يزيد ذلك وضوحا ما صرحوا به فى كتبهم متـونـا وشروحا من قولهم :ولا تـقـبـل شهـادة من يظهر سب السلف وتقبل شهادة أهل الأهواء إلا الخطابية .وقال ابن ملك فى شرح المجمع :وترد شهـادة مـن يـظهـر سـب السـلف لأنـه يـكون ظاهر الفسق، وتقبل من أهل الأهـواء الـجبـر والقدر والرفض والخوارج والتشبيه والتعطيل (ردالـمحتار، ج۴،ص۲۳۷، كتاب الجهاد، باب المرتد،مطلب مهم فى حكم سب الشيخين)

ترجمہ: اور پہلی نقل زیادہ ثابت ہے، اور ابنِ منذر مجتہدین کے کلام کی نقل سے زیادہ واقف ہیں۔

ہاں البتہ اہلِ مذہب کے کلام میں تکفیر کا قول بہت زیادہ واقع ہوا ہے، لیکن ان فقہاء کے کلام سے اس کا تعلق نہیں، جو کہ مجتہدین ہیں، بلکہ اس قول کا غیر مجتہدین کے کلام سے تعلق ہے، اور غیر فقہاء کے قول کا اعتبار نہیں، اور مجتہدین سے وہی منقول ہے، جو ہم نے ذکر کیا، جس کی مزید وضاحت اس سے بھی ہوتی ہے کہ فقہاء نے اپنی متون اور شروح پر مشتمل کتابوں میں اس بات کی تصریح کی ہے کہ اس کی گواہی کو قبول نہیں کیا جائے گا، جو علی الاعلان سلف پر سبّ وشتم کرتا ہو، اور خطابیہ کے علاوہ دیگر اہلِ اہواء کی گواہی کو قبول کیا جائے گا، اور ابنِ ملک نے شرحُ المجمع میں فرمایا کہ جو علی الاعلان سلف پر سبّ وشتم کرتا ہو، اس کی گواہی کو رَد کر دیا جائے گا، کیونکہ یہ ظاہری فسق ہے، اور اہلِ اہواء اور جبریہ اور قدریہ اور رافضی اور خارجی اور اہلِ تشبیہ اور اہلِ تعطیل کی گواہی کو قبول کیا جائے گا (ردُّ المحتار)

## علامہ ابنِ عابدین شامی کے مزید حوالہ جات

علامہ ابنِ عابدین شامی رحمہ اللہ ''ردُّ المحتار'' میں مزید فرماتے ہیں:

**إذا كان في المسألة وجوه توجب التكفير ووجه واحد يمنعه فعلى المفتي أن يميل إلى الوجه الذي يمنع التكفير تحسينا للظن بالمسلم** (ردالمحتار، ج۴ص ۲۲۴، كتاب الجهاد، باب المرتد)

ترجمہ: جب مسئلہ میں کئی وجوہات، تکفیر کو ثابت کرتی ہوں، اور صرف ایک وجہ کفر سے منع کرتی ہو، تو مفتی پر لازم ہے کہ وہ اس وجہ کی طرف مائل ہو، جو تکفیر سے منع کرتی ہے، مسلمان سے حسنِ ظن کو اختیار کرتے ہوئے (ردُّ المحتار)

نیز علامہ ابنِ عابدین شامی رحمہ اللہ ''ردُّ المحتار'' میں ہی فرماتے ہیں:

**(قوله ولو رواية ضعيفة) قال الخير الرملي :أقول ولو كانت الرواية لغير أهل مذهبنا، ويدل على ذلك اشتراط كون ما يوجب الكفر مجمعا عليه (قوله كما حرره في البحر) قدمنا عبارته قبيل قوله وشرائط صحتها (قوله وجوه) أي احتمالات لما مر في عبارة البحر عن التتارخانية أنه لا يكفر بالمحتمل**(ردالمحتار، ج۴ص ۲۳۰، كتاب الجهاد، باب المرتد)

ترجمہ: مصنف کا یہ قول کہ ''اگرچہ ضعیف روایت ہی کیوں نہ ہو'' خیر رملی نے فرمایا کہ میں کہتا ہوں کہ اگرچہ وہ روایت ہمارے مذہب کے علاوہ کی کیوں نہ ہو، اور اس بات پر یہ چیز دلالت کرتی ہے کہ کفر کو ثابت کرنے کے لئے ''مجمع علیہ'' چیز کا پایا جانا شرط ہے، مصنف کا یہ قول کہ ''جیسا کہ البحر میں تحریر ہے'' ہم اس کی عبارت ''**وشرائط صحتها** '' کے قول سے کچھ پہلے ذکر کر چکے ہیں، مصنف کا یہ قول کہ ''مختلف وجوہات'' یعنی مختلف احتمالات، جیسا کہ البحر کی عبارت میں تتارخانیہ کے حوالہ سے گذر چکا ہے کہ محتمل کی وجہ سے تکفیر نہیں کی جائے گی (ردُّ المحتار)

اسی بحث میں آگے چل کر ابنِ عابدین شامی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

**إذا كان في المسألة خلاف ولو رواية ضعيفة، فعلى المفتي أن يميل إلى عدم التكفير** (ردالمحتار، ج۴ص۲۳۷، كتاب الجهاد، باب المرتد،مطلب مهم في حكم سب الشيخين)

ترجمہ: جب ایک مسئلہ میں اختلاف ہو، اگرچہ ضعیف روایت ہی کیوں نہ ہو، تو

مفتی پر لازم ہے کہ وہ عدمِ تکفیر کی طرف مائل ہو (ردُّ المحتار)

پھر مندرجہ بالا بات کی یاددھیانی کراتے ہوئے علامہ ابنِ عابدین شامی فرماتے ہیں:

**وتقدم أن المراد بالاختلاف ولو رواية ضعيفة ولو في غير المذهب** (ردالمحتار، ج۴ص۲۴۷، كتاب الجهاد، باب المرتد)

ترجمہ: اور یہ بات گذر چکی ہے کہ اس سے مراد، اختلاف ہے، اگرچہ وہ ضعیف روایت پر ہی مبنی کیوں نہ ہو، اور اس سے بڑھ کر اگرچہ وہ ضعیف روایت دوسرے مذہب کی کیوں نہ ہو (ردُّ المحتار)

## علامہ ابنِ حجر عسقلانی کا حوالہ

اور علامہ ابنِ حجر عسقلانی ''صحیح بخاری'' کی شرح میں فرماتے ہیں:

**وأما البدعة فالموصوف بها إما أن يكون ممن يكفر بها أو يفسق، فالمكفر بها لا بد أن يكون ذلك التكفير متفقا عليه من قواعد جميع الأئمة** (فتح الباری شرح صحيح البخاری، ج ۱، ص ۳۸۵، الفصل التاسع فی سياق أسماء من طعن فيه من رجال هذا الكتاب مرتبا لهم على حروف المعجم)

ترجمہ: جہاں تک بدعت کا تعلق ہے، تو بدعت کے ساتھ متصف شخص، یا تو ان لوگوں میں سے ہوگا، جس کی بدعت کے باعث، تکفیر کی جائے گی، یا تفسیق کی جائے گی، پس جس بدعت کی وجہ سے تکفیر کی جائے گی، ضروری ہے کہ وہ تکفیر متفق علیہ ہو، تمام ائمہ کے قواعد پر مبنی ہو (فتح الباری)

جب کسی کی عدمِ تکفیر کی روایت اپنے مذہب کے علاوہ بھی موجود ہونے کی صورت میں تکفیر کا حکم لگانے سے اجتناب کا حکم ہے، اور تکفیر کے لئے مجمع علیہ تکفیر ضروری ہے، تو کسی کی عدمِ تکفیر کے متعلق اپنے مذہب کا راجح قول، بلکہ جمہور کا مذہب چھوڑ کر تکفیر کی کیونکر گنجائش ہو سکتی ہے۔

جمہور مجتہدین محققین کی طرف سے اس طرح کی اور بھی بے شمار عبارات وحوالہ جات موجود

ہیں، اوران کے موقف میں تبدیلی کا جو بعض حضراتِ متاخرین نے فتویٰ، یا فتاویٰ جاری کئے ہیں، اور جمہور متقدمین سلف کے موقف، اور اصولِ تکفیر کے بارے میں متعدد تاویلات وتوجیہات کی ہیں، وہ دلائل کی رو سے ہمارے نزدیک راجح ثابت نہیں ہوسکیں، بطور خاص تمام علمائے مجتہدین ومحققین، یہاں تک کہ اسلام کی تیرہ، چودہ سو صدیوں تک کے جمہور علمائے اہل السنہ کے شیعوں کے مکمل مذہبی عقائد، بلکہ تحریفِ قرآن جیسے ناقابلِ تاویل عقیدہ سے نابلد ولاعلم رہنے، اوراس پورے عرصہ تک ان کے ساتھ مسلمانوں والا برتاؤ کرتے رہنے کا جو تحکمانہ فیصلہ کردیا ہے، وہ پوری اسلامی تاریخ کو مسخ کردینے، اورآج کے دور میں حدیث، تفسیر، فقہ اوراسلامی تاریخ کے بڑے ذخیرہ کو غیر معتبر قرار دینے، اوراس کے مقابلہ میں نئے سرے سے ان سب چیزوں کو مرتب کرنے کا مکلّف قرار دلوانے کے مترادف ہے۔ جس کی تفصیل ہم نے اپنے دیگر متعدد مضامین میں بیان کردی ہے، ان کو یہاں نقل کرنے کی نہ گنجائش ہے، اور نہ ہی ضرورت۔

اور موجودہ دور کے علماء، یا چند علماء کے کسی مسئلہ پر اتفاق کرلینے کو متفقہ فتویٰ وغیرہ کا عنوان دے کر، جو اس کو اجماع سمجھ لیا جاتا ہے، اوراس کی خلاف ورزی کو گوارا نہیں کیا جاتا، یہ درست نہیں، کیونکہ اولاً تو کسی ایک مجتہد کے اختلاف کی وجہ سے بھی اجماع منعقد نہیں ہوا کرتا، دوسرے جو غیر مجتہدین کا مجتہدین سے اختلاف ہو، اس کا سرے سے اعتبار نہیں ہوا کرتا، خواہ وہ تعداد میں کتنے زیادہ کیوں نہ ہوں۔

پس تکفیرِ شیعہ وروافض کے مسئلہ میں چند متاخر علمائے مقلدین کا قول، جمہور ائمہ مجتہدین کے موقف اوران کے تکفیر سے متعلق بیان کردہ اصول وقواعد کے برخلاف ہونے کی وجہ سے غیر معتبر ہے، جس کی وجہ سے اصل جمہور کا قول متزلزل ومتاثر نہیں ہوتا، اور جمہور کا سابق قول اپنے ثبوت اور دلالت کے ساتھ بحالہٖ قائم رہتا ہے۔

# علامہ ظفر احمد عثمانی صاحب کا حوالہ

علامہ ظفر احمد عثمانی صاحب رحمہ اللہ اپنے ایک محقق رسالہ میں فرماتے ہیں:

آج کل کے علماء، اگر کسی مسئلۂ شرعیہ میں اتفاق کرلیں، تو اس کو اجماعِ شرعی نہ کہیں گے، کیونکہ وہ مقلدین کا اجماع ہوگا، جو کہ غیر معتبر ہے۔

پس چار سو، یا تین سو علماء کے اتفاق کو اجماع کہنا تو کسی طرح بھی درست نہ ہوگا، جبکہ ان کے خلاف بھی علماء کی ایک جماعت موجود ہے، گو وہ ان کے زعم میں قلیل ہی ہو (امداد الاحکام، ج۴، ص۴۸۲، کتاب المفرقات، رسالہ ''التدقیق الاقوام فی تحقیق السواد الاعظم'' مطبوعہ: مکتبہ دار العلوم کراچی، طبع اول 1421 ہجری)

علامہ ظفر احمد عثمانی صاحب مزید فرماتے ہیں:

جن علماء کے اتفاق کا ''انوارِ ساطعہ'' میں حوالہ دیا گیا ہے، مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری ان کے ہم عصر ہیں، اور ان کا فتویٰ اس کے خلاف ہے، لہٰذا یہ فتویٰ قابلِ اعتبار نہیں، کیونکہ خلاف عالمِ واحد بھی قادحِ اجماع ہے (ایضاً، ص۴۹۷)

پس جمہور کا قول تا حال شیعہ وروافض کی علی الاطلاق تکفیر کے خلاف ہے، اور اپنے دلائل کے اعتبار سے راجح، اور نہایت مستحکم بھی ہے۔

اور ان شاء اللہ تعالیٰ آگے معلوم ہوگا کہ جس زمانہ میں بھی شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر کی تحریک چلائی گئی، اس وقت کے متعدد جلیلُ القدر علماء وفقہاء نے اس سے اختلاف کیا، پس کسی زمانہ میں بھی تمام علماء کا تکفیر پر اتفاق ثابت نہ ہوسکا، چہ جائیکہ اس کو فقہاء ومجتہدین کا اجماع قرار دیا جائے، جیسا کہ اجتہاد وتقلید، اور اجماع کے اصول وقواعد سے واضح ہے، لہٰذا جمہور کے موقف کی اتباع کرنے کو ''تفرد وشذوذ'' وغیرہ جیسے الزامات سے متہم کرنا درست نہیں، ورنہ تو اس قسم کے الزامات کے خود ہی وہ افراد بدرجہ اولیٰ مستحق قرار پائیں گے، جنہوں

نے جمہور مجتہدین اور اپنے فقہائے محققین ومتبوعین سے اپنی راہ جدا کر کے علی الاطلاق تکفیر کی داغ بیل ڈالی، اور اس پر مزید یہ کہ اپنے ان ائمہ مجتہدین کو شیعہ وروافض کی حقیقتِ حال سے ناواقف ہونے کے الزام سے بھی بری نہیں چھوڑا، جنہوں نے کامل تحقیق اور مکمل اجتہاد کے بعد شیعہ وروافض کو مسلِم قرار دیا، ان سے احادیث وروایات، تفسیریات اور تاریخیات وغیرہ کو اخذ کیا، جس کی تفصیل، ہم دوسرے مضامین میں باحوالہ تحریر کر چکے ہیں۔

اب اس تمہید کے بعد آپ کے سوال کے بنیادی پہلو کے جواب کی طرف رجوع کیا جاتا ہے۔

## مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کا حوالہ

حضرت مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب (المتولد: 1877ء، 1293ھ، المتوفیٰ: 1962ء، 1381ھ) کی طرف سے ''شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ'' کے عنوان سے ایک آٹھ صفحاتی کتابچہ شائع کیا گیا تھا، جس کے پہلے صفحہ کے ٹائٹل پر درجِ ذیل مضمون لکھا گیا کہ:

### شیعہ اثنا عشریہ

کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ

جس میں ان تمام علمائے کرام کے فتووں کو شامل کر دیا گیا ہے، جو گذشتہ دس سال کے اندر ادارہ ''النجم'' کو حاصل ہو سکے ہیں، چونکہ اب تک یہ سلسلہ برابر جاری ہے، اور نہیں کہا جا سکتا کہ تا بہ کہ پایۂ تکمیل کو پہنچ سکے گا، اس لئے صرف موجودہ فتووں کو مع صورتِ سوال شائع کر کے ادارہ ''النجم'' اپنے تمام احباب سے التماس کرتا ہے کہ اپنے اپنے مقام کے علماء سے اس کاغذ پر دستخط کرا کے ہمارے پاس روانہ کر دیں، اس طرح جب معتد بہ مقدار دستخطوں کی فراہم ہو جاوے گی، تو پھر

ان کو یکجا کر کے شائع کر دیا جائے گا۔

''در مطبع عمدۃ المطابع، برقی پریس، وکٹوریہ اسٹریٹ لکھنؤ''

اور اس کتابچہ کے آخر میں یہ عبارت درج ہے کہ:

''سید محمد محسن حسنی نے، عمدۃ المطابع پریس میں چھپوا کر شائع کیا''

(شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ، صفحہ نمبر ۸، مطبوعہ: عمدۃ المطابع، برقی پریس، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ)

اس سے معلوم ہوا کہ مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے شیعہ کی تکفیر کی ایک طویل جدوجہد فرمائی، اور اس کام کو ایک مہم اور مشن کے طور پر سرانجام دیا۔

پھر مولانا عبدالشکور صاحب لکھنوی نے اس کتابچہ کے دوسرے صفحہ پر تمہید کے ضمن میں شیعوں کو مسلمان سمجھنے، اور ان کے ساتھ مسلمانوں جیسا برتاؤ اور سلوک کرنے سے ڈرایا، اور سختی کے ساتھ منع کیا، اور اس میں لکھا کہ:

''یہ فتویٰ سرِ دست چند دستخطوں کے ساتھ شائع کیا جاتا ہے، جو اب طبع ہو کر ہندوستان کے تمام علمائے کرام کی خدمت میں جائے گا، اور دوبارہ سینکڑوں دستخطوں کے ساتھ عنقریب شائع ہوگا..... (اور یہ بھی لکھا کہ)

اب عقیدۂ تحریفِ قرآن کے ظاہر ہونے کے بعد شیعوں کی تکفیر میں کسی کو اختلاف ہو ہی نہیں سکتا، کیونکہ یہ مسئلہ، علمائے مسلمین میں بلا اختلاف مسلم ہے کہ قرآن شریف کے ایک حرف کا انکار بھی کفر ہے۔

پس اب امید ہے کہ برادرانِ اسلام اس فتوے کو دیکھ کر شیعوں کے ساتھ مناکحت کرنے اور ان کے ہاتھ کا ذبیحہ استعمال کرانے، اور ان کو اپنے جنازوں میں شریک کرنے سے قطعی طور پر پرہیز کریں گے۔

دوسرا التماس یہ ہے کہ یہ فتویٰ جس مسلمان کو ملے، اس کو چاہیے کہ اپنے مقامی علماء

سے اس پر دستخط کرا کر جلد سے جلد دفتر ھٰذا میں بھیج دے، تاکہ دوبارہ اشاعت، جو ایک بڑے پیمانہ پر تجویز کی گئی ہے، تاخیر میں نہ پڑے، فقط'' (شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ، صفحہ نمبر ۲، مطبوعہ: عمدۃ المطابع، برقی پریس، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ)

مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے جس عقیدہ کی بناء پر شیعوں کی علی الاطلاق تکفیر کا بیڑا اٹھایا، اس پر نہ تمام شیعوں کا اتفاق ہے، اور نہ ہی اس عقیدہ کی تمام شیعوں کی طرف نسبت کرنا، درست ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

اس کے بعد اگلے صفحہ پر سب سے پہلے مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے ایک سوال کے جواب میں اپنا لکھا ہوا، ایک فتویٰ نقل کیا، جس میں لکھا کہ:

''شیعہ اثنا عشری، قطعاً خارج از اسلام ہیں، ہمارے علمائے سابقین کو چونکہ ان کے مذہب کی حقیقت کماینبغی معلوم نہ تھی، بوجہ اس کے کہ یہ لوگ اپنے مذہب کو چھپاتے ہیں، اور کتابیں بھی ان کی نایاب تھیں، لہٰذا بعض محققین نے بناء بر احتیاط، ان کی تکفیر نہیں کی تھی، مگر آج ان کی کتابیں، نایاب نہیں رہیں، اور ان کے مذہب کی حقیقت منکشف ہوگئی، اس لئے تمام محققین ان کی تکفیر پر متفق ہوگئے ہیں، ضروریاتِ دین کا انکار قطعاً کفر ہے، اور قرآن شریف ضروریاتِ دین میں سب سے اعلیٰ وارفع چیز ہے، اور شیعہ بلا اختلاف کیا، ان کے متقدمین، اور کیا متاخرین سب کے سب تحریفِ قرآن کے قائل ہیں۔

ان کی معتبر کتابوں میں زائد از دو ہزار روایات، تحریفِ قرآن کی موجود ہیں، جن میں پانچ قسم کی تحریف، قرآن شریف میں بیان کی گئی ہے، کمی۔ بیشی۔ تبدلِ الفاظ۔ تبدلِ حروف۔ خرابیِ ترتیب۔

خرابیِ ترتیب سورتوں میں بھی، اور آیتوں میں بھی، کلمات میں بھی، ان پانچ قسم کی

تحریف کی روایات کے ساتھ ان کے علماء کا اقرار رہا ہے کہ یہ روایات متواتر ہیں، تحریفِ قرآن پر صریح الدلالۃ ہیں، اور انہیں کے مطابق اعتقاد ہے۔

علمائے شیعہ میں گنتی کے چار آدمی، تحریفِ قرآن کے منکر ہیں (۱) شیخ صدوق (۲) ابنِ بابویہ قمی (۳) شریف مرتضیٰ (۴) ابوعلی طبرسی، مصنف تفسیر مجمع البیان، تو ان چار اشخاص کے اقوال، چونکہ محض بے دلیل اور روایاتِ متواترہ کے خلاف ہیں، اس لئے خود علمائے شیعہ نے، ان کو رد کر دیا ہے۔

پوری تحقیق اس مبحث کی میری کتاب تنبیہ الحائرین میں ہے، **من شاء فلیطالع.**

علامہ بحرالعلوم فرنگی محلی پہلے شیعوں کے مسلمان ہونے کا فتویٰ دیتے تھے، مگر تفسیر مجمع البیان دیکھنے سے ان کو معلوم ہوا کہ شیعہ تحریفِ قرآن کے قائل ہیں، لہٰذا انہوں نے فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت میں شیعوں کے کفر کا فتویٰ دیا اور لکھا کہ قرآن شریف کی تحریف کا جو قائل ہو، وہ قطعاً کافر ہے۔

المختصر شیعوں کا کفر بر بنائے عقیدۂ تحریفِ قرآن، محلِ تردد نہیں ہے، علاوہ اس کے دوسرے وجوہِ کفر بھی ہیں، مثل عقیدۂ بداء، قذفِ ام المومنین وغیرہ، مگر ان میں کچھ تاویل کی گنجائش ہے'' (شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ، صفحہ نمبر ۳و۴، مطبوعہ: عمدۃ المطابع، برقی پریس، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ)

مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کا یہ وہی فتویٰ ہے، جس کو حضرت مولانا اشرف علی تھانوی کی خدمت میں بھیجا گیا، پھر اس پر حضرت تھانوی سے، مولانا دریابادی کی مکاتبت ہوئی، جو امداد الفتاویٰ میں موجود ہے۔

(ملاحظہ ہو، امداد الفتاوی، ج ۴، ص ۵۸۴ تا ۵۸۶، مسائلِ شتی، بعد کتاب الفرائض، بعنوان: رفع شبہات بر تکفیر شیعہ، مطبوعہ: مکتبہ دارالعلوم کراچی، سنِ طباعت: جولائی 2010ء)

اس کی تشریح وتکمیل آگے ''حضرت تھانوی ودریابادی کی مکاتبت'' کے ذیل میں آتی ہے۔

اس کے علاوہ مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے اپنے اسی مذکورہ فتوے کو دیگر مقامات پر بھیج کر آراء، یا تائیدات حاصل کیں۔

اس فتوے میں مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے شیعہ کے تمام متقدمین اور متاخرین کی طرف قرآن مجید کی تحریف کے عقیدہ کو منسوب کر دیا ہے، اور اہلِ سنت کے علمائے سابقین کو ان کے مذہب کی پوری حقیقت معلوم نہ ہونے، یعنی علمائے سابقین اہل السنہ والجماعہ کے شیعہ واثنا عشری کے مذہب کی حقیقت سے جاہل رہتے ہوئے، بناء بر احتیاط، تکفیر کا حکم لگانے سے رکے رہنے کا الزام عائد کیا ہے، اور اب تمام محققین کے ان کی تکفیر پر متفق ہونے کا حکم لگایا ہے، اور عقیدۂ تحریفِ قرآن کے علاوہ باقی وجوہاتِ کفر میں تاویل کی گنجائش کا حکم بھی صادر فرمایا ہے۔

اسی کے ساتھ مذکورہ فتوے میں مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے شیعوں کی معتبر کتابوں میں پانچ قسم کی تحریفات کی دو ہزار روایات، ان کے متواتر، اور صریح الدلالت، اور ان کے مطابق اعتقاد ہونے کا دعویٰ کیا ہے، جس سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ ان سب چیزوں پر بھی شیعہ کے متقدمین ومتاخرین متفق ہیں۔

لیکن مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کی بیان کردہ یہ سب باتیں ہی محلِ نزاع ومحلِ کلام ہیں، اور ان میں کسی ایک بات پر بھی شیعہ، اور اہل السنہ کا اتفاق واجماع نہیں، بلکہ جمہور کا قول اس کے برخلاف ہے۔

مولانا موصوف کی طرف سے جو مختلف چیزوں کو جمع کر کے، اور بعض اقوال کو دوسرے بعض اقوال کے ساتھ جوڑ کر لزومِ کفر کو التزامِ کفر کے درجہ میں لانے کی کوشش کی گئی ہے، اور اس کے نتیجہ میں علی الاطلاق قطعی کفر کا حکم صادر فرمایا گیا ہے، یہ دراصل وہی جمہور مجتہدین کے مقابلہ میں غیر جمہور وغیر مجتہدین کا قول ہے، جس کی خود محققینِ حنفیہ پہلے ہی تردید فرما چکے ہیں، اور پیچھے حوالہ جات وعبارات میں اس کا ذکر گزر چکا ہے۔

ابوالحسن اشعری کے دور سے لے کر تا حال، جمہور اور ان کے متبعین نے جو حکم بیان فرمایا، وہ مکمل تحقیق کے بعد بیان فرمایا، یہاں تک کہ بے شمار احادیث وروایات کو شیعہ وروافض سے روایت کیا، جب اس چیز کی تحقیق کی آج سے زیادہ ضرورت تھی، جس میں راوی کے مسلم، وغیر مسلم، اور نیک وبد، سچا وجھوٹا ہونے، اور حافظہ قوی وضعیف تک ہونے نہ ہونے کی مکمل چھان پھٹک کی گئی، اس کے لئے مستقل اسماء الرجال کا فن مرتب ومدون کیا گیا، جس کی دین کے کسی دوسرے شعبہ میں بھی نظیر ملنا ممکن نہیں، چہ جائیکہ کافروں کے یہاں اس کی نظیر ملے۔ جبکہ تحریفِ قرآن کا عقیدہ جمہور شیعہ کے نزدیک بھی معتبر نہیں۔

حضرت شاہ عبدالعزیز دہلوی رحمہ اللہ نے ''تحفۂ اثناء عشریہ'' میں امامیہ اور خصوصاً اثنا عشریہ کے قدماء میں ایسے کئی ناموں کا ذکر کیا ہے، جن کا شمار احادیث کی اسناد، اور راویوں میں ہوتا ہے۔ [1]

---

[1] چنانچہ شاہ عبدالعزیز دہلوی ''تحفۂ اثنا عشریہ'' میں فرماتے ہیں:

واما امامیہ، خصوصاً اثنا عشریہ، پس علمائے اینہا در کثرت حدے ندارند، ومشاہیر قدمائے ایشاں، قیس بن سلیم بن قیس ہلالی است، وابان، وہشام بن الحکم، وہشام بن سالم، وصاحب الطاق، وابوالاحوص، وعلی بن منصور، وعلی بن جعفر، وبنان بن سمعان کہ کنیتِ اوابواحمد ست، مشہور بجزرہ است، وابنِ ابی عمیر، وعبداللہ بن مغیرہ، ونظیری، وابو بصیر ومحمد بن الحکم، ومحمد بن الفرح الرجی، وابراہیم خزار، ومحمد بن الحسین، وسلیمان جعفری، ومحمد بن مسلم وبکیر بن اعین، وزرارہ بن اعین وپسران ایں ہر دو، وسماعہ بن مہران، وعلی بن ابی حمزہ، وعیسیٰ وعثمان، وعلی، ہرسہ بنی فضال، واحمد بن محمد بن عبداللہ، ابونضرۃ البرنطی، ویونس بن عبداللہ القمی، وایوب بن نوح وحسن بن عیاش بن الحریش، وعلی بن مظاہر واسطی، واحمد بن اسحاق، وجابر جعفی، ومحمد بن جمہور قمی، وحسین بن سعید، وعبداللہ، وعبیداللہ ومحمد وعمران وعبیداللہ الاعلی، کلہم بنوعلی بن ابی الشیعۃ، واولادِ ایشاں، وجدِ ایشاں۔

ومصنفین اثنا عشریہ، صاحبِ معالم الاصول، فخر المحققین، ومحمد بن علی الطرازی، ومحمد بن علی الجیاعی، ابوالفتح کراجکی، والکفعمی، وجلال الدین حسن بن احمد شیخ، وشیخ مقتول، ومحمد بن الحسن الصفار، وابان بن بشیر البغال، وعبید بن عبدالرحمٰن حشمی وفضل بن شاذان قمی، ومحمد بن یعقوب الکلینی الرازی، وعلی بن بابویہ قمی، وحسین بن علی بابویہ قمی، ومحمد بن علی بن بابویہ قمی (تحفۂ اثناء عشریہ فارسی، ص ۱۶۴، باب سوم، در ذکر احوال، اسلافِ شیعہ، مطبوعہ: نول کشور لکھنؤ، انڈیا)

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے ذکر کردہ ان ناموں میں ہشام بن حکم، ابان بن تغلب اور جابر جعفی کا نام بھی ہے، جبکہ ابان بن تغلب کی حدیث صحیح مسلم میں موجود ہے، اور جابر جعفی سے ترمذی، اور ابوداؤد وغیرہ نے احادیث کو روایت کیا ہے، اور اس طرح کے مزید راویوں کا بھی ذکر کیا ہے، جن سے محدثین نے احادیث کو روایت کیا ہے۔

حضرت شاہ عبدالعزیز دہلوی رحمہ اللہ نے ''تحفۂ اثنا عشریہ'' میں اثنا عشریہ کے قدماء میں جن ناموں کا ذکر کیا ہے، ان میں ایک نام ''ابنِ ابی عمیر'' کا ہے۔

خطیب بغدادی نے ان کا پورا نام ''محمد بن عمیر کوفی'' بیان کیا ہے۔

حافظ ابنِ حجر نے محمد بن ابی عمیر کو مجہول کہا ہے، اور ابنِ حبان سے ثقات میں سے ہونے کو نقل کیا ہے۔

اور عمر رضا کحالہ نے محمد بن ابی عمیر کو ''محدث، فقیہ، اہلِ بغداد اور امامی'' کہا ہے، اور دوسو سترہ ہجری میں ان کی وفات بتلائی ہے۔

شاہ عبدالعزیز دہلوی رحمہ اللہ نے اثنا عشریہ کے قدماء میں ایک نام ''علی بن جعفر'' کا ذکر کیا ہے۔

حافظ ابنِ حجر نے ''تقریبُ التهذیب'' میں ان کا پورا نام ''علی بن جعفر بن محمد بن علی بن الحسین علوی'' کہا ہے، اور ان کو مقبول قرار دیا ہے، اور ان سے ترمذی کے روایت کرنے کا ذکر کیا ہے۔

اس طرح کے اور بھی کئی راوی ہیں، جن کی تفصیل ہم نے اپنی دوسری تالیفات میں ذکر کردی ہے، یہاں ان کو نقل کرنے کی گنجائش نہیں۔

پھر مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے اپنے قلم سے تحریر کردہ مذکورہ فتوے میں شیخ صدوق، اور ابنِ بابویہ قمی کو الگ الگ شخصیات لکھا ہے، بعینہٖ یہی عبارت امداد الفتاویٰ میں بھی ہے، جس کا حوالہ پیچھے گذرا۔

حالانکہ شیخ صدوق دراصل ابنِ بابویہ قمی (المتوفیٰ: 381ھ) کا ہی لقب ہے، ان کا پورا نام

''ابوجعفر محمد بن علی بن حسن بن موسی بن بابویہ قمی'' ہے۔

اور شریف مرتضیٰ (المتوفیٰ: 436ھ) دراصل علم الہدیٰ کے لقب سے معروف ہیں، اور تفسیر مجمع البیان کے مصنف کا اصل نام ابوعلی، فضل بن حسن طبرسی (المتوفیٰ: 548ھ) ہے۔ [1]

البتہ مولانا منظور نعمانی صاحب نے جو مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کا یہ فتویٰ شائع کیا ہے، اس میں اصلاح کرنے کے بعد درج ذیل چار افراد کے نام شائع کیے گئے ہیں:

''شیخ صدوق ابنِ بابویہ قمی، شریف مرتضیٰ، ابوجعفر طوسی، ابوعلی طبرسی، مصنف تفسیر مجمع البیان'' (خصوصی اشاعت، ماہنامہ بینات کراچی، تیسرا ایڈیشن، حصہ اول، صفحہ نمبر ۱۷۰، ضمیمہ، ناشر: مکتبہ بینات، کراچی)

اس عبارت میں شیخ صدوق ابنِ بابویہ قمی کو ایک شخصیت شمار کرکے، ابوجعفر طوسی کے نام کا اضافہ کیا گیا ہے، جن کا پورا نام ''ابوجعفر محمد بن حسن طوسی'' (المتوفیٰ: 460ھ) ہے۔

بہر حال مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کو اگر اہلِ تشیع کے مذکورہ چار حضرات سے قبل کے صرف اہلُ السنۃ والجماعۃ کے عقائد میں چند مشہور ترجمانوں، بالخصوص ابوالحسن اشعری کی تصریحات ملاحظہ کرنے کا موقع مل جاتا، تو وہ ایسا دعویٰ نہ فرماتے۔

''ابوالحسن اشعری'' کا شمار اہلُ السنۃ کے ''عقائد واصول کے بنیادی اماموں وترجمانوں'' میں ہوتا ہے، جن کی ولادت دوسو ساٹھ (260) ہجری کو عراق کے شہر بصرہ میں ہوئی، اور انہوں نے اپنی وفات تک عراق کے شہر ''بغداد'' میں سکونت اختیار کی، اور ان کی وفات تین سو چوبیس (324) ہجری میں ہوئی۔

اور امامیہ اثنا عشریہ کے بارہویں امام کی ولادت کا سن دوسو پچپن، یا چھپن (256) ہجری

---

[1] الفضل بن الحسن بن الفضل الطبرسی، أمین الدین، أبو علی :مفسر محقق لغوی .من أجلاء الإمامیة .نسبته إلی طبرستان .له "مجمع البیان فی تفسیر القرآن والفرقان -ط "مجلدان، و " جوامع الجامع -ط "فی التفسیر أیضا .ومن کتبه "تاج الموالید "و "غنیة العابد "و "مختصر الکشاف "و "إعلام الوری بأعلام الهدی -ط ."توفی فی سبزوار، ونقل إلی المشهد الرضوی (الأعلام،للزرکلی ،ج۵،ص۱۴۸، حرف الفاء، مادة "فض")

ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ اثنا عشریہ کے بارہویں امام جو کہ ''امامِ منتظر'' کہلاتے ہیں، ان کی امامت کا تصور ابوالحسن اشعری کے زمانہ میں موجود تھا، اسی بناء پر انہوں نے شیعہ امامیہ کے اُس فرقہ کا ذکر بھی کیا ہے، جو بارہ ائمہ کا قائل ہے، جن کا بارہواں امام ''امامِ منتظر'' کہلاتا ہے۔

نیز شیعہ کے مشہور مصنف ومحدث محمد بن یعقوب کلینی بھی، عراق کے شہر ''بغداد'' کے باشندے تھے، جن کی ولادت کا سن دوسو پچپن (255) ہجری، یا اس کے کچھ بعد ہے، ان کی قبر بھی، عراق کے شہر ''بغداد'' میں ہی ہے، ان کی وفات تین سو اٹھائیس (328) ہجری ہے، یعنی ابوالحسن اشعری کی وفات کے صرف چار سال بعد، جس سے ظاہر ہے کہ یہ دونوں حضرات ایک دوسرے کے ہم عصر اور ہم علاقہ تھے۔

شیخ ابوالحسن اشعری (المتوفیٰ: 324ھ) نے ''مقالاتُ الاسلامیین'' میں تمام بنیادی فرقوں ''روافض، خوارج، مرجئہ، معتزلہ، جہمیہ وغیرہ، اور ان کے عقائد وافکار کا ذکر کیا ہے، اور حضرت شیخ موصوف نے اس تالیف کے مقدمہ میں فرمایا:

أما بعد فإنه لا بد لمن أراد معرفة الديانات والتمييز بينها من معرفة المذاهب والمقالات ورأيت الناس فى حكاية ما يحكون من ذكر المقالات ويصنفون فى النحل والديانات من بين مقصر فيما يحكيه وغالط فيما يذكره من قول مخالفيه ومن بين معتمد للكذب فى الحكاية إرادة التشنيع على من يخالفه ومن بين تارك للتقصى فى روايته لما يرويه من اختلاف المختلفين ومن بين من يضيف إلى قول مخالفيه ما يظن أن الحجة تلزمهم به وليس هذا سبيل الربانيين ولا سبيل الفطناء المميزين.

فحدانى ما رأيت من ذلک على شرح ما التمست شرحه من أمر المقالات واختصار ذلک وترک الإطالة والإكثار.

وأنا مبتدء شرح ذلک بعون الله وقوته.

اختلف الناس بعد نبيهم صلى الله عليه وسلم فى أشياء كثيرة ضلل فيها بعضهم بعضا وبرء بعضهم من بعض فصاروا فرقا متباينين وأحزابا متشتتين

**إلا أن الإسلام يجمعهم ويشتمل عليهم وأول ما حدث من الإختلاف بين المسلمين بعد نبيهم صلى الله عليه وسلم اختلافهم فى الإمامة(مقالات الإسلاميين واختلاف المصلين، ج ١، ص ٢١، مقدمة)**

ترجمہ: امابعد! پس بے شک اس شخص کے لئے جو مذہبی عقائد، اور ان کے درمیان تمیز کی معرفت حاصل کرنا چاہتا ہے، ضروری ہے کہ وہ ان مذاہب اور ان کے اقوال کی معرفت حاصل کرے، اور میں نے دیکھا کہ جو لوگ مختلف اہلِ مذاہب کے اقوال کو نقل کرتے ہوئے ذکر کرتے ہیں، اور جو مذہب اور عقائد کے سلسلہ میں تصنیف وتالیف کرتے ہیں، تو ان میں سے بعض لوگ تو دوسرے کے قول کو نقل کرنے میں کمی کوتاہی کا ارتکاب کرتے ہیں، اور بعض لوگ اپنے مخالف کے قول کو ذکر کرنے میں تشدد کو اختیار کرتے ہیں، پھر ان میں بعض لوگ (مختلف مذاہب کے اقوال کو) نقل کرنے میں جان بوجھ کر جھوٹ کا ارتکاب کرتے ہیں، جن کا مقصد اپنے مخالف کی تشنیع اور برائی بیان کرنا ہوتا ہے، اور بعض لوگ روایت کرنے میں اختلاف کرنے والوں کے اختلافات کو روایت کرنے کا احاطہ نہیں کرتے (وہ کسی ایک آدھ قول کو ذکر کرنے پر اکتفاء کر بیٹھتے ہیں، دوسرے اقوال واختلاف کو ذکر نہیں کرتے) جبکہ بعض لوگ اپنے مخالف کے قول کی طرف ایسی باتیں منسوب کردیتے ہیں، جن کے متعلق ان کا گمان ہوتا ہے کہ یہ دلیل اور حجت ان پر لازم آجائے گی (یعنی وہ التزام کے بجائے، لزوم، اور الزام کے طریقہ پر چلتے ہیں، جیسا کہ مناظرہ میں ہوا کرتا ہے)

لیکن مذکورہ طریقے، ربانیین اور اللہ والوں کے طریقے نہیں ہیں، اور نہ ہی تمیز کرنے والے عقل مندوں کے طریقے ہیں (یعنی یہ سب طریقے، دین وعقل دونوں کی رو سے افراط، یا تفریط پر مبنی ہیں)

پس ان حالات کے مشاہدہ نے مجھے اس کام کے لئے ابھارا کہ میں مختلف مذاہب

کے عقائد پر مشتمل اقوال کی شرح کروں اور اس شرح میں اختصار سے کام لوں، اور طوالت واکثار کو ترک کردوں۔

اور اب میں اللہ کی مدد اور اس کی قوت کے ذریعہ اس کی شرح کا آغاز کرتا ہوں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد لوگوں کا بہت سی چیزوں میں اختلاف ہوگیا، جن میں ایک نے دوسرے کو گمراہ قرار دیا اور ایک دوسرے سے برائت ظاہر کی، جس کے نتیجہ میں وہ ایک دوسرے کے مقابلہ میں مختلف فرقے، اور متفرق ومنتشر گروہ بن گئے، لیکن اسلام ان سب کو جمع کرتا ہے، اور ان سب پر مشتمل ہے (اسلام سے کوئی فرقہ وگروہ خارج نہیں)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے پہلے مسلمانوں کے درمیان جو اختلاف پیدا ہوا، وہ مسلمانوں کا امامت کے متعلق اختلاف تھا (مقالات الاسلامیین)

معلوم ہوا کہ مسلمانوں کے درمیان سب سے پہلا اختلاف امامت کے بارے میں رونما ہوا، جس کے نتیجہ میں سنی وشیعہ، اور امامیہ کی تقسیم پیدا ہوئی۔

ترجمانِ اہل السنہ کی مذکورہ تمہید کو ملاحظہ کرنے کے بعد یہ سمجھنا، مشکل نہیں کہ انہوں نے اس باب میں مختلف مذاہب کی تصنیفات وتالیفات اور مقالات واقوال کو سامنے رکھ کر نہایت اعتدال اور تحقیق کو اختیار کیا ہے۔

اور جمہور نے اسی کی اتباع وپیروی کی ہے۔

چنانچہ علامہ ابنِ تیمیہ نے، شہرستانی وغیرہ جیسے حضراتِ مصنفین کی نقل کے تسامحات کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا:

**ولهذا تجد نقل الأشعرى أصح من نقل هؤلاء ;لأنه أعلم بالمقالات، وأشد احترازا من كذب الكذابين فيها (منهاج السنة ، ج٦ ص ٣٠١،الفصل الثانى،فصل نقل الرافضى عن الشهرستانى ما ذكره من التنازع الذى وقع بين الصحابة فى مرض النبى عليه السلام)**

ترجمہ: اور اسی وجہ سے آپ اشعری کی نقل کو ان (مذکورہ دیگر حضرات) کے مقابلہ میں زیادہ صحیح پائیں گے، کیونکہ وہ مختلف مذاہب کے اقوال کا زیادہ علم رکھنے، اور اس باب میں جھوٹے لوگوں کے جھوٹ سے بہت شدت کے ساتھ بچنے والے ہیں (منہاج السنہ)

اور علامہ ابنِ نجیم، فقہ حنفی کی تالیف ''البحرُ الرائق'' میں فرماتے ہیں:

**عدم تكفيرهم هو المنقول عن جمهور المتكلمين والفقهاء فإن الشيخ أبا الحسن الأشعرى قال فى كتاب مقالات الإسلاميين اختلف المسلمون بعد نبيهم – صلى الله عليه وسلم – فى أشياء ضلل بعضهم بعضا وتبرأ بعضهم عن بعض فصاروا فرقا متباينين إلا أن الإسلام يجمعهم ويعمهم** (البحر الرائق، ج ا ص ۳۷۱، كتاب الصلاة، باب الامامة)

ترجمہ: ان کی عدمِ تکفیر ہی جمہور متکلمین اور جمہور فقہاء سے مروی ہے، کیونکہ شیخ ابو الحسن اشعری نے اپنی کتاب ''مقالاتُ الاسلامیین'' میں فرمایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد لوگوں کا بہت سی چیزوں میں اختلاف ہوگیا، جن میں ایک نے دوسرے کو گمراہ قرار دیا اور ایک دوسرے سے برائت ظاہر کی، جس کے نتیجہ میں وہ ایک دوسرے کے مقابلہ میں مختلف فرقے وگروہ بن گئے، لیکن اسلام ان سب کو جمع کرتا ہے، اور ان سب کو شامل ہے (اسلام سے کوئی فرقہ وگروہ خارج نہیں) (بحر)

اس موقف کو اور بھی کئی محققین اہل السنہ نے نقل واختیار کیا ہے۔

پس اسلام کی تیرہ صدیاں گذرنے کے بعد مولانا عبد الشکور لکھنوی صاحب (المتوفیٰ: 1381ھ) کا یہ فرمانا کہ:

ہمارے (یعنی اہلُ السنۃ والجماعۃ کے) علمائے سابقین کو چونکہ ان کے مذہب کی حقیقت کما ینبغی معلوم نہ تھی، بوجہ اس کے کہ یہ لوگ اپنے مذہب کو چھپاتے ہیں، اور کتابیں بھی ان کی نایاب تھیں، لہٰذا بعض محققین نے بناء بر احتیاط، ان کی تکفیر نہیں کی تھی، مگر آج ان کی کتابیں، نایاب نہیں رہیں، اور ان کے مذہب کی

حقیقت منکشف ہوگئی'' (شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ، صفحہ نمبر ۳، مطبوعہ: عمدۃ المطابع، برقی پریس، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ)

یہ ائمہ متکلمین، علمائے سابقین، بالخصوص جمہور اہلُ السنۃ مجتہدین ومحققین پر بے بنیاد، بلکہ خلافِ حقیقت الزام ہے۔

اگر تھوڑی دیر کے لئے اس الزام کو درست بھی مان لیا جائے، تو پھر جن جمہور متکلمین وفقہائے سلف نے اہلِ تشیع وروافض، اور دیگر فرقوں کے جملہ عقائد وافکار پر محققانہ کلام اور رد کیا، اور اس کی وجہ سے اہل السنہ کا غیر اہل السنہ فرقوں سے تشخص وتمیز ہوا، اور جن روافض سے احادیث اور دین کے مختلف ابواب میں اخذ وقبول کا سلسلہ قائم ہوا، اور وہی ان کے متبعین ومتاخرین تک پہنچا، ان سب چیزوں کی کیا حیثیت باقی رہ جاتی ہے؟

ابوالحسن اشعری نے اپنی مذکورہ تالیف میں شیعہ، رافضہ، اور غالیہ کے فرقوں کو الگ الگ بیان کیا ہے، انہوں نے رافضہ کا بیان کرتے ہوئے قرآن مجید میں زیادتی ونقص کے بارے میں روافض، جن سے اُن کے نزدیک ''امامیہ'' مراد ہیں، اور ان میں ''اسماعیلیہ'' اور ان کی دوسری شاخیں بھی داخل ہیں، مجموعی طور پر ان کے تین فرقوں کا ذکر فرمایا ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ:

''روافض'' کا ایک فرقہ صرف نقص کا قائل ہے، زیادتی کا قائل نہیں۔

اور ''روافض'' کا دوسرا فرقہ زیادتی کے جواز اور نقص کے عدمِ جواز کا قائل ہے۔

اور ''روافض'' کا تیسرا فرقہ، جو اعتزال وامامت کا قائل ہے، وہ قرآن مجید میں نقص اور زیادتی، کسی چیز کا عقیدہ نہیں رکھتا، اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کئے گئے قرآن مجید میں کسی تبدل وتغیر کا قائل نہیں، اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیے گئے قرآن کے اسی حالت پر برابر قائم رہنے کا قائل ہے''۔ [1]

---

[1] قول الروافض فی القرآن :هل زيد أو نقص منه؟
واختلفت الروافض فی القرآن هل زيد فيه أو نقص منه.وهم ثلاث فرق:

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اور آگے علامہ آلوسی کے حوالہ سے آتا ہے کہ جمہور اثنا عشری، ابنِ مطہر حلی، اور ان کے استاد طوسی کے پیروکار ہیں، جو تحریفِ قرآن کے منکر، اور اعتزال وامامت کے قائل ہونے کے ساتھ اخباریین کے برعکس اصولیین سے تعلق رکھتے ہیں، جو ائمہ کی روایات کے خلاف اجتہاد سے ترجیح کے قائل ہیں، اور ان ہی کو ابوالحسن اشعری نے نقص وزیادتی دونوں چیزوں کا منکر کہا ہے، کیونکہ ائمہ کی مرویات کے برخلاف یہی اعتزال واجتہاد کی رو سے نقص وزیادتی کے منکر ہیں۔

ابوالحسن اشعری کے بعد چوتھی صدی ہجری کے ماہر فقیہ، محدث اور اہل السنۃ والجماعۃ کے متکلم اور اشاعرہ کے امام کا لقب پانے اور عراق میں مالکیہ کی ریاست کی انتہاء کو پہنچنے والے ''قاضی ابوبکر باقلانی مالکی'' (المتوفیٰ: 403ھ) نے ''تحریفِ قرآن'' کے عقیدہ کے بطلان پر ایک نہایت عمدہ کتاب ''الانتصار للقرآن'' کے نام سے تالیف فرمائی ہے، جس میں انہوں نے متعدد مرتبہ جمہور شیعہ کے تحریف کا منکر ہونے کی تصریح کی ہے۔

چنانچہ امام باقلانی اس تالیف میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

> ''تحریفِ قرآن کے بارے میں بعض شیعہ کا دعویٰ بہتان ہے، اور یہ بہتان شیعوں کے بعض غالی لوگوں نے گھڑا ہے، اسلافِ شیعہ میں سے کسی سے، اس بارے میں ایک حرف بھی منقول نہیں، اور اسی موقف پر آج تک خالص شیعہ، اور

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

فالفرقة الأولى منهم يزعمون أن القرآن قد نقص منه وأما الزيادة فذلك غير جائز أن يكون قد كان وكذلك لا يجوز أن يكون قد غير منه شيء عما كان عليه فأما ذهاب كثير منه فقد ذهب كثير منه والإمام يحيط علماً به.

(في أصل المخطوط بياض بالأصل إلا أنه محقق الطبعة الألمانية أشار إلى هامش ح يتضمن عبارة: "وهم الذين يجوزون الزيادة ولا يجوزون النقص منه)

والفرقة الثالثة منهم وهم القائلون بالاعتزال والإمامة يزعمون أن القرآن ما نقص منه ولا زيد فيه على ما أنزل الله تعالى على نبيه عليه السلم لم يغير ولم يبدل ولا زال عما كان عليه(مقالات الإسلاميين واختلاف المصلين، ج ا ،ص ۵۵ ،مقالات الروافض،قول الروافض فى القرآن :هل زيد أو نقص منه؟)

ان کے سوادِ اعظم قائم ہیں"۔ [1]

قاضی ابوبکر باقلانی، مذکورہ تالیف میں ایک اور مقام پر فرماتے ہیں:

"جو شیعہ قرآن مجید میں کمی، زیادتی کے منکر ہیں، اور اسی دولوحوں کے درمیان لکھے ہوئے قرآن کو حضرت علی اور ان کی اولاد ائمہ سے لیتے ہیں، اور اسی کو جمیع کتابُ اللہ سمجھتے ہیں، اور وہ اسی کی قرائت وتلاوت کرتے ہیں، اور وہ اسی کے قرآن ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں، وہ تعداد میں بہت زیادہ، اور مختلف علاقوں میں آباد ہیں، اسی موقف پر دوسرے تمام مسلمان ہیں، جن کا جھوٹ پر اتفاق محال ہے، اور تمہاری تعداد ان کے مقابلہ میں کم ہے" [2]

---

[1] فإن قالوا: قد نقلت الشيعة، وبعضهم تثبت الحجة عن مثلهم عن على عليه السلام أنه أنكر على القوم وخالفهم وعرفهم أن القرآن ناقص مغير محرف.

قيل لهم: هذا بهت منكم وشيء وضعه قوم من غلاتكم، والقادحين فى الشريعة، وإلا فما نقل أحد من أسلاف الشيعة فى ذلك حرفا واحدا، بل نقل أنه كان داخلا فى الجماعة ومقرا بما اتفقوا عليه ومصوبا له، وأنه كان يقرىء به ويعلمه، وعلى ذلك الدهماء من الشيعة والسواد الأعظم إلى اليوم، وبعد فما الذى قاله لهم لما وقفهم على تبديل القوم وتغييرهم وما الذى عرفهم به مما غيره، وما الذى لقنهم مما أسقطوه وكيف يمكنه أن يقول لهم: إن القوم حرفوا كتاب الله وغيروه، ولم يمكنه أن يوقفهم على موضع التغيير(الانتصار للقرآن للباقلانى، ج۲ ص۴۶۴، باب ما روى من الآى المنسوخة ووجه القول فيها،فصل مما يدل على كذب الرافضة فى هذه الدعوى)

[2] ثم يقال لهم :إن وجب القطع على صدق هذه الطبقة من الشيعة فى روايتهم عن على والسلف الصالح من ولده فى تغيير القرآن ونقصانه، فما أنكرتم من وجوب تصديق الفريق الآخر من الشيعة الذين يروون عن مثلهم مع كثرة عددهم واختلاف هممهم وتفرق ديارهم عن على والأئمة من ولده أن هذا القرآن المرسوم بين اللوحين هو جميع كتاب الله المنزل على رسوله على ترتيبه ونظامه غير مغير ولا مبدل ولا مزيد فيه، وأنهم كانوا يقرؤونه ويقرئونه ويوقفونهم على اعتقادهم لصحته وكماله وتمامه، والكذب مستحيل على مثلهم، وخبرهم هذا معارض لخبركم فى نقيض موجبه، وقد علمتم علما لا يتخالجكم فيه الشك والريب أن فى الشيعة خلقا عظيما يعتقدون فى صحة القرآن ونظمه وترتيبه اعتقاد أصحاب الحديث وسائر فرق الأمة، وأنهم يروون ذلك عن على عليه السلام والأئمة من ولده، فما الذى جعل خبركم بالتوثيق والتصديق أولى من خبرهم وهم فى الكثرة كأنتم بل أكثر، لأن الدهماء من الشيعة والسواد الأعظم ينكر نقصان القرآن وتغييره وتبديله، ويعظم ذلك ويتبرأ من قائله ويكفر الدائن به، ويفرق فى ذم معتقده والناصر له

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

موصوف مزید فرماتے ہیں:

''ان تحریف کے قائلین سے کہا جائے گا کہ تمہارا یہ کہنا کہ حضرت علی اور ان کی اولاد نے اس قرآن میں کمی اور تغییر کا قول کیا ہے، تو یہ محدث مذہب اور محدث قول ہے، اور شیوخِ شیعہ اور دوسرے حضرات تعداد میں زیادہ اور زیادہ قدیم ہیں، جو اس کے خلاف ہیں'' [1]

قاضی ابوبکر باقلانی، مذکورہ تالیف میں ایک اور مقام پر فرماتے ہیں:

''اور تمہارا یہ کہنا کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے دعوے کے مطابق، قرآن مجید کی ترتیب قائم کی تھی، جس کے اندر بعد میں تحریف کردی گئی، تو یہ پھس پھسا دعویٰ ہے، تم یقینی طور پر یہ بات جانتے ہو کہ ہم اور امت کے تمام فرقے، اور شیعوں کا بڑا اور اکثریتی طبقہ، اس مسئلے میں تمہارا مخالف ہے، اور ہمارے ساتھ ہے، جو سب اِس قرآن مجید کو تحریف اور تغییر اور نقصان سے محفوظ سمجھتے ہیں''۔ [2]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

كثر من افتراق جميع فرق الأمة، والقليل منهم القائل بقولكم والناصر له، ولا جواب لهم عن ذلك(الانتصار للقرآن، ج۲، ص۴۸۳، ۴۸۴، باب ما روى من الآى المنسوخة ووجه القول فيها، فصل مما يدل على كذب الرافضة فى هذه الدعوى)

[1] يقال لهم :افصلوا بينكم وبين من قال إن قولكم مذهب على وولده القول بنقصان هذا القرآن وتغييره، مذهب محدث قريب الحدوث، وأن شيوخ الشيعة وغيرهم أكثر وأقدم منه، وأن القول بأن مذهب على والأئمة من ولده أن جميع ما أنزل الله تعالى من القرآن على نبيه صلى الله عليه هوهذا المرسوم بين اللوحين على وجهه وترتيبه، هو المذهب القديم المعروف المروى عن الثبت الثقات وعن الكافة فلا معتبر بقولكم وخلافكم، فهل ترون لكم من هذا مخرجا؟ !(الانتصار للقرآن،للباقلانى، ج۲، ص ۴۸۵، باب ما روى من الآى المنسوخة ووجه القول فيها ،فصل مما يدل على كذب الرافضة فى هذه الدعوى)

[2] وأما قولكم إنه سبحانه ورسوله صلى الله عليه كذلك رتباه فى النظم والتأليف فدعوى مجردة تعلمون يقينا أننا وجميع فرق الأمة ومعظم الشيعة المخالفين لكم فى هذا الباب والمقرين معنا بسلامة هذا المصحف من التحريف والتغيير والنقصان نخالفكم فيها، وننسبكم نحن وجميع

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

نیز قاضی ابوبکر باقلانی، مذکورہ تالیف میں ایک اور مقام پر فرماتے ہیں:

''پھر تحریفِ قرآن کے قائلین سے یہ کہا جائے گا کہ تمہاری مخالفت کرنے والے، امت کے تمام فرقوں نے، اور خاص طور پر جمہور شیعہ نے، یہ بات نقل کی ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے اسی طرح قرآن مجید کو نازل فرمایا ہے، جو ہمارے صحیفوں میں ہے، اور ہم نے اس کو اسی طرح مرتب کیا ہے، اور وہ فرقے تم سے تعداد کے اعتبار سے بھی زیادہ ہیں، اور سند کے اعتبار سے بھی زیادہ صحیح ہیں، اور رجال کے اعتبار سے بھی زیادہ مضبوط ہیں، اُن تمام راویوں کے مقابلے میں، جن سے تم نے روایات لی ہیں، بلکہ تمہاری مخالفت کرنے والے شیعہ بھی، اس مذہب میں تمہارے مقابلے میں تعداد کے اعتبار سے زیادہ ہیں، اور زیادہ ثقہ ہیں، اور تمہارے مقابلے میں حق کے زیادہ قریب ہیں، اور کذب اور بہتان کی عار کے احتمال سے تمہارے مقابلے میں زیادہ خوددار اور غیرت مند ہیں''۔ [1]

پس اہلُ السنۃ کے عقائد کے عظیم ترجمانوں کو تیسری صدی کے آخر میں تحریفِ قرآن کے قائل ''بعض روافض'' اور اس زمانہ میں ''مذہبِ محدث، قریب الحدوث'' اور ''قلیل تعداد''

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ من وافقكم إلى الكذب فى ادعائها، فما الدليل إذا كان ذلك كذلك على صحة قولكم إن الله تعالى ورسوله رتباه وألفاه على سبيل ما أنزل عليه فى التقديم والتأخير، وخبرونا عنكم باضطرار تعلمون صحة هذه الدعوى أم بحجة ودليل؟ .(الانتصار للقرآن، ج۲، ص۵۱۳، ۵۱۴، باب ما روى من الآى المنسوخة ووجه القول فيها، دليل لهم آخر فى تغيير المصحف وإفساد نظم القرآن، ووقوع الغلط والتحريف فيه)

[1] ثم يقال لهم :فقد نقل سائر من خالفكم من جميع فرق الأمة والدهماء من الشيعة خاصة، أن الله تعالى ورسوله ألقى القرآن على ما هو عليه فى مصحفنا ورتبناه كذلك، وفرق منهم أكثر منكم عددا وأصح سندا وأثبت رجالا وأوثق وأعدل من سائر من ترونه عنه، بل مخالفوكم الشيعة فقط فى هذا المذهب أكثر عددا منكم وأوثق وأقرب إلى الحق منكم وأشد أنفة من احتمال عار الكذب والبهتان من سائركم، فيجب إذا كان ذلك كذلك تصديق جميع مخالفيكم فى نقلهم لتأليف القرآن ونظمه على ما هو به عن الرسول، ولا جواب عن ذلك .(الانتصار للقرآن، ج۲، ص۵۱۵، باب ما روى من الآى المنسوخة ووجه القول فيها، دليل لهم آخر فى تغيير المصحف وإفساد نظم القرآن، ووقوع الغلط والتحريف فيه)

www.idaraghufran.org

میں، اور ان کے مقابلہ میں تحریفِ قرآن کے منکرین شیعہ، زمانہ کے اعتبار سے ''اقدم'' تعداد میں ''اکثر، دھماء وسوادِ اعظم، اصح، اثبت، اوثق، اعدل، اقرب الی الحق'' اور تحریفِ قرآن کو بہت بری چیز سمجھنے، اور اس سے برائت کرنے، اور اس کے قائل کی تکفیر تک کرتے نظر آئے، تو آج اس کے برخلاف دعویٰ کیونکر درست ہوگا۔ [1]

مجدالدین ابنِ اثیر جزری (المتوفیٰ: 606ھ) نے ''جامعُ الاصول فی احادیث الرسول'' میں فرمایا کہ:

''اور اب ہم اس وقت میں پائے جانے والے اسلام کے مشہور مذاہب کا ذکر کرتے ہیں، جن پر اقطارِ عالم میں مسلمین کا مدار ہے، اور وہ امام شافعی، اور امام ابو حنیفہ، اور امام مالک اور امام احمد کا مذہب ہے، اور امامیہ کا مذہب ہے۔

اور ان مذکورہ مذاہب سے پہلے لوگ کسی ایک متعین امام پر مجتمع نہیں تھے، اور اس سے پہلے کا زمانہ دراصل پہلی صدی کا زمانہ تھا۔

جہاں تک دوسری صدی کے سرے کا تعلق ہے، تو اولی الامر کے طبقہ میں مامون بن عبدالرشید تھے، اور فقہاء میں امام شافعی، اور امام ابوحنیفہ کے اصحاب، اور امام مالک کے اصحاب تھے، اور امام احمد اس وقت تک زیادہ مشہور نہ ہوئے تھے۔

اور اس دوسری صدی میں امامیہ مذہب کے امام ''ابوالحسن علی بن موسیٰ رضا'' تھے۔

اور تیسری صدی کے سرے پر اولی الامر (واہلِ حکومت) میں سے مقتدر بامر اللہ، اور فقہاء میں سے امام شافعی، امام ابوحنیفہ، امام مالک، اور امام احمد کے اصحاب تھے، اور امامیہ میں سے ابوجعفر محمد بن یعقوب رازی اور متکلمین میں سے

---

[1] والدھماء: العدد الکثیر. ودھماء الناس: جماعتھم وکثرتھم (لسان العرب، ج ۱۲، ص ۲۱۲، حرف المیم، فصل الدال المھملة)

الدھماء: (العدد الکثیر، و) أیضا: (جماعة الناس) کما فی الصحاح، زاد غیرہ: وکثرتھم. قال الک سائی: یقال: دخلت فی خمر الناس أی: فی جماعتھم وکثرتھم، وفی دھماء الناس أیضا مثلہ (تاج العروس، ج ۳۲، ص ۱۹۴، مادة ''دھم'')

والدھماء السوداء (مرقاة المفاتیح، ج ۸ ص ۳۳۹۹، کتاب الفتن)

ابوالحسن اشعری تھے، اور محدثین میں سے امام نسائی تھے۔

اور چوتھی صدی کے سرے پر اولی الامر میں سے قادر باللہ، اور فقہاء میں سے امام شافعی، امام ابوحنیفہ، امام مالک، اور امام احمد کے اصحاب تھے، اور امامیہ میں سے، مرتضٰی موسوی تھے، اور متکلمین میں سے قاضی ابوبکر باقلانی، اور ابنِ فورک تھے، اور محدثین میں سے امام حاکم تھے"۔ انتہٰی۔ [1]

---

[1] ونحن نذكر الآن المذاهب المشهورة فى الإسلام التى عليها مدار المسلمين فى أقطار الأرض، وهى مذهب الشافعى، وأبى حنيفة، ومالک، وأحمد، ومذهب الإمامية، ومن كان المشار إليه من هؤلاء على رأس كل مائة سنة، وكذلک من كان المشار إليه من باقى الطبقات.

وأما من كان قبل هذه المذاهب المذكورة، فلم يكن الناس مجتمعين على مذهب إمام بعينه، ولم يكن قبل ذلک إلا المائة الأولى، كان على رأسها من أولى الأمر :عمر بن عبد العزيز، ويكفى الأمة فى هذه المائة وجوده خاصة، فإنه فعل فى الإسلام ما ليس بخاف.....

وأما من كان على رأس المائة الثانية، فمن أولى الأمر :المأمون بن الرشيد، ومن الفقهاء :الشافعى، والحسن بن زياد اللؤلؤى من أصحاب أبى حنيفة، وأشهب بن عبد العزيز من أصحاب مالک، وأما أحمد :فلم يكن يومئذ مشهورا، فإنه مات سنة إحدى وأربعين ومائتين.

ومن الإمامية : على بن موسى الرضى، ومن القراء :يعقوب الحضرمى، ومن المحدثين :يحيى بن معين، ومن الزهاد :معروف الكرخى.

وأما من كان على رأس المائة الثالثة، فمن أولى الأمر :المقتدر بأمر الله، ومن الفقهاء :أبو العباس بن سريج من أصحاب الشافعى، وأبو جعفر أحمد بن محمد بن سلامة الطحاوى من أصحاب أبى حنيفة، من أصحاب مالک، وأبو بكر بن هارون الخلال من أصحاب أحمد، وأبو جعفر محمد بن يعقوب الرازى من الإمامية . ومن المتكلمين :أبو الحسن على بن إسماعيل الأشعرى.

ومن القراء :أبو بكر أحمد بن موسى بن مجاهد.ومن المحدثين :أبو عبد الرحمن بن شعيب النسائى .وأما من كان على رأس المائة الرابعة، فمن أولى الأمر :القادر بالله، ومن الفقهاء :أبو حامد أحمد بن طاهر الإسفراييني من أصحاب الشافعى، وأبو بكر محمد بن موسى الخوارزمى من أصحاب أبى حنيفة، وأبو محمد عبد الوهاب بن على بن نصر من أصحاب مالک، وأبو عبد الله الحسين بن على بن حامد، من أصحاب أحمد.

ومن الإمامية : المرتضى الموسوى أخو الرضى الشاعر.

ومن المتكلمين :القاضى أبو بكر محمد بن الطيب الباقلانى، والأستاذ أبو بكر محمد بن الحسن بن فورک،ومن المحدثين :أبو عبد الله محمد بن عبد الله النيسابورى المعروف بالحاكم ابن البيع (جامع الأصول فى أحاديث الرسول،ج ۱۱،ص ۳۱۹، حرف النون،الكتاب الاول فى النبوة،الباب الخامس:الفصل الأول : فى إخباره عن المغيبات)

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ کے شاگردِ رشید، علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ (المتوفیٰ: 1225ھ) خاص اہلِ تشیع وروافض کے متعلق اپنی تالیف ''السیف المسلول'' میں فرماتے ہیں کہ:

''کلینی نے تحریفِ قرآن اور اسقاطِ آیات وسُور میں جو آثار، ائمہ سے نقل کیے ہیں، سب موضوع اور بناوٹی ہیں، جیسا کہ'' ابنِ بابویہ'' اور ''حلی'' ان کے اکابرین نے اس کا فیصلہ اور اعتراف کیا ہے'' (السیف المسلول، ص۱۲۰، دوسرا مقالہ، پہلی فصل، ترجمہ: مولانا محمد رفیق اثری، ناشر: فاروقی کتب خانہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: 1979ء)

پھر اس کے بعد برِصغیر کی معروف علمی شخصیت مولانا رحمتُ اللہ کیرانوی (المتوفیٰ: 1308ھ) نے بھی اسی بات کی مدلل ومفصل وضاحت فرمائی ہے، جو اِن کی مشہورِ زمانہ تالیف ''اظہارُ الحق'' میں موجود ہے۔

جس میں وہ فرماتے ہیں کہ:

''تحقیقی جواب یہ ہے کہ قرآن مجید، تمام اثناعشری علماء کے نزدیک تغیر وتبدل سے محفوظ ہے، اور اگر کوئی شخص قرآن میں کسی کمی اور نقصان کا دعویٰ کرتا ہے، تو اس کا قول ان علماء اثناعشری کے نزدیک مردود اور نا قابلِ قبول ہے۔

**(1).....محمد بن علی بابویہ کی شہادت:**

چنانچہ شیخ صدوق ابوجعفر محمد بن علی بابویہ، جو علمائے امامیہ اثناعشریہ میں بڑے پایہ کے علماء میں سے ہیں، اپنے رسالہ ''الاعتقادیة'' میں کہتے ہیں:

ہمارا عقیدہ قرآن کی نسبت یہ ہے کہ وہ قرآن، جس کو اللہ نے اپنے پیغمبر پر نازل کیا تھا، وہ یہی موجودہ قرآن ہے، جو لوگوں کے ہاتھوں میں ہے، اس سے زیادہ اور کچھ نہیں ہے، البتہ اس کی سورتوں کی تعداد، لوگوں کے نزدیک 114 ہے، مگر ہمارے نزدیک سورۃ ''والضحیٰ'' اور ''الم نشرح'' مجموعی طور پر ایک سورۃ

ہیں، اسی طرح ''لایلاف'' اور ''الم ترکیف'' دونوں مل کر ایک سورۃ ہیں، اور جو شخص ہماری جانب یہ قول منسوب کرتا ہے کہ قرآن اس سے زائد ہے، وہ جھوٹا ہے''۔

## (2).....سید مرتضیٰ کی شہادت:

تفسیر مجمع البیان جو شیعوں کی نہایت معتبر تفسیر ہے، اس میں سید مرتضیٰ ذو المجدد علم الھدیٰ ابوالقاسم علی بن حسین موسوی نے ذکر کیا ہے کہ:

''قرآن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں بالکل اسی طرح، جیسا کہ آج ہے، مجموعے کی صورت میں موجود تھا''۔

اپنے اس دعوے پر علامہ موصوف نے یہ استدلال کیا ہے کہ قرآن اس زمانے میں پڑھا اور پڑھایا جاتا تھا، اور پورا زبانی یاد کیا جاتا تھا، یہاں تک کہ انہوں نے حفاظ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک پوری جماعت کی نشان دہی کی ہے، نیز یہ کہ قرآن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سنایا جاتا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دُہرایا جاتا تھا، اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک بڑی جماعت نے، جن میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، ابی بن کعب رضی اللہ عنہ وغیرہ ہیں، متعدد مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کافی قرآن ختم کیے، یہ سب چیزیں اس امر کی شاہد ہیں کہ قرآنِ کریم، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں باقاعدہ طور پر مجموعے کی شکل میں موجود اور مرتب تھا، متفرق اور منتشر ہرگز نہیں تھا۔

یہ بھی کہتے ہیں کہ فرقۂ امامیہ، یا حشویہ میں سے، جو اس کے خلاف کہتا ہے، وہ قطعی قابلِ اعتبار نہیں ہے، کیونکہ اس خلاف کا منشاء بعض محدثین کی ضعیف روایتیں ہیں، جن کو انہوں نے صحیح سمجھ کر نقل کر دیا ہے، اس قسم کی روایتوں کی ان روایتوں کے مقابلے میں کوئی بھی حیثیت نہیں ہے، جن کی صحت قطعی اور یقینی ہے۔

## (3).....سید مرتضیٰ ہی کی دوسری شہادت:

سید صاحب نے یہ بھی کہا ہے کہ:

''قرآن کی صحت کا علم ویقین اس درجے کا ہے، جس طرح دنیا کے بڑے بڑے شہروں، یا عظیم الشان حوادث اور مشہور واقعات، یا اہلِ عرب کے لکھے ہوئے اشعار کا یقین، کیونکہ قرآن کی نقل وروایت کی جانب شدید توجہ کی گئی ہے، اور اس کی حفاظت کے بکثرت اسباب موجود تھے، کیونکہ قرآن، نبوت کا معجزہ اور علومِ شرعیہ، احکامِ دینیہ کا مآخذ ہے، اور مسلمان علماء نے اس کے حفظ کرنے میں اور اس کی جانب توجہ کرنے میں انتہاء کردی ہے۔

یہاں تک کہ قرآن کی ہر ہر چیز، مثلاً اس کے اعراب اور قرائتوں، حروف وآیتوں تک کی پوری پوری معرفت حاصل کی، پھر اس قدر شدید اہتمام وتوجہِ تام کے بعد، کیونکر یہ احتمال ہوسکتا ہے کہ اس میں تغیر وتبدل ہو، یا کمی بیشی ہو''۔

## (4).....قاضی نور اللہ شوستری کی شہادت:

قاضی نور اللہ شوستری، جو شیعہ علماء میں ممتاز درجہ رکھتے ہیں، انہوں نے اپنی کتاب ''مصائبُ النواصب'' میں یوں کہا ہے کہ:

''فرقۂ شیعہ امامیہ کی طرف جو یہ نسبت کی جاتی ہے کہ وہ قرآن کے محرف ہونے کے قائل ہیں، سو جمہور شیعہ کی طرف اس کی نسبت ہرگز درست نہیں ہے، یہ بات ایسے قلیلُ التعداد، نا قابلِ اعتبار لوگوں کی ہے، جن کی کوئی قیمت وپوزیشن شیعوں میں نہیں ہے''۔

## (5).....ملا صادق کی شہادت:

(شیعہ کے مشہور عالم اور ''الکافی'' کے مصنف) ملا صادق نے ''کلینی'' کی شرح میں لکھا ہے کہ:

''قرآن اُسی موجودہ ترتیب کے ساتھ بارہویں امام کے ظہور کے وقت، ظاہر اور مشہور ہوگا''۔

## (6).....عاملی کی شہادت:

محمد بن حسن حر عاملی نے، جو فرقۂ امامیہ کے جلیلُ القدر محدث ہیں، اپنے ایک رسالے میں بعض معاصرین کا رَد کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

''جو شخص واقعات اور تواریخ کی چھان بین کرے گا، وہ یقینی طور پر جان لے گا کہ قرآن تواتر کے اعلیٰ مرتبے پر پہنچا ہوا ہے، ہزاروں صحابہ رضی اللہ عنہم اس کو حفظ کرتے اور نقل کرتے تھے، اور عہدِ رسالت میں وہ جمع اور مدون ہو چکا تھا''۔

ان گزشتہ شہادتوں سے پورے طور پر یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ محققین علمائے شیعہ کا صحیح مذہب یہی ہے کہ وہ قرآن، جس کو اللہ نے اپنے پیغمبر پر نازل کیا تھا، وہ بالکل وہی ہے، جو اس زمانے میں مجموعے کے طور پر لوگوں کے ہاتھوں میں موجود ہے، اس سے زائد بالکل نہیں ہے، اور یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک دور میں جمع اور مدون ہو گیا تھا، اور ہزاروں صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس کو یاد اور نقل کیا، صحابہ رضی اللہ عنہ کی بڑی جماعت نے، جن میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بھی شامل ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پورا قرآن سنایا، اور بارہویں امام کے ظہور کے وقت بھی قرآن اسی ترتیب کے ساتھ ظاہر اور مشہور ہوگا۔

اور جو قدرے قلیل شیعہ حضرات اس میں تغیر و تبدل و تحریف کے قائل ہیں، ان کا قول باطل اور مردود ہے، خود شیعوں میں وہ لائقِ اعتبار نہیں ہیں۔

اور جو بعض ضعیف روایتیں، تحریف کی نسبت ملتی ہیں، وہ ان قطعی اور یقینی روایات کے مقابلے میں قطعی اور کوئی اعتبار نہیں رکھتیں، جو قرآن کے محفوظ ہونے پر

دلالت کرتی ہیں۔

اور یہ بات ہے بھی درست، اس لیے کہ خبرِ واحد اگر کسی علم کی موجب ہو، لیکن یقینی دلائل میں کوئی چیز اس پر دلالت کرنے والی نہ ہو، تو اس کا رَد کرنا واجب ہے، چنانچہ اس کی تصریح ابنِ مطہر الحلی نے اپنی کتاب ''مبادئ الوصول الی علم الاصول'' میں خوب اچھی طرح کی ہے، اور خود قرآنی شہادت'' إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ '' کی تفسیر میں علمائے شیعہ کی سب سے معتبر ''صراطِ مستقیم'' میں کہا گیا ہے کہ:

''یعنی ہم قرآن کی حفاظت کریں گے، تحریف اور تبدیل سے، کمی اور بیشی سے''۔

(بائیبل سے قرآن تک ''اظہار الحق'' کا اردو ترجمہ، ج ۳ ص ۹ تا ۱۴، ترجمہ: مولانا اکبر علی صاحب، شرح وتحقیق: مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب، مطبوعہ: مکتبہ دار العلوم کراچی، طبع جدید: 1998ء) [1]

---

[1] ''اظہارُ الحق'' عربی کی اصل عربی ذیل میں ملاحظہ فرمائیں۔

وأما الجواب عنه تحقيقاً فلأن القرآن المجيد عند جمهور علماء الشيعة الإمامية الاثنى عشرية محفوظ عن التغير والتبديل، ومن قال منهم بوقوع النقصان فيه فقوله مردود غير مقبول عندهم.

[1]قال الشيخ الصدوق أبو جعفر محمد بن على بن بابويه الذى هو من أعظم علماء الإمامية الاثنى عشرية فى رسالته الاعتقادية: (اعتقادنا فى القرآن أن القرآن الذى أنزل الله تعالى على نبيه هو ما بين الدفتين وهو ما فى أيدى الناس ليس بأكثر من ذلك ومبلغ سوره عند الناس مائة وأربع عشرة سورة وعندنا الضحى وألم نشرح سورة واحدة ولإيلاف وألم تر كيف سورة واحدة ومن نسب إلينا أنا نقول أنه أكثر من ذلك فهو كاذب) انتهى.

[2]وفى تفسير مجمع البيان الذى هو تفسير معتبر عند الشيعة: (ذكر السيد الأجل المرتضى علم الهدى ذو المجد أبو القاسم على بن الحسين الموسوى أن القرآن كان على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم مجموعاً مؤلفاً على ما هو الآن واستدل على ذلك بأن القرآن كان يدرس ويحفظ جميعه فى ذلك الزمان حتى عين على جماعة من الصحابة فى حفظهم وأنه كان يعرض على النبى صلى الله عليه وسلم ويتلى عليه وأن جماعة من الصحابة كعبد الله بن مسعود وأبى بن كعب وغيرهما ختموا القرآن على النبى صلى الله عليه وسلم عدة ختمات، وكل ذلك بأدنى تأمل يدل على أنه كان مجموعاً مرتباً غير منشور ولا مبثوث، وذكر أن من خالف من الإمامية والحشوية لا يعتد بخلافهم فإن الخلاف مضاف إلى قوم من أصحاب الحديث نقلوا أخباراً ضعيفة ظنوا صحتها لا يرجع بمثلها عن المعلوم المقطوع على صحته) انتهى.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اس کے علاوہ علامہ آلوسی بغدادی نے بھی تیرہویں صدی ہجری میں اسی کی تصریح کی، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ [3]وقال السيد المرتضى أيضاً: (إن العلم بصحة القرآن كالعلم بالبلدان والحوادث الكبار والوقائع العظام المشهورة وأشعار العرب المسطورة، فإن العناية اشتدت والدواعي توفرت على نقله وبلغت حداً لم تبلغ إليه فيما ذكرناه لأن القرآن معجزة النبوة ومأخذ العلوم الشرعية والأحكام الدينية، وعلماء المسلمين قد بلغوا في حفظه وعنايته الغاية حتى عرفوا كل شيء فيه من إعرابه وقرائته وحروفه وآياته فكيف يجوز أن يكون مغيراً أو منقوصاً مع العناية الصادقة والضبط الشديد) انتهى.

[4]وقال القاضي نور الله الشوستري الذي هو من علمائهم المشهورين في كتابه المسمى بمصائب النواصب:" ما نسب إليه الشيعة الإمامية بوقوع التغير في القرآن ليس مما قال به جمهور الإمامية إنما قال به شرذمة قليلة منهم لا اعتداد بهم فيما بينهم "انتهى.

[5]وقال الملا صادق في شرح الكليني: (يظهر القرآن بهذا الترتيب عند ظهور الإمام الثاني عشر ويشهر به) انتهى.

[6]وقال محمد بن الحسن الحر العاملي الذي هو من كبار المحدثين في الفرقة الإمامية في رسالة كتبها في رد بعض معاصريه: " هر كسيكه تتبع أخبار وتفحص تواريخ وآثار نموده بعلم يقيني ميداند كه قرآن درغايه وأعلى درجة تواتر بوده وآلاف صحابة حفظ ونقل ميكردندآن راودر عهد رسول خدا صلى الله عليه وسلم مجموع ومؤلف بود) انتهى .فظهر أن المذهب المحقق عند علماء الفرقة الإمامية الاثني عشرية أن القرآن الذي أنزله الله على نبيه هو ما بين الدفتين وهو ما في أيدي الناس ليس بأكثر من ذلك، وأنه كان مجموعاً مؤلفاً في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم، وحفظه ونقله ألوف من الصحابة وجماعة من الصحابة كعبد الله بن مسعود وأبي بن كعب وغيرهما ختموا القرآن على النبي عدة ختمات ويظهر القرآن ويشهر بهذا الترتيب عند ظهور الإمام الثاني عشر رضي الله عنه والشرذمة القليلة التي قالت بوقوع التغير .فقولهم مردود ولا اعتداد بهم فيما بينهم، وبعض الأخبار الضعيفة التي رويت في مذهبهم لا يرجع بمثلها عن المعلوم المقطوع على صحته وهو حق لأن خبر الواحد إذا اقتضى علماً ولم يوجد في الأدلة القاطعة ما يدل عليه وجب رده، على ما صرح ابن المطهر الحلي في كتابه المسمى (بمبادء الوصول إلى علم الأصول) ، وقد قال الله تعالى:} إنا نحن نزلنا الذكر وإنا له لحافظون . {في تفسير الصراط المستقيم الذي هو تفسير معتبر عند علماء الشيعة (أي إنا لحافظون له من التحريف والتبديل والزيادة والنقصان) .انتهى .

(اظهار الحق ، ج ا ص۴۳۸ الى ۴۳۹، الباب الخامس: في إثبات كون القرآن كلام الله ومعجزاً ورفع شبهات القسيسين ،الفصل الرابع: في دفع شبهات القسيسين الواردة على الأحاديث،الشبهة الاولى، طبع على نفقة :ادارة احياء التراث الاسلامي، الدوحه ـ قطر، عنى بطبعه ونشره :خادم العلم عبدالله بن ابراهيم الانصاري، مدير عام :ادارة احياء التراث الاسلامي، الدوحه ـ قطر)

تو اس کے بعد مولانا عبد الشکور لکھنوی (المتولد: 1877ء، 1293ھ، المتوفیٰ: 1962ء 1381ھ) کو اسلام کی تیرہ صدیاں گذر جانے کے بعد اس کے برعکس اگر بلا اختلاف تمام متقدمین، اور متاخرین شیعہ سب کے سب تحریفِ قرآن کے قائل نظر آئیں، اور ان چار آدمیوں کا قول بھی محض بے دلیل اور روایاتِ متواترہ کے خلاف محسوس ہو، جبکہ منکرینِ تحریف کے قائلین مجتہدین شیعہ، خود ان روایات کے تواتر قرآن کے خلاف ہونے کی تصریح اور ان روایات کو قابلِ حجت قرار دینے والے اخباری گروہ کے بعض افراد کی تردید کر چکے ہیں، اور اوپر سے منکرینِ تحریف کو بھی تقیہ بازی کی نذر کر کے کل کے کل شیعہ وروافض کو تحریفِ قرآن کے قائلین کی فہرست میں شمار کریں، اور اس کے نتیجہ میں جمہور محدثین ومحققین اہلُ السنۃ کے علی الرغم علی الاطلاق تکفیر کا دعویٰ فرمائیں، تو ایسی صورت میں اس عجیب وغریب فلسفہ پر مشتمل دعوے کو کیسے قبول کیا جا سکتا ہے۔

جہاں تک بحر العلوم علامہ عبد العلی بن محمد بن نظام الدین لکھنوی (المتوفیٰ: 1235ھ) کی کتاب ''فواتحُ الرحموت شرح مسلّمُ الثبوت'' کا تعلق ہے، تو اس کتاب کی اصل عبارات سے بھی مولانا عبد الشکور لکھنوی کے بیان کردہ مذکورہ مدعیٰ پر دلالت نہیں ہوتی، بلکہ ان کے دعوے کے برخلاف دلالت ہوتی ہے۔

چنانچہ اس تالیف میں علامہ بحر العلوم فرماتے ہیں کہ:

(لم تكفر الروافض)مع كونهم منكرين لخلافة خليفة رسول الله صلى الله عليه وآله وأصحابه وسلم حقا (فواتح الرحموت بشرح مسلم الثبوت، ج۲،ص۲۹۴،الكلام على الاصول الاربعة، الاصل الثالث:الاجماع،مسئلة انكار حكم الإجماع القطعي، مطبوعة: دارالكتب العلمية، بيروت، الطبعة الاولىٰ:1423هـ .2002ء)

ترجمہ: روافض کی تکفیر نہیں کی گئی، باوجودیکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلیفہ کی خلافت کے حق ہونے کا انکار کرتے ہیں (فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت)

اور علامہ بحرالعلوم مذکورہ تالیف میں ہی ایک مقام پر فرماتے ہیں:

لم یکفر الروافض والخوارج (فواتح الرحموت بشرح مسلم الثبوت، ج۲، ص۲۹۵، الکلام علی الاصول الاربعة، الاصل الثالث: الاجماع، مسئلة انکار حکم الإجماع القطعی، مطبوعة: دارالکتب العلمیة، بیروت، الطبعة الاولیٰ: 1423ھ۔2002ء)

ترجمہ: روافض اور خوارج کو کافر قرار نہیں دیا گیا (فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت)

اور علامہ بحرالعلوم نے مذکورہ تالیف میں ایک مقام پر اہلُ السنۃ والجماعۃ کے علاوہ، دیگر فرقوں بالخصوص خوارج وروافض کی عدمِ تکفیر کے راجح ہونے کی اجمالی وجوہات کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا:

''جمہور فقہاء اور جمہور متکلمین کا قول یہی ہے کہ خوارج وروافض کی تکفیر نہیں کی جائے گی، اور یہی حق ہے، جس میں اہلِ سنت کے مابین کوئی اختلاف نہیں، سوائے امام مالک کی ایک روایت کے، اور ہمارے متاخرینِ مشائخ کے۔

اور میں نے بعض شیعہ کی تفسیر ''مجمع البیان'' میں یہ بات دیکھی ہے کہ ان کے بعض اصحاب اس طرف گئے ہیں کہ قرآن کی مقدار، اس سے زائد ہے، جو آج کے دور میں لکھا، پڑھا جاتا ہے، لیکن مذکورہ صاحبِ تفسیر نے اس قول کو اختیار نہیں کیا، پس جو اس قول کا قائل ہو، وہ کافر ہوگا'' [1]

---

[1] (علی بطلانهما) بل بطلان کل عقائد اهل البدع لا شک فیه (لکن لا نکفره لتمسکه) أی المبتدع (بالقرآن أو الحدیث أو العقل فی الجملة) فهم ملتزمون حقیة کلام الله ورسوله وما أتی به اجمالا وهو الایمان وإنما وقعوا فیما وقعوا لتدینهم وتوهم الفاسد أنه الدین المحمدی وأما لزومهم تکذیب ما ثبت قطعا أنه دین محمدی فلیس کفرا وإنما الکفر التزام ذلک (وللنهی عن تکفیر أهل القبلة) بقوله صلی الله علیه وآله وأصحابه وسلم من صلی صلاتنا واستقبل قبلتنا وأکل ذبیحتنا فذلک المسلم الذی له ذمة الله ورسوله فلا تخفر واله فی ذمته رواه البخاری (وان دخلوا) أی کل الفرق (فی النار إلا واحدا) وهم المتبعون للصحابة بالنص فالروافض والخوارج أبعد من هذا وذلک لان هذا الجهل لما لم یکن عذر الزم التعذیب للائم (لان عاقبتهم إلی الجنة) بعد المکث

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

جبکہ علامہ موصوف نے مذکورہ تالیف ہی میں روافض کے ائمہ کو معصوم سمجھنے کے عقیدہ کا بھی ذکر کیا ہے۔ [1]

پس جب علامہ بحرالعلوم نے جمہور کے نزدیک روافض کی عدمِ تکفیر کے قول کو دلائل کے ساتھ راجح قرار دے دیا، اور تحریفِ قرآن کے بھی تمام روافض کی طرف منسوب ہونے کی نفی کردی، تو پھر علامہ بحرالعلوم کی طرف یہ نسبت کرنا کیسے درست ہوسکتا ہے کہ انہوں نے روافض کی تکفیر کی ہے، یا انہوں نے جملہ روافض کو تحریفِ قرآن کا قائل قرار دیا ہے۔

اگر یہی بات ہوتی، جو مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے فرمائی، تو علامہ بحرالعلوم اسی تحریف کے بیان کے موقع پر جمہور فقہاء و متکلمین کے عدمِ تکفیر کے قول کی تردید بھی ضرور فرماتے، اور جمہور کے اس عدمِ تکفیر کے موقف کو حق نہ قرار دیتے، اور جب انہوں نے اس کو حق قرار دے دیا، تو اس کے ضمن میں جمہور روافض کے تحریف کے قائل ہونے کی نفی بھی ہوگئی، کیونکہ تحریف کو تسلیم کر لینے کے بعد عدمِ تکفیر کے حق ہونے کے کوئی معنیٰ نہیں۔

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

الطويل فى النار إن ماتوا على ملة الإسلام وان كان شائبة بغض أولياء الله من أكابر الصحابة أزالت عن الاعتقاد بالله ورسوله عند الموت وليس ببعيد فهم مخلدون أبدا فى النار (وعليه) أى على عدم التكفير (جمهور الفقهاء والمتكلمين وهو الحق) وفيه لم يوجد الخلاف بين أهل السنة إلا عن الإمام مالک فى تكفير الروافض وعن متأخرى مشايخنا (إلا من أنكر ضروريا) من الدين وكان بحيث لا مساغ للشبهة فى كون انكاره خروجا عن الدين ،كالأركان الأربعة وحقيقة القرآن .

اعلم انى رأيت فى "مجمع البيان" تفسير بعض الشيعة انه ذهب بعض أصحابهم إلى أن القرآن العياذ بالله كان زائدا على هذا المكتوب المقروء ،قد ذهب بتقصير من الصحابة الجامعين العياذ بالله ،ولم يختر صاحب ذلک التفسير هذا القول، فمن قال بهذا القول فهو كافر ،لانكاره الضرورى فافهم (فواتح الرحموت بشرح مسلم الثبوت، ج۲،ص ۴۲۲،خاتمة : الاجتهاد بذل الطاقة من الفقيه، مسألة :كل مجتهد فى المسألة الإجتهادية مصيب عند القاضى والاشعرى،، مطبوعة: دارالكتب العلمية، بيروت، الطبعة الاولىٰ:1423هـ .2002ء)

[1] الروافض كلهم يرون الأئمة الاثنى عشر كرم الله وجوههم معصومين من الخطأ مثل الأنبياء (فواتح (فواتح الرحموت بشرح مسلم الثبوت، ج۲،ص ۴۱۰،خاتمة : الاجتهاد بذل الطاقة من الفقيه، مسألة :هل كان يجوز له عليه الصلاة والسلام الجتهاد فى الاحكام،، مطبوعة: دارالكتب العلمية، بيروت، الطبعة الاولىٰ:1423هـ .2002ء)

اس کے علاوہ مولانا عبدالشکور لکھنوی (المتوفیٰ: 1381ھ) سے پہلے، علامہ عبدالحیٔ لکھنوی فرنگی (المتوفیٰ: 1304ہجری) نے بھی، بحرالعلوم (المتوفیٰ: 1235ھ) کے موقف کی یہی ترجمانی کی ہے، چنانچہ وہ اپنے ایک فتوے میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

بحرُ العلوم مولانا عبدالعلی رحمہ اللہ القوی ''شرح مسلّم الثبوت'' میں لکھتے ہیں:

**الصحیح عند الحنفیة ان الروافض لیسوا بکفار ، والوجه فیه ان تدینهم او دفعهم فیما دفعوا زعما منهم، انهم علی الدین المحمدی ، وان کان زعمهم هذا باطلا، وما کذبوا محمدا صلی الله علیه وسلم فهو غیر ملتزمین للکفر، والتزام الکفر ، کفر، دون لزومه .**

''حنفیہ رحمہم اللہ کے نزدیک صحیح یہ ہے کہ روافض کافر نہیں ہیں، کیونکہ وہ دین رکھتے ہیں، اور جو کچھ کرتے ہیں، یہ سمجھ کے کرتے ہیں کہ یہی دینِ محمدی ہے، اگرچہ ان کا یہ خیال غلط ہو، لیکن وہ نبی کریم علیہ التحیة والتسلیم کو (اپنے نزدیک) نہیں جھٹلاتے ہیں، پس کفر کو خود اپنے سَر نہیں لیتے ہیں، اور کفر کو لازم لے لینا کفر ہے، نہ کہ اس کا لازم آ جانا'' (مجموعہ فتاویٰ عبدالحیٔ، ج۲ص۲۳۴، کتاب الحظر والاباحۃ، مطبوعہ: ایچ ایم سعید کمپنی، کراچی)

نیز ایک مقام پر علامہ عبدالحیی لکھنوی ہی خاص اثنا عشری کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں:

اثنا عشریہ کے کفر میں فقہاء نے اختلاف کیا ہے، بعض نے سبِ شیخین کی وجہ سے ان کے کفر کا حکم دیا ہے، اور یہی اصحابِ فتاویٰ اور صاحبِ بحرالرائق اور صاحبِ در مختار کا قول ہے، لیکن مفتیٰ بہٖ اور اصحّ قول ان کی عدمِ تکفیر کا ہے، اور سبِ شیخین موجبِ کفر نہیں ہے، اور یہی قول امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب کے موافق ہے، اور جو کتبِ فتاویٰ میں کفر کا حکم مرقوم ہے، وہ دائرۂ تحقیق سے خارج ہے (..... پھر

آگے چل کر علامہ لکھنوی فرماتے ہیں.....)

اور مولانا ولی اللہ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ ''شرح مسلم الثبوت ''میں تحریر فرماتے ہیں:

''المحققون من الحنفية والمتكلمين ذهبوا الى عدم تكفير الروافض بانكارهم خلافة ابى بكر و عمر الثابتة بالاجماع القطعى عندهم حتى قبلوا شهادتهم، وما وقع فى الخلاصة و غيرها من الفتاوىٰ من صريح الكفر لم ينقل عن ابى حنيفة وانما هو من تفريعات المشائخ كالفاظ التكفير المنقولة فى الفتاوىٰ، كيف و قد نص الامام ابو حنيفة والشافعى رحمهما الله بعدم تكفير احد من اهل القبلة لكونهٖ على تاويل، فاحفظ ولا تسرع فى تكفير فرق الاسلام''.

''محققینِ حنفیہ و متکلمین رحمہم اللہ انکارِ خلافتِ ابوبکر صدیق وعمر فاروق رضی اللہ عنہما کی وجہ سے جو باجماع ثابت ہے، روافض کو کافر نہیں مانتے، حتیٰ کہ ان کی شہادت کو قبول کرتے ہیں، اور جو خلاصہ اور دوسرے فتاویٰ میں ان کے کفر کی تصریح ہے، وہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے منقول نہیں ہے، بلکہ مشائخ کی تفریعات سے ہے، جس طرح الفاظِ کفر، جو عموماً فتاویٰ میں منقول ہیں، کیونکہ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہما اللہ خود اہلِ قبلہ کے کافر نہ ہونے پر دلیل لائے ہیں، کیونکہ ان کے افعال کسی نہ کسی تاویل پر مبنی ہوتے ہیں، اسے یاد رکھو، اور فِرقِ اسلام کے کافر بنا دینے میں جلدی نہ کرو'' (مجموعہ فتاویٰ عبدالحیٔ، ج۳ص۸۰، کتاب الوراثۃ، مطبوعہ: ایچ ایم سعید کمپنی، کراچی)

علامہ موصوف نے مفتیٰ بہٖ اور اصحّ قول شیعہ اثنا عشری کی عدمِ تکفیر کا بیان کیا ہے، جس سے صاف ظاہر ہے کہ مولانا عبدالشکور لکھنوی نے جمہور کے برخلاف، غیر مفتیٰ بہ اور غیر اصح قول کو اختیار کیا ہے۔

علامہ عبدالحیٔ لکھنوی نے بھی علامہ بحرالعلوم کے موقف کی وہی ترجمانی کی، جو خود ان کی اپنی

عبارات سے ظاہر ہوتی ہے، ایسی صورت میں مولانا عبدالشکور لکھنوی کا دعویٰ خلافِ واقعہ ہے، جس کے سمجھنے میں ان کو سخت تسامح ہوا۔

پھر اگر ابوجعفر طوسی کی تفسیر ''التبیان'' کی اصل عبارت کو ملاحظہ کیا جائے، تو اس میں قرآن مجید کو تحریف سے محفوظ قرار دیا گیا ہے، اور تحریف سے متعلق پائی جانے والی روایات کو آحاد کے قبیل سے بتلا کر اس کے مقابلہ میں تحریف سے محفوظ یقینی درجہ کو ترجیح دی گئی ہے۔ [1]

دیگر حضراتِ محققین کے حوالہ جات اس سلسلہ میں بہت زیادہ ہیں، اور اسی وجہ سے جمہور اہل السنہ مجتہدین نے بھی روافض کی تکفیر نہیں کی۔

اور اس موقع پر جو بعض حضرات علامہ نوری طبرسی (المتوفیٰ: 1320ھ) کی کتاب ''فصلُ الخطاب'' سے حوالہ جات نقل کر کے تحریف کو ثابت کرتے ہیں، وہ بھی درست نہیں، جس پر ہم نے دوسرے مضامین میں کلام کر دیا ہے۔

سید محمد حسین الطباطبائی المعروف ،بالعلامة الطباطبائی (المتوفیٰ: 1402ھ) لکھتے ہیں:

> فمجموع هذه الروايات على اختلاف أصنافها يدل دلالة قاطعة على أن الذى بأيدينا من القرآن هو القرآن النازل على النبى صلى الله عليه وآله وسلم من غير أن يفقد شيئا من أوصافه الكريمة وآثارها وبركاتها.
>
> الفصل ـــ ٣: ذهب جماعة من محدثى الشيعة والحشوية وجماعة من محدثى أهل السنة إلى وقوع التحريف بمعنى النقص والتغيير فى اللفظ أو الترتيب دون الزيادة فلم يذهب إليها أحد من المسلمين كما قيل.

---

[1] وأما الكلام فى زيادته ونقصانه فممّا لا يليق به ايضاً، لأن الزيادة فيه مجمع على بطلانها، والنقصان منه ،فالظاهر أيضاً من مذهب المسلمين خلافه، وهو الأليق بالصحيح من مذهبنا، وهو الذى نصره المرتضى، وهو الظاهر فى الروايات ، غير أنه رويت روايات كثيرة ،من جهة الخاصّة والعامّة، بنقصان كثير من آى القرآن ،ونقل شيء منه من موضع إلى موضع، طريقها الآحاد التى لا توجد علماً ولا عملا، فالأولى الإعراض عنها ،وترك التشاغل بها (التبيان فى تفسير القرآن للطوسى، ج ا ص٣، فصل فى ذكر جمل لابد من معرفتها قبل الشروع فى تفسير القرآن، الناشر: داراحياء التراث العربى، بيروت، لبنان)

واحتجوا على نفي الزيادة بالاجماع وعلى وقوع النقص والتغيير بوجوه كثيرة (تفسير الميزان، ج١٢، ص١٠٦، ١٠٧، كلام في أن القرآن مصون عن التحريف، الناشر: مؤسسة الأعلمي للمطبوعات، بيروت، لبنان، الطبعة الاولىٰ: ١٤١٧هـ، 1997م)

ترجمہ: پس مجموعی طور پر یہ روایات، اپنی اصناف کے اختلاف کے ساتھ، اس بات پر یقینی طور پر دلالت کرتی ہیں کہ جو ہمارے ہاتھ میں قرآن ہے، وہ وہی قرآن ہے، جو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا گیا، جس کے اوصافِ کریمہ اور آثار و برکات میں سے کوئی چیز بھی مفقود نہیں ہوئی۔

فصل: محدثینِ شیعہ اور ''حشویہ'' اور محدثینِ اہلُ السنۃ کی ایک جماعت، تحریف واقع ہونے کی طرف گئی ہے، جس سے مراد ''لفظ'' یا ''ترتیب'' میں ''نقص اور تغییر'' ہے، نہ کہ زیادتی، پس اس زیادتی کی طرف مسلمین میں سے کوئی بھی نہیں گیا، جیسا کہ کہا گیا ہے۔

اور ان حضرات نے ''زیادتی'' کی نفی پر اجماع کے ذریعے دلیل پکڑی ہے، اور (مذکورہ) ''نقص'' اور ''تغییر'' واقع ہونے پر بہت سے طریقوں پر دلیل پکڑی ہے (تفسیر المیزان)

آیۃ اللہ علی اصغر بن نور الدین بن محمد ھادی، سید علی حسینی میلانی (نجف، ایران، المتولد: 1367ھ) نے اپنی کتاب ''التحقیق فی نفی التحریف عن القرآن الشریف'' میں تحریفِ قرآن کی تردید پر مفصل کلام کیا ہے، جس کے ضمن میں یہ بھی لکھا کہ:

نعم، هناك في بعض الكلمات نسبته إلى المحدّثين من علماء الشيعة، وقد بذلنا الجهد في التحقيق حول مدى صحة هذه النسبة، وراجعنا ما توفّر لدينا من الكتب والكلمات بإمعان وإنصاف، فلم نجد دليلاً على ذلك ولا وجهاً مبرّراً له، بل هو حدس وتخمين أو ذهول عن الواقع إن لم

يكن تعصّب.

والتحقيق :إنّ المحدّثين من الشيعة الإمامية الرواة لأخبار التحريف على ثلاث طوائف :

فطائفة يروون من الأخبار الظاهرة فى التحريف فى كتبهم الحديثية ولا يعتقدون بمضامينها ، بل يؤولونها أو يجمعون بينها وبين ما يدلّ على النفى ببعض الوجوه ، ومنهم من ينصّ على اعتقاده ، بخلافها أو بما يستلزم هذا الاعتقاد ، وعلى رأسهم الشيخ الصدوق.

وطائفة يروونها ولا وجه لنسبة القول بالتحريف إليهم إلاّ أنّهم يروونها ، وعلى رأسهم الشيخ الكلينى ، إن لم نقل بأنّه من الطائفة الاولى.

وطائفة يروونها وينصّون على اعتقادهم بمداليلها وإيمانهم،بمضامينها ، وعلى رأسهم الشيخ على بن إبراهيم القمى ، إن تمت النسبة إليه.

وبهذا يتبيّن أنّه لا يجوز نسبة القول بالتحريف إلاّ إلى هذه الطائفة الثالثة من المحدّثين من الإمامية ، وقد وافقهم من شذّ من الاصوليين على تفصيل ، وهو الشيخ النواقى.

فهذا مجمل ما توصّلنا إليه واعتقدنا به ، وإليک تفصيله وإقامة البرهان عليه (التحقيق فى نفى التحريف عن القرآن الشريف، ج ۱، ص ۱۱۱ و ۱۱۲، الباب الاول : الشيعة والتحريف،الفصل الخامس،الرواة لأحاديث التحريف من الشيعة،المحدّثون وأخبار التحريف،مقدّمات، الناشر: مركز الحقائق الإسلامية، قم، ايران، الطبعة الثالثة : ۱۴۲۶ هـ)

ترجمہ: البتہ اس موقع پر بعض کلمات میں اس تحریف کی علمائے شیعہ میں سے بعض محدثین کی طرف نسبت کی گئی ہے، اور ہم نے اس نسبت کی صحت کی گہرائی تک جانے کے لیے تحقیق کی جدوجہد کو خرچ کیا، اور ہم نے اپنے پاس موجود کتب اور کلمات میں گہرائی اور انصاف کے ساتھ بھرپور طریقے سے رجوع کیا، تو ہم نے اس کی کوئی دلیل نہیں پائی، اور نہ ہی کوئی وجہ ایسی پائی، جو اس بات کی صداقت ظاہر کر سکے، بلکہ یہ بات اٹکل اور تخمین ، یا واقعہ سے ذہول پر مبنی ہے، اگر یہ

تعصب پر مبنی نہ ہو (اور اگر تعصب پر مبنی ہو، تو پھر الگ معاملہ ہے)

اور تحقیقی بات یہ ہے کہ شیعہ امامیہ سے محدثین، جو تحریف کی اخبار (وروایات) کے راوی ہیں، وہ تین قسم کی جماعتیں ہیں:

ایک جماعت وہ ہے، جو اپنی کتبِ حدیث میں تحریف سے متعلق ''اخبارِ ظاہرہ'' کو روایت کرتی ہے، لیکن ان کے مضامین کا اعتقاد نہیں رکھتی، بلکہ وہ جماعت ان روایات کی تاویل کرتی ہے، یا ان روایات اور اُن روایات کے مابین جمع کرتی ہے، جو بعض وجوہ سے، تحریف کی نفی پر دلالت کرتی ہیں، اور ان میں سے بعض حضرات وہ ہیں کہ جو تحریف سے متعلق ان روایات کے برخلاف، یا اس اعتقاد سے لازم آنے والی چیزوں کے برخلاف کی تصریح کرتے ہیں، اور اس جماعت کے سِرے پر ''شیخ صدوق'' ہیں۔

اور دوسری جماعت وہ ہے، جو محض ان احادیث واخبار کو روایت کرنے والی ہے، لیکن ان کی طرف تحریف کے قول کی نسبت کی کوئی وجہ نہیں، سوائے اس کے کہ انہوں نے ان کو صرف روایت کیا ہے، اور اس جماعت کے سِرے پر ''شیخ کلینی'' ہیں، اگر ہم یہ نہ کہیں کہ وہ پہلی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں۔

اور تیسری جماعت وہ ہے، جو اِن احادیث کو روایت بھی کرتی ہے، اور ان روایات کے مدلولات کے مطابق اعتقاد، اور ان روایات پر ایمان کی تصریح کرتی ہے، اُن مضامین کے مطابق، جو اُن روایات میں بیان کیے گئے ہیں، اور اس جماعت کے سِرے پر ''شیخ علی بن ابراہیم قمی'' ہیں، اگر ان کی طرف نسبت کو درست مان لیا جائے۔

اور اس تفصیل سے یہ بات ظاہر ہوگئی کہ تحریف کے قول کی نسبت، محدثینِ امامیہ (واخباریین) کی صرف اسی جماعت کی طرف کرنا ہی جائز ہے، اور اس

شخص کی طرف بھی کرنا جائز ہے، جو اصولیین سے حسبِ تفصیل الگ ہوکر، اس تیسری جماعت کے موافق ہوگیا ہے، جو کہ ''شیخ نواقی'' ہے۔

پس یہ اس بحث کا خلاصہ ہے، جس کی طرف ہماری رسائی ہوئی، اور جس کے مطابق ہمارا اعتقاد ہے، اور اب آگے اس کی تفصیل، اور اس پر برہان کو قائم کیا جاتا ہے (التحقیق فی نفی التحریف)

امامیہ کے اصولیین واخباریین کی تفصیل وتقسیم ہم اپنی دوسری تالیفات میں بیان کرچکے ہیں۔ جامعہ طہران کے استاذ ''دکتور فتح اللّٰہ المحمدی'' (نجارزادکان) نے عربی زبان میں ایک مفصل کتاب ''سلامة القرآن من التحریف، وتفنید الافتراء ات علی الشیعة الامامیة'' کے نام سے تحریر کی ہے، جو کتاب خانہ ملی ایران سے شائع ہوئی ہے۔

مذکورہ بالا کتاب میں قرآن مجید میں تحریف نہ ہونے سے متعلق درجِ ذیل شیعہ حضرات کے حوالہ جات ذکر کئے گئے ہیں:

(۱)..... ابوجعفر محمد بن علی بن الحسین بن بابویه الصدوق (المتوفٰی: 381ھ)

(۲)..... السید الشریف الرضی (المتوفٰی: 406ھ)

(۳)..... عمید الطائفة محمد بن محمد بن النعمان المفید (المتوفٰی: 413ھ)

(۴)..... الشریف المرتضٰی علی بن الحسین (المتوفٰی: 436ھ)

(۵)..... شیخ الطائفة ابوجعفر محمد بن الحسن الطوسی (المتوفٰی: 460ھ)

(۶)..... ابوعلی الفضل بن الحسن الطبرسی (المتوفٰی: 548ھ)

(۷)..... ابوالفتوح الرازی (المتوفٰی: قبل 556ھ)

(۸)..... نصیرالدین ابورشید عبدالجلیل القزوینی (المتوفٰی: بعد 560ھ)

(۹)..... قطب الدین الرواندی (المتوفٰی: 573ھ)

(۱۰)..... محمد بن علی بن شهر آشوب المازندرانی (المتوفٰی: 588ھ)

(۱۱)..... الشیخ محمد بن ادریس الحلی(المتوفٰی: 598ھ)

(۱۲)..... محمد بن الحسن الشیبانی(من أعیان الشیعة فی القرن السابع)

(۱۳)..... رضی الدین علی بن طاووس(المتوفٰی: 664ھ)

(۱۴)..... سدید الدین محمود الحمصی الرازی(توفی فی اوائل القرن السابع)

(۱۵)..... ابوالمکارم قوام الدین الحسنی(توفی فی القرن السابع)

(۱۶)..... جمال الدین ابومنصور الحسن بن یوسف بن المطهر الحلی(المتوفٰی: 726ھ)

(۱۷)..... جمال الدین المقداد السیوری (المتوفٰی: 826ھ)

(۱۸)..... الشیخ زین الدین ابومحمد العاملی البیاضی(المتوفٰی: 877ھ)

(۱۹)..... کمال الدین الکاشفی(توفی فی القرن التاسع الهجری)

(۲۰)..... الشیخ علی بن عبد العالی الکرکی العالمی، الملقب بالمحقق الثانی (المتوفٰی: 940ھ)

(۲۱)..... ملا فتح الله الکاشانی(المتوفٰی: 988ھ)

(۲۲)..... المولی احمد الأردبیلی(المتوفٰی: 993ھ)

(۲۳)..... ابوالمحاس الحسین بن الحسن الجرجانی(من علماء الإمامیة فی القرن التاسع أو العاشر)

(۲۴)..... محمد بن علی النقی الشیبانی(المتوفٰی: قبل994ھ)

(۲۵)..... الشیخ ابوالفیض الناکوری(المتوفٰی: 1004ھ)

(۲۶)..... السید قاضی نور الله التستری(المتوفٰی: 1019ھ)

(۲۷)..... بهاء الدین العاملی محمد بن الحسین الحارثی (المتوفٰی: 1030ھ)

(۲۸)..... الفاضل التونی الملا عبدالله بن الحاج محمد البشروی الخراسانی (المتوفٰی: 1071ھ)

(۲۹)..... الفیض الکاشانی محمد بن المحسن (المتوفٰی: 1091ھ)

(۳۰)..... الشریف اللاهیجی(المتوفٰی: حدود1097ھ)

(۳۱)..... الشیخ محمد بن الحسن الحر العاملی(المتوفٰی: 1104ق)

(۳۲)..... القاضی سعید محمد بن محمد مفید القمی(المتوفٰی: 1107ھ)

(۳۳)..... نورالدین محمد بن مرتضٰی الکاشانی(المتوفٰی: 1115ق)

(۳۴)..... محمد بن محمد رضا القمی المشهدی(من أعلام القرن الثانی عشر)

(۳۵)..... الشیخ کاشف الغطاء جعفر الکبیر(المتوفٰی: 1228ھ)

(۳۶)..... السید محسن الأعرجی الکاظمی(المتوفٰی: 1277ھ)

(۳۷)..... السید محمد جواد الحسینی العامی(المتوفٰی: 1228ھ)

(۳۸)..... السید محمد الطباطبائی(المتوفٰی:1242 ھ)

(۳۹)..... الشیخ محمد ابراهیم الکلباسی(المتوفٰی: 1262ق)

(۴۰)..... محمد صادق الموسوی الخوانساری (المتوفٰی:بعد1294 ھ)

(۴۱)..... السید حسن الکوه کمری(المتوفٰی: 1299ھ)

(۴۲)..... المیرزا محمد بن سلیمان التنکابنی(المتوفٰی: 1302ھ)

(۴۳)..... المحقق التبریزی(المتوفٰی: 1307ھ)

(۴۴)..... الشیخ محمد حسن الآشتیانی(المتوفٰی:1319 ھ)

(۴۵)..... الشیخ العلامة محمد جواد البلاغی النجفی(المتوفٰی: 1352ھ)

(۴۶)..... الشیخ العلامة محمد حسین کاشف الغطاء(المتوفٰی: 1373ھ)

(۴۷)..... السید محسن الأمین العاملی(المتوفٰی: 1371ھ)

(۴۸)..... الشیخ محمد النهاوندی(المتوفٰی:1371 ھ)

(۴۹)..... السید شرف الدین العاملی(المتوفٰی:1377 ھ)

(۵۰)..... میر جعفر العلوی الحسینی(المتوفٰی:بعد 1379 ھ) (سلامة القرآن من التحریف،وتفنید الافتراء ات علی الشیعة الامامیة،ص ۱۳۵الٰی ۱۵۱، ملخصاً ،المقام الاول :سلامة القرآن من التحریف ،الفصل الرابع شهادة علماء الامامیة بنزاهة القرآن عن التحریف، الناشر: دار مشعر،ایران، سنة الطبعة : ۱۴۲۴ھ)

مولانا عبدالشکور لکھنوی نے بعض دوسری باتیں جو مذکورہ بالا فتوے میں بیان فرمائیں، وہ بھی درست نہیں، شیعہ، یا روافض، کی علی الاطلاق تکفیر پر کسی دور میں بھی اتفاق نہیں ہوا، اور بعض غالی روافض کی دوسری وجوہ ایسی ہوسکتی ہیں، جن میں تاویل کی گنجائش نہ ہو، بلکہ مولانا

موصوف کی کئی باتوں سے مولانا منظور نعمانی صاحب کے موقف کا بھی تعارض لازم آتا ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

اس کے بعد مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے مذکورہ کتابچہ میں اپنے تحریر کردہ فتوے کے بعد صفحہ نمبر۴ پر دارالعلوم دیوبند کے مفتی حضرت مفتی ریاض الدین صاحب کے مورخہ ۱۹ صفر ۱۳۴۸ھ کے ایک فتوے، اور اس پر اکابر دارالعلوم دیوبند کے ناموں کی اس طرح کی اشاعت کی، جس سے یہ بظاہر تاثر ملا، جیسا کہ دارالعلوم دیوبند کے مذکورہ مفتیان واساتذہ کرام نے مولانا موصوف کے اس فتوے پر تصدیق وتائید کی ہو، یا ان کے فتوے کی طرح کا فتویٰ شیعہ اثنا عشری کی علی الاطلاق تکفیر کا جاری کیا ہو۔

حالانکہ دارالعلوم دیوبند کے ان علماء ومفتیان کے دستخط دراصل دارالعلوم دیوبند سے جاری شدہ اس فتوے سے متعلق تھے، جو مولانا عبدالشکور لکھنوی کے فتوے وموقف کی طرح شیعہ اثنا عشری کی علی الاطلاق تکفیر وارتداد کا نہیں تھا، بلکہ شیعوں کا جو فرقہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا منکر، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی قذف، اور کلامُ اللہ کی تحریف کا قائل ہو، صرف اس کے کافر ہونے کا حکم مذکور تھا۔

اب یہ کہ کونسا فرقہ، اور کون افراد ان چیزوں کے قائل ہیں، اور کون قائل نہیں، اس فتوے میں اس سے بحث ہی نہیں، نہ ہی اس فتوے میں بطور خود یہ حکم لگایا گیا کہ اثنا عشری، یا تمام شیعہ، ان عقائد کے قائل، یا حامل ہیں، جبکہ مولانا عبدالشکور لکھنوی کا دعویٰ اور فتویٰ اس کے برعکس یہ ہے کہ تمام متقدمین ومتاخرین شیعہ، نعوذ باللہ تحریفِ قرآن کے قائل ہونے کی وجہ سے کافر ومرتد ہیں۔

اس لئے علمی دیانت داری کا تقاضا یہ تھا کہ دارالعلوم دیوبند کے اس فتوے کے ساتھ اس کے سوال کو جداگانہ طریقہ پر اور اس قید وشرط کے ساتھ شائع کیا جاتا کہ:

''شیعوں کا جو فرقہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا منکر'' الخ''

اور نقل یہ کیا گیا کہ:

''شیعوں کا فرقہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا منکر'' الخ۔

افسوس کہ اس مشروط و معلق فتوے کو ''شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ'' کے عنوان کے ذیل میں شائع کیا گیا، جس سے یہ سمجھا گیا کہ شاید ''شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد'' پر مذکورہ اکابرِ دارالعلوم دیوبند بھی متفق ہو گئے ہیں۔

پھر مذکورہ کتابچہ میں مفتی ریاض الدین صاحب کے فتوے کے نیچے مولانا محمد مرتضیٰ حسن صاحب کے نام سے یہ عبارت نقل کی گئی ہے کہ:

''مقاصد مذکورہ فی السوال کے روافض، صرف مرتد اور کافر خارج از اسلام ہی نہیں ہیں، بلکہ اسلام اور مسلمانوں کے دشمن بھی'' الخ (شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ، صفحہ نمبر ۴، و ۵، مطبوعہ: عمدۃ المطابع، برقی پریس، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ)

اس سے معلوم ہوا کہ مذکورہ جواب مقاصد مذکورہ فی السوال کے روافض سے متعلق ہے۔

اس میں بھی جملہ شیعہ اثنا عشری، یا جملہ روافض وشیعہ کے کافر و مرتد ہونے، یا ان کی طرف مذکورہ مقاصد کو منسوب کرنے کا حکم نہیں لگایا گیا۔

پھر مذکورہ کتابچہ میں آگے مولانا اعزاز علی صاحب کے حوالہ سے مندرجہ ذیل عبارت مذکور ہے:

''فرق الروافض کثیرۃ ولھم عقائد شتی، وظنون باطلۃ، فمنھا مایوجب تکفیرھم وعدم صحۃ المنا کحۃ معھم بل فی عدم جواز جمیع المراسم الاسلامیۃ خذلھم اللّٰہ''

محمد اعزاز علی مدرس ادب وفقہ دارالعلوم دیوبند

(شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ، صفحہ نمبر ۵، مطبوعہ: عمدۃ المطابع، برقی پریس، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ)

مولانا اعزاز علی صاحب کی اس مختصر عبارت میں بھی تصریح ہے کہ روافض کے بہت سے فرقے اور ان کے مختلف عقائد ہیں، جن میں سے بعض عقائد کفر کا موجب ہیں۔

اس میں بھی نہ تو تمام اثنا عشری کی تکفیر کی گئی، اور نہ ہی تمام روافض کی تکفیر کی گئی، بلکہ کفریہ عقائد ہونے نہ ہونے پر مدار رکھا گیا ہے۔

پھر اس کے بعد مذکورہ کتابچہ میں یہ عبارت مذکور ہے کہ:

**الجواب صحیح والمجیب نجیح** :تحریفِ قرآن کا عقیدہ کفر ہے، اثنا عشری شیعہ اس کے قائل ہیں، جیسا کہ جواب میں مصرحہ ہے، لہٰذا خارج از اسلام ہیں، ان سے مناکحت وغیرہ جائز نہیں۔ کتبہٗ، مہدی حسن شاہجہان پوری (شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ ،صفحہ نمبر ۵، مطبوعہ: عمدۃ المطابع، برقی پریس، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ)

اس عبارت میں بھی جواب میں تحریفِ قرآن کے عقیدہ کے مصرح ہونے کی قید لگی ہوئی ہے، جو بر تسلیمِ ثبوت ہے، اور اس کی ذمہ داری مولانا عبدالشکور صاحب کے جواب پر ڈالی گئی ہے، جس کی تفصیل مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کے اسی مذکورہ فتوے سے متعلق حضرت مولانا اشرف علی تھانوی کی تحریر کردہ رائے، اور بعد میں اس پر مولانا دریابادی سے کی گئی مکاتبت کے ذیل میں آگے آتی ہے، اور جس کے نزدیک جمہور علمائے اثنا عشریہ کے نزدیک تحریف کا نہ ہونا ثابت ہو، اس کے نزدیک اس بنیاد پر جمہور اثنا عشریہ کی تکفیر کیونکر جائز ہو سکتی ہے، جس میں ذرا سا ایمان کا احتمال وکفر میں اختلاف بھی مانعِ تکفیر ہوا کرتا ہے۔

پھر اس کتابچہ میں چند اساتذہ دارالعلوم دیوبند کے اسمائے گرامی نقل کئے گئے ہیں، جن میں مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کا نام بھی مذکور ہے، اور اسی صفحہ کے آخر میں یہ عبارت بھی درج کی گئی ہے کہ:

جن لوگوں کے مذکورہ بالا اعتقادات ہیں، وہ یقیناً کافر خارج از اسلام ہیں۔ ننگِ اکابر، حسین احمد صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند (شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ، صفحہ نمبر ۵، مطبوعہ: عمدۃ المطابع، برقی پریس، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ)

اس عبارت میں بھی جن لوگوں کے مذکورہ بالا اعتقادات ہونے کے ساتھ کفر کا حکم مذکور ہے، شیعہ اثنا عشری، یا تمام روافض کے کافر ہونے کا حکم مذکور نہیں، اس سلسلہ میں حضرت مدنی اور حضرت گنگوہی کی مزید توضیح آگے آتی ہے۔

پھر مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کے مذکورہ کتابچہ میں یہ عبارت درج کی گئی ہے:

منکرِ قطعیات یقیناً کافر ہے۔ بندہ محمد ابراہیم عفی عنہ، مدرس دارالعلوم دیوبند (شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ، صفحہ نمبر ۶، مطبوعہ: عمدۃ المطابع، برقی پریس، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ)

اس میں بھی شیعہ اثنا عشری، یا روافض کی علی الاطلاق تکفیر کا حکم نہیں لگایا گیا۔

پھر مذکورہ کتابچہ میں دارالعلوم دیوبند کے حضرات کے آخر میں یہ عبارت درج ہے:

**مااصاب مااجاب** ۔محمد طیب غفرلہ، نائب مہتمم ومدرس دارالعلوم دیوبند (شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ، صفحہ نمبر ۶، مطبوعہ: عمدۃ المطابع، برقی پریس، وکٹوریہ اسٹریٹ، لکھنؤ)

اس میں بھی علی الاطلاق کفر کا حکم مذکور نہیں، بلکہ یہ تصدیق دارالعلوم دیوبند کے مشروط فتوے پر ہے، جس کی خود مولانا قاری محمد طیب صاحب، اور مفتی محمد شفیع صاحب نے نہایت احسن طریقہ پر وضاحت فرمادی ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

جو حیثیت مذکورہ حضرات کی تائیدات وتصدیقات کی ہے، وہی بہت سے دیگر مصدقین ومویدین کی بھی ہے، جس کی وجہ سے ان سب کی طرف شیعہ، یا اثنا عشری کی علی الاطلاق تکفیر کی نسبت کرنا، درست نہیں۔

اور بعض اوقات کسی کاغذ، یا مضمون پر ایک سے زیادہ تصدیقات وآراء آگے پیچھے درج ہوتی ہیں، پھر کتابت کے وقت ان کی ترتیب بدل جانے کا امکان ہوتا ہے، جس کی وجہ سے معلوم نہیں ہو پاتا کہ کون کس کی رائے کی تائید وتصدیق، یا تصویب کر رہا ہے۔

پھر مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے مذکورہ کتابچہ کے صفحہ نمبر ۸ پر سبِ شیخین پر کفر کے حکم سے متعلق ایک فتویٰ نقل کیا ہے، جبکہ اس عمل پر تکفیر کے قول کی محققینِ حنفیہ نے تردید کی ہے۔

مذکورہ رسالہ میں اور بھی قابلِ نقد وجرح باتیں ہیں، جن پر کلام کی یہاں ضرورت نہیں۔

اس کے علاوہ مولانا عبدالشکور صاحب لکھنوی کی طرف سے ''النجم'' کے شمارہ 8 ذوالقعدہ 52 13 ہجری کے شمارہ میں بھی مخصوص انداز میں حضرت تھانوی کی مولانا عبدالماجد دریا آبادی سے کی گئی مکاتبت کو بھی شائع کیا گیا تھا، جس کی بعد میں خود حضرت تھانوی نے توضیح وتردید کی تھی، لیکن اس کو مولانا عبدالشکور لکھنوی کی طرف سے شائع نہیں کیا گیا۔

پھر اس کے تقریباً ساٹھ سال بعد حضرت مولانا محمد منظور نعمانی صاحب رحمہ اللہ نے بھی اپنے اس مضمون میں، جس کا مستفتی نے حوالہ دیا ہے، مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کی نسبت سے اس فتوے اور تحریر کو آگے چلایا، اور مولانا عبدالشکور لکھنوی کے اسی مذکورہ رسالہ ''شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد کے متعلق علمائے کرام کا متفقہ فتویٰ'' کا حوالہ دیا، اور بعد میں اسی نام سے اس کے اندر اضافات کئے گئے، اس موقع پر بھی دارالعلوم دیوبند کے مذکورہ اساتذۂ کرام ومفتیانِ عظام کے اصل فتوے، اور حضرت مولانا اشرف علی تھانوی کی مکمل توضیح وتردید کی طرف مراجعت نہیں کی جاسکی، جس سے غلط فہمی مزید آگے بڑھی، اور اس طرح گویا کہ ''رائی کا پہاڑ'' بن گیا، جیسا کہ آگے آنے والے حوالہ جات سے معلوم ہوگا۔

خشتِ اول چوں نہد معمار کج تا ثریا می رود دیوار کج

## مولانا منظور نعمانی صاحب کا حوالہ

چنانچہ حضرت مولانا منظور نعمانی صاحب رحمہ اللہ اس بارے میں لکھتے ہیں کہ:

اس سلسلہ میں انہوں (مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب) نے اب سے قریباً ساٹھ سال پہلے ایک فتویٰ بھی لکھا، جو اس دور کے دیگر اکابر، علماء واصحابِ فتویٰ کی

تصدیقات کے ساتھ ''شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد سے متعلق اکابر علماء کا متفقہ فتویٰ'' کے عنوان سے شائع ہوا تھا، اس فتوے پر دارالعلوم دیوبند کے اس دور کے مفتی مولانا ریاض الدین صاحب اور صدر المدرسین وشیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد مدنی، حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب، حضرت مولانا اعزاز علی صاحب، حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب بلیاوی، حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی، اور تمام ہی اساتذۂ دارالعلوم کی تصدیقات ہیں۔

ان کے علاوہ مدرسہ عالیہ اسلامیہ امروہہ کے صدر المدرسین، حضرت مولانا حافظ عبدالرحمٰن صاحب امروہی، اور امروہہ کے دیگر حضراتِ علماء کی تصدیقات بھی ہیں، نیز حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی کی بھی تصدیق ہے۔

(رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین)

اس فتوے کے بارے میں یہ بات بھی خاص طور سے قابلِ ذکر ہے کہ یہ فتویٰ جب طبع ہوکر شائع ہوا، تو مولانا عبدالماجد صاحب دریابادی علیہ الرحمہ نے اس فتوے کے بارے میں اپنے کچھ اشکالات لکھ کر حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں بھیجے، حضرت نے پوری تفصیل سے تمام اشکالات کا جواب تحریر فرمایا، اور فتوے میں ہر جزء کی تصویب وتصدیق فرمائی۔

یہ سوال وجواب ایک مختصر رسالہ ہوگیا تھا، پہلے یہ اسی زمانہ میں خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون سے شائع ہونے والے ماہنامہ ''النور'' میں شائع ہوا تھا، اس کے بعد امدادالفتاویٰ میں بھی شائع ہوگیا ہے (خصوصی اشاعت، ماہنامہ بینات کراچی، تیسرا ایڈیشن، صفحہ نمبر ۹۳و۹۴، ناشر: مکتبہ بینات، کراچی)

ملاحظہ فرمایئے کہ مولانا منظور نعمانی صاحب اس فتوے کو ''شیعہ اثنا عشریہ کے کفر وارتداد سے متعلق اکابر علماء کا متفقہ فتویٰ'' قرار دے رہے ہیں، اور اس فتوے پر دارالعلوم دیوبند کے اس

دور کے مفتی مولانا ریاض الدین صاحب اور صدر المدرسین وشیخ الحدیث حضرت مولانا حسین احمد مدنی، حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب، حضرت مولانا اعزاز علی صاحب، حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب بلیاوی، حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی، اور تمام ہی اساتذۂ دارالعلوم کی تصدیقات کے ہونے کا حکم لگا رہے ہیں، جبکہ دارالعلوم دیوبند کے اس فتوے میں شیعہ اثنا عشری کے علی الاطلاق کفر وارتداد کا حکم مذکور نہیں، بلکہ شیعوں کا جو فرقہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا منکر، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی قذف، اور کلامُ اللہ کی تحریف کا قائل ہو، اس کے کافر ہونے کا حکم مذکور ہے۔

پھر اس کے ایک صفحہ بعد مولانا نعمانی صاحب نے ''دورِ حاضر کے علمائے شریعت واصحابِ افتاء کی خدمت میں گذارش'' کا عنوان قائم کر کے اس کام کو آگے بڑھایا۔

اپنے مذکورہ مضمون کے ضمیمہ میں مولانا منظور نعمانی صاحب لکھتے ہیں:

> استفتاء میں جہاں یہ ذکر کیا گیا تھا کہ تقریباً ساٹھ سال پہلے جب حضرت مولانا عبدالشکور صاحب فاروقی رحمۃ اللہ علیہ نے شیعہ اثنا عشریہ کے خارج از اسلام ہونے کے بارے میں ایک فتویٰ مرتب کر کے اسے حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی، حضرت مولانا حافظ عبدالرحمٰن امروہی، حضرت مولانا سید مرتضیٰ حسن چاند پوری، حضرت مولانا مفتی مہدی حسن شاہجہاں پوری، حضرت مولانا اعزاز علی صاحب، حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب، حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب بلیاوی، حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب، حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی صاحب، حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب وغیرہم، اس دور کے اکابر علماء واصحابِ فتویٰ کی تصدیقات کے ساتھ شائع کیا تھا۔

تو جناب مولانا عبدالماجد دریابادی مرحوم نے حکیم الامت حضرت تھانوی کی حدمت میں اس بارے میں اپنے اشکالات وشبہات تحریراً عرض کیے تھے، حضرت

تھانوی نے اپنے معمول کے مطابق مولانا دریابادی کے خط کے ہر جز کا الگ الگ جواب تحریر فرمایا تھا۔

پھر مولانا دریابادی کا پورا خط اور حضرت تھانوی کا جواب، خانقاہ امدادیہ، تھانہ بھون سے شائع ہونے والے ماہنامہ ''النور'' میں شائع بھی ہوگیا تھا، اس موقع پر اس عاجز نے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ پورا فتویٰ، مولانا دریابادی کے اشکالات اور حضرت تھانوی کے جوابات کے ساتھ ایک ضمیمہ کی شکل میں شائع کردیا جائے گا۔

چنانچہ ذیل میں پہلے حضرت مولانا عبدالشکور فاروقی کا وہ فتویٰ ملاحظہ فرمایا جائے (نعمانی) (خصوصی اشاعت، ماہنامہ بینات کراچی، تیسرا ایڈیشن، صفحہ نمبر ۱۶۹، ضمیمہ، ناشر: مکتبہ بینات، کراچی)

مولانا منظور نعمانی صاحب کی مذکورہ عبارت سے صاف ظاہر ہوا کہ انہوں نے دارالعلوم دیوبند کے اساتذہ ومفتیان کرام کے فتوے کو شیعہ اثنا عشری کی علی الاطلاق تکفیر پر مشتمل سمجھا تھا، اور ساتھ ہی اس فتوے کو حضرت تھانوی کا مصدقہ اور اس پر وارد شدہ اعتراضات کا حضرت تھانوی کی طرف سے دفاع شدہ بھی سمجھا تھا۔

لیکن افسوس ہے کہ مولانا منظور نعمانی صاحب کو حضرت مولانا اشرف علی تھانوی، اور مولانا عبدالماجد دریابادی کی، اس سے بعد والی مکاتبت اور اس کی تشریح وتوضیح، اور اسی طرح دارالعلوم دیوبند کے اصل فتوے کی طرف مراجعت کا موقع نہیں مل سکا، اور غالباً مولانا نعمانی صاحب نے مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کی نقل پر اعتماد کرکے یہ بات تحریر فرمادی ہے۔

پھر اسی اعتماد پر مولانا منظور نعمانی صاحب کے اس مضمون کو ماہنامہ بینات میں بھی شائع کردیا گیا۔

اور مولانا منظور نعمانی صاحب نے شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر کی مہم کو جن بنیادوں پر آگے چلایا، اور بہت سے علماء کو اس مقصد کے لئے قائل کیا، وہ بھی سخت محلِ کلام، اور جمہور

مجتہدین، بالخصوص محققینِ حنفیہ کے برخلاف، کمزور اجتہاد پر مبنی ہیں، جن کی زیادہ تفصیل کا یہ موقع نہیں، البتہ بعض چیزوں کا یہاں ذکر کیا جاتا ہے۔

## مولانا منظور نعمانی صاحب کا دوسرا حوالہ

مولانا منظور نعمانی صاحب ''علمائے کرام کا متفقہ فیصلہ'' کے مقدمہ میں ''ایک ضروری وضاحت'' کے تحت لکھتے ہیں کہ:

جو شخص کسی مذہبی فرقہ سے وابستہ ہو، تو ظاہر ہے کہ اس کے متعلق یہی سمجھا جائے گا کہ اس کے عقائد وہی ہیں، جو اس مذہب کی مستند کتابوں میں بیان کیے گئے ہیں، اگرچہ یہ ممکن ہے کہ اپنے مذہب سے جہالت وناواقفیت، یا اپنی ذاتی رائے کی بناء پر اس کے وہ عقائد نہ ہوں۔

اسی اصول کی بناء پر جو شخص اپنے کو مسلمان کہتا ہے، اس کے متعلق یہی سمجھا جاتا ہے کہ وہ اسلام کے بنیادی عقائد پر ایمان رکھتا ہے، اگرچہ ہماری بدبختی سے مسلمانوں میں بہت سے جاہل اور دین سے ناواقف ایسے لوگوں کا ہونا معلوم ہے، جو اسلام کے بنیادی عقائد اور ایمانیات سے بے خبر ہیں، لیکن جب تک کسی شخصیت کے بارہ میں تحقیق کے ساتھ ایسی بات معلوم نہ ہو، اس کو مسلمان ہی کہا اور سمجھا جائے گا۔

اس مسلمہ اصول کی بناء پر یہی سمجھا جاتا ہے، اور سمجھا جائے گا کہ جو شخص شیعہ اثناء عشری فرقہ سے وابستہ ہے، اس کے عقائد وہی ہیں، جو اس فرقہ کی مستند کتابوں میں بیان کیے گئے ہیں، اور انہیں عقائد کی بناء پر اس کے بارہ میں وہ شرعی فیصلہ کیا جائے گا، جو راقم سطور کے استفتاء کے جواب میں حضراتِ علماء کرام واصحابِ فتویٰ نے کیا ہے۔

اگر بالفرض ان میں سے کسی فرد کے عقیدے وہ نہیں ہیں، تو ظاہر ہے کہ اس کے حق میں وہ فیصلہ نہیں ہوگا، لیکن ''اثناء عشری مذہب'' میں تقیہ چونکہ نہ صرف جائز بلکہ واجب اور ائمہ معصومین کی سنت وعبادت ہے (جیسا کہ خاص نمبر کے مقدمہ اور اس سے زیادہ تفصیل سے راقم سطور کی کتاب ''ایرانی انقلاب'' میں لکھا جا چکا ہے) اس لیے اگر کوئی اثناء عشری شیعہ، اُن عقائد سے انکار کرے، جو موجبِ کفر ہیں، تو اس انکار کے بارہ میں شک وشبہ رہے گا، اور نکاح وذبیحہ جیسے معاملات میں احتیاط کے پہلو پر عمل کرتے ہوئے، پرہیز کیا جائے گا، اور آخرت میں اللہ تعالیٰ جو علیم وخبیر ہے، اس کے ساتھ اپنے علمِ محیط کے مطابق معاملہ فرمائے گا (خصوصی اشاعت، ماہنامہ ''بینات'' کراچی، حصہ دوم، ص ۳۲ و ۳۳، طباعتِ سوم، ناشر: مکتبہ بینات، علامہ بنوری ٹاؤن، کراچی)

مولانا منظور نعمانی صاحب کی مذکورہ عبارت ووضاحت کو نقل کرنے کے بعد مولانا مفتی عبد الشکور ترمذی صاحب رحمہ اللہ (جامعہ حقانیہ، ساہیوال، سرگودہا) لکھتے ہیں:

مولانا نعمانی صاحب کی وضاحت سے تین باتیں معلوم ہوئیں:

(1) ایک بات یہ کہ جو شخص کسی مذہبی فرقہ کی طرف خود کو منسوب کرتا ہے، بظاہر اس کے وہی عقائد سمجھے جائیں گے، جو اس مذہب کی مسلمہ مستند کتابوں میں بیان کیے گئے ہیں، اس لیے جو شخص شیعہ اثناء عشری فرقہ سے وابستہ ہے، اس کے بارہ میں بظاہرِ نظر وہی حکم لگایا جائے گا، جو شرعی فیصلہ میں فرقہ اثناء عشری پر لگایا گیا ہے۔ [1]

(2) دوسری بات یہ کہ اگر ان میں سے کسی فرد کے عقیدے وہ نہیں ہیں، تو اس کے حق میں وہ فیصلہ نہیں ہوگا، بلکہ اس کی تصریح کے مطابق اس پر حکمِ اسلام لگایا

[1] لیکن اس سے پھر بھی اختلاف کی گنجائش ہوگی کہ شیعہ اثنا عشری پر جو حکم لگایا گیا ہے، وہ واقعہ کے مطابق اور فقہ واصول، بالخصوص تکفیر کے مسلّمہ اصول وقواعد کے اعتبار سے درست بھی ہے، یا نہیں؟

www.idaraghufran.org

جائے گا، اور ظاہر کے خلاف اس کی تصریح اور نص پر عمل کیا جائے گا۔ **کما تقرر فی الاصول۔**

(3) تیسری بات یہ ہے کہ اثناء عشری مذہب میں تقیہ چونکہ جائز، بلکہ عبادت ہے، اس لیے اثناء عشری شیعہ شخص کے عقائدِ کفریہ سے انکار میں شبہ رہتا ہے، اس شبہ کی بنا پر نکاح اور ذبیحہ جیسے معاملات میں احتیاطاً اس سے پرہیز کیا جائے گا۔

یہ تینوں باتیں حضرت حکیم الامت تھانوی قدس سرہٗ کی تحقیقِ خاص اور اس جواب میں بھی صراحتاً ذکر کی گئی ہیں، جو حضرت تھانوی نے مولانا عبدالشکور صاحب لکھنوی کے فتویٰ مذکورہ کے بارہ میں ارقام فرمائی تھی، ان میں کوئی نئی بات نہیں، اور اصولِ کلیہ کے بھی یہ سب باتیں موافق ہیں، ان سے کسی کو بھی اختلاف کی گنجائش نہیں ہے۔

اختلاف کی صورت تو یہ ہے کہ ایک شخص عقائدِ کفریہ سے برائت کر رہا ہے، مگر اس پر برائت کے باوجود بھی جزماً حکمِ کفر لگا دیا جائے، ایسی صورت میں تقیہ کے شبہ کی وجہ سے احتیاط پر عمل کرنے کا حکم دینا، دوسری بات ہے۔

مولانا نعمانی کی اس وضاحت سے بھی واضح ہو گیا کہ مدارِ تکفیر، عقائدِ کفریہ کے تحقق پر ہی ہے، اور اگر کسی شخص کے بارہ میں تحقیق ہو جائے کہ اس کے عقائد میں کوئی عقیدہ کفریہ نہیں ہے، تو اس پر حکمِ کفر نہیں لگایا جائے گا۔

اس وضاحت کے بعد ایک تو مولانا محمد منظور نعمانی صاحب کے اس فتویٰ کو شیعوں کی علی الاطلاق تکفیر کا فتویٰ سمجھ لینا صحیح نہیں معلوم ہوتا، بلکہ ایسا سمجھنا ان کی اس وضاحت کے خلاف معلوم ہوتا ہے، اس لیے احقر کے ناقص خیال میں مولانا نعمانی کی اس وضاحت کو اگر استدراک کہا جائے، تو مولانا کے مقصد کے زیادہ موافق معلوم ہوتا ہے۔

البتہ اس فرقہ اثنا عشریہ کے مذہب میں، چونکہ بعض عقائدِ کفریہ کا ثبوت اور وجود متحقق ہے۔ [1]

اس لیے اس کی طرف خود کو منسوب کرنا، بظاہر ان عقائدِ کفریہ کا التزام کرنا، اور حکمِ کفر کا مستحق ہونا ہے، لیکن جو شخص ان عقائدِ کفریہ کی صراحتاً ونصاً نفی کرتا ہے، اس پر یہ حکم نہیں لگایا جاسکتا۔

اور اگر تقیہ کے سبب شبہ پیدا ہوگیا ہو، تو بھی یہ حکم جزماً نہیں لگایا جاسکتا، احتیاط کے پہلو پر عمل کرنا، دوسری بات ہے۔

دوسرے یہ کہ اس متفقہ فتویٰ کا مآل بھی تقریباً وہی کچھ نکلا، جو اکابر علمائے محققین خصوصاً اکابر علمائے دیوبند پہلے سے لکھتے چلے آئے ہیں، اور یہی کچھ حضرت حکیم الامت تھانوی قدس سرہٗ کے فتویٰ جلد چہارم میں ہے، اس کو غور سے ملاحظہ فرمایا جائے (ماہنامہ ''الحقانیہ'' ساہیوال، سرگودھا، ص ۲۷ و ۲۸، ذوالحجہ 1435 ہجری، اکتوبر 2014، بعنوان: تکفیرِ روافض اور علمائے کرام کے فتاویٰ)

معلوم ہوا کہ مولانا منظور نعمانی صاحب کے نزدیک تمام تر تحقیق کے بعد بھی ان لوگوں پر قطعی کفر کا حکم لگانا، درست نہیں، جو کفریہ عقیدہ اور تحریفِ قرآن کی نفی کریں، اور ان کفریہ عقائد کی نفی کرنے والے اہلِ تشیع کی تعداد بہت زیادہ ہے، پھر شیعہ، اثنا عشری، یا روافض پر علی الاطلاق کفر کا حکم لگانا کیونکر درست ٹھہر سکتا ہے۔

اور اس موقع پر یہ دعویٰ مضحکہ خیز ہے کہ جمہور مجتہدین اور فقہائے محققین اور سلفِ صالحین کو اہلِ تشیع کے عقیدۂ تقیہ کی وجہ سے اُن کی مکمل حقیقت معلوم نہ ہوسکی، جس کی وجہ سے وہ اُن پر علی الاطلاق تکفیر کا حکم لگانے سے اجتناب فرماتے رہے، اور اس حقیقتِ حال سے ناواقفیت کی بنیاد پر مختلف اہلِ تشیع واہلِ روافض کی احادیث روایات کو بھی کتبِ حدیث میں روایت

[1] تاہم یہ تحقق بھی بعض حضرات کے نزدیک ہے، سب کے نزدیک تحقق ہے ہی نہیں۔

ودرج کرتے رہے، روافض کے جھوٹے وسچے ہونے پر بھی کلام کرتے رہے، اوران سے مسائل کا استنباط واستخراج بھی کرتے رہے، جو تا حال فقہاء، محدثین واکابر کی تالیفات وتصنیفات میں شدومد کے ساتھ موجود ہیں، پھر جن حضرات کی نظر سے ان کے عقیدۂ تقیہ کا پردہ ہٹا، انہوں نے سب پر علی الاطلاق تکفیر کا حکم لگایا، اور اس کے نتیجہ میں، احادیث وروایات کا وہ ذخیرہ، اوران سے مستنبط شدہ وہ جملہ مسائل، نا قابلِ اعتبار ٹھہرے، جو کافروں اور مرتدوں کی اسناد پر مبنی ہیں، جن کا تزکیہ وتطہیر کر کے اب یہ تمام کام نئے سرے سے مرتب کرنے کی ضرورت لاحق ہوگئی، اور عرصہ دراز سے علی الاطلاق تکفیر کا حکم لگانے کے باوجود تا حال یہ کام نہ ہوسکا۔

احادیث کے راویوں کے ائمہ جرح وتعدیل نے روافض راویوں پر اتنی تحقیق کی ہے، جس کی نظیر تا قیامت ملنا، ممکن نہیں۔ [1]

تقیہ کا تعلق ویسے بھی قلب کے ساتھ ہے، جس پر شریعت حکم نہیں لگاتی، جمہور سلف کے سامنے شریعت کا یہ حکم موجود تھا، انہوں نے اس کے مطابق حکم بیان کیا، اس لئے ان کو تقیہ سے دھوکہ کھانے کا مرتکب ہرگز قرار نہیں دیا جاسکتا، بلکہ ایسی صورت میں جمہور مجتہدین ومحققین کے مقابلہ میں ان علمائے متاخرین کی تحقیق کو ہی مرجوح، اور حکمِ ''تقیہ'' سے ناواقفیت پر مبنی قرار دیا جائے گا، جن کا اس بارے میں موقف نصوص سے مطابقت نہیں رکھتا۔

---

[1] العلماء كلهم متفقون على أن الكذب فى الرافضة أظهر منه فى سائر طوائف أهل القبلة، ومن تأمل كتب الجرح، والتعديل المصنفة فى أسماء الرواة، والنقلة، وأحوالهم -مثل كتب يحيى بن سعيد القطان، وعلى بن المدينى، ويحيى بن معين، والبخارى، وأبى زرعة، وأبى حاتم الرازى، والنسائى، وأبى حاتم بن حبان، وأبى أحمد بن عدى .والدارقطنى، وإبراهيم بن يعقوب الجوزجانى السعدى، ويعقوب بن سفيان الفسوى ، وأحمد بن عبد الله بن صالح العجلى، والعقيلى، ومحمد بن عبد الله بن عمار الموصلى، والحاكم النيسابورى، والحافظ عبد الغنى بن سعيد المصرى، وأمثال هؤلاء الذين هم جهابذة، ونقاد، وأهل معرفة بأحوال الإسناد -رأى المعروف عندهم بالكذب فى الشيعة أكثر منهم فى جميع الطوائف(منهاج السنة النبوية فى نقض كلام الشيعة القدرية، ج ١ ،ص ٦٦ ، كلام عام عن الرافضة، الرافضة هم أكذب الطوائف)

ابنِ عبدالبر قرطبی (المتوفیٰ: 463ھ) نے ابومقاتل سے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ:

**ومن صدق بلسانه وكذب بقلبه كان عند الله كافرا وعند الناس مؤمنا لأن الناس لايعلمون ما فى قلبه وعليهم أن يسموه مؤمنا بما اظهر لهم من الإقرار بهذه الشهادة وليس لهم أن يتكلفوا علم القلوب (الانتقاء فى فضائل الثلاثة الأئمة الفقهاء، ص ١٦٨، ذكر طرف من فطنة أبى حنيفة ونباهته ونبذ من فقهه وحذقه وذكائه)**

ترجمہ: اور جو شخص اپنی زبان سے تصدیق کرے، اور اپنے قلب سے تکذیب کرے، تو وہ اللہ کے نزدیک کافر ہوگا، اور لوگوں کے نزدیک مومن ہوگا، کیونکہ لوگ اس کے قلب کی چیز کو نہیں جانتے، اور ان پر واجب ہے کہ وہ اس کا نام مومن رکھیں، چونکہ ان کے سامنے اس شہادت کا اقرار ظاہر ہوا ہے، اور ان کے لئے جائز نہیں کہ وہ قلوب کے علم کا تکلف اختیار کریں (الانتقاء)

اور علامہ ابنِ تیمیہ رحمہ اللہ ''مجموعُ الفتاویٰ'' میں فرماتے ہیں کہ:

**الإيمان الظاهر الذى تجرى عليه الأحكام فى الدنيا لا يستلزم الإيمان فى الباطن الذى يكون صاحبه من أهل السعادة فى الآخرة. فإن المنافقين الذين قالوا :( آمنا بالله وباليوم الآخر وما هم بمؤمنين ) هم فى الظاهر مؤمنون يصلون مع الناس .ويصومون ويحجون ويغزون والمسلمون يناكحونهم ويوارثونهم كما كان المنافقون على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم يحكم النبى صلى الله عليه وسلم فى المنافقين بحكم الكفار المظهرين للكفر لا فى مناكحتهم ولا موارثتهم ولا نحو ذلك ؛ بل لما مات عبد الله بن أبى ابن سلول -وهو من أشهر الناس بالنفاق -ورثه ابنه عبد الله وهو من خيار المؤمنين. وكذلك سائر من كان يموت منهم يرثه ورثته المؤمنون ؛ وإذا مات لأحدهم .وارث ورثوه مع المسلمين .**

**وقد تنازع الفقهاء فى المنافق الزنديق الذى يكتم زندقته، هل يرث ويورث؟ على قولين .والصحيح أنه يرث ويورث وإن علم فى الباطن أنه**

منافق كما كان الصحابة على عهد النبى صلى الله عليه وسلم لأن الميراث مبناه على الموالاة الظاهرة لا على المحبة التى فى القلوب فإنه لو علق بذلک لم تمكن معرفته. والحكمة إذا كانت خفية أو منتشرة علق الحكم بمظنتها وهو ما أظهره من موالاة المسلمين ؛ فقول النبى صلى الله عليه وسلم "لا يرث المسلم الكافر ولا الكافر المسلم" لم يدخل فيه المنافقون وإن كانوا فى الآخرة فى الدرک الأسفل من النار ؛ بل كانوا يورثون ويرثون ؛ وكذلک كانوا فى الحقوق والحدود كسائر المسلمين وقد أخبر الله عنهم أنهم يصلون ويزكون ومع هذا لم يقبل ذلک منهم. فقال : "وما منعهم أن تقبل منهم نفقاتهم إلا أنهم كفروا بالله وبرسوله ولا يأتون الصلاة إلا وهم كسالى ولا ينفقون إلا وهم كارهون" وقال "إن المنافقين يخادعون الله وهو خادعهم وإذا قاموا إلى الصلاة قاموا كسالى يراء ون الناس ولا يذكرون الله إلا قليلا" . وفى "صحيح مسلم "عن النبى صلى الله عليه وسلم قال:" تلک صلاة المنافق تلک صلاة المنافق تلک صلاة المنافق يرقب الشمس حتى إذا كانت بين قرنى شيطان قام فنقر أربعا لا يذكر الله فيها إلا قليلا" (مجموع الفتاوى،لا بن تيمية،ج۷،ص ۲۱۰، ۲۱۱، كتاب الإيمان الكبير،تنازع الفقهاء فى المنافق الزنديق الذى يكتم زندقه الخ)

ترجمہ: ایمانِ ظاہری، جس پر دنیا کے اندر احکام جاری ہوتے ہیں، وہ اس ایمانِ باطنی کو مستلزم نہیں، جس کا حامل آخرت میں اہلِ سعادت میں سے ہوتا ہے۔

کیونکہ وہ منافقین، جنہوں نے یہ کہا کہ" آمنا باللّٰہِ وبالیوم الآخر وما ھم بمؤمنین "وہ ظاہر میں مومن تھے، لوگوں کے ساتھ نماز پڑھتے تھے، اور روزے رکھتے تھے، اور حج کرتے تھے، اور جہاد کرتے تھے، اور مسلمان، ان سے نکاح کرتے تھے، اور ان کو میراث فراہم کرتے تھے، جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں منافقین تھے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان منافقین پر، ان کفار کا حکم نہیں لگایا، جو کفار، کفر کو ظاہر کرنے والے تھے، نہ تو ان سے نکاح کرنے کے

متعلق، اور نہ ان کی وراثت کے متعلق، اور نہ ہی اس جیسی کسی اور چیز کے متعلق، بلکہ جب عبداللہ بن ابی ابن سلول مرگیا، جو کہ نفاق میں سب لوگوں سے زیادہ مشہور تھا، تو اس کے بیٹے عبداللہ، اس کے وارث ہوئے، جو کہ نیک مومنوں میں سے تھے، اور اسی طریقے سے منافقین میں سے وہ تمام لوگ جو فوت ہوتے تھے، ان کے مومن رشتہ دار، وارث ہوا کرتے تھے، اور جب ان منافقین کا کوئی (مومن) رشتہ دار فوت ہوجاتا تھا، تو وہ منافقین، مسلمانوں کے ساتھ میراث میں شریک ہوا کرتے تھے۔

اور فقہاء کا اس منافق زندیق کے بارے میں اختلاف ہے، جو اپنے ''زندقہ'' کو چھپائے کہ کیا وہ میراث پائے گا، یا اس کی میراث جاری ہوگی؟ اس میں دونوں قول ہیں، اور صحیح یہ ہے کہ وہ میراث بھی پائے گا، اور اس کی میراث بھی جاری ہوگی، اگرچہ اس کا باطن میں منافق ہونا، معلوم ہو، جیسا کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں معاملہ تھا، کیونکہ میراث کا دارومدار، ظاہری تعلق ورشتہ داری پر ہے، قلبی محبت وتعلق پر نہیں ہے، اگر اس کا دارومدار قلبی محبت و تعلق پر ہوتا، تو اس کی پہچان ممکن نہیں تھی، اور حکمت، جب خفیہ، یا منتشر ہوتی ہے، تو حکم کو اس کے مظنہ پر متعلق کیا جاتا ہے، اور وہ مظنہ مسلمانوں سے تعلق کا اظہار ہے (اور وہ تعلق ظاہر میں مومن ہونے سے حاصل ہوجاتا ہے) پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد کہ ''**لا یرث المسلم الکافر ولا الکافر المسلم**'' اس میں منافقین داخل نہیں ہیں، اگرچہ وہ آخرت میں جہنم کے نچلے طبقے میں ہوں گے، بلکہ (نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام کے زمانے میں) منافقین کی میراث بھی جاری ہوتی تھی، اور وہ میراث بھی پاتے تھے، اور اسی طریقے سے حقوق اور حدود میں بھی وہ تمام مسلمانوں کی طرح سمجھے جاتے تھے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ان

کے متعلق اس بات سے خبردار کردیا تھا کہ وہ بے شک نماز بھی پڑھتے ہیں، اور زکاۃ بھی دیتے ہیں، لیکن اس کے باوجود اُن کے یہ اعمال (اللہ کی بارگاہ میں) قبول نہیں کیے جاتے، چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ''**وما منعهم أن تقبل منهم نفقاتهم إلا أنهم كفروا بالله وبرسوله ولا يأتون الصلاة إلا وهم كسالٰى ولا ينفقون إلا وهم كارهون** ''اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ''**إن المنافقين يخادعون الله وهو خادعهم وإذا قاموا إلى الصلاة قاموا كسالٰى يراء ون الناس ولا يذكرون الله إلا قليلا** ''اور صحیح مسلم میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ ''**تلك صلاة المنافق، يجلس يرقب الشمس حتى إذا كانت بين قرني الشيطان، قام فنقرها أربعا لايذكر الله فيها الا قليلا** ''(مجموع الفتاویٰ)

پھر مولانا منظور نعمانی صاحب آگے مندرجہ بالا سرخی ہی کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ:

اس مرحلہ پر اپنے ناظرین کو یہ بتلا دینا بھی یہ عاجز مناسب سمجھتا ہے کہ استفتاء میں شیعہ اثنا عشریہ کے جن تین عقیدوں کو پیش کیا گیا ہے، جو ہمارے نزدیک قطعی طور پر موجبِ کفر ہیں، ان میں سے پہلا عقیدہ یعنی شیخین کا ایمان سے محروم اور منافق ہونے کی بنیاد پر (یا کم از کم ظالم و غاصب) اور فاسق ہونے کی وجہ سے، مخلد فی النار ہونا، ایسا عقیدہ ہے، جس پر ہمارے زمانے کے بھی شیعہ علماء اور مجتہدین کا اتفاق ہے، ان میں سے کسی کا انکار ہمارے علم میں نہیں۔

(بعض ''اثنا عشری'' علماء نے شیخین کے بارے میں اپنا عقیدہ یہی لکھا ہے کہ ''وہ ظالم، غاصب اور فاسق تھے'' لیکن ساتھ ہی انہوں نے تصریح کی ہے کہ ان کے نزدیک فاسق بھی کافروں کی طرح مخلد فی النار، یعنی نجات اور جنت سے محروم، ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔ حاشیہ)

اسی طرح تیسرے عقیدے امامت پر (جو بلا شبہ عقیدۂ ختمِ نبوت کی نفی کرتا ہے، جیسا کہ استفتاء میں تفصیل سے لکھا جا چکا ہے) سب کا اتفاق ہے۔

ہاں عقیدۂ تحریفِ قرآن سے ہمارے اس زمانہ کے اکثر شیعہ علماء انکار کرتے ہیں، لیکن چونکہ یہ ایک بدیہی حقیقت ہے کہ قرآن کو مرتب اور جمع کرنے والے حضرات خلفائے ثلاثہ کے بارے میں ان کا جو عقیدہ ہے، اس کے ہوتے ہوئے قرآن مجید پر ایمان، بلکہ کسی درجہ کا اعتماد و اعتبار ہونا بھی از روئے عقل ممکن نہیں، اس لیے ہم مجبور ہیں کہ اس انکار کو تقیہ پر محمول کریں۔

(پھر آگے اسی ضمن میں لکھتے ہیں کہ) شیعوں کے بہت سے فرقے تھے، ان کی تعداد قریباً ستر تک ذکر کی گئی ہے، ان میں سے اب بھی بہت سے ہیں، حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بارے میں افراط و غلو اور حضرات خلفائے ثلاثہ سے بغض و عداوت اور لعن طعن ان سب فرقوں میں قدرِ مشترک ہے۔

ان میں بعض وہ بھی تھے، جن کا عقیدہ تھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہی انسانی شکل میں خدا ہیں، اور وہ بھی تھے، جن کا عقیدہ تھا کہ دراصل اللہ تعالیٰ نے علی بن ابی طالب کو نبی بنانا چاہا تھا اور جبرئیل کو وحی لے کر انہی کے پاس بھیجا تھا، لیکن وہ غلطی سے محمد بن عبداللہ کے پاس پہنچ گئے۔

ہمارے بعض فقہاء اور اصحابِ فتاویٰ نے شیعوں کے ان عقیدوں کا بھی ذکر کیا ہے، لیکن واقعہ یہ ہے کہ ایسے عقیدے رکھنے والے فرقے ہمارے علم میں اب دنیا میں کہیں نہیں ہیں۔

اب شیعہ عام طور سے اثنا عشریہ ہی کو کہا جاتا ہے، جن کا دوسرا معروف نام ''امامیہ'' بھی ہے، ان کے عقائد و نظریات راقم سطور کی کتاب ''ایرانی انقلاب، امام خمینی اور شیعیت'' میں بھی دیکھے جا سکتے ہیں، ہمارے استفتاء اور فتاویٰ کا تعلق خاص اسی

فرقہ سے ہے، شیعوں کے دوسرے فرقے اب اپنے مستقل ناموں سے معروف ہو گئے ہیں، مثلاً ''اسماعیلیہ، نُصیریہ، زیدیہ'' وغیرہ'' (خصوصی اشاعت، ماہنامہ ''بینات'' کراچی، حصہ دوم، ص ۳۳و۳۴، طباعتِ سوم، ناشر: مکتبہ بینات، علامہ بنوری ٹاؤن، کراچی)

مولانا منظور نعمانی صاحب کی مذکورہ عبارت میں ''شیعہ اثنا عشریہ'' کے جن تین عقیدوں کا اپنے نزدیک قطعی طور پر موجبِ کفر ہونا بیان کیا گیا ہے، اس کی ذمہ داری موصوف اور ان کے متبوعین و متبعین پر ہی پر عائد ہوتی ہے۔

ہمیں نہ تو ان تین عقیدوں کے اثنا عشریہ کے اصل مذہب میں ہونے سے اتفاق ہے، اور نہ ہی ہمارے نزدیک مولانا نعمانی کی بیان کردہ مذکورہ عقائد کی تفصیل اور تشریح کے مطابق موجبِ کفر ہونا، قطعی ہے، بلکہ، ظالم وغاصب، یا فاسق ہونے کی بناء پر مخلد فی النار قرار دینے، اور عقیدۂ امامت کو عقیدۂ ختمِ نبوت کی نفی کا موجب قرار دینے، اور اپنے زمانہ کے اکثر علمائے شیعہ کے تحریفِ قرآن کا انکار کرنے کے باوجود، عقل کی رو سے ان کے قرآن پر عقیدہ کا انکار کرنے، اور اس کو تقیہ پر محمول کرنے کی حیثیت ''التزامِ کفر'' کے بجائے ''لزومِ کفر'' اور ''لازمِ مذہب'' کو ''مذہب'' قرار دینے سے زیادہ نہیں، جو کہ جمہور محققین کے نزدیک ضعیف و مرجوح قول پر مبنی ہے۔

ورنہ تو اس بنیاد پر خوارج، معتزلہ اور بعض دوسرے ایسے فرقوں کی تکفیر بھی لازم آنی چاہیے، جن کے مذہب کے مطابق مذکورہ نتائج لازم آتے ہیں، چنانچہ معتزلہ و خوارج بھی اہلِ کبائر کے لئے تخلید فی النار کا عقیدہ رکھتے ہیں، اور اس کے مصداق میں وہ صحابہ کی بڑی تعداد کو بھی شامل کرتے ہیں، اور خوارج نے اپنے علاوہ جمہور صحابہ و تابعین کی تکفیر کی، اور شیعہ اور امامیہ اثنا عشریہ کے عقائد جمہور فقہاء کے سامنے بھی تھے، جنہوں نے ان کی تکفیر نہ کی۔

علامہ ابنِ تیمیہ نے ''منھاجُ السنۃ'' میں ایک مقام پر فرمایا کہ:

**وهذا مما يوافق عليه الإمامية، فإنهم لا يقولون بتخليد أهل الكبائر في النارفالفسق عندهم لا يحبط الحسنات [كلها]بخلاف من خالف في ذلك من الزيدية والمعتزلة والخوارج، الذين يقولون: إن الفسق يحبط الحسنات كلها** (منهاج السنة النبوية، ج۳ص ۳۹۶،الفصل الثانی ،فصل تابع رد ابن تيمية على كلام ابن المطهر عن الإمامة عند أهل السنة)

ترجمہ: اور یہ اُن مسائل میں سے ہے، جس کی ''امامیہ'' نے موافقت کی ہے، کیونکہ وہ اہلِ کبائر کے، ہمیشہ جہنم میں رہنے کے قائل نہیں، پس ''امامیہ'' کے نزدیک ''فسق'' تمام نیکیوں کو ضائع نہیں کرتا، البتہ اس میں ''زیدیہ'' اور ''معتزلہ'' اور خوارج'' نے مخالفت کی ہے، جن کا کہنا یہ ہے کہ ''فسق'' تمام نیکیوں کو ضائع کر دیتا ہے (منہاج السنۃ)

اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

''حقیقت یہ ہے کہ امامیہ اکثر اصولِ عقائد میں معتزلہ، خوارج ،مرجیہ، باطل فرقوں کی موافقت کرتے ہیں'' (السیف المسلول، ص ۵۸، پہلا مقالہ: روافض کے مذہب کے ابطال اور اہلُ السنۃ والجماعۃ کے مذہب کے اثبات میں، ترجمہ: مولانا محمد رفیق اثری، ناشر: فاروقی کتب خانہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: 1979ء)

پس جس طرح معتزلہ، خوارج وروافض، مرجئہ وغیرہ کی، جمہور کی طرف سے تکفیر نہیں کی گئی، تو ان کے متبعین کی تکفیر کیونکر روا ہو سکتی ہے، یہی وجہ ہے کہ جمہور نے روافض کی تکفیر نہیں کی، جن میں امامیہ بھی داخل ہیں، جس کی مزید تفصیل آگے آتی ہے۔

اور امامت اور ائمہ کی معصومیت کا عقیدہ بھی کوئی جدید عقیدہ نہیں، یہ عقیدہ سلف محققین کے سامنے بھی تھا، جنہوں نے اس عقیدہ سے اختلاف کیا، لیکن اس کو التزامِ کفر کا باعث نہیں سمجھا، رہا کسی کی طرف سے اس کو ختمِ نبوت کے منافی قرار دینے کا معاملہ، تو اس کی حیثیت لزومِ کفر سے زیادہ نہیں، اور کسی پر حکمِ کفر قائم کرنے کے لئے لزوم، کافی نہیں، بلکہ التزام

ضروری ہے، ورنہ تو ہر فرقہ ومسلک کے لوگوں کا لزومِ کفر کی وجہ سے دائرہ اسلام سے خارج ہونا لازم آ سکتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ امامیہ کے نزدیک ''امامت'' کا درجہ نبوت کے بعد ہے۔

چنانچہ علامہ ابنِ تیمیہ ''منهاجُ السنة'' میں لکھتے ہیں:

**أصول الدين عن الإمامية أربعة: التوحيد، والعدل، والنبوة، والإمامة، فالإمامة هي آخر المراتب، والتوحيد، والعدل، والنبوة قبل ذلك** (منهاج السنة النبوية، ج ا ص ۹۹، ۱۰۰، فصل مقدمة ابن المطهر، الوجه الثاني)

ترجمہ: ''امامیہ'' کی طرف سے ''اصولِ دین'' چار ہیں، ایک توحید، دوسرے عدل، تیسرے نبوۃ، چوتھے امامت۔

پس امامت سب سے آخری درجہ ہے، اور توحید، اور عدل اور نبوۃ کا درجہ اس سے پہلے ہے (منہاج السنۃ)

اور جملہ شیعہ وروافض، تمام صحابہ کی تکفیر کے قائل نہیں، اور جو شیخین، اور ان کے متبعین کو حضرت علی کی امامت ترک کرنے کی وجہ سے مخطی قرار دیتے ہیں، وہ سب یہ عقیدہ نہیں رکھتے کہ موجودہ قرآن ان حضرات کا محرف شدہ ہے، جس پر بے شمار تصریحات موجود ہیں، اس لئے اس طرح کے لزومی کفر کو التزامی کفر قرار نہیں دیا جا سکتا۔

علامہ ابنِ عابدین شامی ''ردُّ المحتار'' میں فرماتے ہیں کہ:

**وأنت خبير بأن الصحيح في المعتزلة والرافضة وغيرهم من المبتدعة أنه لا يحكم بكفرهم وإن سبوا الصحابة أو استحلوا قتلنا بشبهة دليل كالخوارج الذين استحلوا قتل الصحابة** (ردالمحتار، ج۵ ص ۱۱، كتاب البيوع، باب خيار العيب)

ترجمہ: اور آپ اس بات سے باخبر ہیں کہ ''معتزلہ'' اور ''رافضہ'' اور ان کے علاوہ دوسرے ''اہلِ بدعت'' کے بارے میں صحیح قول یہ ہے کہ ان کے کفر کا حکم نہیں لگایا جائے گا، اگرچہ وہ صحابہ پر سبّ وشتم کریں، یا ہمارے قتل کو حلال سمجھیں، کیونکہ اس

کی دلیل میں شبہ پایا جاتا ہے، جیسا کہ وہ خوارج، جنہوں نے صحابہ کے قتل کو حلال سمجھا (ردُّ المحتار)

اور علامہ ابنِ عابدین شامی ''ردالمحتار'' میں ہی فرماتے ہیں:

**نص المحدثون على قبول رواية أهل الأهواء فهذا فيمن يسب عامة الصحابة ويكفرهم بناء على تأويل له فاسد** (رد المحتار على الدر المختار، ج۴، ص۲۳۷، كتاب الجهاد، باب المرتد)

ترجمہ: محدثین نے تصریح کی ہے کہ ''**اهل الاهواء**'' کی روایت قبول کرلی جائے گی، پس یہ حکم اس شخص کو بھی شامل ہے، جو ''عامۃِ صحابہ'' پر سب وشتم کرے، اوران کی تکفیر کرے، اپنی کسی فاسد تاویل کی بناء پر (ردالمحتار)

اور علامہ ابنِ عابدین شامی اپنی کتاب ''**تنبيه الولاة والحكام علىٰ أحكام شاتم خير الأنام**'' میں فرماتے ہیں کہ:

**(إذا علمت ذلك) ظهر لك أن ما مر عن الخلاصة من أن الرافضي إذا كان يسب الشيخين ويلعنها ، فهو كافر، مخالف لما في كتب المذهب من المتون والشروح الموضوعة لنقل ظاهر الرواية، ولما قدمنا عن الإختيار وشرح العقائد ، بل مخالف للإجماع على ما نقله ابن المنذر، كما مر في عبارة فتح القدير ، وكذا ما قدمنا في عبارة شيخ الاسلام ابنِ تيمية من قوله ،وقال ابن المنذر لا أعلم أحدا يوجب قتل من سب من بعد النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم.**

**وإذا كان هذا فيمن يظهر سب جميع السلف فكيف من يسب الشيخين فقط ، فعلم أن ذلك ليس قولا لأحد من المجتهدين وإنما هو قول لمن حدث بعدهم ، وقد مر في عبارة الفتح أنه لا عبرة بغير كلام الفقهاء المجتهدين** (كتاب تنبيه الولاة والحكام علىٰ احكام شاتم خير الأنام أو أحد أصحابه الكرام عليه وعليهم الصلاة والسلام، صفحه ۱۳۳، الباب الاول في حكم ساب احد الصحابة رضي الله عنهم ، ضابط تكفير اهل البدع من روافض ونحوهم ، مطبوعة: دارالآثار، القاهرة، المصر، الطبعة الاولىٰ: 2007ء)

ترجمہ: اور جب آپ یہ بات جان چکے، تو آپ کے لیے یہ بات ظاہر ہوگئی کہ ''خلاصہ'' کے حوالے سے جو یہ بات گزری کہ ''رافضی'' جب شیخین رضی اللہ عنہما پر سبّ وشتم اور ان پر لعنت کرے، تو وہ کافر ہے، تو یہ مذہب کے متون اور شروح میں مذکور موقف کے خلاف ہے، جو ظاہرُ الروایۃ کو نقل کرنے کے لیے وضع کی گئی ہیں، اور جیسا کہ ہم ''الاختیار'' اور ''شرحُ العقائد'' کے حوالے سے پہلے ذکر کر چکے ہیں، بلکہ یہ بات اس اجماع کے بھی خلاف ہے، جس کو ابنِ منذر نے نقل کیا ہے، جیسا کہ ''فتحُ القدیر'' کی عبارت کے حوالے سے گزرا، اور اسی طریقے سے اس کے بھی خلاف ہے، جو ہم نے شیخ الاسلام ابنِ تیمیہ کی عبارت میں ان کا یہ قول ذکر کیا ہے کہ ابنِ منذر نے فرمایا کہ میں نہیں جانتا کہ کسی نے بھی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کسی کو سبّ وشتم کرنے والے کے قتل کو واجب قرار دیا ہو۔

اور جب یہ حکم اس شخص کے بارے میں ہے، جو تمام سلف کو سبّ وشتم کرتا ہو، تو جو شخص صرف شیخین رضی اللہ عنہما کو سبّ وشتم کرتا ہو، اس کے بارے میں یہ حکم کیونکر نہیں ہوگا، پس یہ بات معلوم ہوگئی کہ یہ قول مجتہدین میں سے کسی کا نہیں ہے، بلکہ یہ مجتہدین کے بعد پیدا ہونے والے لوگوں کا قول ہے، اور ''فتحُ القدیر'' کی عبارت میں یہ بات بھی گزر چکی ہے کہ فقہائے مجتہدین کے علاوہ کے کلام کا اعتبار نہیں (تنبیہ الولاۃ والحکام)

علمائے مسلمین کے عالمی اتحاد کے سابق رئیس، اور عالمِ اسلام کے مشہور ومعروف جید معمر عالم ''شیخ یوسف القرضاوی'' (المتوفیٰ: 26، ستمبر 2022ء) اپنے مضمون ''مبادء فی الاحوار والتقریب بین المذاهب والفرق الإسلامیة'' میں لکھتے ہیں:

وأما دعوى "عصمة الأئمة": فنحن نخطئهم في ذلك، ولا نرى في هذا "كفرا بواحا" فإن ما جاء عن أئمتهم من أقوال: إما أنها عندنا أحاديث

نبوية، وإما أنها "آراء اجتهادية" ككثير ما روى عن فقهاء المدينة السبعة، وأمثالهم من فقهاء الحجاز والعراق واليمن والشام ومصر وغيرها، وما جاء عن الأئمة الأربعة وغيرهم، ولذا كانت ثمرة هذا كله: الفقه الجعفرى، بما فيه استنباط واختلاف (مبادء فى الحوار والتقريب بين المذاهب والفرق الاسلامى، ص ٦٨ "البعد عن شطط الغلاة)

ترجمہ:: اور جہاں تک ائمہ کی عصمت کا تعلق ہے، تو اس بارے میں ہم ان کو خاطی قرار دیتے ہیں، لیکن ہم اس میں واضح کفر کی رائے نہیں رکھتے، کیونکہ ان کے ائمہ سے جو اقوال آئے ہیں، یا تو وہ ہمارے نزدیک احادیثِ نبویہ کے قبیل سے تعلق رکھتے ہیں، یا وہ اجتہادی آراء کے قبیل سے تعلق رکھتے ہیں، ان کی نوعیت ایسی ہے، جیسا کہ مدینہ کے سات فقہاء کی بہت سی مرویات ہیں، اور ان ہی کے مثل حجاز اور عراق اور یمن اور شام اور مصر وغیرہ کے فقہاء کی مرویات ہیں، اور جیسا کہ ائمۂ اربعہ وغیرہ کی مرویات ہیں، اور مرویات کی اس پوری صورتِ حال کے نتیجہ میں ''فقہ جعفری'' وجود میں آیا ہے، جس میں استنباط اور اختلاف ہے (مبادء فی الاحوار)

پھر جن عقائد پر مولانا منظور نعمانی صاحب قطعی کفر کا حکم لگا رہے ہیں، ان عقائد کے ہوتے ہوئے، اور معلوم ہونے کے باوجود بھی محققین سلف نے کفر کا حکم نہیں لگایا۔

چنانچہ عمرو بن ثابت کوفی (المتوفیٰ: 172ھ) کا شمار روافض میں ہوتا ہے، ان سے متعدد افکارِ روافض کے علاوہ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفاۃ کے بعد پانچ، یا چار افراد کو چھوڑ کر باقی سب حضرات کا کافر ہو جانا تک بھی مروی ہے۔

اور عبداللہ بن مبارک (المتوفیٰ: 180ھ) سے عمرو بن ثابت کے بارے میں شدید ردِ عمل مروی ہے۔

لیکن خود عبداللہ بن مبارک اور دیگر محدثین سے ان کی تضعیف اور تنکیر منقول ہے، تکفیر منقول

نہیں، بلکہ بعض محدثین نے تو ان کو رافضی کہنے کے باوجود ان کی حدیث کے ترک نہ کرنے کا حکم لگایا، اور بعض محدثین نے ان کو ''صدوق'' اور ان کی احادیث کو ''مستقیم'' کہا ہے، اور بعض نے دوسرے موید وشاہد کی موجودگی میں ان کی مرویات کو معتبر قرار دیا ہے، اور کسی کافر، یا مرتد کو یہ صفات حاصل ہونا ممکن نہیں۔ [1]

---

[1] قال علی بن الحسن بن شقیق سمعت بن المبارک یقول لا تحدثوا عن عمرو بن ثابت فإنه کان یسب السلف وقال الحسن بن عیسی ترک بن المبارک حدیثه وقال هناد بن السری لم یصل علیه بن المبارک.

وقال عمرو بن علی ومحمد بن المثنی لم یحدث عنه بن مهدی وقال الدوری عن بن معین هو غیر ثقة وقال معاویة بن صالح عن یحیی ضعیف وقال أبو زرعة ضعیف الحدیث وکذا قال أبو حاتم وزاد یکتب حدیثه کان ردیء الرأی شدید التشیع وقال البخاری لیس بالقوی عندهم .

وقال الآجری عن أبی داود رافضی خبیث وقال فی موضع آخر رجل سوء قال لما مات النبی صلی الله علیه وسلم کفر الناس إلا خمسة وجعل أبو داود یذمه ویقول قد روی عنه سفیان وهو المشوم لیس یشبه حدیثه أحادیث الشیعة وجعل یقول ویعنی أن أحادیثه مستقیمة وقال فی موضع آخر کان من شرار الناس وقال فی موضع آخر لیس فی حدیثه نکارة.وقال النسائی متروک الحدیث وقال مرة لیس بثقة ولا مأمون وقال بن حبان یروی الموضوعات عن الاثبات وقال بن عدی الضعف علی روایاته بین.قلت وقال أبو داود فی السنن أثر حدیث فی الاستحاضة ورواه عمرو بن ثابت عن بن عقیل وهو رافضی خبیث وکان رجل سوء زاد فی روایة بن الأعرابی ولکنه کان صدوقا فی الحدیث،ومن عادة المؤلف أن من علق له أبو داود رقم له رقمه وهذا منه فأغفله وقال بن سعد کان متشیعا مفرطا لیس هو بشیء فی الحدیث ومنهم من لا یکتب حدیثه لضعفه ورأیه وتوفی فی خلافة هارون وقال بن قانع مات سنة اثنتین وسبعین ومائة وکذا قال البخاری عن عباد بن یعقوب وقال أبو أحمد الحاکم حدیثه لیس بالمستقیم وقال عبد الله بن أحمد عن أبیه کان یشتم عثمان ترک بن المبارک حدیثه وقال الساجی مذموم وکان ینال من عثمان ویقدم علیا علی الشیخین وقال العجلی شدید التشیع غال فیه واهی الحدیث وقال البزار کان یتشیع ولم یترک(تهذیب التهذیب،ج۸، ص ۹، ۱۰،تابع لحرف العین،من اسمه عمرو)

سألت أبا داود عن عمرو بن ثابت فقال" :کان رجل سوء .قال هناد ولم أصل علیه."

قال" :لما مات النبی صلی الله علیه وسلم کفر الناس إلا خمسة.

وجعل أبو داود یذمه.قال أبو داود" :قد روی إسماعیل بن أبی خالد وسفیان عن عمرو بن ثابت وهو المشئوم، لیس یشبه حدیثه أحادیث الشیعة، وجعل یقول (یعنی أن) أحادیثه مستقیمة(سؤالات أبی عبید الآجری أبا داود السجستانی فی الجرح والتعدیل، ص ۲۱۱ الٰی ۲۱۳، ذکر أهل الکوفة)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اور امام حاکم نے عمرو بن ثابت کی ایک حدیث کو، عبداللہ بن مبارک ہی کی سند سے روایت کیا ہے، اور ساتھ ہی یہ بھی فرمادیا کہ اس حدیث کو چونکہ عبداللہ بن مبارک نے روایت کیا

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وقال أبو عبيد الآجرى :سألت أبا داود عن عمرو بن ثابت ابن أبى المقدام، فقال :رافضى خبيث. وقال فى موضع آخر : رجل سوء ، قال هناد :لم أصل عليه .قال :لما مات النبى صلى الله عليه وسلم كفر الناس إلا خمسة ."وجعل أبو داود يذمه .قال أبو داود :وقد روى إسماعيل بن أبى خالد .وسفيان عن عمرو بن ثابت وهو المشوم : ليس يشبه حديثه أحاديث الشيعة، وجعل يقول. يعنى أن أحاديثه كانت مستقيمة.

وقال فى موضع آخر :سئل أبو داود عن عمرو بن ثابت، فقال :من شرار الناس.

ثم قال أبو داود :عمرو بن ثابت، وأبو إسرائيل، يعنى الملائى، ويونس بن خباب ليس فى حديثهم نكارة إلا أن يونس بن خباب زاد فى حديث القبر وعلى ولى(تهذيب الكمال فى أسماء الرجال، ج ۲۱ ،ص۵۵۷، ۵۵۸، تحت ترجمة "عمرو بن ثابت بن هرمز البكرى"،رقم الترجمة ۴۳۳۳، من اسمه عمرو)

وقال ابن حبان: لا يحل ذكره فى الكتب إلا على سبيل الاعتبار(تاريخ الإسلام للذهبى، ج۴، ص۷۰۰،رقم الترجمة ۲۱۹ ، تحت ترجمة "عمرو بن أبى المقدام ثابت بن هرمز الكوفى")

عمرو بن ثابت بن أبى المقدام واسم أبى المقدام هرمز كوفى .حدثنى آدم بن موسى قال: سمعت البخارى قال: عمرو بن ثابت ليس بالقوى عندهم .حدثنا إبراهيم بن يوسف قال: حدثنا هناد بن السرى قال: كتبت عن عمرو بن ثابت قال: حدثنا كثير، فبلغنى عنه أنه كان يوما عند حبان بن على، قال هناد: وأخبرنى من سمعه وما أراه إلا نوفل يقول: كفر الناس بعد رسول الله صلى الله عليه وسلم إلا أربعة، قال: قيل لحبان: أقال هذا ولم تنكر عليه؟ قال: فقال حبان: هو جليسنا، كأنه قال: فكرهت أن أقول له شيئا، قال: وكان حين تكلم بهذا الكلام يتناوم كأنه ينعس، يعنى حبان قال: هذا، ومات عمرو بن ثابت، فلما مر بجنازته فرآها ابن المبارك دخل المسجد وأغلق عليه بابه حتى جاوزته .حدثنا عبد الله بن أحمد بن حنبل قال: حدثنا أبو همام الوليد بن شجاع قال: حدثنا على بن الحسن بن شقيق قال: سمعت ابن المبارك يقول: لا تحدثوا عن عمرو بن ثابت، فإنه كان يسب السلف .حدثنا عبد الله بن محمد بن سعدويه المروزى قال: حدثنا أحمد بن عبد الله بن بشير المروزى قال: حدثنا سفيان، عن عبد الملك قال: سألت ابن المبارك قلت: عمرو بن ثابت لم تركت حديثه؟ قال: كان يشتم السلف فلذلك تركت حديثه .حدثنا أحمد بن على قال: حدثنا أبو غسان قال: كان جرير يخرج حديث عمرو بن ثابت فيقولون: لا نريده، فيقول: أدركته صالحا، فيقولون: تغير بعدك .حدثنا عبد الله بن أحمد قال: كتب إلى أبو بكر بن خلاد: سمعت ابن عيينة يقول: إنك حذرت عمن يطعن فيه؟ ثم قال: ابن أبى المقدام، فذكر حديثا يعنى عمرا .حدثنا محمد بن عيسى قال: حدثنا عمرو بن على قال: سألت عبد الرحمن بن مهدى عن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ہے، اس لئے اس نے مجھے اس کو شاہد بنا کر تخریج کرنے پر ابھارا۔ [1]

عمرو بن ثابت نے متعدد محدثین سے، اور متعدد محدثین، مثلاً، عبد اللہ بن مبارک، ابو داؤد طیالسی، امام بیہقی، امام حاکم، امام بزار، امام ابنِ خزیمہ، ابو یعلیٰ، دار قطنی، امام طبرانی، ابو نعیم اصبہانی، سعید بن منصور، امام آجری، ابنِ ابی عاصم، ابنِ شاہین، ابنِ بشران، امام رویانی، اور امام طبری وغیرہ نے ان سے احادیث کو روایت کیا ہے۔ [2]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

حديث عمرو بن ثابت فأبى أن يحدث، عنه وقال: لو كنت محدثا بحديث لحدثت بحديث أبيه عن سعيد بن جبير فى التفسير .حدثنا زكريا بن يحيى قال: حدثنا محمد بن المثنى قال: سمعت عبد الرحمن يحدث عن عمرو بن ثابت بن أبى المقدام .حدثنا محمد بن عثمان قال: سمعت يحيى بن معين يقول: كان عمرو بن ثابت ضعيفا .حدثنا محمد بن عيسى قال: حدثنا عباس قال: سمعت يحيى قال: عمرو بن ثابت بن أبى المقدام ليس بشىء، وفى موضع آخر: ليس بثقة ولا مأمون. حدثنا محمد بن أحمد قال: حدثنا معاوية بن صالح قال: سمعت يحيى قال: عمرو بن ثابت لا يكذب فى حديثه(الضعفاء الكبير للعقيلى، ج٣، ص ٢٦١، ٢٦٢، رقم الترجمة ١٢٦٨ ،باب العين، باب عمرو)

[1] عمرو بن ثابت هذا هو ابن أبى المقدام الكوفى، وليس من شرط الشيخين، وإنما ذكرته شاهدا، ورواية عبد الله بن المبارك عنه حتى حثنى على إخراجه فإنى قد علوت فيه من وجه لا يعتمد (مستدرک للحاكم،رقم الحديث٣٠٤ و٣٠٥، كتاب العلم)

[2] فق :عمرو بن ثابت بن هرمز البكرى ، أبومحمد، ويقال :أبو ثابت الكوفى، وهو عمرو بن أبى المقدام الحداد، مولى بكر بن وائل.

روى عن :أبيه أبى المقدام ثابت بن هرمز الحداد (فق) ، وحبيب بن أبى ثابت، وحريث بن أبى مطر، والحكم بن عتيبة، وأبى الجارود زياد بن المنذر، والسرى بن إسماعيل، وسليمان الأعمش، وسماک بن حرب، وعبد الله بن محمد بن عقيل، وعبد الرحمن بن عابس بن ربيعة، وكلاب بن على الجعفرى العامرى، ومحمد بن عبيد الله بن أبى رافع، ومحمد بن على، ومحمد بن مروان، والمسيب بن رافع، والمنهال بن عمرو، وميمون ابن مهران، وهاشم بن البريد، ويزيد بن أبى زياد، ويونس بن خباب، وأبى إسحاق السبيعى، وأبى حمزة الثمالى، وأبى عبد الرحمن الدمشقى.

وقال عباد بن يعقوب عنه :رأيت راعيا رأى النبى صلى الله عليه وسلم.

روى عنه :إبراهيم بن إسحاق الصينى، وإبراهيم بن محمد الضبى، وأحمد بن عبد الله بن يونس، وأحمد بن المفضل الحفرى،وإسماعيل بن عمرو بن البجلى، وبكر بن بكار، وحسن بن حسين العرنى، والحسن بن الربيع البورانى، والحسن بن عطية القرشى،

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

جبکہ محدثین نے کسی کافر سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کو روایت نہیں کیا۔ [1]

اور عدمِ تکفیر کی وجہ یہ نہیں کہ ان حضراتِ محدثین کو ان لوگوں کے اقوال وافکار سے آگاہی حاصل نہیں تھی، کیونکہ ان حضرات نے تو خود ان اقوال وافکار کو روایت ونقل کیا ہے، بلکہ اصل وجہ وہی ہے کہ محققینِ سلف تکفیر کے بارے میں بہت محتاط تھے، وہ بہت سی ایسی چیزوں پر تکفیر کے قائل نہیں تھے، جن پر بعد کے بعض حضرات تکفیر کے قائل ہیں، مثلاً مذکورہ قول کے بارے میں ان کی تاویل یہ تھی کہ جب کوئی مسلمان کی تکفیر اس شبہ کی بنیاد پر کرے کہ اس کی نظر میں دوسرے کا کوئی فعل باعثِ کفر ہو، تو چونکہ وہ اپنی نظر میں مسلم کی تکفیر نہیں کر رہا، اور وہ اس سلسلہ میں وارد نصوص کے محمل ومصداق میں بھی کسی تاویل کا قائل ہے، اگر چہ وہ شبہ، یا تاویل فاسد کیوں نہ ہو، کیونکہ عدمِ تکفیر کے لئے اتنا شبہ، یا تاویل بھی کافی ہے، جیسا کہ خوارج کی بھی محققین نے اسی بناء پر تکفیر نہیں کی، اور صحابہ کی تکفیر کرنے والے بعض خوارج کی احادیث پر

---

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

وسعيد بن شرحبيل، وسعيد بن محمد الجرمي، وسعيد بن منصور، وأبو داود سليمان بن داود الطيالسي، وسهل بن حماد أبو عتاب الدلال، وسهل بن عثمان العسكرى، وسهل بن محمد بن الزبير العسكرى، وسويد بن سعيد، وعباد بن زياد الأسدى، وعباد ابن يعقوب الرواجني وعبد الله بن صالح العجلى، وعلى بن ثابت الدهان، وعلى بن حكيم الأودى، وعلى بن عبد الحميد المعنى، وعمرو بن محمد العنقزى (فق) ، وعيسى بن موسى غنجار، وأبو نعيم الفضل بن دكين، والفيض بن الفضل الزاهد، ومحمد بن سعيد ابن الأصبهانى، ومحمد بن عبد الواهب الحارثى، ومحمد بن عكاشة العنزى، ومحمد بن عيسى ابن الطباع، ومحمد بن فضيل ابن غزوان، ومعلى بن منصور الرازى، ومنجاب بن الحارث التميمى، والمنذر بن عمار بن حبيب بن حسان بن أبى الأشرس الأسدى، وموسى بن داود الضبى، وهناد بن السرى، ويحيى بن آدم، ويحيى بن أبى بكير، وأبو تميلة يحيى بن واضح، ويعقوب ابن معبد، ويوسف بن عدى، وأبو الوليد الطيالسى(تهذيب الكمال فى أسماء الرجال، ج ۲۱، ص ۵۵۳ الٰى ۵۵۵، رقم الترجمة ۴۳۳۳، من اسمه عمرو)

[1] من المعلوم أنه لا يروى أحد من أهل العلم كلام رسول الله صلى الله عليه وسلم عن غير مسلم فلا بالإفراط ولا بالتفريط وكلا طرفى قسط الأمور ذميم(ثمرات النظر فى علم الأثر، ص ۱۲۲ ،نتائج البحث)

صحت تک کا بھی حکم لگایا، جس کی ہم نے دوسری تالیف میں باحوالہ تفصیل بیان کردی ہے۔ [1]

اس سلسلہ میں حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کا دارالعلوم دیوبند کے صدر مفتی ہونے کی حیثیت سے فتویٰ آگے آتا ہے۔

علامہ آلوسی (صاحبِ روح المعانی) (المتوفیٰ: 1270ھ) نے اپنی تالیف ''نهج السلامة الىٰ مباحث الامامة'' میں فرمایا:

اور محققین کے نزدیک معتمد مذہب یہ ہے کہ ''تکفیر'' کا مدار اس چیز کے انکار پر ہے، جو ضروری طور پر معلوم ہو، اور مجمع علیہ چیز کا انکار صرف ''مجمع علیہ'' کی حیثیت سے نہیں ہوگا، کیونکہ مجمع علیہ مسئلہ بعض اوقات ''ظنی'' یا ''سکوتی'' یا ''اکثری'' ہوتا ہے۔

اور جمہور نے ''قدریہ، خوارج، اور رافضہ'' کی تکفیر ''تاویل'' کے حائل ہونے کی بناء پر نہیں کی۔

---

[1] ثم كان ابن ملجم من شيعة على بالكوفة سار إليه إلى الكوفة، وشهد معه صفين.
قلت :ثم أدركه الكتاب، وفعل ما فعل، وهو عند الخوارج من أفضل الأمة، وكذلك تعظمه النصيرية.قال الفقيه أبو محمد بن حزم :يقولون إن ابن ملجم أفضل أهل الأرض، خلص روح اللاهوت من ظلمة الجسد وكدره، فاعجبوا يا مسلمين لهذا الجنون.
وفى ابن ملجم يقول عمران بن حطان الخارجى:
يا ضربة من تقى ما أراد بها ...إلا ليبلغ من ذى العرش رضوانا
إنى لأذكره حينا فأحسبه ...أوفى البرية عند الله ميزانا
وابن ملجم عند الروافض أشقى الخلق فى الآخرة .وهو عندنا أهل السنة ممن نرجو له النار، ونجوز أن الله يتجاوز عنه، لا كما يقول الخوارج والروافض فيه(تاريخ الإسلام،للذهبى، ج٢، ص ٣٧٣، ٣٧٤، تحت ترجمة:عبد الرحمن بن ملجم المرادى)
عمران بن حطان بن ظبيان السدوسى البصرى.أحد رؤوس الخوارج.روى عن :عائشة، وأبى موسى الأشعرى، وابن عباس.روى عنه :محمد بن سيرين، ويحيى بن أبى كثير، وقتادة.
قال أبو داود :ليس فى أهل الأهواء أصح حديثا من الخوارج، ثم ذكر عمران بن حطان، وأبا حسان الأعرج(تاريخ الإسلام،للذهبى،ج٢،ص ٩٨١، رقم الترجمة ١١٠،تحت ترجمة:عمران بن حطان بن ظبيان)
(رأس الصفرية)زياد بن الأصفر رأس الصفرية ويقال لهم الزيادية كمذهب الأزارقة فى تكفير الصحابة وخالفوهم فى تكفير القعدة عن القتال ولم يسقطوا رجم الزانى المحصن وجوزوا التقية والعمل وكفروا تارك الصلاة دون الزانى والسارق والقاذف وكان رأس القعدة من الصفرية عمران بن حطان(الوافى بالوفيات، ج١٥،ص٥،رأس الصفرية)

اور کفر کے حکم کے نہایت خطرناک ہونے کی وجہ سے محققین نے بہت احتیاط کو اختیار کیا ہے، اور یہاں تک فرمایا ہے کہ ہزار کافروں کے قتل کے ترک میں خطاء کرنا، ہلکی چیز ہے، بنسبت اس کے کہ ایک مسلمان پر کفر وقتل کا حکم لگایا جائے، جو بظاہر مسلمان ہو، اور اس کا کفر متحقق ومتیقن نہ ہو، اور کفر کے فتوے کے پُر خطر ہونے کی وجہ سے کہا گیا ہے کہ مفتی کے لیے جب تک ممکن ہو، احتیاط ضروری ہے، یہاں تک کہ اگر کسی کے قول میں تاویل ممکن ہو، اگرچہ دور کی ہی تاویل کیوں نہ ہو، تب بھی اس کو اختیار کرنا چاہئے، اور صرف ظاہر پر اکتفاء کر کے، کفر کا حکم صادر نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ ہمارے ساتھ جو اصل چیز محقق ہے، وہ ایمان ہے، جس کو یقین وتحقیق کے بغیر رفع نہیں کیا جاسکتا۔

اور حنفیہ کے اہلِ فتاویٰ نے جو اپنے مشائخ سے الفاظِ کفر، ذکر کیے ہیں، ان سے دھوکہ نہیں کھانا چاہئے، کیونکہ ان میں ایسی تاویلات ممکن ہیں، جو کفر سے بچاسکتی ہیں، جن میں یہ بھی ہے کہ شاید اس کی مراد، کفر کی نہ ہو، اس سلسلہ میں تساہل سے کام نہیں لینا چاہئے، متورع حضرات اس تساہل کو پسند نہیں کرتے۔

اور بعض جلیلُ القدر حضرات کا فرمانا ہے کہ جب کسی مسئلہ میں ننانوے اقوال کفر کے ہوں، اور ایک قول، عدمِ کفر کا ہو، تو عدمِ کفر ہی کا فتویٰ دینا چاہئے۔

خلاصہ یہ کہ اہلِ ہواء میں جو ضروریاتِ دین میں سے کسی امر کا منکر ہو، وہ کافر ہوگا، جیسا کہ غلاۃ شیعہ اور مجسمہ، ورنہ نہیں''۔ انتھٰی۔ [1]

---

[1] وبالجملة فمعتمد المذاهب عند المحققين أن مدار التكفير على جحد ما علم ضرورة مجمعا عليه أم لا، ولا يكفر بجحد المجمع عليه من حيث أنه مجمع عليه، ولا بجحد الظنى والإجماع السكوتى والأكثرى والمسبوق بالخلاف من الظنى كما حقق فى موضعه، بل لم يعد كثير من المحققين الظنى فى الحجة، وأن قول من قال من الأجلّة أنّا لا نكفر أحدا من أهل القبلة ليس على إطلاقه، بل هو محمول على ما إذا لم يجحد ما علم ضرورة، أما إذا جحد ذلك فلا ينبغى التوقف فى إكفاره إذا علمت ذلك، فاعلم أنه لا ينبغى أن تكفر فرقة من الفرق التى تخالف ما أنت عليه، إلا

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

## پھر اس کے بعد علامہ آلوسی نے بہت سے علمائے ''ماوراء النہر'' کے نزدیک اثنا عشریہ کی تکفیر

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ بعد الاطلاع على عقائدهم والوقوف على إنكارهم ما علم ضرورة، فالتكفير لمن شهد الشهادتين خطر جدا.

وفي الحديث من قال : لأخيه يا كافر فقد باء به أحدهما ، فإن كان كما قال وإلا حارَتْ عليه، وروى البخاري وغيره انه عليه الصلاة والسلام قال : أمرت أن أقاتل الناس حتى يشهدوا ان لا إله إلا الله، وأن محمدا رسول الله، ويقيموا الصلاة ويؤتوا الزكاة، فإذا قالوها -يعني كلمة الشهادة -عصموا منى دمائهم وأموالهم إلا بحقها وحسابهم على الله ، فالعصمة مقطوع بها مع الإتيان بالشهادة، ولا ترتفع ويستباح خلافها إلا بقاطع، ولا قاطع في حق المبتدعة الذين لا يجحدون ما علم ضرورة.

وألفاظ الأحاديث الظاهرة في تكفير بعض أهل البدع والأهواء من لم يكفرهم الجمهور كالقدرية والخوارج والرافضة عرضة للتأويل، فلا تعارض الأدلة ( القاطعة بخلافها )، وقد ورد مثلها في غير الكفرة من عصاة المسلمين كالمرائين، مع القطع بعدم كفرهم إجماعا على طريق التغليظ، وكفر دون كفر وإشراك دون إشراك.

ولخطر أمر التكفير وتعارض الأدلة ظاهرا توقف جماعة منهم القاضي أبو بكر الباقلاني، وهو شافعي في المشهور، وقيل مالكي، عن تكفير أهل الأهواء والحكم بإسلامهم؛ ويحكى عن أبي المعالي عبد الملك بن يوسف الشهير بإمام الحرمين، أن عبد الحق بن محمد بن هارون السهمي سأله عن أهل البدع والأهواء ، فلم يجبه، واعتذر له عن ترك الجواب بأن الغلط في هذه المسألة يصعب على من خاف أن يقول في الشرع ما ليس منه، لأن إدخال الكافر في الملة، وهو ليس من أهلها وإخراج مسلم منها وهو من أهلها أمر مشكل عظيم في الدين.

وقال غير واحد :الخطأ في ترك قتل ألف كافر، أهون من الخطأ في سفك محجمة من دم مسلم واحد بحسب الظاهر لم يتحقق كفره، ولخطر التكفير، قيل ينبغي للمفتي الاحتياط في ذلك ما أمكنه حتى انه ينبغي له أن يؤل كلام من تلفظ بما ظاهره الكفر، وان بَعُدَ قصد المتلفظ نفسه ذلك المؤول به، ولا ينبغي أن يكتفي بالظاهر فيفتي بالكفر فإن معنا أصلا محققا وهو الإيمان فلا نرفعه إلا بيقين.

ولا يغتر بما ذكره أهل الفتاوى من الحنفية عن مشايخهم من التكفير بألفاظ حفتها تأويلات تخرجها عن أن يكفر بها، ولعل منها ما لا يكاد يقصد به المتلفظ المعنى المكفر، فإن ذلك تساهل لا يرضى به المتورعون منهم .

وقد قال غير واحد من الأجلّة إذا كان في المسألة تسعة وتسعون قولا بالتكفير، وقول واحد بعدم التكفير، يفتى بعدم التكفير.

وبالجملة الذى أختاره في أهل الأهواء ان من جحد منهم ما علم ضرورة انه من الدين، فهو كافر كغلاة الشيعة والمجسمة القائلين ان الله تعالى جسم كالأجسام، فإنهم كفار على ما صرح به الإمام الرافعي وهو الأصح .وكذا القائلون انه سبحانه جسم لا كالأجسام في قول، وكالقرامطة الجاحدين فرضية الصلوات الخمس إلى شنائع أخرى من هذا القبيل (نهج السلامة إلى مباحث الإمامة، المبحث الثاني في حكم أهل القبلة،حكم التكفير عند العلماء وحكم من سب الصحابة ،الناشر: دار ابن قيم، الرياض، الطبعة الاولى:2018م .)

،اوران کے علاوہ دوسرے علماء کے نزدیک عدمِ تکفیر کا ذکر کرتے ہوئے، دونوں کے دلائل کا ذکر کیا ہے، اور اثنا عشری کی طرف قذفِ عائشہ، اور بعض دوسرے نا قابلِ تاویل، کفریہ عقائد کی نسبت کی تردید کی ہے، جس کے بعد فرمایا کہ:

**تكفير الاثنى عشرية فيما ذهبوا إليه من التفصيل هو مذاق الفقهاء المكتفين فى المطالب بالظواهر، وعدم تكفيرهم فيه هو مذاق المتكلمين الملتزمين للقواطع فى ذلك، وأنا أقول ما ذهبوا إليه مما هو مفصّل فى محله، إن لم يكن كفرا فهو من الكفر أقرب، ونحن قد ذكرنا لك أصلا فى التكفير وعدمه فلا تغفل عنه** (نهج السلامة إلى مباحث الإمامة، المبحث الثانى فى حكم أهل القبلة،حكم التكفير عند العلماء وحكم من سب الصحابة، الناشر: دار ابن قيم، الرياض، الطبعة الاولىٰ:2018م)

ترجمہ: جن اسباب ووجوہات کی بناء پر اثنا عشری کی مذکورہ (ماوراء النہر کے) علماء نے تکفیر کی ہے، یہ ان فقہاء کے مذاق پر مبنی ہے، جو مطالب میں ظواہر پر اکتفاء کرتے ہیں۔

اور اثنا عشری کی عدمِ تکفیر، ان متکلمین کے مذاق پر مبنی ہے، جو اس تکفیر کے باب میں قواطع کا التزام کرتے ہیں، اور میں ان حضرات ہی کے قول کو اختیار کرتا ہوں، جیسا کہ تفصیل کے ساتھ اپنے مقام پر بیان کردیا گیا ہے، اگر یہ کفر نہیں، لیکن کفر کے قریب تر ہے، اور ہم نے آپ کے لئے تکفیر وعدمِ تکفیر کے بارے میں قاعدہ بیان کردیا ہے، جس سے آپ کو غافل نہیں ہونا چاہیے (نہج السلامہ)

اور یہ بات ظاہر ہے کہ تکفیر کے باب میں مطالب ومقاصد میں ظاہر پر اکتفاء کرنا کافی نہیں، بلکہ اس کے لئے قواطع کا التزام ضروری ہے، اسی بناء پر جمہور نے روافض کی تکفیر نہیں کی، اور روافض سے امامیہ ہی مراد ہیں، اور جمہور امامیہ سے اثنا عشری ہی مراد ہیں، جیسا کہ ہم دوسرے مقام پر باحوالہ لکھ چکے ہیں، اسی وجہ سے علامہ آلوسی نے اسی آخری قول کی طرف اپنا رجحان ظاہر کیا ہے، اور اسی کے ساتھ اپنی طرف سے پیچھے بیان کردہ قاعدہ سے غافل نہ

ہونے کا حکم لگایا ہے، یعنی دور کی تاویل کو اختیار کرنے، اور ظاہر پر اکتفاء نہ کرنے، اور ننانوے اقوال واحتمالات کفر کے، اور ایک قول واحتمال، عدمِ کفر کا ہونے کی صورت میں عدمِ کفر کا فتویٰ دینے کا جو علامہ آلوسی نے خود پہلے بیان کیا، اور کفر کے قریب تر ہونے کا مطلب بھی یہی ہے کہ کفر کا احتمال زیادہ اور ایمان کا احتمال کم ہے، جو عدمِ تکفیر کے لئے کافی ہے، اور اختلاف وبعید احتمال کی صورت میں عدمِ کفر کے فتوے کا واجب ہونا پہلے علامہ شامی وغیرہ کے حوالہ سے بیان کیا جا چکا ہے۔

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے بھی تصریح کی ہے کہ علمائے ماوراء النہر، شیعہ کے کفر اور دوسرے علماء ان کے فسق کی طرف گئے ہیں۔ [1]

نیز شاہ عبدالعزیز دہلوی نے بعض علمائے ماوراء النہر کے بعض مسائل تعصب پر مبنی ہونے کی تصریح کی ہے۔ [2]

---

[1] چنانچہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے ملفوظات میں ایک مقام پر ہے کہ:

(شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے) ایک مرید نے عرض کیا کہ شیعوں کے ساتھ قرابت (ورشتہ داری قائم) کرنا جائز ہے، یا نہیں؟

(شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے) فرمایا کہ ''علمائے ماوراء النہر'' ان کے کفر وارتداد کی طرف گئے ہیں، ان کے نزدیک شیعوں سے قرابت قطعاً جائز نہیں ہے۔ اور دوسرے علماء صرف فسق اور بدعت کے قائل ہیں، ان کے نزدیک قرابت جائز ہے (ملفوظات شاہ عبدالعزیز، اردو، ص ۴۸، ناشر: پاکستان ایجوکیشنل پبلشرز لمیٹڈ، کراچی، سنِ اشاعت: ۱۹۶۰ء)

[2] حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محمدث دہلوی رحمہ اللہ ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

''حنفی مذہب کی نماز شافعی اور مالکی اور حنبلی سب کے پیچھے جائز ہے، اس واسطے کہ اصول میں ان چاروں مذاہب میں کوئی اختلاف نہیں، اور یہ حکم احادیث اور فقہ کی کتبِ معتبرہ سے ثابت ہے، لیکن فی زمانہٖ بعض علمائے ماوراء النہر اپنی کم فہمی کے سبب سے تعصب رکھتے ہیں، اور اس بارہ میں گفتگو کرتے ہیں، ان کا قول، قابلِ رَد ہے، اور فقہ وحدیث کے خلاف ہے، یہ صرف ان کا مسئلہ اجتہادیہ ہے، ہرگز قابلِ سماعت اور لائقِ اعتبار نہیں، اور مکہ معظّمہ میں اب تک یہی طریقہ جاری ہے کہ ان چار مذاہب کے لوگ دوسرے مذہب والے کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں، اگر ایسا حکم نہ ہو، تو پھر مذہب اہلِ سنت اور فرقۂ خلافیہ میں کیا فرق رہے گا، اہلِ سنن اور سب فقہائے کرام کے محققین کے نزدیک چاروں مذاہب میں حق دائر ہے، اور یہ مسئلہ اصول کی کتبِ

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

یہ ملحوظ رہنا بھی ضروری ہے کہ علامہ آلوسی نے اپنی تفسیر میں ایک سے زیادہ مقامات پر کلینی اور ان کی تالیف ''الکافی'' کا بھی حوالہ دیا ہے، جس سے ظاہر ہے کہ ان کی نظر سے کلینی کی تالیف مخفی نہیں تھی۔ [1]

اور علامہ آلوسی رحمہ اللہ کے بیٹے نعمان بن محمد آلوسی بغدادی (المتوفیٰ: 1317ہجری) نے اپنی تالیف ''الجوابُ الفسیح لما لفقهٗ عبدالمسیح'' میں فرمایا:

وأما ما عليه جمهور علماء الشيعة الإمامية الاثنى عشرية أن القرآن المجيدة محفوظ عن التغيير والتبديل، والموجود الآن هو الذى انزل على سيد ولد عدنان من غير زيادة ولا نقصان، واما من زعم منه غير هذا فقولهٗ

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

معتبرہ میں دیکھنا چاہئے، تاکہ اطمینانِ کلی حاصل ہوجائے۔ کتبهٗ فقیر عبدالعزیز عفی عنه و کفّر عنه سیآتہٖ۔'' (فتاویٰ عزیزی، ص۴۶۳، باب الفقہ، مسائلِ نماز، ناشر: ایچ ایم سعید کمپنی کراچی، سنِ طباعت: 1412ہجری)

اور مولانا غلام نبی قاسمی (استاذ دارالعلوم وقف دیوبند) اور جناب مولانا محمد شکیب قاسمی (استاذ دارالعلوم وقف دیوبند) مولانا مناظر احسن گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالہ سے تحریر فرماتے ہیں کہ:

اس میں شک نہیں کہ پچھلی صدیوں میں بعض حالات ایسے پیش آئے، خصوصاً اسلام کے اصل سرچشموں یعنی قرآن وحدیث کی تعلیم سے اسلامی مدارس بہت حد تک بیگانے ہوتے چلے گئے، بتدریج یہ اختلافات بہت غلط صورت اختیار کرتے چلے گئے خصوصاً ماوراء النہر (ترکستان وخراسان) کے حنفی فقہاء کا غلو اس باب میں آہستہ آہستہ بہت آگے بڑھ گیا تھا اور ہندوستان میں وطن بنانے کے لیے اسلام جس راستے سے آیا، چوں کہ وہ انہی ممالک کا راستہ تھا، اس لیے قدرتاً ہندوستانی مسلمانوں کی ذہنیت، انہی ممالک کے علماء کی ذہنیت سے متاثر تھی، پھر نادری اور ابدالی حملوں نے جب اس ملک میں روہیلو کے جدید عنصر کا اضافہ کردیا تو تشدد وتصلب کی یہ شرارت دوآتشہ ہوگئی (حیاتِ طیب، ج۲، ص۴۷۶، ناشر: حجۃ الاسلام اکیڈمی، دارالعلوم، دیوبند، اشاعت: 2017عیسوی)

[1] أثبت هذه المسألة الكلينى فى الكافى، وعقد لها بابا وأجمع عليها سائر الإمامية (روح المعانى، ج۲، ص ۱۲۱، تفسير سوره آلِ عمران)

وفى كتب الشيعة ما يؤيده، فقد روى الكلينى فى الكافى عن أبى البخترى فى الكافى عن أبى عبد الله جعفر الصادق رضى الله تعالى عنه أنه قال: إن العلماء ورثة الأنبياء وذلك أن الأنبياء لم يورثوا درهما ولا دينارا وإنما ورثوا أحاديث فمن أخذ بشىء منها فقد أخذ بحظ وافر (روح المعانى، ج۲، ص۴۲۷، تفسير سورة النساء)

مردود، غیر مقبول عندهم ایضاً (الجوابُ الفسیح لما لفقهٗ عبدالمسیح، المجلد الثانی، ص ۱۳۴، کلام النصرانی فی کتابة القران بعد موت النبی، الفصل الثانی، مطبوعة: دار البیان العربی بالقاهرة، تاریخِ طبع: 1978ء)

ترجمہ: اور جس بات پر جمہور علمائے شیعہ امامیہ اثنا عشریہ ہیں، وہ یہ ہے کہ قرآن مجید تغیر اور تبدیل سے محفوظ ہے، اور اس وقت میں موجود وہی قرآن ہے، جو سیدِ ولدِ عدنان پر نازل کیا گیا، بغیر زیادتی اور کمی کے، اور جس نے اس کے برخلاف گمان کیا، تو اس کا قول مردُود ہے، ان جمہور علمائے شیعہ امامیہ اثنا عشریہ کے نزدیک بھی مقبول نہیں (الجوابُ الفسیح)

پھر آگے چل کر نعمان بن محمد آلوسی بغدادی نے اہلِ تشیع کے چند حوالہ جات وعبارات نقل کرنے کے بعد فرمایا:

فظهر أن المذهب المرضیٰ المحقق عند علماء الفرقة الإمامیة أن القرآن الذی انزل علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم هو ما بین الدفتین وهو ما فی أیدی الناس لیس بأکثر من ذلک، وأنه کان مجموعاً مؤلفاً فی عهد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، وحفظه ونقله ألوف من الصحابة وجماعة من الصحابة کعبد الله بن مسعود وأبی بن کعب وغیرهما ختموا القرآن علی النبی علیه الصلاة والسلام عدة ختمات وأنهٗ یظهر القرآن ویشتهر بهذا الترتیب عند ظهور الإمام الثانی عشر رضی الله تعالیٰ عنه.

والشرذمة الندرة قالت بوقوع التغییر لا اعتداد بها، و قد رد العلماء اقوالها و الأخبار الضعیفة لا یرجع علیها عن المعلوم المقطوع بصحته و هذا حق لأن خبر الواحد إذا اقتضی علماً ولم یوجد فی الأدلة القاطعة ما یدل علیه وجب رده، علی ما صرح به ابن المطهر الحلی فی کتابه المسمی "بمبادء الوصول إلی علم الأصول"، وقد قال الله تعالی: إنا نحن نزلنا الذکر وإنا له لحافظون. وفی تفسیر الصراط المستقیم الذی هو تفسیر معتبر عند علماء الشیعة "أی إنا لحافظون له من التحریف والتبدیل والزیادة والنقصان" (الجوابُ الفسیح لما لفقهٗ عبدالمسیح، المجلد الثانی، ص

۱۳۶، کلام النصرانی فی کتابة القران بعد موت النبی، الفصل الثانی، مطبوعة: دار البیان العربی بالقاهرة، تاریخِ طبع: 1978ء)

ترجمہ: پس اس سے یہ بات ظاہر ہوگئی کہ امامیہ فرقہ کے علماء کے نزدیک مذہبِ مرضیٰ محقق یہ ہے کہ جو قرآن نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا، وہ ''دفتیـــــن'' کے درمیان ہے، اور وہی آج کے دور میں لوگوں کے ہاتھوں میں ہے، اس سے زیادہ نہیں ہے، اور یہی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد میں جمع اور تالیف شدہ تھا، اور اسی کو ہزاروں صحابہ، اور صحابہ کی جماعت نے محفوظ اور نقل کیا، جیسا کہ عبداللہ بن مسعود اور اُبی بن کعب وغیرہما نے، جنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بہت سے قرآن ختم کیے، اور اسی ترتیب کے ساتھ قرآن بارہویں امام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ظاہر ہونے کے وقت، ظاہر اور مشہور ہوگا۔

اور ایک چھوٹی جماعت نے تغییر واقع ہونے کا قول کیا ہے، جس کا اعتبار نہیں، اور علماء نے جو اس جماعت کے اقوال اور اخبارِ ضعیفہ کو نقل کیا ہے، اس کی طرف رجوع نہیں کیا جائے گا، رجوع صرف اس کی طرف کیا جائے گا، جس بات کی صحت یقینی طور پر معلوم ہے، اور یہی حق ہے، کیونکہ خبرِ واحد جب کسی علم کا تقاضا کرے، اور یقینی دلائل میں اس پر دلالت نہ پائی جائے، تو اس کا رَد کرنا واجب ہوتا ہے، جیسا کہ ابنِ مطہر حلی نے اپنی کتاب ''مبادئ الوصول إلی علم الأصول'' میں اس کی تصریح کی ہے، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

''إنا نحن نزلنا الذکر وإنا له لحافظون''

اور ''تفسیر صراطِ مستقیم'' جو علمائے شیعہ کے نزدیک معتبر تفسیر ہے، اس میں مذکورہ آیت کی تفصیل اس طرح کی گئی ہے کہ ''ہم یقینی طور پر اس قرآن کی تحریف اور تبدیل، اور زیادتی اور کمی سے حفاظت کرنے والے ہیں'' (الجوابُ الفسیح)

برِصغیر کی معروف علمی شخصیت مولانا رحمتُ اللہ کیرانوی صاحب رحمہ اللہ کے حوالہ سے بھی

تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔

اور علامہ انور شاہ کشمیری، علامہ شبیر احمد عثمانی، مولانا سید اصغر حسین، اور مولانا رسول خان ہزاروی صاحبان وغیرہ کے شاگرد، فاضلِ دارُ العلوم یو بند، اور مفتی محمد حسن امرتسری اور حضرت غلام محمد دین پوری کے خلیفہ مجاز، اور سابق شیخ الحدیث، وشیخ التفسیر، دارُ العلوم دیو بند، حضرت مولانا شمس الحق افغانی رحمہ اللہ (المتوفیٰ: 1983ء) اپنی مایہ ناز تالیف ''علومُ القرآن'' میں ''شیعہ اور تحریفِ قرآن'' کے ذیل میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

''مستشرقین جب ہر طرح قرآن کی تحریف ثابت کرنے سے عاجز آ گئے، تو بڑے زور شور سے یہ لکھ دیا کہ مسلمانوں کا بڑا فرقہ تحریفِ قرآن کا قائل ہے، اور وہ شیعہ ہے، اور اس انداز سے لکھا کہ گویا تحریفِ قرآن شیعوں کا مسلم عقیدہ ہے، حالانکہ یہ بالکل غلط ہے، شیعوں کا مذہب وہی ہے، جو سنیوں کا ہے کہ قرآن مکمل طور پر محفوظ ہے، اور اس میں ایک حرف کی کمی بیشی نہیں ہوئی، جس کے لیے شیعوں کی متعدد کتابوں کے حوالہ جات پیش کرتا ہوں۔

(1).....شیخ صدوق ابو جعفر محمد بن علی بابویہ رسالہ اعتقادیہ میں لکھتے ہیں:

''ما بین الدفتین لیس بأکثر من ذٰلک و من نسب الینا انه اکثر فهو کاذب''.

''جو کچھ قرآن کی ان دو جلدوں میں ہے، قرآن اس سے زیادہ نہیں، اور جس نے ہم کو یہ منسوب کیا کہ وہ زیادہ ہے، وہ جھوٹا ہے''۔

(2).....تفسیر مجمع البیان ابو القاسم علی بن الحسین الموسوی میں ہے:

''ان القرآن علی عهد رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم مجموعا مولفا علی ما هو الآن، و ذکر أن من خالف من الامامیة والحشویة لا یعتبر بخلافهم لأنهم قبلوا الاخبار الضعیفة''.

''قرآن، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں جمع ہو چکا تھا، جیسا کہ اب

ہے، جو امامیہ اور حشویہ اس کے خلاف ہیں، ان کا اعتبار نہیں کیا جاتا، کیونکہ انہوں نے ضعیف خبروں کو قبول کیا ہے۔

(3).....سید مرتضیٰ شیعی لکھتے ہیں:

"ان العلم بصحة القرآن كالعلم بالبلدان و الوقائع الكبار".

''موجودہ قرآن کی صحت کا علم ایسا یقینی ہے، جیسے مشہور شہروں کی موجودگی کا علم اور بڑے بڑے واقعاتِ تاریخیہ کا علم''۔

(4).....قاضی نور اللہ الشوستری الشیعی ''مصائب النواصب'' میں لکھتے ہیں:

"ما نُسب الى الشيعة الامامية بوقوع التغير فى القرآن ليس مما قال به جمهور الامامية وانما قال به شرذمة قليلة منهم لا اعتداد بهم و قال الملا صادق فى شرح الكلينى مظهر القرآن بهٰذا الترتيب عند ظهور الامام الثانى عشر".

''جو بات امامیہ شیعوں کی طرف منسوب کی گئی ہے کہ وہ قرآن میں تغیر مانتے ہیں، یہ جمہور امامیہ کا قول نہیں، بلکہ جھوٹے گروہ کا قول ہے، جن کا اعتبار نہیں، ملا صادق شرح کلینی میں لکھتے ہیں کہ قرآن کو اسی ترتیب کے ساتھ بارہویں امام ظاہر فرمادیں گے۔

(5).....محمد بن الحسن الحر العاملی جو شیعہ امامیہ کے بڑے محدثین میں سے ہیں، اپنے رسالہ میں لکھتے ہیں، جو انہوں نے کسی ہم عصر عالم کے رَد میں لکھا ہے کہ:

''ہر کسے تتبع اخبار تفحص تواریخ وآثار نمودہ بعلم یقینی میداند کہ قرآن درغایت درجہ تواتر وہ بودہ وآلافِ صحابہ ضبط ونقل کردہ وآں درعہدِ رسول اللہ مجموع ومولف بودہ''۔

(ترجمہ) جس نے بھی اخبار وآثارِ تواریخ کی جستجو کی، وہ یقیناً جانتا ہے کہ قرآن موجودہ انتہائی تواتر کے ساتھ ثابت ہے، اور ہزار ہا صحابہ نے اس کو نقل وضبط کیا

ہے، اور وہ حضور علیہ السلام کے زمانے میں جمع ہو چکا تھا۔

(6).....فروع کافی کتابُ الروضۃ ص ۸۵ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

"هو كتاب كريم فضلهٗ و وفصلهٗ و بينهٗ وأوضحهٗ و أعزهٗ و حفظهٗ من أن ياتيه الباطل بين يديه".

''قرآن معزز کتاب ہے، جس کو اللہ نے فضیلت اور بزرگی بخشی ہے، اور اس کو باطل کی آمیزش سے محفوظ کیا ہے۔

(7).....شیخ صدوق رسالہ عقائد میں لکھتے ہیں:

"القرآن المنزل وما بايدى الناس واحد لا زيادة فيه ولا نقصان".

''نازل شدہ قرآن اور جو قرآن لوگوں کے ہاتھ میں ہے، ایک ہے، جس میں کمی بیشی نہیں''۔

ان مستند حوالہ جاتِ شیعہ کے بعد یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ شیعہ میں چند نا قابلِ اعتبار افراد کے سوا کوئی بھی تحریف، یا قرآن میں کمی بیشی ہونے کا قائل نہیں۔

مزید تفصیل نعمان (بن محمد) آلوسی کی کتاب ''الجواب الفسيح لما لفقه عبدالمسيح'' میں ملاحظہ کی جائے، قرآنِ حکیم تحریری اور دماغی دونوں طرح محفوظ ہے، اور الفاظِ قرآن اور مطالبِ قرآن دونوں معجزہ ہیں'' (علوم القرآن، ص ۱۳۴ الیٰ ۱۳۶، شائع کردہ: المکتبۃ الاشرفیہ، جامعہ اشرفیہ، لاہور)

اور علامہ آلوسی (صاحبِ روح المعانی) کے پوتے محمود شکری آلوسی (المتوفیٰ: 1342ھ) نے 1301ھ میں شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کی تحفۂ اثنا عشریہ کی تلخیص فرمائی تھی، جس میں محمود شکری آلوسی نے اپنے دادا، علامہ آلوسی کی کتاب ''نهجُ السلامة ، الىٰ مباحث الامامة'' کے حوالے سے تحریر کیا ہے کہ:

قال الجد (اى صاحب تفسير روح المعانى) روّح الله روحَه فى كتابه (نهج

السلامة) بعد عدِّه فرق الإمامية :ثم اعلم أن الاثنى عشرية المعروفين اليوم علـى عـلائهـم فـى الاعتـقادات أهون شرا بكثير من كثير من فرق الإمامية وسـائـر الشيـعة، فهـم فى معظم الاعتقاديات متطفلون على المعتزلة وقول الـخـواجة نـصير الدين الطوسى الـمتكلم -عـلـى مـا نـقله عنه تلميذه ابن الـمـطهر الحلى (مـختـصـر التـحفة الاثنى عشرية،ص ۲۲،الباب الأول فى ذكر فرق الشيعة وبيان أحوالهم وكيفية حدوثهم وتعداد مكائدهم،فرق الشيعة الإمامية ، الجعفرية )

ترجمہ: میرے دادا صاحبِ تفسیر روح المعانی قدس اللہ سرہٗ نے اپنی کتاب ''نھج السلامة'' میں ''امامیہ'' کے چند فرقوں کا شمار کرنے کے بعد فرمایا کہ پھر یہ بات جان لینی چاہیے کہ موجودہ دور میں جو'' اثنا عشریہ'' معروف ہیں، وہ بڑے اعتقادات میں بہت سے ''امامیہ'' فرقوں اور تمام ''شیعوں'' سے شر کے اعتبار سے اھوَن ،یعنی ہلکے ہیں، پس یہ اپنے بڑے اعتقادات میں معتزلہ پر بھروسہ کرتے ہیں، اور متکلم خواجہ نصیر الدین طوسی کے قول پر بھروسہ کرتے ہیں، جیسا کہ اس بات کو ان کے تلمیذ ابنِ مطہر حلی نے نقل کیا ہے (مختصر التحفۃ الاثنی عشریۃ)

مذکورہ عبارت سے معلوم ہوا کہ امامیہ کے مختلف فرقوں میں، فرقہ اثنا عشریہ عقائد میں اہون فرقہ ہے، جس کو غالیہ میں شمار نہیں کیا گیا۔

اسی بات کی تائید علامہ ابنِ تیمیہ کی ایک عبارت سے بھی ہوتی ہے، جس میں وہ فرماتے ہیں کہ:

والإمامية الاثنا عشرية . خيـر منهم بكثير، فإن الإمامية مع فرط . جهلهم وضـلالهـم فيهـم خلق مسلمون باطنا وظاهرا ليسوا زنادقة منافقين، لكنهم جهـلـوا وضـلـوا واتبعوا أهواء هم (مـنهـاج السـنة،ج۲،ص ۴۵۲، الـفصل الثانى ، التعليق على قوله أن الأئمة معصومون كالأنبياء)

ترجمہ: اور شیعہ امامی اثنا عشری، اُن (اسماعیلیوں) سے بہت بہتر ہیں، کیونکہ اپنی فرطِ جہالت و گمراہی کے باوجود'' امامیہ اثنا عشری'' میں ایسے لوگ ہیں، جو ظاہر اور باطن کے اعتبار سے مسلمان ہیں، وہ زندیق، منافق نہیں، البتہ وہ جاہل

ہیں، اور گمراہ ہیں، اور اپنی خواہشات کی اتباع کرتے ہیں (منہاج السنۃ)

اور پیچھے علامہ آلوسی ہی کے حوالہ سے، جمہور کے نزدیک ''خوارج، وروافض'' کی تاویل کی وجہ سے عدمِ تکفیر کا حکم گذر چکا ہے، تو عقائد میں اہون فرقہ پر جمہور کی طرف سے تکفیر کا حکم لگانا، یا امامیہ کے نام سے منتسب ہر کس وناکس کے عقائد وافکار کی اثناعشری کی طرف نسبت کرنا، کیونکر درست ہوسکتا ہے؟

علامہ آلوسی نے قرآن مجید کو تغییر وتبدیل سے محفوظ ہونے کا جو قول جمہور علمائے شیعہ امامیہ اثناعشریہ کا نقل کیا ہے، اور اس کو ان کے نزدیک پسندیدہ مذہب قرار دیا ہے، تو اس سے اثنا عشریہ کے جمہور علمائے اصولیین مراد ہیں، جن کا اخباریین سے ائمہ کی روایات کے مقابلہ میں اجتہاد کے مشروع ہونے میں اختلاف ہے، اور موجودہ دور کے اثناعشری کے جمہور کا شمار اصولیین میں ہوتا ہے، کیونکہ ان کے معظم عقائد میں متبوع ابوجعفر طوسی کا شمار ''اصولیین'' میں کیا جاتا ہے۔ [1]

اور ابوجعفر طوسی نے اپنی تفسیر ''التبیان'' میں قرآن مجید کو تحریف سے محفوظ قرار دیا ہے، اور تحریف سے متعلق پائی جانے والی روایات کو آحاد کے قبیل سے بتلا کر اس کے مقابلہ میں تحریف سے محفوظ، یقینی درجہ کو ترجیح دی ہے۔ [2]

---

[1] فائدة :ذكر الشيخ الفاضل الشيخ حسن بن العالم الربانى الشهيد الثانى (رحمه الله) فى كتاب المعالم: قال العلامة فى النهاية:
أما الإمامية فالأخباريون منهم لم يعولوا فى أصول الدين وفروعه إلا على أخبار الآحاد المروية عن الأئمة (عليهم السلام) والأصوليون منهم – كأبى جعفر الطوسى وغيره – وافقوا على قبول خبر الواحد(الفوائد المدنية والشواهد المكية ،لمحمد أمين الإسترآبادى ، ص ١٣٢ ، المقدمة، ماذكره صاحب المعالم حول العمل بخبر الواحد،مؤسسة النشر الإسلامى، قم، ايران، الطبعة الثانية : رجب المرجب ١٤٢٦هـ)

[2] وأما الكلام فى زيادته ونقصانه فممّا لا يليق به ايضاً، لأن الزيادة فيه مجمع على بطلانها، والنقصان منه ،فالظاهر أيضاً من مذهب المسلمين خلافه، وهو الأليق بالصحيح من مذهبنا، وهو الذى نصره المرتضى، وهو الظاهر فى الروايات ، غير أنه رويت روايات كثيرة ،من جهة الخاصّة

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ابوجعفر طوسی کے شاگرد علامہ حلی نے ''خلاصة الاقوال فی معرفة احوال الرجال'' میں ابوجعفر طوسی کو ''امامیہ'' کا شیخ اور رئیس الطائفۃ اور اصول اور فروع میں عقائد کو مہذب کرنے والا قرار دیا ہے۔ [1]

اور ابوجعفر طوسی کے تلمیذ ابنِ مطہر کو اثناعشری سلسلہ کا فقیہ، مجتہد اور مرجع و متکلم شمار کیا جاتا ہے۔

علامہ ابنِ حجر عسقلانی نے ان کو ''الدرر الکامنة فی أعیان المائة الثامنة'' میں اور علامہ صلاح الدین صفدی نے ''أعیان العصر وأعوان النصر'' میں اِن کو معتزلی اور شیعہ عالم قرار دیا ہے۔

اور یہ بات ظاہر ہے کہ شیعہ کو معتزلہ ہونے کی بناء پر جمہور اہل السنۃ کے نزدیک اسلام سے خارج قرار دیا جانا درست نہیں۔

یہی وجہ ہے کہ علامہ ابنِ تیمیہ (المتوفیٰ: 728ھ) نے اپنی تالیف ''منهاجُ السنة'' جو دراصل ''ابن المطهر الحلی'' (المتوفیٰ: 726ھ) کی تالیف کے جواب میں تحریر کی، اور یہ دونوں ایک دوسرے کے ہم عصر ہیں، اس تالیف میں علامہ ابنِ تیمیہ نے تمام جہات سے تنقیح کا احاطہ کرنے کے باوجود، شروع سے آخرت تک اس پوری کتاب میں امامیہ اثنا عشری کی طرف تحریفِ قرآن کی نسبت نہیں کی، اگر وہ تحریفِ قرآن کے قائل ہوتے، تو

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

والعامّة، بنقصان کثیر من آی القرآن ،ونقل شیء منه من موضع إلی موضع، طریقها الآحاد التی لا توجد علماً ولا عملا، فالأولی الإعراض عنها ،وترک التشاغل بها (التبیان فی تفسیر القرآن للطوسی، ج ۱ ص ۳، فصل فی ذکر جمل لابد من معرفتها قبل الشروع فی تفسیر القرآن، الناشر: داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان)

[1] شیخ الإمامیة قدس الله روحه، ورئیس الطائفة ، جلیل القدر ، عظیم المنزلة ، ثقة عین ، صدوق ، عارف بالأخبار والرجال والفقه والاصول والکلام والأدب ، وجمیع الفضائل تنسب إلیه ، صنّف فی کلّ فنون الإسلام ، وهو المهذّب للعقائد فی الاصول والفروع ،والجامع لکمالات النفس فی العلم والعمل (خلاصة الأقوال فی معرفة أحوال الرجال :ص ۲۴۹ ، رقم الترجمة ۸۴۵"۴۷" القسم الاول،الفصل:۲۳ فی المیم، الناشر: مؤسسة نشر الفقاهة ،الطبعة الرابعة: ۱۴۳۱ هـ)

www.idaraghufran.org

علامہ ابنِ تیمیہ کو ان کی تردید کے لئے اس سے بڑی اور کونسی بات دستیاب ہوسکتی تھی۔ [1]

اس لئے بعض اخباریین کی عبارات کو لے کر جمہور اصولیین کی طرف نسبت کرنا، درست نہیں، جیسا کہ ہم نے اپنے دوسرے رسائل میں اس پر مزید عبارات کی روشنی میں کلام کردیا ہے۔

پس مولانا منظور نعمانی صاحب کی طرف سے جن امور کو قطعی واجماعی تکفیر کا باعث قرار دیا گیا ہے، وہ راجح نہیں۔

علاوہ ازیں مولانا منظور نعمانی صاحب کی مندرجہ بالا عبارت میں اور بھی متعدد تسامحات ہیں، مثلاً ظاہر کو نظر انداز کرکے تقیہ پر محمول کرنا، احادیث ونصوص کے موافق نہیں، اسی طرح شیعہ کے جملہ فرقوں کی طرف افراط وغلو کی مجہول نسبت سے بھی سب کی تکفیر لازم نہیں آتی ''تضلیل'' کا معاملہ ''تکفیر'' سے جدا ہے۔

---

[1] الحسين بن يوسف بن المطهر الحلى المعتزلى جمال الدين الشيعى ولد فى سنة بضع وأربعين وستمائة ولازم النصير الطوسى مدة واشتغل فى العلوم العقلية فمهر فيها وصنف فى الأصول والحكمة وكان صاحب أموال وغلمان وحفدة وكان رأس الشيعة بالحلة واشتهرت تصانيفه وتخرج به جماعة وشرحه على مختصر ابن الحاجب فى غاية الحسن فى حل ألفاظه وتقريب معانيه وصنف فى فقه الأمامية وكان قيما بذلك داعية إليه وله كتاب فى الإمامة رد عليه فيه ابن تيمية بالكتاب المشهور المسمى بالرد على الرافضى وقد أطنب فيه وأسهب وأجاد فى الرد إلا أنه تحامل فى مواضع عديدة ورد أحاديث موجودة وإن كانت ضعيفة بأنها مختلفة وإياه عنى الشيخ تقى الدين السبكى بقوله:(وابن المطهر لم تطهر خلائقه ...داع إلى الرفض غال فى تعصبه) (ولابن تيمية رد عليه له ...أجاد فى الرد واستيفاء أضربه) الأبيات.

وله كتاب الأسرار الخفية فى العلوم العقلية وغير ذلك وبلغت تصانيفه مائة وعشرين مجلدة فيما يقال ولما وصل إليه كتاب ابن تيمية فى الرد عليه كتب أبياتا أولها:

(لو كنت تعلم كل ما علم الورى ...طرا لصرت صديق كل العالم) الأبيات.

وقد أجابه الشمس الموصلى على لسان ابن تيمية ويقال أنه تقدم فى دولة خربندا وكثرت أمواله وكان مع ذلك فى غاية الشح وحج فى أواخر عمره وتخرج به جماعة فى عدة فنون وكانت وفاته فى شهر المحرم سنة 726أو فى آخر سنة 725وقيل اسمه الحسن بفتحتين وقد تقدم التنبيه عليه(الدرر الكامنة فى أعيان المائة الثامنة لابنِ حجر، ج۲ص۱۸۸، ۱۸۹، تحت رقم الترجمة ''۱۶۱۸'')

پھر مولانا منظور نعمانی صاحب کا بعض غالی فرقوں کے بارے میں یہ کہنا کہ یہ فرقے ہمارے علم میں اب دنیا میں کہیں نہیں، یہ بھی درست اور واقع کے مطابق نہیں، نصیری، اسماعیلی، آغا خانی وغیرہ، جیسے غالی فرقے اب بھی موجود ہیں، اور وہ اپنے آپ کو شیعہ ورافضہ، اور بعض امامیہ کہتے ہیں، فقہائے کرام نے ان ہی فرقوں کو ''غلاۃ اور غالیہ'' وغیرہ کہا ہے، اثنا عشری بھی ان فرقوں کو اپنے سے جدا فرقے قرار دیتے ہیں، بلکہ ان کی تکفیر تک بھی کرتے ہیں۔

اس لئے غلاۃ کے بیان کردہ عقائد کو اثنا عشری کی طرف منسوب کرنا، درست نہیں۔

رہا کسی مذہب وفرقہ کی طرف منتسب بعض متشددین کے عقائد وافکار کا معاملہ، تو وہ ان کا ذاتی طرزِ عمل ہے، ان کے عقائد وافکار کی اصل مذہب کی طرف نسبت نہیں کی جاسکتی، ورنہ تو دوسرے فرقوں اور مذہبوں ومسلکوں کی طرف منسوب متشددین کی وجہ سے ان فرقوں اور مسلکوں کے ساتھ بھی یہی سلوک کرنا لازم ہوگا۔

اسی طرح مولانا منظور نعمانی صاحب کا ''زیدیہ'' فرقہ کو، شیعہ سے الگ قرار دینا بھی راجح نہیں، فقہائے کرام نے اس فرقہ کو ہی ''تفضیلی شیعہ'' یا ''مفضلہ'' کہا ہے، اور شیعہ کا یہ فرقہ آج بھی بڑی تعداد میں دنیا کے مختلف حصوں، بالخصوص یمن میں موجود ہے، اور اس فرقہ کے لوگ خود بھی اپنے آپ کو شیعہ ہی سمجھتے ہیں، نہ کہ کچھ اور، وہ الگ بات ہے کہ اثنا عشری، اس فرقہ کو اپنے سے جدا قرار دیتے ہیں، کیونکہ ''زیدیہ فرقہ'' اثنا عشری کی طرح ''فقہ جعفری'' کا قائل نہیں۔

اگر ہم مولانا منظور نعمانی صاحب کے مضمون میں مذکور عبارات کا جمہور متکلمین، اصولیین، مجتہدین وفقہائے محققین کی تصریحات وعبارات کی روشنی میں مفصل جائزہ لینا شروع کردیں، تو بات بہت طویل ہوجائے گی۔

مولانا منظور نعمانی صاحب نے اپنی مفصل تحریر کے تناظر میں حضرت مولانا حبیب الرحمان صاحب رحمہ اللہ (المتوفیٰ: 1442ہجری، بمطابق 2021ء) سے 1407ہجری میں فتویٰ

حاصل کیا، جس کی بہت سے حضرات کی طرف سے، حضرت تھانوی اور گذشتہ اکابرِ دیوبند کے فتویٰ پر اعتماد کرتے ہوئے تصدیق وتائید کی گئی ہے۔

حضرت مولانا حبیب الرحمان صاحب رحمہ اللہ، اور بعض دیگر حضرات نے اپنے فتویٰ ومضمون میں جو مختلف عبارات ذکر کی ہیں، ہم نے بالاستیعاب ان کو بھی ملاحظہ کیا، جن پر ''لزومِ کفر والتزامِ کفر'' اور ''قواعدِ تکفیر'' وغیرہ کی جہت سے کلام کرنے کی بہت زیادہ گنجائش موجود ہے، جن سے اس فتوے میں تعرض نہیں کیا گیا، لیکن یہ اس وقت ہماری بحث سے خارج ہے، اور ہم اس موقع پر تفصیلی تبصرہ کی ضرورت نہیں سمجھتے، البتہ ہم نے بعض دیگر مضامین میں اس پر قدرے کلام کردیا ہے۔

مطلق تکفیر کے فتوے سے اس زمانہ میں دارالعلوم دیوبند وقف کے مفتی حضرت مولانا مفتی احمد سعید صاحب رحمہ اللہ نے اختلاف کیا، اور اس بارے میں مختلف فتاویٰ جاری کئے۔

دارالعلوم دیوبند میں 1980ء میں کچھ انتظامی اختلافات پیدا ہوگئے، جس کے نتیجہ میں 1982ء میں، دارالعلوم دیوبند دو حصوں میں منقسم ہوگیا، ایک حصہ مولانا محمد سالم قاسمی، اور مولانا انظر شاہ کشمیری کی سربراہی میں قائم ہوا، اس کو ''دارالعلوم دیوبند وقف'' کے نام سے موسوم کیا گیا اور اس وقت ''دارالعلوم دیوبند وقف'' کے مفتیِ اعظم کے عہدہ پر مولانا مفتی سید احمد علی سعید صاحب رحمہ اللہ کو فائز کیا گیا۔

''فتاویٰ دارالعلوم وقف دیوبند'' کی پہلی جلد کے مقدمہ میں مولانا محمد سفیان قاسمی مہتمم دارالعلوم وقف دیوبند لکھتے ہیں:

> ''سن ۱۴۰۲ ہجری، مطابق ۱۹۸۲ عیسوی سے دارالعلوم وقف دیوبند کی نشأۃِ ثانیہ کے بعد سے امورِ افتاء تدریس وفتاویٰ نویسی ادارہ کی ترجیحات کا ایک اہم ترین حصہ رہا، اور روزِ اول سے ہی شعبہ دارالافتاء میرِ کارواں خطیبِ اسلام حضرت مولانا محمد سالم قاسمی صاحب رحمہ اللہ، سابق مہتمم دارالعلوم وقف دیوبند کی زیرِ

نگرانی، نیز فخر المحققین حضرت مولانا سید انظر شاہ صاحب مسعودی رحمہ اللہ سابق شیخ الحدیث وصدر المدرسین دار العلوم وقف دیوبند کی خصوصی ترجیحات کے محور کے طور پر حضرت مولانا مفتی احمد سعید صاحب سابق صدر مفتی ادارہ کے زیرِ انتظام موثر وفعال اور عوام الناس میں کثرتِ رجوع کی بنیاد پر مقبول رہا۔

ادارہ کی نشأۃِ ثانیہ کے ابتدائی دور کو کیونکہ مختلف النوع تحدیات کا سامنا تھا، اس لئے ابتدائی عشرہ میں فتاویٰ کی ترتیب وانضباط کا وہ پیمانہ قائم نہ ہوسکا، جس کا اپنی اہمیت کے لحاظ سے یہ اہم شعبہ متقاضی تھا (فتاویٰ دار العلوم وقف دیوبند، ج ۱ ص ۶۱، مقدمہ، ناشر: حجۃ الاسلام اکیڈمی، دار العلوم وقف، دیوبند، انڈیا، طبع اولیٰ: ۱۴۴۲ھ، 2021ء)

حضرت مولانا مفتی احمد علی سعید صاحب رحمہ اللہ نے مورخہ ۱۶/ ۵/ ۱۴۰۸ھ کو ایک فتویٰ جاری کیا، جو مجلّہ ''توحید'' میں مہر اور دستخطوں سمیت درجِ ذیل طریقہ پر شائع ہوا:

**بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم**

**الجواب:**

**نحمدہٗ و نصلی علٰی رسولہ الکریم**

روافض پر علی الاطلاق کفر کا فتویٰ لگانا، غیر شرعی جسارت ہے، محدثین، یا فقہائے مجتہدین میں سے کسی نے بھی فرقہ شیعہ پر علی الاطلاق کفر کا فتویٰ نہیں دیا ہے، اور فتویٰ معتبر وہی ہے، جو کہ مجتہدین فقہاء کے کلام سے ماخوذ ہو، یا مستند ومعتمد کتبِ فقہ سے اخذ کیا گیا اور نقل کیا گیا ہو، مفتی اس کو صحیح حوالہ سے نقل کر رہا ہو، تو اس کا اعتبار ہوگا، ورنہ اس پر فتویٰ کا اطلاق کرنا صحیح نہیں ہوگا، بلکہ کہنے، یا لکھنے والے کی اپنی رائے ہوگی، جو کہ بغیر سند، یا نظیر کے نا قابلِ اعتبار ہوگی، فقہاء نے تصریح کی ہے:

**من یحفظ أقوال المجتهد لیس بمفت وفتواه لیس بفتوی بل هو نقل کلام. وطریق نقله لذلک عن المجتهد أحد أمرین: إما أن یکون له سند فیه، أو**

**يأخذه من كتاب معروف تداولته الأيدى** (شامی، ج۴، ص ۴۶۴)

پس فقہاء نے تصریح کی ہے کہ جو اُن ضروریاتِ دین کا منکر ہو، جو کہ نصوصِ معلومہ سے ثابت ہیں، اس پر کفر کا حکم لگایا جائے گا، فتح القدیر میں ہے:

**من خالف القواطع المعلومة بالضرورة من الدين مثل القائل بقدم العالم** (الخ)

اسی ضمن میں شامی میں تصریح ہے:

**أن الرافضى إن كان ممن يعتقد الألوهية فى على، أو أن جبريل غلط فى الوحى، أو كان ينكر صحبة الصديق، أو يقذف السيدة الصديقة فهو كافر لمخالفته القواطع المعلومة من الدين بالضرورة، بخلاف ما إذا كان يفضل عليا أو يسب الصحابة فإنه مبتدع لا كافر.**

معلوم ہوا کہ جو علی کرم اللہ وجہہٗ کے دیگر صحابہ پر افضل ہونے کا قائل ہو، یا صحابہ کے بارے میں نامناسب الفاظ بولتا ہو، وہ کافر نہیں، لیکن جو حضرت علی کرم اللہ کے خدا ہونے کا قائل ہو (نعوذ باللہ) یا جس کا یہ عقیدہ ہو کہ جبریل علیہ السلام نے وحی کے پہنچانے میں غلطی کی (العیاذ باللہ) یا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صحبتِ رسول ہونے کا قائل نہ ہو، یا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر بہتان طرازی کرتا ہو، تو ایسے عقیدہ رکھنے والے پر کفر کا حکم لگایا جائے گا، کیونکہ یہ عقیدے نصوصِ صریحہ وضروریاتِ دینیہ کے قطعاً مخالف ہیں، اور ظاہر ہے کہ تمام شیعوں کا یہ عقیدہ نہیں، اور جن روافض کا یہ عقیدہ ہو، وہ اقلِ قلیل ہیں، اور ان پر بھی کوئی مفتی جب ہی فتویٰ لگا سکے گا، جبکہ اس کے سامنے اپنے اس عقیدے کو وہ بیان کرے، یا اپنی تحریر میں اس کا اظہار کرے، یا قرائنِ واضحہ سے مفتی کو معلوم ہو جائے کہ اس کا یہ عقیدہ ہے، ورنہ شرعی ضابطہ یہ ہے کہ اگر کسی کے کلام میں ننانوے احتمال کفر کے ہوں، اور ایک احتمال اس کی نفی کا، تو کفر کا فتویٰ نہیں لگانا چاہیے، جیسا کہ شرح فقہِ اکبر کتاب میں اس کی تصریح واضح الفاظ میں تحریر ہے، اور گر کوئی کسی ایسی کتاب کا

مطالعہ کرتا ہو، جس میں غلط عقائد کی ترجمانی کی گئی ہو، تو جب تک واضح طور پر یہ معلوم نہ ہو جائے کہ وہ ان غلط عقائد کو مانتا ہے، تو اس پر بھی کفر عائد نہیں ہوتا، یوں تو فرقہ باطلہ اور بھی ہیں، مثلاً معتزلہ، جو کہ قرآن پاک کے مخلوق ہونے کے قائل ہیں، یا کہ بندہ کو اپنے افعال کا خالق سمجھتے ہیں، جیسا کہ نہر الفائق میں جوازِ نکاح معتزلہ کی بحث میں صاف طور پر لکھا ہے:

**لا نكفر احدا من أهل القبلة و إن وقع لهم الزاماً فى المباحث.**

یعنی علمی بحثوں میں ان کے مذہب کو رَد کرتے ہوئے کفر کا الزام آتا ہو، پھر بھی ہم ان کی تکفیر نہیں کرتے، اس کی وجہ علامہ شامی نے یہ بیان کی:

**" لأن لازم المذهب ليس بمذهب ".**

نیز علامہ ابنِ نجیم مصنف ''بحر الرائق'' (جو کہ فقہ کی معتمد اور مستند کتاب ہے) کا مقولہ ہے کہ ''میں نے قسم کھائی ہے کہ کسی کے کلام پر کبھی کفر کا فتویٰ نہیں دوں گا'' **''فاعتبروا يا اولى الابصار''**۔

نیز حدیث کی جو کتابیں صحاحِ ستہ کے نام سے موسوم ہیں، ان میں بھی اور خصوصاً بخاری شریف میں جو کہ **''أصح الكتب بعد كتاب الله''** ہے، شیعوں کی روایت بھی موجود ہے، پھر کس طرح کہہ دیا جائے کہ تمام شیعہ کافر ہیں۔

دارُ العلوم کے اکابر علماء و مفتیانِ کرام نے علی الاطلاق فرقہ شیعہ کو کافر کبھی نہیں کہا، بلکہ تخصیص کی ہے کہ جو ضروریاتِ دین میں سے کسی امر کے منکر ہوں، جس کی وضاحت سطور بالا میں ہم نے کی ہے۔

کسی پر بغیر اس کے ظاہری کلام کے، جس کی کوئی تاویل بھی نہ ہو سکے، یا کسی کے عقائد کا صحیح علم ہونے کے بغیر کفر کا فتویٰ لگا دینے کو جسارتِ رندانہ سے ہی تعبیر کیا جا سکتا ہے، جبکہ حدیث شریف میں واضح تصریح موجود ہے:

**" إذا قال الرجل لأخيه يا كافر فقد باء احدهما"** (الحديث، رواه البخارى)

کہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اپنے بھائی سے کہا ''اے کافر'' تو دونوں میں سے ایک کافر ہوا۔

اس کو اس مثال سے سمجھ لیا جائے کہ اگر کوئی غلیل سے غُلہ پھینکے، تو جہاں غلہ جا کر لگا، اگر وہ جگہ نرم ہے، تو غلہ وہیں رک جائے گا، بلکہ اس میں گھس جائے گا، اور اگر وہ جگہ سخت ہے، تو غلہ پلٹ کر پھینکنے والے پر آئے گا، ایسے ہی جس کو کافر کہا جا رہا ہے، اگر اس میں کفر ہے، تو کفر اس پر لگے گا، اور کہنا بھی صحیح ہوگا، اور اگر اس میں کفر نہیں، تو کفر کہنے والے پر لوٹے گا، اگرچہ اس پر کفر کا فتویٰ نہ لگایا جا سکے، لیکن قائل کے درجہ میں تو شمار ہی ہوگا، جیسا کہ شرّاحِ حدیث نے تصریح کی ہے۔

رہی یہ بات کہ چونکہ ایران کے شیعوں نے حرم شریف میں فساد کیا، اگر یہ بات صحیح ہی ہو کہ انہوں نے فساد کیا، تو اس فعل کی وجہ سے بھی ان پر کفر کا فتویٰ کسی طرح بھی عائد نہیں ہوتا۔

صحابۂ کرام کے آخری دور میں مکہ مکرمہ پر حملہ کرنے والے مسلمان ہی تھے، مگر اکابر صحابہ نے ان کو کافر نہیں کہا، آخری دور میں انگریزوں کے دام میں آ کر، ترکی کی حکومت جو کہ پاسبانِ حرم تھی، اس پر حملہ کر کے اس کو مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سے نکالنے والے بھی شریفِ مکہ اور ان کے رفقاء تھے، اور پھر انگریزوں ہی کی مدد سے شریفِ مکہ کو، مکہ و مدینہ سے کس نے جنگ کر کے بے دخل کیا تھا، وہ ابنِ سعود، بانی حکومتِ سعودیہ ہی تھے، اور ۷۹ء میں حرم شریف کے برآمدوں پر قابض ہو کر لڑنے والے قبیلہ عتیبہ کے مسلمان ہی تھے، اور بزورِ قوت ان کے قبضے اور حملہ کو ناکام بنانے والے کون تھے؟ حکومتِ سعودیہ کی فوج ہی تو تھی، تو کیا العیاذ باللہ وہ سب کافر ہوئے تھے، یا نعوذ باللہ ان پر کسی نے کفر کا فتویٰ لگایا، ایسا نہیں ہوا، اب حرم میں جو کچھ ہوا، کس نے پہل اور ابتداء کی، اور اس کے مقاصد

کیا تھے، اور کس نے دفاع کیا، اس کو تو صحیح طور پر دونوں حکومتیں ہی جانتی ہیں، عوام تو کٹھ پتلی، اور لیڈروں کے آلۂ کار ہوتے ہیں، کیسے کہا جائے کہ ان میں سنی مسلمان بھی شریک نہیں تھے، اس لیے کہ ایران میں سب شیعہ ہی نہیں بستے، سنّی مسلمانوں کی بھی لاکھوں کی تعداد ہے، کیا ان میں سے کوئی حج کو نہیں گیا تھا، اور وہ اس میں شریک نہیں تھا، پھر شیعہ کہاں نہیں ہیں، خود سعودیہ میں، مصر میں، افریقہ میں، اور تمام ممالکِ اسلامیہ میں شیعہ موجود ہیں، وہاں کے قصبوں شہروں میں صدیوں سے رہتے، بستے چلے آرہے ہیں، کیا نعوذ باللہ! وہ سب کافر ہیں؟ تو سوال یہ ہوگا کہ سعودیہ ہی میں ان کو کیوں رہنے اور بسنے دیا گیا۔

موجودہ وقت میں یہ جو کچھ ہے، مفاد پرستوں، اقتدار پرستوں کا ایک نیا فتنہ ہے، جو بلا استثناء اور قیود کے مسلمانوں کے ایک فرقہ پر، خواہ وہ مبتدع ہی کیوں نہ ہو، کفر کا فتویٰ دے کر آپس کی خونریزی اور فسادات کا ایک نیا دروازہ کھولنا ہے۔

اللہ تعالیٰ اس سے محفوظ رکھے۔

علمائے حق اور مفتیانِ عظام کی ذمہ داری ہے کہ حتی المقدور اس فتنہ کو دبا دیں اور ختم کردیں، ورنہ اس کی ہولناکیاں اس قدر لرزہ خیز اور تباہ کن ہوں گی، جس کا تصور بھی محال ہے۔ فقط۔ واللّٰہ تعالیٰ أعلم۔

سید احمد علی سعید، مفتی اعظم دارالعلوم دیوبند (وقف) ۱۶/۵/۱۴۰۸ھ

(ماخوذ از: مجلّہ توحید، دو ماہی، ص ۸۱ تا ۸۴، جلد ۵، شمارہ ۳، رمضان وشوال ۱۴۰۸ھ بمطابق مئی و جون ۱۹۸۸ء، قم، جمہوری اسلامی ایران)

مذکورہ فتوے میں شیعہ کی تکفیر کے بارے میں جو حکم بیان کیا گیا، وہ اسی تسلسل کا حصہ ہے، جس پر جمہور فقہاء اور دارالعلوم دیوبند کے اکثر سابق علماء ومفتیانِ کرام چلے آرہے تھے، اور ہم سمجھتے ہیں کہ جس زمانہ میں یہ فتویٰ جاری ہوا، اس وقت اگر اس فتوے پر عمل ہوجاتا اور

''بلا استثناء اور قیود کے مسلمانوں کے ایک فرقہ پر، خواہ وہ مبتدع ہی کیوں نہ ہو، کفر کا فتویٰ نہ دیا جاتا، یا اس کا علمی تعاقب کیا جاتا'' تو اس کے بعد رونما ہونے والے باہمی خونریزی اور فسادات کے دروازہ کھلنے سے حفاظت رہتی، جس کی ہولناکیاں نہایت لرزہ خیز اور تباہ کن ثابت ہو چکی ہیں، اور اس کا تصور اس زمانہ میں مشکل تھا، لیکن افسوس کہ اس قدر ہولناکیوں کے رونما ہونے کے بعد بھی تاحال بہت سے لوگوں کو اس طرف توجہ نہیں ہو سکی۔

اس فتوے کے جاری ہونے کے بعد اس فتوے پر مولانا حبیب الرحمٰن صاحب نے رد لکھا تھا، جس کا علمی تعاقب ہم اپنی دوسری تالیف میں کر چکے ہیں۔

اس کے بعد ۱۴۱۲ھ کو مولانا محمد عمران دیوبندی صاحب نے ایک فتویٰ تحریر کیا، جس کی مولانا مفتی سید احمد علی سعید صاحب رحمہ اللہ نے تصحیح فرمائی، اس میں تحریر کیا گیا کہ:

> جو شیعہ، ضروریاتِ دین کے منکر ہیں، وہ مسلمان ہی نہیں، اور ایشیاء میں ایسے شیعوں کا وجود خال خال ہے، جن کو مسلمان نہ کہا جائے (فتاویٰ دارالعلوم وقف دیوبند، ج۲ص۲۷۷، باب: اسلامی اور غیر اسلامی فرقے، فصلِ خامس: شیعیت، ناشر: حجۃ الاسلام اکیڈمی، دارالعلوم وقف، دیوبند، انڈیا، طبع اولیٰ: ۱۴۴۲ھ، 2021ء)

اس فتوے میں تصریح ہے کہ ''ایشیاء میں ایسے شیعوں کا وجود خال خال ہے، جن کو مسلمان نہ کہا جائے''

اور مولانا مفتی سید احمد علی سعید صاحب رحمہ اللہ ہی، ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

> شیعوں کو ''روافض'' کہتے ہیں، فقہاء نے ان کو ''مبتدع'' لکھا ہے ''کفر'' کا فتویٰ ان پر نہیں ہے۔
>
> البتہ جو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر بہتان لگاتے ہوں، یا ضروریاتِ دین میں سے کسی امر کے منکر ہوں، تو ان کے اس غلط عقیدے کی بناء پر ان پر کفر

کا فتویٰ ہے، اور یہی فرقہ ''باطلہ'' ہے۔ فقط۔ واللہ اعلم بالصواب۔

کتبہٗ: سید احمد علی سعید، مفتی اعظم دارالعلوم وقف دیوبند، ۱۱/۳/۱۴۱۵ھ

(فتاویٰ دارالعلوم وقف دیوبند، ج۲ص۲۸۲، باب: اسلامی اور غیر اسلامی فرقے، فصلِ خامس: شیعیت، ناشر: حجۃ الاسلام اکیڈمی، دارالعلوم وقف، دیوبند، انڈیا، طبع اولیٰ: ۱۴۴۲ھ، 2021ء)

اس فتوے میں مولانا مفتی سید احمد علی سعید صاحب رحمہ اللہ نے خود تصریح کی ہے کہ ''شیعوں کو ''روافض'' کہتے ہیں، فقہاء نے ان کو ''مبتدع'' لکھا ہے ''کفر'' کا فتویٰ ان پر نہیں ہے'' انہوں نے دوسرے فتوے میں جو شیعوں کو ''روافض'' کہا، وہ اسی عرف کی وجہ سے کہا۔

مولانا مفتی سید احمد علی سعید صاحب رحمہ اللہ کا ایک اور فتویٰ ذیل میں نقل کیا جاتا ہے:

سوال: منگلور میں جمعیۃُ العباس نے ایک جلسہ عام کرایا، جس میں مذکورہ برادری کے علاوہ دیگر مسلمانوں نے بھی شرکت کی تھی، اس جلسہ میں یہ طے پایا تھا کہ شیعہ حضرات سے کسی قسم کا تعلق، مثلاً شادی بیاہ، مرنے جینے میں نہیں رکھنا چاہیے، اور نہ ان حضرات سے دعاء سلام کا تعلق رکھنا چاہیے، اور اس جلسہ عام میں منگلور کے محلّہ بندرٹول میں رہنے والے عباسی برادری کے ان لوگوں سے علیٰحدگی کا اعلان کیا گیا تھا، جو شیعہ مسلک اختیار کئے ہوئے ہیں، جن حضرات سے علیٰحدگی کا اعلان کیا گیا ہے، ان کی لڑکیوں، اور لڑکوں کے رشتے ایک عرصہ پہلے جوالا پور، اہلِ سنت والجماعت برادری میں ہوئے تھے، جب یہ رشتے ہوئے تھے، اس وقت سنی حضرات کو یہ علم نہیں تھا کہ جن حضرات سے علیٰحدگی کا اعلان کیا گیا ہے، یہ شیعہ ہیں، اس کا پتہ اس جلسے میں ہوا۔

اعلان ہونے کے باوجود بھی ان کے رشتہ دار جوالا پور والے، ان کے ہر کام میں شریک ہو رہے ہیں، ان شیعہ حضرات کے لڑکے ولڑکیاں جو شادی شدہ ہیں، اور سنی حضرات کے یہاں بیاہی ہیں، اپنے شیعہ عقیدے پر قائم ہیں، اور ان کے

خاوند اپنے کو سنی کہتے ہیں۔

صورتِ مذکورہ میں کیا یہ لڑکے سنی ہیں، یا شیعہ ہو گئے ہیں، اور ان کی بیویاں شیعہ ہی رہیں، یا سنی بن گئیں، اگر ان لڑکوں سے یہ کہا جاتا ہے کہ جب آپ کی بیویاں اپنا عقیدہ نہیں چھوڑتیں، تو تم انہیں طلاق دیدو، تو یہ لڑکے اس کے لئے بھی تیار نہیں، جن حضرات سے علیٰحدگی کا اعلان کیا گیا ہے، وہ ان سے اپنا رشتہ بدستور قائم کئے ہوئے ہیں۔

صورتِ مذکورہ میں کیا یہ نکاح صحیح ہیں، یا غلط ہیں، اور اب اس صورت میں کیا کرنا چاہیے؟ اور یہ بھی فرمایئے کہ عام مسلمان، سنی جماعت کو، جنہوں نے ان سے علیٰحدگی کا اعلان کیا ہے، انہیں ان لڑکوں سے علیٰحدگی کا اعلان کر دینا چاہئے، یا نہیں، یہ لڑکیاں طلاق حاصل کرنے کے لئے تیار ہیں، مگر اپنا عقیدہ بدلنے کو تیار نہیں، شرعی حکم سے رہنمائی فرمائیں؟

فقط، والسلام۔

المستفتی: رئیس احمد، جولا پور۔

**الجواب وباللہ التوفیق:** شیعوں کا وہ فرقہ، جو ضروریاتِ دین میں سے کسی اَمر کا منکر ہے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں ''الوہیت'' کا قائل ہے، یا حضرت جبریل علیہ السلام کے بارے میں ''غلط فی الوحی'' کا عقیدہ رکھتا ہے، یا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں قذف، یعنی الزام و بہتان کا عقیدہ رکھتا ہے، تو وہ اسلام سے خارج ہے۔

لیکن جو ''شیعہ'' فضیلتِ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قائل ہیں، وہ مسلمان ہیں، لیکن ''مبتدع'' ہیں، ایسے شیعہ افراد کی لڑکیوں سے سنی مرد کا نکاح جائز ہے۔

اور جو افراد ''خارجِ اسلام'' ہوں، ان کی لڑکیوں سے سنی کا نکاح جائز نہیں ہوگا۔

اور جو حضرات شیعہ ''تفضیلیہ'' ہیں، ان سے سنی لڑکی کا نکاح اس لیے مناسب نہیں ہوگا کہ اختلافِ عقائد کی بناء پر مقاصدِ نکاح کے فوت ہونے کا قوی اندیشہ ہے۔

مذکورہ صورت میں جن شیعہ لڑکیوں کا نکاح، سنی مسلمان لڑکوں سے ہوا ہے، ان نکاحوں کو صحیح کہا جائے گا، اور اس کی وجہ سے جن سنی مسلمانوں نے لڑکیوں سے نکاح کیا ہے، ان کو شیعہ نہیں کہا جائے گا، جبکہ وہ اپنے عقائدِ سنیہ پر قائم ہوں۔

اس لئے مذکورہ علیٰحدگی کے ضمن میں وہ مرد وعورتیں نہیں، ان کو بھی اس اعلان میں شمار کرنا صحیح نہ ہوگا، ہر وہ طریقہ جو باعثِ فتنہ بنتا ہے، اس سے رکنا اور روکنا ضروری ہے۔

فقط۔ واللہ أعلم بالصواب۔

کتبہٗ: سید احمد علی سعید، مفتیِ اعظم دارالعلوم وقف دیوبند

(فتاویٰ دارالعلوم وقف دیوبند، ج۲ص۲۸۳، الیٰ ۲۸۵، باب: اسلامی اور غیر اسلامی فرقے، فصلِ خامس: شیعیت، ناشر: حجۃ الاسلام اکیڈمی، دارالعلوم وقف، دیوبند، انڈیا، طبع اولیٰ: ۱۴۴۲ھ، 2021ء)

مولانا مفتی سید احمد علی سعید کے تفصیلی فتوے کی تردید میں مفتی عاشق الٰہی بلند شہری صاحب نے ایک مضمون تحریر فرمایا، جس میں مفتی عاشق الٰہی بلند شہری نے مولانا عبدالشکور لکھنوی، اور مولانا منظور نعمانی، اور مفتی حبیب الرحمٰن صاحبان کی اتباع میں شیعہ اثنا عشری کی تکفیر کی ہے، اور ساتھ ہی دارالعلوم دیوبند کے مفتی احمد علی سید صاحب کے مندرجہ بالا فتوے کی تردید کی۔

چنانچہ اس مضمون میں مفتی عاشق الٰہی بلند شہری صاحب لکھتے ہیں:

روافض کا فرقہ اپنے عہدِ اول سے اسلام، مسلمان کا اور قرآن کا اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا بہت بڑا دشمن رہا ہے، مکاری اور تقیہ کے ہتھیار سے مسلح ہونے کی وجہ سے عامۃ المسلمین، بلکہ بہت سے علماء پر بھی اس کا کفر مخفی رہا۔

ہندوستان میں حضرت مولانا عبدالشکور لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ پہلے شخص ہیں، جنہوں

نے گذشتہ صدی میں روافض کی کتابوں کا خوب وسیع مطالعہ کیا اور یہ یقین ہوجانے کے بعد کہ ''فرقہ اثنا عشریہ'' عقائدِ کفریہ رکھتا ہے، ان پر کفر کا فتویٰ دیا۔

بہت سے لوگوں کو ضرورت سے زیادہ پاسداری ہے، وہ یہ کہتے ہیں کہ علی الاطلاق روافض کو کافر نہ کہا جائے، کیونکہ ان کے بہت سے فرقے ہیں، ہر ایک کا حال معلوم نہیں ہے، البتہ مقید کر کے یوں کہنا چاہیے کہ جو شخص تحریفِ قرآن کا، یا حضرت جبریل علیہ السلام کے بھول کر غیر علی پر وحی لانے کا قائل ہو، یا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا منکر ہو، یا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر تہمت کو صحیح جانتا ہو، وہ کافر ہے۔

درحقیقت شیعوں کے کفریہ عقائد پر ان کے تقیہ نے پردہ ڈال رکھا تھا، جب کوئی شخص ان کے مذکورہ عقائد کے بارے میں گفتگو کرتا، تو کہہ دیتے کہ یہ ہمارے عقیدے نہیں ہیں، ان کی کتابیں بھی زیادہ تر سامنے نہ آئی تھیں۔

دورِ حاضر میں ان کی کتابیں چھپ کر سامنے آ گئی ہیں۔

اور خمینی نے اپنی کتاب ''کشفِ اسرار'' اور ''الحکومۃ الاسلامیہ'' میں واضح طور پر عقائدِ کفریہ شائع کر دیئے ہیں، جن لوگوں نے ان کو امام مانا، وہ سب ان عقائدِ کفریہ کو تسلیم کرنے کی وجہ سے کافر ہو گئے۔

ایران کے علاوہ دوسرے تمام ممالک کے شیعہ، تقریباً سب ہی خمینی کو امام مان چکے ہیں ''الا ماقل و شذ''

اور خمینی نے جو عقائدِ کفریہ شائع کئے، ان کی پورے عالم کے روافض میں سے کسی نے بھی تردید نہیں کی، یہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ تمام روافض ''اثنا عشریہ'' ان عقائد سے متفق ہیں۔

آج کل شیعوں کے بہت سے فرقے کہاں ہیں، جو یوں کہا جائے کہ تمام روافض

کو علی الاطلاق کافر کہنے سے اجتناب کیا جائے؟

پورے عالم میں اس وقت ان کے دو ہی فرقے ہیں، ایک فرقہ تفضیلی ہے، جو یمن میں پایا جاتا ہے، یہ لوگ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو دیگر تمام صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے افضل جانتے ہیں، اور فروع میں فقہ شافعی پر عمل کرتے ہیں، اس بات سے کوئی کافر نہیں ہوتا، اگرچہ ان کا مسلک تفضیلی عام روایاتِ حدیث کے خلاف ہے، اور اس فرقہ کا کوئی عقیدہ کفریہ سامنے نہیں آیا، لہٰذا اس کو کوئی کافر بھی نہیں کہتا۔

دوسرا فرقہ ''اثنا عشریہ'' جس کے عقائدِ کفریہ بالکل واضح اور ظاہر ہیں۔

حضرت مولانا محمد منظور نعمانی دامت برکاتہم مدیرِ اعلیٰ ''الفرقان'' لکھنؤ کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے، جنہوں نے فرقہ ''اثنا عشریہ'' کے عقائدِ کفریہ کی ان کی کتابوں سے نشان دہی فرمائی، پھر ایک سوال مرتب فرمایا، جس کا جواب مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی دامت برکاتہم العالیہ نے تحریر فرمایا ہے، اور فرقہ ''اثنا عشریہ'' کو کافر قرار دیا ہے، ہندو پاک کے بڑے بڑے علماء اور مفتیانِ کرام نے اس پر اپنی تصدیق اور توثیقی دستخط ثبت فرمائے ہیں، یہ مجموعہ دونوں ملکوں (ہندو پاک) میں شائع ہو چکا ہے، روافض کی طرف سے اب تک کوئی ایسی بات، کسی فرد، یا ادارہ، یا انجمن نے شائع نہیں کی کہ یہ ہمارے عقائد نہیں ہیں، اور جب تک کوئی فرقہ، فرقہ اثنا عشریہ سے منسلک رہے گا، ان عقائدِ کفریہ سے برائت ظاہر نہیں کر سکتا، ورنہ وہ اپنے دین سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔

مذکورہ بالا فتویٰ اور اس کی توثیقات اور تصدیقات کے طبع ہونے کے بعد ایک صاحب کو اظہارِ حق کا جوش آیا، یہ صاحب احمد علی سعید ہیں، جن کو دار العلوم دیوبند کا مفتیِ اعظم ظاہر کیا گیا ہے، ان کا حالیہ فتویٰ رسالہ ''توحید'' تہران میں ایرانی حکومت نے شائع کیا ہے۔

اس فتوے میں تحریر کیا ہے کہ روافض پر علی الاطلاق کفر کا فتویٰ لگانا غیر شرعی جسارت ہے، لیکن ساتھ ہی یہ بھی لکھا ہے کہ فقہاء نے تصریح کی ہے کہ جو ان ضروریاتِ دین کا منکر ہو، جو نصوصِ معلومہ سے ثابت ہیں، اس پر کفر کا فتویٰ لگایا جائے گا، اور یہ بھی لکھا ہے کہ جس کا عقیدہ ہو کہ حضرت جبریل علیہ السلام نے وحی کے لانے میں غلطی کی ہے، یا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صحبتِ رسول کا قائل نہ ہو، یا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر بہتان تراشی کرتا ہو، تو ایسا عقیدہ رکھنے والے پر کفر کا حکم لگایا جائے گا، نیز یہ بھی لکھا ہے کہ تمام شیعوں کا یہ عقیدہ نہیں۔

مفتی صاحب موصوف کو روافض سے ضرورت سے زیادہ حسنِ ظن ہے، حالانکہ جو روافض فرقہ ''اثنا عشریہ'' سے متعلق ہیں (اور علی الاطلاق ان ہی کو شیعہ کہا جاتا ہے) ان میں سے کوئی شخص بھی مذکورہ بالا عقائد سے بیزاری ظاہر کرنے والا نہیں ہے (فتاویٰ بینات، جلد ۱، صفحہ نمبر ۱۷۷، تا، کتاب العقائد ''تکفیرِ روافض پر چند شبہات کا ازالہ'' مطبوعہ: مکتبہ بینات، جامعۃ العلوم الاسلامیہ، کراچی، سنِ اشاعت، اکتوبر ۲۰۰۶ء)

مفتی عاشق الٰہی صاحب موصوف کا پورا مضمون ہم نے ملاحظہ کیا، مگر دلائل کی بناء پر ہمیں اس سے اتفاق نہیں ہوسکا، اور موصوف کا یہ مضمون جمہور کے موقف سے متصادم ثابت ہوا۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ مفتی صاحب موصوف نے مذکورہ مضمون میں اس بات کا برملا اظہار واعتراف فرمالیا ہے کہ ہندوستان میں حضرت مولانا عبدالشکور لکھنوی رحمہ اللہ پہلے شخص ہیں، جنہوں نے ''اثنا عشریہ'' پر کفر کا فتویٰ دیا، جس کے بعد پھر مولانا محمد منظور نعمانی لکھنوی صاحب نے فرقہ ''اثنا عشریہ'' کی تکفیر کے متعلق سوال مرتب کیا، جس کا جواب مولانا حبیب الرحمٰن صاحب نے تحریر کیا، اور فرقہ ''اثنا عشریہ'' کو کافر قرار دیا، جس پر ہندوپاک کے علماء اور مفتیان سے تصدیق وتوثیق حاصل کی گئی، اور اس کی دونوں ملکوں میں اشاعت کی گئی۔

پس مفتی صاحب موصوف کی اس بات سے بھی مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کے اس

موقف کی تائید ہوتی ہے، جس کے متعلق سوال میں استفسار کیا گیا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگر مفتی عاشق الٰہی بلند شہری صاحب کے بقول روافض کا فرقہ اپنے عہدِ اول سے اسلام، مسلمان کا اور قرآن کا اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا بہت بڑا دشمن رہا ہے، مکاری اور تقیہ کے ہتھیار سے مسلح ہونے کی وجہ سے عامۃ المسلمین، بلکہ بہت سے علماء پر بھی اس کا کفر مخفی رہا۔

تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ روافض کے کفریہ عقائد کے باوجود، جمہور مجتہدین وفقہائے کرام، اور ان کے متبعین سینکڑوں سالوں سے اپنے، اور قرآن اور صحابہ کے دشمنوں کو پہچاننے سے قاصر رہے، اور روافض کے عقیدۂ تقیہ سے واقف نہ ہوئے، اور وہ کافر ومرتد طبقہ کو مسلمان قرار دیتے رہے، اور ان کے ساتھ مسلمانوں والے متعدد احکام بروئے کار لاتے رہے، ان کی احادیث کو بھی روایت کرتے، اور ان سے استدلال کر کے مسائلِ علمیہ وعملیہ کا استخراج بھی فرماتے رہے، اور یہ راز ہندوستان میں سب سے پہلے مولانا عبدالشکور لکھنوی پر منکشف ہوا، اس انکشاف کا دعویٰ بھی اسی عالم نے کیا، جن کے مفتی صاحب موصوف اس دعوے میں متبع ہیں۔

یہ فلسفہ اتنا عجیب وغریب ہے کہ جس کو قبول کرنے کے نتیجہ میں اسلام کے کئی احکام کا وہ تصور مسخ ہو کر رہ جاتا ہے، جن احکام کے خود مفتی صاحب موصوف متبع ہیں۔

واقعہ یہ ہے کہ کسی مذہب کی کتابوں کے محض خوب وسیع مطالعہ کرنے اور اپنے تئیں یقین ہو جانے پر اس وقت تک علی العموم تکفیر کا فتویٰ معتبر نہیں ہو جاتا، جب تک اس کا مجتہدین ومحققین کی طرف سے تکفیر سے متعلق قائم کردہ اصول وضوابط سے توافق ثابت نہ ہو جائے۔

اور تا حال مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کے خوب وسیع مطالعہ سے یہ توافق ثابت نہیں ہوا، بلکہ تخالف ثابت ہوا، جمہور مجتہدین کے مقابلہ میں اس قسم کا تکفیری حکم پہلے بھی بعض اہلِ علم حضرات کی طرف سے جاری ہوا، جس کی جمہور کی طرف سے تردید کی جاتی رہی، پھر اس

مرجوح ومردود قول پر فتویٰ کیسے درست قرار پاسکتا ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ ایک ہزار سے زائد صدی تک جمہور متکلمین ومجتہدین، اوران کے متبعین کی طرف سے روافض کے متعلق جو حکم بیان کیا گیا، وہ نہ صرف یہ کہ خوارج ودیگر غیر اہل السنہ فرقوں کی طرح شیعہ وروافض کے جملہ اصولی فرقوں کی تقسیم وتفریق اوران کے عقائد وافکار کی تحقیق وتنقیح کے بعد بیان کیا گیا، بلکہ تکفیر کرنے والے حضرات کے دلائل کی تحقیق اوران کی تردید کے تناظر میں بھی نہایت جامع ومانع انداز میں بیان کیا گیا، جس میں تقیہ سے متعلق شریعت کی تعلیمات کو بھی ملحوظ رکھا گیا، اور شیعہ وروافض کی کتب اور مذہب کی مراجعت بھی گئی، ان کے حوالہ جات کو بھی نقل کیا جاتا رہا، جس کے مقابلہ میں بعض متاخرین کا موقف ہر گز راجح قرار دیے جانے کا مستحق قرار نہیں پاسکتا۔

تیسری بات یہ ہے کہ مفتی عاشق الٰہی بلند شہری صاحب موصوف کا بہت سے لوگوں کو علی الاطلاق کافر نہ کہنے پر ضرورت سے زیادہ پاسداری کا الزام عائد کرنا، دراصل جمہور مجتہدین اوران کی اتباع کرنے والوں پر الزام ہے، کیونکہ ان لوگوں نے تو اس مسئلہ میں خود سے کچھ اضافہ وترمیم نہیں کی، بلکہ جمہور کے موقف کو نقل وبیان کیا۔

چوتھی بات یہ ہے کہ مفتی صاحب موصوف کا یہ فرمانا کہ ”درحقیقت شیعوں کے کفریہ عقائد پر ان کے تقیہ نے پردہ ڈال رکھا تھا، الخ“

یہ بھی خلافِ تحقیق بات ہے، جمہور کے سامنے نہ صرف یہ کہ شیعہ کے تقیہ کا عقیدہ مخفی نہیں تھا، بلکہ ان کے سامنے تقیہ کا شرعی حکم، اوراس بارے میں نصوص بھی موجود تھیں، اور شیعوں کا عقیدہ معلوم کرنے کا مداران سے گفتگو کرنے پر نہیں تھا، کیونکہ جمہور کی طرف سے تو خود ہی شیعہ وروافض کے عقائد وافکار پر کلام کیا گیا، ان کی تردید وتکفیر کے پہلو پر بھی کلام کیا گیا، اور شیعہ مذاہب کی کتابیں بھی ہر دور کی جہت اور اس کے تناسب سے موجود اور دستیاب تھیں، جب قلمی نسخوں کا دور رہا، اس زمانہ میں دوسرے مذاہب کی طرح شیعہ ورافضہ کے

مذہب کے قلمی نسخے موجود تھے، اور جب طباعت واشاعت کے شعبہ میں جدت پیدا ہوئی، تو اس وقت دوسرے مذاہب کی کتب کی طرح شیعہ ورافضہ کے مذہب کی کتب بھی اسی جہت سے منظرِ عام پر آئیں، اب اگر متاخرین میں سے کسی کی ان کتب کی طرف رسائی ہوئی، تو اس کو یہ حق نہیں کہ وہ جمہور مجتہدین پر یہ حکم لگائے کہ ان شیعہ وروافض کی کتب کی طرف ان مجتہدین کی رسائی نہیں ہوسکی، اور یہ رسائی اس کو مقدر ہوئی۔

پانچویں بات یہ ہے کہ مفتی صاحب موصوف کا خمینی کی دو کتب میں عقائدِ کفریہ کی نسبت کرنا، مجمل بیان ہے، کیونکہ ان عقائدِ کفریہ کے ''کفر لازم آنے اور موانعِ تکفیر کی شرائط'' کے تناظر میں جائزہ لینا ضروری ہے۔

چھٹی بات یہ ہے کہ خمینی کو محض امام ماننے پر سب کو کافر قرار دینے کا فتویٰ اصولِ تکفیر کے خلاف ہے، کیونکہ جب کسی کے نام کے ساتھ کوئی لقب مشہور ہوجائے، تو اس کا استعمال اسی حیثیت سے معروف ہوجاتا ہے، جیسا کہ ''قائدِ اعظم'' اور ''علامہ اقبال'' وغیرہ کا لقب ہے، نیز یہ اصول لزومِ کفر پر مبنی ہے، جس پر تکفیر نہیں کی جایا کرتی، اسی لئے متکلمین، ومحققین نے اس چیز کو تکفیر کا سبب قرار نہیں دیا، ورنہ بعض اہل السنہ ائمہ ومتکلمین وغیرہ کی طرف بھی اس طرح کے لزومِ کفر والی متعدد باتیں منسوب ہیں، جس کی بنیاد پر بہت سے اہل السنہ کی بھی تکفیر لازم آئے گی، عوام کو تو خواص کے جملہ عقائد سے واقفیت بھی نہیں ہوتی، اسی وجہ سے بعض محققین نے بعض فرقوں کے جہلاء کو فاسق اور علماء کو کافر قرار دیا ہے، اور یہ بات معلوم ہے کہ جہلاء اپنے سلسلہ کے علماء کو اپنا مقتداء ورہبر تسلیم کرتے ہیں۔

اور کسی کی محض تردید نہ کرنے کو کفر کا باعث سمجھنا بھی راجح نہیں۔

ساتویں بات یہ ہے کہ مفتی صاحب موصوف کا یہ فرمانا کہ آج کل شیعوں کے بہت سے فرقے کہاں ہیں؟

تو اس بارے میں عرض ہے کہ آج بھی دنیا میں اہل السنہ والجماعہ کی طرف منتسب فرقوں کی

طرح روافض کے متعدد فرقے موجود ہیں، جن میں غالیہ، وغیر غالیہ، اور زیدیہ سب ہی ہیں، اسی لئے ہر زمانہ میں محققین نے اس تقسیم کو باقی رکھا، اور موجودہ زمانہ تو اختلاف والتباس کے اعتبار سے پہلے تمام زمانوں کے مقابلہ میں زیادہ شدید دور ہے، جس میں ہر مسلک میں فرقوں اور گروہوں کی بھرمار بڑھتی جارہی ہے، اور ممکن ہے کہ آئندہ زمانوں میں مزید فرقے ہوجائیں، اس لئے اصولی حکم ہر دور میں برقرار رہا کرتا ہے۔

آٹھویں بات یہ ہے کہ مفتی صاحب موصوف کا اس وقت پورے عالم میں شیعوں کے دو فرقے تسلیم کرنا، اور پھر ایک فرقہ کو کافر اور دوسرے کو غیر کافر قرار دینا، یہ خود شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر کے مدعیٰ کے خلاف ہے، کیونکہ جب دونوں فرقے شیعہ کے ہیں، اور دونوں الگ الگ ناموں سے موسوم ہیں، تو ایک کے کافر ہونے کا حکم لگانا، اور دوسرے کے کافر نہ ہونے، بلکہ مسلمان ہونے کا حکم لگانا، اس سے ''شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر'' کہاں ہوئی۔

خود ایک تقسیم پر عمل پیرا ہونا، اور جمہور کی بیان کردہ تقسیم کا انکار کرنا مبنی بر انصاف نہیں۔

نویں بات یہ ہے کہ ''شیعہ اثنا عشریہ'' کے عقائدِ کفریہ کو بالکل واضح اور ظاہر قرار دینا، خلافِ واقعہ ہے، کیونکہ بالکل واضح اور ظاہر چیز تو عوام پر بھی ظاہر ہوا کرتی ہے، چہ جائیکہ جمہور پر غیر واضح قرار دینا، اور لزومِ کفر کو التزامِ کفر سمجھنا، بھی درست نہیں۔

دسویں بات یہ ہے کہ مفتی صاحب موصوف کا روافض کی طرف سے تردید نہ کرنے کا حکم لگانا بھی راجح نہیں، تحریفِ قرآن، الوہیتِ علی، غلطِ وحی، افکِ عائشہ کی تردید پر بہت سے قدیم وجدید علمائے اثنا عشریہ کی برائت وتردید مطبوعہ شکل میں موجود ہے، اور جن عقائد میں تاویل کا احتمال ہے، ان میں تاویلات بھی صدیوں سے موجود ومطبوع ہیں۔

گیارہوں بات یہ ہے کہ دارالعلوم دیوبند وقف کے مفتی صاحب کا فتویٰ اصولی اعتبار سے جمہور مجتہدین کے مطابق ہے، جس پر شبہات کا جواب ہم دوسری تالیف میں بیان کرچکے ہیں۔

اور ان سے پہلے دارالعلوم دیوبند کے مفتیِ اعظم ہونے کی حیثیت سے مفتی محمد شفیع صاحب اور

دیگر اساتذہ دارالعلوم دیوبند بھی یہی فتویٰ جاری کر چکے ہیں، جیسا کہ آگے آتا ہے۔
پس جمہور مجتہدین کے نزدیک دلائل کے لحاظ سے مطلق تکفیر کا فتویٰ راجح نہیں۔

## مفتی محمد شفیع صاحب کا حوالہ

قیامِ پاکستان کے بعد کراچی میں موجود ہونے کی حالت میں حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کے سامنے جب مولانا عبدالشکور لکھنوی کی یہ تحریر آئی، اور انہوں نے اس میں دارالعلوم دیوبند کے فتوے اور اساتذہ دارالعلوم کے ساتھ اپنے نام کو ملاحظہ کیا، تو اس سے اتفاق نہیں کیا، اور مزید تحقیق کے لئے اس وقت دارالعلوم دیوبند کے مہتمم حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ کی طرف رجوع کیا، تاکہ دارالعلوم دیوبند کے نقلِ فتاویٰ کے اصل ریکارڈ میں اس فتوے کی مراجعت کی جاسکے، اور قاری محمد طیب صاحب کا نام بھی اس میں درج ہونے کی بناء پر ان کی اپنی رائے بھی معلوم ہوسکے، پھر مکمل تحقیق کے نتیجہ میں اس فتوے کی دارالعلوم دیوبند کی طرف نسبت کا درست نہ ہونا ثابت ہوگیا۔

چنانچہ مفتیِ اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں:

> ”مسئلہ قادیانیت کے متعلق منیر اے کمیشن کے سامنے جن علماء کی شہادتیں لی گئیں، ان میں احقر بھی شامل تھا، عدالت میں قادیانیوں کی طرف سے یہ سوال پیش کیا گیا کہ علماءِ دیوبند سب شیعوں کو بھی کافر کہتے ہیں، میں نے انکار کیا کہ یہ دیوبند کا مسلک ہرگز نہیں کہ مطلقاً شیعوں کو کافر کہا جائے، فریقِ مخالف نے ایک مطبوعہ فتویٰ پیش کیا، جس میں بظاہر کسی قید کے بغیر شیعوں کو کافر لکھا تھا۔
>
> میں نے پھر بھی کہا کہ میں اس کو دیوبند کا فتویٰ ماننے کے لئے تیار نہیں، جب تک اس پر دیوبند کی تصدیق نہ ہو، پھر واپس آکر اس کی تحقیق کے لئے مہتمم صاحب (حضرت مولانا قاری محمد طیب) کو خط لکھا، جس کے جواب میں منسلکہ خط آیا (ماہنامہ

''البلاغ'' کراچی، ص ۱۲۰۱ ''مفتی اعظم نمبر'' اشاعتِ خصوصی: جمادی الاخریٰ تا شعبان ۱۳۹۹ھ، مرتبہ: مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب، بعنوان ''معاصر علماء کے مکاتیب'' مکاتیب حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب)

ظاہر ہے کہ شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر کا فتویٰ مفتی محمد شفیع صاحب نے نہیں دیا تھا، بلکہ یہ فتویٰ مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کا تھا، جیسا کہ پیچھے گذرا، اور آگے بھی آتا ہے۔

## قاری محمد طیب صاحب اور دارُ العلوم دیوبند کے فتوے کا حوالہ

مہتمم دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ نے جواب میں جو خط حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کو ارسال کیا، اس کا مضمون درجِ ذیل ہے:

مخدوم برادران زید معالیہم

سلام مسنون، نیاز مقرون، گرامی نامہ نے مشرف فرمایا، میں بمبئی گیا ہوا تھا، واپسی پر والا نامہ سے مشرف ہوا، آتے ہی لکھنؤ کا سفر پیش آ گیا، کل وہاں سے واپسی ہوئی ہے، آج کلکٹر صاحب ضلع سہارنپور، دارالعلوم دیوبند میں آ رہے ہیں، ان کو چائے پر مدعو کر دیا ہے، اس لئے جواب میں تاخیر ہوئی۔

تکفیرِ شیعہ کے بارے میں، جیسا کہ آپ نے تحریر فرمایا ہے، تمام جماعت (دیوبند) کا مسلک یہی ہے کہ علی الاطلاق فرقۂ شیعہ کی تکفیر یہاں سے کبھی نہیں کی گئی، بلکہ صرف انہی شیعوں کی تکفیر کی گئی ہے، جو قطعیات اور ضروریاتِ دین کے منکر ہیں۔

میں نے آپ کے تحریر فرمانے پر دارُ الافتاء میں جا کر فتویٰ تلاش کیا، تو 19 صفر 1348ھ میں مولانا ریاض الدین صاحب کا فتویٰ رجسٹر میں درج نکلا، مگر اس میں پورے فرقہ کی تکفیر نہیں ہے، بلکہ منکرِ صحابیتِ صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ، قاذفِ

عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا، قائلِ تحریفِ قرآن کی تکفیر کی گئی ہے، اسی فتویٰ پر آپ کے اور تمام اساتذۂ دارُ العلوم کے دستخط ہیں۔

لکھنؤ جاتے ہوئے میں نے قصد کیا کہ دارالمبلغین (مولانا عبدالشکور لکھونی کے ادارہ) میں بھی تحقیق کروں، چنانچہ کی گئی، وہاں کوئی مخطوط فتویٰ تو ملا نہیں، مطبوعہ فتویٰ ملا، اس میں مولانا ریاض الدین صاحب کے دستخط سے بعینہٖ وہی عبارت مطبوعہ ہے، جو یہاں دارالافتاء میں 19 صفر 1348ھ والے فتویٰ میں درج ہے، جس سے واضح ہے کہ یہاں کے اکابر نے جماعتی حیثیت سے فرقۂ شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر نہیں کی، صرف منکرینِ ضروریاتِ دین کی تکفیر کی ہے، ممکن ہے کہ عدالت میں یہی مطبوعہ فتویٰ آپ کو دکھلایا گیا ہو۔.....

والسلام۔ محمد طیب، از دیوبند، 19 / 01 / 1373ھ

فتویٰ جو یہاں دارالافتاء سے گیا ہے، ارسال ہے، جس میں صرف منکرِ قطعیات کی تکفیر کی گئی ہے، اگر کسی جگہ علی الاطلاق تکفیرِ شیعہ کی گئی ہو، تو وہ کوئی شخصی فتویٰ ہوگا، جماعتِ دیوبند کی ترجمانی نہ ہوگی، اور ضرور ہے کہ جماعت کے کسی بڑے عالم نے اس پر استدراک کیا ہوگا، اور اس کی تصحیح کردی ہوگی۔ محمد طیب۔

نقل مطابق اصل نمبر ۲۴۶، مورخہ ۱۹ صفر ۱۳۴۸ھ، آمدہ بنام مولوی عبدالسلام، ساکن لکھنؤ، متعلم دارالعلوم دیوبند۔

## سوال:

شیعہ اثنا عشری مسلمان ہیں، یا کافر، اور ان کے ساتھ مناکحت جائز، اور ان کا ذبیحہ حلال ہے، یا نہیں، ان کا چندہ مسجد میں لینا، اور ان کی نمازِ جنازہ پڑھنا جائز ہے، یا نہیں؟

## الجواب:

شیعوں کا فرقہ جو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا منکر، حضرت عائشہ

صدیقہ رضی اللہ عنہا کی قذف کریں، تہمت نعوذ باللہ لگائیں، کافر ہے۔

**قال العلامة الشامی :أو کان ینکر صحبة الصدیق، أو یقذف السیدة الصدیقة فهو کافر لمخالفته القواطع المعلومة من الدین بالضرورة.**

جو کلامُ اللہ کی تحریف کا قائل ہو، وہ مرتد ہے، کافر ہے، اہلِ کتاب بھی نہیں، ان سے مناکحت اور تعلقات رکھنا حرام ہے۔

حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**"لا تجد قوما یؤمنون باللّٰه والیوم الآخر یوادون من حاد اللّٰه ورسوله ولو کانوا آبائهم أو أبنائهم أو إخوانهم أو عشیرتهم."**

شادی اور غمی کی شرکت ہرگز نہ کی جائے، ایسے عقیدے کے شیعہ کافر ہی نہیں، بلکہ اکفر ہیں۔ فقط۔

نوٹ: یہ فتویٰ حضرت مفتی ریاض الدین صاحب کے زمانے کا ہے، رجسٹر نقلِ فتاویٰ پر کسی مفتی کے دستخط نہیں، نقل مطابق اصل ہے۔

یہ وہی فتویٰ ہے، جس پر مولانا ریاض الدین صاحب مرحوم، مولانا مرتضیٰ حسن صاحب مرحوم، مولانا اعزاز علی صاحب، مولانا مفتی مہدی حسن صاحب، قاضی مسعود احمد صاحب، مولانا محمد شفیع صاحب، مولانا رسول خان صاحب، مولانا عبدالسمیع صاحب، مولانا حسین احمد صاحب، مولانا شبیر احمد صاحب، مولانا سید اصغر حسین صاحب، احقر خاکسار محمد طیب، مولانا محمد ابراہیم صاحب وغیرہ حضرات کے دستخط ثبت ہیں۔ محمد طیب، ۱۹/۱/۱۳۷۳ھ

(ماہنامہ ''البلاغ'' کراچی، ص ۱۲۰۱ تا ۱۲۰۳ ''مفتیِ اعظم نمبر'' اشاعتِ خصوصی: جمادی الاخریٰ تا شعبان ۱۳۹۹ھ، مرتبہ: مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب، بعنوان ''معاصر علماء کے مکاتیب'' مکاتیب حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مدظلہٗ)

دارالعلوم دیوبند میں 1344ھ میں مولانا مفتی عزیز الرحمٰن عثمانی رحمۃ اللہ علیہ کے مستعفی

ہونے کے بعد قائم مقام مفتی کی حیثیت سے افتاء کی خدمت مولانا مسعود احمد دیوبندی کے سپرد کی گئی، جو حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن رحمہ اللہ کے داماد تھے، انہوں نے 1357ھ تک یہ خدمت انجام دی۔

اسی دوران 1347ھ کے اواخر میں اس منصب کے لئے باضابطہ طور پر مدرسہ عالیہ میرٹھ سے مولانا ریاض الدین بجنوری (المتوفیٰ: 1366ھ) کو طلب کیا گیا اور وہ 1350ھ کے اوائل تک اس منصب پر فائز رہے، کم وبیش دو سال کی اس مدت میں دارالافتاء سے تقریباً سات ہزار استفتاءات کے جوابات لکھے گئے۔

صفر 1350ھ میں مولانا مفتی ریاض الدین صاحب بجنوری رحمہ اللہ کو شعبہ تدریس میں منتقل کردیا گیا۔

مولانا مفتی ریاض الدین صاحب کے زمانہ میں حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ، دارالعلوم دیوبند میں ''درجہ علیا'' میں تدریسی خدمات سرانجام دیتے تھے۔

1350ھ میں مولانا مفتی ریاض الدین صاحب کی جگہ، حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کو، دارالعلوم دیوبند کے دارالافتاء کا باضابطہ صدر مفتی مقرر کردیا گیا۔

معلوم ہوا کہ جس طرح حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ نے شیعہ واثنا عشری کی علی الاطلاق تکفیر سے اختلاف کیا، اسی طرح حضرت قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ نے بھی اختلاف کیا، اور یہ صاف فرمادیا کہ جو فتویٰ دارالعلوم دیوبند سے جاری کیا گیا تھا، اس میں علی الاطلاق تکفیر نہیں کی گئی تھی، جس طرح مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے کی تھی، اور اگر کسی فتوے میں علی الاطلاق تکفیرِ شیعہ کی گئی ہو، تو وہ شخصی فتویٰ ہوگا، جماعتِ دیوبند کی ترجمانی نہ ہوگی۔

اور یہ بھی معلوم ہوا کہ قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ نے اس وقت مولانا عبدالشکور لکھنوی کے دارالمبلغین میں بھی تحقیق کی تھی، وہاں بھی مولانا ریاض الدین صاحب کے دستخط سے بعینہٖ وہی فتویٰ موصول ہوا تھا، جو دراصل دارالعلوم دیوبند سے جاری ہوا تھا، وہاں سے بھی شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر کا دارالعلوم دیوبند سے جاری شدہ فتوے کا سراغ نہیں مل سکا تھا، جس

سے یہ قضیہ پوری طرح صاف ہوگیا۔

پھر اسی فتوے کو شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر کے لئے استعمال کرنا، یا اس سے شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر کا حکم نکالنا، کیسے درست ہوسکتا ہے، یہ تو ''مدعی سست گواہ چست'' والا معاملہ ہوگا۔

## مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب کا حوالہ

حضرت مفتیِ اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کے فرزند، اور وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سابق ''سرپرستِ اعلیٰ'' مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب رحمہ اللہ اپنے ایک مضمون میں فرماتے ہیں کہ:

''(ختمِ نبوت کی پہلی) تحریک ختم ہونے کے بعد (پاکستانی) حکومت نے جسٹس محمد منیر صاحب کی سربراہی میں ایک تحقیقاتی کمیشن بنایا، اس کی داستان بھی سن لیجیے، بڑی سبق آموز ہے۔

بنیادی طور پر تو یہ کمیشن اس تحریک کے اسباب کا جائزہ لینے کے لیے قائم کیا گیا تھا، لیکن چونکہ یہ کمیشن انہی لوگوں کی طرف سے بنایا گیا تھا، جو اسلامی دستور سازی کے مخالف تھے، اس لیے اس کمیشن نے دوسرے رُخ پر کام کرنا شروع کردیا۔

کسی مسجد کے امام صاحب کو بلاتے، پوچھتے کہ آپ کا کیا مطالبہ ہے؟ وہ کہتے کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا جائے، اس پر وہ کہتے کہ اچھا یہ بتاؤ، مسلمان کس کو کہتے ہیں؟ جواب میں اگر وہ کہتا کہ مسلمان وہ ہوتا ہے، جو اللہ، رسول کو مانتا ہو، صحابۂ کرام اور ائمہ مجتہدین کو مانتا ہو، تو یہ فوراً سوال کرتے کہ شیعہ، صحابۂ کرام کو نہیں مانتے، بتاؤ! وہ مسلمان ہیں کہ نہیں؟! کسی سے یہ کہتے کہ غیر مقلدین، ائمہ مجتہدین کو نہیں مانتے، بتاؤ! وہ مسلمان ہیں کہ نہیں!!

مساجد کے ائمہ عام طور پر مستند عالمِ دین نہیں ہوتے، اور نہ ہی ان کی علمی سطح زیادہ بلند ہوتی ہے، ایسے سوالات کے جوابات میں وہ الجھ جاتے ہیں، خصوصاً ایسے

لوگوں کو بلانے کی کوشش کی گئی، جن کے بارے میں یہ اندازہ ہوتا کہ وہ جواب نہیں دے سکیں گے، شیعوں اور غیر مقلدین کے بارے میں یہ سوالات اس لیے کیے گئے کہ اس طرح ان مسلمان فرقوں کے درمیان پھوٹ ڈالی جائے، جنہوں نے مل کر قادیانیوں کے خلاف تحریک چلائی تھی، اور یہ بات میں پیچھے بتا چکا ہوں کہ اس تحریک میں تمام مسلمان فرقوں، شیعہ، سنی، بریلوی، غیر مقلدین سب نے مل کر حصہ لیا تھا۔

**والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحقیقاتی کمیشن کے سامنے:**

ایک روز والد (یعنی مولانا مفتی محمد شفیع) صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو بھی بلالیا، اور ان سے بھی یہی سوال کیا کہ مسلمان کسے کہتے ہیں؟ والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اس سوال کا جواب دینا اصولی طور پر میرے ذمّے نہیں، کیوں کہ مسلمان ہونا بدیہی چیز ہے، دنیا جانتی ہے کہ کون مسلمان ہے اور کون مسلمان نہیں، اور بدیہی چیزوں کا جواب نہیں دیا جاتا۔

مزید فرمایا کہ اگرچہ اصولی طور پر میرے ذمّے آپ کے سوال کا جواب نہیں، لیکن تبرعاً (بطورِ احسان) آپ کے سوال کا جواب دے دیتا ہوں، پھر وہ جواب دیا، جو مستند کتابوں میں موجود ہے کہ:

''جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اُن تعلیمات پر ایمان رکھتا ہو، جو ضروریاتِ دین میں سے ہیں، وہ مسلمان ہے، اور جو شخص ان ضروریاتِ دین میں سے کسی کا انکار کرے گا، وہ کافر ہے''۔

ضروریاتِ دین کا مطلب یہ ہے کہ وہ چیز جس کا دین میں سے ہونا قطعی طور پر معلوم ہو، اور شہرتِ عام تک پہنچ چکا ہو، حتیٰ کہ عوام کو بھی معلوم ہو کہ یہ چیز، دینِ اسلام کا حصہ ہے۔

ختمِ نبوت کا عقیدہ ضروریاتِ دین میں سے ہے، لہٰذا اس کا منکر دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔

اس پر انہوں نے سوال کیا کہ آپ نے تو شیعہ کے کافر ہونے کا فتویٰ دے رکھا ہے؟ والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ہم نے شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر کا فتویٰ نہیں دے رکھا، اس پر انہوں نے اپنی فائل سے ایک فتویٰ نکال کر والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو دکھایا کہ فلاں سن میں جب آپ دارُالعلوم دیوبند میں مفتی تھے، وہاں ایک جگہ (یعنی دارالمبلغین، لکھنؤ) سے شیعوں کے کفر کا فتویٰ آیا تھا، آپ نے اس کی تصدیق کی تھی، یہ ہے وہ فتویٰ۔

والد صاحب نے فرمایا کہ میرا نام تو جعلی طور پر ذکر کیا گیا ہے، اور جن دوسرے علماء کے نام درج ہیں، میری معلومات کی حد تک ان کا یہ موقف نہیں۔

وہاں سے واپس آ کر والد صاحب نے فوراً دارالعلوم دیوبند کے مہتمم قاری محمد طیب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو خط لکھا کہ صحیح صورتِ حال واضح فرمائیں، کچھ روز بعد ان کا خط آیا کہ میں سفر پر تھا، واپسی پر مجھے یہ خط ملا، میں سیدھا دارالافتاء چلا گیا، اور پوری تحقیق کے بعد یہ لکھ رہا ہوں کہ دارالعلوم دیوبند سے اثنا عشری شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر کا فتویٰ کبھی جاری نہیں ہوا، یہ خط و کتابت درج ذیل ہے۔

خط و کتابت حضرت والد ماجد و حضرت قاری محمد طیب صاحب رحمۃ اللہ علیہما

بابت تکفیرِ شیعہ و فتویٰ دارالعلوم دیوبند

”مخدوم برادارن زید معالیہم

سلام مسنون نیاز مقرون۔

گرامی نامہ نے مشرف فرمایا، میں بمبئی گیا ہوا تھا، واپسی پر والا نامہ سے مشرف ہوا، آتے ہی لکھنؤ کا سفر پیش آ گیا، کل وہاں سے واپسی ہوئی ہے، آج کلکٹر صاحب ضلع سہارنپور دارالعلوم میں آ رہے ہیں، ان کو چائے پر مدعو کر دیا ہے، اس

لیے جواب میں تاخیر ہوئی۔

تکفیرِ شیعہ کے بارہ میں جیسا کہ آپ نے تحریر فرمایا ہے، تمام جماعت کا مسلک یہی ہے کہ علی الاطلاق فرقۂ شیعہ کی تکفیر یہاں سے کبھی نہیں کی گئی، بلکہ صرف انہی شیعوں کی تکفیر کی گئی ہے، جو قطعیات اور ضروریاتِ دین کے منکر ہیں۔

میں نے آپ کے تحریر فرمانے پر دارالافتاء میں جا کر فتویٰ تلاش کیا، تو 19 صفر 48 ہجری میں مولانا ریاض الدین صاحب کا فتویٰ، رجسٹر میں درج نکلا، اس میں پورے فرقہ کی تکفیر نہیں ہے، بلکہ منکرِ صحابیتِ صدیقِ اکبر، قاذفِ صدیقہ رضی اللہ عنہا، قائلِ تحریف قرآن کی تکفیر کی گئی ہے، اسی فتویٰ پر آپ کے اور تمام اساتذۂ دارالعلوم کے دستخط ہیں، لکھنؤ جاتے ہوئے میں نے قصد کیا کہ دارالمبلغین میں بھی تحقیق کروں، چنانچہ کی گئی، وہاں کوئی مخطوط فتویٰ تو نہیں ملا، مطبوعہ فتویٰ ملا، اس میں مولانا ریاض الدین صاحب کے دستخط سے بعینہٖ وہی عبارت مطبوعہ، جو یہاں دارالافتاء میں 19 صفر 48 ہجری والے فتویٰ میں درج ہے، جس سے واضح ہے کہ یہاں کے اکابر نے جماعتی حیثیت سے فرقۂ شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر نہیں کی، صرف منکرینِ ضروریاتِ دین کی تکفیر کی ہے، ممکن ہے کہ عدالت میں یہی مطبوعہ فتویٰ آپ کو دکھلایا گیا ہو۔

یہاں بحمد اللہ خیریت ہے، آپ حضرات کی یاد دلوں سے گئی نہیں ہے، اور نہ جانے والی ہے، بلاشبہ یہی حال ادھر بھی ہے۔ وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرًا۔

ہم سب دعاء کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان دونوں حکومتوں میں اعتمادِ باہمی پیدا فرمائے، اور تمام مشکل اور پیچیدہ مسائل حل ہو جائیں، اور دونوں جگہ کی پبلک ایک دوسرے سے مل سکے، آمد و رفت اب بھی جاری ہے، خدا کرے کہ اس میں مزید سہولتیں ہو جائیں، آپ بھی ارادہ فرمائیں، کل میاں مستحسن صاحب فاروقی کے ساتھ مولوی ظہور احمد صاحب نے میری بھی دعوت کی تھی، آپ ہی کے مکان

سے متصل منشی بشیر احمد صاحب مرحوم کے مکان میں کھانا کھلایا، مکان دیکھ کر مکینوں کی یاد تازہ ہوگئی، اور دیر تک اس تصور میں استغراق رہا، اور وکنا کندمانی جذیمة کا منظر آنکھوں کے سامنے پھرتا رہا، امید ہے کہ آپ کا مزاج بعافیت ہوگا، خلیفہ جی سے جب ملاقات ہو، تو سلام فرمادیں، گھر میں سب کو سلام ودعاء۔

والسلام۔ محمد طیب از دیوبند ۱۸/۱/۱۳۷۳ھ

فتویٰ جو یہاں دارالافتاء سے گیا ہے، ارسال ہے، جس میں صرف منکرِ قطعیات کی تکفیر کی گئی ہے، اگر کسی جگہ علی الاطلاق تکفیرِ شیعہ کی گئی ہو، تو وہ کوئی شخصی فتویٰ ہوگا، جماعتِ دیوبند کی ترجمانی نہ ہوگی، اور ضرور ہے کہ جماعت کے کسی بڑے عالم نے اس پر استدراک کیا ہوگا، اور اس کی تصحیح کردی ہوگی۔ محمد طیب۔

دستورِ قرآنی سے استفادہ کیا، آپ نے تو دریاؤں کو کوزہ میں بند کردیا ہے، اور سمندروں کی تہ میں سے ذخائر نکال کر پیش کیے ہیں۔

اللہ تعالیٰ جزائے خیر اور اجرِ جزیل عطاء فرمائے۔ آمین۔

نقل مطابق اصل ۲۴۶ مؤرخہ ۱۹/صفر/ ۴۸ھ آمدہ بنام مولوی عبدالسلام ساکن لکھنؤ، متعلم دارالعلوم دیوبند۔

## دارالعلوم دیوبند کا فتویٰ

سوال: شیعہ اثناعشری مسلمان ہیں، یا کافر، اور ان کے ساتھ مناکحت جائز اور ان کا ذبیحہ حلال ہے، یا نہیں، ان کا چندہ مسجد میں لینا اور ان کی نمازِ جنازہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب: شیعوں کا فرقہ جو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا منکر، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی قذف کریں، تہمت نعوذ باللہ لگائیں، کافر ہے۔

**قال العلامة الشامی: أو کان ینکر صحبة الصدیق أو یقذف السیدة الصدیقة رضی اللّٰہ عنها فهو کافر لمخالفته القواطع المعلومة من الدین بالضرورة.**

جو کلامُ اللہ کی تحریف کا قائل ہو، وہ مرتد ہے کافر ہے، اہلِ کتاب بھی نہیں، ان سے مناکحت اور تعلقات رکھنا حرام ہیں، حق تعالیٰ کا ارشاد ہے:

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَادُّوْنَ مَنْ حَادَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ.

شادی اور غمی جنازہ کی شرکت ہرگز نہ کی جاوے، ایسے عقیدہ کے شیعہ کافر ہی نہیں بلکہ اکفر۔ فقط۔

(نوٹ) یہ فتویٰ حضرت مفتی ریاض الدین صاحب کے زمانہ کا ہے، رجسٹر نقل فتاویٰ پر کسی مفتی کے دستخط نہیں، نقل مطابق اصل ہے۔

یہ وہی فتویٰ ہے، جس پر مولانا ریاض الدین صاحب مرحوم، مولانا مرتضیٰ حسن صاحب مرحوم، مولانا اعزاز علی صاحب، مولانا مفتی مہدی حسن صاحب، قاضی مسعود احمد صاحب، مولانا محمد شفیع صاحب، مولانا رسول خان صاحب، مولانا عبدالسمیع صاحب، مولانا حسین احمد صاحب، مولانا شبیر احمد صاحب، مولانا سید اصغر حسین صاحب، احقر خاکسار محمد طیب، مولانا محمد ابراہیم صاحب وغیرہ حضرات کے دستخط ثبت ہیں۔ محمد طیب ۱۹/۱/۷۳"

## دارُالمبلغین کا فتویٰ:

انڈیا کے شہر لکھنؤ میں ایک دینی ادارہ دارُالمبلّغین کے نام سے تھا، جس کے بڑے حضرت مولانا عبدالشکور لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ تھے، آپ شیعوں کے سخت مخالف تھے، اور مخالفت کی ایک وجہ یہ تھی کہ وہاں شیعہ بہت تھے، اور انہوں نے حرکتیں بھی بہت زیادہ کر رکھی تھیں، حتیٰ کہ تبرّا بازی بھی کرتے تھے، ان کے مقابلے میں سنی حضرات، مدحِ صحابہ کے جلسے کیا کرتے تھے۔

دارالمبلّغین کے علمائے کرام نے ایک فتویٰ جاری فرمایا، جس میں شیعوں کے کفریات نقل کر کے ان پر علی الاطلاق کفر کا فتویٰ لگایا گیا۔

لکھنؤ میں ایک اور بہت بڑے عالمِ دین تھے، مولانا عبدالماجد دریابادی رحمۃ اللہ علیہ، آپ نے بیعت تو شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھ پر کی تھی، لیکن اصلاحی تعلق حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ سے تھا، اگرچہ انہوں نے حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت کی درخواست کی تھی، لیکن حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ آپ بیعت تو حضرت مدنی رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھ پر کریں، البتہ اصلاحی تعلق مجھ سے رکھنا چاہیں، تو رکھ لیں، چنانچہ آپ اسی ترتیب پر عمل کر رہے تھے۔

جب یہ فتویٰ مولانا عبدالماجد دریابادی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آیا، تو اس پر ان کو طرح طرح کے اشکالات پیش آئے، انہوں نے یہ فتویٰ اور اس پر اپنے اعتراضات لکھ کر حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں بھیجے، حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس میں مولانا عبدالماجد دریابادی رحمۃ اللہ علیہ کے ہر اعتراض کا جواب دیا (یہ پوری خط و کتابت اور فتویٰ کی نقل امدادُ الفتاویٰ میں شائع ہو چکی ہے) البتہ آخر میں یہ لکھا کہ یہ جواب فتویٰ مذکورہ پر شبہات کا جواب ہے، خود فتویٰ نہیں ہے، البتہ میری تحقیق اس بارے میں یہ ہے کہ اگر کسی خاص شخص، یا گروہ کے متعلق حکم بالکفر میں تردد ہو، تو اس کے بارے میں احتیاط پر عمل کیا جائے کہ نہ کفر کا حکم کیا جائے اور نہ اسلام کا، کفر کا حکم لگانے میں اپنے معاملات میں بے احتیاطی ہے، اور اسلام کا حکم لگانے میں دوسرے مسلمانوں کے اعتبار سے بے احتیاطی ہے، پس دونوں احتیاطوں کو جمع کیا جائے گا، یعنی نہ تو اس سے عقدِ نکاح کی اجازت دیں گے، نہ ان کا ذبیحہ کھائیں، اور نہ ان پر کفر کا حکم جاری کریں گے۔

بعض لوگوں نے حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی پوری عبارت نہیں پڑھی، صرف مولانا عبدالماجد دریابادی رحمۃ اللہ علیہ کے اعتراضات اور ان کے جوابات تک

پڑھا، اور یہ سمجھ بیٹھے کہ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی رائے بھی یہی ہے کہ شیعہ مطلق کافر ہیں۔

چنانچہ میں ایک مرتبہ لاہور میں ایک جلسے میں شریک تھا، سٹیج پر میرے ساتھ ایک بڑے عالمِ دین تشریف فرما تھے، مجھے کہنے لگے کہ مولوی صاحب! شیعہ کو مطلقاً کافر تو آپ کو بھی ماننا پڑے گا، کیونکہ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی شیعوں کے مطلق کافر ہونے کا فتویٰ دے رکھا ہے، جو امداد الفتاویٰ میں موجود ہے میں نے کہا حضرت! میں نے پوری امداد الفتاویٰ کا مطالعہ کیا ہوا ہے، مجھے کہیں یہ بات نہیں ملی، لیکن آپ کہہ رہے ہیں، تو میں دوبارہ بھی جا کر دیکھوں گا، یہاں آ کر دوبارہ دیکھا، تو وہی بات ملی کہ پہلے مولانا عبدالماجد دریابادی رحمۃ اللہ علیہ کے اعتراضات اور ان کے جوابات دیئے گئے، پھر حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی رائے ذکر فرمائی، جو اوپر بیان ہوئی۔

یہ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا معتدل فتویٰ ہے، اور ہمارے بزرگوں کا بھی فتویٰ یہی چلا آ رہا ہے۔

دار المبلغین (لکھنؤ) کا فتویٰ دار العلوم دیوبند میں بھی پہنچا، اس وقت مفتی صدر الدین رحمۃ اللہ علیہ، وہاں کے صدر مفتی تھے (اس وقت تک والد صاحب دار العلوم دیوبند کے مفتی نہیں ہوئے تھے، بعد میں مفتی ہوئے) انہوں نے ان کفریات کے بارے میں اتنا لکھا تھا کہ ''جن کا یہ عقیدہ ہے، وہ کافر ہیں'' یعنی علی الاطلاق کفر کا فتویٰ نہیں دیا، بلکہ یہ لکھا کہ جن شیعوں کے عقائد کفریہ ہیں، وہ کافر ہیں۔

اسّی (۸۰) کی دہائی میں جب پاکستان میں شیعوں کی تکفیر کا مسئلہ چل رہا تھا، میرا ہندوستان کا سفر ہوا، دار العلوم دیوبند بھی حاضری ہوئی، اور حضرت مفتی محمود حسن گنگوہی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں بھی حاضر ہوا، حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اس وقت دار العلوم دیوبند کے صدر مفتی تھے، والد صاحب رحمۃ اللہ

علیہ کے خاص شاگردوں میں سے ہیں، ''فتاویٰ محمودیہ'' انہی کے ہیں، جو تقریباً ۲۰ جلدوں میں شائع ہو چکے ہیں، میں نے ان سے عرض کیا کہ اس وقت پاکستان میں شیعوں کی تکفیر کا مسئلہ چل رہا ہے، دارالمبلغین کے فتویٰ پر دارالعلوم دیوبند کا جواب بذریعہ ڈاک تو ہمیں والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی حیات ہی میں مل گیا تھا۔ اب جی چاہ رہا ہے کہ اصل ریکارڈ دیکھ لوں۔

انہوں نے فوراً ریکارڈ منگوایا، اور پھر ریکارڈ سے فتویٰ نکلوا کر ہمیں دکھایا، غالباً یہ ۱۳۴۸ھ کا فتویٰ تھا، اس پر مفتی صدرالدین صاحب کی لکھی ہوئی یہ عبارت مل گئی کہ جن شیعوں کے یہ کفریہ عقائد ہوں، وہ کافر ہیں۔

یعنی دارالمبلغین (لکھنؤ) نے تو یہ فتویٰ دیا تھا کہ شیعہ مطلقاً کافر ہیں، کیونکہ ان کے یہ کفریہ عقیدے ہیں۔

جبکہ دارالعلوم دیوبند نے اس فتویٰ کی مطلقاً تصدیق کرنے کے بجائے یہ لکھا کہ جن کے یہ عقیدے ہوں، وہ کافر ہیں۔

یہ وہی بات ہے جو ہمارے بزرگ اب تک کہتے چلے آرہے ہیں کہ جو شیعہ ضروریاتِ دین میں سے کسی کے منکر ہوں، وہ کافر ہیں، مثلاً الوہیتِ علی کے قائل ہوں، تحریفِ قرآن کے قائل ہوں، افکِ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو صحیح سمجھتے ہوں، وہ کافر ہیں۔

غرض یہ کہ پاکستان میں ۱۹۵۳ء میں جو تحریک ختمِ نبوت انتہائی شدومد اور قوت سے چلائی گئی تھی، اسے تحقیقاتی کمیشن کے ذریعے مزید الجھانے کی کوشش کی گئی، قادیانی لابی کی طرف سے یہ ثابت کرنے کی کوشش میں لگ گئی کہ ''جو لوگ ہماری تکفیر کرتے ہیں، یہ شیعوں کو بھی کافر کہتے ہیں'' تاکہ اس کے ذریعہ قادیانیوں کے غیر مسلم اقلیت قرار دینے کے مطالبے کو کمزور کیا جائے، اور ایک نیا مسئلہ شیعہ کی

تکفیر کا ملک میں چھیڑ دیا جائے (پاکستان کے قیام، دستور سازی اور اسلامی نظامی کی ترویج میں ہمارے اکابر کا کردار اور طریقۂ کار، ج ا ص ۸۸ تا ۹۶، بنیادی اصولوں کی کمیٹی، مطبوعہ: مکتبہ دارالعلوم کراچی، تاریخِ طبع: دسمبر 2019ء)

مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب اپنے مذکورہ مضمون میں ہی مزید فرماتے ہیں کہ:

شیعوں کے علی الاطلاق کفر کا فتویٰ، سب سے پہلے دارُالمبلغین (لکھنؤ) کے مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے دیا تھا، اس کی تفصیلات پیچھے بیان ہو چکی ہیں۔

اس کے بعد مولانا محمد منظور نعمانی صاحب رحمہ اللہ نے ایک مفصل کتاب لکھی:

''ایرانی انقلاب'' مولانا منظور احمد نعمانی صاحب رحمہ اللہ نے شیعوں کی اطلاقاً تکفیر نہیں کی، بلکہ ان کے حالات لکھے کہ ان کے عقیدے ایسے ایسے ہیں، تحریفِ قرآن کے قائل ہیں، اور اس پر زور لگایا کہ تحریفِ قرآن کا عقیدہ شیعوں کا متفقہ عقیدہ ہے۔

میں نے اس کتاب کے ایک ایک حرف کا بغور مطالعہ کیا اور مطالعہ کرنے کے بعد میں اس نتیجے پر پہنچا کہ اب ہمارے لیے شیعوں کے علی الاطلاق کفر کا فتویٰ دینا جائز نہیں رہا، کیونکہ مولانا منظور احمد نعمانی صاحب نے ایک بات یہ لکھ دی کہ گزشتہ سو سال سے تحریفِ قرآن کے بارے میں شیعوں نے ''تقیہ'' کی پالیسی اختیار کر رکھی ہے، یعنی وہ کہتے ہیں کہ ہم تحریفِ قرآن کے قائل نہیں، مگر عقیدہ ان کا تحریفِ قرآن ہی کا ہے، جس کے دلائل ہم پیچھے ذکر کر چکے ہیں۔

مولانا منظور نعمانی صاحب رحمہ اللہ کی اس بات کی وجہ سے شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر اس لیے جائز نہیں، کیونکہ ہم صرف ظاہر کے مکلّف ہیں، ظاہر میں اگر کوئی شخص کفر نہیں کرتا، اپنے کفریہ عقائد کا اظہار نہیں کرتا، اور کلمہ طیبہ پڑھ رہا ہے، تو اس کی تکفیر کیسے جائز ہوگی۔

مسلم شریف میں حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا واقعہ تفصیل سے لکھا ہوا ہے

کہ ایک جنگ میں انہوں نے ایک کافر کو دیکھا کہ وہ مسلمانوں کو مسلسل نقصان پہنچا رہا ہے، حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ اس کی تاک میں لگ گئے، یہاں تک کہ اسے قتل کرنے کے قریب پہنچ گئے، جب اس نے حضرت اسامہ کو دیکھا، تو کہہ دیا ''لا الٰہ الا اللّٰہ'' حضرت اسامہ نے یہ سوچا کہ یہ صرف جان بچانے کے لیے کلمہ پڑھ رہا ہے، اندر سے کفریہ عقائد رکھتا ہے، اس لیے قتل کر دیا۔

جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ساری تفصیل ذکر کی گئی، تو آپ نے ناراض ہو کر فرمایا کہ تم نے اسے کیسے قتل کر دیا، جبکہ وہ ''لا الٰہ الا اللّٰہ'' پڑھ چکا تھا؟ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! اس نے صرف جان بچانے کے لیے پڑھا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تو نے اس کا دِل چیر کر دیکھا تھا، اور پھر فرمایا کہ تم اس وقت کیا کرو گے، جب یہ کلمہ تمہارے سامنے قیامت کے دن آئے گا؟ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد سن کر مجھے اتنا دکھ ہوا کہ میں یہ تمنا کرنے لگا کہ کاش! میں آج سے پہلے مسلمان ہی نہ ہوا ہوتا۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر شیعہ ظاہر میں کفر نہیں کرتے، تو ہمارے لیے ان پر کفر کا فتویٰ لگانا جائز نہیں۔

ضیاء الحق صاحب کے زمانے میں ہماری شیعہ علماء سے ملاقات رہتی تھی، کبھی ائیر پورٹ پر، کبھی اجلاس وغیرہ میں، وہ سبھی یہ کہتے تھے کہ ہم تحریفِ قرآن کے قائل نہیں ہیں (ہم نے اپنے اساتذہ سے یہ سنا تھا کہ شیعوں کی کتاب ''الکافی'' ان کے نزدیک ایسی ہی ہے، جیسے ہمارے نزدیک بخاری شریف، اور الکافی میں جو کچھ لکھا ہے، وہ شیعوں کا مستند مذہب ہے) اس کی بنیاد پر ہم ان سے کہتے کہ تحریفِ قرآن کا عقیدہ تو آپ کی کتاب ''الکافی'' میں موجود ہے، تو وہ کہتے کہ یہ ہمارے ائمہ کی طرف تہمت ہے، یہ روایتیں غلط، بلکہ موضوع ہیں، ہم کہتے کہ

''الکافی'' تو آپ کے ہاں ایسی ہے، جیسے ہمارے ہاں بخاری شریف، تو وہ جواب دیتے کہ نہیں، ایسی بات نہیں، بس زیادہ سے زیادہ ایسی سمجھ لیں، جیسے آپ کے ہاں ابنِ ماجہ کہ اس میں بعض موضوع حدیثیں بھی ہیں۔

ان حالات میں ہم تکفیر کا فتویٰ کیسے دیتے؟ نتیجہ یہ تھا کہ ہم پریشان تھے کہ کیا کریں اور کیا نہ کریں؟ ہمارے پاس کسی مدرسے سے فون آتا کہ آج ہمارے ہاں تکفیرِ شیعہ کے مسئلہ پر غور ہو رہا ہے، آپ بھی تشریف لائیے، ہم کہتے کہ اتنا نازک مسئلہ ہے، اس پر اتنی جلد بازی سے کیسے ذمہ دارانہ بات کر سکتے ہیں، آپ دو تین دن مؤخر کر لیں، اور ہمیں مزید سوچنے کا موقع دیں، تو ہم حاضر ہونے کے لیے تیار ہیں، جواب ملتا کہ نہیں، ایسا تو نہیں ہو سکتا، کیونکہ سب کچھ پہلے سے طے ہے۔

تکفیرِ شیعہ کا مسئلہ پیچھے چلا گیا:

جب تک ضیاء الحق صاحب اقتدار میں رہے، شیعہ سنی مسئلہ عروج پر رہا، مسلمانوں کا کشت و خون ہوا، مالی نقصانات ہوئے اور نہ جانے کیا کیا قصے پیش آئے، جس کا اثر یہ ہوا کہ ضیاء الحق صاحب، جو اسلامی نظام کا کام اخلاص سے کر رہے تھے، وہ بہت پیچھے چلا گیا، لیکن جب ضیاء الحق صاحب کے بعد پیپلز پارٹی کی حکومت بنی، تو جس زمانے میں فاروق لغاری صاحب صدر تھے، اس وقت ''ملی یکجہتی کونسل'' قائم ہوئی، اس کونسل میں دیوبندی، بریلوی، اہلِ حدیث اور شیعہ سب شامل ہو گئے، تکفیرِ شیعہ کی تحریک چلانے والوں میں سے بعض رہنما بھی شامل ہو گئے، ان میں ایک بزرگ وہ بھی تھے، جو شیعوں کے اتنے مخالف تھے کہ کسی ایسے اجلاس میں شرکت نہیں کرتے تھے، جس میں شیعہ حضرات شریک ہوں، حتیٰ کہ صدر ضیاء الحق صاحب کی طرف سے بلائی گئی میٹنگ میں بھی اسی وجہ سے شریک نہیں ہوتے تھے کہ وہاں شیعہ ہوں گے۔

ایک مرتبہ ملی یکجہتی کونسل کا اجلاس جماعتِ اسلامی والوں نے بُلایا، اور خود کنوینئیر بن گئے، میرے پاس دعوت دینے کے لیے آئے، تو میں نے ان سے کہا کہ میرا مزاج یہ ہے کہ سیاسی جماعت خواہ ہمارے اپنے لوگوں کی ہی ہو، اگر ان کی میزبانی میں کوئی اجتماع ہو رہا ہو، تو میں شرکت نہیں کرتا، لہٰذا اس حالت میں تو میرے لیے شریک ہونا مشکل ہے، البتہ اگر تمام جماعتیں مل کر یہ اجتماع رکھیں، اور اجتماع نیوٹرل (غیر جانبدار) ہو، تو میں حاضر ہوں، انہوں نے میری گزارش قبول کر لی۔

میں جلسے میں چلا گیا، سٹیج پر میرے ساتھ شیعوں کے ایک بڑے عالم بیٹھے تھے، اور ان کے ساتھ وہ بزرگ بھی بیٹھے تھے، جنہوں نے اعلان کر رکھا تھا کہ میں کسی ایسے اجلاس اور جلسے میں نہیں جاؤں گا، جہاں شیعہ کافر موجود ہوگا، جب ان کے خطاب کی باری آئی، تو انہوں نے اپنی تقریر میں اتحاد کی باتیں کیں، اور کہا ہم منافق نہیں ہیں، جب ان سے ہمارا اختلاف تھا، تو ہم نے کھل کر اختلاف کیا، آج ہم نے ان سے دوستی کر لی، پھر اُس شیعہ عالم کا ہاتھ پکڑ کر اٹھایا، اور کہا یہ ہاتھ اب ٹوٹ سکتا ہے، چھوٹ نہیں سکتا۔

خلاصہ یہ کہ جب ضیاء الحق صاحب کا دور ختم ہوا، ایران عراق جنگ بھی ختم ہوگئی، تو اب تکفیرِ شیعہ کا فتویٰ بھی پیچھے چلا گیا، اور عمل تو شروع سے اس کے خلاف ہو رہا تھا۔

عراق پر امریکہ نے جو قبضہ کیا، وہ شیعہ، سنی جھگڑے کے راستے سے کیا، شیعہ سنی کو آپس میں لڑوایا، اور خود قبضہ کر لیا، پاکستان میں ان کی مسلسل یہ کوشش رہی کہ یہاں شیعہ، سنی اختلافات کی وجہ سے ملک کسی بڑے حادثے کا شکار ہو جائے، لیکن الحمد للہ، اللہ تعالیٰ نے پاکستان کی حفاظت فرمائی، اس زمانے میں بار بار غیر ملکی میڈیا کے لوگ میرے پاس آتے کہ اسلام کے بارے میں کچھ پوچھنا ہے، اور چھوٹتے ہی یہ سوال کرتے کہ شیعہ، سنی جھگڑے کی حقیقت کیا ہے؟ میں نے

کبھی ان کے سوال کا جواب نہیں دیا، بلکہ یہ کہا کہ یہ ہمارا اپنا اندرونی معاملہ ہے، بظاہر آپ اس طرح کے سوالات کے ذریعے مسلمانوں کو لڑانا چاہتے ہیں، ہم آپ کے سوالات کا جواب دینے سے معذرت خواہ ہیں۔

محرم میں امن وامان سے متعلق اجلاسات:

جس زمانے میں شیعوں کا مسئلہ چل رہا تھا، تو جب بھی محرم الحرام کا مہینہ آتا، تو ڈپٹی کمشنر، کمشنر اور کبھی گورنر، وزیرِ اعلیٰ صاحبان میٹنگ بلاتے تھے، اور بعض اوقات صدرِ مملکت بھی میٹنگ بلاتے تھے، ہم ان میں شرکت کرتے تھے، ان اجلاسات میں وہ عموماً یہی بات کرتے تھے کہ ہم کو امن وامان کا خیال رکھنا چاہیے، اور رواداری کا مظاہرہ کرنا چاہیے، وغیرہ وغیرہ۔

مجھے اپنے والد صاحب رحمہ اللہ کے واسطے سے مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمہ اللہ صاحب کا ایک نسخہ ملا تھا، انہوں نے ایسی ہی کسی حکومتی میٹنگ میں ایک بات کہی تھی، وہ یہ کہ ''جھگڑا ماننے سے نہیں ہوتا، بلکہ نہ ماننے کی وجہ سے ہوتا ہے'' ہم تو شیعہ حضرات کے تمام بزرگوں کو مانتے ہیں، حضرت علی، حضرت فاطمہ، حسن و حسین، حضرت عباس رضی اللہ عنہم سب کو اپنے سر کا تاج مانتے ہیں، ان کی محبت کو اپنا جزوِ ایمان سمجھتے ہیں، ان کی تعظیم ہمارے دلوں میں رچی بسی ہوئی ہے، لیکن شیعہ ہمارے سارے بزرگوں کو نہیں مانتے، حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کو برا بھلا کہتے ہیں، تو جھگڑا شیعوں کی طرف سے ہوتا ہے، ہماری طرف سے نہیں، لہٰذا امن وامان اور رواداری کی باتیں شیعوں کو سمجھانے کی ضرورت ہے، ہمیں نہیں۔

جب سے حضرت مولانا ادریس کاندھلوی صاحب رحمہ اللہ کا یہ نسخہ ہاتھ میں آیا، اس کے بعد سے میں یہ بات اجلاس میں کہہ دیا کرتا تھا، ایک اجلاس میں، جس میں گورنر صاحب اور وزیرِ مذہبی امور بھی تشریف رکھتے تھے، میں نے یہ بات ذرا

زیادہ زور دے کر کہی، اور اس کی وجہ یہ بھی تھی کہ ہماری حکومتوں کی طرف سے بھی یہ رویہ سامنے آتا رہا ہے کہ انہوں نے سنیوں کو دبانے کی ہمیشہ کوشش کی، لیکن شیعوں پر کم سے کم پابندیاں لگائی ہیں، میں نے کہا کہ دیکھیے! بات صاف ہے کہ ہم ان کے سارے بزرگوں کو مانتے ہیں، لیکن وہ ہمارے بزرگوں کو گالیاں دیتے ہیں، میں آپ سے صاف بات کہہ رہا ہوں کہ میرے بارے میں آپ لوگ کہتے ہیں کہ میں معتدل آدمی ہوں، لیکن میرے جذبات یہ ہیں (فتویٰ نہیں دے رہا) کہ اگر میرے سامنے کوئی شخص حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کو گالی دے گا، تو یا وہ زندہ رہے گا، یا میں زندہ رہوں گا، یہ چیز ہم برداشت نہیں کر سکتے، ہم لاکھ اپنے لوگوں کو سمجھائیں، لیکن جب تک آپ ان شیعوں پر پابندیاں نہیں لگائیں گے، حالات قابو میں نہیں آئیں گے، یہ باتیں سن کر اجلاس میں ایک سکتہ سا پیدا ہو گیا، تو اس طرح کی باتیں بھی ان اجلاسوں میں ہوتی تھیں۔

اب پھر عاشوراء آرہا ہے، اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے، مگر میں آپ سے کہتا ہوں کہ اُن کوتاہیوں کے باجود، جو حکومت سے اس مسئلے میں ہوتی ہیں، امن وامان ختم کرنے کا کوئی جواز نہیں، صبر سے کام لیں، جیسا کہ حدیث میں ہے:

فَاصْبِرُوا حَتَّى تَلْقَوْنِي عَلَى الْحَوْضِ

ترجمہ: صبر کرتے رہنا، یہاں تک کہ حوضِ کوثر پر مجھ سے آکر ملو (پاکستان کے قیام، دستور سازی اور اسلامی نظامی کی ترویج میں ہمارے اکابر کا کردار اور طریقۂ کار، ج ا ص ۲۲۰ تا ۲۲۴، بنیادی اصولوں کی کمیٹی، مطبوعہ: مکتبہ دار العلوم کراچی، تاریخِ طبع: دسمبر 2019ء)

## مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کا حوالہ

اور حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کے دوسرے فرزند، اور ”وفاق المدارس العربیہ،

پاکستان'' کے موجودہ صدر حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم فرماتے ہیں:

''شیعوں کا معاملہ یہ ہے کہ ان کے متعدد فرقے ہیں، جن کے عقائد بھی الگ الگ ہیں، اس لیے علمائے اہلِ سنت کے فتاویٰ، ان کے بارے میں مختلف رہے ہیں، زیادہ تر اسلافِ امت کا طریقہ یہ رہا ہے کہ ''من حیث المجموع'' تمام شیعوں پر کوئی حکم نہیں لگاتے، بلکہ ان کے عقائد پر حکم لگاتے ہیں کہ جو یہ عقیدہ رکھے گا، وہ کافر ہے، مثلاً جو یہ عقیدہ رکھے کہ حضرت جبریل علیہ السلام سے وحی لانے میں غلطی ہوئی تھی، تو وہ کافر ہے، یا جو یہ عقیدہ رکھے کہ قرآن میں تحریف ہوئی ہے، وہ کافر ہے، یا جو صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا انکار کرے، یا امُّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگائے، تو یہ سب عقائد رکھنے والے کافر ہوں گے، اس لیے کہ یہ امور، قطعیت کے ساتھ قرآن کریم کے اندر آ گئے ہیں۔

چونکہ یہ شیعہ فرقے پہلی صدی میں پیدا ہو چکے تھے، پھر رفتہ رفتہ بڑھتے بڑھتے زیادہ ہو گئے، تو ان کا یہ مسئلہ ہر دور میں رہا ہے، اور ہر دور میں علمائے امت کا یہ طریقۂ کار رہا ہے کہ بجائے بحیثیتِ مجموعی، پورے فرقہ پر فتویٰ لگانے کے، عقائد پر فتویٰ لگایا جائے کہ ان میں سے جو یہ عقیدہ رکھے گا، وہ کافر ہوگا، لیکن یہ نہیں کہا کہ سارے شیعہ کافر ہیں، اسی بناء پر بخاری شریف میں شیعہ راویوں کی تعداد بیسیوں ہیں، اور وہ بھی کٹر شیعہ ہیں، لیکن ان کے اوپر کفر کا فتویٰ نہیں لگایا، اس واسطے کہ ان سے عقائدِ کفریہ ثابت نہیں ہوئے تھے۔

اور اصولِ حدیث کے اندر یہ قاعدہ بیان کیا گیا ہے کہ جو مبتدع اپنی بدعت کی طرف دعوت دینے والا نہ ہو، اور اس سے کوئی جھوٹ بھی ثابت نہ ہو، تو اس کی روایت قابلِ قبول ہے۔

علامہ ابنِ تیمیہ رحمہ اللہ نے ''منہاجُ السنۃ'' تالیف فرمائی، اور ردِ شیعہ

میں اس سے بہتر شاید کوئی کتاب نہیں لکھی گئی، لیکن ساری تردید اور سب کچھ کرنے کے بعد، بحیثیتِ مجموعی تمام شیعوں پر کفر کا فتویٰ نہیں لگایا، بلکہ یہ کہا کہ جو یہ عقیدہ رکھے، وہ کافر ہے۔

ہمارے حضرات اکابرِ علمائے دیوبند کا بھی یہی طریقۂ کار رہا ہے، حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ، حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ اور حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ، ان سب کے فتاویٰ موجود ہیں، جن میں انہوں نے یہی طریقہ اختیار کیا ہے۔

بعض حضرات کا یہ موقف ہے کہ شیعہ اثنا عشری، لازمی تحریفِ قرآن کے قائل ہوتے ہیں، یعنی کوئی شیعہ اثنا عشری ایسا نہیں ہے، جو کہ تحریفِ قرآن کا قائل نہ ہو، اس لیے کہ ان کی کتابوں میں اس بات کی صراحت موجود ہے، اور ''اصولِ کافی'' میں تحریفِ قرآن کی روایتیں ہیں، اور ان کے جو دوسرے مآخذ ہیں، ان سب کے اندر تحریفِ قرآن کا عقیدہ موجود ہے، اور شیعہ اثنا عشری ان کتابوں کو مانتے ہیں، لہٰذا پھر اس میں کوئی شبہ نہیں کہ سب شیعہ اثنا عشری کافر ہیں۔

حضرت مولانا عبدالشکور صاحب لکھنوی رحمہ اللہ (المتولد: 1877ء، 1293ھ، المتوفیٰ: 1962ء، 1381ھ) نے یہ بات سب سے پہلے تفصیل کے ساتھ تحریر فرمائی، اور پھر اسی بات کو حضرت مولانا محمد منظور نعمانی رحمہ اللہ نے چلایا، اور اس کے نتیجہ کے طور پر یہ کہا کہ اب ہمیں اس میں احتیاط کی ضرورت نہیں ہے کہ ہم فرقے پر حکم نہ لگائیں، بلکہ عقائد پر حکم لگائیں، کیونکہ اب یہ بات مکمل طور پر ثابت ہوگئی ہے کہ تمام اثنا عشریہ، جن کتابوں کو مانتے ہیں، ان کتابوں میں تحریف موجود ہے، لہٰذا انہوں نے کہہ دیا کہ ہر شیعہ اثنا عشری کافر ہے۔

لیکن حضرت مولانا عبدالشکور صاحب رحمہ اللہ نے جس زمانے کے اندر یہ بات

تحریر فرمائی تھی، اور حضرات علمائے دیوبند کے پاس فتویٰ کے لیے بھیجی، تو بہت سے حضرات نے ان سے اتفاق کر کے اس فتویٰ پر دستخط فرمادیئے، لیکن بہت سے حضرات نے اس فتویٰ پر بعینہٖ دستخط نہیں فرمائے، بلکہ یہ بات لکھ دی کہ جو لوگ تحریف کے قائل ہیں، یا فلاں فلاں باتوں کے قائل ہیں، وہ کافر ہیں، گویا انہوں نے اسی موقف کو برقرار رکھا، جو شروع سے چلا آتا تھا، اور اپنے اوپر یہ ذمہ داری نہیں لی کہ ہم یہ کہیں کہ ہر شیعہ اثنا عشری ضرور، یہ عقائد رکھتا ہے'' (انعامُ الباری ، ج ۱، ص ۳۳۱ و ۳۳۲، کتاب الایمان، مطبوعہ: مکتبۃُ الحراء، کراچی)

اس زمانہ کے حضرات علمائے دیوبند کے دستخطوں اور آراء پر کلام پیچھے مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کے کتابچہ وفتوے کے ضمن میں گذر چکا ہے، جس سے یہ معلوم ہو چکا کہ اکثر حضرات کی رائے، اثناء عشری وغیرہ کی علی الاطلاق تکفیر کے بجائے، مشروط تکفیر کی تھی، اور جن حضرات نے اس فتوے پر دستخط فرمائے تھے، انہوں نے بھی مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کی اس رائے اور فتوے پر ہی دستخط فرمائے تھے، جس کی ذمہ داری مولانا موصوف پر تھی، جس کی تفصیل اسی فتوے پر حضرت تھانوی و مولانا دریابادی کی مکاتبت کے ذیل میں آگے آتی ہے، اور جب مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کے فتوے اور رائے کا جمہور مجتہدین کے برخلاف مرجوح ہونا ثابت ہو گیا، تو اس فتوے پر دستخط کنندہ حضرات کی بھی وہی حیثیت ثابت ہوگی۔

## مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کا دوسرا حوالہ

اور حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم ہی ایک فتوے میں تحریر فرماتے ہیں:

''چودہ سو سال میں علمائے اہلِ سنت کی اکثریت، شیعوں کو علی الاطلاق کافر کہنے کے بجائے، یہ کہتی آئی ہے کہ جو شیعہ ایسے کافرانہ عقائد رکھے، کافر ہے۔

اور یہی طریقہ بیشتر علمائے دیوبند کا بھی رہا ہے۔

اور چونکہ جمہور علماء کے اس طریقے میں کوئی تبدیلی لانے کے لیے کافی دلائل محقق نہیں ہوئے، اس لیے دارالعلوم کراچی، مفتیِ اعظم مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہٗ کے وقت سے اکابر کے اسی طریقے کے مطابق فتویٰ دیتا آیا ہے کہ جو شیعہ اِن کافرانہ عقائد کا قائل ہو، وہ کافر ہے، مگر علی الاطلاق ہر شیعہ کو خواہ اس کے عقائد کیسے بھی ہوں، کافر قرار دینے سے جمہور علمائے امت کے مسلک کے مطابق احتیاط کی ہے (فتاویٰ عثمانی، ج۱، ص۹۷، ۹۸، کتاب الایمان والعقائد، فصل فی الفرق والاحزاب الاسلامیة والباطلة والأشخاص المتعلقین بها، مطبوعہ: مکتبہ معارف القرآن کراچی، سنِ طباعت: جولائی 2006ء)

## مولانا مفتی محمد شفیع صاحب کے فتوے کا حوالہ

اس کے علاوہ حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کی طرف سے جو فتاویٰ، دارالعلوم دیوبند اور دارالعلوم کراچی کے ادوار میں جاری ہوئے، وہ بھی علی الاطلاق تکفیر کے نہیں ہیں، اور وہ طبع ہو چکے ہیں۔

چنانچہ حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ، دارالعلوم دیوبند کے مفتی ہونے کی حیثیت سے، اپنے فتاویٰ میں ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

> شیعوں میں اس قدر مختلف فرقے ہوئے ہیں اور ہیں کہ ہر ایک کے عقائد و خیالات کا احاطہ دشوار ہے، پھر ہر فرقے کی کتابیں مختلف خیالات واستدلالات سے پُر ہیں، اس لیے ہمارے اکابر نے بنظرِ احتیاط موجودہ شیعوں پر کوئی مستقل حکم کرنے سے اس وقت تک احتراز کیا ہے، جب تک اس کا خاص عقیدہ معلوم نہ ہو جاوے، خواہ تفصیلاً، یا یہ کہ ''میں ان تمام عقائد کا پابند ہوں، جو فلاں فرقے کی فلاں کتاب میں مذکور ہیں''۔

بغیر اس کے ہر شیعہ پر پچھلے شیعوں کی خرافات کو لازم کر دینا، یقیناً احتیاط کے خلاف ہے۔

شیعوں کی کتابوں میں تحریفِ قرآن کا عقیدہ بے شک مذکور ہے، مگر موجودہ ہر شیعہ پر بر بناءِ مذکور، یہ از خود لازم نہیں کیا جا سکتا، جب تک وہ اس کی تصریح نہ کرے۔

اور اگر وہ انکار کرتا ہے، خواہ تقیہ ہی سے سہی، تو ہمارے لیے چارہ نہیں کہ ہم اس کے قول و فعل کا اعتبار کریں، تقیہ و نفاق کا تعلق قلب سے ہے، اس کے ہم ذمہ دار نہیں۔

بناءً علیہ ہم تمام شیعوں پر حکم، کفر کا نہیں کر سکتے، ہاں جس کے متعلق تحقیق ہو جاوے کہ وہ تحریفِ قرآن کا قائل ہے، یا اور کسی امر کا ضروریاتِ دین اور قطعیات میں سے منکر ہے، تو اس کو کافر کہنے میں تامل نہیں۔

اب جو فرقہ ضروریاتِ دین کا منکر ہونے کی وجہ سے کافر ہے، وہ فرقِ اسلامیہ سے خارج ہے، اور جو ایسا نہیں، وہ ان بہتّر (72) فرقوں میں داخل ہے، جس کا ذکر حدیث میں ہے۔ واللّٰہ اعلم۔

بندہ محمد شفیع عفی عنہ۔ دارالعلوم دیوبند۔ ۱۶/۲/۱۳۶۱ھ۔ (فتوی نمبر ۷۰/۳)

(امداد المفتیین جامع، جلد ۱، ص ۵۶۳ و ۵۶۴، کتاب الایمان والعقائد، باب احکام الکفر، فصل فی الفرق الباطلة، مطبوعہ: ادارۃ المعارف کراچی، طبع جدید: اگست 2018ء)

اسی مندرجہ بالا تاریخ کو حضرت مفتی صاحب موصوف مذکور نے دارالعلوم دیوبند کے صدر مفتی ہونے کی حیثیت سے درجِ ذیل فتویٰ بھی جاری فرمایا:

**سوال نمبر ۱:** ..... جب قرآنِ کریم کی آیت سے ''یدخلون فی دین اللّٰہ أفواجاً'' سے ثابت ہے کہ صحابہ بکثرت تھے، لیکن چھ سات کے علاوہ (شیعہ) کسی کو مسلمان نہیں کہتے، قرآن شریف میں مہاجرین و انصار کی مدح

صاف موجود ہے، اور خلافتِ صدیقی و فاروقی کے حق میں صادق آنے والی آیات موجود ہیں، جن پر ایمان لانا اس وقت تک ممکن نہیں ہے، جب تک شیخین کو برحق نہ سمجھا جائے، درآں حالیکہ شیعوں میں ہر واقف و ناواقف یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ یہ شیخین ایسے ویسے تھے، تو کیا اس قسم کے عقیدے کو انکارِ قرآن کا مترادف نہ سمجھا جائے گا؟

**سوال نمبر ۲:**..... قطع نظر اس سے کہ کوئی ناواقف بالتصریح قرآن کو محرف نہ کہے، اور وہ تشریح و تفصیل کی استعداد بوجہ کم علمی رکھتا ہی نہ ہو، لیکن جب تمام صحابہ پر تبرّا کرے، تو کیا اس کو انکارِ قرآن نہ کہا جائے گا؟

**جواب سوال نمبر ۱:**..... مترادف بھی سمجھ لیں، تب بھی کفر کا حکم نہیں کر سکتے کہ دربارۂ تکفیر ''لزوم والتزام'' میں فرق ہے، جس پر کفر لازم آجاتا ہو، اس کو کافر نہیں کہا جاسکتا (جب تک) کہ وہ اس ''کفر'' کا خود ''التزام'' نہ کرے۔

**جواب سوال نمبر ۲:**..... ہرگز نہیں، فرق وہی ہے کہ اس سے انکارِ قرآن لازم آجاتا ہے، مگر وہ بلاواسطہ انکارِ قرآن کو تسلیم نہیں کرتا، اور حکمِ کفر سے بچنے کے لیے اتنا بھی کافی ہے۔ واللہ اعلم

بندہ محمد شفیع عفی عنہ۔ دارالعلوم دیوبند۔ ۱۶/۲/۱۳۶۱ھ۔ (فتوی نمبر ۷۰/۳)

(امداد المفتیین جامع، جلد ۱، صفحہ نمبر ۴۵۳ و ۴۵۴، بعنوان: تکفیر میں لزومِ کفر کا اعتبار نہیں، التزامِ کفر کا اعتبار ہے، کتاب الایمان و العقائد، باب احکام الکفر، فصل فیما یتعلق بالاحتیاط فی التکفیر، مطبوعۃ: ادارۃ المعارف کراچی، تاریخِ طبع: 2018ء)

مولانا مفتی ریاض الدین صاحب کا مورخہ 19 صفر 1348 ہجری کا تحریر کردہ، مذکورہ ومصدقہ فتویٰ، مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کے مندرجہ بالا دونوں فتاویٰ محررہ 1361ھ سے کئی سال قبل کا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ مولانا مفتی ریاض الدین صاحب

کے فتوے کے بعد بھی مفتی شفیع صاحب رحمہ اللہ کے صدر مفتی ہونے کے زمانہ تک دارالعلوم دیوبند کے مفتیان کا موقف وہی برقرار رہا، جس میں علی الاطلاق تکفیر کے قائلین کے مستدلات کی بھی تردید کی گئی۔

اس لئے مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کے حوالہ سے جو اس سے قبل دارالعلوم دیوبند کے 19 صفر 1348 ہجری کے فتوے کی بنیاد پر علی الاطلاق تکفیر کو شہرت دی گئی، وہ درست نہیں تھی۔

## حضرت مدنی اور حضرت گنگوہی صاحبان کا حوالہ

جہاں تک مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کا تعلق ہے، تو سابق حوالہ جات سے معلوم ہو چکا کہ انہوں نے بھی اسی فتوے پر دستخط کئے تھے، جس میں شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر نہیں کی گئی تھی، اور مولانا عبدالشکور لکھنوی، اور ان کی اتباع میں مولانا منظور نعمانی صاحبان نے علی الاطلاق تکفیر کے فتوے پر حضرت مدنی کے دستخط ہونے کا جو ذکر کیا ہے، وہ واقع کے مطابق نہیں، جس کی تائید حضرت مدنی کے اپنے ہاتھ سے تحریر کردہ ایک فتوے سے بھی ہوتی ہے۔

چنانچہ ''فتاویٰ شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی'' میں ایک سوال اور حضرت مولانا حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کی طرف سے، اس کا جواب درجِ ذیل ہے:

**سوال:** مولانا حسین علی صاحب علیہ الرحمۃ نے قرب وجوار کے جاہل پیروں، اور ان کے متبعین کو غلو فی الدرجات کی وجہ سے ''مشرکِ حقیقی'' کہا ہے، اس بارے میں کیا ارشاد ہے؟

**جواب:** ہم ان جہلاء (جن کو کافر کہا گیا ہے) کے کلام میں تاویل کرتے ہیں، اور حسنِ ظن کو ضروری سمجھتے ہیں، اور تکفیر کو حتی الوسع غیر ضروری قرار دیتے ہیں، یہ ایسا ہی ہے، جیسا کہ فقہائے متاخرین اور قدمائے اہلِ کلام کا اختلاف ہے۔

فقہائے متاخرین بہت سی جزئیات پر تکفیر کا فتویٰ صادر فرما دیتے ہیں، اور اہلِ

کلام کا مقالہ ہے ''لانکفر احدا من اھل البدعۃ ،ببدعۃ ''اوران کا اصول ہے کہ اگر کسی کے کلام میں سو(100)احتمالات ہیں،ننانوے(99)احتمالات، کفر کے نکلتے ہوں،اور ایک احتمال ایسا ہے،جس سے اس کا ایمان معلوم ہوتا ہے، تو اس کی تکفیر نہ کرنی چاہیے،اور احتمالِ ایمان کو ترجیح دینی چاہیے۔

حضرت گنگوہی قدس سرہٗ العزیز اپنے مکتوب ''انوارُ القلوب'' میں تحریر فرماتے ہیں کہ ''متقدمین اہلِ کلام کا ننانوے(99)احتمالات کو ذکر کرنا تحدیداً نہیں ہے، بلکہ تقریباً ہے،اگر ہزار احتمالات میں سے نوسوننانوے(999)احتمالات کفر کے ہوں، اور ایک احتمال ایمان کا ہو،تو اس کی بھی تکفیر نہ کرنی چاہیے،اس لیے وہ احتمالِ بلیغ عمل میں لاتے تھے''۔

میں نے خود حضرت گنگوہی قدس سرہٗ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ''جب سے میں نے مکتوب ''انوارُ القلوب'' لکھا ہے، اس وقت سے روافض کی تکفیر پر جرأت نہیں ہوتی ،اس پر حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب قدس سرہٗ نے فرمایا کہ ان کے ایمان پر بھی تو جرأت نہیں ہوتی،تو (حضرت گنگوہی نے )فرمایا کہ نہ ہو،مگر تکفیر نہ ہونی چاہیے (فتاویٰ شیخ الاسلام،صفحہ ۱۱۰ و ۱۱۱،بعنوان ''تکفیر میں احتیاط لازم ہے''جمعیۃ پبلیکیشنز،لاہور،اشاعتِ دوم:جولائی 2015ء)

''مکتوب انوارُ القلوب'' دراصل حضرت گنگوہی نے ''مولوی محمد حسین صاحب'' کے نام تحریر فرمایا تھا،اور اس کو حضرت گنگوہی کے خادمِ خاص مولانا محمد یحییٰ کاندھلوی صاحب نے حضرت گنگوہی کی حیات کے آخری دور میں ''لطائفِ رشیدیہ''میں طبع کرایا تھا،جس میں حضرت گنگوہی نے یہ تحریر کیا تھا کہ:

''حدیثِ بخاری میں ہے کہ جب بشفاعت وہ لوگ بھی نار (جہنم) سے نکالے گئے،جن کے حق میں یہ حکم تھا''من قال لااِلٰہ الا اللّٰہ، وفی قلبہ ادنیٰ من

خــردل ''تو فخرِ عالم علیہ السلام بعد اس کے شفاعت ان کی کریں گے، جو فقط ''لا الٰہ الا اللّٰہ '' کہنے والے تھے، تو حق تعالیٰ، ان کے باب میں شفاعت قبول نہ فرما کر خود ان کو افواہِ جنت پر ڈالیں گے، اور جب ماء الحیات سے وہ جلد مثلِ لؤلؤ ہو کر جنت میں داخل ہوئیں گے، تو ظاہر اس حدیث سے واضح ہے کہ یہ قوم ''لاالٰــہ الا اللّٰہ '' کہتی تھی، مگر کوئی درجہ خیر کا، ان کے قلب میں نہ تھا، اور تھا، تو ایسا تھا کہ کسی مخلوق کو معلوم نہ ہوتا تھا، تو ایسی جماعت بھی یک دفعہ درِ جنت پر پہنچی، تو یہ رجُل (آدمی) اس جماعت سے بھی ادنیٰ درجے میں تھا کہ جس کو اس تدریج سے جنت پر پہنچایا اور یہ تدریج ہی دلیل اس کی کمی مرتبے کی، اس قومِ آخر سے ہے، تو ایمان کا وہ درجہ کہ کسی ملک (فرشتہ) اور رسول کو بھی مفہوم نہ ہو، عنداللہ موجبِ نجات و معتبر ہے، پھر کسی مومن کو قطعی ناری کہنا اور کسی درجے ''مخفی ایمان'' کو حقارت کی نظر سے نہ دیکھنا چاہئے، اسی واسطے فقہائے امت علیہم الرحمۃ نے فرمایا کہ سو (100) وجوہ میں ایک وجہ بھی ایمان کی ہو سکے، تو تکفیر، مومن کی نہ کرنا چاہئے، تو یہ سو (100) درجہ فرمانا فقہاء کا تحدید نہیں، بلکہ تکثیر ہے، ہزار (1000) میں سے ایک وجہ ہو، جب بھی تکفیر نہ کرے کہ ایمان کی بہت بڑی عظمت ہے'' (مکتوب انوارُ القلوب، مشمولہ لطائفِ رشیدیہ، صفحہ ۲۸، مطبوعہ: بلالی سٹیم پریس، ساڈھورا، ضلع انبالہ، تاریخِ طبع ۱۳۳۱ھ)

ان حضراتِ اکابر کا اخلاص وتقویٰ، اور خوف وخشیت، اور تواضع وعاجزی بہت بلند تر تھی، جس کی بناء پر، ان کی طرف سے دین کے معاملات میں ہٹ دھرمی، اور ضد بازی کو جگہ نہیں دی جاتی تھی، وہ جب بھی اپنے کسی موقف میں اصلاح اور اس کے رجحان میں تبدیلی محسوس کرتے، فوراً اس پر عمل پیرا ہو جاتے تھے، اس میں لیت ولعل، اور تاخیری حربہ کو بھی استعمال نہیں فرماتے تھے، خواہ اس سے قبل وہ اس کے برخلاف موقف کیوں نہ اختیار و بیان

کرتے رہے ہوں، جس کی بناء پر اللہ نے ان کو وہ رفعت اور مقام عطاء فرمایا، جس کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔

حضرت گنگوہی کا یہی وہ مکتوب ہے، جس کو لکھنے کے بعد حضرت مدنی کی تصریح کے مطابق حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے روافض کی تکفیر پر جرأت نہ ہونے کا فیصلہ فرمایا تھا، اور اس کی بناء وہی اصول تھا کہ روافض میں ہزار وجوہ میں سے ایک وجہ بھی ایمان کا احتمال ہونے کی تکفیر کے لئے مانع ہے، اور اس باب میں انتہاء درجہ کی احتیاط کو اختیار کیا تھا، کیونکہ اگر کوئی اس تکفیر کا مستحق نہ ہوا، تو احادیث کی رو سے تکفیر کا وبال اپنی طرف لوٹ کر آتا ہے۔

اور حضرت گنگوہی نے جب اس اصول کو روافض کے حق میں موثر سمجھ لیا، تو اس کے مقابلہ میں کسی دوسرے صاحبِ علم کے اس اصول کو روافض کے حق میں موثر نہ سمجھنے سے حضرت گنگوہی اور حضرت مدنی کے مذکورہ موقف پر فرق نہیں پڑے گا۔

اور جب جمہور فقہائے کرام کی طرف سے روافض کی عدمِ تکفیر کی تصریح کو بھی ساتھ شامل کرلیا جائے، تو پھر عدمِ تکفیر کا معاملہ مزید مضبوط ہوجاتا ہے۔

مزید براں یہ کہ فقہائے کرام نے ایک شخص کی تکفیر کے متعلق بھی اس اصول کو موثر سمجھا ہے، اور جب دنیا، جہاں میں موجود لاکھوں افراد کی اجتماعی تکفیر کا معاملہ درپیش ہو، تو پھر احتیاط میں مزید اضافہ ہوجاتا اور تکفیر کے وبال کی سنگینی کا مسئلہ شدت اختیار کرلیتا ہے۔

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ مولانا عبدالشکور لکھنوی، اور ان کی اتباع میں مولانا محمد منظور نعمانی صاحبان رحمہما اللہ نے اپنے اپنے زمانہ میں اساتذہ دارالعلوم دیوبند کے جس فتوے سے یہ سمجھا ہے کہ وہ شیعہ اثنا عشری کی علی الاطلاق تکفیر کے قائل تھے، اور انہوں نے اس اطلاق کے ساتھ ان کی طرف نسبت کی ہے، وہ درست نہیں، اور جس فتوے کا انہوں نے حوالہ دیا ہے، اس فتوے سے مولانا عبدالشکور لکھنوی، اور مولانا منظور نعمانی صاحبان کے موقف کی تائید نہیں، بلکہ تردید ہوتی ہے، اسی لئے مفتی محمد شفیع صاحب اور قاری محمد طیب صاحب رحمہما

اللہ نے اس اطلاق کے ساتھ تکفیر کے فتوے کی تردید کی ہے، جن کے ناموں کو اس مطلق تکفیر کے فتوے میں شامل کیا گیا ہے۔

اور خود حضرت تھانوی اور مولانا دریابادی بھی اس کی توضیح وتردید فرما چکے تھے۔

## مکاتبتِ تھانوی، ودریابادی کی تشریح وتکمیل

چنانچہ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ نے 7 اور 14 شعبان 1351 ہجری میں مولانا عبدالماجد دریابادی کی طرف سے مولانا عبدالشکور لکھنوی کے فتوے پر شیعوں کے متعلق پیش کیے گئے، چند شبہات کا جواب تحریر فرمایا تھا۔

اور مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے جو لکھنؤ سے ''شیعہ اثناعشری'' کی علی الاطلاق تکفیر اور ان کے قطعی طور پر اسلام سے خارج ہونے کا فتویٰ جاری کیا تھا۔

وہ فتویٰ ''امداد الفتاویٰ جلد نمبر ۴، صفحہ نمبر ۵۸۶، پر حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے ''نقل فتویٰ موعودہ آغاز خط بالا'' کے عنوان سے نقل کیا ہے، جس کو مولانا منظور نعمانی صاحب نے بھی نقل کیا ہے۔

اس فتوے میں مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کے بیان کردہ موقف اور اس کے مستدلات کے مرجوح ہونے پر ہم نے اس مضمون کے شروع میں کلام کر دیا ہے، بلکہ اس فتوے، اور اس پر حضرت تھانوی اور مولانا دریابادی کی مکاتبت سے جو نتیجہ مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب نے اخذ کیا تھا، اس کی توضیح وتردید بھی خود ان مکاتبت کنندگان کی طرف سے کر دی گئی تھی، جس کو بدقسمتی سے سامنے نہیں لایا جاتا۔

چنانچہ مذکورہ تاریخ 14 شعبان کے صرف چار دن بعد ہی حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ نے 18 شعبان 1351 ہجری کو اس جواب کی تشریح اور تحقیقِ خاص کرتے ہوئے ایک جامع مضمون تحریر فرمایا تھا، جو ''امداد الفتاویٰ'' میں مندرجہ بالا مکاتبت کے متصل بعد موجود

ہے، لیکن یکے بعد دیگرے ناقلین کی طرف سے مذکورہ مکاتبت کنندگان حضرات کی اس تشریح وتحقیقِ خاص کو نہ تو ملحوظ رکھا گیا، اور نہ ہی اس کو نقل کیا گیا، وہ مضمون درجِ ذیل ہے:

''جواب بالا مع اپنے کل اجزاء کے درجہ منع میں ہے، یعنی فتویٰ مذکورہ پر جو شبہات تھے، ان کا جواب ہے، جواب بالا خود فتویٰ نہیں ہے، چونکہ سرسری نظر میں اس کو فتویٰ سمجھا جا سکتا تھا، اس لئے تسہیلِ امر کے لئے اپنی تحقیقِ خاص اس باب میں معروض ہے، اور یہ تحقیق باعتبار اپنی حقیقت کے فقہ اور کلام ہی میں داخل ہے، مگر باعتبار صورت کے اس کو تصوف سے خاص قرب ومناسبت ہے، اس لئے عنوان میں اس کا لحاظ رکھا گیا۔

وہ تحقیق یہ ہے کہ اگر کسی خاص شخص کے متعلق، یا کسی خاص جماعت کے متعلق حکم بالکفر میں تردد ہو، خواہ تردد کے اسباب، علماء کا اختلاف ہو، خواہ قرائن کا تعارض ہو، یا اصول کا غموض ہو، تو اسلم یہ ہے کہ نہ کفر کا حکم کیا جاوے، نہ اسلام کا۔

حکمِ اول میں تو خود اس کے معاملات کے اعتبار سے بے احتیاطی ہے، اور حکمِ ثانی میں دوسرے مسلمانوں کے معاملات کے اعتبار سے بے احتیاطی ہے، پس احکام میں دونوں احتیاطوں کو جمع کیا جائے گا، یعنی نہ اس سے عقدِ مناکحت کی اجازت دیں گے، نہ اس کی اقتداء کریں گے، نہ اس کا ذبیحہ کھائیں گے، اور نہ اس پر سیاستِ کافرانہ جاری کریں گے، اگر تحقیق کی قدرت ہو، اس کے عقائد کی تفتیش کریں گے، اور اس تفتیش کے بعد جو ثابت ہو، ویسے احکام جاری کریں گے، اور اگر تحقیق کی قدرت نہ ہو، تو سکوت کریں گے، اور اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کریں گے۔

اس کی نظیر وہ حکم ہے، جو اہلِ کتاب کی مشتبہ روایات کے متعلق حدیث میں وارد ہے۔

**لا تصدقوا اهل الكتاب ولاتكذبوهم وقولوا :اٰمنّا باللّٰه وما انزل إلينا. الآية رواه البخاری.**

دوسری فقہی نظیر، احکام خنثیٰ کے ہیں:

**یوخذ فیه بالاحوط والاوثق فی امور الدین وان لا یحکم بثبوت حکم وقع الشک فی ثبوته، وإذا وقف خلف الإمام قام بین صف الرجال والنساء ویصلی بقناع ویجلس فی صلاته جلوس المراة ویکره له فی حیاته لبس الحلی، والحریر. وان یخلو به غیر محرم من رجل اوامراة اویسافر مع غیر محرم من الرجال والاناث، ولم یغسله رجل ولا امراة ویتیمّم بالصعید ویکفن کما تکفن الجاریة. وامثالها مما فصله الفقهاء .**

**18 شعبان 1351ھ (النورص 9 ربیع الاول 1352ھ)''** (امداد الفتاوی، ج ۴، ص، ۵۸۸ و ۵۸۹، مسائلِ شتی، بعد کتاب الفرائض، بعنوان: رفع شبہات بر تکفیر شیعہ، مطبوعہ: مکتبہ دارالعلوم کراچی، سنِ طباعت: جولائی 2010ء)

حضرت تھانوی کی اپنے ساتھ مکاتبت کو مولانا دریابادی نے ''حکیم الامت نقوش وتاثرات'' میں بھی نقل کیا ہے، جس کے بعد مولانا عبدالماجد دریابادی لکھتے ہیں:

''پچھلے والا نامہ کو آئے ہوئے ابھی ایک ہفتہ بھی پورا نہ ہوا ہوگا کہ ۲۱ دسمبر کو (۱۹ دسمبر کا چلا ہوا) والا نامہ موصول ہوگیا:

ایک مضمون جواب معہود کے متعلق اور ذہن میں آیا، بس میرا اصلی مذاق یہ ہے۔ ازالۂ غلط فہمی کے لئے بڑھایا گیا ہے، اطلاع کے لئے آپ کی خدمت میں بھی لکھنے کو دل چاہا (پھر اس کے بعد مندرجہ بالا اسی تشریح اور تحقیقِ خاص کو نقل کیا گیا، جو 18 شعبان 1351 ہجری کو حضرت تھانوی نے تحریر فرمائی تھی)'' (ملاحظہ ہو: حکیم الامت نقوش وتاثرات'' ۲۴۲، مقالات متعلقہ ۱۹۳۲ء، مطبوعہ: مکتبہ مدنیہ، لاہور)

اور اس موقع پر مولانا دریابادی نے اپنے ایک مکتوب میں حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کو یہ بھی لکھا تھا کہ:

''جناب کا تو ایک خاص مسلک ''انزِوا وعزلت'' کا ہے، مجھے زیادہ فکر وحیرانی دوسرے علماء سے متعلق ہے، خصوصاً حضرات فرنگی محل، اور جمعیۃ العلماء، اور سب

سے بڑھ کر خود اپنے مولانا کے متعلق، ان حضرات کا شیعوں کا ساتھ سیاسی جلسوں میں برابر رہا کرتا ہے، یہ شیعہ رئیسوں کی مہمان داری قبول کرتے ہیں، ان کے ہاں ٹھہرتے ہیں، شیعہ اکابر کو جلسوں کا صدر بناتے ہیں (چند روز ہی قبل لکھنؤ میں آل پارٹیز مسلم کانفرنس کے جلسے بہت دھوم دھام سے ہوئے تھے، ان میں سنی علماء، نہ صرف شیعہ ممبروں کے ساتھ شیر وشکر تھے، بلکہ متعدد علمائے کرام، مشہور شیعی رئیس راجہ احمد علی خان ''سلیم پور'' کے برابر مہمان رہا کئے)

غرض سارا خلا ملا بالکل مسلمانوں کا سا، فتویٰ تکفیر کے ساتھ، ان اعمال کا تطابق میری سمجھ سے باہر ہے''۔

جس کا حضرت تھانوی نے درجِ ذیل جواب تحریر فرمایا تھا:

''ایسے برتاوے میں تو میں بھی مبتلاء ہوں، میں اگر کہیں نہیں جاتا، سو وہ تو میرے پاس آتے ہیں، میں بھی برتاؤ مسلمانوں جیسا کرتا ہوں، صرف اس بناء پر کہ اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں، اور حقیقت اس برتاؤ کی محض خوش اخلاقی ہے'' (حکیم الامت نقوش وتاثرات'' ص ۲۴۴، مقالہ نمبر ۴۸، ۱۹۳۲ء کے مقالات، مطبوعہ: مکتبہ مدنیہ، لاہور)

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے سابقہ مکاتبت کے صرف چار دن بعد ہی اس کی مذکورہ تشریح اور تحقیقِ خاص اپنے قلم سے تحریر فرمادی تھی، اور مولانا دریابادی کو بھی ارسال فرمادی تھی۔

حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی یہ تشریح وتحقیقِ خاص وہی ہے، جو حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ نے اپنے رسالہ ''وصولُ الافکار الیٰ اصولِ الأکفار'' میں رمضانُ المبارک 1351ھ کو ''جبکہ النور میں اس کی اشاعت بھی نہ ہو پائی تھی'' اہلِ تشیع سے متعلق، اپنا تفصیلی موقف لکھنے کے بعد اس کی تائید میں نقل کی ہے۔

اور حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کے مذکورہ رسالہ کو حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے

ملاحظہ فرما کر اس کی تصویب بھی فرمائی تھی۔

اور امداد الفتاویٰ کی مذکورہ ترتیب حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کی طرف سے قائم ہوئی ہے۔

حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی مذکورہ بالا تشریح وتحقیقِ خاص مورخہ 18 شعبان 1351ھ کی تحریر کردہ ہے، جس میں اس مکاتبت کی تشریح وتوضیح ہے، جو اس سے پہلے مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کے موقف سے متعلق، مولانا دریابادی سے ہوئی تھی۔

حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی اس مندرجہ بالا تشریح وتوضیح اور تحقیقِ خاص سے چند باتیں معلوم ہوئیں۔

ایک بات یہ معلوم ہوئی کہ حضرت تھانوی رحمہ اللہ کا سابقہ جواب، اپنے اُن تمام اجزاء سمیت، جو اس مکاتبت میں شبہ اور جواب کی شکل میں تھے، وہ ''درجۂ منع'' میں تھے، یعنی مولانا عبدالشکور لکھنوی کے فتوے پر جو شبہات تھے، ان کا جواب تھا، اور یہ حضرت تھانوی کا فتویٰ نہیں تھا۔

لہٰذا اس مکاتبت، یا اس کے اجزاء کو حضرت تھانوی رحمہ اللہ کا فتویٰ سمجھنا، درست نہیں۔

''درجہ منع'' دراصل ''تسلیم'' کے مقابلہ میں الزام، وانکار کے لئے استعمال ہوتا ہے، اور بسا اوقات اس طرح کا ''درجہ منع'' علمائے مناظرہ کے قواعد پر مبنی ہوا کرتا ہے، جس میں علمی مباحث کے دوران الزاماً ''کفر'' کا وقوع ہوجایا کرتا ہے، جو ''التزامِ کفر'' کو مستلزم نہیں ہوتا۔ [1]

---

[1] فهذا جواب على سبيل المنع، ثم أجاب بطريق التسليم (البناية شرح الهداية، ج۷، ص ۴۱۹، كتاب الشركة، فصل فى الشركة الفاسدة،أداء الزكاة من مال الشريكين)

الشيخ رحمه الله ذكر هذا الكلام على سبيل المنع لما قاله الشافعي بعدما أجاب عنه(كشف الأسرار عن أصول فخر الإسلام البزدوى، ج۳،ص ۲۴۵، باب شروط الإجماع)

تقديم المنع على التسليم جريا على قواعد علماء المناظرة(رد المحتار على الدر المختار، ج ۱،ص ۴۴۳، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة)

چنانچہ ''الدرُّ المختار'' میں ہے:

**لا نكفر أحدا من أهل القبلة إن وقع إلزاما فی المباحث** (الدر المختار مع ردالمحتار، ج۳ص ۴۵، کتاب النکاح، فصل فی المحرمات)

ترجمہ: ہم اہلِ قبلہ میں سے کسی کی تکفیر نہیں کرتے، اگرچہ اُن فرقوں کی بحث کرتے وقت کفر کا الزام کیوں نہ واقع ہوا ہو (الدرالمختار)

علامہ ابنِ عابدین شامی رحمہ اللہ نے ''ردُّ المحتار'' میں، علامہ حصکفی کی مذکورہ عبارت کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ:

**وقوله :وإن وقع إلزاما فی المباحث معناه، وإن وقع التصريح بكفر المعتزلة ونحوهم عند البحث معهم فی رد مذهبهم بأنه كفر أی يلزم من قولهم بكذا الكفر، ولا يقتضی ذلک كفرهم؛ لأن لازم المذهب ليس بمذهبهم وأيضا فإنهم ما قالوا ذلک إلا لشبهة دليل شرعی علی زعمهم، وإن أخطئوا فيه** (ردالمحتار، ج۳ص ۴۶، کتاب النکاح، فصل فی المحرمات)

ترجمہ: اور یہ فرمانا کہ ''اگرچہ اُن کے متعلق مباحث کے موقع پر، کفر کا الزام کیوں نہ واقع ہو'' اس کا مطلب یہ ہے کہ اگرچہ معتزلہ اور ان جیسے فرقوں کے مذہب کی تردید کرتے وقت، اُن کے کفر کی تصریح واقع ہوئی ہو کہ یہ کفر ہے (تب بھی ان کی تکفیر نہ کی جائے گی) کیونکہ اس کی مراد یہ ہے کہ ان کے اس طرح کے قول سے کفر لازم آجاتا ہے، لیکن یہ بات ان کے کافر ہونے کا تقاضا نہیں کرتی، کیونکہ ''مذہب کا لازم، ان کا مذہب نہیں کہلاتا'' نیز اُن کا یہ قول، ان کے گمان کے مطابق، صرف شرعی دلیل کے شبہ کی وجہ سے واقع ہوا ہے، اگرچہ وہ اس میں خطاء کار ہیں (ردُّ المحتار)

دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی مولانا دریابادی سے مکاتبت میں تحریر کیے جانے والے جوابات کو سرسری نظر میں فتویٰ سمجھا جاسکتا تھا، اس لیے اس امر کو سہل بنانے اور غلط فہمی کے ازالہ کے لیے حضرت تھانوی نے اس سلسلہ میں اپنی تحقیقِ خاص تحریر فرمائی۔

جب حضرت تھانوی نے اس پورے قضیہ کی وضاحت فرمادی، تو اس کو حضرت تھانوی کا فتویٰ سمجھنا، اور قرار دینا، اور اس غلط فہمی کے ازالہ کے لیے حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی بعد میں بیان کردہ تحقیقِ خاص کو نظر انداز کرنا، علمی دیانت داری کا تقاضا نہیں۔

تیسری بات یہ معلوم ہوئی کہ حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی یہ تحقیقِ خاص، اپنی حقیقت کے اعتبار سے ''فقہ اور کلام'' میں داخل ہے۔

لہٰذا ''فقہ اور کلام'' کے اعتبار سے یہی تحقیق قابلِ اعتبار ہے۔

حضرت تھانوی اور مولانا دریابادی کی مکاتبت کو مولانا عبدالشکور صاحب لکھنوی کی طرف سے ''النجم'' کے شمارہ 8 ذوالقعدہ 1352 ہجری کے شمارہ میں مخصوص انداز میں شائع کیا گیا تھا، اس میں صرف پہلی مکاتبت کو شائع کیا گیا، اور حضرت تھانوی کی اس کے بعد کی تشریح وتحقیقِ خاص کو شائع نہیں کیا گیا۔

حضرت مولانا محمد منظور نعمانی صاحب رحمہ اللہ نے بھی اپنے مضمون متفقہ فیصلہ میں اس کو شائع نہیں فرمایا۔

''النجم'' میں اس کی مخصوص طریقہ سے اشاعت سے بعض غلط فہمیاں پیدا ہوئیں، جس طرح حضرت تھانوی کی اس توضیح کو اس وقت ''النجم'' میں شائع نہیں کیا گیا۔

حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے اس تشریح وتحقیقِ خاص میں اثنا عشریہ وغیرہ کی قید لگائے بغیر مشروط ومعلق درجہ میں اصولی حکم بیان فرمایا ہے، جس سے شیعہ اثنا عشری کی علی الاطلاق تکفیر ثابت نہیں ہوتی۔

پھر جب حضرت تھانوی اور مولانا عبدالماجد دریابادی کی مکاتبت کے پہلے حصہ کی ''النجم'' کے شمارہ 8، ذوالقعدہ 1352 ہجری میں مخصوص انداز میں اشاعت ہوئی، اور اس سے مختلف غلط فہمیاں پیدا ہوئیں، تو اس کے فوراً بعد حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ نے ''تنبیہِ ضروری'' کے عنوان سے 11 ذیقعدہ 1352ھ کو ایک تحریر لکھی تھی، جس سے مسئلہ

مزید منقح اور صاف ہو گیا تھا، اور دوسرے تمام احتمالات کا خاتمہ ہو گیا تھا۔

مولانا عبدالشکور لکھنوی کے اخبار ''النجم'' میں مذکورہ اشاعت کے بعد حضرت تھانوی اور مولانا عبدالماجد دریابادی کی مزید مکاتبت ہوئی، اس کو ذیل میں نقل کیا جاتا ہے۔

مولانا عبدالماجد دریابادی صاحب لکھتے ہیں کہ:

کئی نمبر قبل تکفیرِ شیعہ کے باب میں حضرت (تھانوی) سے مراسلت درج ہو چکی ہے، میرے حلق سے یہ تکفیر علی الاطلاق کسی طرح نہیں اتر رہی تھی۔

حضرت مولانا (تھانوی) بھی کوئی کھلا ہوا فتویٰ کفرِ شیعہ کے حق میں نہیں دے رہے تھے، البتہ میرے شبہات رَد فرما رہے تھے۔

مولانا (اشرف علی تھانوی) کی یہ تحریریں رسالہ ''النور'' میں چھپ گئیں، رسالہ کی اشاعت بہت ہی محدود تھی، مخصوص اہلِ خانقاہ کے سوا کوئی اسے جانتا ہی نہ تھا (مولانا عبدالشکور لکھنوی کے رسالہ) ''النجم'' کو ایک نعمتِ خداداد ہاتھ آ گئی، کئی کالم کی شہ سرخی اور کئی کئی جلی سرخیاں دے کر مضمون کو خوب چمکایا، اور گویا، یہ ظاہر کیا کہ علامہ تھانوی جیسے محتاط محقق بھی تکفیرِ شیعہ ہی کے حق میں ہیں۔

صحافتی پروپیگنڈہ کو اس سے کیا بحث تھی کہ مولانا خود اس کی تصریح فرما چکے تھے کہ ان کی وہ تحریریں مستقل فتویٰ کا حکم نہیں رکھتیں، صرف مسائل متشکک کے سوالات پر بطورِ منع کے ہیں۔

بہر حال آب و تاب سے وہ ''حکیم الامت کا فتویٰ'' نکلا، اور جس نسبت سے اس کی اخباری اشاعت ہوئی، اسی نسبت سے اپنی ناگواری بڑھتی رہی، شخصاً بھی اور مفادِ ملت کے لحاظ سے بھی، جھنجھلاہٹ اس پر بھی کہ اگر اس بحث کو پبلک میں چھیڑنا خلافِ مصلحت نہ جانتا، تو آخر ''سچ'' ہی میں کیوں نہ چھیڑ دیتا۔

اس پسِ منظر کو سامنے رکھ کر اب 24 فروری کا عریضہ (اور اس پر حضرت حکیم

الامت رحمہ اللہ کا جواب) ملاحظہ ہو:

(**مولانا عبدالماجد دریابادی**) تازہ ''النجم'' (لکھنؤ کا اس زمانے کا ایک ہفت روزہ، جس کا مقصد ''ردِ شیعہ'' تھا) کا ایک ورق مرسلِ خدمت ہے، میں جناب والا کی خدمت میں جو معروضات پیش کرتا رہتا ہوں، ان کی حیثیت بالکل خانگی ہوتی ہے، جیسے مریض صرف طبیب ہی کے سامنے پوری طرح کُھلتا ہے، دوسروں کو سنانا، اسے مقصود نہیں ہوتا۔

(**مولانا اشرف علی تھانوی**) اس کو معلوم کر کے میں خجل (یعنی شرمندہ) ہوا، مجھ کو عام طور پر اس کا احساس نہیں ہوا، میں آپ کی تحریرات کی دو قسمیں سمجھتا تھا، ایک تو وہی جو آپ نے تحریر فرمائی ہے، اس کے ساتھ تو یہی طرزِ عمل تھا، دوسرے علمی مضامین، اس کو عام سمجھتا تھا، جیسے اتباعِ شیخ کا مضمون تھا، میں اس کو اسی قسم میں سے سمجھا، اب ان شاء اللہ زیادہ احتیاط کروں گا۔

(**مولانا عبدالماجد دریابادی**) ''النجم'' نے جس صورت کے ساتھ اس کی اشاعت کی، اس سے مجھے تکلیف ہی ہوئی۔

(**مولانا اشرف علی تھانوی**) میں نے دو روز قبل دیکھا، مجھ کو بھی گرانی ہوئی، اس کے بعد آپ کی تکلیف معلوم کر کے اور زیادہ گرانی ہوئی، یہ تو میری تکلیف میں کماً زیادتی ہوئی کہ دو گرانی مجتمع ہو گئیں، ایک زیادتی کیفاً ہوئی، کیونکہ آپ کی تو صرف یہی مصلحت فوت ہوئی کہ آپ پر یہ شبہ ہوگا کہ اپنے اکابر کی تحقیق میں تردد ہوا، مگر یہ واقع میں نقص نہیں، بلکہ کمالِ احتیاط اور غیر جانب داری ہے، اور میری مصلحت بہت بڑی فوت ہوئی کہ عام ناظرین، میرے مضمون کو جو کہ فتویٰ نہیں، فتویٰ سمجھیں گے۔

(**مولانا عبدالماجد دریابادی**) یہاں تک مضائقہ نہ تھا کہ صرف

جناب کا جواب یہ لکھ کر شائع کر دیتا کہ ایک سائل کے شبہات کے جواب میں یہ لکھا گیا، لیکن موجودہ صورت کے ساتھ شائع کرنا، تو خود ''النجم'' کے مقاصد کے لیے مضر ہوا، شیعہ جماعت کم از کم یہ کہہ کر فائدہ اٹھائے گی کہ خود اہلِ سنت، اس باب میں مختلف ہیں، اور مجھ عامی کا نام سند میں بطورِ عالم کے پیش کریں گے۔

اپنے خیال کی اشاعت ہی مجھے منظور ہوتی، تو میں (دوسرے پرچہ) ''سچ'' ہی میں کیوں نہ کرتا، اب تک تو میرا طریقہ یہ رہا ہے کہ جن مسائل میں میرا قلب اپنے اکابر کے مسلک سے پوری طرح متفق نہیں، ان کا ذکر بھی ''سچ'' میں نہیں کرتا، بلکہ لوگ سوال کرتے ہیں، جب بھی صاف جواب نہیں دیتا، بہر حال اب یہ تیر تو کمان سے نکل ہی چکا۔

(**مولانا اشرف علی تھانوی**) ''تیر جستہ باز گرداند زراہ'' کے متعلق بھی ایک مشورہ پُشت پر مرقوم ہے۔ [1]

(**مولانا عبدالماجد دریابادی**) البتہ آئندہ کے لیے بہ ادب درخواست ہے کہ میری جتنی بھی گزارشیں ہوا کریں، انہیں جناب والا اپنی ذات تک محدود کیا کریں، ورنہ لوگ خدا معلوم، کیا کیا معنیٰ لیا کریں گے۔

(**مولانا اشرف علی تھانوی**) ''بہ سر و چشم''، لیکن اس عموم میں ایسے مضامین بھی آ جائیں گے، جن کی شان مضمون، اتباعِ شیخ جیسی ہوگی، اس کا کیا معیار ہوگا، اس کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں، یا تو آپ خود فرما دیا کریں کہ یہ مضمون عام ہے، یا میں پوچھ لیا کروں، جو طریقہ قلب پر خفیف ہو، بے تکلف فرما دیں، ہاں ترجمۂ قرآن کے متعلق جو سوالات آئیں، ان کو عام سمجھوں، یا خاص۔

اضافہ بر جواب خط

---

[1] مولانا روم کے اس شعر کی طرف اشارہ ہے کہ:

اولیا را ہست قدرت از الہ۔ تیر جستہ باز آرندش راہ

www.idaraghufran.org

میں نے اس خط کا اسی طرح اپنے جواب کا ایک حرف بھی کسی کو نہیں دکھلایا۔

مشورہ موعودہ صفحہ اول

میں نے ایک مضمون بغرضِ تدارک احتمال، غلط فہمی ناظرین، اخبار ''النجم'' لکھا ہے، بعد ملاحظہ اگر مشورہ ہو، شائع کر دیا جائے، پھر کہاں شائع ہو ''النجم'' میں بھیج دوں یا ''سچ'' میں، یا ''النور'' میں۔

اس کی نقل بھی یہاں نہیں رکھی ہے، شاید کسی کی نظر پڑ جاوے، اب تو میں ڈر گیا ''مارگزیدہ از ریسمان می ترسد''

اب اس کے آگے حضرت (حکیم الامت رحمہ اللہ) کا وہ مضمون موعود ملاحظہ ہو:

تنبیہ ضروری

میں نے ایک مضمون، جو ایک مفتی صاحب کے ایک فتویٰ، بابت ''اسلام یا عدمِ اسلام، اہلِ تشیع'' پر بعض شبہات کا جواب تھا، ۸ ذیقعدہ ۵۲ھ، مطابق 23 فروری 34ء کے اخبار ''النجم'' میں دیکھا، جو رسالہ ''النور'' سے نقل کیا گیا ہے۔

اشاعت کا تو میں مخالف نہیں، کیونکہ رسالہ مذکور میں اس سے پہلے، میری مرضی سے شائع ہو چکا ہے۔

لیکن اخبار میں اس کی اشاعت مجھ کو پسند نہیں آئی، کیونکہ رسالہ کے اکثر ناظرین، اہلِ علم و اہلِ فہم ہوتے ہیں، اور اخبار کے اکثر ناظرین کم علم و کم فہم ہوتے ہیں، جن میں حدود سے متجاوز ہونے کا احتمال قریب ہوتا ہے۔

اس احتمال کے سبب احتیاطاً اِس مضمون کی اور اُسی مضمون کی اخیر سرخی سے نقل کرنا مصلحت معلوم ہوتا ہے کہ:

وہ مضمون، میرا کوئی فتویٰ نہیں، بلکہ اصل صاحبِ فتویٰ کے جواب پر جو شبہات تھے، درجۂ منع میں ان کا جواب ہے، یعنی بر تقدیر ثبوتِ مقدمات، ایک طالبِ

علمانہ بحث ہے، فتویٰ نہیں ہے۔

باقی اس فتویٰ کے اور بناءِ فتویٰ کے ذمہ دار، خود صاحبِ فتویٰ ہیں، مجھ کو ان مباحث پر تبحر نہیں ہے۔

اسی طرح صاحبِ شبہات نے اس مسئلہ میں کوئی رائے قائم نہیں کی، صرف بعض ترددات، فتویٰ کے متعلق ظاہر کیے ہیں۔

لہٰذا ناظرین کسی خاص خیال کو میری طرف، یا صاحبِ شبہات کی طرف منسوب نہ فرمادیں۔ وہ نسبت غلط ہوگی۔

والسلام۔ ۱۱ ذیقعدہ ۵۲ھ، اشرف علی، تھانہ بھون۔

اس چھوٹے سے بیان نے مولانا کی طرف سے تو بہترین صفائی پیش کر ہی دی، ساتھ ہی خود میری، یعنی سائل کی حیثیت کی کتنی اچھی ترجمانی کردی، اور حضرت نے ''النجم'' کے اس اقدام کو جس ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا، وہ تو بالکل ظاہر ہے (حکیم الامت نقوش وتاثرات'' ص ۳۱۷ تا ۳۲۰، مقالہ نمبر ۶۳، ۱۹۳۴ء کے مقالہ جات 'بعنوان ''تنبیہ ضروری'' مطبوعہ: مکتبہ مدنیہ، لاہور)

اس کے بعد مولانا عبدالماجد دریابادی صاحب لکھتے ہیں:

''النجم کی ان پھڑکتی ہوئی سرخیوں کا اثر قدرتاً یہ نکلا کہ اُدھر سے شیعوں نے جوابی مضمون لکھا، اور اس میں خود حضرت کی تکفیر کی (اس پر مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ نے تحریر فرمایا کہ) میرا ارادہ ''النجم'' کو بند کردینے کا ہے، یعنی یہاں نہ آوے، اس سے دوسرے پرچہ میں اپنے متعلق شیعہ کی طرف سے تکفیر کا فتویٰ دیکھا (النجم کے) ان صاحبوں نے اپنے اغراض کے لئے میرا علمی مضمون شائع کرکے خواہ مخواہ گالیاں دلوائیں'' (حکیم الامت نقوش وتاثرات'' ص ۳۲۰ تا ۳۲۱، مقالہ نمبر ۶۳'' ۱۹۳۴ء کے مقالہ جات، مطبوعہ: مکتبہ مدنیہ، لاہور)

حضرت تھانوی اور مولانا دریابادی کی مندرجہ بالا مکاتبت سے چند امور منقح ہو گئے۔

ایک تو حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے علی الاطلاق تکفیرِ شیعہ کے متعلق کوئی فتویٰ صادر نہیں فرمایا تھا، البتہ مولانا عبدالماجد دریابادی کے شبہات کا رَد فرمایا تھا۔

دوسرے ''النجم'' میں اس مکاتبت پر کئی کئی کالم میں جلی سرخیاں دے کر اس مضمون کو چھپایا گیا تھا، اور یہ ظاہر کیا گیا تھا کہ حضرت تھانوی جیسے محتاط محقق بھی تکفیرِ شیعہ ہی کے حق میں ہیں، لیکن اس چیز کو نظر انداز کر دیا گیا تھا کہ حضرت تھانوی خود اس کی تصریح فرما چکے تھے کہ ان کی وہ تحریریں مستقل فتویٰ کا حکم نہیں رکھتیں، صرف مسائلِ متشکک کے، سوالات پر بطورِ منع کے ہیں۔

اور اس طرح کے مسائلِ متشکک کے سوالات پر بطور منع کے جو جوابات ہوتے ہیں، اُن کا حکم حتمی نہیں ہوا کرتا۔ [1]

تیسرے ''النجم'' نے جس صورت کے ساتھ اس کی اشاعت کی تھی، اس سے مولانا دریابادی کو تکلیف ہوئی تھی، اور حضرت تھانوی رحمہ اللہ کو بھی بہت زیادہ گرانی ہوئی تھی، جس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ عام ناظرین، حضرت تھانوی کے مضمون کو فتویٰ سمجھنے کی غلط فہمی میں مبتلا ہوں گے، حالانکہ وہ حضرت تھانوی رحمہ اللہ کا مستقل فتویٰ نہیں تھا۔

چوتھے مولانا عبدالماجد دریابادی کو ''النجم'' میں اشاعت کے بعد، جس خدشہ کا اندیشہ تھا، حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے اس کے ازالہ کا بھی انتظام فرمایا تھا۔

پانچویں حضرت تھانوی نے اخبار ''النجم'' کے ناظرین کی غلط فہمی کے احتمال کے تدارک کی غرض سے یہ مضمون لکھا تھا، اور تدارک کی حقیقت سے اہلِ علم حضرات واقف ہیں۔

لہٰذا دیگر، یا بعد کے حضرات کا اس تدارک کو نظر انداز کر دینا، اور جس چیز کا تدارک مقصود تھا،

---

[1] المتشکک فی النسبة الحکمیة متردد بین وقوعها ولا وقوعها، فقد حصل له إدراک النسبة قطعا ولم یحصل له إدراک الوقوع واللاوقوع المسمی بالحکم فهما متغایران قطعا (کشاف اصطلاحات الفنون والعلوم، ج ۱، ص ۶۹۴، حرف الحاء، مادة "الحکم")

اس مقصود کو فوت کر کے اسی کو من وعن آگے چلانا، درست نہیں۔

چھٹے حضرت تھانوی نے ''تنبیہِ ضروری'' کے عنوان سے جو مضمون لکھا، اس میں واضح فرمادیا کہ اخبار ''النجم'' میں اس کی اشاعت اس لیے پسند نہیں آئی کہ اخبار کے اکثر ناظرین کم علم وکم فہم ہوتے ہیں، جن کے حدود سے تجاوز کا احتمال زیادہ ہوتا ہے۔

ساتویں ''النجم'' میں شائع ہونے والا مضمون، حضرت تھانوی کا کوئی فتویٰ نہیں تھا، بلکہ اصل صاحبِ فتویٰ، یعنی مولانا عبدالشکور لکھنوی کے فتوے پر جو ''درجۂ منع'' میں شبہات تھے، اُن کا جواب تھا، جس کا مطلب یہ تھا کہ اگر بالفرض وہ مقدمات ثابت ہوں، تو پھر علمی بحث جاری ہوگی ''واذلا فلا''

اور مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب کے فتوے اور رائے کی، جن دیگر حضرات نے تصدیق کی، ان کی حیثیت بھی اس سے زیادہ نہیں۔

آٹھویں اس فتویٰ اور بنائے فتویٰ، یعنی اس میں مذکور ''تکفیر'' کی توجیہات کے اصل ذمہ دار، خود صاحبِ فتویٰ، یعنی مولانا عبدالشکور لکھنوی رحمہ اللہ تھے، یہ ذمہ داری حضرت تھانوی پر عائد نہیں کی جاسکتی۔

نویں حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے یہ فیصلہ بھی فرمادیا کہ صاحبِ شبہات، یعنی مولانا عبدالماجد دریابادی نے اس مسئلہ میں کوئی رائے قائم نہیں کی تھی، صرف فتویٰ کے متعلق بعض ترددات کا اظہار کیا تھا، لہٰذا اس سے مولانا دریابادی کو تکفیرِ شیعہ کے فتوے سے متفق سمجھ لینا، درست نہیں۔

دسویں اس سابق مکاتبت کی بنیاد پر ناظرین، کسی خاص خیال، یعنی علی الاطلاق شیعہ کی تکفیر، اور ان کے محرفِ قرآن وغیرہ ہونے کو حضرت تھانوی، یا مولانا دریابادی کی طرف منسوب نہ فرمائیں۔

گیارہوں اس مکاتبت کی بنیاد پر ناظرین کی طرف سے، کسی خاص خیال، یعنی علی الاطلاق

شیعہ کی تکفیر، اوران کے محرفِ قرآن وغیرہ ہونے کی حضرت تھانوی، یا مولانا دریابادی کی طرف نسبت کرنا، غلط ہوگا۔

بارہویں حضرت تھانوی نے اس چھوٹے سے بیان میں اپنی طرف سے بھی بہترین صفائی پیش کردی تھی، اور مولانا عبدالماجد دریابادی کی حیثیت کی بھی عمدہ ترجمانی فرمادی تھی۔

تیرہویں حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے ''النجم'' میں اس مکاتبت کی مخصوص طریقہ پر اشاعت کو ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا تھا۔

چودہویں ''النجم'' میں شائع کردہ پھڑکتی ہوئی سرخیوں کا اثر، قدرتی طور پر یہ نکلا تھا کہ مخالفین نے جوابی مضمون لکھا تھا، جس میں حضرت تھانوی کی تکفیر کی گئی تھی۔

ظاہر ہے کہ ردِعمل، اسی جیسے عمل کی نوعیت کا ہوا کرتا ہے، جیسا کہ دوسرے کو سب وشتم کرنے کا معاملہ ہے، اوراس کا ذکر آگے آتا ہے۔

پندرہوں اس طرزِ عمل سے حضرت تھانوی کو اس قدر ناگواری گزری تھی کہ انہوں نے اپنے یہاں سے ''النجم'' کو بند کردینے کے ارادہ کا اظہار فرمایا تھا۔

سولہویں حضرت تھانوی نے ''النجم'' کے اصحاب کے بارے میں یہ واضح کردیا تھا کہ انہوں نے اپنی اغراض کے لئے میرا علمی مضمون شائع کرکے خواہ مخواہ گالیاں دلوائیں۔

اور ظاہر ہے کہ کسی کی ناحق گالی کا سبب بننا، درست نہیں۔

اسی وجہ سے قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے کفار ومشرکین کے معبودانِ باطلہ کو سب وشتم کرنے سے محض اس لئے منع فرمایا ہے، کیونکہ اس کے جواب میں وہ ہمارے معبودِ حق پر عداوت اور جہالت کی وجہ سے سب وشتم کریں گے۔

چنانچہ سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ

(سورۃ الانعام، رقم الآیۃ ۱۰۸)

ترجمہ: اور مت سب وشتم کرو تم ان لوگوں کو کہ پکارتے ہیں وہ، اللہ کے علاوہ کو، پھر سب وشتم کریں گے وہ اللہ کو عداوت کے طور پر بغیر علم کے (سورہ انعام)

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ أَكْبَرِ الْكَبَائِرِ أَنْ يَّلْعَنَ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ يَلْعَنُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ؟ قَالَ: يَسُبُّ الرَّجُلُ أَبَا الرَّجُلِ، فَيَسُبُّ أَبَاهُ، وَيَسُبُّ أُمَّهُ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۵۹۷۳، كتاب الادب، باب: لا يسب الرجل والديه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک کبیرہ ترین گناہوں میں سے ایک گناہ یہ ہے کہ کوئی اپنے والدین پر لعنت کرے، عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! کوئی کیسے اپنے والدین پر لعنت کرسکتا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک شخص دوسرے کے والدین کو گالی دے، اور پھر وہ (پلٹ کر) اس کے والد کو گالی دے اور اس کی ماں کو گالی دے (بخاری)

اللہ تعالیٰ نے مذکورہ مشائخ حضراتِ گرامی کو تقوے، طہارت، للّٰہیت، اور امت کی فتنوں سے حفاظت کی فکر جیسی صفات کی وجہ سے وہ نورِ بصیرت عطاء فرما رکھا تھا کہ ذرا سی بے توجہی وغیرہ کی بناء پر اپنے کسی موقف کے معانی ومطالب سے غلط فہمی، یا فتنہ وانتشار پیدا ہونے کا خدشہ ظاہر ہوجاتا تھا، تو فوراً اس کے ازالہ وتدارک کی فکر دامن گیر ہوجاتی تھی، جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ان حضرات کو اعلیٰ وارفع مقام سے مشرف وسرفراز فرمایا۔

پس دونوں طرف کے مکاتبین کی طرف سے اپنی مذکورہ بالا توضیحات کے علم میں آجانے کے بعد، جو حضرات مذکورہ بزرگوں کی طرف ایسے موقف کی نسبت کریں گے، جو ان کا اپنا موقف نہیں ہے، جس کی وہ حضرات خود وضاحت وصراحت فرما چکے ہیں، تو وہ دنیا وآخرت میں مجرم شمار ہوں گے۔

جہاں تک ان سابق حضرات کا تعلق ہے، جنہوں نے ناقص معلومات، یا ان پر اعتماد کی بنیاد پر، یا اپنی سمجھ کے مطابق حضرت تھانوی اور مذکورہ اکابرِ دیوبند بزرگوں کی طرف شیعہ کے علی الاطلاق کافر ہونے کی نسبت کی، یا اس پر اعتماد کرتے ہوئے تصدیق وتائید کی، تو ان کے معاملہ کو اللہ کے حوالہ کرنا چاہیے، اور ان کے دیگر نیک کاموں اور دینی خدمات پر نظر رکھتے ہوئے حسنِ ظن کو بروئے کار لانا چاہیے، اور ان کی شان میں زبان درازی، طعن وتشنیع، اور گستاخی وبے ادبی کے ارتکاب سے اجتناب کرنا چاہیے، جو دنیا وآخرت کے اعتبار سے تباہ کن، اور سخت فتنہ وانتشار کا باعث ہے، البتہ علمی اعتبار سے جس کے موقف میں جو کمزوری محسوس ہو، اس پر علمی نوعیت کا کلام وتعاقب علمی ودینی ذمہ داری ہے، جس کا سلسلہ قدیم سلف سے چلا آتا ہے، اگرچہ بدقسمتی اور کم علمی کے باعث آج کے دور میں ان دونوں چیزوں میں بہت زیادہ التباس، اور افراط وتفریط دیکھنے میں آرہی ہے۔

چنانچہ فقہ، حدیث، تفسیر، تصوف، اور تاریخ وغیرہ کے ہر شعبہ میں متعدد ایسی مثالیں ملتی ہیں، جو کسی غلط فہمی، یا تسامح وغیرہ کی بنیاد پر سلسلہ بسلسلہ آگے چلتی رہیں، پھر کسی وقت ان پر اہلِ حق میں سے کسی کو آگاہی حاصل ہوئی، تو ان کی اصلاح ودرستگی کی طرف توجہ کی گئی، ان کی نشاندہی کے لئے مدلل ومفصل کلام بھی کیا گیا، جس کے بعد اہلِ حق کی طرف سے اس تسامح کو قبول کرلیا گیا، اور اس کی اصلاح ودرستگی کی برابر کوششیں جاری رہیں، نہ تو سابق تسامح کو آگے چلایا گیا، نہ ہی تعصب وتحزب اور گروہ بندی کو اختیار کیا گیا، اور نہ ہی آباء پرستی کو بروئے کار لاکر بے جا دفاع کی جدوجہد کی گئی، کیونکہ دین کے معاملہ میں اس کی گنجائش نہیں، اور اس باب میں اہلِ حق کا طریقہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات واحکامات کے مطابق رہا۔

البتہ مختلف ادوار میں بعض معاندین، متعصبین، ومتشددین نے راہِ اعتدال کے برعکس طرزِ عمل اختیار کیا، یہاں تک کہ یہ معاندین، متعصبین ومتشددین، بعض صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے معاملات میں بھی راہِ اعتدال پر قائم نہ رہ سکے، وہ اہلِ حق، اور اعتدال پسند حضرات کے

اختیار کردہ جادۂ اعتدال سے ہٹ گئے، جس کے نتیجہ میں متعدد مفاسد اور فتنے پیدا ہوئے۔

## چند آیاتِ قرآنی واحادیثِ نبوی کا حوالہ

سورہ نسآء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ بِالْقِسْطِ شُهَدَاءَ لِلَّهِ وَلَوْ عَلَىٰ أَنفُسِكُمْ أَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ إِن يَكُنْ غَنِيًّا أَوْ فَقِيرًا فَاللَّهُ أَوْلَىٰ بِهِمَا فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوَىٰ أَن تَعْدِلُوا وَإِن تَلْوُوا أَوْ تُعْرِضُوا فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا (سورة النساء، رقم الآية ١٣٥)

ترجمہ: اے ایمان والو! ہوجاؤ تم بہت زیادہ، قائم کرنے والے انصاف کو، گواہ بن کر اللہ کے لئے، اگرچہ تمہارے خلاف ہو، یا والدین کے، اور اقرباء کے، اگر ہے، وہ غنی یا فقیر، تو اللہ ان دونوں کے مقابلہ میں اولیٰ (ومقدم) ہے، پس خواہش کی اتباع نہ کرو تم، عدل وانصاف کرنے میں، اور اگر تم زبان لپیٹو گے (یعنی غلط بیانی کرکے ناانصافی کروگے) یا (عدل وانصاف سے) اعراض کرو گے، تو اللہ تمہارے اعمال سے خوب خبردار ہے (جس کا تم کو حساب دینا پڑے گا)

(سورہ نساء)

مذکورہ آیت سے معلوم ہوا کہ کسی کے اپنا قریبی وتعلق دار، یا ہم مسلک وغیرہ ہونے کی بنیاد پر اس کی بے جا طرف داری اور حمایت کرنا جائز نہیں، بلکہ یہ عدل وانصاف کے بجائے، خواہش کی پیروی اور بے جا تعصب وتحزب میں داخل ہے، جو عنداللہ قابلِ مؤاخذہ ہے۔

اور سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ لِلَّهِ شُهَدَاءَ بِالْقِسْطِ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَىٰ أَلَّا تَعْدِلُوا اعْدِلُوا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ

اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (سورة المائدة، رقم الآية ٨)

ترجمہ: اے ایمان والو! ہوجاؤ تم بہت زیادہ قائم کرنے والے اللہ کے لئے انصاف کے ساتھ گواہ بن کر، اور ہرگز آمادہ نہ کرے تم کو کسی قوم کی عداوت اس پر کہ عدل نہ کرو تم، عدل کرو تم، یہی زیادہ قریب ہے تقویٰ کے، اور ڈرو تم اللہ سے، بے شک اللہ خوب خبردار ہے، تمہارے اعمال سے (سورہ مائدہ)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ اگر عدل وانصاف کا تقاضا دوسری قوم، یا اس کے موقف کو برحق تسلیم کرنے کا ہو، تو اس کو تسلیم کرنا چاہئے، اور اس سلسلہ میں تعصب وتحزب کو اختیار نہیں کرنا چاہئے۔

اور سورہ مائدہ میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَإِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ (سورة المائدة، رقم الآية ٤٢)

ترجمہ: اور اگر فیصلہ کریں آپ، تو فیصلہ کریں، ان کے درمیان عدل (وانصاف) کے ساتھ، بے شک اللہ محبت رکھتا ہے، عدل (وانصاف) کرنے والوں سے (سورہ مائدہ)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے بہرحال عدل وانصاف والا فیصلہ کرنے کا حکم ہے، اور یہی طرزِ عمل اللہ کو پسند ہے۔

اور سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى (سورة الانعام، رقم الآية ١٥٢)

ترجمہ: اور جب کہو تم، تو انصاف کرو تم، اگرچہ ہو وہ، رشتہ دار (سورہ انعام)

معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے عدل وانصاف کو قائم کرنے کا حکم ہر شخص کے لیے ہے، خواہ وہ اپنی جماعت ومسلک سے تعلق رکھتا ہو، یا غیر سے۔

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَمِنَ الْعَصَبِيَّةِ أَنْ يُحِبَّ الرَّجُلُ قَوْمَهُ؟ قَالَ : لَا، وَلٰكِنْ مِنَ الْعَصَبِيَّةِ أَنْ يَّنْصُرَ الرَّجُلُ قَوْمَهُ عَلَى الظُّلْمِ** (مسند أحمد، رقم الحديث ١٦٩٨٩) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا آدمی کا اپنی قوم (یعنی اپنی برادری، یا خاندان وقبیلہ وغیرہ) سے محبت رکھنا بھی تعصُّب میں داخل ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں! بلکہ تعصب تو یہ ہے کہ آدمی اپنی قوم کی ظلم (یعنی ناحق چیز) پر مدد کرے (مسند احمد)

اس سے معلوم ہوا کہ اپنے اکابر وبزرگوں سے محبت رکھنا گناہ، اور تعصب میں داخل نہیں، البتہ ان کی ناحق اور بے جا، یا کسی خطاء وتسامح پر مشتمل قول کی طرفداری کرنا، گناہ وتعصب میں داخل ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ان کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

**مَنْ نَصَرَ قَوْمَهُ عَلٰى غَيْرِ الْحَقِّ، فَهُوَ كَالْبَعِيْرِ الَّذِيْ رُدِّيَ، فَهُوَ يُنْزَعُ بِذَنَبِهٖ** (سنن أبي داود، رقم الحديث ٥١١٧، كتاب الادب، باب في العصبيه) [2]

ترجمہ: جس شخص نے اپنی قوم کی ناحق مدد کی، تو وہ اس اونٹ کی طرح ہے، جو کنویں میں گر پڑا، اب وہ اپنی دم سے کھینچ کر نکالا جائے گا (ابوداؤد)

مطلب یہ ہے کہ بے جا وناحق حمایت ونصرت، اور طرف داری کی وجہ سے آدمی بہت دور جا پڑتا ہے، جہاں سے اس کا بآسانی نکلنا ممکن نہیں ہوتا، اور اس کی وجہ گذشتہ اور اگلی حدیث میں مذکور ہے۔

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشية سنن ابي داؤد)

www.idaraghufran.org

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِيْ وَيُصِمُّ

(سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۵۱۳۰، کتاب الادب، ابواب النوم، باب فی الھوی)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تیرا کسی چیز سے محبت کرنا اندھا اور بہرا بنا دیتا ہے (ابوداؤد)

اس حدیث کی سند کو بعض حضرات نے ضعیف قرار دیا ہے، البتہ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ پر موقوف ہونے کو صحیح قرار دیا ہے۔ [1]

معلوم ہوا کہ کسی فرد، یا جماعت سے نری طبعی محبت، تعصب کا باعث اور حق بات کو سننے اور ملاحظہ کرنے میں رکاوٹ کا سبب بن جایا کرتی ہے، تا آنکہ اس کو عقل وشریعت کے تابع نہ کیا جائے۔

اور ناحق وخطاء، یا تسامح پر مبنی بات کو آگے چلانے سے باز آجانا ہی دراصل اس فرد، یا جماعت کی حقیقی نصرت واعانت میں داخل ہے، نہ کہ اس کے برعکس۔

چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُنْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُوْمًا فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَنْصُرُهُ إِذَا كَانَ مَظْلُوْمًا، أَفَرَأَيْتَ إِذَا كَانَ ظَالِمًا كَيْفَ أَنْصُرُهُ؟ قَالَ: تَحْجُزُهُ، أَوْ تَمْنَعُهُ، مِنَ الظُّلْمِ فَإِنَّ ذٰلِكَ نَصْرُهُ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۹۵۲، کتاب الکراھة، باب یمین الرجل لصاحبه إنه أخوه إذا خاف علیه القتل)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ اپنے بھائی کی مدد کریں، خواہ

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:
صحیح موقوفاً، وھذا إسناد ضعیف لضعف أبی بکر بن عبد الله بن أبی مریم، وبقیة –وھو ابن الولید– وإن کان ضعیفاً قد توبع (حاشیة سنن ابی داؤد، تحت رقم الحدیث ۵۱۳۰)

وہ ظالم ہو یا مظلوم ہو، ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! جب وہ مظلوم ہوگا، تو میں اس کی مدد کروں گا، لیکن جب وہ ظالم ہوگا، تو آپ کے خیال میں اس کی مدد کیسے کروں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اس کو ظلم سے روک دو، یا اس کو ظلم سے منع کردو، تو یہ اس کی مدد کرنا ہے (بخاری)

## حضرت تھانوی وقاری محمد طیب صاحبان کا حوالہ

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

اختلافِ آراء مسائل کی صورت میں اعتراض کرنا، شرعاً مذموم نہیں سمجھا گیا، سب سے اول مشاجراتِ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو دیکھا جائے کہ جلیلُ القدر صحابہ، یہاں تک کہ عشرہ مبشرہ، بلکہ خلفائے راشدین میں بوجہ اختلاف، اعتراض کئے گئے ہیں، بلکہ بعض اوقات سخت الفاظ استعمال کئے گئے ہیں، یہاں تک کہ قتال کی نوبت پہنچ گئی، لیکن یہ اسی حد تک تھا، جہاں تک اختلافِ رائے کا تعلق تھا، اور جب نفسِ ذات پر نظر جاتی تھی، تو وہی اصل ارتباط معلوم ہوتا تھا، حضرت علی رضی اللہ عنہ، اور حضرت عائشہ صدیقہ وحضرت طلحہ وزبیر رضی اللہ عنہم کے واقعات موجود ہیں، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ایک فرعی مسئلہ میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی نسبت سخت الفاظ استعمال فرمائے۔

اس کے بعد ائمہ مجتہدین اور ان کے اَتباع کے اختلافات موجود ہیں، امام شافعی رحمہ اللہ، حضرت امام اعظم، اور ان کے متبعین پر سخت الفاظ میں اعتراض کرتے ہیں، لیکن جب نفسِ ذاتِ امام اعظم اور ان کے فضل وکمال پر نظر جاتی ہے، تو غایت درجہ کا ادب کرتے ہیں (اشرفُ السوانح جلد۳، صفحہ۱۹۷، مضمونِ سابع "تتمة اولیٰ حکایات الشکایات" مطبوعہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری)

اور ترجمانِ دارُالعلوم دیوبند حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ اپنی تالیف ''علماءِ دیوبند کا دینی رُخ اور مسلکی مزاج'' میں علمائے دیوبند کے جماعتی مزاج کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

ان (علمائے دیوبند) کا جماعتی مزاج معتدل بھی ہے اور متوسط بھی، جس میں نہ غلو ہے، نہ مبالغہ، اور اس توسط اور وسعتِ نظری کی بدولت، نہ ان کا مشغلہ ''تکفیر بازی'' ہے، نہ ''دشنام طرازی'' نہ کسی کے حق میں سبّ وشتم اور تبرّا ہے، نہ بدگوئی، نہ عناد وحسد اور طیش ہے، نہ غلبۂ جاہ ومال سے افراطِ عیش، بلکہ صرف بیانِ مسئلہ اور حقائقِ بیانی، یا احقاقِ حق اور ابطالِ باطل ہے، اور بالفاظِ مختصر اصلاحِ امت اور اتحاد بین المسلمین ہے، جس میں نہ مخالف شخصیات کی تحقیر اور بدگوئی ہے، نہ ان پر مغرورانہ طعن واستہزاء کا، نہ ان کے بیانات وخطابت کا موضوع، مخالفِ مسلک طبقات سے خواہ مخواہ الجھنا اور عوام کو ان سے نفرتیں دلاتے رہنا اور ان کے خلاف ہمہ وقت عوامی جذبات کو مشتعل کرتے رہنا ہے، جبکہ ان کی زبانیں بیانِ مسائل ہی سے فارغ نہیں، تو ان خرافات کے لیے وہ فرصت کہاں سے پاتے۔

تکفیر بازی تو بجائے خود ہے، ان کے یہاں سِرے سے ان اشخاص کا ذکر وتذکرہ تک بھی زبانوں پر نہیں ہوتا، جو ہمہ وقت ان کی بدگوئی میں لگے رہتے ہیں، پس انہی اوصاف واحوال کا مجموعہ نام ''دارالعلوم دیوبند'' ہے، اور اسی علمی وعملی اور عقلی واخلاقی ہمہ گیری سے اس کا دائرۂ اثر دنیا کے تمام ممالک تک پھیلا ہوا ہے (علمائے دیوبند کا دینی رُخ اور مسلکی مزاج، ص۱۹۲ و۱۹۳، بعنوان: فقہ اور فقہاء، مطبوعہ: ادارہ اسلامیات لاہور، بارِاول، ذوالقعدہ 1408ھ، جولائی 1988ء)

خلاصہ یہ کہ شیعہ اثنا عشری، یا روافض کی علی الاطلاق تکفیر پر نہ اجماع ہے، نہ سب کا اتفاق ہے، اور جمہور کے نزدیک عدمِ تکفیر کا قول ہی راجح ہے، تا آنکہ اس سلسلہ میں طے شدہ

اصول وقواعد کے مطابق کسی میں مجمع علیہ طریقہ پر نا قابلِ تاویل طریقہ پر کفر کا التزام کرنا ثابت نہ ہوجائے، اور جن علمائے متاخرین نے لزومِ کفر، واحتمالاتِ کفر، اور اقوالِ کفر وغیرہ کا تتبع وتکلف کر کے، اور جمہور کے قول وموقف میں طرح طرح کی تاویلات اختیار کر کے علی الاطلاق کفر کا حکم لگا دیا ہے، وہ جمہور کے نزدیک مرجوح قول ہے، جس کے مطابق عمومی تکفیر کا فتویٰ دینا راجح نہیں، اور نہ ہی اس طرح کے فتووں سے شیعہ ورافضہ کی علی الاطلاق تکفیر کا حکم ثابت ہوتا، بلکہ موجودہ زمانہ میں بھی دلائل وحقائق کی رو سے جمہور مجتہدین ومحققین کا قول وموقف ہی لائقِ اتباع وقابلِ فتویٰ ہے، جس میں دنیا وآخرت کے فتنہ وفساد سے حفاظت واحتیاط کا سامان بھی مضمر ہے، اگرچہ کسی دوسرے کو اپنی نظر میں اس کے برخلاف کیوں نہ محسوس ہوتا ہو۔

اور صورتِ مسئولہ کے مطابق، شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر پر مولانا عبدالشکور لکھنوی صاحب سے متعلق وفاق المدارس العربیہ کے موجودہ صدرِ محترم حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب زید مجدہم نے جو بات فرمائی ہے، وہ درست ہے۔

اگر اس سلسلہ میں **مالھا وماعلیھا** کے ساتھ مزید تحقیق درکار ہو، تو ہمارے علمی وتحقیقی رسائل کی طرف رجوع کیا جاسکتا ہے، جس میں اس موضوع پر متعدد رسائل موجود ہیں۔ آئندہ ضرورت پیش آئی، تو ان شاء اللہ تعالیٰ مزید بھی کلام کر دیا جائے گا۔

فقط

**وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.**

محمد رضوان خان

11/صفر المظفر/1446ہجری۔ 17/اگست/2024ء، بروز ہفتہ

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# موالات، بائیکاٹ

# وتحریکات

# کا شرعی حکم

غیر مسلموں سے قلبی محبت اور دلی دوستی، ان کے ساتھ تشبہ، ان کی
اتباع وپیروی، اوران کی مذہبی رسوم ورواج میں شرکت کی ممانعت
غیر مسلموں کے ساتھ موالات ومعاشرت اوران کی اعانت کا حکم
غیر مسلموں کے ساتھ معاملات وتجارت اور بائیکاٹ کی شرعی حیثیت
غیر مسلموں کے خلاف مختلف مشروع وغیر مشروع تحریکات کی تحقیق
مدافعتِ کفار پر قدرت وعدمِ قدرت کی صورت میں مسلمانوں کو شرعی حکم
قرآن وسنت کی روشنی میں ہڑتال، احتجاج، اوران جیسے اقدامات پر کلام
احادیثِ نبوی کی روشنی میں پرفتن دور میں علیٰحدگی ویکسوئی کو اختیار کرنے کا حکم

مصنِّف

مفتی محمد رضوان خان

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

www.idaraghufran.org

(جملہ حقوق بحق ادارہ غفران محفوظ ہیں)

نام کتاب: موالات، بائیکاٹ وتحریکات کا شرعی حکم

مصنِّف: مفتی محمد رضوان خان

صفحات: 490

طباعتِ اول: صفر المظفر 1447ھ اگست 2025ء

ملنے کا پتہ

کتب خانہ ادارہ غفران: چاہ سلطان، گلی نمبر 17، راولپنڈی، پاکستان

فون: 051-5507270 - 051-5702840

www.idaraghufran.org

# فہرست


| مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| تمہید (من جانبِ مؤلف) | 357 |
| (پہلا باب) کافروں سے موالات، اور مشابہت کی ممانعت | 369 |
| سورہ مائدہ اور سورہ ھود کا حوالہ | // |
| سورہ آلِ عمران، نساء، مائدہ اور سورہ توبہ کا حوالہ | 371 |
| سورہ اعراف، انفال، کہف، جاثیہ اور سورہ ممتحنہ کا حوالہ | 373 |
| ابوامامہ، براء وابوذر رضی اللہ عنہم کی احادیث | 374 |
| ابنِ مسعود، ابوموسیٰ وصفوان رضی اللہ عنہم کی احادیث | 376 |
| انس، جابر وابوذر رضی اللہ عنہم کی احادیث | 377 |
| عرس بن عمیرہ وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث | 379 |
| ابنِ مسعود، ابوذر وابوقرصافہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 381 |
| ابنِ عمر، ابوہریرہ وشداد بن اوس رضی اللہ عنہم کی احادیث | 384 |
| ابنِ عمر، حذیفہ وعمر رضی اللہ عنہم کی احادیث | 385 |


www.idaraghufran.org

| | | |
|---|---|---|
| | عبداللہ بن عمرو، وجابر رضی اللہ عنہما کی حدیث | 387 |
| | ابنِ عمر، جریر وسمرہ بن جندب رضی اللہ عنہم کی احادیث | 389 |
| | انس، عُمر، اور ابنِ عَمر ورضی اللہ عنہم کی احادیث | 391 |
| | الروضۃُ الناضرہ فی المسائل الحاضرۃ کا حوالہ | 397 |
| | امدادُ الفتاویٰ کا حوالہ | 399 |
| | امدادُ الفتاویٰ کا دوسرا حوالہ | 400 |
| | امدادُ الاحکام کا حوالہ | // |
| | امدادُ الاحکام کا دوسرا حوالہ | 401 |
| | امدادُ الاحکام کا تیسرا حوالہ | // |
| | اسعدُ الابرار کا حوالہ | // |
| | الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ کا حوالہ | 402 |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا دوسرا حوالہ | // |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا تیسرا حوالہ | 403 |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا چوتھا حوالہ | // |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا پانچواں حوالہ | 405 |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا چھٹا حوالہ | 406 |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا ساتواں حوالہ | 407 |
| | الافاضاتُ الیومیۃ کا آٹھواں حوالہ | // |

| | | |
|---|---|---|
| | الافاضاتُ الیومیة کا نواں حوالہ | 408 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا دسواں حوالہ | // |
| | الافاضاتُ الیومیة کا گیارہواں حوالہ | 409 |
| | (دوسرا باب) **کافروں سے تجارتی بائیکاٹ کا شرعی حکم** | 410 |
| | سورہ آلِ عمران، غافر، انفال، توبہ وسورہ طٰہٰ کا حوالہ | 412 |
| | سورہ بقرہ، نساء، مائدہ اور سورہ نحل کا حوالہ | 436 |
| | سورہ مائدہ، انفال اور سورہ محمد کا حوالہ | 439 |
| | انس، جابر وابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہم کی احادیث | 440 |
| | ابنِ عباس وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث | 443 |
| | ھُلب طائی اور عدی بن ابی حاتم رضی اللہ عنہما کی حدیث | 445 |
| | عمر، ابنِ عمر ودیگر صحابہ وتابعین کی روایات | 447 |
| | مغیرہ وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | 451 |
| | ابنِ مسعود، ابنِ مغفل، عمر، حسن، امام بخاری وبیہقی کی روایات | 452 |
| | عائشہ وجابر رضی اللہ عنہما کی حدیث | 458 |
| | عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کی حدیث | 460 |
| | عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث | 461 |
| | انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 462 |

| | | |
|---|---|---|
| | عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک اور حدیث | 462 |
| | صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 464 |
| | ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 465 |
| | عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| | ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 466 |
| | ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | 469 |
| | عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 470 |
| | مغیرہ، سعد بن عبادہ، وابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 471 |
| | ابو ہریرہ، جابر بن عتیک، عقبہ وکعب رضی اللہ عنہم کی احادیث | 475 |
| | عائشہ وعبداللہ بن عمرو، رضی اللہ عنہما کی حدیث | 477 |
| | ابنِ عباس، انس وابوموسیٰ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 479 |
| | بریدہ اسلمی، ابو ہریرہ وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث | 480 |
| | جابر، عمر اور عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہم کی روایات | 481 |
| | امام ابنِ حبان کا حوالہ | 485 |
| | سورہ توبہ، سورہ تحریم اور سورہ فتح کا حوالہ | 487 |
| | قاضی عیاض کا حوالہ | 489 |
| | امام نووی کا حوالہ | // |
| | ”مرقاۃُ المفاتیح“ کا حوالہ | // |

| | | |
|---|---|---|
| | علامہ طیبی کا حوالہ | 490 |
| | علامہ ابنِ حجر عسقلانی کا حوالہ | // |
| | علامہ ابنِ حجر عسقلانی کا دوسرا حوالہ | 491 |
| | علامہ عینی کا حوالہ | // |
| | علامہ عینی کا دوسرا حوالہ | 492 |
| | علامہ عینی کا تیسرا حوالہ | // |
| | علامہ عینی کا چوتھا حوالہ | // |
| | امام مناوی کا حوالہ | 493 |
| | ''الموسوعةُ الفقهية الكويتية'' کا حوالہ | 494 |
| | ''الموسوعةُ الفقهية الكويتية'' کا دوسرا حوالہ | // |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا حوالہ | 497 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا دوسرا حوالہ | 498 |
| | علامہ ابنِ تیمیہ کا تیسرا حوالہ | 499 |
| | ''شرحُ السير الكبير'' کا حوالہ | // |
| | ''شرحُ السير الكبير'' کا دوسرا حوالہ | 500 |
| | ''شرحُ السير الكبير'' کا تیسرا حوالہ | 501 |
| | ''بدائعُ الصنائع'' کا حوالہ | 504 |
| | ''بدائعُ الصنائع'' کا دوسرا حوالہ | // |

| | | |
|---|---|---|
| | ’’بدائعُ الصنائع‘‘ کا تیسرا حوالہ | 506 |
| | ’’بدائعُ الصنائع‘‘ کا چوتھا حوالہ | 507 |
| | ’’بدائعُ الصنائع‘‘ کا پانچواں حوالہ | 508 |
| | ’’شرح مختصر الطحاوی‘‘ کا حوالہ | 509 |
| | ’’شرحُ الوقایة‘‘ کا حوالہ | // |
| | ’’ تبیینُ الحقائق ‘‘ کا حوالہ | 510 |
| | ’’ البحرُ الرائق‘‘ کا حوالہ | // |
| | ’’ البحرُ الرائق‘‘ کا دوسرا حوالہ | 512 |
| | ’’ تکملة البحرُ الرائق‘‘ کا حوالہ | 513 |
| | امام محمد اور حنفیہ کی دیگر کتب کا حوالہ | 514 |
| | ’’ردُّ المحتار‘‘ کا حوالہ | 542 |
| | ’’’ردُّ المحتار‘‘اور’’النهرُ الفائق‘‘ کا حوالہ | 544 |
| | فتاویٰ قاضی خان اور مفتی شفیع کا حوالہ | 550 |
| | ’’الهدایة‘‘ کا حوالہ | 584 |
| | ’’الاختیار لتعلیل المختار‘‘ کا حوالہ | 585 |
| | امدادُ الفتاویٰ اور’’حقوقُ السرّآء والضرّآء ‘‘ کا حوالہ | 590 |
| | ’’انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا‘‘ کا حوالہ | 593 |
| | الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة کا حوالہ | 596 |

| | |
|---|---|
| الافاضاتُ الیومیة کا دوسرا حوالہ | 597 |
| الروضةُ الناضرة فی المسائل الحاضرة کا حوالہ | 598 |
| الروضةُ الناضرة کا دوسرا حوالہ | 600 |
| الافاضاتُ الیومیة کا تیسرا حوالہ | 602 |
| معاملةُ المسلمین فی مجادلة غیر المسلمین کا حوالہ | 603 |
| امدادُ الفتاویٰ کا حوالہ | 605 |
| امدادُ الفتاویٰ کا دوسرا حوالہ | // |
| اقتباساتِ عشر کا حوالہ | 607 |
| اقتباساتِ عشر کا دوسرا حوالہ | // |
| احکامُ الایتلاف فی احکام الاختلاف کا حوالہ | 610 |
| الافاضاتُ الیومیة کے مزید حوالہ جات | 614 |
| مانعین کے بعض فتاویٰ پر کلام | 617 |
| مسائلِ حاضرہ کا حوالہ | 644 |
| مسائلِ حاضرہ کا دوسرا حوالہ | // |
| (تیسرا باب) **مدافعتِ کفار ومنکرات اور تحریکاتِ حاضرہ وشرعیہ** | 646 |
| سورہ بقرہ کا حوالہ | 649 |
| سورہ بقرہ کا دوسرا حوالہ | // |

| | | |
|---|---|---|
| | سورہ بقرہ کا تیسرا حوالہ | 650 |
| | سورہ بقرہ کا چوتھا حوالہ | 651 |
| | سورہ آلِ عمران، اعراف، توبہ، مائدہ، نحل، طٰہٰ، وشعراء کا حوالہ | 652 |
| | سورہ آلِ عمران کا حوالہ | 665 |
| | سورہ آلِ عمران کا دوسرا حوالہ | 667 |
| | سورہ آلِ عمران کا تیسرا حوالہ | 669 |
| | سورہ آلِ عمران کا چوتھا حوالہ | // |
| | سورہ انفال کا حوالہ | 671 |
| | سورہ انفال کا دوسرا حوالہ | 672 |
| | سورہ سبأ وسورہ محمد کا حوالہ | 674 |
| | سورہ توبہ، ھود، رعد، ابراہیم اور سورہ مطففین کا حوالہ | 677 |
| | سورہ آلِ عمران، انعام وسورہ انفال کا حوالہ | 680 |
| | سورہ انفال، ھود، رعد، اسراء، روم اور سورہ شوریٰ کا حوالہ | 682 |
| | سورہ اعراف، یوسف، مومنون، قصص، عنکبوت، ممتحنہ کا حوالہ | 686 |
| | سورہ طلاق کا حوالہ | 694 |
| | سورہ انفال، ھود اور سورہ نوح کا حوالہ | 695 |
| | سورہ بقرہ، انعام، اعراف اور سورہ مؤمنون کا حوالہ | 696 |
| | صہیب وسعد رضی اللہ عنہما کی احادیث | 698 |

| | | |
|---|---|---|
| | عبداللہ بن اوفیٰ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | 700 |
| | ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث | // |
| | انس رضی اللہ عنہ کی حدیث | 702 |
| | حذیفہ، ابنِ عمر، عبادہ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 705 |
| | ابنِ مسعود، ابواعور، ابنِ عباس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 709 |
| | ثوبان، علی وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث | 712 |
| | انس، براء ومخرمہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 713 |
| | ابو ہریرہ وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث | 723 |
| | ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث | 725 |
| | سلمان رضی اللہ عنہ کی حدیث | 727 |
| | عمر، ابو ہریرہ وانس رضی اللہ عنہم کی احادیث | 728 |
| | ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث | 731 |
| | ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث | // |
| | حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی حدیث | 732 |
| | ابو ہریرہ، ابنِ عمرو، وابوصرمہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 734 |
| | ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 736 |
| | عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث | 738 |
| | ابو ہریرہ ومحمود بن لبید رضی اللہ عنہما کی احادیث | // |

| | | |
|---|---|---|
| | زید بن ثابت وانس رضی اللہ عنہما کی احادیث | 741 |
| | ابو ہریرہ ومعقل بن یسار رضی اللہ عنہما کی حدیث | 743 |
| | ابنِ عمر، ابنِ عباس، بریدہ وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث | 746 |
| | ابنِ عمر، فضالہ، نعمان وثوبان رضی اللہ عنہم کی احادیث | 750 |
| | عبداللہ بن عَمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث | 751 |
| | ابنِ عمرو، ایک صحابی، اور حذیفہ رضی اللہ عنہم کی احادیث | 753 |
| | ابوسعید خدری، وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث | 755 |
| | الروضةُ الناضرة فی المسائل الحاضرة کا حوالہ | 760 |
| | الروضةُ الناضرة فی المسائل الحاضرة کا دوسرا حوالہ | 762 |
| | جزلُ الکلام فی عزل الامام کا حوالہ | 763 |
| | تفسیر بیانُ القرآن کا حوالہ | 764 |
| | الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة کا حوالہ | 765 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا دوسرا حوالہ | 766 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا تیسرا حوالہ | 767 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا چوتھا حوالہ | // |
| | الافاضاتُ الیومیة کا پانچواں حوالہ | 768 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا چھٹا حوالہ | 770 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا ساتواں حوالہ | 771 |

| | | |
|---|---|---|
| | الافاضاتُ الیومیة کا آٹھواں حوالہ | 772 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا نواں حوالہ | 774 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا دسواں حوالہ | 775 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا گیارہواں حوالہ | 777 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا بارہواں حوالہ | 780 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا تیرہواں حوالہ | 782 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا چودہواں حوالہ | 783 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا پندرہواں حوالہ | 784 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا سولہواں حوالہ | 785 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا سترہواں حوالہ | 786 |
| | الافاضاتُ الیومیة کا اٹھارہواں حوالہ | // |
| | الافاضاتُ الیومیة کا انیسواں حوالہ | 788 |
| | اسعدُ الابرار کا حوالہ | 791 |
| | اسعدُ الابرار کا دوسرا حوالہ | 792 |
| | وعظ ''محاسنِ اسلام'' کا حوالہ | 793 |
| | حکیمُ الامت کے سیاسی افکار کا حوالہ | 798 |
| | حضرت شیخ الہند کا ایک اہم ارشاد | 800 |
| | شیخ الہند کا زندگی کے آخری حصہ میں سیکھا ہوا سبق | 803 |

| | |
|---|---|
| ایک شبہ کا ازالہ | 805 |
| (خاتمہ)<br>فتنوں، اور باہمی انتشار کے دور میں شرعی حکم | 808 |
| انس وابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہما کی حدیث | 809 |
| عبداللہ بن عمرو، اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | 811 |
| سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث | 814 |
| ابوہریرہ وسعد رضی اللہ عنہما کی حدیث | 815 |
| ابوموسیٰ، اور ایک صحابی رضی اللہ عنہما کی حدیث | 819 |
| خرشہ وخباب رضی اللہ عنہما کی حدیث | 821 |
| سعد وابوبکرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث | 822 |
| ابوذر وسعید بن زید رضی اللہ عنہما کی حدیث | 825 |
| حذیفہ، ابوہریرہ وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث | 827 |
| ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث | 831 |


Idara Ghufran

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تمہید

(من جانبِ مؤلف)

مدتِ دراز سے دیکھنے میں آرہا ہے کہ دنیا بھر میں کافروں کی طرف سے مسلمانوں کو مختلف طریقوں سے ظلم وستم کا نشانہ بنایا جاتا ہے، اور مختلف شکلوں میں ان کے خلاف بدزبانی وہرزہ سرائی کی جاتی ہے، جس کے ردِعمل میں مسلمانوں کی طرف سے، ان کے خلاف طرح طرح کی تحریکات وتدبیرات کو اختیار کیا جاتا ہے، پھر جب ایک تدبیر وتحریک سے مقصود حاصل نہیں ہوتا، تو کوئی دوسری تدبیر وتحریک شروع کی جاتی ہے، اور سلسلہ اسی طرح آگے بڑھتا ہے۔

لیکن ''مرض بڑھتا گیا، جوں جوں دوا کی'' والی کہاوت سامنے آتی ہے، ایک طویل عرصہ سے مسلمانوں کا یہ طرزِ عمل جاری ہے، ان تدبیروں وتحریکوں سے تاحال مقاصد حاصل نہ ہونے، اور مسلمانوں کی مغلوبیت، ومظلومیت ختم نہ ہونے کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اسلام کی طرف سے، مسلمانوں کو مغلوبیت سے بچنے اور غلبہ حاصل کرنے کے لئے، جو حقیقی رہنما اصول وقواعد فراہم کئے گئے تھے، جن کو فکری ونظریاتی طور پر اختیار کرنا، اور ان پر عمل پیرا ہونا، مسلمانوں پر لازم اور واجب تھا، ان کو تو مسلمانوں نے عموماً یکسر نظر انداز کردیا ہے، ان کی طرف توجہ ہی نہیں، اور اگر کسی کی توجہ بھی ہے، تو وہ ناکافی ہے۔

دوسری طرف المیہ یہ ہے کہ اسلام کے بیان کردہ رہنما اصول وقواعد کے مقابلہ میں مسلمانوں کی جانب سے جن تدبیروں کو اختیار کیا جاتا ہے، اور ان کو تحریک اور اجتماعی مہم کے طور پر بروئے کار لایا جاتا ہے، اور ان میں اپنی صلاحیتوں کو استعمال کیا جاتا ہے، کبھی مصنوعات سے تجارتی بائیکاٹ (Boycott) کی مہم چلائی جاتی ہے، کبھی سٹرائک (strike) اور ہڑتال کی جاتی ہے، کبھی احتجاج، جلوس اور ریلیاں نکالی جاتی ہیں، کبھی گھروں، اور اپنے کاروبارِ زندگی سے نکل کر عام گذرگاہوں اور راستوں پر دھرنے دے کر بیٹھا جاتا ہے، کبھی عین

راستوں کے درمیان آگ جلا کر اور رکاوٹیں کھڑی کر کے مسافروں اور راہ گیروں کو تکالیف پہنچائی جاتی ہیں، لوگوں کے کاروبار، اور دیگر ضروریاتِ زندگی، بلکہ دینی کاموں میں بھی خلل پیدا کیا جاتا ہے، اپنی ہی سرکاری وغیر سرکاری املاک کی توڑ پھوڑ، اور جلاؤ گھیراؤ کیا جاتا ہے، باطل کے خلاف تحریر وتقریر کے نام پر ہر طرح کی الزام تراشی، بدکلامی، اور صبر کے منافی باتیں واقدامات کرنے کو دین کی بڑی خدمت اور عبادت تصور کیا جاتا ہے، اور ان تدبیروں میں حصہ نہ لینے، یا ان کی خلاف ورزی کرنے والوں کو کبھی کافروں کا ''موالاتی'' ہونے کا الزام دیا جاتا ہے، تو کبھی ''غیرتِ ایمانی کا مخالف'' سمجھا جاتا ہے، اور کبھی ایمانیات، اور فرائض وواجبات کو نظر انداز کر کے، ان مادی اور غیر شرعی تدابیر کے بارے میں اتنا بڑا دعویٰ بھی کر دیا جاتا ہے کہ جو شخص ان تدابیر کو اختیار نہ کرے، وہ ادنیٰ درجہ کا مسلمان بھی نہیں۔

بعض اہلِ علم کی طرف سے، بعض اوقات دعویٰ کیا جاتا ہے کہ فلاں فلاں، اور تمام ملٹی نیشنل کمپنیوں کی جملہ مصنوعات کا بائیکاٹ واجب ہے، اور ان سے بائیکاٹ نہ کرنا حرام اور گناہِ کبیرہ ہے، لیکن ان کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ حرام اور کبیرہ گناہ کی اجازت صرف مخصوص مجبوری واضطراری حالت میں ہوتی ہے، وہ بھی نہایت تھوڑی مقدار میں، اور بادلِ نخواستہ، جس طرح کی مجبوری واضطرار کی حالت میں خنزیر اور شراب کی اجازت ہوتی ہے، جبکہ صورتِ حال یہ ہے کہ ان کمپنیوں کی مصنوعات سے عوام الناس کے مقابلہ میں اس طرح کے دعوے کرنے، اور فتوے جاری کرنے والے حضرات وافراد اور دیگر بہت سے علماء وصلحاء زیادہ مقدار میں کسی اضطراری حالت کے لاحق ہوئے بغیر استفادہ کرتے ہیں، جن کے کھانے پینے، رہنے سہنے، اور سفر واسفار کے اسباب ووسائل اعلیٰ اور معیاری درجہ کے ہوتے ہیں، اور وہ معیار ملٹی نیشنل کمپنیوں کی مصنوعات میں ہی بآسانی اور ہر جگہ میسر آتا ہے۔

جب اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے حلال کردہ چیزوں کو حرام قرار دینے کے بارے میں اس قسم کے تشدد وانتہاء پسندی پر مبنی فتوے جاری ہونے لگیں، جن کی رو سے خود فتویٰ دینے

والے، اور مسلمانوں کے علماء وصلحاء بھی حرام اور کبیرہ گناہوں کے مرتکب ہوئے بغیر نہ رہ سکیں، تو دینِ اسلام، اور مسلمانوں کا بس اللہ ہی حافظ ہے۔

پھر عملی طور پر اس طرح کے بائیکاٹ میں بدنظمی اور بدانتظامی کے جو مناظر سامنے آتے ہیں، وہ انتہائی حماقت وجہالت پر مبنی ہوتے ہیں، بعض اوقات تو اس قسم کے بائیکاٹ، غیر مسلموں کے بجائے مسلمانوں سے کر کے خود مسلمانوں کو کمزور کیا جاتا ہے، بعض اوقات اس بائیکاٹ کا مقصود غیر مسلموں سے کرنا ہوتا ہے، لیکن اس کی زد میں بہت سے غریب غرباء مسلمانوں کا طبقہ آجاتا ہے، انہوں نے جو اشیاء غیر مسلموں سے خرید کر اپنی ملکیت میں داخل کر لی ہوتی ہیں، اور ان کی قیمت غیر مسلموں کو اداء کی جا چکی ہوتی ہے، ان کا بائیکاٹ کر کے، دراصل مسلمانوں سے بائیکاٹ کرنے پر عمل پیرا ہوا جاتا ہے، اور بسا اوقات اس بات کا بھی لحاظ نہیں کیا جاتا کہ جن اہلِ حرب، یا ظالم کفار کے خلاف بائیکاٹ مقصود ہے، خاص ان لوگوں کی مصنوعات کا بائیکاٹ کرنے کے بجائے، اس ملک، یا مذہب سے تعلق رکھنے والے ان تمام افراد، یا ان کی چند مصنوعات کے خلاف بائیکاٹ کا حکم صادر کر دیا جاتا ہے، جن میں غیر محارب، یا غیر مجرم، یا مستامن لوگوں کو بھی شامل کر لیا جاتا ہے، بلکہ بعض اوقات دوسرے ممالک ومذاہب سے تعلق رکھنے والے بھی اس کی زد میں آجاتے ہیں، اور بعض اوقات اس قسم کی حرکات، یا واردات نہایت خفیہ طریقہ پر ان لوگوں کی طرف سے سامنے آتی ہیں، جن کے پیشِ نظر اپنے مدِ مقابل کمپنیوں کی مصنوعات کا بائیکاٹ کرا کر خود اپنی مصنوعات کی تجارت کرنا، اور اپنے کاروباری مقاصد کو پورا کرنا ہوتا ہے، اور بعض اوقات مسلم معاشرہ کو معیاری اشیاء سے ہٹا کر غیر معیاری، بلکہ مضرِ صحت اشیاء کے استعمال میں لگانا، اور ان کو مالی وجانی نقصان پہنچانا مقصود ہوتا ہے، جیسا کہ عموماً مسلمانوں کا طرزِ عمل ہے، اور ان سب صورتوں میں ''کرے کوئی، اور بھرے کوئی'' والی مثال صادق آتی ہے۔

اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اس مرحلہ پر اللہ، اور اس کے رسول کی طرف سے حلال کردہ

چیزوں، اوران تجارتی معاملات کوحرام قرار دینے، اوراس عمل کومحارب وظالم کفار کی اعانت ومدد کرنے میں داخل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، جن کے حلال وجائز ہونے، اور کفار کی اعانت ومدد کرنے کے مفہوم میں داخل نہ ہونے کی محدثین، مفسرین، اور مجتہدینِ عظام وفقہائے کرام نے پے درپے تصریحات کردی ہیں۔

اوراس کے برعکس عقائد وعبادات، معاشرت، اخلاق، اور بالخصوص معاملات وتجارات کے جن شعبوں میں خود مسلمان صریح محرمات، جھوٹ، غلط بیانی، ناپ تول میں کمی، ملاوٹ، دھوکہ دہی وغیرہ میں مبتلاء ہیں، جن کی وجہ سے وہ اپنے تجارتی ومصنوعاتی شعبوں میں ناکام، اور دنیا میں ذلت ورسوائی اور کفار کے مقابلہ میں پسپائی کا شکار ہیں، اوران کے مقابلہ میں کفار اپنے معاملات اور تجارتی امور میں اس قسم کے مفاسد سے اجتناب کرکے اپنی مصنوعات ومعاملات کودنیا بھر میں قبولیتِ عامہ تک پہنچانے میں کامیاب ہوئے ہیں، ان کو یکسر نظرانداز کردیا جاتا ہے۔

چنانچہ یہ بات سب کومعلوم ہے کہ موجودہ زمانہ میں معاشی، سیاسی وعدالتی، شعبوں میں ترقی یافتہ کفار کے مقابلہ میں مسلمانوں کا کردار نہایت ناگفتہ بہ ہے، مسلمانوں کے معاملات و تجارات، سیاسیات وغیرہ کے جملہ شعبوں میں کرپشن، دھوکہ دہی، غلط بیانی، جھوٹ، ملاوٹ، ناپ تول میں کمی، ظلم وجور، رشوت وحرام خوری، کام چوری، اورذخیرہ اندوزی جیسے منکرات ومحرمات کی بھرمار ہے، جس کی وجہ سے مسلمان، معاشی، سیاسی اور عدالتی شعبوں میں ناکام اور غیر مقبول ہیں، اوران کی مصنوعات وتجارات کوغیر مسلموں کا معاشرہ، تو درکنار، خود ان کے اپنے اور اسلامی معاشرہ میں پذیرائی حاصل نہیں، اوراس کے مقابلہ میں کفار ومشرکین کے یہاں مذکورہ شعبے کافی حدتک ان چیزوں سے پاک ہیں، جس کی وجہ سے ان کے مذکورہ شعبوں کواپنے یہاں بھی قبولیت حاصل ہے، اوراسی کے ساتھ مسلمانوں کے معاشرے میں بھی پذیرائی حاصل ہے۔

اور یہ سب باتیں حقیقت پر مبنی ہیں، جن کا انکار کرنے سے حقیقت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

اگر مسلمان دوسروں کی طرف پتھر پھینکنے، اور دوسروں کے خلاف فتوے صادر کرنے کے بجائے، نیک نیتی سے اپنی خود احتسابی کے عمل میں مشغول ہوتے، اور اپنی کمزوریوں کو دور کرنے کی طرف متوجہ ہوتے، اور اللہ کی ناراضگی کو دور کر کے اس کو راضی کرنے میں لگ جاتے، تو اب تک کب کے اس ذلت ورسوائی کے گہرے غار اور کنویں سے باہر نکل آتے۔

واقعہ یہ ہے کہ موجودہ زمانہ میں عامۃ المسلمین کی طرف سے اپنی ذلت ورسوائی اور پسپائی کو دور، اور کفار ومشرکین کو مغلوب کرنے کے لئے اختیار کردہ بہت سی تدابیر تو نہ صرف یہ کہ غیر شرعی ہیں، جو اسلام کے بجائے ان ظالم کفار کی طرف سے ہی ایجاد واختراع کی گئی ہیں، جن کے خلاف مسلمان جدوجہد کرتے ہیں، بلکہ اسی کے ساتھ ان میں متعدد تدابیر شریعت کے طے کردہ احکام کے برخلاف بھی ہیں، جن کو مباح وجائز قرار دینا بھی ممکن نہیں، اور اس طرح کے حالات ومواقع پر اسلام نے جن چیزوں اور تدبیروں کو اختیار کرنے کی تعلیم دی ہے، ان سے ان غیر شرعی تدابیر کا کوئی دور کا بھی تعلق نہیں۔

اور مسلمانوں کی طرف سے اس قسم کی غیر مشروع تدابیر کو بنیادی طور پر تو مسلمانوں کے ان لیڈران اور سربراہانِ قوم نے اختیار کیا تھا، جو اگرچہ مسلمانوں کے ہمدرد وخیر خواہ تو شمار ہوتے تھے، لیکن وہ اسلام کی اصل تعلیمات سے بہرہ ور نہیں تھے، پھر رفتہ رفتہ جب مسلمان، ان چیزوں سے مانوس ہو گئے، تو دینی تعلیم یافتہ اور مذہبی طبقہ نے بھی ان کو اختیار کرنا شروع کر دیا، اور پھر اسی کے ساتھ ان کے چیزوں کے مشروع، اور ممدوح، اور عملِ صالح ہونے کے لئے شرعی دلائل کو بھی تلاش کرنا شروع کر دیا گیا، اور اس سلسلہ میں گہرائی کے ساتھ اسلام کے مزاج ومذاق پر غور وفکر کرنے کی طرف توجہ کم ہی ہو سکی، ان سب چیزوں کے نتیجہ میں اسلام کی طرف سے پیش کردہ اصل تعلیمات واحکامات رفتہ رفتہ پسِ منظر میں جانے شروع ہو گئے، اور ان کی طرف سے توجہ ہٹتی چلی گئی، یا یہ سمجھ لیا گیا کہ موجودہ زمانہ میں اسلام

کی پیش کردہ ان تعلیمات واحکامات پر عمل کرنا ممکن، یا زیادہ مفید وموثر نہیں۔

چنانچہ اب عام طور پر اسلام کی ان تعلیمات واحکامات کا ذکر تک بھی گوارا نہیں کیا جاتا، اور نہ ہی یہ سمجھا جاتا کہ ہماری ناکامی کی اصل وجہ اسلام کے ان اہم احکامات وتعلیمات کو ترک کرنا ہے، جس کی وجہ سے ہم کسی گناہ کے بھی مرتکب ہیں، بس ایک بھیڑ چال کی طرح ان ہی تلخ تجربات پر مشتمل نسخوں کو نئی نئی شکلوں میں اپنانے اور اختیار کرنے کی جدوجہد کی جاتی ہے، جن سے آج تک کامیابی نہ ملی، بلکہ دن بدن ذلت ورسوائی میں اضافہ ہوتا گیا۔

واقعہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دین کی تکمیل کردی گئی تھی، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دین کو دن کے اجالے اور روشنی کی طرح منور کرکے چھوڑ دیا تھا، جس میں تا قیامت ہر حالت اور ہر زمانہ میں اس کی تعلیمات واضح اور صاف تھیں، جن کو پیشِ نظر رکھ کر ہر طرح کے حالات وواقعات میں راہِ عمل کو متعین کرنا ممکن وسہل تھا۔

موجودہ زمانہ میں ایک طرف تو مسلمانوں کا دین وایمان کمزور ہوتا جارہا ہے، اور اسلام کی اصل تعلیمات سے توجہ ہٹتی جارہی ہے، اور دوسری طرف ان کے مقابلہ میں ایسی تدابیر کو پروان چڑھانے کی کوششیں تیز کی جارہی ہیں، جن کو اسلامی دھارے میں ڈھالنے کی گنجائش مشکل ہے، اور بہت سے علماء بھی اس کا حصہ بنتے جارہے ہیں، جو اس قسم کی تحریکات کو عوام کی طرف سے عملی جامہ پہنوانے کے لئے سرگرمِ عمل ہیں۔

چنانچہ بعض اوقات ان جدید، اور خودساختہ تدابیر، اور احتجاج وبائیکاٹ، اور تحریکات کو موجودہ دور کے عظیم جہاد کا حصہ تصور کیا جاتا ہے، کبھی ان چیزوں کے اختیار کرنے کو ایمانی قوت اور بہت بڑی شجاعت قرار دیا جاتا ہے، کبھی ان چیزوں کو ''ایمانی غیرت'' کا اہم جذبہ سمجھ کر اختیار کیا جاتا ہے، اور اس قسم کے مزین عنوانات وتعبیرات کے سہارے، نہ جانے کتنے شرعی احکام کو پامال کیا جاتا ہے، اور منکرات ومحظوراتِ شرعیہ کو گوارا کیا جاتا ہے، اور ان امور میں شرکت نہ کرنے، ان کی حمایت نہ کرنے، یا ان کی مخالفت کرنے والوں پر نکیر وملامت کی

جاتی ہے، کبھی ان کو ایمانی کمزوری کا حامل، اور بزدل قرار دیا جاتا ہے، کبھی ان لوگوں کو کافروں کے اعانت کار ومددگار ہونے کا طعنہ دیا جاتا ہے، کبھی ان کو کافروں کی حمایت اور ولایت کا مرتکب سمجھا جاتا ہے، اور جب اس قسم کے امور کی قیادت وسیادت سرانجام دینے والے ابنائے زمانہ کے سامنے قرآن وسنت کی تعلیمات اور فقہائے امت کی تحقیقات کی روشنی میں ان امور کا ثابت نہ ہونا بیان کیا جاتا ہے، یا ان چیزوں کے ثبوت پر دلائل کا مطالبہ کیا جاتا ہے، تو فوراً ان امور کو مسکوت عنہ اور مباح قرار دے کر، اور شریعت کی طرف سے ممانعت نہ ہونے کا دعویٰ کر کے جلد فراغت حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

حالانکہ اوّل تو جب کسی چیز کو شریعت کا اہم حکم سمجھ کر اور اس کو شریعت کا جامہ پہنا کر اختیار کیا جاتا ہے، تو اس کے متعلق اسی حیثیت وجہت سے شرعی دلائل کے تناظر میں اس کا درجہ وحکم متعین کرنا ضروری ہے، دوسرے اگر واقعی اس قسم کی چیزوں کو یہ حضرات مباح امور کا درجہ دینے میں مخلص ہیں، تو پھر ان امور پر شریعت کا مزین لیبل لگانے کو کیوں ہوا دی جاتی ہے، اور کیوں کر ان دعووں کو گوارا کیا جاتا ہے، خود ہی شروع سے صاف کہہ دینا چاہیے کہ یہ امور مباح درجہ کی چیزیں ہیں، اور پھر ان امور کے ساتھ دوسرے بے شمار مباح امور کی طرح کا برتاؤ کرنا چاہیے، اور ان کو اپنے درجہ سے بڑھا چڑھا کر ان کی طرف عوام کو متوجہ کرنے اور اپنی بیش بہا صلاحیتوں کو خرچ کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے۔

تیسرے کھلے عام ان تدابیر کے عنوان سے متعدد منکرات کا ارتکاب کیا جارہا ہو، اور ان کے ساتھ مختلف گناہوں کی آمیزش کی جارہی ہو، تو پھر وہ مباح اور مسکوت عنہ درجہ کی چیز نہیں رہتی، بلکہ وہ ممنوعات ومحظورات کے زمرہ میں داخل ہوجایا کرتی ہے۔

چوتھے جس چیز کی خیر القرون میں ضرورت پیش آئی، اور ان امور کو اس وقت اس مقصد کے لئے اختیار کرنے پر قدرت بھی حاصل تھی، لیکن پھر بھی ان تدابیر کو اختیار نہیں کیا گیا، اور نہ ہی دوسروں کو ان کے اختیار کرنے کی تاکید کی گئی، اور نہ ہی ترغیب دی گئی، تو پھر یہ امور مسکوت

عنہ اور مباح درجہ کے بھی نہیں رہتے، بلکہ منہی عنہ اور ممنوع درجہ میں داخل ہو جاتے ہیں۔

پانچویں مسلمانوں کو اپنے جملہ مسائل ومصائب کے حل کے لئے شریعت کی طرف سے جو اصل اسباب، تدابیر وتجاویز متعین کردی اور بتلادی گئی ہیں، اور ان کو مباح سے بڑھ کر فرض وواجب، یا کم ازکم سنت ہونے کا درجہ دے دیا گیا ہے، اور یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ ان پر عام مسلمانوں، اور اکثر وبیشتر تدابیرِ جدیدہ اختیار کرنے والوں کا عمل نہ ہونے کے برابر ہے، اور جن سے اسلاف کامیابی حاصل کرتے رہے، اور موجودہ مسلمانوں کی ناکامی، اور مظلومیت کی اصل وجہ درحقیقت ان اصلی تدابیر واسباب کو ترک کرنا، اور ان پر عمل پیرا نہ ہونا ہی ہے، تو ایسی صورت میں ان کو نظر انداز کر کے عام مسلمانوں کو ان ہی خود ساختہ، محدثہ، یا زیادہ سے زیادہ تدابیرِ مباحہ میں مشغول رہنے کو گوارا کرنا، کہاں کا انصاف ہے۔

جملہ احکامِ شرعیہ میں فرائض وواجبات مقدم، اور باقی چیزوں کا درجہ ان کے بعد ہے۔

اور افسوس کہ اس قسم کی بے اعتدالیوں سے وہ حضرات بھی واقف ہوتے ہیں، جو اس قسم کے بائیکاٹ، اور تحریکات کے بانی، اور ان کے پیشوا شمار ہوتے ہیں، لیکن اس کے باوجود، وہ ان صریح بے اعتدالیوں کے ارتکاب پر چپ سادھ لیتے ہیں، اور صرف چند جزوی فوائد کو پکڑ کر بیٹھ جاتے ہیں، اور ان کو خوب شہرت دیتے ہیں، کبھی کہتے ہیں کہ اگر مسلمانوں کو کفار کے مقابلہ کے لئے دوسری مشروع تدابیر کی قدرت واستطاعت حاصل نہیں، تو ہڑتال اور بائیکاٹ جیسی جو ادنیٰ درجہ کی چیزیں مسلمانوں کے اختیار میں ہیں، ان کو اختیار کرنے میں کوتاہی کرنا، تو ادنیٰ درجہ کے مسلمان ہونے سے بھی کمتر درجہ ہے، گویا کہ اس کے بعد وہ نام کے بھی مسلمان نہیں رہیں گے۔

لیکن اس طرح کے دعویدار یہ بھول جاتے ہیں کہ کئی جزوی فوائد کے حاصل ہونے کا تو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں شراب اور جوے جیسی چیزوں میں بھی موجود ہونے کا ذکر فرمایا ہے، لیکن اس کے باوجود ان چیزوں پر حرام اور گناہ ہونے کا ہی حکم لگایا ہے، اور مسلمانوں کی

اپنے عقائد، وعبادات، نماز، روزہ، جیسے اہم فرائض کو نظر انداز کرنے، اور اپنی اندرونی معاشرت، اخلاقیات اور معاملات وتجارات میں جو رات دن صریح محرمات کے ارتکاب کی جو صورتِ حال ہے، جس سے یہود وہنود بھی شرماتے ہیں، کیا ان کوتاہیوں کا درجہ بھی مذکورہ بائیکاٹ اور تحریکات سے زیادہ ہے، اور کیا ان کوتاہیوں کے ازالہ پر بھی مسلمانوں کو قدرت واستطاعت حاصل نہیں، اور کیا ان فرائض وواجبات کا درجہ بھی بائیکاٹ اور مذکورہ تحریکات سے کم ہے، اور کیا ان اعمال کا کافروں کے مقابلہ میں قوت حاصل ہونے سے کوئی تعلق نہیں؟ صد افسوس کہ مسلمانوں کی اپنی جن بداعمالیوں کی وجہ سے کفار کا روز بروز غلبہ ہوتا جارہا ہے، ان کو دور کرنے کے بجائے، آج کفار کی مادیت پرستی پر مبنی خودساختہ کامیابی کی تدبیروں پر عمل پیرا ہونے، اور مسلمانوں کو ہر طرح سے مادیت پرست بنانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ دوسری طرف مسلم معاشرہ کے قائدین میں ان امور پر لب کشائی، اور اصلاحِ احوال کی کوششیں کرنے والے افراد کا ڈھونڈے سے ملنا بھی مشکل ہو چکا ہے۔

اسی ضمن میں ہم نے 05 ذوالقعدۃ 1441ھ کو اپنے ایک مضمون میں لکھا تھا کہ:

”مثلاً تنبیہ کی غرض سے کسی کافروں کے ملک کی مصنوعات سے بائیکاٹ کی مہم چلائی جاتی ہے، تو اولاً تو اس کو ایک فرض چیز سمجھ لیا جاتا ہے، اور جو کوئی اس میں مبتلا ہو، اس کو ناجائز وگناہ کے کام کا مرتکب سمجھا جاتا ہے، حالانکہ اس بائیکاٹ کا مقصود دوسرے کو تنبیہ کرنا، اور کسی عمل سے باز رکھنا ہوتا ہے، نہ یہ کہ اس چیز کی خرید و فروخت، شراب وغیرہ کی طرح حرام ہو چکی ہے۔

لیکن ان سب کے باوجود خود مسلمان، تجارت میں جن محرمات ومنکرات کے مرتکب ہیں، اور ان سے بچنا فرض ہے، ان کی طرف توجہ نہیں کی جاتی، نیز اس بائیکاٹ کی وجہ سے اپنے مسلمان بھائیوں کو بھی نقصان اور طرح طرح سے تکالیف پہنچانا شروع کر دیتے ہیں، جو کہ حرام اور کبیرہ گناہ ہوتے ہیں، اور ان

سے بچنا فرض ہوتا ہے''۔

(ماہنامہ ''التبلیغ'' جلد18 شمارہ04، دسمبر2020ء - ربیع الآخر1442ھ)

پھر اس کے بعد ہم نے ''کافروں کے مشابہتی ومعاشرتی بائیکاٹ کا حکم'' کا عنوان قائم کر کے اس کے شروع میں تحریر کیا تھا کہ:

آج کل مسلمانوں کی یہ حالت ہے کہ وہ ہر کام میں کافروں کی وضع قطع اور ان کے حلیہ، اور ان کی معاشرت میں ڈوبے ہوئے ہیں، غمی، خوشی کا ہر کام ان کے طریقہ پر کرنے کے خواہش مند ہیں، ان چیزوں سے اپنے آپ کو بچانے کے لئے آمادہ نہیں، جن کا شریعت کی طرف سے حکم ہے، اور جب کافروں کی طرف سے مسلمانوں پر کوئی ظلم وستم ہوتا ہے، تو اس وقت ان کے خلاف زبان درازی کرنے کو بہت بڑی فتح تصور کرتے ہیں، اور اس کا نام باطل کے خلاف آواز اٹھانا اور زبان بلند کرنا رکھ لیا گیا ہے، اور جو کوئی ایسا نہ کرے، اسے مداہن، بزدل اور ڈرپوک کہا جاتا ہے، زیادہ کچھ کیا، تو کافروں کی مصنوعات کے بائیکاٹ کی مہم چلادیتے ہیں، جس میں طرح طرح سے شریعت کے احکام کو پامال کیا جاتا ہے، لیکن اس سے کوئی پائیدار وبامقصد نتیجہ برآمد نہیں ہوتا، جس کی بنیادی وجہ، شریعت کے اہم احکام کو نظر انداز کرنا، اور شرعی احکام کو توڑنا ہے (ماہنامہ التبلیغ، جون ۲۰۲۴ء، صفحہ نمبر۵۲)

پھر اس کے ضمن میں ہم نے چند عبارات کو نقل کیا تھا۔

لیکن افسوس کہ بعض جذباتی مولویوں کو ہماری اتنی سی بات بھی گوارا نہیں ہوسکی، اور ان کی طرف سے الزام تراشی شروع کردی گئی، اور اس ضمن میں شرعی وفقہی دلائل کی طرف توجہ ہی نہیں کی گئی، جیسا کہ اس طبقہ کی عادت ہے کہ قرآن وسنت کے ان دلائل اور فقہی حوالہ جات کو نظر انداز کر کے خود اپنے جدید ومخترع اجتہاد کی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ سے قائم کرنے کی کوشش کرتا ہے، ساتھ ہی دوسرے کے بیان کردہ موقف میں کتر بیونت اور تحریف کر کے،

اس کی طرف الزام تراشیوں، اور بہتان سازیوں کا بازار بھی گرم کر کے فساد برپا کرنے کی ناکام کوشش کرتا ہے۔ [1]

بعض اوقات کہا جاتا ہے کہ اس قسم کے مضامین، کیوں اور کس مقصد اور مفاد کے تحت تحریر کئے جاتے ہیں؟ جواب یہ ہے کہ ان کا بنیادی مقصد شریعت کے اصل اور صحیح حکم کو واضح کرنا، اور آخرت کے اجر وثواب کو حاصل کرنا ہے، خواہ کوئی کچھ بھی کہتا، سمجھتا اور اعتراض کرتا رہے۔

ان حالات میں ضرورت محسوس ہوئی کہ اس موضوع پر قرآن وسنت کی روشنی میں فقہی حوالہ جات ودلائل، بالخصوص امام ابوحنیفہ کے فقہی مذہب کے حوالہ جات وعبارات کے ساتھ الگ الگ ابواب کے اعتبار سے کلام کر دیا جائے، تاکہ اس مذہب کی طرف منتسب علماء وعوام کے بڑے طبقہ کی طرف سے کوئی عذر باقی نہ رہے، چنانچہ اس مقصد کے لئے ہم نے آنے والے

---

[1] ایک مولوی صاحب نے ہماری اوپر درج شدہ عبارت کے مطلب میں بھی تحریف کی، اور ہماری مکمل عبارت کو بھی کانٹ چھانٹ دیا، اور اس پر الزام تراشی شروع کر دی۔

چنانچہ ان مولوی صاحب نے ہماری عبارت اس طرح نقل کی:

> جب کافروں کی طرف سے مسلمانوں پر کوئی ظلم وستم ہوتا ہے، تو اس وقت (مسلمان) ان کے خلاف زبان درازی کرنے کو بہت بڑی فتح تصور کرتے ہیں..... زیادہ کچھ کیا، تو کافروں کی مصنوعات کے بائیکاٹ کی مہم چلا دیتے ہیں، جس میں طرح طرح سے شریعت کے احکام کو پامال کیا جاتا ہے، لیکن اس سے کوئی پائیدار وبامقصد نتیجہ برآمد نہیں ہوتا (ماہنامہ حق چار یار، لاہور جولائی ۲۰۲۴ء، صفحہ نمبر ۳۱)

ہم نے اپنی مکمل عبارت اوپر درج کر دی ہے، جس کے شروع کے اس حصہ کو مذکورہ مولوی صاحب نے نقل نہیں کیا:

> ”آج کل مسلمانوں کی یہ حالت ہے کہ وہ ہر کام میں کافروں کی وضع قطع اور ان کے حلیہ، اور ان کی معاشرت میں ڈوبے ہوئے ہیں، غمی، خوشی کا ہر کام ان کے طریقہ پر کرنے کے خواہش مند ہیں، ان چیزوں سے اپنے آپ کو بچانے کے لئے آمادہ نہیں، جن کا شریعت کی طرف سے حکم ہے۔ اور“

اس کے علاوہ یہ جملہ بھی درمیان سے حذف کر دیا کہ:

> ”اور جو کوئی ایسا نہ کرے، اسے مداہن، بزدل اور ڈرپوک کہا جاتا ہے“

اور ہماری عبارت کے پیراگراف کی آخری مندرجہ ذیل عبارت کو بھی حذف کر دیا:

> ”جس کی بنیادی وجہ، شریعت کے اہم احکام کو نظر انداز کرنا، اور شرعی احکام کو توڑنا ہے“

اب ہماری گذشتہ مکمل عبارت کو پڑھ کر پھر ان مولوی صاحب کی کتر بیونت والی عبارت کو ملاحظہ فرمائیں، تو معلوم ہو جائے گا کہ مذکورہ مولوی صاحب نے اس کے مفہوم میں کس قدر تبدیلی وتحریف پیدا کرنے کی جدوجہد کی ہے۔

مضمون کو مرتب کیا ہے، جس کو آنے والے صفحات میں پیش کیا جارہا ہے، اگر کسی دوسرے کرم فرما کی طرف سے اور کوئی بات سامنے آئی، تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس پر دوبارہ غور کر کے کلام کیا جائے گا، اور اگر کوئی اس بات کا متمنی ہو کہ وہ قرآن وسنت کی نصوص، اور ان سے متعلق مفسرین، ومحدثینِ عظام، اور فقہائے کرام کی تشریحات کو نظر انداز، بلکہ پامال کر کے، ان کے بالمقابل اپنا جدید موقف قائم کرے، اور پھر دوسروں کو اس کی اتباع وپیروی کا حکم بھی صادر کرے، تو وہ انشاء اللہ تعالیٰ اپنی اس خواہش میں کامیاب نہ ہو سکے گا۔

صاف بات یہ ہے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں فقہائے کرام کی طرف سے جن معاملات کے حلال وجائز ہونے، اور کفار کی اعانت میں داخل نہ ہونے کی تصریح کر دی گئی ہے، اگر کسی کو ان کے جائز وحلال ہونے سے اختلاف ہے، تو اس کو اس کے برعکس صاف طور پر ان کو حرام وناجائز قرار دینا چاہیے، اور گول مول، اور مبہم ومجمل دعوے کر کے، لوگوں میں تشویش واضطراب پیدا نہیں کرنا چاہیے، صاف طور پر ان چیزوں کا شرعی وفقہی حکم بیان کرنا چاہیے، اور اختلاف کی صورت میں اس کو یہ اعتراف بھی کرنا چاہیے کہ وہ اپنے اجتہاد سے یہ حکم ان فقہائے کرام اور مجتہدینِ عظام کے برخلاف بیان کر رہا ہے، جن کی اتباع وپیروی کا وہ شب وروز، دوسروں کو درس دیتا ہے۔

اسی کے ساتھ اللہ کی طرف سے حلال کردہ اشیاء کو حرام قرار دینے کی جو وعیدیں ہیں، ان کو بھی مدِ نظر رکھنا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ امتِ مسلمہ کو اسلام کی صحیح تعلیمات سمجھنے اور ان پر اعتدال کے ساتھ عمل پیرا ہونے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

محمد رضوان خان

19 / محرم الحرام / 1446 ہجری، 26 / جولائی / 2024ء، بروز جمعہ

ادارہ غفران، راولپنڈی، پاکستان

## (پہلا باب)

# کافروں سے موالات، اور مشابہت کی ممانعت

قرآن وسنت میں کافروں کے ساتھ، دلی محبت اور قلبی مودت، جس کو موالات کہا جاتا ہے اور ان کے ساتھ تشبہ، اوران کی متابعت وموافقت کی ممانعت آئی ہے، اوراس پر سخت وعیدوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ [1]

جبکہ بعض امور کو ممانعت سے خارج کیا گیا ہے، اور بعض کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔

ذیل میں اس کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

## سورہ مائدہ اور سورہ ھود کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ وَالَّذِيْنَ آمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُوْنَ. وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا فَإِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغَالِبُوْنَ. يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَاءَ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ (سورة المائدة، رقم الآية ۵۵، الیٰ ۵۷)

---

[1] الموالاة: جريان المحبة والمودة بين اثنين (المفاتيح فی شرح المصابيح، ج۳، ص ۳۶۷، كتاب المناسک، باب حرم المدينة)

المشابهة فی الأمور الظاهرة تورث تناسبا وتشابها فی الأخلاق والأعمال ولهذا نهينا عن مشابهة الكفار (مجموع الفتاویٰ لابنِ تيمية، ج۲۲، ص ۱۵۴، كتاب الفقه، الجزء الثانی: الصلاة، باب شروط الصلاة، الحكمة فی منع تشبه كل من الرجال والنساء بعضهم ببعض)

ترجمہ: بس تمہارا دوست اللہ، اور اس کا رسول، اور وہ لوگ ہیں، جو ایمان لائے، جو قائم کرتے ہیں، نماز کو اور اداء کرتے ہیں وہ زکاۃ کو اور وہ رکوع کرتے ہیں۔ اور جو دوستی کرے گا، اللہ سے اور اس کے رسول سے اور ان لوگوں سے جو ایمان لائے، تو بے شک اللہ کا گروہ، وہی غالب رہنے والے ہیں، اے وہ لوگو، جو ایمان لائے، مت بناؤ تم ان لوگوں کو جنہوں نے بنالیا تمہارے دین کو مذاق اور کھیل، ان لوگوں میں سے جن کو دی گئی کتاب، تم سے پہلے، اور کافروں کو، دوست (مت بناؤ) اور ڈرو تم اللہ سے اگر ہو تم مومن (سورہ مائدہ)

مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو صرف اللہ اور اس کے رسول، اور مومنوں سے محبت رکھنی چاہیے، اور اہلِ کتاب اور کافروں سے محبت نہیں رکھنی چاہیے۔

اور سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَـاأَيُّهَـا الَّذِيْنَ آمَنُوْا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ

(سورة المائدة، رقم الآية ١٠٥)

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے، تم پر لازم ہیں اپنے نفس، نہیں ضرر دے گا تم کو وہ شخص جو گمراہ ہو گیا، جب ہدایت پر ہو تم (سورہ مائدہ)

اس آیت میں حکم دیا گیا ہے کہ ہر مومن اپنے نفس پر قابو رکھے، اور ہدایت پر قائم رہے، ایسی صورت میں اس کو کسی گمراہ کی گمراہی نقصان نہیں پہنچا سکے گی۔

اور سورہ ھود میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تَرْكَنُوْا إِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ (سورة هود، رقم الآية ١١٣)

ترجمہ: اور مت جھکو تم ان لوگوں کی طرف جنہوں نے ظلم کیا، پس چھولے گی، تم کو آگ (سورہ ہود)

اس آیت میں ظالموں، یعنی کافروں اور فاسقوں کے عقیدہ، عمل اور ان کے طریقوں کی طرف جھکنے اور مائل ہونے کی ممانعت فرمائی گئی ہے۔

# سورہ آلِ عمران، نساء، مائدہ اور سورہ توبہ کا حوالہ

سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكَافِرِيْنَ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ (سورة آلِ عمران، رقم الآية ۲۸)

ترجمہ: نہ بنائیں، مومن لوگ، کافروں کو دوست، مومنوں کے علاوہ (سورہ آلِ عمران)

اور سورہ آلِ عمران میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَأْلُوْنَكُمْ خَبَالًا (سورة آلِ عمران، رقم الآية ۱۱۸)

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے، مت بناؤ تم راز دار، اپنے علاوہ کو، نہیں پرواہ کریں گے، وہ (لوگ) تم کو، خراب کرنے کی (سورہ آلِ عمران)

اور سورہ نساء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَاءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ أَوْلِيَاءَ (سورة النساء، رقم الآية ۸۹)

ترجمہ: چاہتے ہیں وہ (کفار) کہ کفر کرو تم، جیسا کہ کفر کیا انہوں نے، پھر ہو جاؤ تم سب برابر (اور ایک جیسے) پس مت بناؤ تم ان میں سے دوست (سورہ نساء)

اور سورہ نساء میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكَافِرِيْنَ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ أَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَإِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا (سورة النساء، رقم الآية ۱۳۹)

ترجمہ: جو لوگ بناتے ہیں، کافروں کو دوست، مومنوں کو چھوڑ کر، کیا تلاش کرتے ہیں وہ، ان (کافروں) کے پاس عزت کو، پس بے شک عزت اللہ کے لیے ہے، پوری (سورہ نساء)

اور سورہ نساء میں ہی ایک مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**يَـاأَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْكَافِرِيْنَ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ**

(سورة النساء، رقم الآية ۱۴۴)

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے، مت بناؤ تم کافروں کو دوست، مومنوں کے علاوہ (سورہ نساء)

اور سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**يَـاأَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُـوْا لَا تَتَّخِذُوْا الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى أَوْلِيَاءَ ،بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ** (سورة المائدة، رقم الآية ۱۰۵)

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے، مت بناؤ تم، یہودیوں کو اور نصاریٰ (عیسائیوں) کو دوست، ان کے بعض، بعض کے دوست ہیں، اور جو دوست بنائے گا، ان کو تم میں سے (کسی کو) تو وہ ان ہی میں سے ہوگا (سورہ مائدہ)

اور سورہ توبہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**يَـاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا آبَاءَ كُمْ وَإِخْوَانَكُمْ أَوْلِيَاءَ إِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْإِيْمَانِ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَأُولٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُوْنَ** (سورة التوبة، رقم الآية ۲۳)

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے، مت بناؤ تم اپنے آباء اور اپنے بھائیوں کو دوست، اگر پسند کریں وہ کفر کو، ایمان کے مقابلہ میں، اور جو دوست بنائے گا ان کو تم میں سے، تو وہی لوگ ظالم ہوں گے (سورہ توبہ)

مذکورہ تمام آیات سے معلوم ہوا کہ کافروں سے دل میں محبت رکھنا، اور ان سے قلبی دوستی کرنا جائز نہیں۔

# سورہ اعراف، انفال، کہف، جاثیہ اور سورہ ممتحنہ کا حوالہ

سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّا جَعَلْنَا الشَّيَاطِيْنَ أَوْلِيَاءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ (سورۃ الاعراف، رقم الآیۃ ۲۷)

ترجمہ: بے شک کر دیا ہم نے شیاطین کو دوست، ان لوگوں کا جو ایمان نہیں لاتے (سورہ اعراف)

اس سے معلوم ہوا کہ کافروں کے شیاطین، ہی دوست ہیں، اور شیاطین، مومنوں کے واضح دشمن ہیں، پس جس طرح شیاطین، مسلمانوں کے ہمدرد نہیں ہو سکتے، اسی طرح ان کے دوست، یعنی کافر بھی مسلمانوں کے ہمدرد و خیر خواہ نہیں ہو سکتے، بلکہ وہ مسلمانوں کے مقابلہ میں ایک دوسروں کے ہی خیر خواہ اور دوست ہو سکتے ہیں، اس لئے اپنے دشمنوں کو اپنا دوست و خیر خواہ بنا لینا اور سمجھ لینا، بہت بڑا دھوکہ، اور آخرت کے نقصان کا ذریعہ ہے۔

چنانچہ سورہ انفال میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ (سورۃ الانفال، رقم الآیۃ ۷۳)

ترجمہ: اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا، ان کے بعض، بعض کے دوست ہیں (سورہ انفال)

اور سورہ کہف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

أَفَتَتَّخِذُوْنَهُ وَذُرِّيَّتَهُ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ (سورۃ الکھف، رقم الآیۃ ۵۰)

ترجمہ: کیا پس بناتے ہو تم اس (شیطان) کو اور اس کی اولاد کو دوست، میرے علاوہ، اور وہ تمہارے دشمن ہیں (سورہ کہف)

اور سورہ جاثیہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَإِنَّ الظَّالِمِيْنَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ (سورة الجاثيه، رقم الآية ١٩)

ترجمہ: اور بے شک ظالم لوگ، ان کے بعض، بعض کے دوست ہیں، اور اللہ متقیوں کا دوست ہے (سورہ جاثیہ)

اور سورہ ممتحنہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ تُلْقُوْنَ إِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَاءَكُمْ مِنَ الْحَقِّ (سورة الممتحنة، رقم الآية ١)

ترجمہ: اے وہ لوگو، جو ایمان لائے، مت بناؤ تم میرے دشمن اور اپنے دشمن کو دوست، ڈالتے ہو تم ان کی طرف (پیغامِ) مودت (ومحبت) کو، حالانکہ کفر کرتے ہیں وہ، ان چیزوں کا جو آئیں تمہارے پاس حق سے (سورہ ممتحنہ)

مذکورہ تمام آیات سے کافروں سے دلی دوستی اور قلبی محبت ومودت قائم کرنے کی ممانعت معلوم ہوئی، ساتھ ہی ان کی طرف میلان کی برائی بھی معلوم ہوگئی۔

احادیث وروایات میں اس کی مزید تفصیل آئی ہے۔

آگے اس بارے میں چند احادیث وروایات ذکر کی جاتی ہیں۔

## ابوامامہ، براء وابوذر رضی اللہ عنہم کی احادیث

پہلے تو احادیث میں یہ بتلایا گیا ہے کہ مومن کو اللہ ہی کے لئے محبت اور اللہ ہی کے لئے بغض رکھنا چاہیے۔

چنانچہ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ لِلّٰهِ،

وَأَبْغَضَ لِلّٰهِ، وَأَعْطَى لِلّٰهِ، وَمَنَعَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْإِيْمَانَ. (سنن أبی داود، رقم الحديث ۴۶۸۱، كتاب السنة، باب الدليل على زيادة الإيمان ونقصانه) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اللہ کے لیے محبت کی، اور اللہ ہی کے لیے بغض رکھا، اور اللہ ہی کے لیے دیا، اور اللہ ہی کے لیے منع کیا، تو اس نے اپنے ایمان کو مکمل کرلیا (سنن ابی داؤد)

اور حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

إِنَّ أَوْثَقَ عُرَى الْإِيْمَانِ أَنْ تُحِبَّ فِي اللّٰهِ، وَتُبْغِضَ فِي اللّٰهِ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۸۵۲۴) [2]

ترجمہ: ایمان کا سب سے مضبوط حلقہ یہ ہے کہ آپ اللہ کے سلسلے میں محبت رکھیں، اور اللہ کے سلسلے میں بغض رکھیں (مسند احمد)

اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ اَلْحُبُّ فِي اللّٰهِ، وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ (سنن ابی داؤد، رقم الحديث ۴۵۹۹، كتاب السنة، باب مجانبة أهل الأهواء وبغضهم) [3]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اعمال میں سب سے زیادہ افضل عمل، اللہ کے سلسلے میں محبت رکھنا اور اللہ کے سلسلے میں بغض رکھنا ہے (ابوداؤد)

اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں درجِ ذیل الفاظ ہیں:

إِنَّ أَحَبَّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللّٰهِ اَلْحُبُّ فِي اللّٰهِ، وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ.

(مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۳۰۳) [4]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناده حسن (حاشية سنن ابی داؤد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن بشواهده، وهذا إسناد ضعيف (حاشية مسند احمد)

[3] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره، وهذا إسناد ضعيف (حاشية سنن ابی داؤد)

[4] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره، وهذا إسناد ضعيف (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: اللہ کے نزدیک اعمال میں سب سے زیادہ محبوب عمل، اللہ کے سلسلے میں محبت رکھنا اور اللہ کے سلسلے میں بغض رکھنا ہے (مسند احمد)

اور جب کافر، اللہ کو مبغوض ہیں، تو بندوں کو بھی مبغوض ہونے چاہئیں، اور ان سے مسلمانوں کو محبت نہیں رکھنی چاہیے۔

اسی لیے کئی احادیث میں یہ واضح کردیا گیا ہے کہ انسان جس سے محبت کرتا ہے، وہ آخرت میں اسی کے ساتھ ہوگا۔

## ابنِ مسعود، ابوموسیٰ وصفوان رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦١٦٨، كتاب الأدب، باب علامة حب الله عز وجل)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی اس کے ساتھ ہوگا، جس سے وہ محبت کرے (صحیح بخاری)

اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَيْفَ تَقُوْلُ فِيْ رَجُلٍ أَحَبَّ قَوْمًا وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦١٦٩، كتاب الأدب، باب علامة حب الله عز وجل)

ترجمہ: ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اور اس نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ اس شخص کے بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ جو کسی قوم سے محبت کرتا ہے، لیکن وہ ان کے ساتھ شامل نہیں ہوا، تو رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی اس کے ساتھ ہوگا، جس سے وہ محبت کرے (صحیح بخاری)

اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قِيلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ؟ قَالَ: اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦١٧٠، كتاب الأدب، باب علامة حب الله عز وجل)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ ایک آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے، لیکن وہ ان کے ساتھ شامل نہیں ہوا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی اس کے ساتھ ہوگا، جس سے وہ محبت کرے (صحیح بخاری)

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

جَاءَ أَعْرَابِيٌّ جَهْوَرِيُّ الصَّوْتِ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ! اَلرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ (سنن الترمذی، رقم الحديث ٢٣٨٧، ابواب الزهد، باب ما جاء أن المرء مع من أحب) [1]

ترجمہ: ایک بلند آواز والے اعرابی نے کہا کہ اے محمد! ایک آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے، لیکن وہ ابھی ان کے ساتھ شامل نہیں ہوسکا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی اس کے ساتھ ہوگا، جس سے وہ محبت کرے (سنن ترمذی)

## انس، جابر وابوذر رضی اللہ عنہم کی احادیث

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ، وَلَا يَبْلُغُ عَمَلَهُمْ،

---

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح.

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ (مسند احمد، رقم الحديث ١٢٦٢٥) [1]

ترجمہ: ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ایک آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے، لیکن اس کا عمل ان کے عمل کی حد تک نہیں پہنچا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی اس کے ساتھ ہوگا، جس سے وہ محبت کرے (مسند احمد)

اور صحیح بخاری میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَتَى السَّاعَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مَا أَعْدَدْتَ لَهَا قَالَ: مَا أَعْدَدْتُ لَهَا مِنْ كَثِيْرِ صَلَاةٍ وَلَا صَوْمٍ وَلَا صَدَقَةٍ، وَلٰكِنِّيْ أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، قَالَ: أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦١٧١، كتاب الأدب، باب علامة حب الله عز وجل)

ترجمہ: ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ اے اللہ کے رسول! قیامت کب قائم ہوگی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم نے قیامت کے لئے کیا تیاری کر رکھی ہے؟ اس آدمی نے عرض کیا کہ میں نے اس کے لئے زیادہ نماز، روزہ، اور صدقہ وغیرہ کر کے تو تیاری نہیں کی، لیکن میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں، اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اس کے ساتھ ہوگے، جس سے تم محبت رکھتے ہو (صحیح بخاری)

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَلْعَبْدُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ (مسند احمد، رقم الحديث ١٤٦٠٤) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بندہ اس کے ساتھ ہوگا، جس سے وہ محبت کرے (مسند احمد)

اور حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَا يَسْتَطِيْعُ أَنْ يَّعْمَلَ كَعَمَلِهِمْ؟ قَالَ: أَنْتَ يَا أَبَا ذَرٍّ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ، قُلْتُ: فَإِنِّيْ أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، قَالَ: فَأَنْتَ يَا أَبَا ذَرٍّ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ (مسند احمد، رقم الحديث ٢١٤٦٣) [1]

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ایک آدمی کسی قوم سے محبت رکھتا ہے، لیکن وہ ان جیسا عمل کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوذر! تم اس کے ساتھ ہوگے، جس سے تم محبت رکھتے ہو، میں نے عرض کیا کہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں، تو رسول اللہ صلی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوذر! تم اس کے ساتھ ہوگے، جس سے تم محبت رکھتے ہو (مسند احمد)

پس اگر مومن کسی کافر سے دل میں محبت رکھے گا، تو وہ اسی کے ساتھ ہوگا۔

## عرس بن عمیرہ وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عرس بن عمیرہ کندی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِذَا عُمِلَتِ الْخَطِيْئَةُ فِي الْأَرْضِ كَانَ مَنْ شَهِدَهَا فَكَرِهَهَا، وَقَالَ مَرَّةً: أَنْكَرَهَا كَمَنْ غَابَ عَنْهَا، وَمَنْ غَابَ عَنْهَا فَرَضِيَهَا، كَانَ كَمَنْ شَهِدَهَا (سنن ابی داود، رقم الحديث ٤٣٤٥، كتاب الملاحم، باب الأمر والنهي) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية سنن ابی داود)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب زمین میں کوئی گناہ کیا جاتا ہے، تو جو شخص وہاں موجود ہو، پھر وہ اس گناہ کو ناپسند کرے، یا اس کو منکر (وبرا) سمجھے، تو وہ ایسا ہے، جیسا کہ وہاں سے غائب ہو، اور جو شخص اس گناہ سے غائب ہو، لیکن اس کو اچھا سمجھے، تو وہ ایسا ہے، جیسا کہ وہاں حاضر ہو (سنن ابی داود)

حضرت عدی بن عدی کی سند سے بھی اس طرح کی حدیث مروی ہے۔ [1]

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قَالَ: مَن حَضَرَ مَعْصِيَةً فكَرِهَها، فكأنَّما غَابَ عَنها، ومَن غَابَ عَنها فأَحَبَّها فَكَأَنَّهُ حَضَرَهَا (السنن الكبرى للبيهقي، رقم الحديث ١٤٦٦٧، جماع ابواب الوليمة، باب الرجل يدعى إلى الوليمة وفيها المعصية نهاهم فإن نحوا ذلك عنه وإلا لم يجب)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص گناہ والی جگہ میں حاضر ہوا، پھر اُس نے اس گناہ کو ناپسند کیا، تو وہ ایسا ہے، جیسا کہ وہ اُس گناہ کی جگہ سے غائب ہو؛ اور جو اُس گناہ کی جگہ سے غائب ہو، لیکن اُس گناہ سے محبت رکھے، تو وہ ایسا ہے، جیسا کہ وہ اُس گناہ کی جگہ موجود ہو (بیہقی)

اس روایت کی سند میں کچھ کمزوری ہے، لیکن اس کو دوسری روایات سے تائید وتقویت حاصل ہوتی ہے۔ [2]

---

[1] حدَّثنا أحمدُ بنُ يونس، حدَّثنا أبو شهابٍ، عن مغيرةَ بنِ زياد عن عدى بن عدى، عن النبيِّ -صلَّى الله عليه وسلم -، نحوه، قال" :من شَهِدَها فكَرِهَها كان كمن غابَ عنها (سنن ابى داود، رقم الحديث ٤٣٤٦، كتاب الملاحم، باب الأمر والنهى)

قال شعيب الارنؤوط: مرسل رجاله ثقات غير مغيرة بن زياد فهو صدوق حسن الحديث .أبو شهاب هو عبد ربه بن نافع الحنَّاط (حاشية سنن ابى داود)

[2] قال البيهقى: وفى رواية الدارمى: يحيى بن أبى سليمان من غير شك .تفرد به يحيى بن أبى سليمان وليس بالقوى (حواله بالا، تحت رقم الحديث ١٤٦٦٧)

# ابنِ مسعود، ابوذر وابوقرصافہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت ہے کہ:

**إِذَا عُمِلَ بِالْخَطِيْئَةِ فِي الْأَرْضِ ، كَانَ مَنْ شَهِدَهَا فَكَرِهَهَا ، كَمَنْ غَابَ عَنْهَا ، وَمَنْ غَابَ عَنْهَا فَرَضِيَهَا ، كَانَ كَمَنْ شَهِدَهَا** (السنن الكبرى للبيهقي، رقم الحديث ١٤٦٦٥، جماع ابواب الوليمة، باب الرجل يدعى إلى الوليمة وفيها المعصية نهاهم فإن نحوا ذلك عنه وإلا لم يجب)

ترجمہ: جب زمین میں کوئی گناہ کیا جائے، تو جو شخص اُس جگہ موجود ہو، مگر اُس کو ناپسند کرے (اور حسبِ قدرت اُس پر نکیر کرے) تو وہ ایسا ہے، جیسا کہ اُس گناہ کی جگہ سے غائب ہے؛ اور جو اُس گناہ کی جگہ سے غائب تو ہو، لیکن اُس گناہ سے راضی ہو، تو وہ ایسا ہے، جیسا کہ اُس گناہ کی جگہ موجود ہے (بیہقی)

اور ابنِ ابی شیبہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

**إِنَّ الرَّجُلَ لَيَشْهَدُ الْمَعْصِيَةَ فَيُنْكِرُهَا، فَيَكُوْنُ كَمَنْ غَابَ عَنْهَا، وَيَكُوْنُ يَغِيْبُ عَنْهَا فَيَرْضَاهَا ، فَيَكُوْنُ كَمَنْ شَهِدَهَا** (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحديث ٣٨٥٧٧، كتاب الفتن، باب من كره الخروج فى الفتنة وتعوذ منها) [1]

ترجمہ: آدمی، گناہ کی جگہ موجود ہوتا ہے، پھر اُس کو منکر و برا سمجھتا ہے (یا اس پر ہاتھ، یا زبان، یا دل سے حسبِ قدرت نکیر کرتا ہے) تو وہ ایسا ہوتا ہے، جیسا کہ اُس گناہ کی جگہ سے غائب ہو؛ اور جو اُس گناہ کی جگہ سے غائب تو ہو، لیکن اُس گناہ سے راضی ہو، تو وہ ایسا ہوتا ہے، جیسا کہ اُس گناہ کی جگہ میں موجود ہے (ابنِ ابی شیبہ)

---

[1] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثرى: وهذا إسناد رجاله ثقات كما فى تراجمهم فى التقريب (حاشية المطالب العالية محققا، ج٨، ص ٣٢٢، تحت رقم الحديث ١٦٦٠، كتاب الوليمة، باب الرخصة فى الرجوع لمن رأى منكرا)

اور صحابیٔ رسول حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے بھی اسی طرح کا ارشاد مروی ہے، جس میں یہ الفاظ ہیں کہ:

**وَمَنْ كَثَّرَ سَوَادًا كَانَ مِنْ أَهْلِهِ، وَمَنْ رَضِيَ عَمَلًا كَانَ شَرِيْكَ مَنْ عَمِلَهُ**(الزهد والرقائق لابن المبارک،ص ۱۲ ،زیادات الزهد بروایة نعیم، باب استماع اللهو) [1]

ترجمہ: اور جس نے کسی مجمع کی تعداد کو بڑھایا، تو وہ انہی لوگوں میں سے ہوگا، اور جو کسی عمل سے راضی ہوا، تو وہ اس عمل کرنے والے کا شریک ہوگا (الزہد)

اس طرح کی مرفوع اور موقوف احادیث ایک دوسرے کی تائید کرتی ہیں، اور مجموعی طور پر قابلِ اعتبار شمار ہوتی ہیں۔ [2]

عزہ بنتِ عیاض سے روایت ہے، وہ فرماتی ہیں کہ:

**سَمِعْتُ أَبَا قِرْصَافَةَ ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحَبَّ قَوْمًا حَشَرَهُ اللّٰهُ فِيْ زُمْرَتِهِمْ** (المعجم الكبير للطبرانی ، ج۳ص ۱۹ ، رقم الحديث ۲۵۱۹)

ترجمہ: میں نے (اپنے دادا حضرت) ابوقرصافہ (رضی اللہ عنہ) سے سنا، انہوں

---

[1] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثری: عن عبد الرحمن بن زياد بن أنعم أن أبا ذرّ الغفاری رضی الله عنه، دعی إلی وليمة، فلما حضر إذا هو بصوت، فرجع فقيل له :ألا تدخل؟ قال :إنی أسمع صوتًا، ومن كثر سوادًا كان من أهله، ومن رضی عملًا كان شريک من عمله.
أخرجه ابن المبارک فی الزهد (108)، عن خالد بن حميد، عن عبد الرحمن، به.
وهذا الإسناد فيه عبد الرحمن بن زياد، وهو ضعيف فی حفظه.
فهذه خمسة أحاديث بعضها يشدّ بعضًا وتصلح لأن تكون شاهدًا لحديث الباب الضعيف بسبب الانقطاع، فيرتقی بها إلی الحسن لغيره، والله أعلم(حاشية المطالب العالية محققا، ج۸،ص ۳۲۲، تحت رقم الحديث ۱۶۶۰ ،كتاب الوليمة،باب الرخصة فی الرجوع لمن رأی منكرا)

[2] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثری: وبهذه الشواهد يرتقی حديث الباب إلی الحسن لغيره، والله الموفق(حاشية المطالب العالية محققا، ج۱۳،ص ۱۵۶ ، تحت رقم الحديث ۳۱۳۶،كتاب الرقائق، باب بلا ترجمة بعد باب المحافظة علی الدين، وبذل المال والنفس دونه)

نے فرمایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے کسی قوم سے محبت کی، تو اللہ تعالیٰ اس کو (قیامت کے دن) انہی کے گروہ میں اٹھائے گا (طبرانی)

اس حدیث کی سند میں بعض راوی مجہول وغیر معروف ہیں۔ [1]

لیکن اس حدیث کے مضمون کی ان صحیح احادیث سے تائید ہوتی ہے، جن میں یہ مضمون آیا ہے کہ انسان اس کے ساتھ ہوگا، جس سے وہ محبت کرے گا۔

بہر حال جو شخص جس قوم سے محبت رکھے گا، وہ اسی کے ساتھ محشور ہوگا، اگر اللہ کے نیک بندوں سے محبت رکھے گا، تو ان کے ساتھ محشور ہوگا، اور اگر بد دین اور شیطان کے پیروکاروں کے ساتھ محبت رکھے گا، تو ان کے ساتھ محشور ہوگا۔ [2]

اسی بناء پر کافروں سے محبت رکھنا جائز نہیں۔

اور جب انسان کسی کے ساتھ محبت رکھتا ہے، تو اس جیسا عمل بھی کرتا ہے، یا دل میں اس کو پسند کرتا ہے، اس لئے اسلام میں کافروں کے ساتھ تشبہ اختیار کرنے سے منع کیا گیا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ جو کام کافروں کی خاص علامت، اور ان کے مذہب کے ترجمان سمجھے جاتے ہوں، ان سے اجتناب کیا جائے۔

اسی کے ساتھ مسلمانوں کو حکم ہے کہ اپنے مذہبی ومعاشرتی امور کو کافروں سے ممتاز رکھنے کا اہتمام کریں۔

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني، وفيه من لم أعرفه (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٨٠٣١، باب المرء مع من أحب)

[2] (من أحب قوما حشره الله في زمرتهم) فمن أحب أولياء الرحمن فهو معهم في الجنان ومن أحب حزب الشيطان فهو معهم في النيران قالوا :وذا مشروط بما إذا عمل مثل عملهم ولهذا يمثل لمحب المال ماله شجاعا أقرع يأخذ بلهزمتيه يقول أنا مالك أنا كنزك ويصفح له صفائح من نار فيكوى بها وعاشق الصدر إذا اجتمع هو ومعشوقه على غير طاعة تجمع بينهما في النار ويعذب كل منها بصاحبه إذ"الأخلاء يومئذ بعضهم لبعض عدو إلا المتقين"فالمحب مع محبوبه دنيا وأخرى (فيض القدير للمناوي، ج٦ ص ٣٢، تحت رقم الحديث ٨٣١٧، حرف الميم)

# ابنِ عمر، ابو ہریرہ وشداد بن اوس رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَالِفُوا الْمُشْرِكِيْنَ وَفِّرُوا اللُّحٰى، وَأَحْفُوا الشَّوَارِبَ** (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۵۸۹۲، کتاب اللباس، باب تقلیم الأظفار)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم مشرکین کی مخالفت کرو، اور تم ڈاڑھی کو بڑھاؤ اور مونچھوں کو کٹاؤ (صحیح بخاری)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: جُزُّوا الشَّوَارِبَ، وَأَرْخُوا اللُّحٰى خَالِفُوا الْمَجُوْسَ** (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۲۶۰"۵۵" کتاب الطهارة، باب خصال الفطرة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم مونچھوں کو کٹاؤ، اور داڑھی کو بڑھاؤ، مجوسیوں کی مخالفت کرو (صحیح بخاری)

اور حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَالِفُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى، فَإِنَّهُمْ لَا يُصَلُّوْنَ فِيْ خِفَافِهِمْ، وَلَا فِيْ نِعَالِهِمْ** (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۲۱۸۶، تابع لکتاب الصلاة، باب فرض متابعة الإمام) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم یہود ونصاریٰ کی مخالفت کرو، پس بے شک وہ اپنے موزوں، اور اپنے جوتوں میں نماز نہیں پڑھتے (تم ضرورت پڑنے پر ان کو پہنے ہوئے نماز پڑھا کرو، جبکہ وہ پاک ہوں) (صحیح ابنِ حبان)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: حدیث صحیح (حاشیة صحیح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

اور آدم بن علی سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ اِبْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: خَالِفُوْا سُنَنَ الْمُشْرِكِيْنَ (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۵۷۹۴، کتاب الزهد، کلام ابن عمر رضی الله عنه)

ترجمہ: میں نے حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم مشرکوں کے طریقوں کی مخالفت کرو (مصنف ابنِ ابی شیبہ)

## ابنِ عمر، حذیفہ وعمر رضی اللہ عنہم کی احادیث

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُم (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۴۰۳۱، کتاب اللباس، باب فی لبس الشهرة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی، تو وہ انہی میں سے ہوگا (سنن ابی داود)

یہ مضمون ایک سے زیادہ سندوں سے مروی ہے، اور مجموعی طور پر سند کے لحاظ سے معتبر ہے، اور بعض حضرات نے اس کی سند پر غیر معتبر ہونے کا جو حکم لگایا ہے، وہ راجح معلوم نہیں ہوسکا۔ [2]

---

[1] قال الالبانی: من تشبه بقوم، فهو منهم ."وهو حديث حسن صحيح مخرج فی "جلباب المرأة المسلمة "(204- 203) عن ابن عمر وغيره(سلسلة الاحاديث الضعيفة، تحت رقم الحديث ٦٥٠٩)

[2] قال ابوحذيفة نبيل بن منصور البصارة الكويتی: قال الحافظ :أخرجه أبو داود بسند حسن" حسن. ورد من حديث ابن عمر ومن حديث حذيفة ومن حديث أنس ومن حديث الحسن البصری مرسلا.....

فاماحديث ابن عمر:.....قال الذهبی :إسناده صالح"

وقال شيخ الإسلام ابن تيمية :هذا إسناد جيد، حسان بن عطية ثقة مشهور، وعبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان قال ابن معين وأبو زرعة والعجلی :ليس به بأس، وقال دحيم :ثقة، وقال أبو حاتم :مستقيم

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اور حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ(المعجم الاوسط، للطبرانی ،رقم الحدیث ۸۳۲۷، باب المیم، مسند البزار،رقم الحدیث ۲۹۶۶ ،مسند حذیفة بن الیمان رضی الله عنهما)

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ الحدیث، وأبو منیب الجرشی قال العجلی :هو ثقة وما علمت أحدا ذکره بسوء "اقتضاء الصراط المستقیم 237 - 236 /1
وقال العراقی :سنده صحیح "تخریج أحادیث الإحیاء للحداد 676 /2
وقال الحافظ :عبد الرحمن بن ثابت مختلف فی توثیقه، وأبو منیب لا یعرف اسمه "الفتح 438 /6
قلت :أبو منیب ذکره ابن حبان فی "الثقات "أیضا، وترجمه البخاری وابن أبی حاتم فی کتابیهما ولم یذکرا فیه جرحا ولا تعدیلا، ولم یذکر أبو منیب سماعا من ابن عمر فلا أدری أسمع منه أم لا.
وعبد الرحمن بن ثابت قواه أیضا ابن المدینی ویعقوب بن شیبة وأبو داود وصالح جزرة وابن حبان وغیرهم، وضعفه أحمد والنسائی وغیرهما، واختلف فیه قول ابن معین.
ولم ینفرد به بل تابعه الأوزاعی عن حسان بن عطیة عن أبی المنیب عن ابن عمر به.
أخرجه الطحاوی فی "المشکل "(231) وابن حذلم فی "حدیث الأوزاعی "(31) من طرق عن الأوزاعی به.
واختلف فیه علی الأوزاعی:
-فرواه صدقة بن عبد الله السمین عن الأوزاعی عن یحیی بن أبی کثیر عن أبی سلمة عن أبی هریرة.
أخرجه الهروی فی "ذم الکلام "(ق 49/ ب) والذهبی فی "سیر الأعلام"(242 /16)
وصدقة ضعیف.
-ورواه غیر واحد عن الأوزاعی عن سعید بن جبلة عن طاوس مرسلا، منهم:
- 1عیسی بن یونس.
أخرجه ابن أبی شیبة ( 349 /12و322 /5)
- 2سفیان الثوری.
أخرجه ابن أبی شیبة (350 /12)
- 3عبد الله بن المبارک (الجهاد 105)
وأخرجه القضاعی (390) من طریق علی بن معبد بن شداد العبدی ثنا ابن المبارک به.
قال الحافظ :إسناده حسن "تغلیق التعلیق - 446 /3فتح الباری 438 /6
قلت :سعید بن جبلة ترجمه ابن أبی حاتم فی کتابه ولم یذکر فیه جرحا ولا تعدیلا، ولم یذکر عنه راویا إلا الأوزاعی، والباقون ثقات(انیس الساری تخریج احادیث فتح الباری، ج۷، ص۴۹۷۸، ۴۹۷۹، تحت رقم الحدیث ۳۵۶۱،حرف الیم)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی، تو وہ انہی میں سے ہوگا (طبرانی، بزار)

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی روایت پہلے گزر چکی، یہ روایت حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، اور دونوں روایتوں کا مضمون ایک جیسا ہونے کی وجہ سے یہ ایک دوسرے کی تائید کرتی ہیں، اوران روایتوں کے راوی بھی قابلِ اعتبار ہیں، لہٰذا پہلی روایت کی طرح یہ روایت بھی سند کے اعتبار سے معتبر ہے۔ [1]

اور حضرت قتادہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَأَى رَجُلًا قَدْ حَلَقَ قَفَاهُ، وَلَبِسَ حَرِيرًا، فَقَالَ: مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ (الجامع ـ معمر بن راشد، مشمولة: مصنف لعبدالرزاق رقم الحديث ٢٠٩٨٦، باب حلق القفا والزهد)

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا، جس نے اپنی گدی کے بال مونڈے ہوئے تھے اور ریشم کا لباس پہن رکھا تھا، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جس نے کسی قوم کی مشابہت کی، وہ انہی میں سے ہوگا (عبدالرزاق)

## عبداللہ بن عمرو وجابر رضی اللہ عنہما کی حدیث

اور حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ بِغَيْرِنَا لَا تَشَبَّهُوا بِالْيَهُودِ وَلَا بِالنَّصَارٰى (سنن الترمذی، رقم الحديث ٢٦٩٥، ابواب الاستئذان والآداب عن رسول الله ﷺ، باب ماجاء فی كراهية اشارة اليد بالسلام)

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الأوسط، وفيه علي بن غراب، وقد وثقه غير واحد، وضعفه بعضهم وبقية رجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٧٩٥٩، باب من تشبه بقوم فهو منهم) و قال ابو حذيفة نبيل بن منصور البصارة الكويتي: قلت: وإسناده حسن (انيس الساری تخريج احاديث فتح الباری، ج٧، ص ٤٩٨٠، تحت رقم الحديث ٣٥٦١، حرف اليم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے، جو ہمارے غیروں (یعنی کافروں) کے ساتھ مشابہت اختیار کرے۔

تم یہود (یعنی اسرائیلیوں) اور نصاریٰ (یعنی عیسائیوں) کے ساتھ مشابہت اختیار نہ کرو (سنن ترمذی)

یہ حدیث سند کے لحاظ سے قابلِ اعتبار اور درست ہے، اور اس کی دوسری احادیث سے بھی تائید وتقویت ہوتی ہے۔ [1]

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَشَبَّهَ بِغَيْرِنَا فَلَيْسَ مِنَّا (مسند الشاميين للطبراني ،رقم الحديث ٥٠٣،ما انتهى إلينا من مسند ثور بن يزيد)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے ہمارے غیروں (یعنی کافروں) کے ساتھ تشبہ کو اختیار کیا، تو وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے (طبرانی)

یہ حدیث سند کے اعتبار سے کچھ کمزور ہے، لیکن اس کی تائید دوسری روایات سے ہوتی ہے۔ [2]

---

[1] قال ابن تيمية:وفي لفظ "ليس منا من تشبه بغيرنا "وهو حديث جيد(مجموع الفتاوىٰ ، ج٢٧ ص ٤٩٦، كتاب الفقه،الجزء السابع: الزيارة،سئل عمن ياخذ الاضحية ليذبحها في القرافة) وقال ايضاً:وهذا وإن كان فيه ضعف فقد تقدم الحديث المرفوع من تشبه بقوم فهو منهم وهو محفوظ عن حذيفة بن اليمان أيضا من قوله وحديث ابن لهيعة يصلح للاعتضاد كذا كان يقول أحمد وغيره (اقتضاء الصراط المستقيم لمخالفة أصحاب الجحيم لابنِ تيمية، ج ١ ص ٢٧٩، فصل في ذكر الأدلة على الأمر بمخالفة الكفار عموما وفي أعيادهم خصوصا،التشبه مفهومه ومقتضاه)
وقال الالباني:وروى ابن المبارك هذا الحديث عن ابن لهيعة فلم يرفعه . "
قلت :والموقوف أصح إسنادا .لأن حديث ابن المبارك عن ابن لهيعة صحيح لأنه قديم السماع منه وكذلك عبد الله بن وهب وعبد الله بن يزيد المقرى .
وفي معناه حديث ابن عمر الذى سبق تخريجه قبله(إرواء الغليل في تخريج أحاديث منار السبيل للالباني، ج٥ص ١١١، كتاب الجهاد، تحت رقم الحديث ١٢٧٠)

[2] قال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة :وللحديث شاهد عن جابر مرفوعا نحوه إلا أنه جعل الأكف لليهود والاشارة للنصارى.
أخرجه الطبراني في "مسند الشاميين "(503) عن الحسين بن إسحاق التستري ثنا محمد بن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ہم میں سے نہ ہونے کا مطلب یہی ہے کہ اگر وہ غیر مسلموں کے کسی مذہبی شعار اور وضع کو اختیار کرتا ہے، تو وہ مسلمانوں سے خارج ہے، ورنہ کم از کم وہ ہمارے اسلامی تقاضوں پر چلنے والا نہیں، اور غیروں کی تشبہ اختیار کرنے کی وجہ سے خطرہ ہے کہ وہ قیامت کے دن مسلمانوں کے بجائے ان ہی کافروں کے ساتھ اٹھایا جائے، جن کا اس نے تشبہ اختیار کیا ہے۔

اور چونکہ کافروں کے ساتھ رہنے سہنے اور ان کے ساتھ نشست و برخاست کرنے سے ان کے ساتھ ان کے کئی مذہبی کاموں میں شرکت کرنے کی نوبت آتی ہے، اور ان کے اثرات اپنے تک پہنچتے ہیں، اس لئے بعض احادیث وروایات میں ان چیزوں سے بھی منع کیا گیا ہے۔

## ابنِ عمر، جریر وسمرہ بن جندب رضی اللہ عنہم کی احادیث

چنانچہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَمَّا مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحِجْرِ قَالَ: لَا تَدْخُلُوْا مَسَاكِنَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا أَنْفُسَهُمْ ،أَنْ يُّصِيْبَكُمْ مَا أَصَابَهُمْ، إِلَّا أَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ ، ثُمَّ قَنَّعَ رَأْسَهُ وَأَسْرَعَ السَّيْرَ حَتّٰى أَجَازَ الْوَادِيَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ، ۴۴۱۹، كتاب المغازی، باب نزول النبی صلی الله عليه وسلم الحجر)

ترجمہ: جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم حجر (یعنی قومِ ثمود کے عذاب زدہ علاقہ) سے گزرے، تو فرمایا کہ تم اپنی جانوں پر ظلم کرنے والوں کے رہائشی علاقوں میں داخل نہ ہو (اس سے ڈر ہے کہ) کہیں تمہیں بھی وہ عذاب نہ پہنچ جائے، جو اِنہیں

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

حميد ثنا محمد بن عبس المروزی عن ثور بن يزيد عن أبی الزبير عن جابر به.

والحسين بن إسحاق ترجمه الذهبی فی "السير "(57 /14) وقال :كان من الحفاظ الرحالة.

ومحمد بن حميد أظنه الرازی قال البخاری :فيه نظر .وكذبه غير واحد.

ومحمد بن عبس ترجمه ابن أبی حاتم فی كتابه ولم يورد فيه جرحا ولا تعديلا.

وثور بن يزيد ثقة، وأبو الزبير مدلس ولم يذكر سماعا من جابر(انيس الساری تخريج احاديث فتح الباری، ج۶، ص۴۵۱۵، تحت رقم الحديث ۳۲۲۳،حرف اللام)

پہنچا تھا، مگر یہ کہ تم روتے ہوئے وہاں داخل ہو (یا گزرو) پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سر پر چادر ڈال لی، اور سواری کو تیز کر دیا، یہاں تک کہ آپ اس وادی سے آگے نکل گئے (صحیح بخاری)

معلوم ہوا کہ کافروں پر آنے والے وبال والی جگہ سے بھی حفاظت کرنی چاہیے، اور وہاں بلاضرورت جانا اور ٹھہرنا نہیں چاہیے۔

اور حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

أَنَا بَرِیْءٌ مِنْ کُلِّ مُسْلِمٍ یُقِیْمُ بَیْنَ أَظْهُرِ الْمُشْرِکِیْنَ (سنن ابی داود، رقم الحدیث ۲۶۴۵، کتاب الجهاد، باب النهی عن قتل من اعتصمَ بالسجود) [1]

ترجمہ: میں اس شخص سے بری ہوں، جو مشرکوں کے درمیان میں اقامت اختیار کرے (ابوداؤد)

اور حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَامَعَ الْمُشْرِکَ وَسَکَنَ مَعَهُ فَإِنَّهُ مِثْلُهُ (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۲۷۸۷ کتاب الجهاد، باب فی الاقامة بارض الشرک)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے مشرک کے ساتھ (ان کی مذہبی، یا قومی رسم ورواج وعادت میں) موافقت کی، اور اس کے ساتھ رہائش اختیار کی، تو وہ اسی کے مثل ہے (ابوداؤد)

اس حدیث کی سند کو بعض اہلِ علم حضرات نے ضعیف اور بعض نے حسن قرار دیا ہے۔ [2]

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده صحیح (حاشیة سنن ابی داود)

[2] قال شعیب الارنؤوط: إسناده مسلسلٌ بالضعفاء والمجاهیل (حاشیة سنن ابی داود)
و قال الالبانی: و بالجملة، فالحدیث عندی حسن بمجموع الطریقین، و لاسیما و قد مضی له شاهد بنحوه (سلسلة الاحادیث الصحیحة، تحت رقم الحدیث ۲۳۳۰)

# انس، عُمر، اور ابنِ عَمر ورضی اللہ عنہم کی احادیث

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ، وَلَهُمْ يَوْمَانِ يَلْعَبُوْنَ فِيْهِمَا ،فَقَالَ :مَا هٰذَانِ الْيَوْمَانِ ؟قَالُوْا: كُنَّا نَلْعَبُ فِيْهِمَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَبْدَلَكُمْ بِهِمَا خَيْرًا مِّنْهُمَا، يَوْمَ الْأَضْحٰى ،وَيَوْمَ الْفِطْرِ**(سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۲۴۴، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ العیدین)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (مکہ مکرمہ سے ہجرت فرما کر) مدینہ منورہ تشریف لائے، تو مدینے کے لوگ (جن میں بہت سے لوگ پہلے ہی سے اسلام قبول کر چکے تھے، سال میں) دو مرتبہ تہوار منایا کرتے تھے، اور ان میں کھیل تماشے کیا کرتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا کہ یہ (سال میں) دو دن جو تم مناتے ہو، ان کی کیا حقیقت اور حیثیت ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ ہم جاہلیت میں (اسلام سے پہلے) یہ تہوار اسی طرح منایا کرتے تھے (بس وہی رواج اب تک چل رہا ہے) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے تمہیں اِن دو تہواروں کے بدلے میں اِن سے بہتر دو دن عطاء فرما دیئے ہیں (اب وہی تمہارے قومی اور مذہبی تہوار ہیں) ایک عید الاضحیٰ کا دن، دوسرا عید الفطر کا دن (ابوداود)

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو دوسری قوموں سے الگ تہوار عطاء فرما دیے ہیں، اور مذہبی تہوار کسی بھی مذہب کے ترجمان کہلاتے ہیں، اس لئے مسلمانوں کو دوسری قوموں کے مذہبی تہواروں سے بھی دور رہنا چاہیے۔

اور حضرت سعید بن ابی سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ:

سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: اِجْتَنِبُوْا أَعْدَاءَ اللّٰہِ فِیْ عِیْدِھِمْ (السنن الکبری للبیھقی ،رقم الحدیث ۱۸۸۹۴ ،کتاب الجزیة ،باب کراھیة الدخول علی أھل الذمة فی کنائسھم والتشبہ بھم یوم نیروزھم ومھرجانھم)

ترجمہ: حضرت ابوسلمہ نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سنا کہ انہوں نے فرمایا کہ اللہ کے دشمنوں (یعنی غیر مسلموں) کی عیدوں سے بچو (سنن کبریٰ بیہقی)

اور امام بیہقی نے شعبُ الایمان میں اس روایت کو مزید تفصیل کے ساتھ اس طرح بھی روایت کیا ہے کہ:

سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ أَنَّہُ قَالَ: اِجْتَنِبُوْا أَعْدَاءَ اللّٰہِ الْیَھُوْدَ وَالنَّصَارٰی فِیْ عِیْدِھِمْ یَوْمَ جَمْعِھِمْ ،فَإِنَّ السَّخَطُ یَنْزِلُ عَلَیْھِمْ فَأَخْشٰی أَنْ یُّصِیْبَکُمْ وَلَا تَعْلَمُوْا بِطَانَتَھُمْ فَتَخَلَّقُوْا بِخُلُقِھِمْ

(شعب الإیمان للبیھقی، رقم الحدیث ۸۹۴۰،السادس والستون من شعب الإیمان:وھو باب فی مباعدة الکفار والمفسدین والغلظ علیھم)

ترجمہ: حضرت ابوسلمہ نے (خلیفۂ راشد) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سنا کہ انہوں نے فرمایا کہ اللہ کے دشمنوں، یعنی یہود ونصاریٰ کی عیدوں سے بچو، جس دن کہ وہ لوگ جمع ہوتے ہیں، کیونکہ ان پر اللہ کا غضب نازل ہوتا ہے، مجھے خوف ہے کہ کہیں (ان کے ساتھ شرکت کرنے سے) تمہیں بھی اللہ کا غضب نہ پہنچ جائے، اور تم ان کے اندرونی حال (اور ان کی رازداریوں) کو نہیں جانتے، اس لئے تم (بے خبری میں) ان کے اخلاق (وعادات) کو اپنالوگے (بیہقی)

مطلب یہ ہے کہ یہود وعیسائیوں کے اجتماعی، مذہبی، یا قومی تہواروں وعیدوں کے موقع پر اللہ تعالیٰ کا غضب نازل ہوتا ہے، لہٰذا مسلمانوں کو ان سے بچنا اور دُور رہنا ضروری ہے، ورنہ ان کو بھی دنیا، یا آخرت میں اللہ تعالیٰ کا غضب وغصہ پہنچنے کا خطرہ ہے، اور ان کے ساتھ بود

وباش سے، مسلمانوں میں ان کی گمراہ کن عادات واخلاق کے پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔

پس آج کل بعض مسلمانوں کا یہودیوں، عیسائیوں، یا ہندوؤں کے بعض مذہبی، یا قومی تہواروں اور عیدوں کو منانا اوران میں شرکت کرنا کتنا غضب ناک عمل ہے۔

اور حضرت عطاء بن دینار ہذلی سے روایت ہے کہ:

أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ: إِيَّاكُمْ وَمُوَاطَنَةَ الْأَعَاجِمِ، وَأَنْ تَدْخُلُوا عَلَيْهِمْ فِي بِيَعِهِمْ يَوْمَ عِيدِهِمْ، فَإِنَّ السَّخَطَ يَنْزِلُ عَلَيْهِمْ (شعب الإيمان للبيهقي، رقم الحديث ۸۹۴۱، السادس والستون من شعب الإيمان: وهو باب في مباعدة الكفار والمفسدين والغلظ عليهم)

ترجمہ: (حضرت) عمر بن خطاب (رضی اللہ عنہ) نے فرمایا کہ تم عجمی (یعنی کافر) لوگوں کے ساتھ رہنے سہنے سے اوران کے عید کے دنوں میں ان کے گرجوں میں داخل ہونے سے بچو، اس لیے کہ اُن پر (اللہ تعالیٰ کی) ناراضگی اُترتی ہے (بیہقی)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد مختلف اسناد سے مروی ہے، اور مجموعی طور پر اس کی سند معتبر ہے۔ [1]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد سے معلوم ہوا کہ بلاضرورت کافروں کے ساتھ بود وباش اختیار کرنا، شریعت کی نظر میں پسندیدہ عمل نہیں، کیونکہ اس سے مسلمانوں کے اعمال واخلاق پر بُرا اثر پڑتا ہے، اور پھر ان کے مذہبی تہواروں کے موقع پر ان کی تقریبات میں شرکت کرنا اور بھی خطرناک ہے، کیونکہ ان کی مذہبی تقریبات کے مواقع پر اللہ تعالیٰ کا غضب نازل ہوتا ہے، اوران میں شریک ہونے والے کے لیے بھی اس غضب میں مبتلا ہونے، اور

---

[1] وقد روى البيهقي بإسناد صحيح في باب كراهية الدخول على المشركين يوم عيدهم في كنائسهم؛ والتشبه بهم يوم نيروزهم ومهرجانهم – عن سفيان الثوري عن ثور بن يزيد عن عطاء بن دينار قال: قال عمر بن الخطاب رضي الله عنه "لا تعلموا رطانة الأعاجم ولا تدخلوا على المشركين في كنائسهم يوم عيدهم فإن السخط ينزل عليهم (مجموع الفتاوىٰ لابنِ تيمية، ج۲۵ ص۳۲۵، كتاب الصيام، نهي عمر عن اتخاذ كاتب نصراني)

www.idaraghufran.org

عقائد ونظریات میں بگاڑ پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

مَنْ بَنٰی بِبِلَادِ الْأَعَاجِمِ ،وَصَنَعَ نَيْرُوْزَهُمْ وَمِهْرَجَانَهُمْ ،وَتَشَبَّهَ بِهِمْ حَتّٰى يَمُوْتَ وَهُوَ كَذٰلِكَ ، حُشِرَ مَعَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (السنن الكبرى للبيهقي ،رقم الحديث ١٨٨٩٥ ،كتاب الجزية،باب كراهية الدخول على أهل الذمة في كنائسهم والتشبه بهم يوم نيروزهم ومهرجانهم)

ترجمہ: جس نے عجمی (یعنی کافر) لوگوں کے شہروں میں گھر بنایا، اور ان کے نیروز اور مہرجان (نامی تہواروں) کو منایا، اور ان کے ساتھ تشبہ اختیار کی، یہاں تک کہ وہ اسی حال میں فوت ہوگیا، تو وہ قیامت کے دن انہی کے ساتھ اُٹھایا جائے گا (بیہقی)

اصل ممانعت تو کافروں کی محبت وموالات، اور تشبہ ومشابہت وموافقت اختیار کرنے کی تھی، لیکن کیونکہ ان کے ساتھ رہنا سہنا اور اٹھنا بیٹھنا، ان کی مختلف کاموں میں موافقت ومشابہت کا ذریعہ بن جاتا ہے، اور ان کے اعمال اللہ تعالیٰ کے غیض وغضب کا بھی باعث ہوتے ہیں، اس لئے ان کے ساتھ بلاضرورت رہائش اختیار کرنے سے بھی منع کردیا گیا۔

مشرکوں کے طور طریقے کی مشابہت وموافقت اختیار کرنے سے ان کے ساتھ محبت اور دوستی پیدا ہوتی ہے، اور کافر کیونکہ اللہ تعالیٰ کے دشمن اور شیطان کے ولی ہیں، اور مسلمانوں کے ولی اللہ تعالیٰ ہیں، اور شیطان، مسلمانوں کا دشمن ہے، اس لیے مسلمانوں کو کافروں سے دوستی رکھنا جائز نہیں۔

اور اس لیے مسلمانوں کو مشرکوں و کافروں کی معاشرت ومخالطت اور بلا ضرورت ان کی مجالست سے دُور رہنے کا حکم دیا گیا ہے، کیونکہ ان چیزوں کی وجہ سے مسلمانوں کے ایمان میں فتور وبگاڑ پیدا ہوتا ہے۔

اور کافروں کی جو مذہبی عبادات اور طور طریقے ہیں، ان سے بچنے کا بطور خاص حکم دیا گیا۔

تشبہ ومشابہت جس طرح کے لوگوں کی بھی اختیار کی جائے گی، اس کا حکم ان ہی لوگوں کی طرح کا ہوگا، چنانچہ اگر انبیاء وصلحاء کے ساتھ تشبہ اختیار کی جائے گی، تو اس کا حکم انبیاء وصلحاء کی تشبہ کا ہوگا، اور اس پر اسی طرح کا اجر وانعام وغیرہ مرتب ہوگا، اور اگر فاسقوں وفاجروں اور بدکاروں کے ساتھ تشبہ اختیار کی جائے گی، تو اس کا حکم فاسقوں وفاجروں اور بدکاروں کی تشبہ کا ہوگا، اور اس پر اسی طرح کا وبال مرتب ہوگا، اور اگر کافروں اور غیر مسلموں کے ساتھ تشبہ اختیار کی جائے گی، تو اس کا حکم ان کافروں وغیر مسلموں کی طرح کا ہوگا، اور اس پر اسی طرح کا عذاب ووبال مرتب ہوگا۔

کسی قوم کے ظاہری عمل کی مشابہت وموافقت اور مماثلت کا اثر انسان کے باطن پر بھی پڑتا ہے، اور اس کا باطن بھی اس کے ظاہری اعمال سے متأثر ہوئے بغیر نہیں رہتا، پھر یہ تشبہ ومشابہت جس طرح کے شدید وخفیف عمل میں کلی، یا جزئی طریقہ پر اختیار کی جائے گی، ویسا ہی شدید، یا خفیف کلی، یا جزئی ثواب، یا گناہ بھی اس پر مرتب ہوگا، اور بعض صورتوں میں کفر بھی لازم آنے کا اندیشہ لاحق ہوجائے گا۔ [1]

---

[1] (من تشبه بقوم) أى تزيا فى ظاهره بزيهم وفى تعرفه بفعلهم وفى تخلقه بخلقهم وسار بسيرتهم وهديهم فى ملبسهم وبعض أفعالهم أى وكان التشبه بحق قد طابق فيه الظاهر الباطن (فهو منهم) وقيل المعنى من تشبه بالصالحين وهو من أتباعهم يكرم كما يكرمون ومن تشبه بالفساق يهان ويخذل كهم ، ومن وضع عليه علامة الشرف أكرم وإن لم يتحقق شرفه وفيه أن من تشبه من الجن بالحيات وظهر بصورتهم قتل وأنه لا يجوز الآن لبس عمامة زرقاء أو صفراء كذا ذكره ابن رسلان ، وبأبلغ من ذلک صرح القرطبى فقال :لو خص أهل الفسوق والمجون بلباس منع لبسه لغيرهم فقد يظن به من لا يعرفه أنه منهم فيظن به ظن السوء فيأثم الظان والمظنون فيه بسبب العون عليه ، وقال بعضهم :قد يقع التشبه فى أمور قلبية من الاعتقادات وإرادات وأمور خارجية من أقوال وأفعال قد تكون عبادات وقد تكون عادات فى نحو طعام ولباس ومسكن ونكاح واجتماع وافتراق وسفر وإقامة وركوب وغيرها وبين الظاهر والباطن ارتباط ومناسبة وقد بعث الله المصطفى صلى الله عليه وسلم بالحكمة التى هى سنة وهى الشرعة والمنهاج الذى شرعه له فكان مما شرعه له من الأقوال والأفعال ما يباين سبيل المغضوب عليهم والضالين فأمر بمخالفتهم فى الهدى الظاهر فى هذا الحديث وإن لم يظهر فيه مفسدة لأمور منها أن المشاركة فى الهدى فى الظاهر تؤثر تناسبا وتشاكلا بين المتشابهين تعود إلى موافقة ما فى الأخلاق والأعمال وهذا أمر محسوس فإن لابس

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اس میں شک نہیں کہ موجودہ زمانہ میں اکثر وہ ممالک جو کفار کے زیرِ اثر ہیں، اور بظاہر دارالحرب ہیں، ان میں وہاں کے بہت سے مستقل غیر مسلم باشندے، اسلام قبول کر چکے ہیں، اور وہاں دوسرے ممالک کے مسلمانوں کو بھی رہنے سہنے اور کافی حد تک مذہبی آزادی کے ساتھ زندگی گذارنے کی اجازت ہے، اس لئے ان ممالک کو بعض علماء ''دارُالحرب'' کے بجائے ''دارُالامن'' کا نام دیتے ہیں، اور وہاں مسلمانوں کے قیام پذیر ہونے میں گناہ نہیں سمجھتے، جبکہ مومن بندہ اپنے آپ کو کفار کے ساتھ موالات، اور ان کی تشبہ سے بچا کر رکھے اور ان کے کفریہ وفسقیہ اعمال وافعال میں شرکت نہ کرے۔ [1]

ہم بھی موجودہ زمانہ کے اس طرح کے ممالک میں قیام پذیر ہونے کے متعلق اسی موقف کی طرف رجحان رکھتے ہیں۔

ورنہ تو موجودہ زمانہ میں ہندوستان (انڈیا) کو بھی بہت سے علماء نے فقہی اعتبار سے دارالحرب قرار دیا ہے، اور یہ سب کو معلوم ہے کہ وہاں مسلمانوں کی بہت بڑی تعداد آباد اور مستقل رہائش پذیر ہے، اور وہاں مساجد، مدارس اور دینی مراکز بڑی تعداد میں موجود ہیں۔

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ ثياب العلماء مثلا يجد من نفسه نوع انضمام إليهم ولابس ثياب الجند المقاتلة مثلا يجد من نفسه نوع تخلق بأخلاقهم وتصير طبيعته منقادة لذلك إلا أن يمنعه مانع ومنها أن المخالفة فى الهدى الظاهر توجب مباينة ومفارقة توجب الانقطاع عن موجبات الغضب وأسباب الضلال والانعطاف على أهل الهدى والرضوان ومنها أن مشاركتهم فى الهدى للظاهر توجب الاختلاط الظاهر حتى يرتفع التمييز ظاهرا بين المهديين المرضيين وبين المغضوب عليهم والضالين الى غير ذلك من الأسباب الحكيمة التى أشار إليها هذا الحديث وما أشبهه.

وقال ابن تيمية :هذا الحديث أقل أحواله أن يقتضى تحريم التشبه بأهل الكتاب وإن كان ظاهره يقتضى كفر المتشبه بهم فكما فى قوله تعالى:''ومن يتولهم منكم فإنه منهم''وهو نظير قول ابن عمرو من بنى بأرض المشركين وصنع نيروزهم ومهرجانهم وتشبه بهم حتى يموت حشر يوم القيامة معهم فقد حمل هذا على التشبه المطلق فإنه يوجب الكفر ويقتضى تحريم أبعاض ذلك ، وقد يحمل منهم فى القدر المشترك الذى شابههم فيه فإن كان كفرا أو معصية أو شعارا لها كان حكمه كذلك (فيض القدير للمناوى، ج٦ ص ١٠٤ ،تحت رقم الحديث ٨٥٩٣، حرف الميم)

[1] أنا برىء من كل مسلم يقيم بين أظهر المشركين وهذا محمول على من لم يأمن على دينه(فتح البارى شرح صحيح البخارى، ج٦ ،ص ٣٩، كتاب الجهاد،باب وجوب النفير)

پس کافروں کے ممالک جہاں مسلمان، اپنے آپ کو کافروں کے عقائد وافکار، اوران کے ساتھ موالات ومحبت اور تشبہ ومشابہت سے بچا کر رکھے، اوران کی مخصوص مذہبی تقریبات واجتماعات، اور مذہبی عبادت گاہوں، اور فحاشی کے مراکز سے بچ بچا کر رہے، تو گناہ نہیں ہوگا، لیکن ایسی صورت میں بھی عقائد واخلاق میں کافروں اور غیر مسلموں سے متاثر ہونے کا اندیشہ اپنی جگہ برقرار رہے گا، پس جب تک مسلمانوں کے ملک میں رہائش پذیر ہونے میں کوئی دشواری نہ ہو، اس وقت تک حتی الامکان، یہاں ہی قیام پذیر ہونا بہتر ہے۔

البتہ کافروں سے جائز معاملات وتجارات کی حد تک تعلق رکھنے میں حرج نہیں، جس کی تفصیل آگے آتی ہے۔

آج کل مسلمانوں کی یہ حالت ہے کہ وہ ہر کام میں کافروں کی وضع قطع اوران کے حلیہ، اور ان کی معاشرت میں ڈوبے ہوئے ہیں، غمی، خوشی کا ہر کام ان کے طریقہ پر کرنے کے خواہش مند ہیں، ان چیزوں سے اپنے آپ کو بچانے کے لئے آمادہ نہیں، جس کا شریعت کی طرف سے حکم ہے۔

اور جب کافروں کی طرف سے مسلمانوں پر کوئی ظلم وستم ہوتا ہے، تو اس وقت ان کے خلاف زبان درازی کرنے کو بہت بڑی فتح تصور کرتے ہیں، اوراس کا نام باطل کے خلاف آواز اٹھانا اور زبان بلند کرنا رکھ لیا گیا ہے، اور جو کوئی ایسا نہ کرے، اسے مداہن، بزدل اور ڈرپوک کہا جاتا ہے۔

زیادہ کچھ کیا، تو کافروں کی مصنوعات کے بائیکاٹ کی مہم چلا دیتے ہیں، جس میں طرح طرح سے شرعی وفقہی احکام کو پامال کیا جاتا ہے، لیکن اس سے کوئی پائیدار وبامقصد نتیجہ برآمد نہیں ہوتا، جس کی بنیادی وجہ، شریعت کے اہم احکام کو نظر انداز کرنا، اور شرعی احکام کو توڑنا ہے۔

## الروضۃُ الناضرہ فی المسائل الحاضرۃ کا حوالہ

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ اپنے رسالہ ''الروضۃ الناضرہ فی المسائل الحاضرۃ'' میں فرماتے ہیں:

(۱)..... موالاتِ حقیقی، بمعنیٰ دوستی قلبی، ہر کافر سے مطلقاً حرام ہے، اس میں ذمی (مسلمانوں کے ملک میں رہنے والا کافر) وحربی (دارالکفر کا کافر) محارب (مسلمانوں سے مقابلہ کرنے والا کافر) مسالم (صلح کرنے والا کافر) سب برابر ہیں۔

**ویستوی فیه الاسود والابیض.**

(۲).....موالاتِ صوری، بمعنیٰ دوستی ظاہری، یعنی ایسا برتاؤ، جیسا دوستوں سے ہوتا ہے، جس کو ''مدارات'' کہتے ہیں، اپنی مصلحت ومنفعتِ مال وجاہ کے لئے درست نہیں، بالخصوص جبکہ ضرر دین کا بھی مظنون ہو، تو بدرجہ اولیٰ یہ اختلاط حرام ہوگا۔

**ویستوی فیه ایضا الاسود والابیض.**

(۳)..... وہی مداراتِ مذکورہ، دفعِ مضرت کے لئے جائز ہے، اور معتبر، ظنِ مضرت ہے، نہ کہ توہُمِ بعید۔

(۴).....اسی طرح توقعِ ہدایت کے لئے بھی ''مدارات کرنا'' درست ہے۔

(۵).....اسی طرح ضعیف ہونے کی وجہ سے مدارات درست ہے۔

(۶).....مواساۃ، یعنی احسان ونفع رسانی، اہلِ حرب کے ساتھ ناجائز ہے، اور غیر اہلِ حرب میں مسالم (یعنی صلح والا) اور ذمی دونوں آ گئے۔

لیکن دو حالتیں مستثنیٰ ہیں۔

ایک یہ کہ کسی خاص موقع پر حربی کے ساتھ، احسان کرنے میں مسلمان کی مصلحت ہو، یا اس کے اسلام کی توقع ہو۔

دوسرے یہ کہ کوئی شخص کسی اضطراری احتیاج، مثل جوع (بھوک) وعطش (پیاس) یا تردی (اوپر سے گرنے) یا ہدم (مکان گرنے) سے مشرف علی الہلاک (یعنی ہلاک ہونے کے قریب) ہو۔

(۷).....موالات، بمعنیٰ نصرت، یعنی کفار کی مدد کرنا، اگر اسلام کو مضر ہو، علی

الاطلاق ناجائز ہے، خواہ اضرار (نقصان پہنچانے) کا قصد بھی ہو، یا قصد نہ ہو، مگر وہ فعل موضوع ہو، اضرار (نقصان پہنچانے) کے لئے، دونوں کا ایک حکم ہے۔

(۸)..... اور جس نصرت سے اسلام کو مضرت (ونقصان) نہ ہو، مگر وہ فی نفسہٖ ناجائز ہو، اس میں بھی نصرت ناجائز ہے۔

(۹)..... اور اگر وہ مضرِ اسلام بھی نہ ہو، اور وہ فعل بھی مباح ہو، اگر بلاعوض ہے، مواساۃ میں داخل ہو کر مسئلہ تاسعہ (مواسات، یعنی احسان ونفع رسانی) کا فرد (وجزء) ہے، اور اگر بعوض ہے، آگے مسئلہ رابع عشر (یعنی معاملات وتجارات) میں اس کا حکم آتا ہے، اور یہ بھی موالاتِ حقیقی نہیں (کیونکہ بعوض وتبادلہ کی وجہ سے تجارت ومعاملہ ہو کر جائز ہے، اور اس میں کافر کی نفع رسانی کا اعتبار نہیں)

(۱۰)..... یہ حکم تو نصرت کا تھا، اور موالات، بمعنیٰ استنصار، اگر استخدام کے طور پر ہو، یعنی وہ اہلِ اسلام کا بالکل تابع ہو، اور احتمالِ غدر بھی نہ ہو، جائز ہے، اور اگر مساوات، یا متبوعیت کے طور پر ہو، جیسا اس وقت ایسا ہی ہو رہا ہے، یا احتمالِ غدر (دھوکہ کا ڈر) ہو، بوجہ احتمالِ ضررِ اسلام، ناجائز ہے، اور اس متبوعیت سے استنصارِ اضطراری مستثنیٰ ہے، یعنی جہاں مسلمان محکوم ہوں (اور معاملات کا حکم آگے آتا ہے) (اشرف السوانح ج۳، ص۱۷۳، تا۱۷۵، مضمونِ رابع ''الروضة الناضره فی المسائل الحاضرة'' المسئلة الثالثه، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری)

(وجواہر الفقہ، لمفتی محمد شفیع، جلد پنجم، ص ۲۳۷ تا ۲۴۰، افاداتِ اشرفیہ، درمسائلِ سیاسیہ، مطبوعہ: مکتبہ دار العلوم، کراچی، طبع جدید ۲۰۱۰ء)

پھر اس کے بعد حکیم الامت نے مذکورہ تمام صورتوں سے متعلق عربی عبارات نقل کی ہیں۔

## امدادُ الفتاویٰ کا حوالہ

حضرت حکیم الامت کے امداد الفتاویٰ میں عیسائیوں کے پکائے ہوئے کھانے کے بارے

میں ایک سوال کے جواب میں ہے کہ:

غالب گمان تو یہی ہے کہ (عیسائیوں اور نصرانیوں کی طرف سے) حلال چیزیں، جن برتنوں میں پکائی جاتی ہیں، پکانے سے پہلے، ان برتنوں کو دھوتے ہوں گے (جن میں خنزیر کا گوشت وغیرہ پکایا جاتا ہے) پس بظنِ غالب وہ برتن پاک ہوجاتے ہیں، لہٰذا ان کی پکی ہوئی چیزیں بھی پاک ہیں، البتہ اگر واقعات سے ان برتنوں کا ناپاک ہونا، یقیناً، یا بظنِ غالب معلوم ہوجاوے، تو پھر گنجائش نہیں

(امداد الفتاویٰ، جلد۴ صفحہ۱۰۷، کتاب الحظر والاباحہ، کھانے پینے کی حلال وحرام، مکروہ ومباح چیزوں کا بیان، مکتبہ دارالعلوم کراچی، تاریخِ طبع: ۲۰۱۰ء)

## امدادُ الفتاویٰ کا دوسرا حوالہ

حضرت حکیم الامت کے امداد الفتاویٰ میں ہی ہے کہ:

میلۂ پرستش گاہِ ہنود (یعنی ہندو مذہب کے لوگوں کی عبادت گاہ والے میلہ اور نمائش) میں عموماً مسلمانوں کا جانا اور خصوصاً علماء کا جانا اور یہ بھی نہیں کہ ضرورتِ شدیدہ دنیاوی ہی ہو، محض سیر وتماشے کے لیے، سخت ممنوع وقبیح ہے (امداد الفتاویٰ، جلد۴ صفحہ ۲۶۹، ۲۷۰، کتاب الحظر والاباحہ، معاملات المسلمین، باہل الکتاب والمشرکین، مکتبہ دارالعلوم کراچی، تاریخِ طبع: ۲۰۱۰ء)

## امدادُ الاحکام کا حوالہ

اور امدادُ الاحکام میں ایک سوال کے جواب میں ہے کہ:

یہ دعوت ہندووں کی مذہبی دعوت ہے، اور کفار کی مذہبی دعوتوں میں شرکت جائز نہیں (امداد الاحکام، ج۴ص۳۹۴، کتاب الحظر والاباحۃ، معاملات المسلمین باہل الکتاب والمشرکین، ناشر: مکتبہ دارالعلوم کراچی، طبع جدید: ۲۰۰۹ء)

## امدادُ الاحکام کا دوسرا حوالہ

اور امدادُ الاحکام میں ہی ایک سوال کے جواب میں ہے کہ:

ہندو کی روٹی کھانا درست ہے، لیکن گوشت کھانا درست نہیں، اور چاول وغیرہ کھانا، درست، گھی، مٹھائی وغیرہ کھانا، درست ہے (امدادالاحکام ج۴ص۳۹۲، کتاب الحظر والاباحۃ، معاملات المسلمین باہل الکتاب والمشرکین، ناشر: مکتبہ دارالعلوم کراچی، طبع جدید: ۲۰۰۹ء)

## امدادُ الاحکام کا تیسرا حوالہ

مذکورہ کتاب میں ہی ایک سوال کے جواب میں ہے کہ:

کفار سے معاملات، بیع وشراء، اجارہ وغیرہ جائز، اور ظاہری میل جول میں بھی مضائقہ نہیں، اگر میل جول کے بغیر چارہ نہ ہو، باقی بلاضرورت میل جول کرنا، جائز نہیں، اور رابطۂ محبت ودوستی بھی جائز نہیں، باقی معاملات (خرید وفروخت وغیرہ) ہر حال میں جائز ہیں۔ واللہ اعلم (امدادالاحکام ج۴ص۳۹۲، ۳۹۴، کتاب الحظر والاباحۃ، معاملات المسلمین باہل الکتاب والمشرکین، ناشر: مکتبہ دارالعلوم کراچی، طبع جدید: ۲۰۰۹ء)

مذکورہ عبارت میں میل، جول اور رابطۂ محبت وغیرہ کے احکام سے معاملات، یعنی خرید و فروخت وغیرہ کو الگ کر کے ہر حال میں جائز قرار دیا گیا ہے۔

لہٰذا کفار کے ساتھ معاملات وتجارت میں سختی اور دوسرے کاموں میں نرمی اختیار کرنا، بالکل برعکس طرزِ عمل ہے۔

## اسعدُ الابرار کا حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ''اسعدُ الابرار'' میں فرماتے ہیں:

''تعجب ہے کہ جو لوگ اس کے دعویدار ہیں کہ ہم ہندوستان سے انگریزوں کو نکالنا

چاہتے ہیں، وہ خود انگریزیت کی حد درجہ حمایت کرتے ہیں، انگریزی فیشن، انگریزی تہذیب، انگریزی تمدن پر لٹے ہوئے ہیں (''اسعد الابرار'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت جلد نمبر ۲۵، ص ۲۰۷، ملفوظ نمبر ۱۲۳، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، اشاعت: شعبان ۱۴۲۲ھ)

## الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة کا حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ''الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''جو کام کرنے کے ہیں، ان کی طرف تو کبھی التفات (وخیال) بھی نہیں ہوتا اور یہ بائیکاٹ وغیرہ ان سے کام چلتا ہے؟ اگر انبیاء علیہم السلام بھی نِرے بائیکاٹ سے کام لیتے، تو ہرگز دین کی اشاعت نہ ہوتی، کام تو کام کے طریقہ اور ہر موقع پر اس کے مناسب عمل سے ہوتا ہے، دیکھ لیجئے جب تک قوت جمع نہ ہوئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیسے صبر اور حِلم سے کام لیا، جہاد کی بھی اجازت نہ ہوئی، جب قوت جمع ہوگئی، جہاد بھی فرض ہوگیا اور تلوار سے کام لیا گیا، پھر اتنا بڑا کام کہ اظہر من الشّمس (سورج سے بھی زیادہ ظاہر) ہے، یہ سب برکت مناسب طریقے پر عمل کرنے کی تھی'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۳ ص ۷۰ و ۷۱، ملفوظ نمبر ۶۹، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

## الافاضاتُ الیومیة کا دوسرا حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ''الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة'' میں فرماتے ہیں:

''کام وہی مفید ہوتا ہے، جو ہوش سے کیا جائے، شریعت میں تو دشمنی تک کے بھی حدود ہیں، اسلام کی ایک بہت بڑی خوبی یہی ہے، جو دوسرے ادیان (دوسرے

مذاہب ) والے نہیں دکھلا سکتے کہ وہ دشمنوں کی بھی رعایت کرتا ہے، نیز ہم جس طرح مخالفین کے دشمن ہیں، اپنے (یعنی مسلمانوں کے) دوست بھی تو ہیں، اس غلو (حد سے تجاوز کرنے ) میں اپنی بھی مضرت (ونقصان) ہے'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر۳ ص ۲۳۷، ملفوظ نمبر۳۸۱، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا تیسرا حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''ایک بات ضروری ہے کہ عمل کرنے کی صورت میں کسی پر جبر نہ کیا جائے، جیسے آج کل بعضوں نے وطیرہ اختیار کیا ہے کہ جو شخص ان کے ساتھ شرکت نہ کرے اس کو تکلیفیں پہنچاتے ہیں، جبر (زبردستی کرنے ) سے قلوب (دلوں) میں بددلی ہوتی ہے، جو کام خوشی سے ہوتا ہے، اس میں مداومت (پائیداری) ہوتی ہے.....میری تو دل سے تمنا ہے کہ دین کے ساتھ مسلمانوں کی دنیا کی بھی فلاح ہو، مگر طریقہ کے ساتھ، یونہی اڑنگ بڑنگ کرنے سے کام نہیں چلا کرتا، نہ اس میں برکت ہوتی ہے، میرا تجربہ ہے کہ آج کل مسلمانوں کا کام جوش کے ماتحت ہوتا ہے، اسی لیے اس میں استقلال (واستحکام) نہیں ہوتا، اگر ہوش کے ماتحت ہو، تو دنیا کی تمام قومیں بیٹھی دیکھا کریں'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکومت الامت، جلد نمبر۳ ص ۷۲، ملفوظ نمبر ۷۹ ملخصاً، بعنوان ''تدبیر الفلاح یعنی کامیابی کا راستہ'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا چوتھا حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ایک

مقام پر فرماتے ہیں کہ:

آج کل مسلمانوں میں صرف زبانی عمل درآمد ہے، کام کی ایک بات بھی نہیں، جس کا بڑا ہی افسوس ہوتا ہے، البتہ ایک کام یہ آتا ہے کہ اغیار (کافروں) کی بغلوں میں جا کر گھسنا شروع کر دیں گے، کبھی گوروں کی بغل میں، کبھی کالوں کی بغل میں اور یہ سب جانتے ہیں کہ گورے سے، کالا خطرناک ہوتا ہے، اس کا ڈسا ہوا پانی نہیں مانگتا (یہ لطیفہ ہے سانپ کی دو قسموں کے متعلق) مسلمانوں کی حالت بالکل اس کی مصداق ہے فَرَّ مِنَ الْمَطَرِ وَقَرَّتَحْتَ الْمِيْزَابِ یعنی بارش سے بھاگا اور پرنالے کے نیچے جا کھڑا ہوا اور واقعہ یہ ہے کہ اسلام اور مسلمانوں کا کوئی بھی دوست نہیں، سب دشمن ہیں، مگر یہ سب سے پیوند جوڑتے پھرتے ہیں .....جیل خانہ چلے گئے، دو چار مہینے رہ کر آئے، آخر اس کا نتیجہ ہی کیا، جب چیز پر قدرت ہی نہیں، تو کیوں آدمی اپنے کو پریشانی میں ڈالے، ہاں ایک نتیجہ تو جیل خانہ میں جانے سے ضرور نکل آتا ہے کہ شہرت ہو جاتی ہے، فلاں صاحب ایسے ہیں، ویسے ہیں، مگر یہ کوئی دینی مقصد نہیں، اس کا تعلق صرف جاہ (نام اونچا کرنے) سے ہے، جو خود ایک مستقل (روحانی و دینی) مرض ہے، جو قابلِ اصلاح ہے، ان اہلِ جاہ (نام اور شہرت کے طلب گاروں) میں خلوص کا نام نہیں۔

بس اس پر مرتے ہیں کہ نام ہو، پھر کام کہاں؟ اسی لیے تو میں مولویوں کو بھی مشورہ دیتا ہوں کہ ان کو چاہئے کہ ان فضولیات کو چھوڑیں اور ان کاموں میں لگیں کہ (مسلمانوں کی فلاح صلاح اور ترقی کے لئے) اللہ تعالیٰ سے دعاء کریں (لوگوں کو پیش آمدہ مسائل میں) فتوے دیں، تبلیغ کریں، پڑھیں پڑھاویں، جاہلوں کے ساتھ ہو کر تضییعِ اوقات نہ کریں (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظات حکیم الامت، جلد نمبر ۷ ص ۵۲، ملفوظ نمبر ۴۳، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: محرم ۱۴۲۴ھ)

# الافاضاتُ الیومیة کا پانچواں حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ’’ الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة ‘‘ میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

’’اب تو وہ زمانہ ہے کہ ہر شخص کی رفتار، گفتار اور لباس سے انگریزیت جھلکتی ہے، سادگی کا نام ہی نہیں رہا، زبان سے نصرانیت اور انگریزیت کی برائی کرتے ہیں اور دل میں وہی باتیں رچی ہیں، ان ہی جیسا لباس، ان ہی جیسی معاشرت، اختیار کر رکھی ہے، مجھے تو ایک عالم کا قول پسند آیا کہ یہ لوگ نصرانیوں (عیسائیوں) کے مخالف ہیں اور نصرانیت (عیسائیت) کے حامی ہیں۔

بات تو کام کی کہی، واقعی یہی ہو رہا ہے، غضب تو یہ ہے کہ اس فتنہ سے بعض علماء بھی نہ بچ سکے اور نصوص (قرآن وحدیث) کے خلاف کرنا شروع کر دیا، ان (لوگوں) کا طریقۂ کار بالکل نصوص (قرآن وحدیث) کے خلاف ہو رہا ہے، لیکن کسی کا عمل تو حجت (دلیل) نہیں، جب کوئی تدبیر (وطریقہ) تدابیرِ منصوصہ (قرآن وحدیث میں بیان کردہ طریقوں) کے خلاف اختیار کی جاوے گی، اس کو تو ممنوع (اور ناجائز) ہی کہا جاوے گا، بالخصوص (خصوصاً) جبکہ وہ فعل عبث، یا مضر (بے کار، یا نقصان دہ) بھی ہو، تو اس کی حرمت (اور ناجائز ہونے) میں پھر کیا شبہ ہو سکتا ہے، وہاں تو (فقہ کے مشہور قاعدہ) ’’اَلضَّرُوْرَاتُ تُبِیْحُ الْمَحْظُوْرَاتِ ‘‘ (کہ ضرورت اور مجبوری کے وقت ممنوع کام بھی جائز ہو جاتے ہیں) کا شبہ بھی نہیں ہو سکتا، مثلاً ہڑتال (سٹرائک) ہے، جلوس ہیں، ان میں وقت کا ضائع ہونا، روپیہ کا صرف ہونا، حاجت مندوں لوگوں کو تکلیف ہونا، نمازوں کا ضائع ہونا (پتھراؤ، آتشزدگی، سڑکوں پر رکاوٹیں کھڑی کرنا، غیر شرعی نعرے اور بیان بازی وغیرہ) کھلے مفاسد ہیں، تو یہ افعال کیسے جائز ہو سکتے ہیں؟ ایک صاحب نے عرض

کیا کہ اگر نیت امدادِ حق (یعنی حق کی مدد کرنے) کی ہو (تو کیا پھر بھی یہ کام جائز نہ ہوگا، اس کے جواب میں) فرمایا کہ (پہلی بات تو یہ ہے کہ) ان باتوں سے حق کو کوئی امداد نہیں پہنچتی، دوسرے نامشروع فعل (غیر شرعی کام اچھی) نیت سے مشروع (شرعی) نہیں ہوجاتا، یہ تو محض جاہ طلبی (یعنی دوسروں کی نظروں میں اپنی قدر ومنزلت کو بڑھانا) ہے کہ جلسے ہورہے ہیں، جلوس نکل رہے ہیں، گلوں میں ہار پڑ رہے ہیں، اور یہ سب بددینوں ہی سے سبق حاصل کئے ہیں اور سب یورپ ہی کی تقلید ہے (چنانچہ اسلام میں ان چیزوں کا ثبوت نہیں) اور مزاحاً فرمایا کہ ہار (مغلوبیت) تو پہلے ہی گلوگیر (گلے میں پڑا ہوا) ہے، پھر کامیابی (جیت) کہاں'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ''، مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۵ ص ۱۵۶، ۱۵۷، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا چھٹا حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''سب خرابیوں کے ذمہ دار خود مسلمان ہی ہیں، یہ خود ہی (شرعی) احکام سے اعراض کیے ہوئے ہیں، پھر جب خود ہی ان کے قلوب (دلوں) میں احکامِ شرعیہ کی وقعت وعظمت نہیں اور خود ہی ان کی پابندی واحترام نہیں کرتے، تو دوسری قومیں کیا احترام کریں گی اور ان سے کیا توقع کی جاسکتی ہے، مثلاً نماز کی پابندی مسلمانوں میں نہیں، داڑھی منڈانا ان کا شعار ہوگیا..... ہماری شکایت واقع میں اپنا قصور دوسروں کے سر منڈھنا ہے، اگر مسلمان فی الحقیقت مسلمان بن جائیں، تو پھر آپ دیکھیں کہ ایک دم کایہ پلٹ ہوجائے اور سب ان کے سامنے سر جھکادیں ..... اگر یہ (مسلمان) خود احکامِ اسلام اور شعائرِ اسلام کے پابند ہوجائیں دوسروں پر خود بخود اثر ہو، یہ بھی ایک نہایت زبردست تبلیغ ہے''

(''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ''مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر۲ ص۱۰۴و۱۰۵، ملخصاً، ملفوظ نمبر۱۳۸، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: ربیع الثانی ۱۴۲۹ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا ساتوں حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ'' الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ ''میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''آج کل مسلمانوں کی حالت عجیب ہے، دوسروں سے اسلام، احکامِ اسلام کی وقعت وعظمت اور احترام کے خواہشمند ہیں اور خود احکامِ اسلام وشریعتِ مقدسہ کی وقعت اور عظمت، قلوب (دلوں) میں نہیں رہی'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر۸ ص۳۳۷، ملفوظ نمبر۴۶۹، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: ربیع الاول ۱۴۲۸ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا آٹھواں حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ'' الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ ''میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''سب سے بڑی بات قابلِ ذکر، بلکہ قابلِ شکایت یہ ہے کہ یہ لوگ (یعنی مسلمان) دوسروں سے تو اسلام کی عزت کے خواہاں ہیں اور خود اسلام اور احکامِ اسلام کو پائمال کرتے ہیں، ایک زمانے میں نمازوں کے وقت میں جلسے ہوتے رہے، کچھ پرواہ نہیں، رمضانُ المبارک میں عام شاہراہوں پر میزوں پر کھانے چُنے گئے اور کُرسیوں پر کھائے گئے، یہ حرکات کہاں تک جائز ہیں'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر۳ ص۶۹و۷۰، ملفوظ نمبر۶۹، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

## الافاضاتُ الیومیة کا نواں حوالہ

جو سنجیدہ اہلِ علم حضرات ان لوگوں کو مذکورہ طرزِ عمل سے آگاہ کرتے ہیں، تو یہ لوگ الزام بھی الٹا ان ہی کو کافروں کی حمایت کا دیتے ہیں، حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ''الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة'' میں اس کے متعلق فرماتے ہیں:

''(ہمارا) حکام سے نہ کبھی ملنا، نہ جلنا، نہ واسطہ، نہ مطلب، مگر ہم تو موالاتی (یعنی ان کے دوست) اور یہ طاعنین (ہمیں طعنہ دینے والے) ان کے یہاں جا جا کر شب و روز کرسیوں پر ڈٹے رہیں، صورت، سیرت ان کی سی، لباس وضع قطع ان جیسی، کیک، بسکٹ، چھری، کانٹا، ان جیسا، غرض کہ ہر طرح پر ان سے خلا ملا اور پھر یہ غیر موالاتی (یعنی ان کو کافروں کا دوست نہیں سمجھا جاتا) عجیب فیصلہ ہے'' (''الافاضات الیومیة من الافادات القومیة'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۷ ص ۵۳، ملفوظ نمبر ۴۴، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: محرم ۱۴۲۴ھ)

## الافاضاتُ الیومیة کا دسواں حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ''الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''برکت تدابیرِ منصوصہ (قرآن وحدیث میں بیان کردہ طریقوں) پر عمل کرنے سے میسر ہو سکتی ہے اور یہ ہڑتال (سٹرائک) اور جلوس (واحتجاج) یہ سب یورپ ہی سے سبق حاصل کیا ہے، یہ سب انہیں کی تدابیر ہیں، جن کے خلاف تم جدّ و جہد کر رہے ہو'' (''الافاضات الیومیة من الافادات القومیة'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۴ ص ۵۸، ملفوظ نمبر ۶۴، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: شوال ۱۴۲۳ھ)

# الافاضاتُ الیومیة کا گیارہواں حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ’’ الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة ‘‘ میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

’’میں دیکھتا ہوں کہ ان نئی چیزوں میں اکثر میں نور نہیں، بلکہ ظلمت (وتاریکی) محسوس ہوتی ہے، اب یہ تحریکاتِ حاضرہ (موجودہ دور کی تحریکات، ہڑتال، احتجاج وغیرہ) ہی ہیں، ان کے سوچنے سے قلب (دل) پر ظلمت اور کدورت معلوم ہوتی ہے، جس کی وجہ یہی ہے کہ اصولِ اسلام اور احکامِ اسلام پر اس کی بنیاد نہیں، اس لئے اس میں ظلمت ہے‘‘ (’’الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘ مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت ج۳ ص۳۲۱، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

اس کی مزید تفصیل آگے خاتمہ میں آتی ہے۔

خلاصہ یہ کہ کفار کے ساتھ قلبی محبت اور دلی دوستی، اور ان کے مذہبی امور میں شرکت وموافقت، اور ان کے ساتھ تشبہ، اور جن امور کی شریعت نے تعیین کردی ہے، ان کو چھوڑ کر کفار کے ایجاد کردہ طریقوں کی اتباع درست نہیں، اور تجارت ومعاملات کا حکم اس سے جدا ہے، جیسا کہ اگلے مضمون میں اس کی تفصیل آتی ہے۔

اللہ تعالیٰ امتِ مسلمہ کو شرعی احکام کو سمجھنے اور ان پر اپنے اپنے درجہ کے مطابق عمل پیرا ہونے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

## (دوسرا باب)

# کافروں سے تجارتی بائیکاٹ کا شرعی حکم

مسلمانوں کو اصل حکم یہ ہے کہ وہ عقائد وافکار، مذہبی عبادات، کافروں کی مخصوص تہذیب وتمدن، اور کلچر، اوران کے ساتھ تشبہ، ومشابہت، اوران کے ساتھ محبت ومودت کو ترک کریں، اوران چیزوں میں ان کا بائیکاٹ کریں، جیسا کہ تفصیل کے ساتھ پہلے ذکر کیا جاچکا ہے۔

جہاں تک کسی خاص موقع پر کافروں کی مصنوعات کے بائیکاٹ کے اصولی حکم کا تعلق ہے، تو اس کا تعلق، عقائد، مذہبی عبادات وغیرہ کے بجائے، کافروں کے ساتھ تجارت ومعاملات سے ہے، جس کے بائیکاٹ کا شریعت نے حکم نہیں دیا، اور اول تو مروجہ بائیکاٹ کا طریقہ بنیادی طور پر کافروں کا ایجاد کردہ تھا، جس کو جائز قرار دینے کے لئے اس پر اسلام کا لبادہ اڑھانا جائز نہیں تھا، اوراس میں اسلامی حدود وقیود کو ملحوظ رکھنا ضروری تھا، اوراس سے تجاوز کرنا جائز نہیں تھا۔

دوسرے کافروں سے تجارت ترک کرنے کو جائز، یا بعض صورتوں میں مستحب قرار دینے کی بھی گنجائش ہے، لیکن اس کے لئے بھی کچھ حدود وقیود ضروری ہیں، جن سے تجاوز کرنا جائز نہیں۔

اور آج کل اس میں حدود سے تجاوز ہورہا ہے، اور ایک حلال کام کرنے والے کو کبھی ''حرام کا مرتکب''، کبھی ''کافروں کا موالاتی'' اور کبھی ''غیرتِ ایمانی کی خلاف ورزی کا مرتکب'' قرار دیا جاتا ہے، اوراس کو کافروں کے کفر وشرک اور ظلم وجور کا معاون تک کہا جاتا ہے، اور بعض اوقات اس کے نتیجہ میں اور بھی کئی مفاسد کا ارتکاب کیا جاتا ہے۔

اوراس کو موجودہ دور میں ایک جہادِ عظیم کا درجہ دے کر اس کو ایک تحریک اور مہم کے طور پر اوراجتماعی جدوجہد کے ساتھ انجام دیا جانے لگا ہے، جس کے لئے بڑے بڑے نامور علماء کی

طرف سے اعلانات واشتہارات دیے جاتے ہیں، مختلف اشیاء کی فہرستیں شائع کی جاتی ہیں، اور لوگوں سے اجتماعات میں بائیکاٹ کے عہد معاہدے لئے جاتے ہیں، اس مقصد کے لئے احتجاج اور ہڑتالیں کی جاتی ہیں، اور بھی اللہ جانے کیا کچھ کہا، اور کیا جاتا ہے۔

اور اب نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ محارب وظالم کفار، اور ملٹی نیشنل کمپنیوں سے بائیکاٹ کو صاف طور پر واجب اور ان سے تجارت ومعاملات کو ان کے ظلم وجنگ میں اعانت ومدد کا ذریعہ ہونے کی وجہ سے حرام اور کبیرہ گناہ تک بھی کہا جارہا ہے۔

اور اس کی وجہ یہ سمجھی جارہی ہے کہ اس زمانہ میں مسلمانوں کے مقابلہ میں کفار ان کمپنیوں کے نیٹ ورک کی وجہ سے معاشی میدان میں طاقت ور ہورہے ہیں، اور مسلمانوں پر غلبہ حاصل کر رہے ہیں، اس لئے ان کمپنیوں سے بائیکاٹ کر کے ان کی طاقت کو توڑنا مسلمانوں کے ذمہ واجب ہو چکا ہے۔

اور ان سے بائیکاٹ کے لئے یہ ضروری قرار دیا جاتا ہے کہ مسلمان، ان کی اشیائے صنعت وتجارت کو خرید کر ان کو نفع نہ پہنچائیں اور ان کو معاشی طور پر کمزور کریں، ورنہ وہ ان کفار کے کفر وجبر اور ظلم وستم میں ان کے معاون ومددگار شمار ہو کر مجرم سمجھے جائیں گے۔

مدتِ دراز سے اس پر ہماری طرف سے اجمالی طور پر توجہ دلائی جاتی رہی، اور یہ باور کرایا جاتا رہا کہ موجودہ دور کے علمی ومذہبی طبقہ کو جذبات کی رو میں بہنے اور مجتہدین کے مقابلہ میں اپنے جدید اصول وقواعد پر مبنی اجتہادات سے کوئی حکم اخذ نہیں کرنا چاہیے، اور جس چیز کی حلت وحرمت کا قرآن وسنت اور فقہی کتب میں صاف طور پر حکم موجود ہے، اس کی حقیقت سے قوم کو آگاہ کرنا چاہیے، لیکن اس کے بجائے مختلف قسم کے بے بنیاد الزامات واتہامات سامنے آئے، اس لئے اب ضروری محسوس ہوا کہ اس بارے میں قرآن وسنت اور فقہ، بالخصوص امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب کی روشنی میں تفصیل ذکر کردی جائے، جن کی طرف ہمارے یہاں کے علماء اور عوام کے بڑے طبقہ کو انتساب حاصل ہے، تاکہ یہ اعتراض کرنے

کا بھی عذر باقی نہ رہے کہ جس فقہی مذہب کی کتب سے یہ حکم بیان کیا جارہا ہے، ہم اس فقہی مذہب کو اپنے لئے حجت نہیں سمجھتے۔

## سورہ آلِ عمران، غافر، انفال، توبہ وسورہ طٰہٰ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّیْ لَآ اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ. فَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِیْ سَبِیْلِیْ وَقَاتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَیِّئَاتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ، ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ، وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ .لَا یَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِی الْبِلَادِ . مَتَاعٌ قَلِیْلٌ. ثُمَّ مَاْوٰاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ .لٰكِنِ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ. وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَیْرٌ لِّلْاَبْرَارِ (سورۃ آل عمران، رقم الآیۃ ۱۹۵، الیٰ ۱۹۸)

ترجمہ: پھر قبول کیا اُن کے لئے ان کے رب نے (دُعاء کو) بے شک میں ضائع نہیں کرتا، عمل کو کسی عمل کرنے والے کے تم میں سے، مرد ہو، یا عورت ہو، تم میں سے بعض، بعض سے ہو، پس وہ لوگ کہ ہجرت کی انہوں نے، اور نکالا گیا ان کو، ان کے گھروں سے، اور ایذاء دی گئی، ان کو میرے راستہ میں، اور قتال کیا انہوں نے، اور جو قتل کئے گئے، یقیناً ضرور بالضرور مٹادوں گا میں ان (سب) سے ان کی برائیوں کو، اور ضرور بالضرور داخل کروں گا میں، ان (سب) کو ایسی جنتوں میں کہ جاری ہوں گی، ان (جنتوں) کے نیچے سے نہریں، ثواب کے طور پر اللہ کی طرف سے، اور اللہ کے پاس عمدہ ثواب ہے۔ نہ ہرگز دھوکہ میں ڈالے تجھ کو ان لوگوں کا چلنا پھرنا، جنہوں نے کفر کیا، شہروں میں۔ سامانِ قلیل ہے۔ پھر ان کا

ٹھکانا جہنم ہے، اور برا ٹھکانا ہے۔لیکن وہ لوگ جو ڈرے اپنے رب سے، ان کے لئے جنتیں ہیں، جاری ہوں گی، ان (جنتوں) کے نیچے سے نہریں، ہمیشہ رہیں گے وہ، ان (جنتوں) میں، مہمانی کے طور پر، اللہ کی طرف سے، اور وہ جو اللہ کے پاس ہے، بہتر ہے، نیک لوگوں کے لئے (سورہ آلِ عمران)

اس سے پہلے سورہ آلِ عمران کی آیات میں مومنین صالحین کی چند دعاؤں کا ذکر تھا۔

اور سورہ آلِ عمران کی مذکورہ بالا آیات میں سے پہلی آیت میں مومنین صالحین کی ان دعاؤں کی قبولیت اور ان کے اعمالِ صالحہ پر اجرِ عظیم کا ذکر کیا گیا ہے۔

اور دوسری تیسری آیت میں مومنوں کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنی ناداری، تنگدستی اور عسرت وتکلیف کے مقابلہ میں کفار ومشرکین کے ظاہری عیش وعشرت، مال و دولت اور تجارت وصنعت کے لیے زمین میں نقل وحرکت اور رونق سے ہرگز دھوکہ نہ کھائیں، کیونکہ ان کی یہ حالت چندروزہ ہے اور پھر دائمی عذاب ہے، جبکہ مومنوں کے لئے جنت اور اس کی نعمت کی شکل میں دائمی راحت ہے۔

چوتھی آیت میں پھر دوبارہ تقویٰ اور اعمالِ صالحہ اختیار کرنے والوں کے لئے، مالدار، تجار کفار کے مقابلہ میں جنت کی لازوال نعمتوں کا وعدہ ہے۔

چنانچہ پہلی آیت میں فرمایا گیا کہ مومنوں میں سے جو مومن مرد وعورت بھی نیک عمل کرے گا، اس کا اجر وثواب ضائع نہیں کیا جائے گا، کیونکہ مومن خواہ مرد ہو، یا عورت ہو، وہ سب مرد وعورت ایمان کے ساتھ ایک دوسرے سے منسلک ہیں، پس جس مومن مرد وعورت نے بھی ہجرت، وجہاد فی سبیل اللہ، یا کسی دوسری شکل میں عبادت کی، اور دین کی خاطر ان کو ان کے گھروں سے نکال کر مالی نقصان پہنچایا گیا، یا کسی بھی قسم کی جسمانی تکلیف پہنچائی گئی، یا شہید کیا گیا، جیسا کہ آج بھی فلسطین اور دوسرے علاقوں میں مسلمانوں کے ساتھ کافروں کی طرف سے یہ حالت درپیش ہے، تو اللہ ضرور بالضرور ان سب مومن مرد وعورتوں کے گناہوں

کو معاف فرمائے گا، اور ضرور بالضرور ان کو ثواب کے طور پر ایسی جنتوں میں داخل کرے گا، جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی، اور اللہ کے پاس جو ثواب ہے، وہ دنیا کی نعمتوں وراحتوں اور مال ودولت، سب کے مقابلہ میں بہت عمدہ ترین ہے۔

مومنوں کی ہجرت وغربت، اور ان کی تکلیف وعسرت، اور ان کی فضیلت کو بیان کرنے کے بعد سورہ آلِ عمران کی اگلی دو آیات میں اللہ تعالیٰ نے کافروں کے مال ودولت اور تجارت وصناعت کے لئے شہر در شہر پھرنے، اور نقل وحرکت کرنے کی ناکامی، اور ان سے دھوکہ نہ کھانے کو اس طرح بیان فرمایا کہ:

"لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ . مَتَاعٌ قَلِيْلٌ. ثُمَّ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ"

"نہ ہرگز دھوکہ میں ڈالے تجھ کو ان لوگوں کا چلنا پھرنا، جنہوں نے کفر کیا، شہروں میں۔ سامانِ قلیل ہے۔ پھر ان کا ٹھکانا جہنم ہے، اور برا ٹھکانا ہے"

اور سورہ غافر میں اللہ تعالیٰ نے اسی مضمون کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ:

مَا يُجَادِلُ فِيْ آيَاتِ اللّٰهِ إِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ (سورة غافر، رقم الآية ۴)

ترجمہ: نہیں جدال کرتے اللہ کی آیات میں، مگر وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا، پس نہ دھوکہ میں ڈالے آپ کو ان (کافروں) کا نقل وحرکت کرنا، شہروں میں (سورہ غافر)

روئے زمین پر اس سے پہلے بھی اللہ تعالیٰ نے مال ودولت، جاہ وجلال اور حشم وخدم والی کافر قوموں کی ناکامی اور تباہی وبربادی کا قرآن مجید کی مختلف آیات میں ذکر فرمایا ہے۔ [1]

---

[1] وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ هُمْ أَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِنْ مَحِيصٍ. إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِمَنْ كَانَ لَهُ قَلْبٌ أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيدٌ (سورة ق، رقم الآية ۳۶ و ۳۷)
أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ. إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ. الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ . وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ. وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ. الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ. فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ . فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ . إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ (سورة الفجر، رقم الآيات، ۶، الیٰ ۱۴)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مومن، ہجرت وغربت اور جہد ومشقت میں تھے، اور کفار، مشرکین اور یہود ونصاریٰ، مال ودولت، صنعت وحرفت اور معیشت وتجارت میں بہت زیادہ بڑھے ہوئے تھے، جو زمین کے مختلف اطراف میں تجارت اور صنعت وحرفت کے لئے نقل وحرکت کرتے تھے، جیسا کہ آج کل بھی کفار، اور بالخصوص یہود ونصاریٰ نے ملٹی نیشنل کمپنیوں کی شکل میں نیٹ ورک قائم کر رکھا ہے، جس پر مسلمانوں کو ان کی مذکورہ حرکات سے دھوکہ نہ کھانے کی تعلیم دی گئی، اور ان کو اس کے بجائے، ایمان وتقویٰ اختیار کر کے اپنی آخرت کو درست اور جنت کو حاصل کرنے کی طرف متوجہ کیا گیا۔

چنانچہ تفسیر جلالین میں ہے:

**ونزل لما قال المسلمون أعداء الله فيما نرى من الخير ونحن في الجهد " لا يغرنك تقلب الذين كفروا" تصرفهم "في البلاد" بالتجارة والكسب** (تفسير الجلالين، ص ۹۵، سورة آلِ عمران)

ترجمہ: اور جب مسلمانوں نے یہ کہا کہ اللہ کے دشمنوں کو ہم دیکھتے ہیں کہ وہ عیش وعشرت میں ہیں، اور ہم تنگی وعسرت میں ہیں، تو (سورہ آلِ عمران کی) یہ آیت نازل ہوئی کہ نہ ہرگز دھوکہ میں ڈالے آپ کو ان لوگوں کا چلنا پھرنا، جنہوں نے کفر کیا، شہروں میں، تجارت اور مال کمانے کے لئے (تفسیر جلالین)

اور امام رازی اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں:

**تقلب الذين كفروا في البلاد، فيه وجهان: الأول: نزلت في مشركي مكة كانوا يتجرون ويتنعمون فقال بعض المؤمنين: إن أعداء الله فيما نرى من الخير وقد هلكنا من الجوع والجهد فنزلت الآية .**

**والثاني: قال الفراء: كانت اليهود تضرب في الأرض فتصيب الأموال فنزلت هذه الآية. والمراد بتقلب الذين كفروا في البلاد، تصرفهم في التجارات والمكاسب، أي لا يغرنكم أمنهم على أنفسهم وتصرفهم في البلاد كيف شائوا، وأنتم معاشر المؤمنين خائفون محضورون** (تفسير الرازي، ج۹، ص ۴۷۱، ۴۷۲، سورة آلِ عمران)

ترجمہ: ان لوگوں کا شہروں میں نقل وحرکت کرنا، جنہوں نے کفر کیا، اس میں دو وجہیں ہیں۔

پہلی وجہ یہ ہے کہ: یہ آیت مشرکینِ مکہ کے بارے میں نازل ہوئی، جو تجارت کرتے تھے، اور عیش وعشرت کی زندگی بسر کرتے تھے، تو بعض مومنین نے کہا کہ اللہ کے دشمنوں کو ہم دیکھتے ہیں کہ وہ خیر میں ہیں، اور ہم بھوک اور مشقت وتنگی سے ہلاک ہوگئے، تو (سورہ آلِ عمران کی) مذکورہ آیت نازل ہوئی۔

اور دوسری وجہ یہ ہے کہ فراء نے فرمایا کہ یہودی زمین میں (تجارت ومعیشت کے لئے) چلتے پھرتے تھے، پھر مال ودولت کو حاصل کرتے تھے، تو یہ آیت نازل ہوئی، اور کافروں کے شہروں میں نقل وحرکت کرنے سے مراد، ان کا تجارات اور ذرائع آمدنی میں تصرف کرنا ہے، اور مطلب یہ ہے کہ ان (کفار اور یہودیوں) کی ذات پر (مال ودولت اور تجارت ومعیشت کی وجہ سے) امن کا حاصل ہونا اور ان کا شہروں میں حسبِ مشیت (تجارت وصنعت میں) تصرف کرنا (جیسا کہ آج کل ملٹی نیشنل کمپنیوں کو دنیا کے مختلف ملکوں میں حاصل ہے) تمہیں ہرگز دھوکہ میں نہ ڈالے، اور تم اے مومنوں کی جماعت (کافروں سے) خوف رکھتے ہو، اور (اپنی اپنی جگہ) موجود ہو (کفار کی طرح تجارت ومعیشت میں نقل وحرکت کے لئے آزاد نہیں ہو) (تفسیر کبیر)

اور امام رازی سورہ غافر کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

**ثم قال تعالى: فلا يغررك تقلبهم فى البلاد أى لا ينبغى أن تغتر بأنى أمهلهم وأتركهم سالمين فى أبدانهم وأموالهم يتقلبون فى البلاد أى يتصرفون للتجارات وطلب المعاش، فإنى وإن أمهلتهم فإنى سآخذهم وأنتقم منهم كما فعلت بأشكالهم من الأمم الماضية، وكانت قريش كذلك يتقلبون فى بلاد الشام واليمن ولهم الأموال الكثيرة يتجرون فيها ويربحون** (تفسير الرازى، ج۲۷، ص ۴۸۶، سورة غافر)

ترجمہ: پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ پس نہ دھوکہ میں ڈالے آپ کو ان (کافروں) کا نقل وحرکت کرنا، شہروں میں، یعنی یہ بات درست نہیں کہ تمہیں دھوکہ ہو، اس بات سے کہ میں ان کافروں کو ڈھیل دیتا ہوں، اور ان کے بدنوں اور مالوں کو سلامت چھوڑ دیتا ہوں، وہ شہروں میں تجارات اور معیشت کی طلب میں تصرف کرتے ہیں، پس بے شک میں نے ان کو مہلت وڈھیل دی ہے، لیکن عنقریب میں ان کی پکڑ کروں گا، اور ان سے انتقام لوں گا، جیسا کہ میں نے ان جیسی گذشتہ امتوں کے ساتھ کیا۔

اور قریشِ مکہ کی یہی حالت تھی کہ وہ شام اور یمن کے ممالک میں جاتے آتے تھے، اور ان کے پاس مال ودولت کی فراوانی تھی، جن میں وہ تجارت کرتے تھے، اور نفع کماتے تھے (تفسیر کبیر)

اور ابوحیان اندلسی اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں:

**لا يغرنک تقلب الذين كفروا فى البلاد قيل: نزلت فى اليهود كانوا يضربون فى الأرض فيصيبون الأموال قاله: ابن عباس .وقال أيضا: هم أهل مكة.وروى أن ناسا من المؤمنين كانوا يرون ما كانوا فيه من الخصب والرخاء ولين العيش، فيقولون: إن أعداء الله فيما نرى من الخير وقد هلكنا من الجوع والجهد.وقال مقاتل:فى مشركى العرب والذين كفروا لفظ عام**(البحر المحيط فى التفسير، ج۳،ص ۴۸۱،سورة آلِ عمران)

ترجمہ: نہ ہرگز دھوکہ میں ڈالے آپ کو ان لوگوں کی شہروں میں نقل وحرکت کرنا، جنہوں نے کفر کیا، یہ آیت یہودیوں کے بارے میں نازل ہوئی، جو زمین میں چلتے پھرتے تھے، پھر اموال کماتے تھے، ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کا یہی قول ہے، اور ابنِ عباس کا ہی قول ہے کہ اس سے اہلِ مکہ مراد ہیں۔

اور مروی ہے کہ مومنوں میں سے بعض لوگ اپنی کمزوری، تنگ دستی، اور معاشی کمزوری کو دیکھتے تھے، تو یہ کہتے تھے کہ اللہ کے دشمنوں کو ہم دیکھتے ہیں کہ خیر (مال

ودولت) حاصل ہے، اور ہم بھوک اور مشقت سے ہلاک ہورہے ہیں۔

اور مقاتل کا قول ہے کہ یہ مشرکینِ عرب کے بارے میں نازل ہوئی، اور واقعہ یہ ہے کہ جن لوگوں نے کفر کیا کا لفظ عام ہے (جو کفار ومشرکین اور یہودیوں، سب کو شامل ہے) (تفسیر بحرِ محیط)

اور تفسیر ''المحرر الوجیز'' میں ہے:

و التقلب :التصرف فی التجارات والأرباح والحروب وسائر الأعمال(المحرر الوجیز فی تفسیر الکتاب العزیز، ج ۱، ص ۵۵۸، سورۃ آلِ عمران)

ترجمہ: اور (کافروں کے) تقلب سے مراد ''تجارات، اور منافع کے حصول، اور جنگوں، اور تمام کاموں میں تصرف کرنا ہے'' (کہ کافروں کی ان چیزوں سے دھوکہ نہیں کھانا چاہیے) (تفسیر المحرر الوجیز)

اور تفسیر خازن میں ہے کہ:

فلا یغررک تقلبهم یعنی تصرفهم فی البلاد للتجارات وسلامتهم فیها مع کفرهم(تفسیر الخازن، ۴، ص ۶۸، سورۃ غافر)

ترجمہ: پس آپ کو ان کافروں کا تقلب، یعنی تجارات میں تصرف کرنا، اور ان میں سلامتی کا پانا، ان کے کفر کے ہوتے ہوئے، دھوکہ میں نہ ڈالے (تفسیر خازن)

بہت سے دیگر مفسرین نے بھی یہی تفسیر وتفصیل بیان فرمائی ہے۔ [1]

---

[1] فلا یغررک تقلبهم فی البلاد یعنی: ذهابهم، ومجیئهم فی أسفارهم، وتجاراتهم، فإنهم لیسوا علی شیء من الدین .وقال مقاتل: تقلبهم یعنی: ما هم فیه من السعة فی الرزق(تفسیر السمرقندی، ج۳، ص ۱۹۸، سورۃ غافر)

تقلب الذین کفروا: ضربهم وتصرفهم فی البلاد للتجارات والبیاعات وأنواع المکاسب والمطالب، والخطاب للنبی صلی الله علیه وسلم والمراد به غیره، لأنه لم یغیر لذلک.

قال قتادة فی هذه الآیة: والله ما غروا نبی الله ولا وکل إلیهم شیئا من أمر الله تعالی حتی قبضه الله علی ذلک، نظیره قوله تعالی: فلا یغررک تقلبهم فی البلاد(الکشف والبیان عن تفسیر القرآن، ج۳، ص ۲۳۶، سورۃ آلِ عمران)

لا یغرنک تقلب الذین کفروا فی البلاد یقول :لا یحزنک یا محمد ذهابهم ومجیئهم فی تجاراتهم

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

پھر اس کے بعد سورہ آلِ عمران کی اگلی آیت میں مالدار، اور تجارت وصنعت دار کافروں کے مقابلہ میں دوبارہ اللہ سے ڈرنے والوں، مومن متقیوں، اور نیک لوگوں کی فضیلت کو اللہ تعالیٰ نے ان الفاظ میں بیان فرمایا کہ:

"لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ. وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ"

"لیکن وہ لوگ جو ڈرے اپنے رب سے، ان کے لئے جنتیں ہیں، جاری ہوں گی، ان (جنتوں) کے نیچے سے نہریں، ہمیشہ رہیں گے وہ، ان (جنتوں) میں، مہمانی کے طور پر، اللہ کی طرف سے، اور وہ جو اللہ کے پاس ہے، بہتر ہے، نیک لوگوں کے لئے"

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ ومكاسبهم فى الأرض .ويقال :هذا الخطاب للمؤمنين، ومعناه :لا يغرنكم تجارات الكفار وتصرفهم فى أموالهم فى البلاد، لأن ذلک متاع قليل لأن الكفار كانوا فى رخاء وعيش، وكانت لهم رحلة الشتاء والصيف، وكان المؤمنون فى ضيق وشدة(تفسير السمرقندى، ج ا ، ص ۲۷۵، سورة آلِ عمران)

قوله عز وجل :لا يغرنک تقلب الذين كفروا فى البلاد نزلت فى المشركين وذلک أنهم كانوا فى رخاء ولين من العيش يتجرون ويتنعمون فقال بعض المؤمنين :إن أعداء الله فيما نرى من الخير ونحن فى الجهد فأنزل الله تعالى هذه الآية لا يغرنک. الخطاب لرسول الله صلى الله عليه وسلم والمراد به غيره من الأمة لأنه صلى الله عليه وسلم لم يغتر قط والمعنى لا يغرنک أيها السامع تقلب الذين كفروا فى البلاد يعنى ضربهم فى الأرض وتصرفهم فى البلاد للتجارات وطلب الأرباح والمكاسب متاع قليل أى ذلک متاع قليل وبلغة فانية ونعمة زائلة ثم مأواهم يعنى مصيرهم فى الآخرة جهنم وبئس المهاد أى وبئس الفراش(تفسير الخازن، ج ا ،ص ۳۳۵،سورة آلِ عمران)

قوله عز وجل :لا يغرنک تقلب الذين كفروا فى البلاد. ، نزلت فى المشركين، وذلک أنهم كانوا فى رخاء ولين من العيش (يتجرون) ويتنعمون، فقال بعض المؤمنين :إن أعداء الله تعالى فيما نرى من الخير، ونحن فى الجهد؟ فأنزل الله تعالى هذه الآية لا يغرنک تقلب الذين كفروا فى البلاد ، ضربهم فى الأرض وتصرفهم . فى البلاد للتجارات وأنواع المكاسب، الخطاب للنبى صلى الله عليه وسلم والمراد منه غيره .متاع قليل، أى :هو متاع قليل، بلغة فانية ومتعة زائلة، ثم مأواهم، مصيرهم، جهنم وبئس المهاد، الفراش .لكن الذين اتقوا ربهم لهم جنات تجرى من تحتها الأنهار خالدين فيها نزلا، جزاء وثوابا، من عند الله، نصب على التفسير، وقيل :جعل ذلک نزلا، وما عند الله خير للأبرار، من متاع الدنيا(تفسير البغوى، ج ا ،ص ۵۵۸،سورة آلِ عمران)

مطلب یہ ہے کہ جن مومنوں کو کافروں کی طرف سے، ان کے گھر بار اور مال ودولت سے نکال دیا گیا، اور طرح طرح سے تکالیف پہنچائی گئیں، اور انہوں نے ایمان، تقوے، اور نیکی کو اختیار کیا، اور جنت کے مستحق ہوئے، خواہ مشقت وتنگی میں زندگی گذار کر، یا شہادت کو پاکر، وہ ان بڑے بڑے تجارت وحرفت اور معیشت وصنعت کرنے والے مالدار کفار ومشرکین اور یہود ونصاریٰ سے بہتر ہیں، جنہوں نے دنیا بھر میں اپنی معیشت وتجارت، اور جنگ وحرب کو پھیلا رکھا ہے، اور غریب وتنگدست، اور مجبور ولاچار مومنوں کو ایمان واعمالِ صالحہ کے مقابلہ میں کافروں کی تجارت ومعیشت اور صنعت وحرفت کے دنیا میں پھیلاؤ سے دھوکہ نہیں کھانا چاہیے، بلکہ ان کو ایمان واعمالِ صالحہ، اور ان کے ذریعہ حاصل ہونے والے درجات وبرکات پر مطمئن رہنا چاہیے۔

اس موقع پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں کو ایمان واعمالِ صالحہ کے مقابلہ میں نہ تو کافروں کی طرح تجارت ومعیشت میں مشغول ہونے کی تاکید کی گئی، اور نہ ہی کافروں سے جائز ومباح چیزوں کی تجارت وصنعت سے منع کیا گیا، اور نہ ہی ان کی تجارت وصنعت سے بائیکاٹ کا حکم دیا گیا، اور نبی صلی اللہ علیہ سلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم ان سے جائز اموال کی تجارت اور خرید وفروخت کو انجام دیتے رہے، اور غربت وتنگدستی پر ایمان واعمالِ صالحہ اور تقوے وطہارت کو ترجیح دیتے رہے، جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو غالب اور کفار کو مغلوب کیا، اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے غلبہ کا وعدہ پورا ہو کر رہا۔

قرآن مجید کی مذکورہ آیات اور ان کی تفاسیر سے صاف معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو موجودہ زمانہ میں یہود ونصاریٰ، اور کفار ومشرکین کی ملٹی نیشنل کمپنیوں سے دھوکا نہیں کھانا چاہیے، اور ان کو کامیاب اور اپنے آپ کو ناکام نہیں سمجھنا چاہیے۔

سورہ توبہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي

الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُوْنَ (سورة التوبة، رقم الآية ٥٥)

ترجمہ: پس نہ تعجب میں ڈالے آپ کو ان کے مال، اور نہ ان کی اولاد، بس چاہتا ہے اللہ کہ عذاب دے ان کو دنیا کی زندگی میں اور نکلے ان کی جان اس حال میں کہ وہ کافر ہوں (سورہ توبہ)

اور سورہ توبہ ہی میں ایک اور مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَأَوْلَادُهُمْ إِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ أَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُوْنَ (سورة التوبة، رقم الآية ٨٥)

ترجمہ: اور تعجب میں نہ ڈالے آپ کو ان کے مال اور اولاد، بس چاہتا ہے اللہ کہ عذاب دے ان کو دنیا کی زندگی میں اور نکلے ان کی جان اس حال میں کہ وہ کافر ہوں (سورہ توبہ)

قرآن مجید کی سورہ طٰہٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّأَبْقٰى (سورة طٰه، رقم الآية ١٣١)

ترجمہ: اور نہ اٹھایئے آپ اپنی آنکھوں کو ان چیزوں کی طرف، کہ برتنے کے لئے دیا ہم نے ان (چیزوں) کو مختلف طرح کی، ان (لوگوں) میں سے، دنیا کی زندگی کی رونق کی، تاکہ آزمائیں ہم ان (لوگوں) کو ان (چیزوں) میں، اور آپ کے رب کا رزق بہتر ہے، اور زیادہ باقی رہنے والا ہے (سورہ طٰہٰ)

معلوم ہوا کہ دنیا میں جو کافروں کو مال و دولت اور معاشی اسباب کی شکل میں دنیا کی چیزیں دی گئیں، ان سے تعجب نہیں کرنا چاہیے، اور دھوکہ نہیں کھانا چاہیے، ان کے ساتھ اللہ کی طرف سے آخرت میں سخت عذاب والا معاملہ کیا جائے گا۔

مگر افسوس کہ موجودہ زمانہ کے بہت سے عوام اور خواص پھر اس دھوکہ میں مبتلاء ہو گئے، جنہوں نے ایمان واعمالِ صالحہ اختیار کرنے کے بجائے، کافروں اور بالخصوص یہودیوں کو،

ان کے مال ودولت کی وجہ سے کامیاب، اوراپنے آپ کو ناکام سمجھ لیا، اوران کی اس کامیابی کا راستہ روکنے کے لئے ان کی تجارت وصنعت سے بائیکاٹ کرنے پر اپنے زور کو خرچ کرنا شروع کردیا، اور یہاں تک کہ ان جائز ومباح معاملات کو بھی ناجائز وحرام ٹھہرادیا، جن کے جائز وحلال ہونے کا قرآن وسنت، اورفقہائے کرام ومجتہدینِ عظام سے ثبوت ملتا ہے، اور قرآن مجید کی بعض آیات، یا احادیث سے ایسے مطالب ومعانی اخذ کرنا شروع کردیے، جن کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم، صحابۂ کرام اورسلفِ صالحین سے ثبوت نہیں ملتا۔

اورہمیں اس سے اختلاف نہیں کہ مسلمانوں کو کفار سے مقابلہ کے لئے اپنی اپنی استطاعت کے مطابق مادی قوت کو مجتمع کرنا چاہیے۔

لیکن ایک تو اس مادی قوت کے لئے مسلمان، اپنی استطاعت کے مطابق مکلّف ہیں، اگرچہ وہ اس مقام تک نہ پہنچیں، جس مقام تک کفار پہنچ چکے ہیں، کیونکہ اسی استطاعت کی قید وشرط کے ساتھ مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے سورہ انفال میں اس طرح حکم فرمایا گیا ہے:

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا إِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ .وَأَعِدُّوْا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَآخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ (سورة لانفال، رقم الآية ۵۹، و ۶۰)

ترجمہ: اور ہرگز گمان نہ کریں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کہ وہ آگے نکل گئے (یا غالب آگئے) بے شک وہ (اللہ کو) نہیں عاجز کرسکتے۔

اور تیاری کرو تم ان (کافروں) کے لئے جتنی استطاعت ہو تم کو قوت کی، اور جنگی گھوڑوں کی، ڈراؤ تم اس کے ذریعہ سے اللہ کے دشمن کو اور اپنے دشمن کو، اور دوسروں کو بھی جو کہ ان کے علاوہ ہیں (یعنی منافقین وغیرہ) (سورہ انفال)

قوت میں ہر دور کے اعتبار سے جنگی وحربی آلات داخل ہیں، اوراس میں اپنی استطاعت شرط ہے، جس کے مسلمان، مکلّف ہیں۔

اور احادیث میں قوت کی تفسیر ''رَمی'' سے کی گئی ہے، جس میں ہر زمانہ کے آلاتِ حرب کی تعلیم وتربیت کا حاصل کرنا، اور ان کو اپنی حسبِ استطاعت حاصل کرنا، داخل ہے۔ [1]

یہی وجہ ہے کہ کفار تو تقریباً ہر نبی، اور خاص کر نبی آخر الزمان محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اور دور میں مادی ومعاشی اعتبار سے زیادہ طاقت ور رہے ہیں، مگر اس کے باوجود ان کے ایمانی جذبہ اور جفاکشی، اور حسبِ استطاعت جنگی وحربی مشق کے ہوتے ہوئے اللہ نے آخر کار مومنوں کو ہی فتح ونصرت اور غلبہ عطاء فرمایا۔

اور آج بھی مسلمانوں کے جن ممالک کی افواج، ایمانی جذبہ کے ساتھ جنگی وحربی امور کی تعلیم وتربیت میں محنت ومشقت وریاضت کرتے ہیں، ان کی جنگی وحربی قوت، ان دوسرے مسلمانوں کے ممالک سے زیادہ قوی شمار کی جاتی ہے، جو اِن امور میں کمزور ہیں، اگرچہ وہ معاشی اعتبار سے بہت زیادہ طاقت ور شمار کئے جاتے ہیں، جیسا کہ ملکِ پاکستان، معاشی اعتبار سے کئی دوسرے ایسے ممالک سے کمزور ہونے کے باوجود جنگی وحربی مہارت میں زیادہ طاقت ور شمار کیا جاتا ہے، جو معاشی، اعتبار سے اس کے مقابلہ میں کئی گنا بہتر اور مضبوط ہیں، اور پاکستان، ان کا مقروض بھی ہے۔

دوسرے اگر مسلمانوں کو معاشی ترقی درکار ہو، تو اس کا تعلق مسلمانوں کی اپنی معاشی تدابیر کو اختیار کرنے سے ہے، جس کے لئے اسلامی تعلیمات کے مطابق مسلمانوں کو اپنے معیار کو درست کرنا، اور بہتر بنانا ضروری ہے، اس کے بجائے محض دوسروں کی مادی ومعاشی ترقی کا

---

[1] عن أبی علی، ثمامة بن شفی؛ أنه سمع عقبة بن عامر یقول: سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم، وهو علی المنبر، یقول "وأعدوا لهم ما استطعتم من قوة .ألا إن القوة الرمی .ألا إن القوة الرمی .ألا أن القوة الرمی"(صحیح مسلم، رقم الحدیث ۱۹۱۷ "۱۶۷، کتاب الإمارة، باب فضل الرمی والحث علیه، وذم من علمه ثم نسیه)

عن المغیرة بن نهیک أنه سمع عقبة بن عامر الجهنی یقول: سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: " من تعلم الرمی ثم ترکه فقد عصانی "(سنن ابنِ ماجه، رقم الحدیث ۲۸۱۴، ابواب الجهاد، باب الرمی فی سبیل الله)

قال شعیب الارنؤوط: حدیث صحیح(حاشیة سنن ابنِ ماجه)

رونا، رونا کافی نہیں، کیونکہ شکوہ کئے جانے والے کافروں کی معاشی ترقی کی بنیاد ان کی اپنی محنت، جدوجہد اور عمدہ معیار ہے، جب تک ہم اپنی محنت اور اپنے معیار کو درست نہیں کریں گے، اور بالفاظِ دیگر کام چوری اور حرام خوری کو ترک نہیں کریں گے، اس وقت تک دوسروں کو اس میدان میں مغلوب کرنا، ممکن نہیں، خواہ اس کے لئے کتنی تحریکیں چلالی جائیں۔

تیسری اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ مسلمانوں کی ترقی وکامیابی کی جو اصل بنیاد ہے، یعنی اپنے آپ کو ایمان وتقوے، اور اعمالِ صالحہ سے مسلح کرنا، اور اس میں اپنے آپ کو ترقی دینا، تو جب تک اس پر مسلمان عمل پیرا نہیں ہوں گے، اس وقت تک محض معاشی وجنگی اعتبار سے خواہ کتنی ترقی کرلی جائے، اس سے مسلمانوں کو کامیابی کا حصول ممکن نہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں قرآن مجید کے اندر صاف اعلان فرمادیا ہے کہ:

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ .هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ.وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (سورہ آلِ عمران، رقم الآیۃ ۱۳۷، الیٰ ۱۳۹)

ترجمہ: یقیناً گزر چکے تم سے پہلے کئی طریقے، پس چلو تم زمین میں، پھر دیکھو تم کہ کیسا ہوا، انجام جھٹلانے والوں کا، یہ بیان ہے لوگوں کے لیے اور ہدایت ہے اور نصیحت ہے متقیوں کے لیے، اور مت بزدل بنو تم اور مت غم کرو تم اور تم ہی اعلیٰ (وغالب) رہو گے، اگر ہوئے تم (سچے) مومن (سورہ آلِ عمران)

تفسیر بغوی میں ہے:

وأنتم الأعلون بأن يكون لكم العاقبة بالنصر والظفر على أعدائكم، إن كنتم مؤمنين يعني: إذ كنتم (على سنتي) أي: لأنكم مؤمنون (تفسير البغوي ج ۱، ص ۵۱۳، سورہ آلِ عمران)

ترجمہ: اور تم ہی غالب رہو گے، یعنی تمہارے لئے ہی بالآخر نصرت وفتح اور

کامیابی ہوگی، تمہارے دشمنوں پر، اگر تم مومن ہوگے، یعنی جب تم میرے طریقہ پر ہوگے، کیونکہ تم مومن ہو (سورہ آلِ عمران)

اور چند آیات کے بعد سورہ آلِ عمران ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ** (سورة آلِ عمران، رقم الآية ١٦٠)

ترجمہ: اگر نصرت کرے تمہاری اللہ، تو نہیں غالب ہوگا کوئی تمہارے لئے، اور اگر رسوا کرے وہ (اللہ) تم کو، تو کون ہے وہ جو نصرت کرے گا تمہاری، اس کے بعد، اور اللہ پر ہی پس توکل کرنا چاہیے مومنون کو (سورہ آلِ عمران)

مذکورہ آیت کی تفسیر کے ضمن میں تفسیر قرطبی میں ہے:

**(إن ينصركم الله فلا غالب لكم) أى عليه توكلوا فإنه إن يعنكم ويمنعكم من عدوكم لن تغلبوا ..(وإن يخذلكم) يترككم من معونته (فمن ذا الذى ينصركم من بعده) أى لا ينصركم أحد من بعده، أى من بعد خذلانه إياكم، لأنه قال: "وإن يخذلكم "والخذلان ترك العون .والمخذول: المتروك لا يعبأ به**(تفسير القرطبى، ج۴، ص ۲۵۴، سوره آلِ عمران)

ترجمہ: اگر نصرت کرے تمہاری اللہ، تو نہیں غالب ہوگا کوئی تمہارے لئے، اس کا مطلب یہ ہے کہ اس اللہ پر ہی تم توکل کرو، کیونکہ اگر وہ تمہاری اعانت کرے، اور تم سے تمہارے دشمنوں کو روک دے، تو تم ہرگز مغلوب نہیں ہو سکتے، اور اگر رسوا کرے وہ تم کو، تمہیں اپنی اعانت سے محروم کردے، تو کون ہے وہ جو نصرت کرے گا، تمہاری، اس کے بعد، یعنی اس کے تمہیں رسوا کرنے کے بعد کوئی بھی تمہاری نصرت نہیں کرسکتا، کیونکہ اللہ نے یہ فرمایا کہ اگر وہ تمہیں رسوا کرے، اور رسوائی کے معنیٰ اعانت کو ترک کرنے کے ہیں، اور رسوا شدہ وہ کہلاتا ہے، جس کو چھوڑ دیا جائے، اور اس کی پرواہ نہ کی جائے (تفسیر قرطبی)

اور تفسیر خازن میں ہے:

**إن ينصركم الله يعني إن يعنكم الله بنصره ويمنعكم من عدوكم كما فعل يوم بدر فلا غالب لكم يعني من الناس لأن الله تعالى هو المتولي نصركم وإن يخذلكم كما فعل يوم أحد فلم ينصركم ووكلكم إلى أنفسكم لمخالفتكم أمره وأمر رسوله صلى الله عليه وسلم فمن ذا الذي ينصركم من بعده أي من بعد خذلانه .وعلى الله فليتوكل المؤمنون لا على غيره لأن الأمر كله لله ولا راد لقضائه ولا دافع لحكمه فيجب أن يتوكل العبد في كل الأمور على الله تعالى لا على غيره** (تفسير الخازن ج ۱،ص ۳۱۲،سورہ آلِ عمران)

ترجمہ: اگر نصرت کرے تمہاری اللہ، یعنی اگر اعانت ومدد کرے تمہاری اللہ، اپنی خاص نصرت کے ذریعہ، اور روک دے تم سے تمہارے دشمنوں کو، جیسا کہ بدر کے دن کیا، تو لوگوں میں سے کوئی بھی تم پر غالب نہیں آ سکتا (خواہ وہ معاشی وحربی اعتبار سے کتنا پاور فل کیوں نہ ہو) کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی تمہاری نصرت کا متولی وکارساز ہے، اور اگر رسوا کرے وہ تم کو، جیسا کہ احد کے دن کیا، اور وہ تمہاری نصرت نہ کرے، اور تم کو تمہاری ذات کے سپرد کردے، تمہارے اللہ کے حکم، اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی مخالفت کرنے کی وجہ سے، تو کون ہے، جو تمہاری نصرت کرے گا، اس اللہ کے رسوا کرنے کے بعد، اور اللہ ہی پر توکل کرنا چاہیے، مومنوں کو، اللہ کے علاوہ کسی چیز پر بھی توکل نہیں کرنا چاہیے (خواہ وہ معاشی وسائل ہوں، یا جنگی اسلحہ وغیرہ) کیونکہ حکم پورا، اللہ ہی کا ہے، اور اس کے فیصلہ کو کوئی رد کرنے، اور اس کے حکم کو کوئی دور کرنے والا نہیں (خواہ دنیا کی بڑی طاقت، اور ایٹم بم ہی کیوں نہ ہو) اس لئے بندہ کو تمام کاموں میں اللہ تعالیٰ پر توکل کرنا ضروری ہے، کسی دوسری چیز پر نہیں (تفسیر خازن)

اور تفسیرِ مظہری میں ہے:

**إن ينصركم الله فلا غالب لكم أحد إذ يستحيل ان يكون المنصور من الله مغلوبا فانه يستلزم عجزه تعالى عن ذلک علوا كبيرا وإن يخذلكم ومنعكم نصره فمن ذا الذى ينصركم يعنى لا أحد ينصركم لان افعال العباد مخلوقة لله تعالى فلا يتصور حقيقة النصر من أحد على تقدير خذ لانه منه تعالى من بعده اى من بعد خذ لانه او المعنى بعد ما جاوزتم الله فى الاستنصار لا يتصور النصر من غيره. فهذه الاية برهان على وجوب التوكل على الله عقلا بعد ما ثبت وجوبه سمعا بصيغة الأمر وعلى الله خاصة فليتوكل المؤمنون. لعلمهم وايمانهم بانه لا ناصر سواه** (التفسير المظهرى، القسم الأول من الجزء الثانى، ص ۱۶۲، ۱۶۳، سورہ آلِ عمران)

ترجمہ: اگر نصرت کرے تمہاری، اللہ، تو نہیں غالب ہوگا، تمہارے لئے کوئی بھی، کیونکہ یہ بات ناممکن ہے کہ اللہ کا مدد کیا ہوا، مغلوب ہو، کیونکہ اس سے اللہ تعالیٰ کا عاجز ہونا لازم آتا ہے، جس سے اللہ پوری طرح پاک اور بہت زیادہ بلند تر ہے، اور اگر رسوا کرے وہ تم کو اور تمہیں اپنی نصرت سے محروم کردے، تو کون ہے، وہ جو نصرت کرے گا تمہاری، یعنی کوئی بھی تمہاری نصرت نہیں کرے گا، کیونکہ بندوں کے افعال، دراصل اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں، پس حقیقی نصرت کا کسی کی طرف سے تصور نہیں کیا جاسکتا، اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسوائی مسلط ہونے کے بعد، اور مطلب یہ ہے کہ تمہارے اللہ کی نصرت سے محروم ہونے کے بعد، کسی دوسرے کی طرف سے نصرت کا تصور نہیں کیا جاسکتا (خواہ کتنا معاشی وجنگی زور صرف کرلیا جائے، اور کتنی فوجیں اکھٹی کیوں نہ کرلی جائیں) پس یہ آیت نہایت مضبوط دلیل ہے، اللہ پر عقلی اعتبار سے توکل واجب ہونے پر، جبکہ اللہ پر توکل سمعی ونقلی طور پر پہلے ثابت ہو چکا، جس میں حکم کا صیغہ استعمال ہوا ہے کہ اور خاص اللہ پر ہی مومنوں کو توکل کرنا چاہیے، کیونکہ ان کا یقین وایمان اس بات پر ہے کہ اس کے سوا کوئی ناصر ومددگار نہیں (تفسیر مظہری)

اللہ تعالیٰ پر توکل ،اور اس کے صاف صاف احکامات کی تعمیل کے بغیر، بلکہ اللہ کے صریح احکامات کو توڑ کر اپنی مغلوبیت وخذالت اور کفار کی غالبیت کو کفار کی مادی، معاشی وتجارتی ترقی کی طرف منسوب کرنا، اوران کی مادی ترقی کو روکنے، اور بائیکاٹ کرنے کے درپے ہونا، اسی دھوکہ میں مبتلاء ہونے کے مترادف کہلائے جانے کا مستحق قرار پائے گا، جس سے بچنے کا اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی مذکورہ آیات میں ذکر فرمایا ہے۔

اور اللہ پر توکل، اور مدد ونصرت کے محض اس کی طرف سے ہونے کا یقین پیدا کرنے، اور مادی اور دنیاوی اسباب اور معاشی وسائل پر کامیابی کا مدار نہ ہونے کو ثابت کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے پہلے مالِ غنیمت کو بھی حلال قرار نہیں دیا گیا تھا، اور ہر طرح کے مادی وسائل سے محروم ہونے کے باوجود غزوۂ بدر میں رجوع الی اللہ کی برکت سے مومنوں کی غیبی نصرت ومدد کی گئی، اور کفار کے ستر لوگوں کو قید کرلیا گیا، پھر کفار پر مادی اسباب کا غلبہ حاصل کرنے کی غرض سے، مالی فدیہ کے عوض قیدیوں کو قتل کرنے کے بجائے رہا کردیا، تاکہ اس فدیہ اور مال کو کفار کے مقابلہ کے لئے استعمال کیا جائے، جس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے مواخذہ کیا گیا، اور اس کو آخرت کے مقابلہ میں دنیا کو مقصود بنالینے سے تعبیر کیا گیا۔

چنانچہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مسند احمد میں یہ واقعہ تفصیل کے ساتھ اس طرح مروی ہے کہ:

لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ، قَالَ: نَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى أَصْحَابِهِ وَهُمْ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَنَيِّفٌ، وَنَظَرَ إِلَى الْمُشْرِكِيْنَ فَإِذَا هُمْ أَلْفٌ وَزِيَادَةٌ، فَاسْتَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقِبْلَةَ، ثُمَّ مَدَّ يَدَيْهِ، وَعَلَيْهِ رِدَاؤُهُ وَإِزَارُهُ، ثُمَّ قَالَ: اَللّٰهُمَّ أَيْنَ مَا وَعَدْتَنِيْ؟ اَللّٰهُمَّ أَنْجِزْ مَا وَعَدْتَنِيْ، اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ إِنْ تُهْلِكْ هٰذِهِ الْعِصَابَةَ مِنْ أَهْلِ الْإِسْلَامِ، فَلَا تُعْبَدْ فِي الْأَرْضِ أَبَدًا ،قَالَ: فَمَا زَالَ يَسْتَغِيْثُ رَبَّهُ عَزَّ وَجَلَّ،

وَيَدْعُوْهُ حَتّٰى سَقَطَ رِدَاؤُهُ، فَأَتَاهُ أَبُوْ بَكْرٍ، فَأَخَذَ رِدَاءَهُ فَرَدَّاهُ ،ثُمَّ اِلْتَزَمَهُ مِنْ وَّرَائِهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، كَذَاكَ مُنَاشَدَتُكَ رَبَّكَ، فَإِنَّهُ سَيُنْجِزُ لَكَ مَا وَعَدَكَ، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: ''إِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِيْنَ''

فَلَمَّا كَانَ يَوْمُئِذٍ، وَالْتَقَوْا، فَهَزَمَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْمُشْرِكِيْنَ، فَقُتِلَ مِنْهُمْ سَبْعُوْنَ رَجُلًا، وَأُسِرَ مِنْهُمْ سَبْعُوْنَ رَجُلًا، فَاسْتَشَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا بَكْرٍ وَعَلِيًّا وَعُمَرَ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، هٰؤُلَاءِ بَنُو الْعَمِّ وَالْعَشِيْرَةُ وَالْإِخْوَانُ، فَإِنِّيْ أَرَى أَنْ تَأْخُذَ مِنْهُمُ الْفِدْيَةَ، فَيَكُوْنُ مَا أَخَذْنَا مِنْهُمْ قُوَّةً لَنَا عَلَى الْكُفَّارِ، وَعَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّهْدِيَهُمْ فَيَكُوْنُوْنَ لَنَا عَضُدًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَرَى يَا ابْنَ الْخَطَّابِ؟قَالَ: قُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا أَرٰى مَا رَأٰى أَبُوْ بَكْرٍ، وَلٰكِنِّيْ أَرٰى أَنْ تُمَكِّنَنِيْ مِنْ فُلَانٍ قَرِيْبًا لِعُمَرَ فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ، وَتُمَكِّنَ عَلِيًّا مِنْ عَقِيْلٍ فَيَضْرِبَ عُنُقَهُ، وَتُمَكِّنَ حَمْزَةَ مِنْ فُلَانٍ، أَخِيْهِ فَيَضْرِبَ عُنُقَهُ، حَتّٰى يَعْلَمَ اللّٰهُ أَنَّهُ لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِنَا هَوَادَةٌ لِلْمُشْرِكِيْنَ، هٰؤُلَاءِ صَنَادِيْدُهُمْ وَأَئِمَّتُهُمْ وَقَادَتُهُمْ، فَهَوِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ، وَلَمْ يَهْوَ مَا قُلْتُ، فَأَخَذَ مِنْهُمُ الْفِدَاءَ.

فَلَمَّا أَنْ كَانَ مِنَ الْغَدِ، قَالَ عُمَرُ: غَدَوْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا هُوَ قَاعِدٌ وَأَبُوْ بَكْرٍ وَإِذَا هُمَا يَبْكِيَانِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَخْبِرْنِيْ مَاذَا يُبْكِيْكَ أَنْتَ وَصَاحِبَكَ؟ فَإِنْ وَجَدْتُ بُكَاءً بَكَيْتُ، وَإِنْ لَمْ أَجِدْ بُكَاءً تَبَاكَيْتُ لِبُكَائِكُمَا، قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَّذِیْ عَرَضَ عَلَیَّ أَصْحَابُکَ مِنَ الْفِدَاءِ، لَقَدْ عُرِضَ عَلَیَّ عَذَابُکُمْ أَدْنٰی مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ، لِشَجَرَةٍ قَرِيْبَةٍ، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: "مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ أَسْرٰی حَتّٰی يُثْخِنَ فِی الْأَرْضِ" إِلٰی: "لَوْلَا كِتَابٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَا أَخَذْتُمْ "مِنَ الْفِدَاءِ، ثُمَّ أُحِلَّ لَهُمُ الْغَنَائِمُ.

فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ عُوْقِبُوْا بِمَا صَنَعُوْا يَوْمَ بَدْرٍ مِنْ أَخْذِهِمُ الْفِدَاءَ، فَقُتِلَ مِنْهُمْ سَبْعُوْنَ، وَفَرَّ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهٗ، وَهُشِمَتِ الْبَيْضَةُ عَلٰی رَأْسِهٖ، وَسَالَ الدَّمُ عَلٰی وَجْهِهٖ، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی: "أَوَلَمَّا أَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ أَصَبْتُمْ مِثْلَيْهَا قُلْتُمْ أَنّٰی هٰذَا قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ أَنْفُسِكُمْ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ" بِأَخْذِكُمُ الْفِدَاءَ

(مسند احمد، رقم الحديث ٢٠٨) [1]

ترجمہ: جب غزوہ بدر کا دن ہوا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ پر نظر ڈالی، تو وہ تین سو سے کچھ زیادہ تھے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین پر نظر ڈالی، تو وہ ایک ہزار سے زیادہ تھے، یہ دیکھ کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قبلہ رخ ہو کر دعاء کے لیے اپنے ہاتھ پھیلا دیئے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت چادر اوڑھ رکھی تھی، دعاء کرتے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ اے اللہ! تیرا کیا ہوا وعدہ کہاں ہے؟ اے اللہ! اپنا وعدہ جلد پورا فرما دیجیے، اے اللہ! اگر آج یہ مٹھی بھر مسلمان ختم ہو گئے، تو زمین میں پھر کبھی آپ کی عبادت نہیں کی جائے گی، اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم مستقل اپنے رب سے فریاد کرتے رہے، یہاں تک کہ آپ کی چادر گر گئی، یہ دیکھ کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے بڑھے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی

[1] قال شعيب الأرنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

چادر کو اٹھا کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ڈال دیا، اور پیچھے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو چمٹ گئے اور کہنے لگے کہ اے اللہ کے نبی! آپ نے اپنے رب سے بہت دعاء کرلی، وہ اپنا وعدہ ضرور پورا کرے گا، جس کے متعلق اللہ عزوجل نے (سورہ انفال کی) یہ آیت نازل فرمائی کہ:

"إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِينَ"

"جب فریاد کررہے تھے تم اپنے رب سے، پھر قبول فرمالیا اس نے تمہارے لئے کہ بے شک میں مدد کروں گا تمہاری ایک ہزار فرشتوں کے ذریعہ، جو لگاتار آئیں گے"

پھر جب غزوہ بدر کا معرکہ ہوا، اور دونوں لشکر ایک دوسرے سے ملے، تو اللہ کے فضل سے مشرکین کو شکست کا سامنا کرنا پڑا، چنانچہ ان میں سے ستر افراد قتل ہو گئے اور ستر افراد ہی گرفتار کر کے قید کر لیے گئے، ان قیدیوں کے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر، حضرت علی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہم سے مشورہ کیا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ اے اللہ کے نبی! یہ لوگ ہمارے ہی بھائی بند اور رشتہ دار ہیں، میری رائے تو یہ ہے کہ آپ ان سے فدیہ لے لیں، وہ مال کافروں کے خلاف ہماری طاقت میں اضافہ کرے گا اور عین ممکن ہے کہ اللہ انہیں بھی ہدایت دے دے، تو یہ بھی ہمارے دست و بازو بن جائیں گے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (عمر) ابنِ خطاب! تمہاری رائے کیا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ میری رائے وہ نہیں ہے، جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی ہے، میری رائے یہ ہے کہ آپ فلاں آدمی کو "جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قریبی رشتہ دار تھا" میرے حوالے کردیں اور میں اپنے ہاتھ سے اس کی گردن اڑادوں، اور آپ عقیل کو علی

رضی اللہ عنہ کے حوالے کردیں اور وہ ان کی گردن اڑادیں، حمزہ کو فلاں پر غلبہ دے دیں اور وہ اپنے ہاتھ سے اسے قتل کریں، تاکہ اللہ جان لے کہ ہمارے دلوں میں مشرکین کے لیے کوئی نرمی کا پہلو نہیں ہے، یہ لوگ مشرکین کے سردار، ان کے قائد اور ان کے سرغنہ ہیں، جب یہ قتل ہو جائیں گے، تو کفر وشرک اپنی موت آپ مرجائے گا (حضرت عمر کہتے ہیں کہ) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کی رائے کو ترجیح دی اور میری رائے کو چھوڑ دیا، اور ان قیدیوں سے فدیہ لے لیا، اگلے دن میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، تو دیکھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے رو رہے ہیں، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! خیر تو ہے آپ اور آپ کے دوست (ابوبکر رضی اللہ عنہ) رو رہے ہیں؟ مجھے بھی بتایئے، تاکہ اگر میری آنکھوں میں بھی آنسو آجائیں، تو آپ کا ساتھ دوں، ورنہ کم از کم رونے کی کوشش ہی کرلوں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے ساتھیوں نے مجھے فدیہ کا جو مشورہ دیا تھا، اس کی وجہ سے تم پر آنے والا عذاب مجھے اتنا قریب دکھائی دیا، جتنا یہ درخت نظر آرہا ہے، اور اللہ عزوجل نے (سورہ انفال کی) یہ آیات نازل فرمائی ہیں کہ:

”مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ أَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْآخِرَةَ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ. لَوْلَا كِتَابٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ“

”نہیں ہے نبی کے لئے مناسب کہ ہوں اس کے لئے قیدی، یہاں تک کہ خون نہ کرلے زمین میں (یعنی قیدیوں کو چھوڑ دینا، اور فدیہ لینا درست نہیں) ارادہ کرتے ہو تم دنیا کے سامان کا، اور اللہ ارادہ کرتا ہے آخرت کا، اور اللہ عزیز ہے، حکیم ہے، اگر نہ ہوتی، کتاب، اللہ کی، سبقت لے چکی، تو پہنچتا تم کو، ان چیزوں میں جو لیا تم نے عذابِ عظیم“

اس میں فدیہ لینا مراد ہے، جس پر تنبیہ کی گئی۔

پھر بعد میں مسلمانوں کے لئے غنیمت کے اموال کو حلال کر دیا گیا (تو فدیہ لینا بھی اس کے ضمن میں حلال ہو گیا)

پھر جب اگلے سال غزوۂ احد ہوا، تو غزوۂ بدر میں فدیہ لینے کے عقاب (وسزا) میں مسلمانوں کے ستر آدمی شہید ہو گئے، اور صحابہ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر منتشر ہو گئے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دندان مبارک شہید ہو گئے ''خود'' کی کڑی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک میں گھس گئی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ خون سے بھر گیا اور اللہ تعالیٰ نے سورہ آلِ عمران کی یہ آیت نازل فرمائی کہ:

''أَوَلَمَّا أَصَابَتْكُمْ مُّصِيبَةٌ قَدْ أَصَبْتُمْ مِثْلَيْهَا قُلْتُمْ أَنّٰى هٰذَا قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ أَنْفُسِكُمْ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ''

''کیا جب پہنچی تم کو کوئی مصیبت، یقیناً پہنچا چکے ہو تم، اس سے دوگنی، تو کہا تم نے کہ کہاں سے ہے یہ، کہہ دیجیے آپ کہ یہ تمہارے اپنے پاس سے ہے، بے شک اللہ ہر چیز پر قدیر ہے''

جس کا مطلب یہ ہے کہ (احد میں) یہ سب کچھ تمہارے (بدر کے قیدیوں سے) فدیہ لینے کے اپنے عمل کی وجہ سے ہوا (مسند احمد)

ملا علی قاری مذکورہ حدیث کی شرح کے ذیل میں فرماتے ہیں:

وكان أخذهم الفدية يوم بدر من الكفار خطأ في الاجتهاد مبنيا على أن أخذ المال منهم أنسب ليتقوى المؤمنون به، ولعلهم يؤمنون به بعد ذلك (مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، ج٩، ص ٣٩٠٦، كتاب المناقب، باب مناقب عمر)

ترجمہ: اور ان (مسلمانوں) کا بدر کے دن کفار سے فدیہ لینا، اجتہاد میں مبنی خطاء تھا کہ ان سے مال حاصل کرنا زیادہ مناسب ہے، تاکہ اس کے ذریعہ مومنین کو تقویت حاصل ہو، اور شاید یہ لوگ بعد میں ایمان لے آئیں (مرقاۃ)

پس قرآن وسنت میں مذکور مسلمانوں کو توکل علی اللہ، رجوع الی اللہ، گناہوں کے ترک، توبہ، دعاء واستغفار، اوراعمالِ صالحہ، جو اُن کی کامیابی کا اصل سرمایہ ہے، اور اللہ کے رسول اور مومنوں کی زندگی بھر کا اصل وظیفہ ہے، آج اس کے بجائے، جائز ومباح کردہ چیزوں کے بائیکاٹ میں اپنی صلاحیتوں کو لگا کر مادی ومعاشی سبب کی طرف متوجہ کرنا، کیسے درست ہوسکتا ہے، جس کی قرآن وسنت میں کوئی ترغیب وتاکید ہی نہیں، اور فقہائے کرام نے بھی اس کو جہاد وقتال کا حصہ تصور نہیں کیا، بلکہ مسلمانوں سے جنگ کرنے والے محارب کفار وبغاۃ تک سے اسلحہ اور اس سے متعلق اشیاء کے علاوہ دیگر مباح چیزوں کی تجارت کرنے کو، کفار کی اعانت ومدد میں شامل نہیں کیا۔

اوراس موقع پر آج کل جو بہت سے مسلمان، اور کئی دیندار لوگ بھی اس طرح کی باتیں کرتے ہوئے پائے جاتے ہیں کہ موجودہ دور معاشی دور ہے، اوراس دور میں جنگ اور لڑائی میں کامیابی کا مدار معاشی بنیادوں پر قائم ہو چکا ہے، وغیرہ وغیرہ۔

تو ان سب لوگوں کو اچھی طرح کان کھول کر سن لینا اور سمجھ لینا چاہیے کہ دینِ اسلام آخری مذہب، اور قرآن، اللہ کی آخری کتاب، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں، اور یہ سب چیزیں، اوران کے ذریعہ بیان کردہ احکام، قیامت تک کے لئے ہیں۔

اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے یہ اعلان کردیا گیا ہے کہ مال ودولت کی فراوانی، اور معاشی ترقی دراصل دنیا میں کافروں کے لئے ہے، آخرت میں ان کے لئے سوائے عذاب کے کچھ بھی نہیں، اور مومنوں کے لئے اصل ترقی دنیا کی معاشی، مال ودولت کے بجائے آخرت وجنت ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

تَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنَّهُ لَعَلٰى حَصِيْرٍ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ شَيْءٌ، وَتَحْتَ رَأْسِهِ وِسَادَةٌ مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ، وَإِنَّ عِنْدَ

رِجْلَيْهِ قَرَظًا مَصْبُوْبًا، وَعِنْدَ رَأْسِهِ أَهَبٌ مُعَلَّقَةٌ، فَرَأَيْتُ أَثَرَ الْحَصِيْرِ فِيْ جَنْبِهِ فَبَكَيْتُ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيْكَ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ كِسْرٰى وَقَيْصَرَ فِيْمَا هُمَا فِيْهِ، وَأَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالَ: أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْآخِرَةُ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۴۹۱۳، کتاب التفسیر، سورہ التحریم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے، اس وقت آپ ایک بوریئے پر لیٹے ہوئے تھے آپ کے جسم اور بوریئے کے درمیان کچھ نہ تھا اور آپ کے سر کے نیچے چمڑے کا ایک تکیہ تھا، جس میں کھجور کی چھال بھری تھی اور پاؤں کے پاس ''سلم'' (یعنی کیکر کے مشابہ درخت، جس سے چمڑے کو دباغت دی جاتی ہے) کے پتوں کا ڈھیر تھا اور سر کے پاس کچے چمڑے لٹکے تھے، میں نے آپ کے پہلو میں بوریئے کا نشان دیکھا، تو میں رو پڑا، تو (مجھے روتا ہوا دیکھ کر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کیوں روتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! قیصر وکسریٰ تو اس طرح آرام میں رہتے ہیں اور آپ، اللہ کے رسول ہو کر اس حالت میں ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم یہ پسند نہیں کرتے کہ ان (قیصر وکسریٰ) کے لئے دنیا ہو اور ہمارے لئے آخرت ہو (بخاری)

اس طرح کی اور بھی کئی احادیث ہیں، جو اگلے باب میں آتی ہیں۔

ایسی صورت میں مسلمانوں کو قرآن وسنت اور فقہی نصوص سب کو نظر انداز کر کے، نت نئے دعوے، اور ان کے لئے عجیب وغریب استدلالات کرنا، نہایت خطرناک طرزِ عمل ہے۔

جہاں تک کفار کے مقابلہ کے لئے موجودہ اور آئندہ زمانہ کے اعتبار سے جنگی وحربی وسائل کا تعلق ہے، تو ان کو ثانوی درجہ میں ہر زمانہ کے تقاضوں کے مطابق، اپنی حسبِ استطاعت اختیار کرنے میں کسی نص کی مخالفت لازم نہیں آتی، بلکہ نص سے تائید ہوتی ہے۔

لیکن اس میں مباح اور جائز امور کے بائیکاٹ کو شامل کرنا، ان پر حرمت اور عدمِ جواز کا حکم لگانا، یا ان پر عمل پیرا ہونے کو غیرتِ ایمانی وغیرہ کے خلاف ہونے کا خول چڑھانا، درست نہیں، ہر چیز کو اپنے مقام پر رکھنا ضروری ہے، جس کی پہلے وضاحت کردی گئی ہے۔

حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''جو کام کرنے کے ہیں، ان کی طرف، تو کبھی التفات (وخیال) بھی نہیں ہوتا اور یہ بائیکاٹ وغیرہ، ان سے کام چلتا ہے؟ اگر انبیاء علیہم السلام بھی نرے بائیکاٹ سے کام لیتے، تو ہرگز دین کی اشاعت نہ ہوتی، کام تو کام کے طریقہ اور ہر موقع پر اس کے مناسب عمل سے ہوتا ہے'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۳ ص ۷۰ و ۷۱، ملفوظ نمبر ۶۹، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

اس کی مزید تفصیل آگے آتی ہے۔ [1]

## سورہ بقرہ، نساء، مائدہ اور سورہ نحل کا حوالہ

سورہ نساء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**يَـاأَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَنُوْا لَا تَأْكُلُوْا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ** (سورة النساء، رقم الآية ۲۹)

---

[1] مٹایا قیصر وکسریٰ کے استبداد کو جس نے
وہ کیا تھا، زورِ حیدر، فقرِ بُوذر، صِدقِ سلمانی

غلامی میں نہ کام آتی ہیں، شمشیریں، نہ تدبیریں
جو ہو ذوقِ یقیں پیدا، تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

کوئی اندازہ کرسکتا ہے، اُس کے زورِ بازو کا!
نگاہِ مردِ مومن سے، بدل جاتی ہیں تقدیریں

فضائے بدر پیدا کر، فرشتے تیری نصرت کو
اتر سکتے ہیں گردوں سے، قطار اندر قطار اب بھی

ترجمہ: اے وہ لوگو، جو ایمان لائے، مت کھاؤ تم اپنے اموال کو آپس کے درمیان، باطل طریقہ پر، مگر یہ کہ ہو تجارت کے طور پر تمہاری رضامندی سے (سورہ نساء)

اس آیت میں باہمی رضامندی کے ساتھ تجارت میں مسلمانوں کی، ایک دوسرے کے ساتھ، اور مسلمانوں کی کافروں کے ساتھ تجارت سب داخل ہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قُلْ لَّا أَجِدُ فِيْ مَا أُوْحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗ إِلَّا أَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً أَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا أَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ (سورة البقرة، رقم الآية ۱۴۵)

ترجمہ: کہہ دیجیے آپ کہ نہیں پاتا میں ان احکام میں جن کی وحی کی گئی میری طرف، حرام کی ہوئی کوئی چیز، کسی کھانے والے پر کہ کھائے وہ اس کو، مگر یہ کہ ہو وہ مردار، یا بہتا خون، یا خنزیر کا گوشت (سورہ بقرہ)

اور سورہ بقرہ میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ . إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ (سورة البقرة، رقم الآية ۱۷۲ و ۱۷۳)

ترجمہ: اے وہ لوگوں جو ایمان لائے، کھاؤ تم ان طیب (وحلال) چیزوں میں سے جن کا رزق دیا ہم نے تم کو، اور شکر کرو تم اللہ کے لئے، اگر تم اس کی عبادت کرتے ہو، بس حرام کر دیا گیا تم پر مردار کو، اور خون کو، اور خنزیر کے گوشت کو، اور اس کو جس پر نام لیا گیا ہو (ذبح کے وقت) اللہ کے علاوہ کے لئے (سورہ بقرہ)

اور سورہ بقرہ میں ہی ایک مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ . إِنَّمَا يَأْمُرُكُمْ بِالسُّوْءِ وَالْفَحْشَاءِ وَأَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (سورة البقرة، رقم الآيات ۱۶۸ و ۱۶۹)

ترجمہ: اے لوگو! کھاؤ تم، ان چیزوں میں سے، جو زمین میں ہیں، حلال، پاکیزہ، اور مت اتباع کرو تم شیطان کے قدموں کی، بے شک وہ تمہارے لئے دشمن ہے، واضح، بس حکم دیتا ہے وہ (شیطان) تم کو برائی، اور بے حیائی کا، اور یہ کہ کہو تم اللہ پر وہ باتیں، جن کا نہیں علم رکھتے تم (سورہ بقرہ)

اور قرآن مجید کی سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ .وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلَالًا طَيِّبًا وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ أَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ** (سورة المائدة، رقم الآية ٨٧ و ٨٨)

ترجمہ: اے وہ لوگوں جو ایمان لائے مت حرام کرو تم پاکیزہ چیزوں کو، جن کو حلال کیا اللہ نے تمہارے لئے، اور نہ حد سے تجاوز کرو تم، بے شک اللہ نہیں پسند کرتا، حد سے تجاوز کرنے والوں کو۔ اور کھاؤ تم، ان چیزوں میں سے جو رزق دیا تم کو اللہ نے حلال، پاکیزہ، اور ڈرو تم اس اللہ سے کہ تم اس پر ایمان رکھنے والے ہو (سورہ مائدہ)

اور قرآن مجید کی سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلَالًا طَيِّبًا وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ** (سورة النحل، رقم الآية ١١٤)

ترجمہ: پس کھاؤ تم، ان چیزوں میں سے جو رزق دیا تم کو اللہ نے، حلال، پاکیزہ، اور شکر کرو تم اللہ کی نعمت کا، اگر ہو تم اس کی عبادت کرنے والے (سورہ نحل)

مذکورہ آیات میں حلال چیزوں کے کھانے کا حکم دیا گیا ہے، اور کسی چیز کے حلال طیب ہونے کے لئے مسلمان کی ملکیت ہونا ضروری نہیں۔

اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے دوسرے مقام پر طیب و پاکیزہ چیزوں کے ساتھ اہلِ کتاب کے کھانے اور ان کے ذبیحہ کا بھی ذکر فرمایا ہے۔

## سورہ مائدہ، انفال اور سورہ محمد کا حوالہ

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**اَلْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ أُوتُوْا الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ ، وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ** (سورة المائدة، رقم الآية ۵)

ترجمہ: آج کے دن حلال کردی گئیں، تمہارے لئے پاکیزہ چیزیں، اوران لوگوں کا کھانا جو اہلِ کتاب ہیں (وہ) حلال ہے تمہارے لئے ، اور تمہارا کھانا، حلال ہے اہلِ کتاب کے لئے (سورہ مائدہ)

مذکورہ آیت میں طیب چیزوں کے حلال ہونے کے ساتھ اہلِ کتاب کے کھانے کو مسلمانوں کے لئے ، اور مسلمانوں کے کھانے کو اہلِ کتاب کے لئے حلال قرار دیا گیا ہے، جس میں ذبیحہ کے ساتھ ساتھ دوسرا کھانا بھی داخل ہے، اور اس کھانے کو خرید وفروخت کر کے اور دوسرے جائز طریقوں سے لین دین کر کے کھانے کا حکم بھی عام ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ انفال میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**وَاعْلَمُوْٓا أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ** (سورة الانفال، رقم الآية ۴۱)

ترجمہ: اور جان لو تم کہ بس جو (مالِ) غنیمت حاصل کرو تم کچھ بھی ہو، تو بے شک اللہ کے لئے ہے اس کا پانچواں حصہ، اور رسول کے لئے اور قرابت والوں کے لئے اور یتیموں کے لئے اور مسکینوں کے لئے اور مسافر کے لیے (سورہ انفال)

مالِ غنیمت وہ مال ہے، جو کافروں کی ملکیت میں ہو، اور جہاد کے عمل کے نتیجہ میں حاصل ہو۔ اس آیت میں کافروں سے حاصل شدہ مالِ غنیمت کا مصرَف بیان کیا گیا ہے کہ اس کا پانچواں حصہ اللہ اور اس کے رسول کا ہے، اور قرابت والوں کا ہے، جس سے مراد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت دار ہیں، جن کو بنو ہاشم وغیرہ کہا جاتا ہے ، اور یتیموں اور مسکینوں اور

مسافروں کا بھی ہے۔

پہلے مالِ غنیمت حرام تھا، بعد میں حلال قرار دیا گیا، اور اس کو اتنا پاکیزہ قرار دیا گیا کہ اس میں اللہ، اور رسول اور آپ کے قرابت داروں کا حصہ رکھا گیا۔

پس جس طرح جہاد کے عمل کے نتیجہ میں کافروں سے حاصل شدہ مال حلال ہے، اسی طرح تجارت، وغیرہ کے عمل کے نتیجہ میں حاصل شدہ مال بھی حلال ہے۔

اور سورہ انفال ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا (سورة الانفال، رقم الآية ٦٩)

ترجمہ: پس کھاؤ تم ان چیزوں میں سے جو (مالِ) غنیمت حاصل کرو تم، حلال طیب کے طور پر (سورہ انفال)

اس آیت میں مالِ غنیمت کو صاف طور پر حلال طیب قرار دے دیا گیا ہے، پس گذشتہ آیات میں جو حلال طیب مال کا ذکر کیا گیا تھا، اس میں کافروں سے جائز طریقہ پر حاصل شدہ مال بھی داخل ہے، اور یہ حکم طیب کھانے پینے کو بھی شامل ہے۔

اور سورہ محمد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً (سورة محمد، رقم الآية ٤)

ترجمہ: پھر یا تو احسان کر دینا ہے، اس کے بعد، اور یا فدیہ لے لینا ہے (سورہ محمد)

مذکورہ آیت میں کافر قیدیوں سے فدیہ لے کر چھوڑ دینے کی بھی اجازت دی گئی ہے۔

اور فدیہ میں کافر سے مال لینا پایا جاتا ہے، جس کو مسلمانوں کے لئے حلال قرار دیا گیا۔

## انس، جابر و ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ يَهُوْدِيًّا دَعَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى خُبْزِ شَعِيْرٍ،

وَإِهَالَةٍ سَنِخَةٍ ، فَأَجَابَهُ (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۳۸۶۰) [1]

ترجمہ: ایک یہودی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو کی روٹی اور روغن کی دعوت دی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو قبول فرمالیا (مسند احمد)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنَّا نَغْزُوْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنُصِيْبُ مِنْ آنِيَةِ الْمُشْرِكِيْنَ، وَأَسْقِيَتِهِمْ فَنَسْتَمْتِعُ بِهَا، فَلَا يَعِيْبُ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۳۸۳۸، کتاب الأطعمة، باب الأكل فی آنية أهل الكتاب) [2]

ترجمہ: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا کرتے تھے، پھر ہم مشرکین کے (کھانے کے) برتن اور ان کے (پانی کے) مشکیزوں کو پالیا کرتے تھے، پھر ہم ان کو استعمال کرلیا کرتے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو اس بات پر کوئی عیب نہیں لگاتے تھے (ابوداؤد)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ہی ایک روایت اس طرح مروی ہے کہ:

كُنَّا نَغْزُوْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْضَ الْمُشْرِكِيْنَ، فَلَا نَمْتَنِعُ أَنْ نَأْكُلَ فِيْ آنِيَتِهِمْ وَنَشْرَبَ فِيْ أَسْقِيَتِهِمْ (مصنف ابن ابی شيبة، رقم الحدیث ۳۳۳۵۲، کتاب السير، باب ما قالوا فی آنية المجوسی والمشرک)

ترجمہ: ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مشرکین کے علاقہ میں جہاد کیا کرتے تھے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں ان مشرکین کے (کھانے کے استعمالی) برتنوں میں کھانے اور ان کے (پینے کے استعمالی) مشکیزوں وغیرہ میں پینے سے منع نہیں فرمایا کرتے تھے (ابنِ ابی شیبہ)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى من أجل بُرْد بن سنان، فهو صدوق لا باس به (حاشية سنن ابی داود)

البتہ اگر غیر مسلموں کے کسی برتن میں کوئی ناپاکی یقین کے ساتھ ثابت ہو، تو پھر اس کو دھوئے بغیر استعمال کرنے سے پرہیز کرنا چاہئے۔

چنانچہ حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّهُ سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّا نُجَاوِرُ أَهْلَ الْكِتَابِ وَهُمْ يَطْبُخُوْنَ فِيْ قُدُوْرِهِمُ الْخِنْزِيْرَ وَيَشْرَبُوْنَ فِيْ آنِيَتِهِمُ الْخَمْرَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ وَجَدْتُمْ غَيْرَهَا فَكُلُوْا فِيْهَا وَاشْرَبُوْا، وَإِنْ لَّمْ تَجِدُوْا غَيْرَهَا فَارْحَضُوْهَا بِالْمَاءِ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا (سنن ابی داوٗد، رقم الحدیث ۳۸۳۹، کتاب الأطعمة، باب الأکل فی آنیة أهل الکتاب) [1]

ترجمہ: انہوں نے رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ ہم اہلِ کتاب کے پڑوسی ہیں، اور وہ اپنی ہانڈیوں میں خنزیر کا گوشت پکاتے ہیں، اور اپنے برتنوں میں شراب پیتے ہیں (اگر ہم ان کے یہ برتن استعمال کریں تو کیا حکم ہے؟) تو رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تمہارے پاس ان کے برتنوں کے علاوہ دوسرے برتن ہوں، تو اُن برتنوں میں کھاؤ اور پیو، اور اگر تمہارے پاس ان کے برتنوں کے علاوہ دوسرے برتن نہ ہوں، تو اُن (کے خنزیر اور شراب والے برتنوں کو) پانی مارلو، اور (پھر ان برتنوں میں) کھاؤ اور پیو (ابوداؤد)

مطلب یہ ہے کہ جن برتنوں میں اہلِ کتاب خنزیر کھاتے ہیں اور شراب پیتے ہیں، ان کو دھوکر استعمال کرنا چاہئے، کیونکہ یہ چیزیں برتنوں کو ناپاک کردیتی ہیں۔ [2]

---

[1] قال شعیب الارنؤوط : حدیث صحیح حاشیة ابی داوٗد)

[2] قال الشیخ :والأصل فی هذا أنه إذا کان معلوما من حال المشرکین أنهم یطبخون فی قدورهم لحم الخنزیر ویشربون فی آنیتهم الخمور فإنه لا یجوز استعمالها إلا بعد الغسل والتنظیف(معالم السنن للخطابی، ج۴ص۲۵۷، کتاب الاطعمة، باب الاکل فی آنیة أهل الکتاب والمجوس والطبخ فیها)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

# ابنِ عباس وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجُبْنَةٍ فِيْ غَزَاةٍ، فَقَالَ: أَيْنَ صُنِعَتْ هٰذِهٖ؟ فَقَالُوْا: بِفَارِسَ، وَنَحْنُ نُرٰى أَنَّهٗ يُجْعَلُ فِيْهَا مَيْتَةً، فَقَالَ: اِطْعَنُوْا فِيْهَا بِالسِّكِّيْنِ، وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ وَكُلُوْا** (مسند احمد، رقم الحديث ۲۷۵۵) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک غزوہ میں پنیر لایا گیا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کو کہاں تیار کیا گیا ہے؟ صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ یہ فارس (نام کے غیر مسلموں) کے علاقہ میں تیار کیا گیا ہے، اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس میں مردار شامل ہوتا ہے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اس میں چھری رکھو (اور اس کو کاٹو) اور اللہ کا نام لو، اور کھاؤ (مسند احمد)

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

قال الإمام :الأمر بغسل إناء الكفار فيما إذا علم نجاسته يقينا ،فقد روى عن مسلم بن مشكم ، عن أبى ثعلبة أنه سأل رسول الله ( صلى الله عليه وسلم ) قال :إنا نجاور أهل الكتاب وهم يطبخون فى قدورهم الخنزير ، ويشربون فى آنيتهم الخمر ؟ فقال رسول الله ( صلى الله عليه وسلم ) " : إن لم تجدوا غيرها فارحضوها بالماء "يعنى :اغسلوها ، فأما إذا لم يتيقن نجاسته ،فالأصل طهارته ، وكذلك مياههم وثيابهم على الطهارة (شرح السنة للبغوى، ج ۱۱ ص ۲۰۰، كتاب الصيد والذبائح، باب ما يجوز الصيد به)

المراد النهى عن الأكل فى آنيتهم التى كانوا يطبخون فيها لحم الخنزير ويشربون الخمر كما صرح به فى رواية أبى داود وإنما نهى عن الأكل فيها بعد الغسل للاستقذار وكونها معتادة للنجاسة كما يكره الأكل فى المحجمة المغسولة،وأما الفقهاء فمرادهم مطلق آنية الكفار التى ليست مستعملة فى النجاسات فهذه يكره استعمالها قبل غسلها فإذا غسلت فلا كراهة فيها لأنها طاهرة وليس فيها استقذار ولم يريدوا نفى الكراهة عن آنيتهم المستعملة فى الخنزير وغيره من النجاسات والله أعلم(شرح النووى علىٰ مسلم، ج۱۳ ص ۸۰، كتاب الصيد والذبائح وما يؤكل من الحيوان،باب الصيد بالكلاب المعلمة)

[1] قال شعيب الارنؤوط:حسن لغيره(حاشية مسند احمد)

اور طبرانی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

أُتِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِجُبْنَۃٍ فِیْ غَزْوَۃِ الطَّائِفِ فَجَعَلَ أَصْحَابُہٗ یَضْرِبُوْنَھَا بِعِصِیِّھِمْ وَیَقُوْلُوْنَ: نَخْشٰی أَنْ یَّکُوْنَ فِیْھَا مَیْتَۃٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: ضَعُوْا فِیْھَا السِّکِّیْنَ وَاذْکُرُوْا اسْمَ اللّٰہِ عَلَیْھَا (المعجم الکبیر للطبرانی، رقم الحدیث ۱۱۸۰۷، ج ۱۱ ص ۳۰۳)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس غزوۂ طائف میں پنیر لایا گیا، تو آپ کے صحابۂ کرام اس کو لاٹھی سے ہٹانے لگے، اور یہ کہنے لگے کہ ہمیں یہ ڈر ہے کہ اس میں مُردار نہ ہو، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اس میں چھری رکھو اور اللہ کا نام لو، اور کھاؤ (طبرانی)

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہ عَلَیہ وَسَلَّم أُتِیَ بِجُبْنَۃٍ فِیْ غَزْوَۃِ تَبُوْکَ، فَقِیْلَ لَہٗ: إِنَّ ھٰذَا طَعَامٌ تَصْنَعُہُ الْمَجُوْسُ، فَقَالَ: ضَعُوْا فِیْہِ السِّکِّیْنَ وَاذْکُرُوْا اسْمَ اللّٰہِ (مسند البزار، رقم الحدیث ۵۳۷۱، ج ۱۲ ص ۹، صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۵۲۴۱) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس غزوۂ تبوک میں پنیر لایا گیا، تو آپ سے عرض کیا گیا کہ یہ ایسا کھانا ہے، جسے مجوسی (یعنی آتش پرست) بناتے ہیں، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اس میں چھری رکھو اور اللہ کا نام لو (اور کھاؤ) (بزار)

اس طرح کی حدیث دوسری سندوں کے ساتھ بھی مروی ہے۔ [2]

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ حسن (حاشیۃ ابنِ حبان)

[2] عبد الرزاق عن قیس بن الربیع أن عمرو بن منصور الھمدانی أخبرہ عن الشعبی والضحاک بن مزاحم قال أتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم بجبنۃ فی غزوۃ تبوک فقیل یا رسول اللہ إن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

# ھُلب طائی اور عدی بن ابی حاتم رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ھلب طائی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ طَعَامِ النَّصَارٰى؟ فَقَالَ: لَا يَتَخَلَّجَنَّ فِيْ صَدْرِكَ طَعَامٌ ضَارَعْتَ فِيْهِ النَّصْرَانِيَّةَ** (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۱۵۶۵، ابواب السیر، باب ما جاء فی طعام المشرکین، سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۳۷۸۴، باب کراھیة التقذر للطعام) [1]

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عیسائیوں کے کھانے کے بارے میں سوال کیا؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ کے سینہ میں ہرگز کھانا شک پیدا نہ کرے، جس میں نصرانیوں کی مشابہت ہو (ترمذی)

اور حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنِّيْ أَسْأَلُكَ عَنْ طَعَامٍ لَا أَدَعُهُ إِلَّا تَحَرُّجاً،**

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

هذا طعام يصنعه أهل فارس أخشى أن يكون فيه ميتة قال سموا الله عليه وكلوا (المصنف لعبد الرزاق، رقم الحديث ۸۷۹۵، كتاب المناسك، باب الجبن)

عبد الرزاق عن معمر عن الأعمش -حسبت أنه ذكره -عن شقيق أنه قيل لعمر إن قوما يعملون الجبن فيضعون فيه أنافيح الميتة فقال عمر سموا الله وكلوا (المصنف لعبد الرزاق، رقم الحديث ۸۷۸۲، كتاب المناسك، باب الجبن)

[1] قال الترمذی:

هذا حديث حسن قال محمود :وقال عبيد الله بن موسى، عن إسرائيل، عن سماك، عن قبيصة، عن أبيه، عن النبى صلى الله عليه وسلم مثله، قال محمود :وقال وهب بن جرير، عن شعبة، عن سماك، عن مرى بن قطرى، عن عدى بن حاتم، عن النبى صلى الله عليه وسلم مثله والعمل على هذا عند أهل العلم من الرخصة فى طعام أهل الكتاب.

وقال شعيب الارنؤوط :

حسن من حديث عدى بن حاتم (حاشية سنن ابى داؤد)

قَالَ: لَا تَدَعُ شَيْئاً ضَارَعْتَ النَّصْرَانِيَةَ فِيْهِ(موارد الظمآن الیٰ زوائد ابنِ حبان،رقم الحدیث٦٨، کتاب الإیمان، باب فی أهل الجاهلية) [1]

ترجمہ: میں نے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے) عرض کیا کہ میں آپ سے اس کھانے کے بارے میں سوال کرنا چاہتا ہوں، جس کو میں نہیں چھوڑتا، مگر (دل میں) تنگی ہوتی ہے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ کسی ایسی چیز سے تنگی محسوس نہ کریں، جس میں نصرانیوں کے ساتھ مشابہت ہو(موارد)

مطلب یہ ہے کہ اس طرح کی تنگی نصاریٰ کے یہاں پائی جاتی ہے کہ وہ بلاوجہ کھانے کو معیوب وناپاک، یا حرام سمجھتے ہیں، اور اس سلسلہ میں تشدد وسختی اور تعمق وکھود کرید سے کام لیتے ہیں، تو آپ ایسا نہ کریں، کیونکہ دینِ اسلام میں سہولت وآسانی رکھی گئی ہے، ورنہ آپ غلو وتشدد کی وجہ سے نصاریٰ کے ساتھ مشابہت اختیار کرنے والے بن جائیں گے۔ [2]

اور آگے احادیث میں آتا ہے کہ دینِ اسلام کو دوسرے مذاہب کے مقابلہ میں آسان اور

---

[1] قال حسين سليم أسد الدّارانی :إسناده حسن من أجل سماک، وباقی رجاله ثقات، مری بن قطری ترجمه البخاری فی التاريخ 57 /8ولم يورد فيه جرحاً ولا تعديلاً، وتبعه علی ذلک ابن أبی حاتم فی "الجرح والتعديل428 /8 "، وما رأيت فيه جرحاً، ووثقه ابن حبان، وقال عثمان بن سعيد الدارمی فی تاريخه ص ":(206)وسألت يحيی عن مریّ بن قطری، فقال :ثقة ."وصحح الحاکم حديثه 240 /4ووافقه الذهبی.
ثم قال الذهبی فی "ميزان الاعتدال" :240 /4 "لا يعرف، تفرد عنه سماک"، وقال الحافظ فی التقريب "مقبول ."وقد فاتهما توثيق ابن معين له(حاشية موارد الظمآن)

[2] (ضارعت فيه النصرانية) أی :شابهت لأجله أهل الملة النصرانية من حيث امتناعهم إذا وقع فی قلب أحدهم أنه حرام، أو مكروه، وهذا فی المعنی تعليل النهی، والمعنی لا تتحرج فإنک إن فعلت ذلک ضارعت فيه النصرانية، فإنه من دأب النصاری وترهيبهم، والرجل السائل عن ذلک.
هو عدی بن حاتم، وكان قبل الإسلام نصرانيا، ويمكن أن يكون جملة ضارعت فيه صفة شیء، وعبر عن المضارع بالماضی مبالغة فی تحقق المضارعة .وقال الطيبی :هو جواب شرط محذوف، والجملة الشرطية مستأنفة لبيان الموجب أی :لا يدخلن فی قلبک ضيق وحرج ;لأنک علی الحنيفية السهلة السمحة فإنک إذا شددت علی نفسک بمثل هذا شابهت فيه الرهبانية فإن ذلک دأبهم وعادتهم قال تعالی :(ورهبانية ابتدعوها ما كتبناها عليهم)الآية (مرقاة المفاتيح، ج٦ص ٢٦٥٤، كتاب الصيد والذبائح)

سہل بنادیا گیا ہے، جس میں سختی نہیں۔

## عمر، ابنِ عمر ودیگر صحابہ وتابعین کی روایات

حضرت اسلم رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ عُمَرَ تَوَضَّأَ مِنْ مَاءٍ نَصْرَانِيَّةٍ فِيْ جَرَّةٍ نَصْرَانِيَّةٍ (السنن الصغیر للبیهقی، رقم الحدیث ۲۲۱، ۲۲۲، کتاب الطهارة، باب الآنیة)

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نصرانی (یعنی عیسائی) کے پانی سے وضو کیا، جو نصرانی کے ڈول میں تھا (بیہقی)

اس سے معلوم ہوا کہ غیر مسلم کے برتن میں موجود پانی کو فی نفسہٖ پاک سمجھا جاتا ہے، اور اس سے وضو کرنا، یا اس کو پینا جائز ہوتا ہے، کیونکہ پانی کو اللہ تعالیٰ نے پاک پیدا کیا ہے۔

اور حضرت نافع رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ لَمْ يَرَ بِطَعَامِهِمْ بَأْسًا (مصنف ابن ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۳۳۶۱، کتاب السیر، باب ما قالوا فی طعامِ الیهودی والنصرانی)

ترجمہ: حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ غیر مسلموں کے کھانے میں کوئی حرج نہیں سمجھا کرتے تھے (ابنِ ابی شیبہ)

اور حضرت ابنِ سیرین رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَظْهَرُوْنَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ فَيَأْكُلُوْنَ مِنْ أَوْعِيَتِهِمْ وَيَشْرَبُوْنَ فِيْ أَسْقِيَتِهِمْ (مصنف ابن ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۳۳۵۴، کتاب السیر، باب ما قالوا فی آنیة المجوسی والمشرک)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم، مشرکین پر فتح

حاصل کر لیتے تھے، پھر ان کے (کھانے کے استعمالی) برتنوں میں کھالیا کرتے تھے، اوران کے (پینے کے استعمالی) مشکیزوں میں پی لیا کرتے تھے (ابنِ ابی شیبہ)

حضرت ابووائل اور حضرت ابراہیم رحمہما اللہ سے روایت ہے کہ:

لَمَّا قَدِمَ الْمُسْلِمُوْنَ أَصَابُوْا مِنْ أَطْعِمَةِ الْمَجُوْسِ مِنْ جُبْنِهِمْ وَخُبْزِهِمْ فَأَكَلُوْا وَلَمْ يَسْأَلُوْا عَنْ شَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ (مصنف ابن ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۳۳۴۴، کتاب السیر، باب ما قالوا فی طعام المجوس وفواکههم)

ترجمہ: جب مسلمان کسی علاقہ میں پہنچتے تھے، تو وہ مجوس (یعنی آتش پرست مشرکوں) کے کھانے، مثلاً ان کے پنیر اوران کی روٹی کو لے لیا کرتے تھے، پھر کھالیا کرتے تھے، اور وہ اس کے بارے میں (پاکی وناپاکی، حلال وحرام وغیرہ کے متعلق) سوال نہیں کیا کرتے تھے (ابنِ ابی شیبہ)

اور حضرت ہشام رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: لَا بَأْسَ بِخَلِّهِمْ وَكَامَخِهِمْ وَأَلْبَانِهِمْ (مصنف ابن ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۳۳۴۶، کتاب السیر، باب ما قالوا فی طعام المجوس وفواکههم)

ترجمہ: حضرت حسن (بصری) سے روایت ہے کہ مشرکین کے سرکہ اوران کے سالن اوران کے دودھ کو استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں (ابنِ ابی شیبہ)

حضرت حسن اور حضرت محمد بن سیرین رحمہما اللہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ الْمُشْرِكُوْنَ يَجِيْئُوْنَ بِالسَّمْنِ فِيْ ظُرُوْفِهِمْ فَيَشْتَرِيْهِ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُوْنَ فَيَأْكُلُوْنَهُ وَنَحْنُ نَأْكُلُهُ (مصنف ابن ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۳۳۴۸، کتاب السیر، باب ما قالوا فی طعام المجوس وفواکههم)

ترجمہ: مشرکین اپنے برتنوں میں گھی لایا کرتے تھے، جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم کے صحابۂ کرام اور مسلمان خرید لیا کرتے تھے، پھر اس کو کھالیا کرتے تھے، اور ہم بھی اس کو کھاتے ہیں (ابنِ ابی شیبہ)

مذکورہ احادیث وروایات سے غیر مسلموں کے برتنوں، اور ان کے مختلف کھانے پینے کی چیزوں کے خریدنے اور استعمال کرنے کا جائز ہونا معلوم ہوا۔

فقہائے کرام نے فرمایا کہ اہلِ کتاب (یعنی یہود وعیسائی) کے برتنوں کو دھوئے بغیر استعمال کرنا جائز ہے، البتہ اگر ان کے پاک نہ ہونے (یعنی ناپاک ہونے) کا علم ہو، مثلاً یہ کہ انہوں نے کسی برتن میں شراب پی ہو، یا مردار کھایا ہو، تو پھر دھوئے بغیر استعمال کرنا منع ہے۔ [1]

اور اہلِ کتاب کے علاوہ دوسرے غیر مسلموں کے جن برتنوں کے پاک وناپاک ہونے کا علم

---

[1] آنية غير المسلمين:

آنية أهل الكتاب: ذهب الحنفية والمالكية وهو أحد القولين عند الحنابلة إلى جواز استعمال آنية أهل الكتاب، إلا إذا تيقن عدم طهارتها .فقد نص الحنفية على أن "سؤر الآدمي وما يؤكل لحمه طاهر؛ لأن المختلط به اللعاب، وقد تولد من لحم طاهر فيكون طاهرا .ويدخل في هذا الجواب الجنب والحائض، والكافروما دام سؤره طاهرا فاستعمال آنيته جائز من باب أولى .واستدلوا بما روى أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنزل وفد ثقيف في المسجد وكانوا مشركين، ولو كان عين المشرك نجسا لما فعل ذلك .ولا يعارض بقوله تعالى (إنما المشركون نجس) لأن المراد به النجس في الاعتقاد، ومن باب أولى أهل الكتاب وآنيتهم .وذلك لقوله تعالى (وطعام الذين أوتوا الكتاب حل لكم وطعامكم حل لهم) وروى عبد الله بن مغفل قال دلى جراب من شحم يوم خيبر، فالتزمته وقلت :والله لا أعطى اليوم أحدا من هذا شيئا .فالتفت فإذا رسول الله صلى الله عليه وسلم يبتسم وروى أنس أن النبي صلى الله عليه وسلم أضافه يهودي بخبز شعير وإهالة سنخة.

وتوضأ عمر من جرة نصرانية. وصرح القرافي من المالكية في الفروق بأن جميع ما يصنعه أهل الكتاب والمسلمون الذين لا يصلون ولا يستنجون ولا يتحرزون من النجاسات، من الأطعمة وغيرها، محمول على الطهارة، وإن كان الغالب عليه النجاسة.

ومذهب الشافعية، وهو رواية أخرى للحنابلة، أنه يكره استعمال أواني أهل الكتاب، إلا أن يتيقن طهارتها، فلا كراهة، وسواء المتدين باستعمال النجاسة وغيره .ودليلهم ما روى أبو ثعلبة الخشني رضي الله عنه قال :قلت :يا رسول الله، إنا بأرض أهل كتاب، أنأكل في آنيتهم؟ فقال :لا تأكلوا في آنيتهم إلا إن لم تجدوا عنها بدا، فاغسلوها بالماء، ثم كلوا فيها وأقل أحوال النهي الكراهة، ولأنهم لا يجتنبون النجاسة، فكره لذلك .على أن الشافعية يرون أن أوانيهم المستعملة في الماء أخف كراهة(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج ا ص ۱۲۲، ۱۲۳، مادة "آنية" حرف الالف)

نہ ہو، حنفیہ کے نزدیک ان برتنوں کو دھونے سے پہلے اِن میں کھانا پینا مکروہ ہے، لیکن اگر دھونے سے پہلے ان کے برتنوں میں کھا پی لیا، تو جائز ہے، اور اس صورت میں حرام کھانے پینے والا شمار نہ ہوگا۔

اور اگر ان کے برتنوں کے ناپاک ہونے کا علم ہو، تو پاک کرنے سے پہلے ان میں کھانا پینا جائز نہیں۔ [1]

---

[1] اختلف الفقهاء فی استعمال ما غالب حاله النجاسة:

فذهب الحنفية إلى أنه يكره الأكل والشرب فی أوانی المشركين قبل الغسل، ومع هذا لو أكل أو شرب فيها قبل الغسل جاز، ولا يكون آكلا وشاربا حراما .وهذا إذا لم يعلم بنجاسة الأوانی، فأما إذا علم فإنه لا يجوز أن يشرب ويأكل منها قبل الغسل، ولو شرب أو أكل كان شاربا وآكلا حراما، وهو نظير سؤر الدجاجة إذا علم أنه كان على منقارها نجاسة فإنه لا يجوز التوضؤ به.

والصلاة فی سراويل المشركين نظير الأكل والشرب من أوانيهم :إن علم أن سراويلهم نجسة لا تجوز الصلاة فيها، وإن لم يعلم تكره الصلاة فيها، ولو صلى يجوز.

وذهب المالكية إلى أنه يحرم أن يصلی فرض أو نفل بلباس كافر، ذكر أو أنثى، كتابی أو غيره، باشر جلده أو لم يباشره، كان مما الشأن أن تلحقه النجاسة كالذيل وما حاذى الفرج، أو لا كعمامته والشال، جديدا أو لا، إلا أن تعلم أو تظن طهارته، بخلاف نسجه أی منسوج الكافر، فيصلی فيه ما لم تتحقق نجاسته أو تظن لحمله على الطهارة، وكذا سائر صنائعه يحمل فيها على الطهارة عند الشک -ولو صنعها فی بيت نفسه -خلافا لابن عرفة.

ويحرم أن يصلی بما ينام فيه مصل آخر، أی غير مريد الصلاة به، لأن الغالب نجاسته بمنی أو غيره، وهذا إذا لم يعلم أو يظن أن من ينام فيه محتاط فی طهارته، وإلا صلى فيه، وكذا يصلی فيه إذا أخبر صاحبه بطهارته إذا كان ثقة.

وأما ما يفرش فی المضايف والقيعان والمقاعد فتجوز الصلاة فيه، لأن الغالب أن النائم عليه يلتف فی شیء آخر غير ذلک الفرش، فإذا حصل منه شیء مثلا فإنما يصيب ما هو ملتف به، فقد اتفق الأصل والغالب على طهارتها.

وذهب الشافعية إلى أنه لو غلبت النجاسة فی شیء والأصل فيه الطهارة كثياب مدمنی الخمر، والنجاسة كالمجوس والمجانين والصبيان والجزارين . .حكم له بالطهارة عملا بالأصل، وكذا ما عمت به البلوى كعرق الدواب ولعابها . .ونحو ذلک.

وذهب الحنابلة إلى أن ثياب الكفار وأوانيهم طاهرة إن جهل حالها كما لو علمت طهارتها، وكذا آنية مدمنی الخمر وثيابهم، وآنية من لابس النجاسة كثيرا وثيابهم طاهرة.

وتصح الصلاة فی ثياب المرضعة والحائض والصبی ونحوهم كمدمنی الخمر لأن الأصل طهارتها، مع الكراهة احتياطا للعبادة، ما لم تعلم نجاستها فلا تصح الصلاة فيها(الموسوعة الفقهية الكويتية، ۴۰ص ۱۰۵، ۱۰۶، مادة "نجاسة"حرف النون)

## مغیرہ وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

اس کے علاوہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا غیر مسلموں کے علاقہ سے تیار کردہ لباس اور دوسری اشیاء کا خریدنا اور استعمال کرنا بھی ثابت ہے۔

چنانچہ اُس زمانہ میں ملکِ شام سے مختلف قسم کے لباس آیا کرتے تھے، جن کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم استعمال فرمالیا کرتے تھے، اور اس زمانہ میں ملکِ شام میں غیر مسلم لوگ آباد تھے۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فَقَالَ: يَا مُغِيْرَةُ خُذِ الْإِدَاوَةَ فَأَخَذْتُهَا، ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهُ، فَانْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَوَارٰى عَنِّيْ، فَقَضٰى حَاجَتَهُ، ثُمَّ جَاءَ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ شَامِيَّةٌ ضَيِّقَةُ الْكُمَّيْنِ، فَذَهَبَ يُخْرِجُ يَدَهُ مِنْ كُمِّهَا فَضَاقَتْ عَلَيْهِ فَأَخْرَجَ يَدَهُ مِنْ أَسْفَلِهَا، فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ فَتَوَضَّأَ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ، ثُمَّ مَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ ثُمَّ صَلّٰى (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۷۴"۷۷" كتاب الطهارة، باب المسح على الخفين)

ترجمہ: میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے مغیرہ! برتن (میں پانی) لے آیئے! میں برتن (میں پانی) لے کر آپ کے ساتھ نکل پڑا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چلے، یہاں تک کہ مجھ سے غائب ہوگئے، پھر آپ نے قضائے حاجت فرمائی، پھر (قضائے حاجت سے فارغ ہوکر) واپس آئے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تنگ آستینوں والا شامی جبہ پہنا ہوا تھا، آپ نے اپنا ہاتھ اس کی آستین سے نکالنا چاہا، لیکن وہ بہت تنگ تھی، تو آپ نے اس کے نیچے سے اپنا ہاتھ نکالا، پھر میں نے آپ کے ہاتھوں پر

پانی ڈالا، اور آپ نے نماز کی طرح کا وضو کیا، پھر اپنے خفین (چمڑے کے موزوں) پر مسح کیا، پھر نماز اداء کی (مسلم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَلَنْسُوَةٌ شَامِيَّةٌ ، وَفِيْ رِوَايَةٍ: عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَلَنْسُوَةٌ بَيْضَاءُ شَامِيَّةٌ (مسند ابی حنیفة روایة الحصکفی، رقم الحدیث ۱، کتاب اللباس والزینة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شامی ٹوپی تھی، اور حضرت عطاء کی حضرت ابو ہریرہ کی ایک روایت میں یہ ہے کہ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سفید شامی ٹوپی تھی (مسند ابی حنیفہ)

## ابنِ مسعود، ابنِ مغفل، عمر، حسن، امام بخاری وبیہقی کی روایات

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلَكَ الْمُتَنَطِّعُوْنَ قَالَهَا ثَلَاثًا

(صحیح مسلم، رقم الحدیث ۷"۲۶۷۰"، کتاب العلم، باب هلک المتنطعون)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تکلف وغلو کرنے والے ہلاک ہوگئے، یہ بات آپ نے تین مرتبہ بیان فرمائی (صحیح مسلم)

غلو وتکلف اور کھود کرید خواہ کلام میں ہو، یا کام میں، ہلاکت کا باعث ہے۔ [1]

حضرت مسعر سے روایت ہے کہ:

---

[1] (هلک المتنطعون) أی المتعمقون الغالون المجاوزون الحدود فی أقوالهم وأفعالهم (شرح النووی علیٰ صحیح مسلم، ج۱۶، ص۲۲۰، کتاب العلم، (باب النهی عن اتباع متشابه القرآن والتحذیر من متبعیه)

أَخْرَجَ إِلَيَّ مَعْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ كِتَابًا وَحَلَفَ عَلَيْهِ أَنَّهُ خَطُّ أَبِيْهِ، فَإِذَا فِيْهِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَالَّذِيْ لَا إِلٰهَ غَيْرُهُ مَا رَأَيْتُ أَحَدًا كَانَ أَشَدَّ عَلَى الْمُتَنَطِّعِيْنَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَشَدَّ عَلَيْهِمْ بَعْدَهُ مِنْ أَبِيْ بَكْرٍ، وَإِنِّيْ لَأَظُنُّ عُمَرَ كَانَ أَشَدَّ أَهْلِ الْأَرْضِ خَوْفًا عَلَيْهِمْ أَوْ لَهُمْ (مسند ابی یعلیٰ، رقم الحدیث ۵۰۲۲، مسند عبد الله بن مسعود) [1]

ترجمہ: میری طرف معن بن عبدالرحمٰن نے ایک مکتوب نکال کر پیش کیا اور اس پر حلف اٹھا کر کہا کہ یہ ان کے والد کا لکھا ہوا ہے، جس میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان مذکور تھا کہ ”قسم ہے، اس ذات کی، جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں، میں نے تکلف وغلو کرنے والوں کے خلاف، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کسی کو سخت نہیں دیکھا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ابو بکر رضی اللہ عنہ سے زیادہ ان کے خلاف کسی کو سخت نہیں دیکھا، اور میں عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں گمان کرتا ہوں کہ روئے زمین میں تکلف وغلو کرنے والوں پر ان سے زیادہ کوئی خوف کرنے والا نہیں تھا“ (مسند ابی یعلیٰ)

مطلب یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بعد آپ کے مذکورہ خلفائے کرام، تکلف وغلو، اور حلال وحرام، اور پاکی وناپاکی، اور جائز وناجائز ہونے میں زیادہ کھود کرید کرنے والوں کے خلاف بہت سخت تھے، اور ان کو تکلف وغلو کرنے سے شدت کے ساتھ روکا اور منع فرمایا کرتے تھے، اور شریعت نے جو آسان حکم دیا، اس کے ظاہر پر عمل کا حکم فرمایا کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّهُ سَيَكُوْنُ فِيْ

[1] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده صحيح (حاشية مسند ابی یعلیٰ)

هٰذِهِ الْأُمَّةِ قَوْمٌ يَعْتَدُوْنَ فِي الطُّهُوْرِ وَالدُّعَاءِ (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۹۶، کتاب الطهارة، باب الاسراف فی الماء) [۱]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اس امت میں عنقریب ایسی قوم ہوگی، جو پاکی اور دعاء میں حد سے تجاوز (اور غلو) کرے گی (ابوداؤد)

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

وَأَرَادَ أَنْ يَّنْهٰى عَنْ حُلَلِ الْحِبَرَةِ لِأَنَّهَا تُصْبَغُ بِالْبَوْلِ، فَقَالَ لَهُ أُبَيٌّ: لَيْسَ ذٰلِكَ لَكَ قَدْ لَبِسَهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَبِسْنَاهُنَّ فِيْ عَهْدِهٖ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۱۲۸۳) [۲]

ترجمہ: اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارادہ ہوا کہ دھاری دار یمنی چادروں سے منع کردیں، کیونکہ ان پر پیشاب کا رنگ چڑھایا جاتا ہے، تو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ آپ کو اس سے منع کرنے کا حق نہیں، کیونکہ ان چادروں کو خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پہنا ہے، اور ہم بھی اُن کو آپ کے زمانے میں پہنتے رہے ہیں (مسند احمد)

حضرت ابنِ سیرین رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ:

هَمَّ عُمَرُ، أَنْ يَّنْهٰى عَنْ ثِيَابِ حِبَرَةَ لِصَبْغِ الْبَوْلِ، ثُمَّ قَالَ: كُنَّا نُهِيْنَا، عَنِ التَّعَمُّقِ (مصنف عبدالرزاق، رقم الحدیث ۱۴۹۴، کتاب الصلاة، باب ما جاء فی الثوب یصبغ بالبول)

---

[۱] قال شعیب الارنؤوط: حدیث حسن (حاشیة سنن ابی داؤد)

[۲] قال شعیب الارنؤوط: رجاله ثقات رجال الشیخین، لکن الحسن -وهو البصری- لم یلق عمرَ ولا أُبیّاً، لکن قد صح نهی عمر عن متعة الحج کما سیأتی، وأما شطره الثانی فقد جاء من طرق عن عمر، وهی وإن کانت منقطعة، لکن بمجموعها تدلُّ علی أن لها أصلاً عن عمر. هشیم: هو ابن بشیر، ویونس: هو ابن عبید (حاشیة مسند احمد)

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دھاری دار یمنی چادر سے منع کرنے کا ارادہ کیا، پیشاب میں رنگے جانے کی وجہ سے، پھر فرمایا کہ ہمیں کھود کرید سے منع کیا گیا ہے (تو پھر منع کرنے سے رُک گئے) (عبدالرزاق)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

أَرَادَ عُمَرُ أَنْ يَّنْهٰى، عَنْ عَصَبِ الْيَمَنِ، قَالَ: نُبِّئْتُ أَنَّهُ يُصْنَعُ بِالْبَوْلِ، ثُمَّ قَالَ: قَدْ نُهِيْنَا عَنِ التَّعَمُّقِ (غريب الحديث لإبراهيم الحربى، ج ا ص ۳۰۲، غريب حديث عبدالله بن عباس عن النبى صلى الله عليه وسلم ، الحديث الرابع عشر، باب عصب)

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یمن کی چادر سے منع کرنے کا ارادہ کیا، اور فرمایا کہ مجھے یہ خبر ملی ہے کہ اس کو پیشاب میں تیار کیا جاتا ہے، پھر فرمایا کہ ہمیں کھود کرید سے منع کیا گیا ہے (اور اپنا ارادہ ترک کردیا) (غریب الحدیث)

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنَّا عِنْدَ عُمَرَ فَقَالَ: نُهِيْنَا عَنِ التَّكَلُّفِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ۷۲۹۳، كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة، باب ما يكره من كثرة السؤال وتكلف ما لا يعنيه)

ترجمہ: ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، تو انہوں نے فرمایا کہ ہمیں تکلف (اور کھود کرید) سے منع کیا گیا ہے (بخاری)

صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم زیادہ تکلفات اور کھود کرید کے عادی نہیں تھے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل کے مقابلہ میں اجتہاد نہیں کیا کرتے تھے۔

مطلب یہ ہے کہ نئے کپڑے میں نجاست شامل ہونے کے شک وشبہ میں پڑ کر کھود کرید نہیں کرنی چاہیے، جب تک نجاست کا یقین نہ ہو، اور اگر یقین ہو، تب بھی دھو کر استعمال کرنے میں حرج نہیں۔

یہ ملحوظ رہنا چاہیے کہ امام مالک، امام احمد بن حنبل، امام محمد اور امام زفر رحمہم اللہ کے نزدیک، جن جانوروں کا گوشت حلال ہے، جیسا کہ اونٹ، گائے، بھینس، بکری، ہرن وغیرہ، ان کا پیشاب پاک ہے۔

اس لئے ان کے نزدیک اگر اونٹ، وغیرہ کے پیشاب میں اس کپڑے کو رنگا اور کلف لگایا جاتا تھا، تو اس کو دھوئے بغیر پہننا، ویسے بھی جائز تھا۔ [1]

---

[1] واختلفوا فی نجاسة بول وروث الحیوان مأکول اللحم، وکذا خرء الطیر.
فذهب المالکیة والحنابلة ومحمد بن الحسن وزفر من الحنفیة إلی طهارتهما فی حیاة الحیوان أو بعد ذکاته لحدیث العرنیین فإن الرسول صلی الله علیه وسلم أمرهم أن یشربوا من أبوالها وألبانها ، ولو کان نجسا لما أمرهم بذلک، ولصلاته صلی الله علیه وسلم فی مرابض الغنم ، ولأنه لو کان بول وروث الحیوان مأکول اللحم نجسا لتنجست الحبوب التی تدوسها البقر فإنها لا تسلم من أبوالها (الموسوعة الفقهیة الکویتیة، ج ۴۰، ص ۹۱، ۹۲، مادة "نجاسة" حرف النون)
أما بول ما یؤکل لحمه فطاهر عند محمد لحدیث العرنیین، ویدخل فیه بول الفرس عنده أیضا(الاختیار لتعلیل المختار، ج ۱ ص ۳۴، کتاب الطهارة،باب الانجاس وتطهیرها)
وسئل:.....عن بول ما یؤکل لحمه :هل هو نجس؟ .
فأجاب:.....أما بول ما یؤکل لحمه وروث ذلک فإن أکثر السلف علی أن ذلک لیس بنجس وهو مذهب مالک وأحمد وغیرهما ویقال :إنه لم یذهب أحد من الصحابة إلی تنجیس ذلک .بل القول بنجاسة ذلک قول محدث لا سلف له من الصحابة .وقد بسطنا القول فی هذه المسألة فی کتاب مفرد وبینا فیه بضعة عشر دلیلا شرعیا وأن ذلک لیس بنجس .والقائل بتنجیس ذلک لیس معه دلیل شرعی علی نجاسته أصلا .فإن غایة ما اعتمدوا علیه قوله صلی الله علیه وسلم (تنزهوا من البول) وظنوا أن هذا عام فی جمیع الأحوال ولیس کذلک فإن اللام لتعریف العهد والبول المعهود هو بول الآدمی ودلیله قوله :(تنزهوا من البول فإن عامة عذاب القبر منه) ومعلوم أن عامة عذاب القبر إنما هو من بول الآدمی نفسه الذی یصیبه کثیرا لا من بول البهائم الذی لا یصیبه إلا نادرا .وقد ثبت فی الصحیحین عن النبی صلی الله علیه وسلم (أنه أمر العرنیین الذین کانوا حدیثی عهد بالإسلام أن یلحقوا بإبل الصدقة وأمرهم أن یشربوا من أبوالها وألبانها) ولم یأمرهم مع ذلک بغسل ما یصیب أفواههم وأیدیهم .ولا بغسل الأوعیة التی فیها الأبوال مع حدثان عهدهم بالإسلام ولو کان بول الأنعام کبول الإنسان لکان بیان ذلک واجبا ولم یجز تأخیر البیان عن وقت الحاجة لا سیما مع أنه قرنها بالألبان التی هی حلال طاهرة مع أن التداوی بالخبائث قد ثبت فیه النهی عن النبی صلی الله علیه وسلم من وجوه کثیرة .وأیضا :فقد ثبت فی الصحیح (أن النبی صلی الله علیه وسلم کان یصلی فی مرابض الغنم) وأنه أذن فی الصلاة فی مرابض الغنم من غیر اشتراط حائل ولو کانت أبعارها نجسة لکانت مرابضها کحشوش بنی آدم وکان ینهی عن الصلاة فیها مطلقا أو لا

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

امام بخاری نے صحیح بخاری میں ''شامی جبہ میں نماز پڑھنے'' کا باب قائم کیا ہے، پھر اس کے ذیل میں فرمایا کہ:

**وَقَالَ الْحَسَنُ: فِي الثِّيَابِ يَنْسُجُهَا الْمَجُوسِيُّ لَمْ يَرَ بِهَا بَأْسًا ،وَقَالَ مَعْمَرٌ: رَأَيْتُ الزُّهْرِيَّ يَلْبَسُ مِنْ ثِيَابِ الْيَمَنِ مَا صُبِغَ بِالْبَوْلِ**(صحیح البخاری، ج ۱،ص ۱۸، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ فی الجبۃ الشأمیۃ)

ترجمہ: اور حسن بصری نے فرمایا کہ ان کپڑوں کے پہننے (اور ان میں نماز پڑھنے) میں حرج نہیں، جن کو مجوسی (آتش پرست مشرک) نے بُنا ہو، اور معمر کہتے ہیں کہ میں نے امام زہری کو دیکھا کہ انہوں نے یمن کا وہ کپڑا پہنا ہوا تھا، جس کو پیشاب سے رنگا جاتا تھا (بخاری)

امام بیہقی نے اس نوعیت کی احادیث وروایات کو جس باب کے تحت ذکر کیا ہے، اس کا عنوان اس طرح قائم کیا ہے کہ:

**''بَابُ الصَّلَاةِ فِي ثِيَابِ الصِّبْيَانِ وَالْمُشْرِكِيْنَ، وَأَنَّ الثِّيَابَ عَلَى الطَّهَارَةِ حَتّٰى يُعْلَمَ فِيْهَا نَجَاسَةٌ''**

''یہ باب ہے، بچوں اور مشرکوں کے کپڑوں میں نماز پڑھنے کا اور اس بات کا کہ کپڑا، پاک شمار ہوتا ہے، جب تک اس میں نجاست ہونے کا علم نہ ہو''

پھر اس باب کے تحت ایک حدیث کو روایت کرنے کے بعد امام بیہقی نے فرمایا کہ:

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

يصلى فيها إلا مع الحائل المانع فلما جاء ت السنة بالرخصة فى ذلک :كان من سوى بين أبوال الآدميين وأبوال الغنم مخالفا للسنة .وأيضا :فقد طاف النبى صلى الله عليه وسلم بالبيت على بعيره مع إمكان أن يبول البعير وأيضا فما زال المسلمون يدوسون حبوبهم بالبقر مع كثرة ما يقع فى الحب من البول وأخباث البقر .وأيضا :فإن الأصل فى الأعيان الطهارة فلا يجوز التنجيس إلا بدليل ولا دليل على النجاسة؛ إذ ليس فى ذلک نص ولا إجماع ولا قياس صحيح(مجموع الفتاویٰ لابنِ تیمیۃ، ج ۲۱،ص ۶۱۳،الیٰ ۶۱۵، کتاب الطہارۃ،باب إزالۃ النجاسۃ ،سئل عن بول مایؤ کل لحمہ )

**والْـجُبَّةُ الشَّـامِيَّةُ فِـيْ عَـصْـرِ الـنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَسْجِ الْمُشْرِكِيْنَ، وقَد تَوَضَّأَ وهِيَ عَلَيْهِ وَصَلّٰى** (السنن الكبرىٰ للبيهقى، ج۵، ص ۷۴، تحت رقم الحديث ۴۱۹۲، كتاب الصلاة، باب الصلاة فى ثياب الصبيان والمشركين، وأن الثياب على الطهارة حتى يعلم فيها نجاسة)

ترجمہ: اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں شامی جبہ، مشرکوں کا بُنا ہوا ہوتا تھا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور وہ شامی جبہ آپ نے پہن رکھا تھا، اور پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی (سنن کبریٰ بیہقی)

اسی ضمن میں امام بیہقی نے ایک روایت یہ بھی ذکر کی ہے کہ:

**عَـنِ الْحَسَنِ قَالَ: لَا بَأْسَ بِالصَّلَاةِ فِيْ رِدَاءِ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارىٰ** (السنن الكبرىٰ للبيهقى، ج۵، ص ۷۵، تحت رقم الحديث ۴۱۹۳، كتاب الصلاة، باب الصلاة فى ثياب الصبيان والمشركين، وأن الثياب على الطهارة حتى يعلم فيها نجاسة)

ترجمہ: حسن بصری نے فرمایا کہ یہود ونصاریٰ کی چادر پہن کر نماز پڑھنے میں حرج نہیں (سنن کبریٰ بیہقی)

## عائشہ وجابر رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

**أَهْـدٰى أَبُـوْ جَهْـمِ بْـنُ حُـذَيْـفَةَ لِـرَسُـوْلِ الـلّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَـمِيْـصَةً شَـامِيَّةً لَهَا عَلَمٌ، فَشَهِدَ فِيْهَا الصَّلَاةَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ: رُدِّيْ هٰـذِهِ الْـخَـمِيْـصَةَ إِلٰـى أَبِـيْ جَهْـمٍ، فَإِنِّيْ نَظَرْتُ إِلٰى عَلَمِهَا فِي الصَّلَاةِ، فَكَادَ يَفْتِنُنِيْ** (مسند احمد، رقم الحديث ۲۵۴۴۵) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: ابوجہم بن حذیفہ نے رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک شامی چادر ہدیہ کی، جس پر نقش ونگار بنے ہوئے تھے، پس اس کو پہن کر رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز اداء فرمائی، پھر آپ جب نماز پڑھ چکے، تو فرمایا کہ یہ چادر ابوجہم کو لوٹا دو، کیونکہ میری نماز میں اس کے نقش ونگار کی طرف توجہ ہوگئی، قریب تھا کہ یہ مجھے فتنہ میں ڈال دیتی (مسند احمد)

اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يَخْطُبُ قَائِمًا يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَجَاءَتْ عِيرٌ مِّنَ الشَّامِ، فَانْفَتَلَ النَّاسُ إِلَيْهَا، حَتّٰى لَمْ يَبْقَ إِلَّا اِثْنَا عَشَرَ رَجُلًا، فَأُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ الَّتِيْ فِي الْجُمُعَةِ: "وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوَا ۨ انْفَضُّوْا إِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَائِمًا" (صحيح مسلم ،رقم الحديث ٨٦٣"٣٦"، كتاب الجمعة، باب ما جاء في الخطبة يوم الجمعة)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن کھڑے ہوکر خطبہ دے رہے تھے، اسی دوران ملکِ شام سے (تاجروں کا) ایک قافلہ آ گیا، لوگ اس کی طرف متوجہ ہوگئے، یہاں تک کہ بارہ آدمی ہی باقی رہ گئے، اس پر سورہ جمعہ کی یہ آیت نازل ہوئی کہ:

"وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوَا ۨ انْفَضُّوْا إِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَائِمًا"

یعنی "اور جب دیکھا انہوں نے تجارت، یا لہو کو، تو اس کی طرف متوجہ ہوگئے، اور آپ کو کھڑا ہوا چھوڑ گئے" (مسلم)

بہرحال نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ملکِ شام سے (جو اس وقت کافروں کا ملک تھا) کافر تاجروں کا مدینہ منورہ آ کر مختلف اشیاء کا فروخت کرنا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا ان کو خریدنا ثابت ہے، یہاں تک کہ ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

خطبۂ جمعہ کے دوران صحابۂ کرام، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبہ دیتے ہوئے، چھوڑ کر خریداری کے لئے چلے گئے تھے، جس پر سورہ جمعہ کی آیت نازل ہوئی، جس میں جمعہ کی اذان کے بعد خرید وفروخت کرنے سے منع کیا گیا، اور یہ حکم آج تک برقرار ہے، لیکن اس موقع پر بھی کفار، یا ان کی مصنوعات کی خرید وفروخت سے منع نہیں کیا گیا۔ [1]

اسی سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ اگر کفار سے ''تجارتی بائیکاٹ'' غیرتِ محمودہ'' میں داخل ہوتا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے حکم مبارک سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس کو ترک نہ فرماتے، اور جمہور فقہائے کرام بھی اس موقع پر غیرتِ ایمانی کی علت ومصلحت کا ذکر فرماتے۔

موجودہ دور کے بعض حضرات کا ان چیزوں کو نظر انداز کر کے اپنے اجتہاد سے علل ومصالح کو تلاش کرنا، مناسب طریقہ معلوم نہ ہوسکا۔

## عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کی حدیث

امام بخاری نے صحیح بخاری میں ایک باب اس طرح قائم کیا ہے کہ:

''بَابُ الشِّرَاءِ وَالْبَيْعِ مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ وَأَهْلِ الْحَرْبِ''

''یہ باب ہے مشرکین اور حربی کافروں کے ساتھ خرید وفروخت کا''

پھر اس باب کے ضمن میں حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کو روایت کیا ہے کہ:

كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ مُشْرِكٌ مُشْعَانٌّ

---

[1] فيه من الفقه :إباحة لبس ثياب المشركين؛ لأن الشام كانت ذلك الوقت دار كفر، وكان ذلك فى غزوة تبوك سنة تسع من الهجرة، وكانت ثياب المشركين ضيقة الأكمام(شرح صحيح البخارى لابنِ بطال، ج۲ص۲۵، كتاب الصلاة، باب الصلاة فى الجبة الشامية )

ويستفاد منه ما يأتى :أولاً :جواز الصلاة فى ملابس الكفار سواء كانت جبة أو ثوباً أو عباءة أو سروالاً أو سواه ما لم يتحقق من نجاستها، لأنّ النبى -صلى الله عليه وسلم -صلّى فى الجبة الشامية التى كانت فى ذلك العصر من لباس النصارى، فدل ذلك على جواز الصلاة فى ملابسهم (منار القارى لحمزة محمد قاسم، ج ۱،ص ۳۸۱، كتاب الصلاة ،باب الصلاة فى الجبة الشامية)

طَوِيْلٌ بِغَنَمٍ يَسُوْقُهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْعًا أَمْ عَطِيَّةً؟ أَوْ قَالَ: أَمْ هِبَةً ، قَالَ: لَا، بَلْ بَيْعٌ، فَاشْتَرٰى مِنْهُ شَاةً (صحيح البخاری، رقم الحديث ٢٢١٦، كتاب البيوع، باب الشراء والبيع مع المشركين وأهل الحرب)

ترجمہ: ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، پھر ایک مشرک آدمی آیا، جو لمبا تھا اور اس کے سر کے بال گھنگریالے تھے، وہ بکریاں ہانک رہا تھا، نبی صلی اللہ علیہ سلم نے اس سے پوچھا کہ فروخت کرنا چاہتا ہے، یا عطیہ کے طور پر دینا چاہتا ہے، اس نے کہا کہ نہیں، بلکہ فروخت کرنا چاہتا ہوں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے بکری خرید لی (صحیح بخاری)

مذکورہ حدیث میں مشرک سے بکری خریدنے کا صاف ذکر ہے، اور دوسری روایات میں اس بکری کو ذبح کرنے کے بعد پکا کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کا، اس کے گوشت کا کھانا بھی ثابت ہے۔

## عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِشْتَرٰى طَعَامًا مِنْ يَهُودِيٍّ إِلٰى أَجَلٍ، وَرَهَنَهُ دِرْعًا مِنْ حَدِيْدٍ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٢٠٦٨، كتاب البيوع، باب شراء النبی صلی الله عليه وسلم بالنسيئة)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی سے کھانا خریدا، ایک مقررہ مدت تک (یعنی ادھار) اور اس کو اپنی ایک لوہے کی درع رہن رکھوائی (صحیح بخاری)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہی ایک روایت میں ہے کہ:

تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدِرْعُهُ مَرْهُوْنَةٌ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ،

بِثَلَاثِيْنَ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۲۹۱۶، كتاب الجهاد، باب ما قيل فی درع النبی صلی الله عليه وسلم والقميص فی الحرب)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حالت میں وفات ہوگئی کہ آپ کی درع یہودی کے پاس، تیس صاع جو کی خریداری کے عوض میں رہن رکھی ہوئی تھی (صحیح بخاری)

## انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

وَلَقَدْ رَهَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِرْعًا لَهُ بِالْمَدِيْنَةِ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ، وَأَخَذَ مِنْهُ شَعِيْرًا لِأَهْلِهِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۲۰۶۹، كتاب البيوع، باب شراء النبی صلی الله عليه وسلم بالنسيئة)

ترجمہ: اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی درع مدینہ میں یہودی کے پاس رہن رکھوائی، اور اس یہودی سے اپنے گھر والوں کے لئے جَو (غلہ) کو خریدا (صحیح بخاری)

یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اور اپنے اہلِ خانہ کے کھانے کے لئے غلہ، یہودی سے ادھار خریدا، اور رہن کی وجہ سے آپ کی وفات تک، یہودی کے ساتھ بیع کا یہ عمل برقرار رہا۔

## عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک اور حدیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ثَوْبَاكَ غَلِيْظَانِ فَلَوْ نَزَعْتَهُمَا وَبَعَثْتُ إِلٰى فُلَانٍ التَّاجِرِ، فَأَرْسَلَ إِلَيْكَ ثَوْبَيْنِ إِلَى الْمَيْسَرَةِ، قَالَ: فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ اِبْعَثْ إِلَيَّ ثَوْبَيْنِ إِلَى الْمَيْسَرَةِ؟ فَأَبٰى (المستدرک للحاكم، رقم الحديث ۲۲۰۸، كتاب البيوع)

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ کے یہ دو کپڑے موٹے ہیں، پس اگر آپ ان کو اتار دیں، اور فلاں (یہودی) تاجر کے پاس کسی کو بھیج دیں، جو آپ کے لئے دو کپڑے خرید لائے، جب سہولت ہوگی، اس کی قیمت اداء کر دیں گے، یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو اس (یہودی) تاجر کے پاس بھیجا کہ مجھے دو کپڑے دے دیں، جب آسانی ہوگی، قیمت اداء کر دوں گا، تو اس (یہودی) تاجر نے ادھار فروخت کرنے سے منع کر دیا (حاکم)

اور سنن ترمذی میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

كَانَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَانِ قِطْرِيَّانِ غَلِيْظَانِ، فَكَانَ إِذَا قَعَدَ فَعَرِقَ، ثَقُلَا عَلَيْهِ، فَقَدِمَ بَزٌّ مِنَ الشَّامِ لِفُلَانٍ الْيَهُوْدِيِّ، فَقُلْتُ: لَوْ بَعَثْتَ إِلَيْهِ، فَاشْتَرَيْتَ مِنْهُ ثَوْبَيْنِ إِلَى الْمَيْسَرَةِ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ: فَقَالَ: قَدْ عَلِمْتُ مَا يُرِيْدُ، إِنَّمَا يُرِيْدُ أَنْ يَّذْهَبَ بِمَالِيْ أَوْ بِدَرَاهِمِيْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَذَبَ، قَدْ عَلِمَ أَنِّيْ مِنْ أَتْقَاهُمْ لِلّٰهِ، وَآدَاهُمْ لِلْأَمَانَةِ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۱۲۱۳، ابواب البیوع، باب ما جاء فی الرخصة فی الشراء إلی أجل) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے جسم پر قِطر کے بنے ہوئے دو موٹے کپڑے پہنتے تھے، جب آپ بیٹھتے اور پسینہ آتا، تو یہ آپ کی طبیعت پر گراں گزرتے، پس اسی اثناء میں ایک یہودی کے پاس شام سے قیمتی کپڑا آیا، میں نے عرض کیا کہ آپ کسی کو بھیجیں کہ وہ آپ کے لیے اس یہودی سے دو کپڑے خرید لائے، جب سہولت ہوگی، اس کی قیمت اداء کر دیں گے، یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یہودی کے پاس (کپڑے خریدنے کے لئے)

[1] قال الترمذی: حدیث عائشة حدیث حسن صحیح.

بھیجا، اس یہودی نے کہا کہ مجھے معلوم ہے کہ ان (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کا کیا ارادہ ہے، وہ یہ چاہتے ہیں کہ میرا مال، یا میرے پیسے لے لیں (اور بعد میں اداء نہ کریں) اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس یہودی نے جھوٹ بولا، وہ جانتا ہے کہ بے شک میں ان سب سے زیادہ اللہ سے ڈرتا ہوں، اور ان سب سے زیادہ امانت اداء کرنے والا ہوں (سنن ترمذی)

ملاحظہ فرمایئے کہ اس تاجر یہودی کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق کیا خیالات اور الزامات تھے، پھر بھی اس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع کا معاملہ کرنا چاہا، اور اپنے جانثار صحابہ کو بھی بے ادبی کے باوجود، غیرتِ ایمانی وغیرہ کو بنیاد بنا کر اس یہودی تاجر سے بیع وشراء سے بائیکاٹ کرنے کا حکم نہیں فرمایا۔

## صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَعَارَ مِنْهُ أَدْرَاعًا يَوْمَ حُنَيْنٍ فَقَالَ: أَغَصْبٌ يَا مُحَمَّدُ، فَقَالَ: لَا، بَلْ عَمَقٌ مَضْمُونَةٌ (سنن ابی داود، رقم الحدیث ۳۵۶۲، کتاب البیوع، باب فی تضمین العاریة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے (ان کے اسلام لانے سے پہلے کافر ہونے کی حالت میں) حنین کے دن، چند درعوں کو عاریت کے طور پر طلب کیا، انہوں نے کہا کہ اے محمد کیا (آپ اس کو) غصب کرلیں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، بلکہ عاریت ہے، جو قابلِ ادائیگی ہے (سنن ابی داؤد)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: حدیث حسن (حاشیة سنن ابی داود)

## ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

اس واقعہ کو امام حاکم نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی روایت کیا ہے۔ [1]
عاریت پر لینا بھی ایک معاملہ ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے غیر مسلم سے عاریت کا معاملہ کیا۔

## عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَلَ خَيْبَرَ بِشَطْرِ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا مِنْ ثَمَرٍ أَوْ زَرْعٍ، فَكَانَ يُعْطِي أَزْوَاجَهُ مِائَةَ وَسْقٍ، ثَمَانُوْنَ وَسْقَ تَمْرٍ، وَعِشْرُوْنَ وَسْقَ شَعِيْرٍ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۲۳۲۸، كتاب الحرث والمزارعة، باب المزارعة بالشطر ونحوه)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے یہودیوں سے، جو زمین سے پھلوں، یا کھیتی کی پیداوار ہو، اس کے آدھا حصہ لینے کی شرط پر معاملہ کیا، پھر اس کی پیداوار سے آپ اپنی بیویوں کو سو (100) وسق، اور اناج دیتے تھے، اور اسّی (80) وسق کھجور، اور بیس (20) وسق جَو کے دیا کرتے تھے (بخاری)

اور صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ دَفَعَ إِلٰى يَهُوْدِ خَيْبَرَ نَخْلَ خَيْبَرَ وَأَرْضَهَا، عَلٰى أَنْ يَّعْتَمِلُوْهَا مِنْ أَمْوَالِهِمْ، وَلِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

---

[1] عن ابن عباس رضی الله عنهما، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم استعار من صفوان بن أمية أدرعا وسنانا فی غزوة حنين فقال: يا رسول الله، أعارية مؤداة؟ قال: عارية مؤداة (المستدرک للحاكم، رقم الحديث ۲۳۰۱، كتاب البيوع)
قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه.
وقال الذهبی فی التلخيص: على شرط مسلم.

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَطْرُ ثَمَرِهَا (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٥٥١ "٥" كتاب المساقاة، باب المساقاة والمعاملة بجزء من الثمر والزرع)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں کو خیبر کی کھجوروں، اور زمین کو اس شرط پر دیا کہ وہ اس زمین میں اپنے اموال سے عمل کریں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی پیداوار کا آدھا حصہ دیں (صحیح مسلم)

ملاحظہ فرمایئے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں کے ساتھ نہ صرف یہ کہ معاملہ کیا، بلکہ ان کی کمائی سے غلہ جات اور پھل حاصل کر کے خود اور اپنی ازواجِ مطہرات کو بھی کھلایا۔

اگر کفار و یہودیوں کے ساتھ اس طرح کا معاملہ کرنے، اور ان سے جائز طریقہ پر کوئی چیز حاصل کر کے کھانے، یا استعمال کرنے میں کوئی اللہ کی ناپسندیدگی والی بات ہوتی، تو اللہ نہ صرف یہ کہ اس سے آگاہ فرماتا، بلکہ اس کا غیب سے متبادل انتظام بھی فرماتا۔

کیا نعوذ باللہ کافروں اور یہودیوں کے ساتھ مذکورہ معاملات میں سے کسی معاملہ کو "غیرتِ ایمانی کے خلاف، یا اللہ کا ناپسندیدہ فعل" قرار دینے کی گنجائش ہو سکتی ہے؟

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ثمامہ کا وہ واقعہ، جس کو بہت سے فقہاء و محدثین نے کفار سے تجارت و معاملات کے جائز ہونے کے استدلال میں ذکر کیا ہے، وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ہے، اور اس میں مشرکینِ مکہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو برا بھلا کہنے، اور مسلمانوں کو بیت اللہ کے عمرہ و طواف سے روکنے پر حضرت ثمامہ کی یمامہ سے تجارت روکنے کی دھمکی دینے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت پر اس کو موقوف کرنے کا ذکر ہے۔

چنانچہ امام بیہقی وغیرہ نے اس سلسلہ میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تفصیلی حدیث کو روایت کیا ہے، جس میں حضرت ثمامہ کے اسلام لانے اور بعد میں عمرہ کے لئے جانے اور قریشِ مکہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں زبان درازی کرنے کے نتیجہ میں ابو ثمامہ کے غصہ میں آ کر

اپنے علاقہ سے مکہ میں آنے والے غلہ کی بندش کرنے اور پھر اہلِ مکہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ثمامہ کے اس عمل سے مطلع کرنے، اوران کو اس عمل سے روکنے کی درخواست کرنے، اور پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے حضرت ثمامہ کو غلہ کی ترسیل جاری رکھنے کے حکم فرمانے کا ذکر ہے۔ [1]

اور بعض روایات میں تصریح ہے کہ اس زمانہ میں اہلِ مکہ حربی تھے۔ [2]

---

[1] أخبرنا حاتم بن ميمون، أن الحميدى، حدثهم قال :حدثنا سفيان، حدثنا ابن عجلان، عن سعيد، عن أبى هريرة، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أسر ثمامة بن أثال، وذكر بعض الحديث قال ثمامة :والله لا يأتى أهل مكة حبة من طعام حتى يسلموا، فقدم اليمامة، فحبس عنهم الحمل، حتى شق ذلك عليهم، فكتبوا إلى النبى صلى الله عليه وسلم :إنك تأمر بصلة الرحم، وإن ثمامة قد حبس عنا الحمل، فكتب النبى صلى الله عليه وسلم إلى ثمامة :أن خل إليهم الحمل، فخلاه إليهم(الأوسط فى السنن والإجماع والاختلاف لابن المنذر،رقم الحديث ٦٦٣١،كتاب قسم أربعة أخماس الغنيمة،ذكر إطلاق الأسير بغير مال من معان جامعة)

فخرج معتمرا، فلما قدم مكة وسمعته قريش يتكلم بأمر محمد من الإسلام قالوا: صبأ ثمامة. فأغضبوه فقال: إنى والله ما صبوت، ولكنى أسلمت وصدقت محمدا وآمنت به، وايم الذى نفس ثمامة بيده لا تأتيكم حبة من اليمامة –وكانت ريف مكة– ما بقيت حتى يأذن فيها محمد صلى الله عليه وسلم .وانصرف إلى بلده ومنع الحمل إلى مكة حتى جهدت قريش، فكتبوا إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم يسألونه بأرحامهم أن يكتب إلى ثمامة يخلى إليهم حمل الطعام، ففعل رسول الله صلى الله عليه وسلم(السنن الكبرىٰ للبيهقى،رقم الحديث ١٨٠٨٥، جماع ابواب السير، باب ما يفعله بالرجال البالغين منهم)

حدثنا بشر بن موسى ، نا الحميدى ، نا سفيان ، نا ابن عجلان ، عن سعيد المقبرى ، عن أبيه ، عن أبى هريرة قال :لما أسلم ثمامة بن أثال اغتسل وجاء إلى النبى صلى الله عليه وسلم فقال :يا محمد ما كان على الأرض وجه أبغض إلى من وجهك وما على الأرض وجه أحب إلى من وجهك والله لا يحمل إلى مكة جبة من طعام حتى يسلموا فقدم اليمامة فحبس عنهم فشق ذلك عليهم فكتبوا إلى النبى صلى الله عليه وسلم إنك تأمر بصلة الرحم وإن ثمامة قد حبس عنا الحمل فكتب إليه النبى صلى الله عليه وسلم فحمل إليهم (معجم الصحابة لابن قانع، ج٣ص ١٩٩، باب الهاء،تحت ترجمة:ثمامة بن أثال بن النعمان بن مسلمة)

[2] ثم كتب أبو ثمامة إلى أهل مكة، وهم يومئذ حرب للنبى صلى الله عليه وسلم، وكان مادة أهل مكة من قبل اليمامة :أم والله الذى لا إله إلا هو، لا يأتينكم طعام ولا حبة من قبل اليمامة حتى تؤمنوا بالله ورسوله، فأضر ذلك بأهل مكة حتى كتبوا إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم، وهم حرب، فشكوا ذلك إليه، فكتب إلى أبى ثمامة، أن لا تقطع عنهم موادهم التى كانت تأتيهم .ففعل (تاريخ المدينة لابن شبة، ج٢،ص ٤٣٩، السيرة النبوية ،ذكر سرايا رسول الله صلى الله عليه وسلم)

بعض روایات میں تصریح ہونے کے علاوہ اس وقت میں اہلِ مکہ کے محارب کفار ہونے کی تصریح محققین بھی فرما چکے ہیں، خود اس حدیث میں بھی ان مشرکینِ مکہ کے مسلمانوں کو حج، عمرہ، وطواف سے روکنے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اور اسلام کی شان میں زبان درازی کرنے، اور صحابی کے سخت غضبناک ہونے اور شدتِ غضب میں ان کفار ومشرکین کے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اجازت دینے تک غلہ واشیاء کی ترسیل بند کرنے، اور پھر اہلِ مکہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت ثمامہ کے غلہ کی ترسیل کو روکنے سے مطلع کر کے، اس کی بحالی کی درخواست پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت ثمامہ کو ترسیل جاری رکھنے کا حکم دینے کا ذکر ہے۔

اور فقہاء ومحدثین نے اس حدیث اور واقعہ سے محارب کفار سے جائز اشیاء کی تجارت کے جواز کا حکم اخذ کیا ہے، البتہ اگر کسی وجہ سے وقتی طور پر ترسیل کو روک لینے کو جائز، یا کسی دوسری جہت سے مستحسن ہونا قرار دیا جائے، تو اس سے انکار نہیں، جس کے متعلق تصریحات وعبارات آگے آتی ہیں۔

اصل کلام کسی جائز وحلال عمل کو ناجائز قرار دینے، یا اس کو منکر سمجھنے سے ہے، کیونکہ یہ بات ظاہر ہے کہ محارب کفار سے جائز چیزوں کی تجارت، جائز عمل ہے، ضروری اور واجب عمل نہیں، جس طرح عدمِ تجارت بھی جائز عمل ہے، ضروری اور واجب عمل نہیں۔

اب اگر کسی کو جائز عمل کو جائز قرار دینے سے اختلاف ہے، تو اس کا مطلب سوائے اس کے اور کیا ہوسکتا ہے کہ وہ حلال وجائز عمل کو حرام وناجائز قرار دینے کا مدعی ہے۔

اور آج کے دور میں جو حضرات مختلف مواقع پر محارب، وزبان دراز کافروں سے حلال چیزوں کی تجارت، اور خرید وفروخت کرنے کو حرام، گناہِ کبیرہ، یا ان کے ساتھ محبت ودوستی، اور ''موالات'' کا عنوان دیتے ہیں، جس کی قرآن وسنت میں صاف طور پر ممانعت آئی ہے، یا فتوے کی رو سے حلال کہنے کے باوجود، اس کو ''غیرتِ ایمانی'' کے خلاف قرار دیتے ہیں، جو

ظاہر وباطن کے ہر پہلو کی جہت سے اللہ کے بعد مخلوق میں سب سے زیادہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم میں پائی جاتی تھی، لیکن آپ نے اس غیرت کو اختیار نہیں فرمایا، تو یہ حضرات اس موقف میں تسامح وغلط فہمی کا شکار ہیں، جس چیز کو شرعاً حلال تسلیم کرلیا گیا، اور اس کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ثبوت ہوگیا، اور فقہائے کرام سے بھی اس عمل کا محارب وظالم ہونے کے باوجود عدمِ تعاون میں داخل نہ ہونا ثابت ہوگیا، تو ایسی صورت میں یہ سببِ جدید نہیں کہ اس کو غیرتِ ایمانی کے خلاف قرار دے کر ممنوع، یا کفر ومحاربت میں اعانت قرار دیا جائے۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ يَغَارُ، وَإِنَّ الْمُؤْمِنَ يَغَارُ، وَغَيْرَةُ اللّٰهِ أَنْ يَأْتِيَ الْمُؤْمِنُ مَا حَرَّمَ عَلَيْهِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٧٦١ "٣٦" كتاب التوبة، باب غيرة الله تعالى، وتحريم الفواحش)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک، اللہ غیرت والا ہے، اور مومن بھی غیرت والا ہوتا ہے، اور اللہ کو اس بات پر غیرت آتی ہے کہ مومن، اللہ کی حرام کردہ چیز کو اختیار کرے (صحیح مسلم)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا تَغَارُ؟ قَالَ: وَاللّٰهِ، إِنِّيْ لَأَغَارُ، وَاللّٰهُ أَغْيَرُ مِنِّيْ، وَمِنْ غَيْرَتِهِ نَهٰى عَنِ الْفَوَاحِشِ (مسند احمد، رقم الحديث ٨٣٢١) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ کیا آپ کو بھی غیرت محسوس ہوتی ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی قسم! مجھے بھی غیرت آتی ہے، اور اللہ مجھ سے بھی زیادہ غیرت مند ہے، اور اللہ نے اپنی غیرت کی وجہ سے ہی، فواحش سے منع فرمایا ہے (مسند احمد)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُؤْمِنُ يَغَارُ، اَلْمُؤْمِنُ يَغَارُ، اَلْمُؤْمِنُ يَغَارُ، وَاللّٰهُ أَشَدُّ غَيْرًا (مسند احمد، رقم الحديث ۷۲۱۰) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن غیرت مند ہوتا ہے، مومن غیرت مند ہوتا ہے، مومن غیرت مند ہوتا ہے (تین مرتبہ یہ جملہ بطور تاکید کے فرمایا) اور اللہ سب سے زیادہ غیرت مند ہے (مسند احمد)

ظاہر ہے کہ کسی کافر حربی سے حلال چیز کی خرید وفروخت فواحش کے مفہوم میں داخل نہیں، ورنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اور صحابۂ کرام اس کی قولاً وفعلاً اجازت نہ دیتے، بلکہ منع فرماتے، اور اس سے اجتناب فرماتے، اور آپ کی اتباع میں جمہور فقہائے کرام ومحدثینِ عظام بھی، اس کی اجازت نہ دیتے۔

مومن کی جو غیرت، اللہ اور اس کے رسول کی غیرت کے خلاف ہو، وہ معتبر نہیں، خواہ اس کو ظاہر کی غیرت کہا جائے، یا باطن کی غیرت کہا جائے، کیونکہ اللہ اور اس کے رسول نے غیرت کی تمام اقسام کی تکمیل فرمادی ہے۔

## عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا أَحَدٌ أَغْيَرَ مِنَ اللّٰهِ،

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

وَلِذٰلِکَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، وَلَا أَحَدٌ أَحَبُّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللّٰهِ(صحيح مسلم،رقم الحديث ٢٧٦٠ "٣٣" كتاب التوبة، باب غيرة الله تعالى، وتحريم الفواحش)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی بھی اللہ سے زیادہ غیرت مند نہیں، اور اسی غیرت کی وجہ سے اللہ نے فواحش کو حرام کیا، ظاہر کی فواحش کو بھی اور باطن کی فواحش کو بھی، اور اللہ کے مقابلہ میں کوئی بھی ایسا نہیں، جس کو مدح زیادہ محبوب ہو(مسلم)

ظاہر ہے کہ جب اللہ کے مقابلہ میں کوئی بھی زیادہ غیرت مند نہیں، اور اسی غیرت کی وجہ سے اللہ نے ہر قسم کے فواحش کو حرام کیا ہے، تو جن چیزوں کو اللہ نے حلال قرار دیا، وہ غیرتِ اسلامی وغیرتِ شرعی کے خلاف ہونے سے خارج ہوگئیں۔

اگرچہ وہ کسی بڑے سے بڑے غیرت مند کو غیرت کے خلاف معلوم ہوتی ہوں۔

## مغیرہ، سعد بن عبادہ، وابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ: لَوْ رَأَيْتُ رَجُلًا مَعَ اِمْرَأَتِي لَضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ غَيْرَ مُصْفَحٍ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَتَعْجَبُوْنَ مِنْ غَيْرَةِ سَعْدٍ، وَاللّٰهِ لَأَنَا أَغْيَرُ مِنْهُ، وَاللّٰهُ أَغْيَرُ مِنِّيْ، وَمِنْ أَجْلِ غَيْرَةِ اللّٰهِ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، وَلَا أَحَدَ أَحَبُّ إِلَيْهِ الْعُذْرُ مِنَ اللّٰهِ، وَمِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ بَعَثَ الْمُبَشِّرِيْنَ وَالْمُنْذِرِيْنَ، وَلَا أَحَدَ أَحَبُّ إِلَيْهِ الْمِدْحَةُ مِنَ اللّٰهِ، وَمِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ وَعَدَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ(صحيح البخاری،رقم الحديث ٧٤١٦، كتاب التوحيد، قول النبی صلى الله عليه وسلم لا شخص أغير من الله)

ترجمہ: سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر میں اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو دیکھوں، تو میں کسی انتظار کے بغیر اس کو تلوار سے قتل کردوں گا، یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم سعد کی غیرت پر تعجب کرتے ہو؟ اللہ کی قسم! میں سعد سے زیادہ غیرت مند ہوں، اور اللہ مجھ سے بھی زیادہ غیرت مند ہے، اور اللہ نے اپنی غیرت کی وجہ سے ظاہری وباطنی ہر قسم کے فواحش کو حرام قرار دیا ہے، اور اللہ کے مقابلہ میں کوئی بھی عذر کو سب سے زیادہ پسند نہیں کرتا، اور اسی وجہ سے اللہ نے خوش خبری سنانے اور ڈرانے والے نبیوں کو بھیجا ہے، اور کوئی بھی اللہ کے مقابلہ میں مدح کو زیادہ پسند کرنے والا نہیں، اور اسی وجہ سے اللہ نے جنت کا وعدہ فرمایا ہے (صحیح بخاری)

یہ حدیث صحیح مسلم میں بھی ہے۔ [1]

اور حضرت سعید بن سعد بن عبادہ سے روایت ہے کہ:

حَضَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَعْدُ بْنَ عُبَادَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنْ وَجَدْتُ عَلٰى بَطْنِ اِمْرَأَتِيْ رَجُلًا أَضْرِبُهٗ بِسَيْفِيْ؟ قَالَ: أَيُّ بَيِّنَةٍ أَبْيَنُ مِنَ السَّيْفِ؟ قَالَ: ثُمَّ رَجَعَ عَنْ قَوْلِهٖ، فَقَالَ: كِتَابُ اللّٰهِ وَالشُّهَدَاءُ، قَالَ سَعْدٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَيُّ بَيِّنَةٍ أَبْيَنُ مِنَ السَّيْفِ؟ قَالَ: كِتَابُ اللّٰهِ وَالشُّهَدَاءُ، أَيَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، هٰذَا سَيِّدُكُمْ اِسْتَفَزَّتْهُ الْغَيْرَةُ، حَتّٰى خَالَفَ كِتَابَ اللّٰهِ، قَالَ: فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّ

---

[1] عن المغيرة بن شعبة .قال: قال سعد بن عبادة: لو رأيت رجلا مع امرأتي لضربته بالسيف غير مصفح عنه .فبلغ ذلک رسول الله صلى الله عليه وسلم .فقال "أتعجبون من غير سعد؟ فوالله! لأنا أغير منه .والله أغير مني .من أجل غيرة الله حرم الفواحش ما ظهر منها وما بطن .ولا شخص أغير من الله .ولا شخص أحب إليه العذر من الله .من أجل ذلک بعث الله المرسلين مبشرين ومنذرين .ولا شخص أحب إليه المدحة من الله .من أجل ذلک وعد الله الجنة ."(صحيح مسلم،رقم الحديث ١٤٩٩"١٧" كتاب اللعان)

سَعْدًا غَيُوْرٌ، وَمَا طَلَّقَ اِمْرَأَةً قَطُّ قَدْرَ أَحَدٍ مِنَّا أَنْ يَّتَزَوَّجَهَا لِغَيْرَتِهٖ، قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَعْدٌ غَيُوْرٌ، وَأَنَا أَغْيَرُ مِنْهُ، وَاللّٰهُ أَغْيَرُ مِنِّيْ (مسند احمد، رقم الحديث ١٣، بقية حديث سعيد بن سعد بن عبادة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سعد بن عبادہ حاضر ہوئے، اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اگر میں اپنی بیوی کے پیٹ پر ایک آدمی کو پاؤں، تو کیا میں اس کو اپنی تلوار سے قتل کردوں، اور کہا کہ کونسی دلیل تلوار سے زیادہ واضح ہوسکتی ہے؟ پھر اپنے قول سے رجوع کیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی کتاب اور گواہ (تلوار سے زیادہ واضح دلیل) ہیں، حضرت سعد نے عرض کیا کہ اللہ کے رسول تلوار سے زیادہ اور کونسی واضح دلیل ہوسکتی ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی کتاب اور گواہ، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے انصار کی جماعت! یہ سعد تمہارا سردار ہے، اس پر غیرت کا اتنا غلبہ ہوگیا (اور جوش چڑھ گیا) کہ اللہ کی کتاب کی بھی مخالفت پر اتر آئے ہیں، اس پر ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! دراصل سعد بہت غیرت مند شخص ہیں، اور انہوں نے جس عورت کو بھی طلاق دی، ہم میں سے کوئی اس عورت سے نکاح کرنے پر ان کی غیرت کی وجہ سے قادر نہ ہوسکا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سعد بہت غیرت مند ہیں، اور میں ان سے زیادہ غیرت مند ہوں، اور اللہ مجھ سے بھی زیادہ غیرت مند ہے (پس اللہ اور اس کے رسول کے خلاف، سعد کی غیرت معتبر نہیں) (مسند احمد)

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: "وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوْا بِأَرْبَعَةِ

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية مسند احمد)

شُهَدَاءَ" قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ: لَوْ أَنِّي رَأَيْتُ مَعَ أَهْلِي رَجُلًا، أَنْتَظِرُ حَتّٰى أَجِيءَ بِأَرْبَعَةٍ؟ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ قَالَ: لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، وَلَوْ رَأَيْتُهُ لَعَاجَلْتُهُ بِالسَّيْفِ، فَقَالَ: اُنْظُرُوْا يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، مَا يَقُوْلُ سَيِّدُكُمْ، إِنَّ سَعْدًا لَغَيُوْرٌ، وَأَنَا أَغْيَرُ مِنْهُ، وَاللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ أَغْيَرُ مِنِّي (المعجم الاوسط، للطبرانی، رقم الحدیث ۲۷۹۷، باب الألف) [1]

ترجمہ: جب سورہ نور کی یہ آیت نازل ہوئی کہ:

"وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوْا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ"

''اور وہ لوگ جو پاک دامن عورتوں کو تہمت لگائیں، پھر نہ لائیں وہ چار گواہ''

تو سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر میں اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو دیکھ لوں، تو کیا میں چار گواہ لانے کا انتظار کروں گا؟ تو ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک، حضرت سعد نے کہا کہ نہیں، قسم ہے اس ذات کی، جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا کہ اگر میں اس (آدمی) کو (اپنی بیوی کے ساتھ) دیکھ لوں، تو میں اس کو جلدی سے تلوار کے ذریعہ قتل کر دوں گا، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اے انصار! اپنے سردار کو دیکھ لو، کیا کہہ رہا ہے، بے شک سعد بہت غیرت مند ہے، لیکن میں ان سے زیادہ غیرت مند ہوں، اور اللہ عزوجل مجھ سے بھی زیادہ غیرت مند ہے (طبرانی)

جب اللہ اور اس کے رسول کے حکم کے مقابلہ میں کسی غیور صحابی کی بھی غیرت معتبر نہیں، تو آج کسی غیر صحابی غیرت مند کی غیرت کا، کیونکر اعتبار ہو سکتا ہے۔

اور جب اللہ نے کسی چیز کو حرام قرار نہیں دیا، بلکہ حلال قرار دیا، اور اللہ کے رسول، جو انسانوں

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الأوسط، ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۷۷۲۹، باب الغيرة)

میں سب سے زیادہ بشیر ونذیر ہوتے ہیں، انہوں نے بھی کسی چیز کو حلال قرار دیا ہو، اور اسی کی جمہور فقہاء ومحدثین نے توضیح وتصریح کی ہو، تو اس کو غیرتِ ایمانی کے خلاف ہونے کا لبادہ اڑھانا کیسے درست قرار پاسکتا ہے؟

## ابو ہریرہ، جابر بن عتیک، عقبہ وکعب رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنَ الْغَيْرَةِ مَا يُحِبُّ اللّٰهُ وَمِنْهَا مَا يَكْرَهُ اللّٰهُ، فَأَمَّا مَا يُحِبُّ اللّٰهُ فَالْغَيْرَةُ فِي الرِّيْبَةِ، وَأَمَّا مَا يَكْرَهُ، فَالْغَيْرَةُ فِيْ غَيْرِ رِيْبَةٍ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ١٩٩٦، ابواب النكاح، باب الغيرة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی ''غیرت'' اللہ کی پسندیدہ ہوتی ہے، اور کوئی ''غیرت'' اللہ کی ناپسندیدہ ہوتی ہے۔

پس جس غیرت کو اللہ پسند کرتا ہے، وہ شک والی چیز میں غیرت ہے، اور جس غیرت کو اللہ ناپسند کرتا ہے، وہ غیر شک والی چیز میں غیرت ہے (ابنِ ماجہ)

اور حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: مِنَ الْغَيْرَةِ مَا يُحِبُّ اللّٰهُ وَمِنْهَا مَا يُبْغِضُ اللّٰهُ، فَأَمَّا الَّتِيْ يُحِبُّهَا اللّٰهُ فَالْغَيْرَةُ فِي الرِّيْبَةِ، وَأَمَّا الْغَيْرَةُ الَّتِيْ يُبْغِضُهَا اللّٰهُ فَالْغَيْرَةُ فِيْ غَيْرِ رِيْبَةٍ (سنن ابى داود، رقم الحديث ٢٦٥٩، كتاب الجهاد، باب فى الخيلاء عند الحرب) [2]

ترجمہ: اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرمایا کرتے تھے کہ ایک ''غیرت'' وہ ہے،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية سنن ابى داود)

www.idaraghufran.org

جس کو اللہ پسند فرماتا ہے، اور ایک ''غیرت'' وہ ہے، جس کو اللہ مبغوض سمجھتا ہے۔ پس وہ غیرت، جس کو اللہ عزوجل پسند فرماتا ہے، وہ شک والی چیز میں غیرت ہے (جس کی کوئی بنیاد ہو) اور جس غیرت کو اللہ مبغوض رکھتا ہے، وہ غیر شک والی چیز میں غیرت ہے (جو بے بنیاد اور بدگمانی پر مبنی ہو) (ابوداود)

اس طرح کی حدیث حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

کسی چیز کی وجہ سے شک پیدا ہو، اور تہمت کا موقعہ ہو، وہاں غیرت مفید ہوتی ہے، اور انسان کی اصلاح کا ذریعہ بنتی ہے، جبکہ اپنی حدود پر ہو، اور بے بنیاد، اور بدگمانی پر مبنی غیرت سے بغض وفساد لازم آتا ہے۔ [2]

اور حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ایک حدیث میں، ایسی چیزوں کی غیرت کو جن میں اللہ کی نافرمانی کی جارہی ہو، اور محرمات کا ارتکاب کیا جارہا ہو، اللہ کی پسندیدہ غیرت، اور اس کے علاوہ کی غیرت کو اللہ کی ناپسندیدہ غیرت بتلایا گیا ہے۔ [3]

اللہ کی حرام کردہ چیز کے مومن کو اختیار کرنے پر اللہ کو غیرت کا آنا، پیچھے صحیح مسلم کے حوالہ سے

---

[1] عن عقبة بن عامر الجهني، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " غيرتان: إحداهما يحبها الله، والأخرى يبغضها الله، ومخيلتان: إحداهما يحبها الله، والأخرى يبغضها الله، الغيرة في الريبة يحبها الله، والغيرة في غيره يبغضها الله، والمخيلة إذا تصدق الرجل يحبها الله، والمخيلة في الكبر يبغضها الله(مسند احمد،رقم الحديث ۱۷۳۹۸)

قال شعيب الارنؤوط:حسن لغيره(حاشية مسند احمد)

[2] قوله:(فالغيرة في الريبة) أي في مواضع التهم وما تردد فيه النفس فتظهر فائدتها وهي الرهبة والنزجار .وإن لم تكن موقعها فتورث البغض والشنآن والفتن .(شرح الطيبي على مشكاة المصابيح، ج۷،ص ۲۳۶۵، كتاب النكاح،باب اللعان)

[3] حدثنا أبو يوسف القلوسي قال: حدثنا عبد الله بن رجاء قال: حدثنا سعيد بن سلمة قال: حدثنا يزيد بن الهاد ، عن محمد بن إبراهيم ، عن كعب بن مالك ، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: " الغيرة غيرتان: فغيرة يحب الله ، وأخرى يكرهها ."قلنا: يا رسول الله ، ما الغيرة التي يحب الله عز وجل أن يغار؟ قال: تؤتى معاصي الله عز وجل وتنتهك محارمه .قلنا: فما الغيرة التي يكره الله جل ثناؤه؟ قال: غيرة أحدكم في كنهه(اعتلال القلوب للخرائطي،رقم الحديث ۷۳۵،باب ذكر الغيرة على النساء)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کے ضمن میں بھی گذر چکا ہے۔

پس جو چیز قرآن وسنت کی رو سے اور فقہائے مجتہدین کی تصریح کے مطابق حلال فعل ہو، اس کے برخلاف ''غیرتِ ایمانی'' کے بیدار ہونے کا کیا مطلب، البتہ جن تجارتی وغیر تجارتی محرمات میں مسلمان، مبتلاء ہیں، ان کے برخلاف ''غیرتِ ایمانی'' کی بنیاد پر کوئی تحریک چلائی جائے، تو بات سمجھ آتی ہے۔

پس غیر مسلم، اور کافر سے جائز تجارت کو غیرتِ ایمانی کے خلاف قرار دینا، درست نہیں۔

دین کی طرف سے جس قسم کے بیع وشراء اور تجارت کے امور میں وسعت وسہولت رکھی گئی ہے، اس قسم کے امور کو اپنی حالت پر رہنے دینا چاہیے، اور ان سے تعرض نہیں کرنا چاہیے، اور ان کے بجائے دین کے اہم اور ضروری امور میں اپنی صلاحیت وقوت کو صرف وخرچ کرنا چاہیے، جس کا بہت سی احادیث میں مختلف طریقوں پر حکم دیا گیا ہے۔

## عائشہ وعبداللہ بن عمرو، رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

صَنَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا تَرَخَّصَ فِيْهِ، وَتَنَزَّهَ عَنْهُ قَوْمٌ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَتَنَزَّهُوْنَ عَنِ الشَّيْءِ أَصْنَعُهُ، فَوَاللّٰهِ إِنِّيْ أَعْلَمُهُمْ بِاللّٰهِ وَأَشَدُّهُمْ لَهُ خَشْيَةً (صحيح البخاری، رقم الحديث ۷۳۰۱، كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة، باب مايكره من التعمق والتنازع فی العلم والغلو فی الدين والبدع)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کام کیا، جس میں (اللہ کی طرف سے) رخصت وگنجائش موجود تھی، اور ایک قوم نے اس کام سے اجتناب وپرہیز کیا، یہ بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کی حمد وثناء بیان کی،

پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان لوگوں کا کیا حال ہے؟ جو ایسی چیز سے اجتناب و پرہیز کرتے ہیں، جس کو میں کرتا ہوں، پس اللہ کی قسم میں ان لوگوں کے مقابلہ میں اللہ کا زیادہ علم رکھتا ہوں، اور اللہ کی زیادہ خشیت (وخوف) رکھتا ہوں (بخاری)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد یہ تھا کہ جب نبی، بلکہ افضل نبی ہونے کے باوجود میں نے رخصت وگنجائش والے کام کو اختیار کیا، تو دوسروں کا اس کو نظر انداز کرنا اور اس کام سے پرہیز کرنے کو نیکی سمجھنا، درست نہیں، جیسا کہ نبی نے محاربین سے خرید وفروخت کو اختیار کیا، تو یہ غیرتِ ایمانی کے خلاف نہ ہوگی۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ عَمَلٍ شِرَّةٌ، وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةٌ، فَمَنْ كَانَتْ فَتْرَتُهُ إِلٰى سُنَّتِيْ، فَقَدْ أَفْلَحَ، وَمَنْ كَانَتْ إِلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ فَقَدْ هَلَكَ (مسند احمد، رقم الحديث ٦٩٥٨) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر عمل کا جوش ہوتا ہے اور ہر جوش ٹھنڈا پڑ جاتا ہے، پس جس شخص کے جوش کا ٹھنڈا پڑنا، میری سنت کی طرف ہو، تو وہ یقیناً کامیاب ہوگیا، اور جس شخص کے جوش کا ٹھنڈا پڑنا، میری سنت کے علاوہ کسی اور چیز کی طرف ہو، تو وہ شخص ہلاک ہوگیا (مسند احمد)

پس دین کے نام سے جو جدوجہد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور سیرت کے مطابق ہوگی، وہ پائیدار بھی ہوگی، اور نفع بخش بھی ہوگی، ورنہ بلاوجہ کا حرجہ وخرچہ لازم آنے کا مصداق بن کر ہلاکت کا باعث ہوگی۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کافروں سے بیع وشراء کی سنت وسیرت پہلے بیان کی جا چکی ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

# ابنِ عباس، انس وابوموسیٰ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَيُّ الْأَدْيَانِ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ؟ قَالَ: اَلْحَنِيْفِيَّةُ السَّمْحَةُ (مسند احمد، رقم الحديث ٢١٠٧) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ تمام دینوں میں اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب دین کون سا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ درست (وسیدھا) اور سہل (مسند احمد)

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا، وَبَشِّرُوْا، وَلَا تُنَفِّرُوْا (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٩، كتاب العلم، باب ما كان النبی صلی الله عليه وسلم يتخولهم بالموعظة والعلم كی لا ينفروا)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم (دین میں) آسانی کو اختیار کرو، اور تم تنگی کو اختیار نہ کرو، اور (لوگوں کو) خوش خبریاں سناؤ، اور نفرت مت دلاؤ (صحیح بخاری)

اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَعَثَ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِهٖ فِيْ بَعْضِ أَمْرِهٖ، قَالَ: بَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا، وَيَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٧٣٢ "٦" كتاب الجهاد والسير، باب فی الأمر بالتيسير وترک التنفير)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے صحابہ میں سے کسی کو کسی کام کے لیے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

بھیجا کرتے تھے، تو یہ فرمایا کرتے تھے کہ تم (لوگوں کو) خوش خبریاں سنانا، اور نفرت مت دلانا اور تم (دین میں) آسانی کو اختیار کرنا، اور تم تنگی کو اختیار مت کرنا (کیونکہ تنگی سے نفرت پیدا ہوتی ہے) (صحیح مسلم)

پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وارث علمائے کرام پر لازم ہے کہ وہ دین کی تبلیغ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت وسنت کے مطابق طرزِ عمل اپنائیں، اور اس کے بجائے ایسی چیزوں سے لوگوں کو روکنے کی طرف متوجہ نہ ہوں، جس چیز سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں روکا، بلکہ خود بھی اس سہولت پر عمل کیا، اور اپنے صحابہ کو بھی اس سہولت پر عمل پیرا ہونے کی اجازت دی۔

## بریدہ اسلمی، ابوہریرہ وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ هَدْيًا قَاصِدًا، فَإِنَّهُ مَنْ يُشَادَّ هٰذَا الدِّيْنَ يَغْلِبْهُ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٢٣٠٥٣) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے اوپر سیدھے (اور غیر مشقت والے) راستے اور میانہ روی (واعتدال) کو اختیار کرو، کیونکہ جو شخص دین کے معاملے میں سختی (وغلو) کرتا ہے، اس پر دین غلبہ حاصل کر لیتا ہے (اور وہ خود دین سے مغلوب ہو جاتا ہے) (مسند احمد)

مطلب یہ ہے کہ اعتدال والا راستہ اختیار کرنا چاہئے، جس میں بے جا مشقت اور غلو نہ ہو، کیونکہ جو شخص اعتدال کو چھوڑ دیتا ہے، تو اس کو دین پر عمل کرنا مشکل ہو جاتا ہے، اور یہ طرزِ عمل فرائض اور واجبات میں تقصیر وکوتاہی اور فساد وبگاڑ کا سبب بنتا ہے۔

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : إِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ، وَلَنْ يُّشَادَّ الدِّيْنَ أَحَدٌ إِلَّا غَلَبَهُ، فَسَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا، وَأَبْشِرُوْا (صحيح بخاری، رقم الحديث ٣٩، كتاب الإيمان، باب: الدين يسر)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دین، یُسر والا (اور سہل وآسان) ہے، اور جو شخص بھی دین میں سختی کرتا ہے، تو دین اس پر غالب آجاتا ہے، لہٰذا تم میانہ روی اختیار کرو اور قریب رہو اور (اپنے آپ اور دوسروں کو) خوشخبری سناؤ (بخاری)

مطلب اس حدیث کا بھی وہی ہے کہ دین میں یُسر اور آسانی ہے، اور عُسر وتنگی نہیں ہے، اور جو شخص یُسر وآسانی کو چھوڑ کر عُسر وتنگی کو اختیار کرتا ہے، تو دین اس پر غالب آجاتا ہے، یعنی اس کے لئے دین پر عمل کرنا مشکل ہوجاتا ہے، جبکہ دین پر عمل کرنا سہل وآسان ہے۔

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

وَإِيَّاكُمْ وَالْغُلُوَّ فِي الدِّيْنِ، فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِالْغُلُوِّ فِي الدِّيْنِ (مسند احمد، رقم الحديث ١٨٥١) [1]

ترجمہ: اور تم دین میں غلو پیدا کرنے سے بچو، پس تم سے پہلے لوگ دین میں غلو کرنے کی وجہ سے ہلاک ہوگئے (مسند احمد)

ہلاک ہونے کی بعض صورتیں اس سے پہلی احادیث میں بیان کردی گئی ہیں۔

## جابر، عمر اور عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہم کی روایات

پھر نہ صرف یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں غیر مسلم حربیوں وغیر حربیوں سے جائز چیزوں کی تجارت ومعاملات کا سلسلہ جاری رہا، بلکہ دارالاسلام میں تجارت کے لئے داخل ہونے والے غیر مسلم تاجروں کو قتل کرنے کی ممانعت کا بھی حکم دیا گیا۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

اور خلفائے راشدین کے دور میں بھی یہ سلسلہ جاری رہا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تو حربی تاجروں کے مسلمانوں کے علاقوں میں داخل ہونے پر عشر بھی اتنی مقدار میں مقرر کیا، جتنی مقدار میں، مسلمان تاجروں کے غیر مسلم حربیوں کے ملک میں داخل ہونے پر لیا جاتا تھا۔

اور عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کے تاجروں کے ہندوستان اور مدائن کے علاقوں میں تجارت کے لئے جانے کا روایات میں ذکر ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مختلف سندوں کے ساتھ مروی حدیث میں غیر مسلم تاجروں کو قتل کرنے کی ممانعت کا ذکر ہے۔ [1]

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں دارالاسلام ودارالحرب میں تجارت کرنے والوں سے عشر کے واقعہ کو امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] حدثنا زهير، حدثنا عباد بن العوام، أخبرنا حجاج، عن أبي الزبير، عن جابر قال: كنا لا نقتل تجار المشركين على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم(مسند أبي يعلىٰ الموصلي،رقم الحديث ١٩١٧،مسند جابر)

وأخبرنا أبو سعيد، حدثنا أبو العباس، حدثنا الحسن، حدثنا يحيى، حدثنا عبد الرحيم الرازي، عن أشعث، عن أبي الزبير، عن جابر قال: كانوا لا يقتلون تجار المشركين (السنن الكبرىٰ،للبيهقي،رقم الحديث ١٨٢١١، كتاب السير،باب ترك قتل من لا قتال فيه من الرهبان والكبير وغيرهما)

حدثنا محمد بن عبدوس بن كامل ببغداد، أنبأنا مسروق بن المرزبان، حدثنا عبد السلام بن حرب، عن يزيد بن عبد الرحمن، عن محمد بن مسلم، عن جابر بن عبد الله، قال: نهينا عن قتل تجار المشركين(جزء من أحاديث أبي عمرو السلمي،ص ٣٢٤،رقم الحديث ٩٦٥)

[2] أخبرنا أبو سعيد ابن أبي عمرو، حدثنا أبو العباس، حدثنا الحسن، حدثنا يحيى، حدثنا قيس، عن عاصم الأحول، عن الحسن قال: كتب أبو موسى إلى عمر رضي الله عنهما: إن تجار المسلمين إذا دخلوا دار الحرب أخذوا منهم العشر .قال: فكتب إليه عمر: خذ منهم إذا دخلوا إلينا مثل ذلك العشر، وخذوا من تجار أهل الذمة نصف العشر، ومن المسلمين من مائتين خمسة، وما زاد فمن كل أربعين درهما درهما(السنن الكبرىٰ ،للبيهقي،رقم الحديث ١٨٨٠٤ ،باب ما يؤخذ من الذمي إذا تجر في غير بلده، والحربي إذا دخل بلاد الإسلام بأمان)

وأخبرنا أبو سعيد، حدثنا أبو العباس، حدثنا الحسن، حدثنا يحيى، حدثنا قيس بن الربيع، عن مغلس، عن مقاتل بن حيان، عن أبي مجلز، عن زياد بن حدير قال: كتبت إلى عمر في أناس من أهل

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اور عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کے ہندوستان ومدائن سے تجارت کے واقعہ کو مروزی نے روایت کیا ہے۔ [1]

فقہائے کرام کا بھی اس بات پر اتفاق ہے کہ مسلمانوں کے ملک میں حربی کو امن طلب کر کے داخل ہونا جائز ہے، جیسا کہ سفارت کار، یا تجارت، یا سیاحت وزیارت کے لئے آنے والا۔ البتہ تجارت کی غرض سے آنے والے حربی سے کتنی مقدار میں ٹیکس لیا جائے گا، اس میں تھوڑا بہت اختلاف ہے۔

اور امام شافعی کے نزدیک مسلمان حکمران کو ٹیکس کے بغیر بھی حربی تاجر کو آنے کی اجازت دینے کا اختیار حاصل ہے، خاص کر جب وہ ایسی صنعت اور مال لے کر آئے، جس کی مسلمانوں کو ضرورت ہو، کیونکہ اس سے مسلمانوں کی منفعت وابستہ ہے۔

اور ان تمام صورتوں میں اس حربی کے جان ومال کا تحفظ واجب ہو جاتا ہے۔

اگرچہ اس حربی کے ملک ومذہب کے دوسرے لوگ مسلمانوں سے جنگ کیوں نہ کر رہے ہوں۔

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

الحرب يدخلون أرضنا أرض الإسلام فيقيمون .قال: فكتب إلى عمر: إن أقاموا ستة أشهر فخذ منهم العشر، وإن أقاموا سنة فخذ منهم نصف العشر (السنن الكبرىٰ،للبيهقى،رقم الحديث ١٨٨٠٥ ،باب ما يؤخذ من الذمى إذا تجر فى غير بلده، والحربى إذا دخل بلاد الإسلام بأمان)

وأخبرنا أبو سعيد، حدثنا أبو العباس، حدثنا الحسن، حدثنا يحيى، حدثنا سفيان بن سعيد، [عن خالد بن عبد الله العبسى]، عن عبد الله بن معقل، عن زياد بن حدير، قال: ما كنا نعشر مسلما ولا معاهدا .قال: قلت: فمن كنتم تعشرون؟ قال: تجار أهل الحرب كما يعشرونا إذا أتيناهم(السنن الكبرىٰ،للبيهقى،رقم الحديث ١٨٨٠٦ ،باب ما يؤخذ من الذمى إذا تجر فى غير بلده، والحربى إذا دخل بلاد الإسلام بأمان)

[1] حدثنا الحسين قال: حدثنا إسماعيل بن إبراهيم، قال: حدثنا يونس، قال: كان عثمان بن أبى العاص له تجار يحضرون إلى أرض الهند وإلى المدائن، فكان إذا قدم تجاره يقسم فى جيرانه حتى تبلغ قسمته دور بنى فلان(البر والصلة ،للحسين بن حرب المروزى،رقم الحديث ٢٥٣ ،باب ما جاء فى كفل اليتيم وأدبه)

یہ اسلام کی حکمت وبصیرت پر مبنی بلند اخلاقی، سیاسی وسفارتی تعلیمات ہیں۔ [1]

---

[1] ذهب الفقهاء إلى مشروعية أخذ العشر من تجارة غير المسلمين إذا دخلوا بها دار الإسلام على التفصيل الآتي:

أولا :المستأمنون:

المستأمن هو الذى يقدم بلاد المسلمين من غير استيطان لها، وهؤلاء أربعة أقسام :رسل، تجار، ومستجيرون حتى يعرض عليهم الإسلام والقرآن، وطالبو حاجة من زيارة وغيرها .

فمن دخل من هؤلاء بتجارة، فقد ذهب الفقهاء فى أخذ العشر منه مذاهب:

ذهب الحنفية إلى أنه إذا دخل الحربى بمال التجارة إلى دار الإسلام بأمان يؤخذ منه عشر ماله إذا بلغ المال نصابا، وهذا إذا لم يعلم مقدار ما يأخذون منا، فإن علم مقدار ما يأخذون منا أخذ منهم مثله مجازاة، إلا إذا عرف أخذهم الكل فلا نأخذ منهم الكل بل نترك لهم ما يبلغهم مأمنهم إبقاء للأمان، وإن علم أنهم لا يأخذون منا لا نأخذ منهم ليستمروا عليه؛ ولأننا أحق بالمكارم، ولا يؤخذ العشر من مال صبى حربى إلا أن يكونوا يأخذون من أموال صبياننا .

وذهب المالكية إلى أنه إذا دخل الحربى بمال التجارة إلى بلاد المسلمين بأمان على شىء يعطيه فإنه يلزمه ولو أكثر من العشر، ولا يجوز أخذ زائد عليه، وعند عدم تعيين جزء يؤخذ منه العشر، إلا أن يؤدى الإمام اجتهاده إلى أخذ أقل فيقتصر عليه على المشهور.

وقال الشافعية :إن دخلوا بأمان وشرط الإمام عليهم أن يأخذ منهم عشر تجارتهم أو أكثر أو أقل أخذ منهم، وإن لم يشرط بل عقد لهم الأمان على دمائهم لم يأخذ من أموالهم شيئا إن دخلوا بأموالهم، إلا بشرط أو طيب أنفسهم، وسواء كان هؤلاء المستأمنون من قوم يعشرون المسلمين إن دخلوا بلادهم أو يخمسونهم.

وذهب الحنابلة إلى أن الحربى إذا دخل بلاد الإسلام بأمان واتجر فإنه يؤخذ من تجارته العشر دفعة واحدة، سواء أكان كبيرا أم صغيرا، وسواء أكان ذكرا أم أنثى، وسواء أعشروا أموال المسلمين إذا دخلت إليهم أم لا؛ لأن عمر رضى الله عنه أخذ من أهل الحرب العشر، واشتهر ولم ينكر، عمل به الخلفاء من بعده، ولا يؤخذ العشر من أقل من عشرة دنانير، وذكر الموفق أن للإمام ترك العشر إذا رأى المصلحة فى ذلك (الموسوعة الفقهية الكويتية، ج٣٠،ص١٠٣، ١٠٤،مادة"عشر" حرف العين)

وذهب الشافعية فى الأصح وهو قول ابن نافع وابن القاسم من المالكية إلى أن تقدير العشور التى تؤخذ من التاجر الحربى متروك إلى اجتهاد الإمام حسب ما تقضى به

المصلحة العامة، فيجوز له أن يشترط أخذ العشر أو أكثر منه أو دونه، ويجوز له عدم أخذ شىء إذا جلب الحربى بضاعة يحتاج إليها المسلمون .

وذهب الحنابلة إلى أنه يجب على الحربى العشر دفعة واحدة، سواء عشروا أموال المسلمين إذا دخلت إليهم أم لا؛ لأن عمر بن الخطاب رضى الله عنه أخذ من أهل الحرب العشر واشتهر ذلك عنه ولم ينكر وعمل به الخلفاء الراشدون بعده(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج٣٠، ص١١٠،مادة"عشر" حرف العين)

## امام ابنِ حبان کا حوالہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے ثمامہ بن اثال رضی اللہ عنہ کے واقعہ پر مشتمل حدیث کو روایت کرنے کے بعد امام ابنِ حبان نے فرمایا کہ:

"فِیْ هٰذَا الْخَبَرِ دَلِیْلٌ عَلٰی إِبَاحَةِ التِّجَارَةِ إِلٰی دُوَرِ الْحَرْبِ لِأَهْلِ الْوَرْعِ"

''اس حدیث میں اس بات کی دلیل پائی جاتی ہے کہ اہلِ حرب (یعنی مسلمانوں سے لڑنے اور جنگ کرنے والے) کے علاقوں کی طرف، اہلِ تقویٰ کو تجارت کرنا جائز ہے'' [1]

جب اہلِ حرب کے ساتھ تجارت سے اہلِ ورع وتقویٰ کے زہد وتقوے میں خلل نہیں آتا، بلکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تقوے اور زہد میں بھی کمی نہیں آتی، جن کے مقابلہ میں کسی کا تقویٰ پہنچنا ممکن ہی نہیں، تو اس کی وجہ سے عام مسلمان کے ایمان واسلام میں کیسے خلل آئے گا، اور اس کو غیرتِ ایمانی کے خلاف کیسے قرار دیا جائے گا، اور اس عمل کو جائز قرار دینے پر کسی کو طعن وتشنیع اور الزام تراشی واتہام سازی کیسے درست قرار پائے گی۔

حضرت ثمامہ کی طرح حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی طرف سے بھی اہلِ مکہ کی طرف سے طواف سے منع کرنے کی صورت میں، شام سے تجارت روکنے کی دھمکی دینے کا ذکر ہے۔ [2]

---

[1] فلما قدم مكة قال له قائل: صبوت؟ قال: لا، ولكن أسلمت مع محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم فلا والله لا تأتيكم من اليمامة حبة حنطة حتى يأذن فيها رسول الله صلى الله عليه وسلم. قال أبو حاتم رضى الله تعالى عنه فى هذا الخبر دليل على إباحة التجارة إلى دور الحرب لأهل الورع (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ١٢٣٩، تابع كتاب الطهارة، باب غسل الكافر إذا أسلم)

قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية صحيح ابنِ حبان)

[2] عن أبى إسحاق عن عمرو بن ميمون عن عبد الله بن مسعود رضى الله عنه قال انطلق سعد بن معاذ معتمرا قال فنزل على أمية بن خلف أبى صفوان وكان أمية إذا انطلق إلى الشأم فمر بالمدينة نزل على سعد فقال أمية لسعد انتظر حتى إذا انتصف النهار وغفل الناس انطلقت فطفت فبينا سعد

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

لیکن ان سب کے باوجود حکمِ شرعی، اور جواز کے لئے جمہور فقہائے کرام ومحدثینِ عظام نے بعض صحابہ کی دھمکی، اور غیرت کے مقابلہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حکم وعمل کو ہی حجت سمجھا ہے، جو مرفوع طریقہ پر ثابت ہے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بعض صحابہ کے اس نوعیت کے عمل کے زیادہ قابلِ اعتناء نہ ہونے کا ثبوت ملتا ہے۔

اور یہ بات معلوم ہے کہ کفارِ مکہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی احرام باندھنے کے باوجود عمرہ کرنے سے روک دیا تھا، اور آپ کو عمرہ کئے بغیر احرام کھولنا پڑا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ردِ عمل میں بھی اہلِ مکہ سے تجارت روکنے کی جدوجہد نہیں فرمائی، اور نہ ہی دوسروں کو اس طرح کی تاکید فرمائی، جس طرح آج کل پرزور تاکید کی جاتی ہے۔

قابلِ غور بات یہ ہے کہ مکہ کے محارب کفار پر تجارت اور مال کی ترسیل روک کر دباؤ ڈالنے اور اس کے نتیجہ میں ان سے اپنی شرائط منوانے کا اس سے بہتر ذریعہ اور کونسا ہوسکتا تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم تھا کہ کفار کے مغلوب اور مسلمانوں کے غالب ہونے کی مشروع اور موکد تدابیر، اسلام کے دوسرے فرائض، اور واجبی احکام پر عمل کرنا ہے، جس کے

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ يطوف إذا أبو جهل فقال من هذا الذى يطوف بالكعبة فقال سعد أنا سعد فقال أبو جهل تطوف بالكعبة آمنا وقد آويتم محمدا وأصحابه فقال نعم فتلاحيا بينهما فقال أمية لسعد لا ترفع صوتک على أبى الحكم فإنه سيد أهل الوادى ثم قال سعد والله لئن منعتنى أن أطوف بالبيت لأقطعن متجرک بالشام(صحيح البخارى،رقم الحديث ٣٦٣٢، كتاب المناقب، باب علامات النبوة فى الإسلام)

عن أبى إسحاق قال: حدثنى عمرو بن ميمون: أنه سمع عبد الله بن مسعود رضى الله عنه: حدث عن سعد بن معاذ أنه قال: كان صديقا لأمية بن خلف، وكان أمية إذا مر بالمدينة نزل على سعد، وكان سعد إذا مر بمكة نزل على أمية، فلما قدم رسول الله صلى الله عليه وسلم المدينة انطلق سعد معتمرا، فنزل على أمية بمكة، فقال لأمية: انظر لى ساعة خلوة لعلى أن أطوف بالبيت، فخرج به قريبا من نصف النهار، فلقيهما أبو جهل فقال: يا أبا صفوان، من هذا معک؟ فقال: هذا سعد، فقال له أبو جهل: ألا أراک تطوف بمكة آمنا وقد أويتم الصباة، وزعمتم أنكم تنصرونهم وتعينونهم، أما والله لولا أنک مع أبى صفوان ما رجعت إلى أهلک سالما .فقال له سعد، ورفع صوته عليه: أما والله لئن منعتنى هذا لأمنعنک ما هو أشد عليک منه، طريقک على المدينة(صحيح البخارى،رقم الحديث ٣٩٥٠، كتاب المغازى، باب ذكر النبى صلى الله عليه وسلم من يقتل ببدر)

لئے آپ آخر دم تک خود بھی عمل پیرا رہے، اور دوسروں کو بھی ان احکام کی تاکید فرماتے رہے اور اس کے نتیجہ میں بالآخر کفار مغلوب اور مسلمان غالب آکر رہے۔

جبکہ اس کے برعکس آج کے دور میں مسلمانوں کا ان فرائض اور واجبات پر عمل بہت کمزور، یا بالکل نہ ہونے کے مترادف ہے، جن کی طرف توجہ نہیں، اور ان کے بجائے، ان چیزوں کی تاکید زیادہ ہے، جن کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تاکید ثابت نہیں، اور اس کے نتیجہ میں دنیا بھر میں بظاہر کفار، غالب، اور مسلمان، مغلوب ہیں۔

جبکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کفار ومشرکین کے متعلق سخت ترین احکام کا قرآن مجید میں نزول جاری تھا، لیکن نبی صلی اللہ اللہ علیہ وسلم نے کفار ومشرکین سے جائز تجارت ومعاملات کو ان سخت احکام کے خلاف قرار نہیں دیا۔

## سورہ توبہ، سورہ تحریم اور سورہ فتح کا حوالہ

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ توبہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَـاأَيُّهَـا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ (سورة التوبة رقم الآية ٧٣)

ترجمہ: اے نبی جہاد کیجیے آپ کفار سے، اور منافقین سے، اور (اپنے قول وفعل سے) ناراضگی کیجیے، ان پر (سورہ توبہ)

اور قرآن مجید کی سورہ تحریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَـاأَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ (سورة التحريم رقم الآية ٩)

ترجمہ: اے نبی جہاد کیجیے آپ کفار سے، اور منافقین سے، اور (اپنے قول وفعل سے) ناراضگی کیجیے، ان پر (سورہ تحریم)

اور قرآن مجید کی سورہ فتح میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ** (سورة الفتح رقم الآية ٢٩)

ترجمہ: محمد، اللہ کے رسول ہیں، اور وہ لوگ جو ان کے ساتھ ہیں (یعنی صحابہ) وہ شدید (اور سخت) ہیں، کفار پر اور رحم دل (ونرم) ہیں، آپس میں (یعنی مومنوں کے ساتھ) (سورہ فتح)

اگر کفار کے ساتھ تجارت ومعاملات کا جاری رکھنا، کفار کے ساتھ موالات، اور جہاد وقتال کے تقاضوں، یا ان کی بے جا حمایت، یا دین کے معاملہ میں بے جا نرمی، یا غیرتِ ایمانی کے خلاف وغیرہ کے مترادف ہوتا، تو پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اور آپ کے صحابہ کو مذکورہ آیات پر عمل پیرا ہونے، یا اس معیار پر پورا اترنے والا قرار دینے کی کیسے گنجائش ہوسکتی ہے۔

اور یہ بات احادیث وسنت سے ثابت ہے کہ ملکِ شام سے برابر تجارت کا سلسلہ جاری رہا، جس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سب بلانکیر استفادہ فرماتے رہے، اور اس بائیکاٹ کے بجائے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر فرمودہ احکام پر عمل کے نتیجہ میں اللہ نے ملکِ شام، اور ملکِ مصر وغیرہ سب کو ان کے لئے فتح فرمادیا، جو بحمد اللہ تعالیٰ تاحال مسلمانوں کے زیرِ اثر ہیں، اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم شریعت کے اہم احکام کو چھوڑ کر اس طرح کے بائیکاٹوں کے چکروں میں پڑ جاتے، تو وہ عظیم الشان فتوحات کس طرح حاصل ہوسکتی تھیں، اور آج صورتِ حال برعکس ہے کہ دین کے اصل احکام کو نظر انداز کر کے مروجہ بائیکاٹوں کو اختیار کیا جارہا ہے، اور دوسری طرف کفار کا غلبہ اور تسلط بڑھتا جارہا ہے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابۂ کرام کے فتح کردہ علاقوں پر دوبارہ کفار کا غلبہ ہوتا چلا جارہا ہے۔

اب ہم اس سلسلہ میں محدثینِ عظام وفقہائے کرام کی تصریحات وعبارات پیش کرتے ہیں۔

## قاضی عیاض کا حوالہ

قاضی عیاض (المتوفیٰ: 544ھ) صحیح مسلم کی شرح میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

**أجمع العلماء على جواز معاملة أهل الذمة وجواز معاملة المشركين، إلا ما يتقوى به أهل الحرب على محاربة المسلمين كسلاح الحرب وآلاتها** (اکمال المعلم، بفوائد مسلم، ج۵، ص۳۰۴، کتاب المساقات، باب الرهن وجوازه فی الحضر والسفر)

ترجمہ: علماء کا اجماع ہے کہ اہلِ ذمہ (مسلمانوں کے ملک میں رہنے والے کافروں) سے معاملہ کرنا جائز ہے، اور اس پر بھی اجماع ہے کہ مشرکین سے معاملہ کرنا جائز ہے، سوائے بعینہٖ (خاص الخاص) ان چیزوں کے جن سے اہلِ حرب (دارالکفر کے جنگ کرنے والے کافر) مسلمانوں کے ساتھ لڑائی کرنے پر تقویت حاصل کریں، جیسا کہ جنگی اسلحہ اور جنگی آلات (اکمال المعلم)

## امام نووی کا حوالہ

اور امام نووی (المتوفیٰ: 676ھ) صحیح مسلم کی شرح میں فرماتے ہیں کہ:

**وقد أجمع المسلمون على جواز معاملة أهل الذمة وغيرهم من الكفار إذا لم يتحقق تحريم ما معه لكن لا يجوز للمسلم أن يبيع أهل الحرب سلاحا وآلة حرب** (شرح النووی علیٰ مسلم، ج ۱۱، ص ۴۰، کتاب البیوع، باب جواز بیع الحیوان بالحیوان من جنسه متفاضلا)

ترجمہ: اور مسلمانوں کا، اہلِ ذمہ اور غیر اہلِ ذمہ کفار کے ساتھ معاملہ جائز ہونے پر اجماع ہے، جب تک ان کی چیز کے حرام ہونے کا ثبوت نہ ہو، لیکن مسلم کے لئے اہلِ حرب کو اسلحہ، اور جنگی ساز وسامان کا فروخت کرنا، جائز نہیں (شرح نووی)

## ”مرقاۃُ المفاتیح“ کا حوالہ

اور ملا علی قاری حنفی (المتوفیٰ: 1014ھ) مشکاۃ کی شرح ”مرقاۃُ المفاتیح“ میں فرماتے ہیں کہ:

**وقد أجمع المسلمون على جواز معاملة أهل الذمة والكفار إذا لم يتحقق تحريم ما معهم لكن لا يجوز للمسلم بيع السلاح** (مرقاة المفاتيح، ج۵، ص۱۹۴۷، كتاب البيوع، باب السلم والرهن)

ترجمہ: اور مسلمانوں کا اجماع ہے کہ اہلِ ذمہ اور دوسرے کفار کے ساتھ معاملہ جائز ہے، جب تک ان کی چیز کے حرام ہونے کا یقین نہ ہو، لیکن مسلم کے لئے (کفار کو) اسلحہ کا فروخت کرنا جائز نہیں (مرقاۃ)

## علامہ طیبی کا حوالہ

یہی بات علامہ طیبی (المتوفیٰ: 743ھ) نے مشکاۃ کی شرح میں بیان فرمائی ہے۔ [1]

## علامہ ابنِ حجر عسقلانی کا حوالہ

اور علامہ ابنِ حجر عسقلانی (المتوفیٰ: 852ھ) صحیح بخاری کی شرح میں فرماتے ہیں کہ:

**وقد قدمنا أنهم رهط من اليهود، فيؤخذ منه جواز معاملة الصائغ ولو كان غير مسلم، ويؤخذ منه أنه لا يلزم من دخول الفساد في صنعة أن تترك معاملة صاحبها ولو تعاطاها أراذل الناس مثلا** (فتح الباری شرح صحيح البخاری، ج۴، ص۳۱۷، كتاب البيوع، باب ما قيل في الصواغ)

ترجمہ: اور ہم پہلے بیان کر چکے کہ وہ یہودیوں کا ایک گروہ تھا، پس اس حدیث سے یہ مسئلہ اخذ کیا جاتا ہے کہ رنگ ساز سے معاملہ جائز ہے، اگرچہ وہ غیر مسلم ہو، اور اس حدیث سے یہ مسئلہ بھی اخذ کیا جاتا ہے کہ کسی صنعت میں فساد کے داخل ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس فساد کے مرتکب سے معاملہ کو ترک کر دیا جائے، اگرچہ یہ معاملہ، مثلاً لوگوں میں رذیل ترین شخص سے کیا جائے (فتح الباری)

---

[1] **وقد أجمع المسلمون على جواز معاملة أهل الذمة، والكفار إذا لم يتحقق تحريم ما معهم، لكن لا يجوز للمسلم بيع السلاح** (شرح الطيبي على مشكاة المصابيح، ج۷، ص۲۱۶۵، كتاب البيوع، باب السلم والرهن)

## علامہ ابنِ حجر عسقلانی کا دوسرا حوالہ

اور علامہ ابنِ حجر عسقلانی صحیح بخاری کی شرح میں ایک اور مقام پر تحریر فرماتے ہیں کہ:

**وفی الحدیث جواز معاملة الکفار فیما لم یتحقق تحریم عین المتعامل فیه وعدم الاعتبار بفساد معتقدهم ومعاملاتهم فیما بینهم (فتح الباری شرح صحیح البخاری، ج۵، ص ۱۴۱، کتاب الرهن، باب فی الرهن فی الحضر)**

ترجمہ: اور اس حدیث میں اس بات کی دلیل ہے کہ کفار سے معاملہ کرنا جائز ہے، ان چیزوں میں جن میں معاملہ کیا جارہا ہے، جب عین حرام چیز کا تحقق نہ ہو، اور حدیث میں اس بات کی بھی دلیل ہے کہ ان کفار کے عقائد، اور ان کے باہمی معاملات کے فساد کا اعتبار نہیں کیا جائے گا (فتح الباری)

## علامہ عینی کا حوالہ

اور علامہ عینی حنفی (المتوفیٰ: 855ھ) صحیح بخاری کی شرح میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

**وفیه: جواز معاملة الیهود وإن کانوا یأکلون أموال الربا، کما أخبر الله عنهم، ولکن مبایعتهم وأکل طعامهم مأذون لنا فیه بإباحة الله، وقد ساقاهم النبی، صلی الله علیه وسلم، علی خیبر (عمدة القاری شرح صحیح البخاری، ج ۱۱، ص ۱۸۳، کتاب البیوع، باب شراء النبی صلی الله علیه وسلم بالنسیئة)**

ترجمہ: اور اس حدیث میں، یہودیوں کے ساتھ معاملہ کے جائز ہونے کی دلیل ہے، اگرچہ وہ سود کا مال کھاتے ہوں، جیسا کہ اللہ نے ان یہودیوں کے بارے میں اس کی خبر دی ہے، لیکن ان سے خرید وفروخت کرنے اور ان کے کھانے کی ہمیں اللہ کی طرف سے اجازت دی گئی ہے، جس کو اللہ نے مباح وجائز قرار دیا ہے، اور ان یہودیوں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر پر مساقات (کھجور کی پیداوار میں تقسیم وحصہ داری) کا معاملہ کیا تھا (عمدۃ القاری)

## علامہ عینی کا دوسرا حوالہ

اور علامہ عینی صحیح بخاری کی شرح میں ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں کہ:

**وفيه :جواز معاملة الصائغ ولو كان يهوديا (عمدة القاری شرح صحيح البخاری، ج ۱۱، ص ۲۰۸، كتاب البيوع، باب ما قيل فی الصواغ)**

ترجمہ: اور اس حدیث میں رنگ ساز سے معاملہ کے جائز ہونے کی دلیل ہے، اگر چہ وہ یہودی ہو (عمدۃ القاری)

معاملہ کرنے کے جواز میں کفار ومحاربین سے کوئی پاک وحلال چیز خریدنا بھی داخل ہے۔

## علامہ عینی کا تیسرا حوالہ

نیز علامہ عینی صحیح بخاری کی شرح میں کافر حربی سے خریداری کے مسئلہ کے ضمن میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

**وأما كونه اشتری من الحربی لأن مكة فی ذلک الوقت كانت دار الحرب وأهلها من أهل الحرب (عمدة القاری شرح صحيح البخاری، ج ۱۲، ص ۲۹، كتاب البيوع، باب شراء المملوک من الحربی وهبته وعتقه)**

ترجمہ: اور جہاں تک کافر حربی سے خریداری کرنے کے ثبوت کا تعلق ہے، تو مکہ اس وقت میں ''دارُالحرب'' (مقابلہ کرنے اور لڑنے والے کافروں کا ملک) تھا، اور وہاں کے لوگ اہلِ حرب تھے (عمدۃ القاری)

اس عبارت میں محارب کفار سے خریدنے کے ثبوت وجواز کی صاف صراحت ہے۔

## علامہ عینی کا چوتھا حوالہ

اس کے علاوہ علامہ عینی صحیح بخاری کی شرح میں ایک اور مقام پر تحریر فرماتے ہیں کہ:

**وفيه من الفوائد :جواز معاملة الكفار فيما لم يتحقق تحريم عين المتعامل**

فيه، وعدم الاعتبار بفساد معتقدهم ومعاملاتهم فيما بينهم(عمدة القاری شرح صحيح البخاری، ج۱۳، ص۶۸، كتاب الرهن، باب فی الرهن فی الحضر)

ترجمہ: اوراس حدیث میں چند فوائد ہیں، ایک یہ کہ کفار سے معاملہ کرنا جائز ہے، ان چیزوں میں، جن میں معاملہ کیا جارہا ہے، جب عین حرام چیز کا تحقق نہ ہو، اوران کفار کے فاسد عقائد، اوران کے باہمی معاملات کا اعتبار نہیں کیا جائے گا (عمدۃ القاری)

مطلب یہ ہے کہ کفار سے جائز چیزوں میں معاملات کرنا جائز ہے، اوراس کے جواز میں کفار کے فاسد عقائد اور باہم ناجائز معاملات کا اس جواز میں اثر نہیں۔

## امام مناوی کا حوالہ

اور محدث امام مناوی شافعی (المتوفیٰ: 1031ھ) فرماتے ہیں کہ:

ولم يمنع من صلة أرحام من لهم من الكافرين ولا من مخالطتهم فی أمر الدنيا بغير سكنى فيما يجری مجری المعاملة من نحو بيع وشراء وأخذ وعطاء(فيض القدير، للمناوی، ج۶، ص۱۱۲، تحت رقم الحديث ۸۶۱۳، حرف الميم)

ترجمہ: اور منع نہیں کیا جائے گا کافروں کی صلہ رحمی سے، جس کے کافر رشتہ دار ہوں، اور نہ ہی ان کافروں کے ساتھ دنیا کے امور میں اختلاط سے منع کیا جائے گا، جبکہ ان کے ساتھ رہنا سہنا نہ ہو، ان تمام کاموں کے جاری رکھنے سے منع نہیں کیا جائے گا، جو معاملہ کے قبیل سے ہوں، جیسے خرید وفروخت، اور لین، دین کے معاملات (فیض القدیر)

مذکورہ عبارت میں بھی کافروں کے ساتھ خرید وفروخت سے منع نہ کئے جانے کی صراحت ہے، پس آج جو لوگ کفار سے جائز چیزوں کی خرید وفروخت سے منع کرتے ہیں، وہ ایک مباح چیز سے منع کر کے شریعت کے حکم کی خلاف ورزی کرنے والے ہیں۔

اور بھی بہت سے محدثین کی طرف سے اس قسم کی تصریحات موجود ہیں۔

## ’’الموسوعةُ الفقهية الكويتية‘‘ کا حوالہ

’’الموسوعة الفقهية الكويتية‘‘ میں ہے کہ:

**أما الاتجار بغير السلاح ونحوه مما لا يستخدم في الحرب في دار الحرب، فلا بأس به، كالثياب، والطعام، ونحو ذلك لانعدام علة المنع من البيع** (الموسوعة الفقهية الكويتية، ج۲۰، ص۲۱۶، مادة "دار الحرب" حرف الدال)

ترجمہ: جہاں تک اسلحہ وغیرہ کے علاوہ دوسری ایسی چیزوں کی تجارت کا تعلق ہے، جو دار الحرب میں بذاتِ خود جنگ کے لئے استعمال نہیں ہوتیں، جیسا کہ کپڑے، اور کھانا، وغیرہ، تو (کافروں کے ساتھ) ان کی تجارت کرنے میں حرج نہیں، کیونکہ ان چیزوں میں بیع کی ممانعت کی علت موجود نہیں (الموسوعۃ الفقہیہ)

## ’’الموسوعةُ الفقهية الكويتية‘‘ کا دوسرا حوالہ

مذکورہ تالیف میں ایک اور مقام پر بھی اس بارے میں جمہور فقہائے کرام کی طرف سے تفصیل کے ساتھ یہی حکم مذکور ہے، اور اسلحہ کے علاوہ دوسری چیزوں کی خرید وفروخت کے جائز ہونے کی دلیل میں اہلِ حرب پر صدقہ کی حدیث اور ثمامہ بن اثال کے واقعہ کو ذکر کیا گیا ہے۔ اور جمہور کے مقابلہ میں امام مالک کا قول الگ ذکر کیا گیا ہے۔ [1]

---

[1] تدل عبارات الفقهاء على جواز الاتجار مع الحربيين ، فللمسلم أو الذمي دخول دار الحرب بأمان للتجارة، وللحربي دخول دارنا تاجرا بأمان، وتؤخذ العشور على التجارة العابرة عند اجتياز حدود دار الإسلام .ولكن لا يجوز إمداد المحاربين بما يقويهم من السلاح والآلات والمواد التي يصنع منها السلاح، كما لا يجوز السماح بالاتجار بالمحظورات الشرعية كالخمور والخنازير وسائر المنكرات؛ لأنها مفاسد ممنوعة شرعا، ويجب مقاومتها .وليس للحربي المستأمن شراء الأسلحة من بلاد الإسلام .

وفيما عدا هذه القيود يجوز أن تظل حرية التجارة قائمة، إلا أن المالكية انفردوا بالقول بمنع التصدير من بلادنا، ومتاجرة المسلمين في دار الحرب إذا كانت أحكامهم تجرى على التجار؛ لأن في تصدير أي شيء إليهم تقوية لهم على المسلمين؛ ولأن المسلم ممنوع من الإقامة في دار

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اور جن کفار سے امان وعہد ہو، تو اس صورت میں ان کفار کے خون اور اموال کا تحفظ بھی واجب ہو جاتا ہے۔

البتہ جن کفار سے امان وعہد نہ ہو، بلکہ جنگ وحرب کی حالت ہو، تو جس طرح میدانِ کارزار میں ان محاربین کے خون کی عصمت باقی نہیں رہتی، اسی طرح ان محاربین کے اموال کی عصمت بھی باقی نہیں رہتی، چنانچہ ان کے اموال کو مالِ غنیمت کے طور پر حاصل کرنے کا جواز مسلّم ہے، جیسا کہ بدر وغیرہ کے موقع پر مشرکین کے اموال پر قبضہ کرنے کے واقعہ سے ظاہر ہوتا ہے، اور مصلحت ہونے پر، یا کفار کو ضرر پہنچانے کے لئے محاربین کے اموال کو تلف کرنا بھی بہت سے فقہاء کے نزدیک جائز ہے، جیسا کہ قرآن مجید کی سورہ حشر میں یہود کے بنو نضیر محاربین کے درختوں وغیرہ کو اللہ کے حکم سے کاٹنے، جلانے، یا چھوڑنے کا ذکر ہے، اور سورہ توبہ میں اس کا دوسرے انداز میں ذکر ہے۔

البتہ بعض نے محض اتلافِ مال ہونے کی صورت میں ممنوع ومکروہ قرار دیا ہے۔ [1]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ الشرک، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :أنا بريء من كل مسلم يقيم بين أظهر المشركين كما أنه لا يجوز(عند المالكية) تصدير الأطعمة ونحوها إلا إذا كانت هناك هدنة مع العدو، أما في غير الهدنة فلا يجوز.

والأدلة على جواز التصدير من بلادنا منها :حديث ثمامة بن أثال الحنفي بعد أن أسلم، فإنه قال لأهل مكة حين قالوا له :صبوت؟ فقال " :إني والله ما صبوت، ولكني والله أسلمت،وصدقت محمدا صلى الله عليه وسلم وآمنت به، وايم الله الذي نفس ثمامة بيده، لا تأتيكم حبة من اليمامة - وكانت ريف مكة -حتى يأذن فيها محمد صلى الله عليه وسلم وانصرف إلى بلده، ومنع الحمل إلى مكة، حتى جهدت قريش، فكتبوا إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم يسألونه بأرحامهم أن يكتب إلى ثمامة، يحمل إليهم الطعام، ففعل رسول الله صلى الله عليه وسلم . فهذا يدل على جواز تصدير الأطعمة ونحوها إلى الأعداء ، حتى ولو كانت حالة الحرب قائمة معهم.

ومن الأدلة أيضا الأحاديث السابقة المذكورة في بحث الصدقة على أهل الحرب والوصية لهم (قصة إهداء التمر لأبي سفيان، وصلة أسماء أمها المشركة، وإطعام المسلمين الأسرى)(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج۷، ص ۱۱۲، ۱۱۳، مادة"اهل الحرب" حرف الألف)

[1] عن ابن عمر؛أن يهود بني النضير وقريظة حاربوا رسول الله صلى الله عليه وسلم . فأجلى رسول الله صلى الله عليه وسلم بني النضير، وأقر قريظة ومن عليهم .حتى

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

پھر وہ بھی بعض صورتوں میں زیادہ سے زیادہ افضل عمل ہے، جو عملِ صالح میں داخل ہے۔ [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

حاربت قريظة بعد ذلك .فقتل رجالهم .وقسم نسائهم وأولادهم وأموالهم بين المسلمين .إلا أن بعضهم لحقوا برسول الله صلى الله عليه وسلم فآمنهم وأسلموا. وأجلى رسول الله صلى الله عليه وسلم يهود المدينة كلهم: بنى قينقاع (وهم قوم عبد الله بن سلام) .ويهود بنى حارثة .وكل يهودى كان بالمدينة(صحيح مسلم،رقم الحديث ١٧٦٦ "٦٢"كتاب الجهاد والسير،باب إجلاء اليهود من الحجاز)

فى حالة الأمان أو العهد:

العهد يعصم الدماء والأموال، ويوجب الكف عن أعمال القتال، قال بعض فقهاء الحنفية : إذا دخل المسلم دار الحرب تاجرا (بأمان) ، فلا يحل له أن يتعرض لشىء من أموالهم ولا من دمائهم؛ لأنه ضمن ألا يتعرض لهم بالاستئمان، فالتعرض بعد ذلك يكون غدرا والغدر حرام، إلا إذا غدر به ملكهم، فأخذ أمواله أو حبسه، أو فعل ذلك غير الملك بعلم الملك ولم يمنعه؛ لأنهم هم الذين نقضوا العهد، بخلاف الأسير؛ لأنه غير مستأمن، فيباح له التعرض للمال والدم، وإن أطلقوه طوعا.

فى حالة عدم العهد والأمان:

فى حال الحرب يجوز بالاتفاق إتلاف أشجار العدو، وذبح مواشيهم، وإتلاف سائر أموالهم إن كان فى ذلك مصلحة للمسلمين، كإتلاف ما يتقوون به من الآليات والحصون والسلاح والخيل، وإتلاف الشجر الذى يستترون به، أو يعوق العمليات الحربية، أو يحتاج المسلمون لقطعه لتوسيع طريق، أو تمكن من سد ثغرة، أو احتاجوا إليه للأكل، أو يكون الكفار يفعلون بنا ذلك، فنفعل بهم مثله لينتهوا، فهذا يجوز بغير خلاف.

وأما إتلاف ذلك لغير مصلحة إلا لمغايظة الكفار والإضرار بهم والإفساد عليهم.

فقد اختلف الفقهاء فى ذلك .فذهب الحنفية والمالكية وأحمد فى رواية فى الأشجار والزروع : إلى أن ذلك جائز؛ لقول الله تعالى :(ما قطعتم من لينة أو تركتموها قائمة على أصولها فبإذن الله وليخزى الفاسقين) . وقوله تعالى (ولا ينالون من عدو نيلا إلا كتب لهم به عمل صالح) ، لكن قال ابن الهمام :هذا إذا لم يغلب على الظن أنهم مأخوذون بغير ذلك، فإن كان الظاهر أنهم مغلوبون، وأن الفتح باد (أى ظاهر قريب) كره ذلك؛ لأنه إفساد فى غير محل الحاجة، وما أبيح إلا لها.

وقال الحنابلة فى رواية والأوزاعى والليث وأبو ثور :لا يجوز ذلك لأنه إتلاف محض(الموسوعة الفقهية الكويتية،ج٧،ص١١٠، ١١١،مادة"اهل الحرب" حرف الألف)

[1] فهى دالة على إباحة القطع، وعلى ألا حرج فى الترك؛ وتوقف مالك فى المدونة فى الأفضل من ذلك، وتأول الآية على أنه لا بأس بالقطع؛ والأظهر أن القطع أفضل من الترك، لما فى ذلك من إذلال العدو، وإصغارهم ونكايتهم، وقد قال عز وجل :"ولا ينالون من عدو نيلا إلا كتب لهم به عمل صالح "إلا أن يكون بلدا يرجى أن يصير للمسلمين، فيكون التوقف عن القطع والتحريق والتخريب أفضل، بدليل نهى أبى بكر أمراء جيوشه إلى الشام عن ذلك، لما علم أن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

پس ایک تو کسی عملِ مباح کو وجوب کا درجہ دینا درست نہیں، دوسرے میدانِ کارزار کے اس مخصوص عمل کی بناء پر ان جائز معاملات کو ناجائز، اور کفار کی اعانت کا ذریعہ سمجھنا، درست نہیں، جن کے جائز ومباح ہونے کی خود فقہائے کرام تصریح فرما چکے ہیں، تیسرے کفار کے، جن افراد کو معاملات وتجارات کے لئے امن فراہم کیا جاچکا ہے، ان کو اس حکم میں شامل کر کے اسلامی ممالک میں موجود، ان کی مباح مملوکات کو تلف کرنے کو جائز سمجھنا درست نہیں، جیسا کہ گذرا، اور آگے بھی آتا ہے۔

## علامہ ابنِ تیمیہ کا حوالہ

اور علامہ ابنِ تیمیہ (المتوفیٰ: 728ھ) کفار کی مخالفت پر تحریر کی جانے والی اپنی معرکۃ الآراء کتاب ''اقتضاء الصراط المستقیم لمخالفة أصحاب الجحیم ''میں فرماتے ہیں:

فما أجاب به أحمد من جواز شهود السوق فقط للشراء منها، من غير دخول الكنيسة فيجوز؛ لأن ذلک ليس فيه شهود منكر، ولا إعانة على معصية؛ لأن نفس الابتياع منهم جائز، ولا إعانة فيه على المعصية (اقتضاء الصراط المستقيم لمخالفة أصحاب الجحيم، ج۲، ص۱۴، فصل فی أعياد الكفار، النهی عن فعل ما يعين الكفار فی أعيادهم)

ترجمہ: پس امام احمد نے جو جواب دیا کہ صرف خریداری کرنے کے لئے (کفار کے) بازار میں داخل ہونا جائز ہے، جبکہ گرجا گھر میں داخل نہ ہو، تو اس طرح

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

المسلمين يفتتحونها بقول النبی -عليه السلام -فی الحديث المشهور :ويفتح الشام، فيأتی قوم فيتحملون بأهليهم ومن أطاعهم، والمدينة خير لهم -لو كانوا يعلمون .وبحضه -صلى الله عليه وسلم -على الصلاة فی بيت المقدس، وبشد المطايا إليها .وما أشبه ذلک من الآثار الدالة على ذلک، وإنما نهی -صلى الله عليه وسلم -عن قطع العجوة؛ لأنها من ثمار الجنة على ما روی عنه(البيان والتحصيل، لأبی الوليد محمد بن أحمد بن رشد القرطبی الجد، ج۲، ص۵۴۸، كتاب الجهاد الاول، مسألة: اللينة ماهيتها وهل يجوز قطعها)

(کفار کے علاقہ سے ان کی اشیاء کی) خریداری جائز ہے، کیونکہ اس میں کسی منکر عمل میں شرکت نہیں پائی جاتی، اور نہ ہی کسی گناہ کی اعانت کرنا پایا جاتا، کیونکہ کفار سے محض خریداری کرنا جائز ہے، اور اس (کفار سے خریداری) میں گناہ پر اعانت کرنا نہیں پایا جاتا (اقتضاء)

اس عبارت میں صاف صراحت ہے کہ کفار سے خریداری کرنے میں، ان کی مدد واعانت کرنا نہیں پایا جاتا، پس جو یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ کفار سے خریداری کرنے میں ان کا تعاون کرنا پایا جاتا ہے، یہ درست نہیں۔

## علامہ ابنِ تیمیہ کا دوسرا حوالہ

علامہ ابنِ تیمیہ مزید فرماتے ہیں کہ:

**ثم إن الرجل لو سافر إلى دار الحرب ليشترى منها، جاز عندنا، كما دل عليه حديث تجارة أبى بكر -رضى الله عنه -فى حياة رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى أرض الشام، وهى دار حرب، وحديث عمر -رضى الله عنه- وأحاديث أخر بسطت القول فيها فى غير هذا الموضع (اقتضاء الصراط المستقيم لمخالفة أصحاب الجحيم، ج ٢، ص ١٥، فصل فى أعياد الكفار، النهى عن فعل ما يعين الكفار فى أعيادهم)**

ترجمہ: پھر بے شک اگر آدمی، دارالحرب میں، خریداری کرنے کے لئے سفر کرے، تو ہمارے نزدیک جائز ہے، جس کی دلیل، ابوبکر رضی اللہ عنہ کی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں ملکِ شام کی طرف تجارت کے لئے سفر کرنے کی حدیث ہے، جو کہ دارالحرب تھا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، اور دوسری احادیث ہیں، جن کے متعلق میں نے دوسرے مقام پر تفصیل بیان کردی ہے (اقتضاء)

## علامہ ابنِ تیمیہ کا تیسرا حوالہ

علامہ ابنِ تیمیہ (المتوفیٰ: 728ھ) ''منهاجُ السنة النبوية'' میں فرماتے ہیں کہ:

ومن المعلوم أن النبی -صلی الله علیه وسلم- کان یصلی إلی الکعبة التی بناها المشرکون، وکان یسکن فی المساکن التی بنوها، وکان یشرب من (ماء) الآبار التی حفروها، ویلبس (من) الثیاب التی نسجوها، ویعامل بالدراهم التی ضربوها. فإذا کان ینتفع بمساکنهم وملابسهم، والمیاه التی أنبطوها، والمساجد التی بنوها، فکیف بأهل القبلة؟ (منهاج السنة النبوية فی نقض کلام الشیعة القدرية، ج۴، ص۱۴۷، الفصل الثانی، کلام الرافضی علی وجوب اتباع مذهب الإمامية لأنهم لم یذهبوا إلی التعصب فی غیر الحق بخلاف غیرهم)

ترجمہ: اور یہ بات معلوم ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کعبہ کی طرف نماز پڑھا کرتے تھے، جس کی تعمیر، مشرکین نے کی تھی، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُن مکانوں میں سکونت اختیار کیا کرتے تھے، جن کو مشرکین نے تعمیر کیا تھا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُن چشموں اور تالابوں کا پانی پیا کرتے تھے، جن کو مشرکین نے کھودا تھا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُن کپڑوں کو پہنا کرتے تھے، جن کو مشرکین نے بُنا تھا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان دراہم (اور سکّوں) کے ساتھ معاملات کیا کرتے تھے، جن کو مشرکین نے تیار کیا تھا، پس جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مشرکین کے مکانوں اور لباسوں اور اُن کے تیار شدہ چشموں وتالابوں، اور ان کی تعمیر کردہ مسجدوں سے انتفاع حاصل کیا کرتے تھے،، تو اہلِ قبلہ (اور مسلمانوں) کی اشیاء سے کیونکر انتفاع جائز نہ ہوگا؟ (منہاج السنۃ)

## ''شرحُ السیر الکبیر'' کا حوالہ

فقہ حنفی کی مستند کتاب ''شرحُ السیر الکبیر'' میں ہے کہ:

**ولا بأس بأن يبيع المسلمون من المشركين ما بدا لهم من الطعام والثياب وغير ذلك ، إلا السلاح والكراع ، والسبى سواء دخلوا إليهم بأمان أو بغير أمان . لأنهم يتقوون بذلك على قتال المسلمين ، ولا يحل للمسلمين اكتساب سبب تقويتهم على قتال المسلمين ، وهذا المعنى لا يوجد فى سائر الأمتعة** (شرح السير الكبير،للسرخسي،ص ۱۲۴۲، ۱۲۴۳، باب هدية أهل الحرب)

ترجمہ: اوراس میں کوئی حرج نہیں کہ مسلمان، مشرکین کو جو چیز چاہیں، فروخت کریں، خواہ کھانا ہو، یا کپڑے ہوں، یا ان کے علاوہ کوئی اور چیز ہو، سوائے اسلحہ اور گھوڑوں کے (جو اس زمانہ میں، آج کل کے ٹینکوں وغیرہ کی طرح قتال کا ذریعہ تھا) اور قیدیوں کے، خواہ مسلمان، ان کافروں کے ملک میں امن طلب کر کے داخل ہوں، یا اس کے بغیر داخل ہوں، اور اسلحہ اور جنگی ساز وسامان کی بیع اس لئے منع ہے کہ وہ ان کے ذریعہ مسلمانوں کے ساتھ قتال کرنے پر قوت حاصل کرتے ہیں، اور مسلمانوں کے لئے حلال نہیں کہ وہ ایسے عمل کا ارتکاب کریں، جو مسلمانوں کے قتال پر قوت پیدا کرنے کا سبب بنے، اور یہ وجہ (اسلحہ وجنگی سامان کے علاوہ دوسرے) تمام ساز وسامان اور چیزوں کی بیع میں نہیں پائی جاتی (شرح السیر الکبیر)

اس عبارت سے بھی صاف طور پر معلوم ہوا کہ کفار سے پیسوں کے عوض کوئی جائز چیز خریدنے میں کفار کو تقویت پہنچانا نہیں پایا جاتا، پس جو حضرات اس کو کفار کی اعانت اور ان کو تقویت پہنچانے کا سبب سمجھتے ہیں، اور اس بناء پر ان سے خریداری کرنے سے منع کرتے ہیں، بلکہ اس کے لئے مہم چلاتے ہیں، ان کی یہ بناء درست نہیں۔

## ”شرحُ السیر الکبیر“ کا دوسرا حوالہ

اور مذکورہ کتاب میں ایک مسئلہ کے ضمن میں ہے کہ:

**فيكون ذلك بمنزلة ما يشترونه من تجار المسلمين ، فيملكونه بنفس**

**الشراء علی وجه لا یبقی لصاحبه فیه حق بعد التسلیم** (شرح السیر الکبیر، للسرخسی، ص ۱۳۶۷، باب من الفداء الذی یرجع إلی أهله إذا ظهر علیه المسلمون، والذی لا یرجع)

ترجمہ: پس یہ معاملہ ایسا ہوگیا، جیسا کہ کفار، مسلمان، تاجروں سے کوئی چیز خریدیں، تو وہ اس چیز کے صرف خریدنے سے ہی ایسے طریقہ پر مالک ہوجاتے ہیں کہ اس چیز کے فروخت کرنے والے کا، اس چیز کو انہیں سپرد کرنے کے بعد اس چیز میں کوئی حق باقی نہیں رہتا (شرح السیر الکبیر)

ملاحظہ فرمایئے کہ کتنی صراحت اور وضاحت کے ساتھ جنگی ساز وسامان کے علاوہ دوسری چیزوں کی بیع کو کافروں کو قوت پہنچانے کے سبب ہونے کی نفی کی جارہی ہے، اور فروختگی کے بعد اس فروخت شدہ چیز میں کوئی حق باقی نہ رہنے کا حکم لگایا جارہا ہے۔

اور آگے آتا ہے کہ جو سبب، علت کے درجہ میں نہ ہو، اس کا اعتبار نہیں کیا جاتا، ورنہ تو بہت سے مسلمانوں کے باہمی معاملات وتجارات بھی ناجائز ٹھہریں گے۔

جیسا کہ کوئی حلال چیز کسی مسلمان کے ہاتھ فروخت کی جائے، یا کوئی حلال چیز کسی مسلمان سے خریدی جائے اور اندازہ ہو کہ یہ شخص اس چیز کو شرعی تقاضوں کے مطابق استعمال نہیں کرے گا، یا اس رقم کی زکاۃ اداء نہیں کرے گا، یا اس رقم سے کوئی گناہ والی چیز خریدے گا، تو ایسی صورت میں پہلے خرید وفروخت کے عمل کو ناجائز اور گناہ کا ذریعہ قرار دے کر ناجائز وگناہ وغیرہ ہونے کا حکم نہیں لگایا جائے گا۔

## ”شرحُ السیر الکبیر“ کا تیسرا حوالہ

اور مذکورہ کتاب میں ہی ایک مقام پر ہے کہ:

**لا بأس بأن یحمل المسلم إلی أهل الحرب ما شاء إلا الکراع والسلاح والسبی وألا یحمل إلیهم شیئاً أحب إلی لأن المسلم مندوب أن یستبعد من المشرکین ..... وفی حمل الأمتعة إلیهم للتجارة نوع مقاربة معهم فالأولی**

ألا يفعل ولأنهم يتقوون بما يحمل إليهم من متاع أو طعام وينتفعون بذلك (شرح السير الكبير،للسرخسي،ص ۱۴۰۸ ،باب ما يكره إدخاله دار الحرب وما لا يكره)

ترجمہ: اور اس میں کوئی حرج نہیں کہ مسلمان، اہلِ حرب (یعنی مقابلہ کرنے والے کفار) کی طرف جو چاہے، لے جائے، سوائے گھوڑوں، اور اسلحہ، اور قیدیوں کے، البتہ اگر ان کی طرف کوئی چیز نہ لے جائے، تو مجھے زیادہ پسند ہے، کیونکہ ایک تو مسلمانوں کو مشرکین سے دور رہنا بہتر ہے۔.....اور ان کی طرف تجارت کا سامان بھیجنے میں ان کے ساتھ ایک طرح کی قربت پائی جاتی ہے، پس بہتر یہ ہے کہ یہ عمل نہ کرے، اور دوسری بات یہ ہے کہ ان کی طرف جو سامان، اور کھانا جاتا ہے، تو وہ اس سے مضبوط اور قوی ہوتے ہیں، اور اس سے انتفاع حاصل کرتے ہیں (اس لئے بہتر نہیں، لیکن گناہ بھی نہیں) (شرح السیر الکبیر)

مذکورہ عبارت میں سب کچھ فرمانے کے باوجود کافروں سے تجارت کو جائز ہی قرار دیا گیا، زیادہ سے زیادہ بعض صورتوں میں خلافِ اولیٰ کہا گیا۔

اسی کی پیروی کرتے ہوئے بعض حضرات نے، کفار کو اشیاء کی فروخت کرنا، مکروہ کہہ دیا ہے، جس سے ان کی مراد مکروہ تنزیہی ہونا ہے، جس کو مکروہ تحریمی سمجھنا، درست نہیں، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

اور جہاد وقتال کے موقع پر ضرورت پڑنے پر دشمنوں کی جان کے ساتھ ان کے اموال کو حاصل کرنا، اور ان کے اموال کو تلف کرنا، اس سے جدا مسئلہ ہے، اور وہ براہِ راست ان لوگوں سے متعلق ہے، جو مسلمانوں کے مدِ مقابل قتال کر رہے ہوں، جیسا کہ پیچھے گذرا، اسی لئے مذکورہ تالیف ہی میں اس کا حکم الگ سے ذکر کیا گیا ہے۔ [1]

---

[1] قال :ولا بأس للمسلمين أن يحرقوا حصون المشركين بالنار أو يغرقوها بالماء وأن ينصبوا عليها المجانيق ، وأن يقطعوا عنهم الماء ، وأن يجعلوا في مائهم الدم والعذرة والسم حتى يفسدوه عليهم. لأنا أمرنا بقهرهم وكسر شوكتهم ؛ وجميع ما ذكرنا من تدبير الحروب مما يحصل به

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

یہ حکم تو ان کو کوئی چیز فروخت کرنے کا ہے، جبکہ روپیہ پیسہ کے عوض ان سے جائز مال خریدنے میں تو کفار کا تعاون پایا ہی نہیں جاتا، بلکہ اپنی ضرورت پوری کرنا پایا جاتا ہے، لہٰذا اس کو مکروہ قرار دینے کے کوئی معنیٰ نہیں، کیونکہ جو عمل نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے استفاضہ وتواتر کے ساتھ بلانکیر ثابت ہو، اس کے مقابلہ میں اپنا اجتہاد کر کے مکروہ قرار دینا راجح نہیں ہوسکتا، جیسا کہ آگے آتا ہے۔ [1]

پھر بھی اس قسم کی چیزوں میں اگر کسی کا رجحان خلافِ اولیٰ، یا مکروہ تنزیہی ہونے کی طرف ہو، تو اول تو یہ اس کا اپنا رجحان ہے، جو دوسروں پر حجت نہیں، دوسرے اس پر لازم ہے کہ وہ اس کو اپنی حد تک محدود رکھے، حتی الامکان خود اس سے بچے، کیونکہ اس کا مآل بھی مباح سے آگے نہیں بڑھتا، اور نہ ہی اس کو گناہ کی اعانت، یا گناہ کا سبب قرار دے، چہ جائیکہ اس قسم کی چیزوں کی منکرات ومحرمات کی طرح عوام میں تبلیغ وتشہیر کر کے عام لوگوں میں تشویش پیدا کی جائے، کیونکہ بہت سے جہلائے زمانہ اس مستحب کی خلاف ورزی کو حرام کا درجہ دے دیتے ہیں، یا گناہ سمجھنے لگتے ہیں، دوسروں کو اس عمل پر نکیر کرتے ہیں، اور ان چیزوں کو دوسرے اہم کاموں پر ترجیح دے کر دوسرے اہم احکام کو نظر انداز کر بیٹھتے ہیں، اور یہ طریقہ دین کے احکام میں التباس کا ذریعہ بنتا ہے، جیسا کہ آج کل یہ صورتِ حال پیدا ہو چکی ہے۔ [2]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ كسر شوكتهم ، فكان راجعا إلى الامتثال ، لا إلى خلاف المأمور ، ثم في هذا كله نيل من العدو ، وهو سبب اكتساب الثواب ، قال الله تعالى :( ولا ينالون من عدو نيلا إلا كتب لهم به عمل صالح(شرح السير الكبير،للسرخسي،ص١٤٦٧ ،باب قطع الماء عن أهل الحرب وتحريق حصونهم ونصب المجانيق عليها )

[1] وليس كل ما هو خلاف الأولى مكروها تنزيها لأن الكراهة لا بد لها من دليل خاص كما قررناه مرارا(رد المحتار على الدر المختار، ج٢،ص٤٤،كتاب الصلاة،باب الوتر والنوافل)

[2] ومن محل الجر، وهو من باب العطف على عاملين مختلفين، كأنه قيل :أوصى بتقوى الله في خاصة نفسه، وأوصى بخير فيمن معه من المسلمين، وفي اختصاص التقوى بخاصة نفسه، والخير بمن معه من المسلمين إشارة إلى أن عليه أن يشدد على نفسه فيما يأتي ويذر، وأن يسهل على من معه من المسلمين ويرفق بهم، كما ورد :يسروا ولا تعسروا وبشروا ولا تنفروا (مرقاة المفاتيح، ج٦ ص ٢٥٢٨، كتاب الجهاد،باب الكتاب إلى الكفار ودعائهم إلى الإسلام)

اور غیر منکر پر نکیر کرنا، خود منکر عمل ہے، بلکہ مجتہد فیہ امور میں بھی نکیر کا طرزِ عمل جائز نہیں۔

واقعہ یہ ہے کہ اس مروجہ بائیکاٹ کی مہم کو جس طرح آگے چلایا جاتا ہے، اور اس پر زورِ قلم وزبان خرچ کیا جاتا ہے، اور خلاف ورزی کے مرتکب کو جس نظر سے دیکھا جاتا ہے، یہ سب کچھ، اس عمل کو مباح درجہ سے بڑھانے اور اس میں غلو کرنے کی علامت ہے۔

## ''بدائعُ الصنائع'' کا حوالہ

فقہ حنفی کی کتاب ''بدائعُ الصنائع'' میں ہے کہ:

**(ومنها) بيع السلاح من أهل الفتنة وفي عساكرهم؛ لأن بيعه منهم من باب الإعانة على الإثم والعدوان وأنه منهي، ولا يكره بيع ما يتخذ منه السلاح منهم كالحديد وغيره؛ لأنه ليس معدا للقتال فلا يتحقق معنى الإعانة، ونظيره بيع الخشب الذي يصلح لاتخاذ المزمار فإنه لا يكره وإن كره بيع المزامير** (بدائع الصنائع، ج۵، ص۲۳۳، كتاب البيوع، فصل في صفة البيع الذي يحصل به التفريق)

ترجمہ: اور ان (مکروہ چیزوں میں) مسلمانوں کے خلاف فتنہ برپا کرنے والے لوگوں، اور ان کی فوج میں اسلحہ کو فروخت کرنا بھی ہے، کیونکہ اس کی بیع، گناہ، اور ظلم پر اعانت وامداد کرنے کے باب سے تعلق رکھتی ہے، جو کہ ممنوع ہے، لیکن جس چیز سے اسلحہ بنایا جاتا ہو، جیسا کہ لوہا وغیرہ، تو اس کی ان کفار کو بیع مکروہ نہیں، کیونکہ لوہا، قتال کے لئے تیار شدہ نہیں (اگرچہ اس سے اسلحہ بنایا، یا تبدیل کیا جاسکتا ہو) پس اس میں اعانت وامداد کا ثبوت نہیں پایا جاتا، اور اس کی نظیر، اس لکڑی کی بیع کرنا ہے، جس کو مزمار (باجا) بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے کہ اس کی بیع بھی مکروہ نہیں، اگرچہ خود مزمار (باجہ) کی بیع مکروہ ہے (بدائع)

## ''بدائعُ الصنائع'' کا دوسرا حوالہ

اور مذکورہ کتاب میں ایک مقام پر ہے کہ:

**ليس للتاجر أن يحمل إلى دار الحرب ما يستعين به أهل الحرب على الحرب من الأسلحة، والخيل، والرقيق من أهل الذمة، وكل ما يستعان به في الحرب؛ لأن فيه إمدادهم، وإعانتهم على حرب المسلمين قال الله سبحانه وتعالى"ولا تعاونوا على الإثم والعدوان".....ولا بأس بحمل الثياب والمتاع والطعام، ونحو ذلك إليهم؛ لانعدام معنى الإمداد، والإعانة، وعلى ذلك جرت العادة من تجار الأعصار، أنهم يدخلون دار الحرب للتجارة من غير ظهور الرد والإنكار عليهم، إلا أن الترك أفضل؛ لأنهم يستخفون بالمسلمين، ويدعونهم إلى ما هم عليه (بدائع الصنائع، ج۷، ص۱۰۲، كتاب السير،فصل في بيان ما يكره حمله إلى دار الحرب وما لا يكره)**

ترجمہ: تاجر کے لئے جائز نہیں کہ دارالحرب (مسلمانوں سے لڑنے ومقابلہ کرنے والے کفار کے ملک) میں وہ چیز لے جائے، جس سے اہلِ حرب، جنگ میں مدد حاصل کرتے ہیں، جیسے جنگی اسلحہ، گھوڑا، اور ذمی غلام، اور ہر وہ چیز جس سے جنگ میں مدد حاصل کی جاتی ہے، کیونکہ اس میں ان کی مسلمانوں کے خلاف امداد واعانت کرنا پایا جاتا ہے، اللہ تعالیٰ کا سورہ مائدہ میں ارشاد ہے کہ تم گناہ اور ظلم پر تعاون نہ کرو.....لیکن کپڑے، اور سامان اور کھانے کو ان کی طرف لے جانا مکروہ نہیں، کیونکہ اس میں امداد اور اعانت کے معنیٰ نہیں پائے جاتے، اور اسی کے مطابق تمام زمانہ کے تاجروں کی عادت جاری رہی ہے کہ وہ دارالحرب میں تجارت کے لئے داخل ہوتے ہیں، جس پر رد اور انکار کا ظہور نہیں ہوا، تاہم اس سے بچنا افضل ہے، کیونکہ وہ مسلمانوں کی تحقیر کرتے ہیں، اور اپنے مذہب کی دعوت دیتے ہیں (اور اس کی تبلیغ کرتے ہیں، اس لئے بچنا افضل ہے، واجب نہیں) (بدائع)

معلوم ہوا کہ کفار سے جائز وحلال چیزوں کے معاملات کرنے میں حرج نہیں، لیکن ان کے یہاں تجارت کرنے کے لئے جانا، بعض دوسری وجوہات کی بناء پر خلافِ اولیٰ ہے۔

اور خلافِ اولیٰ چیز پر نکیر کرنا جائز نہیں، یہی وجہ ہے کہ ہر زمانہ میں کفار کے ساتھ تجارت پر مسلمانوں کا تعامل رہا، کسی زمانہ میں بھی اس پر نکیر نہیں کی گئی۔

پس جس چیز پر ہر زمانہ میں بلانکیر تعامل جاری رہا ہو، اس پر آج کے زمانہ میں نکیر کرنا، اور اس کو ایک تحریک اور مہم بنالینا، اور اس کی پر زور تبلیغ کر کے عوام کالانعام میں تشویش پیدا کرنا کیسے درست ہوسکتا ہے۔

اور ہم نے بے شمار عوام کو دیکھا کہ وہ مروجہ بائیکاٹ کو واجب، یا ضروری سمجھنے لگتے ہیں، اور اس کو کفار کی مدد واعانت کرنا سمجھتے ہیں، اور اس کی خلاف ورزی کے مرتکب پر برسرِ عام اس طرح نکیر کرتے ہیں، جس میں دوسروں کی تحقیر بھی لازم آتی ہے، اور اگر کوئی اس کے واجب، یا ضروری ہونے کی نفی کرے، اور اس کو جائز مباح درجہ میں رکھنے کی دعوت دے، تو اس پر طرح طرح کے الزامات عائد کرنا شروع کردیتے ہیں، پس جس چیز پر اللہ اور اس کے رسول نے نکیر نہیں کی، اس پر نکیر کرنا، اور جس چیز کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت نہیں دی، اس کی دعوت دینا، اور جس چیز کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تبلیغ نہیں کی، اس کی تبلیغ کرنا، اور جس چیز کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کی مدد واعانت میں داخل نہیں کیا، اس کو کفار کی مدد واعانت قرار دینا، یہ سب چیزیں، حدود سے تجاوز اور رفتہ رفتہ دین کے احکام میں تلبیس اور پھر تحریف، یا غلو کا سبب ہیں۔

## ”بدائعُ الصنائع“ کا تیسرا حوالہ

اور مذکورہ کتاب میں ایک مقام پر ہے کہ:

**وتجوز مفاداة أسارى المسلمين بالدراهم والدنانير والثياب ونحوها مما ليس فيها إعانة لهم على الحرب، ولا يفادون بالسلاح؛ لأن فيه إعانة لهم على الحرب (بدائع الصنائع، ج۷، ص ۱۲۰، كتاب السير، فصل فى بيان حكم الغنائم وما يتصل بها)**

ترجمہ: اور کافروں کو مسلمان قیدیوں کے بدلہ میں دراہم اور دنانیر (یعنی روپیہ پیسہ) اور کپڑوں، اوران جیسی چیزوں سے معاوضہ دینا جائز ہے، جن میں ان کی جنگ پر اعانت ومدد کرنا نہیں پایا جاتا، لیکن ان کو اسلحہ کا معاوضہ دینا جائز نہیں، کیونکہ اس میں ان کافروں کی جنگ پر اعانت کرنا پایا جاتا ہے (بدائع)

مذکورہ عبارت میں صاف طور پر روپیہ پیسہ کے ساتھ معاوضہ کو کافروں کی جنگ میں اعانت کرنے سے خارج قرار دیا گیا ہے۔

پس بعض علماء کا مختلف تعبیرات وعنوانات کو اختیار کر کے، اس کو کفار کی اعانت اوران کی مدد کرنے میں داخل سمجھنا اور قرار دینا، فقہائے مجتہدین کے ساتھ معارضہ ہے، جن کی تقلید واتباع کے عوام مکلّف نہیں، پھر بھی اگر وہ اپنے آپ کو مجتہد سمجھیں، تو ان کا اجتہاد، جمہور فقہاء ومجتہدین، اوران کے متبعین پر حجت نہیں۔

## ”بدائعُ الصنائع“ کا چوتھا حوالہ

اور مذکورہ کتاب میں ہی ایک مقام پر ہے کہ:

**ويكره بيع السلاح من أهل البغي وفي عساكرهم؛ لأنه إعانة لهم على المعصية، ولا يكره بيع ما يتخذ منه السلاح كالحديد ونحوه؛ لأنه لا يصير سلاحا إلا بالعمل ونظيره أنه يكره بيع المزامير، ولا يكره بيع ما يتخذ منه المزمار، وهو الخشب والقصب، وكذا بيع الخمر باطل، ولا يبطل بيع ما يتخذ منه، وهو العنب كذا هذا** (بدائع الصنائع، ج۷، ص ۱۴۲، كتاب السير، فصل في بيان أحكام البغاة)

ترجمہ: اور (مسلمانوں کے خلاف) بغاوت کرنے والوں اوران کے لشکر میں اسلحہ کی بیع جائز نہیں، کیونکہ یہ ان کی گناہ پر اعانت ہے، لیکن جن چیزوں سے اسلحہ بنایا جاتا ہے، جیسا کہ لوہا، وغیرہ، تو اس کی بیع جائز ہے، کیونکہ لوہے سے اسلحہ، اس کو عمل کئے بغیر نہیں بنتا، اوراس کی نظیر یہ ہے کہ مزامیر (باجے) کی بیع مکروہ ہے،

لیکن جس چیز سے مزمار بنائے جاتے ہیں، اس کی بیع مکروہ نہیں، اور وہ (بانس کی مخصوص) لکڑی، اور بانس ہے، اور اسی طرح شراب کی بیع باطل ہے، لیکن جس سے شراب بنائی جاتی ہے، اس کی باطل نہیں، یعنی انگور کی، پس اسی طرح اس کا حکم بھی ہے (بدائع)

جب جنگ میں استعمال ہونے والے لوہے اور شراب کے لئے استعمال ہونے والے شیرہ کی فروخت میں بھی اعانت لازم نہیں آتی، تو اس سے بعید درجہ کی چیز، یعنی روپیہ پیسہ، اور کھانے پینے کی اشیاء کو ان کی اعانت ومدد میں داخل وشمار کرنا، کیسے درست ہوسکتا ہے۔

اور اگر اس کو اعانت میں داخل نہ مانا جائے، تو پھر اس سے منع کرنے کی کون سی علت ہوگی، اور اس علت کی نصوص کے مقابلہ میں کیا حیثیت ہوگی۔

## ”بدائعُ الصنائع“ کا پانچواں حوالہ

اور مذکورہ تالیف میں ہی اجارہ وکرایہ داری کے باب میں ہے کہ:

والإجارة تجارة؛ لأن التجارة تبادل المال بالمال والإجارة كذلك.....
وأما إسلام العاقد فليس بشرط فيصح من المسلم، والكافر، والحربي المستأمن كما يصح البيع منهم (بدائع الصنائع، ج۴، ص ۱۷۹، كتاب الاجارة، فصل في أنواع شرائط ركن الإجارة)

ترجمہ: اور اجارہ (وکرایہ داری کا معاملہ) تجارت ہے، کیونکہ تجارت، مال کا مال سے تبادلہ کا نام ہے، اور اجارہ بھی اسی طرح ہوتا ہے.....اور جہاں تک اجارہ کے منعقد کرنے والے کے اسلام کا تعلق ہے، تو وہ شرط نہیں ہے، پس اجارہ مسلم، اور کافر، اور حربی مستامن کے ساتھ بھی صحیح ہے، جیسا کہ ان کی طرف سے بیع بھی صحیح ہے (بدائع)

پس معاملات کے لئے جو چیز شرط نہیں، اس کو بنیاد دبنا کر تحریک چلانا کہاں کا انصاف ہے۔

## ’’شرح مختصر الطحاوی‘‘ کا حوالہ

اور فقہ حنفی کی تالیف ’’شرح مختصر الطحاوی‘‘ میں ہے کہ:

**السلاح على هيئته هذه يستعان به على القتال..... وأما العصير فلا بأس بالانتفاع به على هيئته كيف شاء صاحبه، وإنما المحظور منه بعد استحالته خمرًا، وليست هي المعقود عليها في الحال** (شرح مختصر الطحاوی، ج٦، ص ٣٩١، كتاب الأشربة وأحكامها، مسألة: بيع عصير العنب ممن يجعله خمرا)

ترجمہ: اسلحہ سے اسی حالت پر قتال میں مدد حاصل کی جاتی ہے.....اور جہاں تک شیرہ کا تعلق ہے، تو اس کو اپنی حالت پر رہتے ہوئے انتفاع میں کوئی حرج نہیں، جس طرح بھی اس کا مالک چاہے، اور اصل ممانعت اس شیرہ کو شراب بنالینے کے بعد میں ہوتی ہے، اور شراب فی الحال معقود علیہ نہیں ہوتی (شرح مختصر الطحاوی)

پس جو کوئی اپنا اجتہاد کر کے یہ قرار دے کہ کفار محاربین سے روپیہ پیسوں کے عوض کوئی چیز خریدنے میں ان کی اعانت کرنا پایا جاتا ہے، تو مذکورہ مجتہدین کے مقابلہ میں وہ اس کا اپنا اجتہاد ہے، جو حجت نہیں۔

## ’’شرحُ الوقاية‘‘ کا حوالہ

اور فقہ حنفی کی درسِ نظامی میں پڑھائی جانے والی کتاب ’’شرح الوقاية‘‘ میں ہے کہ:

**(وبيع العصير ممن يتخذ خمرا)، فإن المعصية لا تقوم بعين العصير، بخلاف بيع السلاح ممن يعلم أنه من أهل الفتنة، فإن المعصية تقوم بعينه** (شرح الوقاية، ج٥ ص ١٠٤، كتاب الكراهية، فصل في البيع)

ترجمہ: اور شیرہ کی بیع، اس شخص کو کرنا جائز ہے، جو اس کو شراب بنائے، کیونکہ گناہ عین شیرہ کی ذات کے ساتھ قائم نہیں ہوتا، برخلاف اسلحہ کی بیع، اس شخص کو کرنے

کے، جس کے بارے میں معلوم ہو کہ وہ فتنہ وفساد کرنے والوں میں سے ہے، کیونکہ گناہ اس کی ذات کے ساتھ قائم ہوتا ہے (اور ایسی صورت میں اس کے بعینہ گناہ میں استعمال ہونے کی تخصیص وتعیین ہوتی ہے) (شرح وقایہ)

مذکورہ عبارت میں بھی اسی مضمون کا اعادہ کیا گیا ہے، جو پہلے گذرا۔

## ’’تبیینُ الحقائق‘‘ کا حوالہ

اور فقہ حنفی کی درسِ نظامی کی تالیف ’’کنزُ الدقائق‘‘ کی شرح ’’تبیینُ الحقائق‘‘ میں ہے:

**ولا يمنع من إدخال الطعام والقماش والقياس أن يمنع لأن فيه تقويتهم إلا أنا تركناه بما روى عنه -عليه الصلاة والسلام -أمر ثمامة أن يمير أهل مكة**

(تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق، ج۳، ص۲۴۷، كتاب السير)

ترجمہ: اور (کافر کو دارالاسلام میں) کھانا اور دوسرا ساز وسامان داخل کرنے سے منع نہیں کیا جائے گا، اگرچہ قیاس کا تقاضا یہ تھا کہ اس سے منع کیا جائے، کیونکہ اس میں کافروں کو تقویت پہنچانا پایا جاتا ہے، لیکن ہم نے اس (عدمِ جواز کے) قیاس کو اس روایت کی وجہ سے ترک کردیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ثمامہ کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ اہلِ مکہ کو غلہ بھیجیں (تبیین الحقائق)

## ’’البحرُ الرائق‘‘ کا حوالہ

اور فقہ حنفی کی درسِ نظامی کی تالیف ’’کنزُ الدقائق‘‘ ہی کی دوسری شرح ’’البحرُ الرائق‘‘ میں ہے:

**وخرج الطعام والقماش، والقياس المنع إلا أنا عرفناه بالنص؛ لأنه -عليه السلام -أمر ثمامة أن يمير أهل مكة وهم حرب عليه ،وشمل كلامه ما قبل الموادعة وما بعدها؛ لأنها على شرف الانقضاء أو النقض** (البحر الرائق شرح كنز الدقائق، ج۵، ص۸۷، كتاب السير)

ترجمہ: اور کافر کو اسلحہ کی (بیع کی) ممانعت سے کھانا اور دوسرا ساز وسامان خارج ہے، اگرچہ قیاس کا تقاضا یہ تھا کہ یہ بھی منع ہو، لیکن ہم نے اس کا جائز ہونا، نص (وحدیث) سے پہچان لیا، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ثمامہ کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ اہلِ مکہ کو غلہ بھیجیں، جبکہ اہلِ مکہ، محارب تھے اور یہ کلام، کافروں سے معاہدہ سے پہلے اور معاہدہ کے بعد دونوں صورتوں کو شامل ہے، کیونکہ معاہدہ تو کسی وقت بھی ختم ہوسکتا ہے، یا ٹوٹ سکتا ہے (اس سے مذکورہ حکم نہیں بدلتا) (بحر)

یہاں یہ بات قابلِ غور ہے کہ اس موقع پر جمہور فقہائے کرام نے جواز کے لئے حضرت ثمامہ کے عمل کو حجت نہیں سمجھا، جو کہ قیاس کے مطابق بھی تھا، اور اس کو نص بھی قرار نہیں دیا، جس سے حضرت ثمامہ کے فعل کو تقریری حدیث قرار دینے کا شبہ بھی دور ہوگیا، اور حضرت ثمامہ اور قیاس دونوں کے مقابلہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کو ہی حجت سمجھا، اور اسی کو نص قرار دیا، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری اور منصوص حکم یہی تھا۔

نیز جمہور فقہائے کرام نے یہ حکم بیان کرتے ہوئے کفار کے فقر وفاقہ میں مبتلاء ہونے کی بھی قید نہیں لگائی، بلکہ یہ حکم عام حالات کے مطابق بیان فرمایا، پس کسی کا اس علت کے ساتھ حکم کو مختص کرنا، مجتہدین کے ساتھ معارضہ ہے، جو حجت نہیں۔ [1]

---

[1] (إلا أنا عرفناه) أی نقل الطعام إليهم (بالنص) يعنی حديث ثمامة، وحديث إسلامه رواه البيهقی من طريق محمد بن إسحاق عن سعيد المقبری عن أبی هريرة، فذكر قصة إسلام ثمامة، وفی آخره قوله لأهل مكة حين قالوا له أصبوت؟ فقال :إنی والله ما صبوت ولكنی أسلمت وصدقت محمدا وآمنت به، وايم الذی نفس ثمامة بيده لا تأتيكم حبة من اليمامة وكانت ريف مكة ما بقيت حتی يأذن فيها محمد -صلی الله عليه وسلم -، وانصرف إلی بلده ومنع الحمل إلی مكة حتی جهدت قريش، فكتبوا إلی رسول الله -صلی الله عليه وسلم -يسألونه بأرحامهم أن يكتب إلی ثمامة يحمل إليهم الطعام، ففعل رسول الله -صلی الله عليه وسلم - .

وذكره ابن هشام فی آخر السيرة، وذكر أنهم قالوا له صبأت؟ فقال لا، ولكنی اتبعت خير الدين دين محمد، والله لا تصل إليكم حبة من اليمامة حتی يأذن فيها رسول الله -صلی الله عليه وسلم -، إلی أن قال :فكتبوا إلی رسول الله -صلی الله عليه وسلم :-إنک تأمر بصلة الرحم وإنک قد قطعت أرحامنا، فكتب -عليه الصلاة والسلام -إليه أن يخلی بينهم وبين الحمل .وأما بيع الحديد فمنعه

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

# ’’البحرُ الرائق‘‘ کا دوسرا حوالہ

اور مذکورہ تالیف ’’البحرُ الرائق‘‘ میں ہی ہے کہ:

(قوله وكره بيع السلاح من أهل الفتنة لأنه إعانة على المعصية) قيد بالسلاح لأن بيع ما يتخذ منه السلاح كالحديد ونحوه لا يكره لأنه لا يصير سلاحا إلا بالصنعة نظيره بيع المزامير يكره ولا يكره بيع ما يتخذ منه المزامير وهو القصب والخشب وكذا بيع الخمر باطل ولا يبطل بيع ما يتخذ منه وهو العنب كذا في البدائع.....وقد استفيد من كلامهم هنا أن ما قامت المعصية بعينه يكره بيعه وما لا فلا (البحر الرائق،شرح كنز الدقائق، ج۵، ص ۱۵۴، كتاب السير،باب البغاة)

ترجمہ: فتنہ وفساد برپا کرنے والوں کو اسلحہ فروخت کرنا، مکروہ ہے، کیونکہ یہ گناہ پر تعاون کرنا ہے، اسلحہ کی قید اس لئے لگائی، کیونکہ جس سے اسلحہ بنایا جاتا ہے، جیسا کہ لوہا، وغیرہ، اس کی بیع مکروہ نہیں، کیونکہ اس سے اسلحہ بنانے سے ہی بنتا ہے، اس کی نظیر مزامیر کی بیع کا مکروہ ہونا، اور جس چیز سے مزامیر بنائے جاتے ہیں، اس کی بیع کا مکروہ نہ ہونا ہے، یعنی، بانس اور لکڑی، اور اسی طرح سے شراب کی بیع باطل ہے، لیکن جس سے شراب بنائی جاتی ہے، یعنی انگور (اور اس کا شیرہ) اس کی بیع باطل نہیں، بدائع میں اسی طرح ہے۔

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

المصنف (لأنه أصل السلاح) وهو ظاهر الرواية، فإن الحاكم نص على تسوية الحديد والسلاح. وذهب فخر الإسلام في شرح الجامع الصغير إلى أنه لا يكره حيث قال :وهذا في السلاح، وأما فيما لا يقاتل به إلا بصنعة فلا بأس به كما كرهنا بيع المزامير وأبطلنا بيع الخمر ولم نر ببيع العنب بأسا ولا ببيع الخشب وما أشبه ذلك.

وقال الفقيه أبو الليث في شرحه :وليس هذا كما قالوا في بيع العصير ممن يجعله خمرا؛ لأن العصير ليس بآلة المعصية بل يصير آلة لها بعد ما يصير خمرا، وأما هنا فالسلاح آلة الفتنة في الحال، ويكره بيعه ممن يعرف بالفتنة، قيل بإشارة هذا يعلم أن بيع الحديد منهم لا يكره .(فتح القدير لابن الهمام، ج۵،ص ۴۶۱، كتاب السير،باب الموادعة ومن يجوز أمانه)

اوراس موقع پر فقہاء کے کلام سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ جس چیز کے عین کے ساتھ گناہ قائم ہو،اس کی بیع مکروہ ہے،اور جس چیز کی ذات کے ساتھ گناہ قائم نہ ہو،اس کی بیع مکروہ نہیں (روپیہ پیسہ کی ذات کے ساتھ بھی معصیت قائم نہیں ہوتی)(البحرالرائق)

جب کوئی چیز حرام تو درکنار، کراہت کے درجہ میں بھی نہیں آتی،تو اس سے منع کرنے کی جد وجہد کرنے کی کیا حیثیت ہے،اس سے لوگوں کو منع کرنا،اور روکنا،مباح چیز سے روکنے،اور مباح کو، غیر مباح قرار دینے کے مترادف ہے۔

## ’’تکملة البحرُ الرائق‘‘ کا حوالہ

اور مذکورہ کتاب میں ہی ایک مقام پر ہے کہ:

**(وجاز بيع العصير من خمار) لأن المعصية لا تقوم بعينه بل بعد تغيره بخلاف بيع السلاح من أهل الفتنة؛ لأن المعصية تقوم بعينه فيكون إعانة لهم وتسببا وقد نهينا عن التعاون على العدوان والمعصية ولأن العصير يصلح للأشياء كلها جائزة شرعا فيكون الفساد إلى اختيارها (تكملة البحر الرائق شرح كنز الدقائق للطورى، ج۸، ص ۲۳۰، كتاب الكراهية،فصل فى البيع)**

ترجمہ: اورشراب کے شیرہ کی بیع جائز ہے، کیونکہ گناہ شیرہ کے عین کے ساتھ قائم نہیں ہوتا، بلکہ اس میں تغیر کے بعد ہوتا ہے، برخلاف فتنہ وفساد برپا کرنے والوں کو اسلحہ فروخت کرنے کے، کیونکہ گناہ اسلحہ کے عین کے ساتھ قائم ہوتا ہے، پس اس میں ان کی اعانت کرنا،اور گناہ کا سبب بننا پایا جاتا ہے،اور ہمیں ظلم اور گناہ پر تعاون سے منع کیا گیا ہے،اور شیرہ،شرعاً ہر جائز چیز کی صلاحیت رکھتا ہے،پس شیرہ میں فساد اس کا اپنا اختیار کردہ ہوگا (جس طرح پیسہ کے استعمال میں بھی فساد اپنا اختیاری ہوتا ہے،اور اس کا فساد شیرہ سے بھی زیادہ بعید کا ہوتا ہے)(البحرالرائق)

امام ابوحنیفہ کے نزدیک جس طرح بیع کے معاملہ میں شیرہ مختلف جائز اشیاء میں استعمال ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے، اوراس کا گناہ میں استعمال کرنا، فاعلِ مختار کے فعل پر موقوف ہے، اوراس کی حیثیت ''سببِ محض'' سے زیادہ نہیں، اور ''سببِ محض'' کسی چیز کا صرف راستہ ہوتا ہے، گناہ کی علت نہیں ہوتا، اسی طرح مکان اور سواری، وغیرہ کو اجارہ وکرایہ پر دینے کا معاملہ بھی ہے، جس کی فقہائے کرام نے امام ابوحنیفہ کے مذہب کے ذیل میں تصریح کی ہے۔

## امام محمد اور حنفیہ کی دیگر کتب کا حوالہ

چنانچہ امام محمد (المتوفی: 189ھ) نے ''الجامعُ الصغیر'' میں فرمایا کہ:

رجل استأجر بيتا ليتخذ فيه بيت نار أو بيعة أو كنيسة أو يباع فيه الخمر بالسواد فلا بأس به وقال أبو يوسف ومحمد: لا يكرى لشيء من ذلك (الجامع الصغير مع النافع الكبير، ص ۵۳۴، مسائل متفرقة ليست لها أبواب)

ترجمہ: ایک آدمی نے (مسلمان سے) گھر اس لئے کرایہ پر لیا، تاکہ اس میں (کرایہ دار) آتش پرستوں، یا یہودیوں، یا عیسائیوں کا عبادت خانہ بنائے گا، یا اس میں، گاؤں میں شراب کو فروخت کیا جائے گا، تو (امام ابوحنیفہ کے نزدیک) اس میں حرج نہیں، اور ابو یوسف اور محمد کا قول یہ ہے کہ ان میں سے کسی کام کے لئے کرایہ پر نہیں دیا جائے گا (الجامع الصغیر)

مذکورہ عبارت میں امام ابوحنیفہ کے نزدیک ذمی، یا غیر مسلم کی قید مذکور نہیں۔

اور امام محمد نے ''کتابُ الاصل'' میں فرمایا کہ ذمی (غیر مسلم) نے شراب فروخت کرنے کے لئے گھر اجارہ وکرایہ پر لیا، اور اسی طرح ذمی نے مسلمان کو، یا اس کے جانور، یا کشتی کو شراب اٹھانے کے لئے اجرت پر لیا، تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک جائز ہے، اور اس کی اجرت درست ہے، اور یہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک ایسا ہی ہے، جیسا کہ کسی شخص کے مردہ

جانور، یا نجاست کو اٹھانے پر اجرت لی جائے۔ [1]

اور غیر مسلموں کے مکلّف بالاصول، اور راجح قول کے مطابق مکلّف بالفروع ہونے کا تقاضا یہ ہے کہ جس طرح کافر کے لئے اجارہ کا مذکورہ معاملہ جائز ہے، اسی طرح مسلمان کے لئے بھی جائز ہے، اور مسلمان کا اپنا گھر دوسرے کو کرایہ پر دینا، اور کسی کا مسلمان سے کرایہ پر لینا برابر ہے، کسی نے کرایہ پر دینے سے تعبیر کیا، اور کسی نے لینے سے تعبیر کیا۔

اور اس معاملہ کے جواز کی وجہ آگے آتی ہے کہ یہاں ''سببِ محض'' ہے، اور یہ معاملہ فی نفسہٖ مباح فعل پر واقع ہوا ہے، یعنی گھر کرایہ پر دینا، جو مذکورہ گناہوں کی علت نہیں۔

البتہ اگر معاملہ خود گناہ کی علت ہو، جیسا کہ کسی انسان کو قتل کرنے کے لئے کرایہ پر لینا، تو چونکہ وہ ''سببِ محض'' نہیں، بلکہ اس گناہ کی علت ہے، اور اسی عمل پر اس کی اجرت کا مدار ہے، اس لئے یہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک جائز نہیں۔ [2]

یہی وجہ ہے کہ مذکورہ عبارات میں تو دوسرے کے کرایہ پر لینے کا ذکر ہے، اور بعض دوسری عبارات میں، کرایہ پر دینے کا ذکر ہے، اور جب دو اشخاص کے مابین کرایہ واجارہ کا معاملہ

---

[1] البتہ امام ابو یوسف اور امام محمد کے نزدیک یہ بیع باطل ہے، جائز نہیں، اور اس کی اجرت واجب نہیں، اور مردہ جانور، یا نجاست اٹھانے پر اجرت کا لینا، ان کے نزدیک بھی جائز ہے، کیونکہ مردہ جانور، اور نجاست کو اٹھانا، دوسرے جائز مقاصد، مثلاً پھینکنے کے لئے بھی ہوتا ہے، جبکہ شراب گناہ کے لئے ہی مستعمل ہوتی ہے۔

وإذا استأجر الرجل الذمي من المسلم بيتا ليبيع فيه الخمر فإن هذا باطل لا يجوز .وليس في شيء من هذا أجر قليل ولا كثير في قول أبي يوسف ومحمد،وكذلك رجل ذمي استأجر رجلا مسلما يحمل له خمرا فإن أبا يوسف ومحمدا قالا :لا يجوز ذلك، ولا أجر له .

وقال أبو حنيفة :هو جائز، وله الأجر

وقال أبو حنيفة :هو مثل رجل حمل لرجل ميتة أو عذرة أو جيفة .وقال أبو يوسف ومحمد :لا يشبه هذا الميتة ولا الجيفة، إنما يحمل الميتة لتلقى أو ليماط أذاها، وأما الخمر إنما يحمل للشرب والمعصية .وكذلك الدابة في هذا يستأجرها الذمي من المسلم ليحمل عليها خمراً .وكذلك السفينة فهو مثل ذلك(كتاب الاصل، ج۴،ص۱۷ ،باب الإجارة الفاسدة وما لا يجوز منها)

[2] وكذلك الرجل يستأجر الرجل ليقتل له رجلاً أو ليشجه أو ليضربه ظلماً فإن ذلك لا يجوز، ولا أجر له .وكذلك كل إجارة وقعت من رجل إلى رجل في مظلمة فإن الإجارة في ذلك فاسدة، ولا أجر له(كتاب الأصل، ج۴،ص۱۸ ،باب الإجارة الفاسدة وما لا يجوز منها)

ہوتا ہے، تو اس معاملہ میں کرایہ پر لینے اور دینے والے دونوں ایک دوسرے کے ساتھ اس عمل میں شریک کہلاتے ہیں، خواہ ایک ایجاب کرے، اور دوسرا قولی، یا فعلی طور پر قبول کرے۔

چنانچہ درسِ نظامی کی کتاب ''الهداية'' میں ہے:

ومن أجر بيتا ليتخذ فيه بيت نار أو كنيسة أو بيعة أو يباع فيه الخمر بالسواد فلا بأس به "وهذا عند أبي حنيفة (الهداية، ج۴، ص۳۷۸، كتاب الكراهية، فصل في البيع)

ترجمہ: اور جس (مسلمان) نے گھر کو کرایہ پر دیا، تاکہ اس میں آتش پرست خانہ بنایا جائے، یا یہودیوں، یا عیسائیوں کا عبادت خانہ بنایا جائے، گاؤں میں، تو اس میں حرج نہیں، اور یہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک ہے (ہدایہ)

اس عبارت میں امام ابوحنیفہ کے نزدیک مذکورہ کاموں کے لئے کرایہ پر دینے کے جواز کی صاف تصریح ہے۔

اور علامہ قاضی زادہ آفندی (المتوفی: 988ھ) نے تو ''الهداية'' کی شرح ''تكملةُ فتح القدير'' میں امام محمد کی عبارت کی تعبیر ہی اپنے گھر کو مذکورہ مقاصد کے لئے کرایہ پر دینے سے کی ہے، چنانچہ فرماتے ہیں:

وقد صرح محمد -رحمه الله- في الجامع الصغير بأنه لا بأس عند أبي حنيفة أن تؤاجر بيتك ليتخذ فيه بيت نار أو كنيسة أو بيعة أو يباع الخمر فيه بالسواد (تكملة فتح القدير، ج۱۰، ص۶۰، كتاب الكراهية)

ترجمہ: اور امام محمد رحمہ اللہ نے ''الجامعُ الصغير'' میں تصریح کی ہے کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک اس میں کوئی حرج نہیں کہ آپ اپنے گھر کو اس لئے کرایہ پر دیں، تاکہ اس میں آتش پرست خانہ بنایا جائے، یا یہودیوں، یا عیسائیوں کا عبادت خانہ بنایا جائے، یا اس میں شراب کو فروخت کیا جائے (فتح القدیر)

اس عبارت میں بھی مسلمان کو اپنا گھر مذکورہ کاموں کے لئے کرایہ پر دینے کے جواز کی تصریح ہے۔

فقہ کی دیگر کئی کتب میں بھی یہ مسائل اسی طرح مذکور ہیں، ساتھ ہی اس کے جواز کی علت بھی مذکور ہے کہ اجارہ دراصل گھر کی منفعت پر واقع ہوتا ہے، جو گناہ نہیں، اور گناہ فاعلِ مختار کے فعل کے ساتھ وابستہ ہے، اس لئے یہ حکم اصولی اعتبار سے اس صورت کو بھی شامل ہے، جب پہلے سے اس مقصد کا علم ہو، یا نہ ہو، اور دوسرے کی طرف سے تصریح ہو، یا نہ ہو، بہر صورت یہ معاملہ ''سببِ محض'' ہے، جس کی طرف اس دوسرے فاعلِ مختار کے مبحوث فیہ گناہ کے فعل کی نسبت درست نہیں، البتہ اس گناہ کے فعل کی تصریح گناہ ہے۔ [1]

یہی وجہ ہے کہ اس موقع پر دیگر مقاصد کے لئے گھر کرایہ پر لینے کے احکام کو بھی فقہائے کرام نے الگ الگ بیان کیا ہے، اگر رہائش کے لئے اجارہ پر لیا، پھر اس میں معصیت والا کام کیا، اس صورت کو فقہاء نے الگ سے بیان کیا ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کرایہ پر چیز لینے کے اغراض ومقاصد الگ الگ ہوتے ہیں، جن کا علم عام طور پر زبان سے تصریح کئے بغیر نہیں ہوتا، اور مقصد کی تعیین کے بغیر اجارہ کے اکثر معاملات وجود میں نہیں آتے، بلکہ بہت سے تو منعقد بھی نہیں ہوتے۔

اور ان ہی الفاظ کے ساتھ فقہائے کرام نے اجارہ کے کئی دوسرے احکام بھی بیان کئے ہیں۔

چنانچہ امام محمدؒ ''الجامعُ الصغیر'' میں ہی فرماتے ہیں:

استأجر غلاما ليخيط معه (الجامع الصغير مع النافع الكبير، ص ۴۳۸، كتاب الاجارات، باب ما ينقض بعذر وما لا ينقض)

ترجمہ: غلام کو اجرت پر لیا، تاکہ وہ اس کے ساتھ سلائی کرے (الجامع الصغیر)

---

[1] (ولا تكره إجارة بيت بالسواد) أى بالقرية (ليتخذ بيت نار أو كنيسة أو بيعة أو يباع) معطوف على قوله ليتخذ أى ليباع (فيه الخمر) عند الإمام؛ لأن الإجارة واردة على منفعة البيت ولا معصية فيه وإنما معصيته بفعل المستأجر وهو فعل الفاعل المختار فقطع نسبته منه (مجمع الانهر، ج ۲، ص ۵۲۹، كتاب الكراهية، فصل فى الكسب)

وكذا كل موضع تعلقت المعصية بفعل فاعل مختار كما إذا آجر منزله ليتخذه بيعة أو كنيسة أو بيت نار يطيب له (الفتاوى البزازية، ج ۶، ص ۵۰، كتاب الإجارات، الفصل العاشر فى الحظر والإباحة)

اور امام محمد اسی کتاب میں فرماتے ہیں:

إن استأجر رجلا ليحمل له طعاما (الجامع الصغير مع النافع الكبير، ص ۴۰۴، كتاب الاجارات، باب الإجارة الفاسدة)

ترجمہ: کسی آدمی کو اجرت پر لیا، تاکہ وہ اس کے لئے کھانا اٹھائے (الجامع الصغیر)

نیز اسی کتاب میں فرماتے ہیں:

رجل استأجر أرضا ليزرع (الجامع الصغير مع النافع الكبير، ص ۴۴۱، كتاب الاجارات، باب الإجارة الفاسدة)

ترجمہ: ایک آدمی نے زمین کو کھیتی کرنے کے لئے اجرت پر لیا (الجامع الصغیر)

اور اسی کتاب میں امام محمد فرماتے ہیں:

رجل استأجر أرضا ليزرعها (الجامع الصغير مع النافع الكبير، ص ۴۴۲، كتاب الاجارات، باب الإجارة الفاسدة)

ترجمہ: ایک آدمی نے زمین کو اجرت پر لیا، تاکہ اس میں کھیتی کرے (الجامع الصغیر)

اس قسم کے مسائل میں بھی یہ قید وشرط لگائی جانا درست نہیں ہوگا کہ یہ حکم اس صورت کے ساتھ خاص ہے، جب زبان سے مذکورہ مقاصد کی تصریح نہ کرے۔

اسی طرح مبحوث فیہا مسائل میں اس طرح کی قیود لگانا راجح نہ ہوگا، کیونکہ یہاں ''لام'' تعلیل کے لئے ہے، لیکن یہ مذکورہ گناہوں کی علت نہیں، کیونکہ درمیان میں فاعلِ مختار کے فعل کا تخلل موجود ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔ [1]

اور بعض حضرات نے اس مسئلہ کی توجیہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ دراصل گرجا گھر کے لئے مکان کرایہ پر دینے کی مذکورہ صورت کی حیثیت یہ ہے کہ اس نے مکان کو اتنے عرصہ سکونت اور تحویل میں رکھنے کے لئے کرایہ پر لیا، اور یہ بھی کہا کہ وہ اس مکان میں فلاں گناہ ''مثلاً اپنے مذہب کے مطابق عبادت'' بھی کرے گا، تو یہ کرایہ داری کا معاملہ سکونت وتحویل پر منعقد ہوگا، اور اجرت بھی اسی کا عوض شمار ہوگی، اور اس گناہ کی تعیین نہ ہوگی۔

---

[1] (قوله لأزرعها) اللام للتعليل (رد المحتار على الدر المختار، ج۵، ص ۶۸۳، كتاب العارية)

اور ابو بکر رازی کی طرف یہ بات منسوب ہے کہ انہوں نے گرجا گھر کے لئے مکان کرایہ پر دینے کے جواز کو اس صورت پر محمول کیا ہے، جب گناہ کی شرط نہ لگائی جائے، بلکہ شرط لگائے بغیر دوسرے طریقہ سے، یا غیر مشروط الفاظ سے معلوم ہو جائے کہ یہ اس میں فلاں گناہ کرے گا۔ [1]

لیکن ایک تو یہ قول ابو بکر رازی کی طرف منسوب ہے، اگر ان سے ثابت ہو، تو یہ ان کا قول ہوگا۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگر کسی عقد میں اس طرح سے مشروط نہ ہو، جس کی وجہ سے اس کی تعیین و پابندی لازم ہو جاتی ہے، تو پھر اس شرط کا بھی اعتبار نہ ہوگا، چہ جائیکہ جب کوئی لفظ شرط بھی نہ بن رہا ہو، کیونکہ ہر تصریح شرط کے درجہ میں معتبر نہیں کہلاتی، بلکہ شرطِ فاسد، خود فاسد ہو کر اصل کے اعتبار سے اجارہ مشروع کہلاتا ہے، وہ الگ بات ہے کہ مسلمان کو اس طرح کی شرط لگانا گناہ ہے۔ [2]

اور پھر اس کا مآل بھی وہی ہوگا، جو پہلے ذکر کیا گیا کہ اصل عقد مکان کے اس مدت تک دوسرے کی جائز تحویل میں رہنے پر ہوگا، اور وہ گناہ کے لئے متعین نہ ہوگا، گناہ ایک ضمنی درجہ کی چیز ہوگی۔

---

[1] قال أصحابنا :إذا استأجر الذمی بیتا فی السواد لیتخذه صومعة أو کنیسة جاز.
وقال الشافعی :لا یجوز.
والمسألة موضوعة علی أنه إذا استأجرها شهرا للسکنی ولیصلی الجماعة فیه فتکون الإجارة جائزة، لأن الصلاة لا تتعین. وکان أبو بکر الرازی یقول المسألة محمولة علی أنه لم یشترط ذلک لکن علم من حاله أنه یفعل ذلک(التجرید للقدوری، ج۷،ص ۳۶۹۲، کتاب الاجارة،مسألة:إجارة الدار لمن یتخذها کنیسة أو صومعة)

[2] إن استأجر امرأة لتخبز مثلا، واشترط أن یطأها أیضا، فهذا الشرط فاسد.
والمسألة فی الإجارة الفاسدة عندنا :أن الأجر فیها طیب، لکونها مشروعة بأصلها، وغیر مشروعة بوصفها، فلا تکون باطلة من کل وجه .فالأجرة ههنا علی الخبز، ولا خبث فیه، وإنما الخبث، لمعنی خارج، ولیست الأجرة بدلا عنه، فتبقی طیبة لا محالة(فیض الباری علی صحیح البخاری، ج۳، ص۴۹۷، کتاب البیوع،باب ثمن الکلب)

اور علامہ ابنِ تیمیہ نے ابو بکر رازی کے حوالہ سے ذکر کیا ہے کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک گھر میں شراب فروخت کرنے کی شرط لگانے اور نہ لگانے میں کوئی فرق نہیں، دونوں صورتوں میں اجارہ صحیح ہے، کیونکہ اجرت بہر حال مکان کو سپرد کرنے سے واجب ہو جاتی ہے، خواہ کرایہ دار یہ کام کرے، یا نہ کرے، اور شرط لگائے بغیر بھی کرایہ دار کو یہ کام کرنے کا استحقاق ہو جاتا ہے، اس لئے ان چیزوں کا ذکر کرنا، نہ کرنا برابر ہے۔ [1]

اور غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک اس قسم کے معاملات کا جواز اس علت پر مبنی ہے کہ یہ معاملہ اور معقود علیہ معصیت نہیں، اور نہ معصیت کا سبب ہے۔

باقی معصیت کی نیت، یا تصریح کا گناہ ہونا، الگ چیز ہے، جس کی وجہ سے امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ معاملہ نہ تو معصیت بنتا، نہ معصیت کا سبب بنتا، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

شمس الائمہ سرخسی نے بھی امام ابو حنیفہ کے نزدیک ذمی کے مسلمان سے گھر کو شراب کی بیع وغیرہ کے لئے کرایہ پر لینے کے معاملہ کو جائز قرار دیا ہے، اور صاحبین کے نزدیک ناجائز کہا ہے۔

اور انہوں نے ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ اگر متعاقدین گناہ کی تصریح کریں، تو ایک دوسری وجہ

---

[1] وقال أبو حنيفة " :يجوز أن يؤجرها لذلک .

قال أبو بكر الرازى :لا فرق عند أبى حنيفة بين أن يشترط أن يبيع فيه الخمر، وبين أن لا يشترط لكنه يعلم أنه يبيع فيه الخمر، أن الإجارة تصح."

ومأخذه فى ذلک أنه لا يستحق عليه بعقد الإجارة فعل هذه الأشياء ، وإن شرط؛ لأن له أن لا يبيع فيها الخمر ولا يتخذها كنيسة، وتستحق عليه الأجرة بالتسليم فى المدة، فإذا لم يستحق عليه فعل هذه الأشياء ، كان ذكرها وترک ذكرها سواء ، كما لو اكترى دارا لينام فيها أو يسكنها، فإن الأجرة تستحق عليه، وإن لم يفعل ذلک، وكذا يقول فيما إذا استأجر رجلا يحمل خمرا، أو ميتة، أو خنزيرا :أنه يصح؛ لأنه لا يتعين حمل الخمر، بل لو حمل عليه بدله عصيرا استحق الأجرة، فهذا التقييد عنده لغو، فهو بمنزلة الإجارة المطلقة، والمطلقة عنده جائزة، وإن غلب على ظنه أن المستأجر يعصى فيها، كما يجوز بيع العصير لمن يتخذه خمرا، ثم إنه كره بيع السلاح فى الفتنة، قال :لأن السلاح معمول للقتال لا يصلح لغيره(اقتضاء الصراط المستقيم لمخالفة أصحاب الجحيم، ج۲، ص ۲۹، ۳۰،فصل فى اعياد الكفار،بيع الدار ونحوها للذمى وإجارتها له)

سے گناہ ہے، کیونکہ جس چیز کی انہوں نے تصریح کی، وہ گناہ ہے۔ [1]

جس سے معلوم ہوا کہ گناہ کا زبان سے اظہار وتصریح کرنے سے یہ معاملہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک ناجائز نہیں ہوگا، البتہ تصریح کا الگ سے گناہ ہوگا، کیونکہ تصریح کرنے کے بعد بھی امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس کی حیثیت ''سببِ محض'' کی ہی باقی رہتی ہے، جو پہلے ''سببِ محض'' تھا، اس گناہ کی علت نہیں تھا، وہ اس تصریح کی وجہ سے اس گناہ کی ''علت'' نہیں بن جاتا۔

اور ''المبسوط لشمس الائمة'' میں ہے کہ:

**لا بأس ببيع العصير، والعنب ممن يتخذه خمرا، وهو قول إبراهيم -رحمه الله -؛ لأنه لا فساد في قصد البائع، فإن قصده التجارة بالتصرف فيما هو حلال لاكتساب الربح، وإنما المحرم قصد المشترى اتخاذ الخمر منه، وهو كبيع الجارية ممن لا يستبرئها، أو يأتيها في غير المأتى، وكبيع الغلام ممن يصنع به ما لا يحل**(المبسوط،لشمس الأئمة السرخسي، ج۲۴،ص ٦، كتاب الاشربة)

ترجمہ: اور انگور، اور اس کے شیرہ کو ایسے شخص کو فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں، جو اس سے شراب کو بنائے، اور یہی ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کا قول ہے، کیونکہ بیچنے والے کی نیت میں کوئی خرابی نہیں، کیونکہ اس کا مقصد ایسی چیز کا تصرف کرکے تجارت سے نفع حاصل کرنا ہے، جو حلال ہے، اور حرمت صرف خریدار کی نیت میں، اس سے شراب بنانے میں ہے، اور یہ مسئلہ اسی طرح ہے، جیسا کہ باندی کی ایسے شخص کے ہاتھ فروخت کی جائے، جو اس کو پاک نہیں کرے گا، یا ناجائز مقام سے شہوت پوری کرے گا، یا غلام کو ایسے شخص کے ہاتھ فروخت کیا جائے، جو اس

---

[1] وإذا استأجر الذمي من المسلم بيتا ليبيع فيه الخمر لم يجز؛ لأنه معصية فلا ينعقد العقد عليه ولا أجر له عندهما، وعند أبي حنيفة -رحمه الله -يجوز.

والشافعي -رحمه الله -يجوز هذا العقد؛ لأن العقد يرد على منفعة البيت ولا يتعين عليه بيع الخمر فيه فله أن يبيع فيه شيئا آخر يجوز العقد لهذا.

ولكنا نقول تصريحهما بالمقصود لا يجوز اعتبار معنى آخر فيه، وما صرحا به معصية (المبسوط،لشمس الائمة السرخسي، ج١٦،ص ٣٨، كتاب الاجارات،باب الإجارة الفاسدة)

کے ساتھ غیر حلال کام کو کرے گا (المبسوط)

اور مذکورہ تالیف میں دوسرے مقام پر ہے:

**ولا بأس ببيع العصير ممن يجعله خمرا؛ لأن العصير مشروب طاهر حلال، فيجوز بيعه، وأكل ثمنه، ولا فساد في قصد البائع إنما الفساد في قصد المشتري، ولا تزر وازرة وزر أخرى.**

**(ألا ترى) أن بيع الكرم ممن يتخذ الخمر من عينه جائز لا بأس به، وكذلك بيع الأرض ممن يغرس فيها كرما ليتخذ من عنبه الخمر، وهذا قول أبي حنيفة، وهو القياس، وكره ذلك أبو يوسف ومحمد رحمهما الله استحسانا** (المبسوط، لشمس الأئمة السرخسي، ج ۲۴، ص ۲۶، كتاب الاشربة)

ترجمہ: اور انگور، اور اس کے شیرہ کو ایسے شخص کو فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں، جو اس کی شراب بنائے، کیونکہ انگور، دراصل حلال مشروب ہے، جس کی بیع جائز ہے، اور اس کی قیمت کا استعمال بھی جائز ہے، اور فروخت کرنے والے کے ارادہ میں کوئی خرابی نہیں، بس خرابی خریدار کے ارادہ میں ہے، اور (قرآن مجید میں مذکور ہے کہ) کوئی وزن اٹھانے والا، دوسرے کے وزن کو نہیں اٹھائے گا۔

کیا تم نہیں دیکھتے کہ انگور کی بیل اس شخص کو فروخت کرنا جائز ہے، جو اس کی عین سے شراب بنائے، اور اسی طرح سے زمین کا اس شخص کو فروخت کرنا بھی جائز ہے، جو اس زمین میں انگور کے بیل کی کاشت کرے، تاکہ اس کے انگور سے شراب بنائے، اور یہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک ہے، جو کہ قیاس کے مطابق ہے، اور اس کو امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ نے (قیاس کے مقابلہ میں) استحسان سے مکروہ قرار دیا ہے (المبسوط)

مذکورہ عبارات کا مطلب یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک شیرہ سے شراب بنانے والے کو شیرہ کا بیچنا جائز ہے، شیرہ ایک حلال مشروب ہے، اور یہ اس مشروب سے حلال تجارت کرنا چاہتا ہے، اگرچہ اسے معلوم ہو، یا خریدار بائع کے سامنے، اس مقصد کا اظہار کیوں نہ کرے،

اور خریدتے وقت بھی اس کا ذکر کیوں نہ کرے کہ خریدار اس سے شراب بنائے گا، لیکن بائع کو اس کی وجہ سے گناہ نہیں ہوگا، اس کا حکم مباح چیز کی تجارت والا قائم رہے گا، اور جس طرح خریدار کی تصریح کرنے کے عمل سے، بائع کے عمل میں فساد نہیں آئے گا، اسی طرح خریدار کی نیت اور شراب بنانے کے عمل سے بھی بائع کی نیت وعمل میں فساد نہیں آئے گا۔

ہر ایک اپنے اپنے عمل ونیت کا ذمہ دار ہوگا۔

یہ مطلب نہیں کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک اگر فروخت کرنے والے کا قصد یہ ہو کہ خریدار، اس سے شراب بنائے گا، تو یہ ''سببِ محض'' نہیں رہے گا، اور وہ اس کے بجائے علت بن جائے گا، اور فاعلِ مختار کے فعل کے تخلل کی حیثیت تبدیل ہو جائے گی۔

البتہ جس طرح پہلی صورت میں ''تصریح'' الگ سے گناہ وفاسد تھی، اسی طرح دوسری صورت میں نیت الگ سے گناہ وفاسد ہوگی، لیکن بہر صورت یہ تصریح ونیت کا فساد، اس معاملہ کے فساد کو مستلزم نہ ہوگا۔

دوسری کتب میں امام ابوحنیفہ کے نزدیک مذکورہ معاملہ کے جواز کی تعبیر اس طرح کی گئی ہے کہ یہاں گناہ معقود علیہ میں تغیر کے بغیر حاصل نہیں ہوتا، پس یہ ایسا ہی ہے، جیسا کہ شراب بنانے والے کو انگور کا پھل، یا انگور کی بیل فروخت کرنا۔

یہی وجہ ہے کہ خود شمس الائمہ سرخسی نے ''اصول'' میں ''سبب'' کی تعریف یہ کی ہے کہ ''سبب وہ ہے، جو کسی چیز کی طرف پہنچنے کا راستہ ہو'' اور انہوں نے اسباب کی چار قسمیں بیان کی ہیں، جن میں ایک قسم ''سببِ محض'' کہلاتی ہے۔ [1]

اور فرمایا کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک سببِ محض وہ ہے، جو حکم تک پہنچنے کا راستہ تو ہو، لیکن اس

---

[1] اعلم بأن أسباب الأحكام الشرعية أنواع أربعة سبب صورة لا معنى وهو يسمى سببا مجازا وسبب صورة ومعنى وهو يسمى سببا محضا وسبب فيه شبهة العلة وسبب هو بمعنى العلة.
وقد بينا أن السبب ما هو طريق الوصول إلى الشيء (أصول السرخسي، ج۲، ص۳۰۴، فصل في بيان تقسيم السبب)

کی طرف وجوب ووجود کے اعتبار سے حکم کی اضافت نہ کی جائے، بلکہ سبب اور حکم کے درمیان ایسی علت حائل ہو، جس کی طرف حکم کی اضافت ہو، اور مذکورہ علت کی اس سبب کی طرف اضافت نہ ہو۔ [1]

اس اصول کی بناء پر امام ابوحنیفہ کے نزدیک مذکورہ مقاصد کے لئے اپنے گھر، یا گاڑی، یا اپنے آپ کو کرایہ ومزدوری پر دینا ''سببِ محض''، یعنی گناہ تک پہنچنے کا محض راستہ ہے، اور جس طرح اس گناہ کی نسبت، کرایہ پر گھر دہندہ، اور اس کی اجرت کی طرف نہ ہوگی، اسی طرح مندر، گرجا گھر وغیرہ کے تعمیر کنندہ اور اس کی اجرت کی طرف بھی درست نہ ہوگی، اور اسی طرح شراب کو اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کنندہ اور اس کی اجرت کی طرف بھی نہ ہوگی، اور یہ سب امور گناہ تک پہنچنے کا صرف راستہ ''سببِ محض'' ہیں، اور ان سب صورتوں میں کرایہ پر دینے والے اور مزدور کے فعل، اور گناہ کرنے کے درمیان میں فاعلِ مختار کا اپنا فعل درمیان میں موجود وحائل ہونے کی وجہ سے، موجر ومزدور کی حیثیت گناہ کا صرف راستہ ''سببِ محض'' ہونے کے اعتبار سے یکساں ہے، اور اس کو خوب اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے۔

چنانچہ ''بدائعُ الصنائع'' میں ہے کہ:

''شراب اٹھانے پر اجرت لینا، امام ابوحنیفہ کے نزدیک جائز ہے، صاحبین کے نزدیک جائز نہیں۔

صاحبین کے نزدیک یہ گناہ پر اعانت ہے، اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک اٹھانا، گناہ

---

[1] وأما السبب المحض وهو ما يكون طريقا للوصول إلى الحكم ولكن لا يضاف الحكم إليه وجوبا به ولا وجودا عنده بل تتخلل بين السبب والحكم العلة التى يضاف الحكم إليها وتلك العلة غير مضافة إلى السبب وذلك نحو حل قيد العبد فإنه طريق لوصول العبد إلى الإباق الذى هو متو مالية المولى فيه ولكن يتخلل بينه وبين الإباق الذى تتوى به المالية قصد وذهاب من العبد وهو غير مضاف إلى السبب السابق فيبقى حل القيد سببا محضا.

وعلى هذا قلنا لو فتح باب الاصطبل فندت الدابة أو باب القفص فطار الطير لم يجب الضمان عليه لأن العلة قوة الدابة فى نفسها على الذهاب وقوة الطير على الطيران وهو غير مضاف إلى السبب الأول (أصول السرخسى، ج۲، ص۳۰۶، ۳۰۷، فصل فى بيان تقسيم السبب)

پر اعانت، اور گناہ کا سبب نہیں، اور گناہ، فاعلِ مختار کے فعل سے واقع ہوتا ہے، اس لئے یہ سببِ محض ہے، جس پر کوئی حکم مرتب نہیں ہوتا، اور یہ شراب کا اٹھانا، انگور کا شیرہ نکالنے کی طرح ہے۔

البتہ شراب پینے کی نیت سے اٹھانا، گناہ ہے، اور اس کی اجرت مکروہ ہے'' [1]

اور امام زیلعی نے شراب اٹھانے کی اجرت کے جواز سے متعلق امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب کی دلیل بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ شراب اٹھانے پر اجارہ، نہ تو معصیت ہے، اور نہ معصیت کا سبب ہے، اور معصیت تو فاعلِ مختار کے فعل کے ساتھ وابستہ ہے، البتہ شراب پلانے کی نیت وقصد ہو، تو یہ گناہ ہے۔ [2]

اور ''الاختیار لتعلیلِ المختار'' میں ہے کہ جس مسلمان نے ذمی کی شراب اٹھائی، تو صاحبین کے نزدیک یہ گناہ پر تعاون ہے، اس لئے جائز نہیں، اور حدیث میں اٹھانے والے

---

[1] ومن استأجر حمالا يحمل له الخمر فله الأجر فى قول أبى حنيفة وعند أبى يوسف، ومحمد لا أجر له كذا ذكر فى الأصل، وذكر فى الجامع الصغير أنه يطيب له الأجر فى قول أبى حنيفة، وعندهما يكره.

لهما أن هذه إجارة على المعصية؛ لأن حمل الخمر معصية لكونه إعانة على المعصية، وقد قال الله عز وجل (ولا تعاونوا على الإثم والعدوان) (المائدة :) ولهذا لعن الله تعالى عشرة :منهم حاملها والمحمول إليه.

ولأبى حنيفة إن نفس الحمل ليس بمعصية بدليل أن حملها للإراقة والتخليل مباح وكذا ليس بسبب للمعصية وهو الشرب؛ لأن ذلك يحصل بفعل فاعل مختار وليس الحمل من ضرورات الشرب فكانت سببا محضا فلا حكم له كعصر العنب وقطفه.

والحديث محمول على الحمل بنية الشرب وبه نقول :إن ذلك معصية، ويكره أكل أجرته(بدائع الصنائع فى ترتيب الشرائع، ج۴، ص ۱۹۰، كتاب الاجارة، فصل فى أنواع شرائط ركن الإجارة)

[2] وله أن الإجارة على الحمل، وهو ليس بمعصية، ولا تسبب لها، وإنما تحصل المعصية بفعل فاعل مختار، وليس الشرب من ضرورات الحمل؛ لأن حملها قد يكون للإراقة أو التخليل فصار كما لو استأجره لعصر العنب أو قطفه، والحديث محمول على الحمل المقرون بقصد المعصية، وعلى هذا الخلاف إذا آجره دابة لينقل عليها الخمر أو آجره نفسه ليرعى له الخنازير فإنه يطيب له الأجر عند أبى حنيفة -رحمه الله (تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق، ج۶، ص ۲۹، كتاب الكراهية، فصل فى البيع)

پر لعنت آئی ہے، اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس کو اجرت لینا، حلال ہے، کیونکہ گناہ تو شراب کا پینا ہے، اور اٹھانے کے لئے پینا لازم نہیں، بلکہ پینا، فاعلِ مختار کے فعل پر قائم ہے، اور حدیث میں لعنت سے مراد وہ شخص ہے، جو پلانے کے لئے اٹھائے، اسی وجہ سے اگر بہانے، یا سرکہ بنانے کے لئے اٹھائے، تو جائز ہے، جس سے معلوم ہوا کہ گناہ، بذاتِ خود اٹھانے میں نہیں، اس لئے اس کی اجرت جائز ہے، اور پلانے کی نیت سے اٹھانا الگ گناہ ہے۔ [1]

مذکورہ عبارات سے معلوم ہوا کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک محض شراب اٹھانے پر اجرت جائز ہے۔

البتہ اگر شراب پلانے کی نیت ہو، تو پھر مکروہ وممنوع ہے، جیسا کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ شراب کو محض پہنچانے کے بجائے، مثلاً کسی ہوٹل وغیرہ میں شراب پلانے کے لئے اجرت پر کام کرنا، تو اس مخصوص صورت میں گناہ ہوگا، اور امام ابوحنیفہ نے شراب اٹھانے پر لعنت کی حدیث کو اسی طرح شراب پلانے کے لئے اٹھانے پر محمول کیا ہے، خواہ کوئی بغیر اجرت کے یہ عمل کرے، تب بھی باعثِ لعنت عمل ہے۔ [2]

اور ''المحیطُ البرھانی'' کی ''کتابُ البیوع'' میں ہے کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک شیرہ کا ایسے شخص کو فروخت کرنا، جائز ہے، جو اس سے شراب بنائے، اور یہ ایسا ہی ہے، جیسا کہ شراب بنانے والے کو انگور کا پھل، یا انگور کی بیل فروخت کرنا، کیونکہ یہاں گناہ اور فتنہ وفساد، معقود علیہ میں تغیر کے بغیر حاصل نہیں ہوتا، جس کی بناء پر گناہ، فاعلِ مختار

---

[1] قال: (ومن حمل خمرا لذمی طاب له الأجر) وقالا: یکره لأنه أعانه علی المعصیة .وفی الحدیث: لعن الله فی الخمر عشرا "وعد منهم "حاملها.
وله أن المعصیة شربها، ولیس من ضرورات الحمل وهو فعل فاعل مختار، ومحمل الحدیث الحمل لقصد المعصیة حتی لو حملها یریقها أو لیخللها جاز(الاختیار لتعلیل المختار، ج۴، ص۱۶۲، کتاب الکراهیة،فصل فی الإحتکار)

[2] قالوا :روی عن النبی -صلی الله علیه وسلم -أنه (لعن الخمر وحاملها).
قلنا :المراد به الحمل المحظور باتفاق، وذلک لا یکون إلا فی نقلها للشرب خاصة(التجرید للقدوری، ج۷،ص۳۶۸۸،کتاب الاجارة،مسألة:الاستئجار لحمل الخمر لغیر الإراقة)

کے فعل کی طرف منسوب کہلاتا ہے۔

اور صاحبین کے نزدیک مذکورہ بیع جائز نہیں، یہ حضرات اس کو اہلِ فتنہ کے ہاتھ اسلحہ فروخت کرنے کی طرح قرار دیتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ خریدار کی طرف سے فتنہ وفساد بعینہٖ اس چیز سے حاصل ہوتا ہے، جس کو مذکورہ معاملہ وعقد شامل ہے، اور انگور کے پھل، یا بیل کا شراب بنانے والے کو فروخت کرنے کا جواز اس لئے ہے کہ اس کا فساد بعینہٖ اس چیز سے حاصل نہیں ہوتا، جس کو مذکورہ معاملہ وعقد شامل ہے۔ [1]

اور ''المحیطُ البرھانی '' کے ''کتابُ الاجارات '' میں ہے کہ جب کسی آدمی نے مزدوروں کو شراب اٹھانے کے لئے اجارہ پر لیا، تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس کام کی اجرت جائز ہوگی، صاحبین کے نزدیک جائز نہیں ہوگی، کیونکہ ان کے نزدیک، یہ گناہ ہے، اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک شراب کا اٹھانا، گناہ نہیں، اور فتاویٰ ابولیث سمرقندی میں ہے کہ جب کوئی اپنے آپ کو مجوسی کے عبادت خانہ کی آگ جلانے کے لئے اجرت پر دے، تو اس میں حرج نہیں، امام ابوحنیفہ نے مذکورہ دونوں مسئلوں میں فرق نہیں کیا، کیونکہ آگ میں تصرف کرنا، اور فی الجملہ اس سے انتفاع حاصل کرنا جائز ہے، اسی طرح شراب اٹھانے کا بھی معاملہ ہے کہ اس میں بھی فی الجملہ جائز تصرف وانتفاع ممکن ہے، مثلاً دواء کے طور پر استعمال کیا جائے، یا سرکہ وغیرہ بنایا جائے، یا بہایا جائے، لیکن صاحبین نے دونوں

---

[1] إذا باع العصير ممن يتخذه خمراً فلا بأس به، وهذا قول أبي حنيفة، وعلى قول أبي يوسف ومحمد رحمهم الله :يكره، وأجمعوا على أنه إذا باع العنب أو الكرم ممن يتخذه خمراً إنه لا بأس به.

فوجه قولهما وهو الفرق بين العنب والعصير والفساد والفتنة من المشترى يحصل بعين ما يتناوله العقد. فصار كبيع السلاح من أهل الفتنة في أيام الفتنة، وفي فصل العنب الفساد والفتنة من المشترى لا يحصل بعين ما يتناوله العقد، بل يحصل بعين آخر، فإن ما يتناول العقد يتبدل العقد، فكان بمنزلة ما لو باع الحديد من أهل الفتنة.

ولأبي حنيفة رحمه الله :أن الفتنة والفساد لا تقع إلا بعد تغير المعقود عليه في نفسه، فلا يكره كبيع الحديد من أهل الفتنة والفساد(المحيط البرهاني في الفقه النعماني، ج۷، ص ۱۴۱، كتاب البيع، الفصل الخامس والعشرون)

مسئلوں میں فرق کیا ہے۔ [1]

اور ''المحیطُ البرھانی '' کے ''کتابُ الاجارات '' میں ہی '' فتاویٰ اہلِ سمرقند'' کے حوالہ سے منقول ہے کہ اگر ذمی (غیر مسلم) نے مسلمان کو شراب اٹھانے کے لئے اجرت پر لیا، اور اس ذمی نے شراب کو پینے کی تصریح کی، یا نہیں کی، تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک دونوں صورتوں میں اجارہ جائز ہے۔

اور اسی طرح اگر ذمی نے مذکورہ طریقہ پر مسلمان سے گھر کو شراب بیچنے کے لئے کرایہ پر لیا، تو بھی امام ابوحنیفہ کے نزدیک جائز ہے، کیونکہ ذمی کے لئے شراب پینا، اور فروخت کرنا، حرام نہیں۔

اور صاحبین کے نزدیک دونوں صورتیں جائز نہیں۔ [2]

---

[1] اذا استأجر الرجل حمالاً ليحمل له خمراً، فله الأجر فى قول أبى حنيفة، وقال أبو يوسف ومحمد :لا أجر له .فوجه قولهما :أن حمل الخمر معصية؛ لأن الخمر يحمل للشرب والشرب معصية، وقد لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم حامل الخمر والمحمول إليه ، وذلک يدل على كون الحمل معصية، وأبو حنيفة رحمه الله يقول يحمل للإراقة وللتخليل كما يحمل للشرب، فلم يكن متعيناً للمعصية، فيجوز الاستئجار عليه.....وفى فتاوى أبى الليث :إذا أجر نفسه من المجوسى ليوقد له ناراً فلا بأس به، فأبو حنيفة سوّى بين هذا وبينما إذا أجر نفسه من ذمّى ليحمل له خمراً، وهما فرقا بين المسألتين.

ووجه الفرق :أن التصرف فى النار والانتفاع بها جائز فى الجملة، ولا كذلک التصرف فى الخمر والانتفاع بها(المحيط البرهانى فى الفقه النعمانى ،ج۷،ص ۴۸۱،كتاب الاجارات،الفصل الخامس عشر :فى بيان ما يجوز من الإجارات، وما لا يجوز)

[2] قال(فى فتاوى أهل سمرقند)وإذا استأجر مسلماً ليحمل له خمراً ولم يقل ليشرب، أو قال ليشرب جازت الإجارة فى قول أبى حنيفة خلافاً لهما.

وكذلک إذا استأجر الذمى بيتاً من مسلم ليبيع فيه الخمر، جازت الإجارة فى قول أبى حنيفة خلافاً لهما.

والوجه لأبى حنيفة فيما إذا نص على الشرب. إن هذه إجارة وقعت لأمر مباح؛ لأنها وقعت على حمل الخمر ليشربها الذمى. أو وقعت على الدار ليبيع الذمىّ وشرب الخمر مباح؛ لأن خطاب التحريم كان غير نازل فى حقه.....

وفيما إذا لم ينص على الشرب، فالوجه له أن الخمر كما يكون للشرب وإنه معصية فى حق المسلم يكون للتخليل، وإنه مباح للكل فإذا لم ينص على الشرب يجب أن يجعل التنقل للتخليل حملاً لهذا العقد على الصحة (المحيط البرهانى فى الفقه النعمانى ،ج۷،ص ۴۸۲،۴۸۳،كتاب الاجارات،الفصل الخامس عشر :فى بيان ما يجوز من الإجارات، وما لا يجوز)

فتاویٰ ہندیہ میں بھی محیط کے حوالہ سے یہی بات مذکور ہے۔ [1]

جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر فریقِ دوم، غیر مسلم ہو، اور وہ گناہ کی تصریح کرے، تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک اجارہ جائز ہوتا ہے۔

اور اس کے مفہومِ مخالف سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ اگر فریقِ دوم مسلمان ہو، تو اجارہ جائز نہ ہوگا۔

لیکن یہ ملحوظ رہنا چاہیے کہ مذکورہ قول بعض مشائخِ سمرقند کے مذہب پر مبنی ہے، جن کے نزدیک صرف مسلمان، مخاطب بالفروع ہیں، کفار، مخاطَب بالفروع نہیں ہیں۔

جبکہ قرآن وسنت کی ظاہری نصوص سے کفار کے مطلقاً مخاطب بالفروع ہونے کے موقف کی تائید ہوتی ہے، اور جمہور امت کا بھی یہی مسلک ہے۔

اور متعدد محققینِ حنفیہ نے بھی دیگر جمہور فقہاء کی طرح کفار کے مطلقاً مخاطب بالفروع ہونے کے قول کو راجح قرار دیا ہے، حنفیہ میں سے مشائخِ عراقیین کا یہی قول ہے، جن میں ابوالحسن کرخی اور ابوبکر جصاص وغیرہ شامل ہیں، نیز علامہ ابنِ نجیم، علامہ شامی اور متعدد حنفیہ نے اسی قول کو راجح ومختار قرار دیا ہے۔

جس کا مطلب یہ ہے کہ جمہور کے نزدیک کفار کو آخرت میں شرعی احکام کی خلاف ورزی پر بھی عذاب دیا جائے گا، جو کہ مومنوں کے ان اعمال کو ترک کرنے کے مقابلہ میں کفر اور ترکِ عقیدہ وترکِ عمل کے مجموعہ کی وجہ سے زیادہ شدید ہوگا۔ [2]

---

[1] إذا استأجر رجلا ليحمل له خمرا فله الأجر فى قول أبى حنيفة -رحمه الله تعالى -وقال أبو يوسف ومحمد -رحمهما الله تعالى -لا أجر له وإذا استأجر ذمى مسلما ليحمل له خمرا ولم يقل ليشرب أو قال ليشرب جازت له الإجارة فى قول أبى حنيفة -رحمه الله تعالى -خلافا لهما، وإذا استأجر الذمى ذميا لينقل الخمر جاز عندهم لأن الخمر عندهم كالخل عندنا، كذا فى المحيط (الفتاوى الهندية، ج۴، ص ۴۴۹، كتاب الاجارة، الباب السادس عشر فى مسائل الشيوع فى الإجارة)

[2] الذى تحرر فى المنار وشرحه لصاحب البحر أنهم مخاطبون بالإيمان، وبالعقوبات سوى حد الشرب، والمعاملات وأما العبادات فقال السمرقنديون :إنهم غير مخاطبين بها أداء واعتقادا قال

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اسی وجہ سے علامہ شامی نے امام ابوحنیفہ کے نزدیک شراب بنانے والے کے ہاتھ شیرہ فروخت کرنے کے مسئلہ کے حکم میں مسلم، وغیر مسلم کے درمیان فرق کرنے کو اصح قول کے

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

البخاريون :إنهم غير مخاطبين بها أداء فقط وقال العراقيون إنهم مخاطبون بهما فيعاقبون عليهما وهو المعتمد .اهـ .ح(رد المحتار على الدر المختار، ج۴،ص۱۲۸، كتاب الجهاد، مطلب فى أن الكفار مخاطبون)

الصحيح من مذهب أصحابنا أن الكفار مخاطبون بشرائع، وهى محرمات، فكانت ثابتة فى حقهم أيضا(رد المحتار على الدر المختار، ج۵،ص۲۲۸، كتاب البيوع، باب المتفرقات من أبوابها، مطلب فى التداوى بالمحرم)

(قوله وقد حققناه إلخ) حاصل ما ذكره هناك :أن فى تكليفه بالعبادات ثلاثة مذاهب مذهب السمرقنديين ن غير مخاطب بها أداء واعتقادا والبخاريين مخاطب اعتقادا فقط والعراقيين مخاطب بهما فيعاقب عليهما قال :وهو المعتمد كما حرره ابن نجيم لأن ظاهر النصوص يشهد لهم وخلافه تأويل ولم ينقل عن أبى حنيفة وأصحابه شيء ليرجع إليه اهـ (ردالمحتار، ج۲ص۵۴۸، كتاب الحج)

وما قلناه أولى .اهـ .وجه الأولوية أن الكافر على الصحيح مكلف بالفروع والأصول كما حقق فى الأصول فلا يخرج بالتكليف(رد المحتار على الدر المختار، ج۳،ص۷۰۴، كتاب الأيمان)

وقال ط :وفيه أنه لا يظهر إلا على قول من قال إن الكفار غير مخاطبين بفروع الشريعة والأصح خطابهم(رد المحتار على الدر المختار، ج۶،ص۳۹۱، كتاب الحظر والإباحة،باب الاستبراء وغيره)

وهو مكلف بحقوق العباد والعقوبات اتفاقا، وبالعبادات أداء واعتقادا، وهو المعتمد عندنا، فيعاقب على ترك الأمرين، وتمامه فى ح(رد المحتار على الدر المختار، ج۱،ص۵۲۹، كتاب الصلاة،باب صفة الصلاة)

والعجب كيف خفى على مشايخ سمرقند؟ !وهذا ما ذهب إليه العراقيون والشافعية، ويؤيده ظواهر الآيات كقوله تعالى :وويل للمشركين الذين لا يؤتون الزكاة وقوله سبحانه :ما سلككم فى سقر قالوا لم نك من المصلين ولم نك نطعم المسكين وذهب البخاريون إلى أنهم مكلفون فى حق الاعتقاد فقط، وأبو حنيفة رضى الله تعالى عنه لم ينص ظاهرا على شيء فى المسألة(روح المعانى،للألوسى، ج۱،ص۱۸۶،،سورة البقرة)

وكذا يتناولهم الخطاب بالمعاملات كالبيع لوجود التزامهم قال :ولا خلاف أن الخطاب بالشرائع يتناولهم فى حكم المؤاخذة فى الآخرة؛ لأن موجب الأمر اعتقاد لزوم المأمور به وهم ينكرون اللزوم وذلك كفر منهم بمنزلة إنكار التوحيد؛ لأن صحة التصديق والإقرار بالتوحيد لا يكون مع إنكار شيء من الشرائع.

وفى الميزان قال بعض مشايخ سمرقند :لا يتناولهم الخطاب أصلا لا فى حق المحرمات ولا فى حق العبادات إلا ما قام دليل شرعى عليه نصا، وقال بعض أهل التحقيق منهم إنهم مخاطبون بالحرمات والمعاملات دون العبادات وفى المحصول قال الأكثرون منا، ومن المعتزلة الأمر(تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق، ج۲،ص۱۶۰، كتاب النكاح،باب المهر)

خلاف کہا ہے، اور فرمایا کہ متون میں یہ مسئلہ مسلم وغیر مسلم کی قید کے بغیر مذکور ہے، اور اصح قول یہ ہے کہ کفار بھی مخاطب بالفروع ہیں۔ [1]

اور علامہ کاسانی نے ''بدائعُ الصنائع'' میں فرمایا کہ:

''کفار، شریعت کے محرمات کے مخاطب ہیں، ہمارے اصحاب کا صحیح مذہب یہی ہے، لہٰذا شراب کی حرمت، کفار کے حق میں بھی ثابت ہوگی، لیکن ان کو شراب کی بیع سے اس لیے منع نہیں کیا جائے گا کہ وہ اس کی حرمت کا عقیدہ نہیں رکھتے، اور اس کو مال تصور کرتے ہیں''۔ [2]

پھر کفار کے مخاطب بالفروع نہ ہونے کے قول کی توجیہ بھی شراب فروخت کرنے کے لئے گھر کرایہ پر دینے کے مسئلہ میں موثر ہوگی، جہاں تک غیر مسلم کو اپنے مذہب کے مطابق عبادت کرنے کے لئے مکان کرایہ پر دینے، یا مسلمان کو گرجا گھر کی تعمیر کے لئے اجرت پر کام کرنے کے جواز کا تعلق ہے، اس پر یہ توجیہ بھی صادق آنا مشکل ہے۔

جبکہ فقیہ ابو اللیث سمرقندی نے امام ابو حنیفہ کے نزدیک مسلمان کے لئے کنیسہ کی تعمیر کرنے کے عمل پر اجرت لینے کو، اور اسی طرح گرجا گھر بنانے، اور شراب فروخت کرنے کے لئے اپنا گھر کرایہ پر دینے کو جائز کہا ہے، چنانچہ فرماتے ہیں:

**ومن استاجر مسلما ليبنى البيعة والكنيسة، لاباس به، لانه اخذ الاجرة على عمله** (فتاویٰ النوازل، ص ۳۸۲، کتاب الاجارات، مسائلِ متفرقہ)

---

[1] (قوله أما بيعه من المسلم فيكره) لأنه إعانة على المعصية قهستانى عن الجواهر.
أقول: وهو خلاف إطلاق المتون وتعليل الشروح بما مر وقال ط: وفيه أنه لا يظهر إلا على قول من قال إن الكفار غير مخاطبين بفروع الشريعة والأصح خطابهم وعليه فيكون إعانة على المعصية، فلا فرق بين المسلم والكافر فى بيع العصير منهما فتدبر اهـ ولا يرد هذا على الإطلاق والتعليل المار (رد المحتار، ج٦، ص ٣٩١، كتاب الحظر والاباحة، فصل فى البيع)

[2] الكفار مخاطبون بشرائع هى حرمات هو الصحيح من مذهب أصحابنا فكانت الحرمة ثابتة فى حقهم لكنهم لا يمنعون عن بيعها؛ لأنهم لا يعتقدون حرمتها، ويتمولونها.
ونحن أمرنا بتركهم، وما يدينون (بدائع الصنائع، ج٥ ص ١٤٣، كتاب البيوع، فصل فى الشرط الذى يرجع إلى المعقود عليه)

ترجمہ: اور جس نے مسلمان کو اجرت پر لیا، تا کہ وہ عیسائی، یا یہودی کے عبادت خانہ کو تعمیر کرے، تو اس میں حرج نہیں، کیونکہ اس نے اپنے کام پر اجرت کو لیا ہے (فتاویٰ نوازل)

اور ابو اللیث سمرقندی مزید فرماتے ہیں:

ولو أجر بيتا (ليباع) فيه خمرا، اويتخذ فيه بيت نار، أو بيعة أو كنيسة لا بأس به عند أبي حنيفة رحمه الله، لان الإجارة ترد على منفعة البيت، ولامعصية فيه، وانما المعصية بفعل المستأجر. وهو المختار، وعندهما يكره لانه اعانة على المعصية، ولو حمل المسلم خمرا لذمي يطيب الاجرة عنده (فتاوىٰ النوازل، ص ۲۸۹، كتاب الكراهية، فصل في البيع)

ترجمہ: اور اگر گھر کو شروب فروخت کرنے، یا آتش پرست کے عبادت خانہ، یا عیسائی، یا یہودی کے عبادت خانہ بنانے کے لئے کرایہ پر دیا، تو امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک اس میں حرج نہیں، کیونکہ اجارہ، گھر کی منفعت پر منعقد ہوتا ہے، اور اس میں کوئی گناہ نہیں، اور گناہ تو کرایہ پر لینے والے کے فعل میں ہے، اور یہی مختار ہے۔ اور صاحبین کے نزدیک مکروہ ہے، کیونکہ (ان کے نزدیک) یہ گناہ پر اعانت ہے، اور اگر ذمی کے لئے شراب کو اٹھایا، تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک اس کی اجرت جائز ہے (فتاویٰ نوازل)

اور یہاں پہنچ کر ہمیں علامہ قاضی زادہ آفندی (المتوفیٰ: 988ھ) سے تائید دستیاب ہوئی، چنانچہ انہوں نے ہدایہ کی شرح ''تکملۃ فتح القدیر'' میں فرمایا کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک مسلمان کے لئے ذمی (یعنی غیر مسلم) کو آتش پرستی خانہ اور ''کنیسہ'' (یعنی یہودی کا عبادت خانہ) اور ''بیعہ'' (یعنی عیسائیوں کا عبادت خانہ) بنانے، اور اسی طرح شراب فروخت کرنے کے لئے مکان کرایہ پر دینے کا جو جواز مذکور ہے، امام ابو حنیفہ کے نزدیک ان سب کے جواز کی وجہ یہ ہے کہ معصیت اور گناہ، دوسرے فاعلِ مختار کے فعل کے ساتھ وابستہ

ہے، اس لئے مکان کرایہ پر دینے والے کے ساتھ اس گناہ کی نسبت منقطع ہے، اور بعض حضرات کا اس کی وجہ یہ قرار دینا درست نہیں کہ ذمی (وغیر مسلم) گناہ گار نہیں ہوتا، اور اس توجیہ کے درست نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ آتش پرستی، اور یہود ونصاریٰ کے عبادت خانوں کا تعلق ایمان اور اصول سے ہے، اور کفار بالاتفاق **مخاطب بالإیمان ،وبالأصول** ہیں۔

البتہ شراب فروخت کرنے کے لئے کرایہ پر دینے کے مسئلہ میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس کی حرمت غیر مسلم کے حق میں نازل نہیں ہوئی، اور یہ اس قول پر مبنی ہوگا کہ کفار مخاطب بالفروع نہیں ہیں۔

ایسی صورت میں صاحبِ محیط نے شراب فروخت کرنے کے جواز کی صورت کو جو ذمی (غیر مسلم) کے ساتھ مختص کرکے بیان کیا ہے، تو وہ کفار کے مخاطب بالفروع نہ ہونے کے قول پر مبنی ہوگا (اور راجح قول اس کے برخلاف ہے، جیسا کہ گذرا) [1]

---

[1] قال(فی فتاوی أهل سمرقند)وإذا استأجر مسلماً ليحمل له خمراً ولم يقل ليشرب، أو قال ليشرب جازت الإجارة فی قول أبی حنيفة خلافاً لهما.

وكذلک إذا استأجر الذمی بيتاً من مسلم ليبيع فيه الخمر، جازت الإجارة فی قول أبی حنيفة خلافاً لهما.

والوجه لأبی حنيفة فيما إذا نص على الشرب. إن هذه إجارة وقعت لأمر مباح؛ لأنها وقعت على حمل الخمر ليشربها الذمی. أو وقعت على الدار ليبيع الذمیّ وشرب الخمر مباح؛ لأن خطاب التحريم كان غير نازل فی حقه(المحيط البرهانی فی الفقه النعمانی ،ج۷،ص ۴۸۲،كتاب الاجارات،الفصل الخامس عشر :فی بيان ما يجوز من الإجارات، وما لا يجوز)

وقد صرح صاحب المحيط بأن صحتها لعدم كون بيع الخمر معصية للذمی كشربه، لأن خطاب التحريم غير نازل فی حقه، ولا خفاء فيما بينهما أيضا من التنافی انتهى ..

أقول :كون كلام المصنف صريحا فيما ذكره ممنوع لجواز أن يكون قول المصنف وإنما المعصية بفعل المستأجر وهو مختار فيه خارجا مخرج التغليب .فإن فی المسألة المذكورة صورا :إيجار البيت لأن يتخذ فيه بيت نار وإيجاره لأن يتخذ فيه كنيسة، وإيجاره لأن يتخذ فيه بيعة .وإيجاره لأن يباع فيه الخمر.

ولا شک أن اتخاذ بيت النار واتخاذ الكنيسة واتخاذ البيعة معصية للذمی أيضا لكون الكفار مخاطبين بالإيمان بلا خلاف.

واتخاذ تلک الأمور ينافی الإيمان فكانت معصية قطعا، وإن لم يكن بيع الخمر معصية للكافر بناء

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اس سے معلوم ہوا کہ تصریح کے مسئلہ کو غیر مسلم کے ساتھ مختص کر کے جواز کا حکم کرنا راجح نہیں۔

اور اصل بات یہی ہے کہ اگر اپنے مکان، یا اپنے آپ، یا اپنی سواری کو اجارہ پر دینے والا مسلمان، نہ تو گناہ کی نیت کرے، اور نہ خود سے تصریح کرے، بے شک دوسرا فریق کرے، تو مسلمان گناہ گار نہیں ہوتا، اور اگر وہ نیت، یا تصریح کرے، تب بھی وہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک نیت، یا تصریح کے گناہ کا مستحق ہوتا ہے، اجارہ پھر بھی درست ومنعقد ہو جاتا ہے۔

کفار کے اصول وفروع کے مخاطب ہونے کے مسئلہ کی تفصیل ہم نے اپنے رسالہ ''کفار کے مخاطب بالفروع ہونے کا حکم'' میں بیان کر دی ہے، جو علمی وتحقیقی رسائل میں شائع ہو چکا ہے۔

علامہ بدرُالدین عینی نے ہدایہ کی شرح میں فرمایا کہ:

''امام ابوحنیفہ کی دلیل یہ ہے کہ مذکورہ صورت میں مکان کا اجارہ، دراصل گھر کی منفعت پر واقع ہوتا ہے، اور کرایہ پر لینے والا، گناہ میں فاعلِ مختار ہوتا ہے، اس لئے گناہ کی نسبت اس عقد سے منقطع ہوتی ہے۔

اور اگر یہ شبہ کیا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے کفار کو سب وشتم کرنے سے منع فرمایا ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر فاعلِ مختار کے فعل کا تخلل واقع ہو، تب بھی گناہ کا سبب ہوتا ہے؟

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ على القول بأن خطاب التحريم غير نازل فى حق الكفار.

فيجوز أن تكون الصور الثلاث الأولى مغلبة على صورة بيع الخمر فى قول المصنف، وإنما المعصية بفعل المستأجر وهو مختار فيه قطعا فقطع نسبته عنه، فكأنه قال :وإنما المعصية فى صورة اتخاذ المعصية بفعل المستأجر وهو مختار فيه فقطع نسبة ذلک الفعل عن المؤجر .وأما فى غير صورة اتخاذ المعصية وهى صورة بيع الذمى الخمر فالأمر بين، فحينئذ لا يتحقق التنافى بينه وبين ما صرح به صاحب المحيط كما لا يخفى.

ثم إنه لو سلم دلالة كلام المصنف على كون بيع الخمر أيضا معصية للذمى فلا ضير فيه؛ لأن فى نزول خطاب التحريم فى حق الكفار قولين من مشايخنا، فعند بعضهم غير نازل وعند بعضهم نازل كما عرف فى أصول الفقه فى فصل أن الكفار مخاطبون بالشرائع أم لا، فيجوز أن يكون مبنى كلام صاحب المحيط على القول الأول ومبنى كلام المصنف على القول الثانى، ولكل وجهة هو موليها(تكملة فتح القدير لقاضى زاده آفندى، ج١٠،ص ٦١،كتاب الكراهية،فصل فى البيع)

تو اس کے جواب میں کہا جائے گا کہ ہماری (مذکورہ) بحث ''سببِ محض'' میں ہے۔

لیکن جب ایسا نہ ہو (یعنی سببِ محض نہ ہو) بلکہ سبب، اس عمل کی علت ہو، تو پھر گناہ ہے، اور کافر کو سب وشتم کرنے میں سبب، دراصل علت ہے، کیونکہ یہ دوسرے کے لئے اس فعلِ قبیح کا جالب ومحرک ہے، لیکن گھر کو کرایہ پر دینا، غیر مسلم کو اپنی عبادت خانہ بنانے کا جالب ومحرک نہیں، اسی لئے اگر اس گھر کو سامان رکھنے کے لئے، یا محض کرایہ پر دے، تو تب بھی کرایہ دار کو اپنی عبادت کرنے کا حق ہے۔

اسی طرح اہلِ فتنہ کو اسلحہ فروخت کرنے کا بھی معاملہ ہے کہ یہاں فروخت کرنے والا علت کا مرتکب ہوتا ہے، کیونکہ اسلحہ کے بغیر وہ فتنہ وفساد برپا کرنے پر قادر نہیں ہوتے، اس لئے اسلحہ کی بیع، علت کی علت کے درجہ میں ہوگئی (اور اسلحہ کے علاوہ لوہے، اور دوسری چیز کو یہ حیثیت حاصل نہیں)'' [1]

---

[1] م :(قال) ش :أی فی "الجامع الصغیر :"م :(ومن أجر بیتا لیتخذ فیه بیت نار) ش: للمجوس م :(أو کنیسة) ش :للنصاری م :(أو بیعة) ش :للیهود م :(أو یباع فیه الخمر) ش :لأهل الذمة أو الفسقة من المسلمین م :(بالسواد) ش :یتعلق بالجمیع تقدیره :من أجر بیتا فی السواد لیتخذ فیه بیت نار وکذلک البواقی.....(فلا بأس به) ش :أی بما ذکر من الأشیاء م :(وهذا عند أبی حنیفة -رحمه الله-) ش :أی هذا الذی ذکرناه من الجواز عند أبی حنیفة.....

(وله) ش :أی ولأبی حنیفة -رحمه الله :-م :(أن الإجارة ترد علی منفعة البیت ولهذا تجب الأجرة بمجرد التسلیم، ولا معصیة فیه) ش :أی فی إجارة البیت م :(وإنما المعصیة بفعل المستأجر وهو مختار فیه) ش :أی المستأجر مختار فی فعل المعصیة یعنی أن ذلک باختیاره، م: (فقطع نسبته عنه) ش :أی قطع نسبة المعصیة عن العقد .وفی بعض النسخ :فیقطع نسبه عنه، وهذا کما إذا أخذ من هرب ممن قصده بالقتل حتی قتله لا شیء علی الآخر لتخلل فعل فاعل مختار، وکذلک هذا الإثم علی الآخر بهذا المعنی.

وقال شمس الأئمة السرخسی -رحمه الله -فی باب الإجارة الفاسدة من "الأصل :"وهو کمن باع جاریة ممن لا یستبرئها أو یأتیها من غیر المأتی لم یأثم من فعل المشتری .وکذا قوله :فیمن باع غلاما قصد الفاحشة.

فإن قلت :ألا تری أن قوله سبحانه وتعالی:"ولا تسبوا الذین یدعون من دون الله"الآیة، حرم المسبب وإن تخلل فعل فاعل مختار.

وقلت :الکلام فی المسبب المحض، أما إذا کان سببا بعمل العلة فلا وسب الکافر والضم کذلک،

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اور علامہ بدرُالدین عینی نے مذکورہ تالیف میں ہی فرمایا کہ:

''فاعلِ مختار کے فعل، یعنی سبب اور حکم کے درمیان، تخلل واقع ہوگیا، جس نے حکم کی نسبت کو سبب سے منقطع کردیا'' [1]

اور'' التوضیح فی حل غوامض التنقیح ''میں ہے:

''اگر علت، سبب کی طرف مضاف نہ ہو، بایں طور کہ علت، فعلِ اختیاری ہو، تو یہ ''سببِ حقیقی'' ہوتا ہے، جس کی طرف حکم کی اضافت نہیں کی جاتی'' [2]

اور''الفتاویٰ الھندیة ''میں بھی امام ابوحنیفہ کے نزدیک غیر مسلم کے مسلمان کا گھر شراب بیچنے کے لئے کرایہ پر لینے کے جائز ہونے کی تصریح ہے۔ [3]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

لأنه يبعث لهم ذلک على الفعل القبيح، بخلاف إجارة البيت، لأنه لا يحمل المستأجر على اتخاذه بيت نار، ولهذا لو أجر داره ليضع فيها متاعا، أو ليكن تحت الأجرة، لأنه لم يتعلق الإجارة بما قال، بخلاف بيع السلاح من أهل الفتنة، لأن البائع يعمل العلة، لأنهم لا يتمكنون من إنارة الفتنة إلا بالسلاح ليكون البيع منهم بمنزلة علة العلة(البناية شرح الهداية، ج ۱۲، ص ۲۲۰، ۲۲۱، كتاب الكراهية، فصل فى البيع)

علة العلة :كما فى الرمى سبب للقتل من حيث إنه سبب للعلة فالموت لم يحصل بمجرد الرمى بل بالواسطة فأشبه ما لا يحصل الحكم إلا به(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج۲۴، ص۱۴۷، مادة''سبب''حرف السين)

[1] (ولأن تخلل فعل فاعل مختار) ش :بين السبب والحكم م :(يقطع النسبة) ش :أى نسبة الحكم إلى السبب م :(كما فى الحافر مع الملقى) ش :أى كما فى حافر البئر على قارعة الطريق مع الذى ألقاه، أى دفعه إلى البئر حيث يضاف الضمان إلى الدافع لا إلى الحافر(البناية شرح الهداية، ج ۱۳، ص ۲۳۹، كتاب الديات، باب ما يحدثه الرجل فى الطريق)

[2] (وإن لم تكن مضافة إليه) أى العلة مضافة إلى السبب .(نحو أن تكون) أى العلة (فعلا اختياريا فسبب حقيقى) لا يضاف الحكم إليه(التوضيح فى حل غوامض التنقيح لصدر الشريعة المحبوبى ، ج۲، ص ۲۷۵، القسم الثانى من الكتاب فى الحكم، باب فى الحكم ،القسم الثانى من الحكم وهو الذى يكون حكما بتعلق شىء بشىء آخر)

[3] إذا استأجر الذمى من المسلم بيتا ليبيع فيه الخمر جاز عند أبى حنيفة -رحمه الله تعالى- خلافا لهما .كذا فى المضمرات(الفتاوى الهندية، ج۴، ص ۴۴۹، كتاب الاجارة، الباب السادس عشر فى مسائل الشيوع فى الإجارة)

اسی طرح فتاویٰ سراجیہ میں بھی امام ابوحنیفہ کے نزدیک مسلمان کے گھر کو غیر مسلم کے گرجا گھر بنانے، اور شراب فروخت کرنے کے لئے کرایہ پر لینے، اور اسی طرح، یہودی کے عبادت خانہ کی تعمیر کے لئے مسلمان کے اجرت پر کام کرنے، اور کافر کے لئے محض شراب اٹھا کر لے جانے کی مزدوری کرنے کو جائز قرار دیا گیا ہے۔ [1]

چونکہ گرجا گھر بنانے اور شراب فروخت کرنے، اور اجارہ پر شراب کو منتقل کرنے کے افعال زیادہ تر غیر مسلموں کی طرف سے سرانجام دیئے جاتے ہیں، اس لئے بعض حضرات نے غیر مسلموں کے الفاظ کے ساتھ ان مسائل کو بیان کر دیا، اور بعض نے مطلق الفاظ میں بیان کر دیا، جس سے معلوم ہوا کہ یہ قید احترازی نہیں، اور جواز کی علت بھی عموم کی مقتضی ہے۔

جس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ بعض حضرات نے جو مذکورہ معاملات کے جواز کو ذمی اور غیر مسلم کے ساتھ مختص رکھا ہے، یہ راجح قول پر مبنی نہیں۔

امام ابوحنیفہ کے نزدیک کرایہ واجارہ کا معاملہ کرنا، نہ تو معصیت ہے، اور نہ معصیت کا سبب ہے، البتہ گناہ کی نیت، یا تصریح کرنا، گناہ ہے، اور جو شخص بھی گناہ کی نیت، یا گناہ کی تصریح کرے گا، وہ اپنی نیت اور تصریح کے حسبِ حال گناہ گار ہوگا، اگر کافر ہو، تو وہ بھی گناہ گار ہوگا۔

اور فتاویٰ سراجیہ ہی میں ہے کہ:

**لاباس بان یختلف الرجل الیٰ ارض الحرب للتجارة مالم یحمل سلاحا او کراعا** (الفتاویٰ السراجیة، ص ۷۴، کتاب الکراهة والاستحسان، باب باب البیع والشراء، مطبوعة: ایچ، ایم، سعید کمپنی، کراچی)

ترجمہ: کوئی حرج نہیں کہ آدمی، اہلِ حرب کے ملک میں تجارت کے لئے جائے،

---

[1] آجر بیتا لیتخذ فیه بیت نار اور بیعة، او کنیسة، او یباع فیه الخمر لاباس به عند ابی حنیفة خلافا لهما، آجر نفسه لیعمل له فی الکنیسة ویعمرها لاباس به، یهودی استاجر مسلما لیحمل له خمرا جاز (الفتاویٰ السراجیة، ص ۱۱۳، کتاب الاجارات، باب مایکره من الاجارة ومالایکره، مطبوعة: ایچ، ایم، سعید کمپنی، کراچی)

بشرطیکہ اسلحہ اور گھوڑوں کو (جو اس زمانہ میں، آج کل کے ٹینکوں وغیرہ کی طرح قتال کا ذریعہ تھے) وہاں لے کر نہ جائے (فتاویٰ سراجیہ)

اسی بات کی تائید حنفیہ کی بعض دیگر کتبِ معتبرہ سے بھی ہوتی ہے، جن میں اہلِ حرب کے ساتھ حلال چیزوں کی تجارات ومعاملات کو جائز قرار دیا گیا ہے، سوائے ان کو اسلحہ فروخت کرنے کے۔

البتہ بعض مخصوص معاملات، کافر کے ساتھ ممنوع، یا مکروہ ہیں، جیسا کہ شرکتِ مفاوضہ وغیرہ، اگرچہ وہ ذمی کافر کیوں نہ ہو، چہ جائیکہ حربی کافر ہو۔ [1]

اور چونکہ گناہ کی نیت، یا تصریح کرنا، گناہ ہے، تو اگر ان میں سے کوئی بات نہ پائی جائے، البتہ قرائن، یا حالات سے یہ معلوم ہو کہ شیرہ کو خریدنے، یا مکان کو کرایہ پر لینے، والا اس شیرہ سے شراب بنائے گا، یا اجارہ پر دیئے گئے مکان ودوکان میں کنیسہ، وگرجا گھر وغیرہ بنائے گا، تو اس میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک گناہ بھی لازم نہیں آتا، اس صورت کو بھی فقہائے کرام نے الگ سے بیان کیا ہے، اور واضح کیا ہے کہ دوسرے فقہاء جو اس صورت میں گناہ کی اعانت کے قائل ہیں، وہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک درست نہیں، اور اس میں گناہ پر اعانت کرنا، یا گناہ کا سبب بننا نہیں پایا جاتا، کیونکہ اس کا مقصود تو تجارت اور بیع وشراء ہے، اور شیرہ کی بیع کے مسئلہ میں گناہ، بعینہٖ اس شیرہ پر قائم نہیں ہوتا، مگر اسی وقت جبکہ اس میں تغیر کرلیا جائے۔

اور کرایہ پر دینے کے مسئلہ میں گناہ دوسرے فاعلِ مختار کے فعل کے ساتھ قائم ہے، اس لئے اس گناہ کی نسبت، بیچنے اور کرایہ پر دینے والے کی طرف نہیں کی جائے گی، اور وہ دوسرے کے قصد وعمل کا بوجھ اٹھانے والا شمار نہیں ہوگا، اور یہاں معقود علیہ گناہ والا فعل نہیں۔

---

[1] قال :(ولا تجوز المفاوضة بين المسلم والذمي في قول أبي حنيفة ومحمد رحمهما الله) وقال أبو يوسف -رحمه الله :-يجوز ذلك، وهي مكروهة(المبسوط، لشمس الأئمة السرخسي، ج ١١،ص ١٩٦، كتاب الشركة،باب خصومة المفاوضين فيما بينهما،المفاوضة بين المسلم والذمي)

چنانچہ صاحبِ شرح وقایہ، صاحبِ مجمع الانہر، صاحبِ الاختیار، صاحبِ ہدایہ، اور دیگر بہت سے فقہائے حنفیہ نے اس کی تصریح کی ہے۔ [1]

ابوبکر جصاص نے بھی ''شرح مختصر الطحاوی ''میں محارب اہلِ فتنہ اور کفار کو اسلحہ فروخت کرنے کے مکروہ ہونے کا حکم بیان کیا ہے، جیسا کہ پہلے گذرا۔ [2]

اور پھر ابوبکر جصاص نے دوسرے مقام پر انگور کا شیرہ فروخت کرنے کے جائز ومباح ہونے کا حکم بیان کیا ہے، خواہ دوسرے کے اس سے شراب بنانے کا خوف ہو، یا نہ ہو، اور گناہ کا ذمہ

---

[1] ( وبيع العصير ممن يتخذ خمرا)، فإن المعصية لا تقوم بعين العصير، بخلاف بيع السلاح ممن يعلم أنه من أهل الفتنة، فإن المعصية تقوم بعينه.

(وحمل خمر ذمي بأجر هذا عند أبي حنيفة -رضى الله عنه -، وعندهما :لا يجوز، ولا يحل له الأجر(وإجارة بيت بالسواد ليتخذ بيت نار أو كنيسة أو بيعة، أو يباع فيه الخمر)، هذا عند أبي حنيفة -رضى الله عنه -لتحلل فعل الفاعل المختار، وقالا :لا يجوز(شرح الوقاية، ج۵ص۱۰۴، كتاب الكراهية ، فصل فى البيع)

(ويجوز بيع العصير) أى عصير العنب (ممن) يعلم أنه (يتخذه خمرا) ؛ لأن المعصية لا تقوم بنفس العصير بل بعد تغيره فصار عند العقد كسائر الأشربة من عمل ونحوه بخلاف بيع السلاح من أهل الفتنة لأن المعصية تقوم بعينه(مجمع الانهر، ج۲،ص۵۴۸، كتاب الكراهية)

قال: (ولا بأس ببيع العصير ممن يعلم أنه يتخذه خمرا) لأن المعصية لا تقوم بعينه بل بعد تغيره.....

وعلى هذا الخلاف إذا آجر بيتا ليتخذه بيت نار أو بيعة أو كنيسة فى السواد .لهما أنه أعانه على المعصية، وله أن العقد ورد على منفعة البيت حتى وجبت الأجرة بالتسليم وليس بمعصية، والمعصية فعل المستأجر وهو مختار فى ذلك(الاختيار لتعليل المختار، ج۴،ص۱۶۲، كتاب الكراهية،فصل فى الإحتكار)

ولا بأس ببيع العصير ممن يعلم أنه يتخذه خمرا "؛ لأن المعصية لا تقام بعينه بل بعد تغييره، بخلاف بيع السلاح فى أيام الفتنة لأن المعصية تقوم بعينه.

قال ومن أجر بيتا ليتخذ فيه بيت نار أو كنيسة أو بيعة أو يباع فيه الخمر بالسواد فلا بأس به "وهذا عند أبى حنيفة، وقالا :لا ينبغى أن يكريه لشىء من ذلك؛ لأنه إعانة على المعصية .وله أن الإجارة ترد على منفعة البيت، ولهذا تجب الأجرة بمجرد التسليم، ولا معصية فيه، وإنما المعصية بفعل المستأجر، وهو مختار فيه فقطع نسبته عنه(الهداية، ج۴،ص۳۷۸، كتاب الكراهية،فصل فى البيع)

[2] وكره بيع السلاح من أهل الفتنة، وفى عساكر الفتنة، ولا بأس ببيعه فى الأمصار، وممن لا نعرفه من أهل الفتنة.

وكل ذلك لأن فى بيعه من أهل الفتنة معونة لهم عليها، كما يكره بيع السلاح من أهل الحرب(شرح مختصر الطحاوى، ج۸،ص۵۶۰، كتاب الكراهية،مسألة :بيع السلاح لأهل الفتنة)

داراس شیرہ سے شراب بنانے والے کو قرار دیا ہے، اور ریشم اور زیور کے مرد کو فروخت کرنے کو بھی جائز ومباح قرار دیا ہے، خواہ مرد اس کو خود پہنے، جبکہ مرد کو ریشم اور زیور کا پہننا حرام ہے۔

اور فرمایا کہ اہلِ فتنہ کو اور عساکرِ فتنہ میں اسلحہ کی بیع اس لئے مکروہ ہے کہ اسلحہ سے اسی حالت میں قتال کیا جاتا ہے، اور اس سے مقصود قتال ہی ہوتا ہے، اور اہلِ فتنہ کی طرف سے اس اسلحہ کا استعمال، فتنہ برپا کرنے کے ساتھ مختص ہے، اور دوسرے طریقہ سے انتفاع بظاہر منتفی ہے، جبکہ شیرہ سے اسی حالت میں انتفاع جائز ہے، اور شراب معقود علیہ نہیں۔ [1]

---

قال :(ولا بأس ببيع العصير من كل أحد :خاف البائع أن يتخذه المشترى خمرا، أو أمن ذلک) وذلک لأن العصير مباح جائز التصرف فيه، وإنما المأثم على من يتخذه خمرا لشربها، فأما البائع فلا شيء عليه فى ذلک، كبيع الحرير والحلى من الرجال :فهو جائز مباح وإن لم يأمن أن يلبسه الرجل، أو يستعمله فيما لا يجوز.

فإن قيل :فقد كرهتم بيع السلاح فى الفتنة، وفى عساكر الفتنة، فهلا كان كذلک بيع العصير ممن يتخذه خمرا؟

قيل له :الفصل بينهما :ان السلاح على هيئته هذه يستعان به على القتال، فإذا كان زمان الفتنة :كره بيعه ممن يستعين به عليها، كما يكره إعطاء صاحب الفتنة من الخوارج وأهل الحرب، وأما العصير فلا بأس بالانتفاع به على هيئته كيف شاء صاحبه، وإنما المحظور منه بعد استحالته خمرا، وليست هى المعقود عليها فى الحال.

فإن قيل :فينبغى أن يكره بيع الحرير والحلى من الرجال؛ لأنهما على هيئتهما ينتفع بهما فى الجهة المحظورة.

قيل له :لم نقل إن بيع السلاح مكروه، لأجل إمكان الانتفاع به على هذه الهيئة فى الوجه المحظور، دون أن تكون الحال دالة عليه، وهو إن يكون فى عسكر الفتنة، أو زمان الفتنة مع ما وصفنا من حاله.

وأما الحرير والحلى، فليس لهما حال ظاهرة يمنع ببيعهما وإن كان الانتفاع بهما ممكنا على الوجه المحظور، وبيع العصير يشبه من هذه الجهة بيع الحرير والحلى من الرجال، إذ ليست ها هنا حال ظاهرة يقتضى أن يكون شراء العصير لأن يتخذ خمرا، فوجب أن لا يمنع بيعه.

وأما ما روى عن النبى صلى الله عليه وسلم" :أنه لعن الخمر، وعاصرها، ومعتصرها، وحاملها، وبيعها :"فما ذكر فى الخبر فلا دلالة عليه على مسألتنا؛ لأن ذلک وارد فى الخمر، وكلامنا فى عصير ليس بخمر.

فإن قيل :إنما عنى عاصر العنب للخمر، فينبغى أن يكون بائع العصير للخمر مثله.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اور علامہ قاضی زادہ آفندی (المتوفیٰ :988ھ) نے ہدایہ کی شرح ''تکملۃ فتح القدیر'' میں فرمایا کہ راجح یہ ہے کہ اگر کسی نے مکان رہنے، اور جائز کام کے لئے کرایہ پر دیا، اور پھر کرایہ دار نے اس میں گرجا گھر بنایا، یا شراب فروخت کی، تو یہ بلا اختلاف جائز ہے، اور اگر ابتداء میں ہی اس مقصد کے لئے کرایہ پر دیا، تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک جائز اور امام ابو یوسف اور امام محمد کے نزدیک مکروہ ہے۔

اور یہ سمجھنا کہ یہ آخری صورت امام ابوحنیفہ کے نزدیک بھی ممنوع، یا مکروہ ہے، یہ درست نہیں۔

کیونکہ امام محمد نے ''الجامعُ الصغیر ''میں تصریح کی ہے کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک اپنے مکان کو اس مقصد کے لئے کرایہ پر دینا، تاکہ کرایہ پر لینے والا، اس میں گرجا گھر بنائے، یا شراب کو فروخت کرے، یہ جائز ہے، کیونکہ اس میں فاعلِ مختار کے فعل کا تخلل موجود ہے۔

اور امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف وامام محمد کے اختلاف کو نظر انداز کر کے، جن حضرات نے دونوں اقوال کو خلط ملط کر دیا، وہ درست نہیں۔ [1]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

قيل له :قولک إنه عنى عاصر العنب للخمر :دعوى لا دلالة عليه من الخبر، لأن الخمر نفسه قد يجوز أن يعتصر، بأن يطرح العنب فى الإناء حتى ينشى ويغلى، ثم يعصر، فيكون عاصرا للخمر، وهذا الذى اقتضاه ظاهر الخبر؛ لأنه لعن عاصر الخمر، فينبغى أن يكون خمرا فى حال العصير.

وعلى أنا ننهى أيضا عن عصير العنب للخمر، ومن فعل ذلک فهو عاصر، وإنما مسألتنا فيمن باع ولم يعصره، وإنما خاف أن يعصره المشترى، فلا يكون البائع منهيا عنه لأجل فعل يحدث بعده من غيره (شرح مختصر الطحاوى، ج٦،ص ٣٩١ و ٣٩٢،كتاب الأشربة وأحكامها،مسألة:بيع عصير العنب ممن يجعله خمرا)

[1] قال شيخ الإسلام :وأراد بهذا إذا استأجرها الذمى ليسكنها، ثم أراد بعد ذلک أن يتخذ كنيسة أو بيعة فيها، فأما إذا استأجرها فى الابتداء ليتخذها بيعة أو كنيسة لا يجوز إلى هنا لفظ الذخيرة والمحيط .قال :بعض المتأخرين بعد نقل ذلک عن صاحب المحيط :ولا خفاء فيما بينه وبين ما ذكره المصنف من التنافى .أقول :إن التنافى بينهما ممنوع .إذ يجوز أن يكون بناء قول شيخ الإسلام فأما إذا استأجرها فى الابتداء ليتخذها بيعة أو كنيسة لا يجوز على قول أبى يوسف

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

# ’’ردُّ المحتار‘‘ کا حوالہ

اور فقہ حنفی کی مشہور کتاب ’’ردُّ المحتار‘‘ میں ہے کہ:

(قوله: لأنه إعانة على المعصية) ؛ لأنه يقاتل بعينه، بخلاف ما لا يقتل به إلا بصنعة تحدث فيه كالحديد، ونظيره كراهة بيع المعازف؛ لأن المعصية تقام بها عينها، ولا يكره بيع الخشب المتخذة هي منه، وعلى هذا بيع الخمر لا يصح ويصح بيع العنب .والفرق في ذلك كله ما ذكرنا فتح ومثله في البحر عن البدائع، وكذا في الزيلعي لكنه قال بعده وكذا لا يكره بيع الجارية المغنية والكبش النطوح والديك المقاتل والحمامة الطيارة؛ لأنه ليس عينها منكرا وإنما المنكر في استعمالها المحظور .اهـ.

قلت: لكن هذه الأشياء تقام المعصية بعينها لكن ليست هي المقصود الأصلي منها، فإن عين الجارية للخدمة مثلا والغناء عارض فلم تكن عين النكر، بخلاف السلاح فإن المقصود الأصلي منه هو المحاربة به فكان عينه منكرا إذا بيع لأهل الفتنة، فصار المراد بما تقام المعصية به ما كان عينه منكرا بلا عمل صنعة فيه، فخرج نحو الجارية المغنية؛ لأنها ليست عين المنكر، ونحو الحديد والعصير؛ لأنه وإن كان يعمل منه عين المنكر لكنه بصنعة تحدث فلم يكن عينه.

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

ومحمد في هذه المسألة، لكون مختار نفسه قولهما، وإنما يلزم التنافي بينهما .أن لو قال لا يجوز عند أبي حنيفة أو قال لا يجوز عندهم جميعا وليس فليس .وذكر أحد القولين في المسألة الخلافية بدون بيان الخلاف ليس بعزيز في كلام الثقات .وعن هذا نرى كثيرا من أصحاب المتون يذكرون قول أبي حنيفة في كثير من المسائل الخلافية بدون بيان الخلاف .ثم الشراح يبينون الخلاف الواقع في ذلك، وكيف لا يكون مراد شيخ الإسلام بقوله المزبور ما ذكرناه..

وقد صرح محمد -رحمه الله -في الجامع الصغير بأنه لا بأس عند أبي حنيفة أن تؤاجر بيتك ليتخذ فيه بيت نار أو كنيسة أو بيعة أو يباع الخمر فيه بالسواد .وهل يليق بمثل شيخ الإسلام أن يغفل عن مسألة الجامع الصغير.

ثم قال ذلك البعض :ثم كلام المصنف صريح في أن إجارة البيت ليباع فيه الخمر مع كونه معصية إنما صحت عند أبي حنيفة لتخلل فعل فاعل مختار(تكملة فتح القدير لقاضي زاده آفندي، ج١٠،ص٦٠،كتاب الكراهية،فصل في البيع)

**وبهذا ظهر أن بيع الأمرد ممن يلوط به مثل الجارية المغنية فليس مما تقوم المعصية بعينه، خلافا لما ذكره المصنف والشارح في باب الحظر والإباحة، ويأتي تمامه قريبا (قوله: يكره لأهل الحرب) مقتضى ما نقلناه عن الفتح عدم الكراهة، إلا أن يقال: المنفي كراهة التحريم والمثبت كراهة التنزيه؛ لأن الحديد وإن لم تقم المعصية بعينه لكن إذا كان بيعه ممن يعمله سلاحا كان فيه نوع إعانة تأمل** (رد المحتار، ج۴، ص۲۶۸، كتاب الجهاد، باب البغاة)

ترجمہ: اور یہ کہنا کہ دشمنوں کو اسلحہ کی بیع میں گناہ پر تعاون کرنا، پایا جاتا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ بعینہٖ اس اسلحہ سے قتال کیا جاتا ہے، برخلاف اس چیز کے، جس سے قتال، ایسی صنعت کے بعد کیا جاتا ہے، جو اس میں پیدا ہوتی ہے، جیسا کہ لوہا، تو وہ ممنوع نہیں، اور اس کی مثال معازف (باجوں کے آلات) کی بیع مکروہ ہونے کی ہے، کیونکہ گناہ اس (اسلحہ) کی عین وذات کے ساتھ قائم ہوتا ہے، لیکن اس لکڑی کی بیع مکروہ نہیں، جس سے معازف (باجوں کے آلات) کو بنایا جاتا ہے، اور یہی حکم شراب کی بیع کا بھی ہے کہ وہ صحیح نہیں، لیکن انگور (اور اس کے شیرہ) کی بیع صحیح ہے، اور ان سب چیزوں میں فرق وہی ہے، جو ہم نے ذکر کیا، فتح القدیر، اور اس کے مثل بحر میں بدائع سے نقل کیا گیا ہے۔

اور اسی طرح زیلعی میں ہے، لیکن اس کے بعد زیلعی نے فرمایا کہ گانے والی باندی، اور مقابلہ کرنے والے مینڈھے (بیل) اور لڑائی والے مرغ، اور اڑنے والے کبوتر کی بیع بھی مکروہ نہیں، کیونکہ یہ بذاتِ خود منکر نہیں، بس منکر تو ان کا ناجائز طریقہ پر استعمال کرنا ہے۔

میں کہتا ہوں کہ ان چیزوں کی ذات کے ساتھ گناہ تو قائم ہوتا ہے، لیکن ان چیزوں سے گناہ مقصودِ اصلی نہیں ہوتا، کیونکہ باندی کا عین تو مثلاً خدمت کے لئے ہوتا ہے، اور گانا، عارض ہے، اس لئے یہ عین منکر نہیں، برخلاف اسلحہ کے، کیونکہ

اس کا مقصودِ اصلی لڑائی کرنا ہے، اس لئے اس کی ذات منکر کہلائے گی، جبکہ اہلِ فتنہ کو فروخت کیا جائے، پس جس چیز کے ساتھ گناہ قائم ہو، اس سے مراد یہ ہوا کہ اس کی ذات اس طرح منکر ہو کہ اس میں کوئی فعلِ صنعت نہ ہو، پس اس سے گانے والی باندی خارج ہوگئی، کیونکہ وہ عین منکر نہیں، اور لوہا، اور شیرہ وغیرہ بھی خارج ہوگیا، کیونکہ اگرچہ اس سے عین منکر والا عمل سرانجام دیا جاتا ہے، لیکن وہ جدید صنعت کے ساتھ انجام دیا جاتا ہے، اس لئے اس کا عین بھی منکر نہیں۔

اور اس سے یہ بات ظاہر ہوگئی کہ امرَد (غلام ولڑکے) کی اس شخص کو بیع کرنا، جو اس کے ساتھ لواطت کرے، وہ گانے والی باندی کی طرح ہے، پس وہ ان چیزوں میں سے نہیں، جن کے عین کے ساتھ گناہ قائم ہوتا ہے، برخلاف اس کے، جس کو شارح نے بابِ حظر واباحہ میں ذکر کیا ہے، اور یہ سب، قریب میں آتا ہے۔

یہ کہنا کہ اہلِ حرب کو لوہا فروخت کرنا، مکروہ ہے، ہم نے فتح القدیر سے جو نقل کیا ہے، وہ مکروہ نہ ہونا ہے، البتہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ مکروہ تحریمی کی نفی، اور کراہتِ تنزیہی کا اثبات ہے، کیونکہ لوہے کے عین کے ساتھ اگرچہ گناہ قائم نہیں ہوتا، لیکن جب اس کی بیع اس (حربی) شخص کو کی جائے، جو اس سے اسلحہ بنائے، تو اس میں ایک قسم کی اعانت پائی جاتی ہے، غور کرلو (ردالمحتار)

اس سے معلوم ہوا کہ ہر قسم کی اعانت حرام، یا مکروہ تحریمی نہیں کہلاتی، اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک جو گناہ فاعل مختار کے اپنے فعل سے قائم ہو، اس کا گناہ بھی اسی فاعلِ مختار کے ذمہ ہے۔

## ”ردُّ المحتار“ اور ”النهرُ الفائق“ کا حوالہ

علامہ حصکفی نے ”الدرُ المختار“ میں ”النهرُ الفائق“ کے حوالہ سے ”کتابُ الجهاد“ میں، اس بات کا ذکر کیا ہے کہ جس چیز کی عین کے ساتھ گناہ قائم ہو، جیسا کہ اسلحہ کو

دشمنوں کے ہاتھوں فروخت کرنا، تو اس کی بیع مکروہ تحریمی ہے، ورنہ مکروہ تنزیہی ہے۔ [1]

اور اس کی شرح میں علامہ ابنِ عابدین شامی نے ''رَدُّ المختار'' میں ''النهرُ الفائق'' کی اس عبارت کو نقل کیا ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ:

''جس چیز کے عین کے ساتھ گناہ قائم نہ ہو، لیکن معلوم ہو کہ دوسرا فریق اس کو گناہ کے کام میں استعمال کرے گا، جیسا کہ معلوم ہو کہ لوہے کو خریدنے والا دشمن، اس سے اسلحہ بنا کر ہمارے خلاف استعمال کرے گا، یا شیرہ سے شراب بنائے گا، تو یہ سب صورتیں حرام، یا مکروہ تحریمی تو نہیں، البتہ مکروہ تنزیہی ہیں، کیونکہ اس میں شک نہیں کہ یہ گناہ میں اعانت کرنے والا نہیں، لیکن گناہ کی اعانت میں سبب بننے والا ہے'' [2]

''کنزُ الدقائق'' کی شرح ''النهرُ الفائق'' میں یہ عبارت مذکور ہے۔ [3]

---

[1] (ويكره) تحريما (بيع السلاح من أهل الفتنة إن علم) لأنه إعانة على المعصية (وبيع ما يتخذ منه كالحديد) ونحوه يكره لأهل الحرب (لا) لأهل البغى لعدم تفرغهم لعمله سلاحا لقرب زوالهم، بخلاف أهل الحرب زيلعى.

قلت :وأفاد كلامهم أن ما قامت المعصية بعينه يكره بيعه تحريما وإلا فتنزيها نهر (الدرالمختار، كتاب الجهاد، باب البغاة)

[2] (قوله :نهر) عبارته :وعرف بهذا أنه لا يكره بيع ما لم تقم المعصية به كبيع الجارية المغنية والكبش النطوح والحمامة الطيارة والعصير والخشب الذى يتخذ منه العازف، وما فى بيوع الخانية من أنه يكره بيع الأمرد من فاسق يعلم أنه يعصى به مشكل.

والذى جزم به فى الحظر والإباحة أنه لا يكره بيع جارية ممن يأتيها فى دبرها أو بيع الغلام من لوطى وهو الموفق لما مر .وعندى أن ما فى الخانية محمول على كراهة التنزيه والمنفى هو كراهة التحريم، وعلى هذا فيكره فى الكل تنزيها، وهو الذى إليه تطمئن النفس؛ لأنه تسبب فى الإعانة، ولم أر من تعرض لهذا، والله تعالى الموفق اهـ (رد المحتار، ج۴، ص۲۶۸، كتاب الجهاد، باب البغاة)

[3] (وكره بيع السلاح من أهل الفتنة) كالبغاة وقطاع الطريق واللصوص لأنه إعانة على المعصية، قيد بالسلاح لأن بيع ما يقاتل به إلا بصنعة تحدث فيه لا يكره بخلاف أهل الحرب.

قال الشارح :والفرق فيما يظهر أن أهل البغى يتفرغون لاستعماله سلاحا لأن فسادهم على شرف الزوال بالتوبة أو بتفريق جمعهم بخلاف أهل الحرب، وعرف بهذا أنه لا يكره بيع ما لم تقم

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اس کے علاوہ علامہ حصکفی نے ''الدر المختار '' کی ''کتابُ الحظر والاباحة '' میں بھی'' النهر الفائق '' کے اس موقف کا اعادہ کیا ہے۔ [1]

جس کے بعد اس موقع پر علامہ ابنِ عابدین شامی نے اس کی شرح میں ''النهرُ الفائق '' کی مذکورہ عبارت کو نقل کر کے، اس سے اختلاف کیا ہے، اور فرمایا کہ جس چیز کی عین کے ساتھ گناہ قائم نہ ہو، امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس کی بیع، حرام، یا مکروہ تحریمی نہیں ہے، اور جنہوں نے حرام، یا مکروہ تحریمی کہا ہے، اس کو مکروہ تنزیہی پر محمول کرنا درست نہیں، بلکہ یہ امام ابوحنیفہ کا قول ہے ہی نہیں، صاحبین کا قول ہے (اور علامہ قاضی زادہ اس کی توجیہ میں فرما چکے کہ حرمت، یا کراہت تحریمی کا قول دراصل صاحبین کا ہے، جسے بعض نے امام ابوحنیفہ کا سمجھ لیا)

کیونکہ جب اس چیز کی عین کے ساتھ گناہ قائم نہیں، اور نہ وہ چیز بذاتِ خود گناہ کا سبب ہے، اور گناہ فاعلِ مختار کے فعل سے حاصل ہوتا ہے، تو اس میں امام ابوحنیفہ کے نزدیک

---

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

المعصية به كبيع الجارية المغنية والكبش النطوح والحمامة الطيارة والعصير والخشب الذى يتخذ منه المعازف، وما فى بيوع (الخانية) من أنه يكره بيع الأمرد من فاسق يعلم أنه يعصى به مشكل والذى جزم به الشارح فى الحظر والإباحة أنه لا يكره بيع جارية لمن يأتيها فى دبرها أو بيع غلام من لوطى وهو الموافق لما مر، وعندى أن ما فى (الخانية) محمول على كراهة التنزيه والمنفى هو كراهة التحريم وعلى هذا فيكره فى الكل تنزيها وهو الذى إليه تطمئن النفس إذ لا شك أنه وإن لم يكن معينا إلا أنه مسبب فى الإعانة ولم أر من تعرض لهذا والله الموفق(النهر الفائق، ج۳، ص۲۶۸، كتاب الجهاد، باب البغاة)

[1] (و) جاز (بيع عصير) عنب (ممن) يعلم أنه (يتخذه خمرا) لأن المعصية لا تقوم بعينه بل بعد تغيره وقيل يكره لإعانته على المعصية ونقل المصنف عن السراج والمشكلات أن قوله ممن أى من كافر أما بيعه من المسلم فيكره ومثله فى الجوهرة والباقانى وغيرهما زاد القهستانى معزيا للخانية أنه يكره بالاتفاق.

(بخلاف بيع أمرد ممن يلوط به وبيع سلاح من أهل الفتنة) لأن المعصية تقوم بعينه ثم الكراهة فى مسألة الأمرد مصرح بها فى بيوع الخانية وغيرها واعتمده المصنف على خلاف ما فى الزيلعى والعينى وإن أقره المصنف فى باب البغاة .قلت :وقدمنا ثمة معزيا للنهر أن ما قامت المعصية بعينه يكره بيعه تحريما وإلا فتنزيها .فليحفظ توفيقا.

(و) جاز تعمير كنيسة و (حمل خمر ذمى) بنفسه أو دابته (بأجر) لا عصرها لقيام المعصية بعينه(الدر المختار، كتاب الحظر والاباحة،فصل فى البيع)

حرمت وکراہت کا حکم لگانا درست نہیں، بلکہ اس گناہ کا ذمہ دار وہ فاعلِ مختار خود ہوگا۔

اور اس کی وجہ دوسری عبارات میں یہ مذکور ہے کہ یہ ''سببِ محض'' ہے، نہ تو گناہ کی اعانت ہے، اور نہ گناہ کا سبب ہے۔

اسی ضمن میں علامہ شامی نے اس مسئلہ کے حکم میں مسلم، وغیر مسلم کے درمیان فرق کرنے کو اصح قول کے خلاف کہا ہے، اور فرمایا کہ متون میں یہ مسئلہ مسلم وغیر مسلم کی قید کے بغیر مذکور ہے، اور اصح قول یہ ہے کہ کفار بھی مخاطب بالفروع ہیں۔ [1]

---

[1] (قوله وجاز) أى عنده لا عندهما بيع عصير عنب أى معصوره المستخرج منه فلا يكره بيع العنب والكرم منه بلا خلاف، كما فى المحيط لكن فى بيع الخزانة أن بيع العنب على الخلاف قهستانى (قوله ممن يعلم) فيه إشارة إلى أنه لو لم يعلم لم يكره بلا خلاف قهستانى (قوله لا تقوم بعينه إلخ) يؤخذ منه أن المراد بما لا تقوم المعصية بعينه ما يحدث له بعد البيع وصف آخر يكون فيه قيام المعصية وأن ما تقوم المعصية بعينه ما توجد فيه على وصفه الموجود حالة البيع كالأمرد والسلاح ويأتى تمام الكلام عليه (قوله أما بيعه من المسلم فيكره) لأنه إعانة على المعصية قهستانى عن الجواهر.

أقول :وهو خلاف إطلاق المتون وتعليل الشروح بما مر وقال ط :وفيه أنه لا يظهر إلا على قول من قال إن الكفار غير مخاطبين بفروع الشريعة والأصح خطابهم وعليه فيكون إعانة على المعصية، فلا فرق بين المسلم والكافر فى بيع العصير منهما فتدبر اهـ ولا يرد هذا على الإطلاق والتعليل المار.

(قوله على خلاف ما فى الزيلعى والعينى) ومثله فى النهاية والكفاية عن إجارات الإمام السرخسى (قوله معزيا للنهر) قال فيه من باب البغاة وعلم من هذا أنه لا يكره بيع ما لم تقم المعصية به كبيع الجارية المغنية والكبش النطوح والحمامة الطيارة والعصير والخشب ممن يتخذ منه المعازف، وأما فى بيوع الخانية من أنه يكره بيع الأمرد من فاسق يعلم أنه يعصى به مشكل.

والذى جزم به الزيلعى فى الحظر والإباحة أنه لا يكره بيع جارية ممن يأتيها فى دبرها أو بيع غلام من لوطى، وهو الموافق لما مر وعندى أن ما فى الخانية محمول على كراهة التنزيه، وهو الذى تطمئن إليه النفوس إذ لا يشكل أنه وإن لم يكن معينا أنه متسبب فى الإعانة ولم أر من تعرض لهذا اهـ وفى حاشية الشلبى على المحيط اشترى المسلم الفاسق عبدا أمرد وكان ممن يعتاد إتيان الأمرد يجبر على بيعه (قوله فليحفظ توفيقا) بأن يحمل ما فى الخانية من إثبات الكراهة على التنزيه، وما فى الزيلعى وغيره من نفيها على التحريم، فلا مخالفة .

وأقول هذا التوفيق غير ظاهر لأنه قدم أن الأمرد مما تقوم المعصية بعينه وعلى مقتضى ما ذكره هنا يتعين أن تكون الكراهة فيه للتحريم فلا يصح حمل كلام الزيلعى وغيره على التنزيه. وإنما مبنى كلام الزيلعى وغيره على أن الأمرد ليس مما تقوم المعصية بعينه كما يظهر من عبارته قريبا عند قوله وجاز إجارة بيت(رد المحتار، ج٦،ص ٣٩١،كتاب الحظر والاباحة،فصل فى البيع)

پھر اس کے بعد علامہ ابنِ عابدین شامی نے فرمایا کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک گرجا گھر کی تعمیر کرنے، اور غیر مسلم کی شراب کو اٹھانے پر اجرت کا لینا جائز ہے، اور صاحبین کے نزدیک مکروہ ہے، کیونکہ حدیث میں شراب اٹھا کر لانے والے پر لعنت آئی ہے، لیکن امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جب اٹھانے والے کا مقصد شراب پلانا ہو، تو مکروہ ہے، ورنہ مکروہ نہیں، کیونکہ بذاتِ خود شراب کو اٹھانا، نہ تو گناہ ہے، اور نہ ہی گناہ کا سبب ہے، گناہ تو فاعلِ مختار کا اپنا فعل ہے۔

اور انگور کا شیرہ بنانا بھی جائز ہے، البتہ اگر شراب بنانے، یا پلانے کا قصد ہو، تو اس قصد سے وہ فعل گناہ میں داخل ہے۔

اور اسی طرح امام ابوحنیفہ کے نزدیک اگر مسلمان سے اس کا گھر کوئی دوسرا شخص شراب بیچنے کے لئے کرایہ پر لے، تو اس صورت میں بھی گناہ کرایہ پر لینے والے کے فعل سے تعلق رکھتا ہے، جو خود مختار ہے، اور جن فتاویٰ میں اس معاملہ کو مکروہ وممنوع قرار دیا گیا ہے، وہ راجح نہیں۔ [1]

---

[1] (قوله وجاز تعمير كنيسة) قال فى الخانية :ولو آجر نفسه ليعمل فى الكنيسة ويعمرها لا بأس به لأنه لا معصية فى عين العمل (قوله وحمل خمر ذمى)قال الزيلعى :وهذا عنده وقالا هو مكروه " لأنه -عليه الصلاة والسلام -لعن فى الخمر عشرة وعد منها حاملها .

وله أن الإجارة على الحمل وهو ليس بمعصية، ولا سبب لها وإنما تحصل المعصية بفعل فاعل مختار، وليس الشرب من ضرورات الحمل، لأن حملها قد يكون للإراقة أو للتخليل، فصار كما إذا استأجره لعصر العنب أو قطعه.

والحديث محمول على الحمل المقرون بقصد المعصية اهـ زاد فى النهاية وهذا قياس وقولهما استحسان، ثم قال الزيلعى :وعلى هذا الخلاف لو آجره دابة لينقل عليها الخمر أو آجره نفسه ليرعى له الخنازير يطيب له الأجر عنده وعندهما يكره.

وفى المحيط لا يكره بيع الزنانير من النصرانى والقلنسوة من المجوسى، لأن ذلك إذلال لهما وبيع المكعب المفضض للرجل إن ليلبسه يكره، لأنه إعانة على لبس الحرام وإن كان إسكافا أمره إنسان أن يتخذ له خفا على زى المجوس أو الفسقة أو خياطا أمره أن يتخذ له ثوبا على زى الفساق يكره له أن يفعل لأنه سبب التشبه بالمجوس والفسقة اهـ.

(قوله لا عصرها لقيام المعصية بعينه) فيه منافاة ظاهرة لقوله سابقا لأن المعصية لا تقوم بعينه ط وهو

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

معلوم ہوا کہ جس چیز کا عین گناہ کے ساتھ مختص نہ ہو، اور وہ چیز بذاتِ خود جائز ہو، اور اس چیز کو گناہ میں استعمال کرنے میں دوسرا فریق خود مختار ہو، جس کا پہلے سے مسلم عاقد کو علم ہو، تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس کی بیع واجارہ بلا کراہت جائز ہے، اور جس نے امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس کو حرام، یا مکروہ تحریمی، وناجائز کہا، یہ درست نہیں، البتہ بعض نے اس صورت کو امام ابوحنیفہ کے نزدیک مکروہ تنزیہی کہا ہے، اور بعض نے مکروہ تنزیہی ہونے سے بھی اختلاف کیا ہے۔

اور اگر نیت گناہ میں تعاون کی ہو، تو پھر امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس نیت کا گناہ ہوگا، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

مناف أيضا لما قدمناه عن الزيلعي من جواز استئجاره لعصر العنب أو قطعه.

ولعل المراد هنا عصر العنب على قصد الخمرية فإن عين هذا الفعل معصية بهذا القصد، ولذا أعاد الضمير على الخمر مع أن العصر للعنب حقيقة فلا ينافي ما مر من جواز بيع العصير واستئجاره على عصر العنب هذا ما ظهر لي فتأمل.

(قوله وجاز إجارة بيت إلخ) هذا عنده أيضا لأن الإجارة على منفعة البيت، ولهذا يجب الأجر بمجرد التسليم، ولا معصية فيه وإنما المعصية بفعل المستأجر وهو مختار فينقطع نسبيته عنه، فصار كبيع الجارية ممن لا يستبرئها أو يأتيها من دبر وبيع الغلام من لوطي والدليل عليه أنه لو آجره للسكنى جاز وهو لا بد له من عبادته فيه اهـ زيلعي وعيني ومثله في النهاية والكفاية، قال في المنح : وهو صريح في جواز بيع الغلام من اللوطي، والمنقول في كثير من الفتاوى أنه يكره وهو الذي عولنا عليه في المختصر اهـ.

أقول :هو صريح أيضا في أنه ليس مما تقوم المعصية بعينه، ولذا كان ما في الفتاوى مشكلا كما مر عن النهر إذ لا فرق بين الغلام وبين البيت والعصير "فكان ينبغي للمصنف التعويل على ما ذكره الشراح فإنه مقدم على ما في الفتاوى .

نعم على هذا التعليل الذي ذكره الزيلعي يشكل الفرق بين ما تقوم المعصية بعينه وبين ما لا تقوم بعينه، فإن المعصية في السلاح والمكعب المفضض ونحوه إنما هي بفعل الشاري فليتأمل في وجه الفرق فإنه لم يظهر لي ولم أر من نبه عليه .نعم يظهر الفرق على ما قدمه الشارح تبعا لغيره من التعليل، لجواز بيع العصير بأنه لا تقوم المعصية بعينه، بل بعد تغيره فهو كبيع الحديد من أهل الفتنة، لأنه وإن كان يعمل منه السلاح لكن بعد تغيره أيضا إلى صفة أخرى .وعليه يظهر كون الأمرد مما تقوم المعصية بعينه كما قدمناه فليتأمل(رد المحتار، ج٦، ص ٣٩١، ٣٩٢، كتاب الحظر والاباحة،فصل في البيع)

# فتاویٰ قاضی خان اور مفتی شفیع کا حوالہ

فتاویٰ قاضی خان میں ایک مقام پر ہے کہ:

**والأفضل أن لا يبيع العصير ممن يتخذه خمراً** (فتاوی قاضی خان، ج۳، ص۱۱۷، کتاب الاشربة)

ترجمہ: اور افضل یہ ہے کہ انگور کا شیرہ اس شخص کو فروخت نہ کرے، جو اس کی شراب بنائے (قاضی خان)

فتاویٰ قاضی خان کی اس عبارت سے معلوم ہوا کہ انگور کا شیرہ ایسے شخص کو فروخت کرنا گناہ نہیں، جس کے بارے میں معلوم ہو کہ وہ اس سے شراب بنائے گا، البتہ اس سے اجتناب کرنا افضل ہے۔

اور افضل عمل کی خلاف ورزی پر نکیر کرنا، درست نہیں ہوا کرتا۔

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ نے ''احکامُ القرآن'' میں اس مسئلہ کو اصولی انداز میں ایک عربی رسالہ کے خلاصہ کے طور پر بیان کیا ہے۔ [1]

چنانچہ ''احکامُ القرآن'' میں پہلے مفتی صاحب موصوف مذکور نے فرمایا کہ:

''عینِ فعل میں گناہ کی اعانت کرنے والے کی تین اقسام ہیں، ایک یہ کہ اعانت کرنے والا، گناہ پر اعانت کی نیت وقصد کرے، یہ صورت صراحتاً وحقیقتاً گناہ کی اعانت کرنے میں داخل ہے۔

اور دوسری صورت یہ ہے کہ اعانت کرنے والا، صلبِ عقد میں گناہ کے فعل کی

---

[1] مفتی صاحب نے اس رسالہ کا جو نام تحریر کیا ہے، وہ رسالہ ہمیں دستیاب نہ ہوسکا، لیکن خود مفتی صاحب موصوف نے ''احکام القرآن'' میں اس رسالہ کے حوالہ سے تحریر فرمایا ہے، اس لئے یہ تحریر اس رسالہ کی ترجمانی کہلائے گی۔

**والعبد الضعيف قد جمع مباحث هٰذا المطلب في جزء وجيز، يسمى "الاستنابة لمعنى التسبب والاعانة"..... فمن رام التفصيل فليراجعه واذكر ههنا منها جزءا جميلا، يكفي للطالب والناظر** (أحكام القرآن، ج۳، ص۷۶، سورة القصص، مطبوعة: ادارة القرآن، كراتشي، الطبعة الاولىٰ ۱۴۱۳ھ)

تصریح کرے، جس میں نیت کا اعتبار ختم ہوجاتا ہے، اور یہ صورت حکماً گناہ کی اعانت کرنے میں داخل ہے۔

اور تیسری صورت یہ ہے کہ وہ فعل گناہ کے ساتھ مختص ہو، اور اس کا گناہ کے علاوہ کوئی مصرف نہ ہو، جیسا کہ گانے بجانے کے مخصوص آلات، اس صورت میں بھی نیت کا اعتبار ساقط ہوجاتا ہے، اور یہ صورت بھی دوسری صورت کی طرح حکماً گناہ کی اعانت کرنے میں داخل ہے"۔ انتھٰی۔ [1]

اس موقع پر مفتی صاحب موصوف نے امام ابوحنیفہ اور صاحبین کے اختلاف کا ذکر نہیں فرمایا، بلکہ اس کے بغیر ہی اصولی بحث فرمادی۔

حالانکہ گذشتہ بحث سے معلوم ہوچکا کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک کسی کی نیت، یا صلبِ عقد میں صراحت کرنے سے "سببِ محض" والا فعل اعانت علی المعصیت، یا سببِ معصیت نہیں بن جاتا۔ اور صاحبین کے نزدیک اعانت علی المعصیت، یا سببِ معصیت بننے کے لئے، گناہ کی نیت، یا صلبِ عقد میں صراحت کا ہونا بھی ضروری نہیں۔

ایسی صورت میں فقہائے کرام کے مذاہب کی تنقیح کے بغیر اس طرح اصولی تقسیم درست نہ کہلائے گی، اور اضطراب کا باعث بنے گی، جیسا کہ آگے آتا ہے۔

پھر اگلے صفحہ پر مفتی صاحب موصوف نے فرمایا کہ:

---

[1] ثم كون المعصية فى عين الفعل المعين على ثلاثة وجوه:
اولاول: ان ينوى المعين الاعانة على المعصية ويقصدها.
والثانى: ان يصرح بفعل المعصية فى صلب العقد فيسقط اعتبار النية.
والثالث: ان يتخصص هذاالفعل لفعل المعصية،ولايكون لها مصرف سواها،مثل آلاتِ الطرب التى ليس لها مصرف الاالغناء والطرب.
ففى الاوجه الثلاثة قامت المعصية بعين هذاالفعل وصار فاعله معينا على المعصية.
وان امعنت النظر رجعت الاوجه الثلاثة الى وجه واحد وهوالقصد والنية فان القصد متحقق فى الوجه الاول صراحة،وفى الثانى والثالث حكما ومعناً،فان الشرع اقام التصريح باللفظ مقام النية فى عامة المعاملات ،النكاح والطلاق والعتاق والبيوع وامثالها.وكذا اذالم يكن المحل مستعملا عادة الافى المعصية،فقام بيع هذا المحل وشرائه ايضا مقام نية المعصية وقصده(أحكام القرآن، ج،۳،ص۷۷،سورة القصص،مطبوعة: ادارة القرآن، كراتشى،الطبعة الاولىٰ ۱۴۱۳ھ)

www.idaraghufran.org

**وحاصل ماقلنا كله : ان الاعانة على المعصية لاتحقق الابنية الاعانة حقيقة اوحكما،بان يصرح بقصد المعصية سواء قصدها اولا،اوكان المحل مخصوصا بالمعصية لايستعمل الافيها.بقى ههنا شيء آخر يقارب الاعانة وهو التسبب لامرخير اوشر** (أحكام القرآن، ج،۳،ص ۷۸،سورة القصص،مطبوعة: ادارة القرآن، كراتشى، الطبعة الاولى ۱۴۱۳ھ)

ترجمہ: اورہم نے جو تفصیل بیان کی،اس سب کا حاصل یہ ہے کہ گناہ پر اعانت،صرف اعانت کا حقیقتاً، یاحکماً قصد کرنے سے ہی متحقق ہوتی ہے، بایں طور کہ گناہ کے قصد کی تصریح کرے،خواہ گناہ کا قصد کرے، یا گناہ کا قصد نہ کرے، یاوہ چیز محلِ گناہ کے ساتھ اس طرح مختص ہو کہ وہ گناہ کے علاوہ کسی اور کام میں استعمال نہ ہوتی ہو۔

البتہ یہاں ایک چیز باقی ہے، جو اعانت کے قریب ہے،اور وہ کسی خیر، یا شر کے کام کا سبب بننا ہے (احکامُ القرآن)

مفتی صاحب موصوف کی اس تقسیم کے بارے میں پہلے عرض کیا جاچکا ہے۔

پھر مفتی صاحب موصوف کا اعانت کی اقسام کا ذکر کرنے کے بعد،سبب بننے کی جو بحث کی ہے، وہ بھی محلِ کلام ہے، کیونکہ امام ابوحنیفہ اور صاحبین کے مابین، جن اختلافی مسائل میں صاحبین کی طرف سے کسی فعل کو گناہ کی اعانت اور سببِ معصیت قرار دیا گیا، امام ابوحنیفہ کی طرف سے ان میں ان دونوں باتوں کی نفی کی گئی۔

پھر اس کے بعد مفتی صاحب موصوف نے فرمایا کہ:

”سبب کی دو قسمیں ہیں، ایک سببِ بعید اور دوسری سببِ قریب، اور سببِ بعید سے بچنا تو ممکن نہیں، اور اس پر کوئی امر ونہی کا حکم مرتب نہیں ہوتا، اس لئے حکم سببِ قریب پر ہی دائر ہے۔

اور سببِ قریب کی دو قسمیں ہیں، ایک وہ سبب جو گناہ کا محرک اور اس کا اس طرح

جالب ہو کہ اگر یہ نہ ہوتا، تو فاعل اس گناہ پر اقدام نہ کرتا، جیسا کہ کفار کے معبودان کو سب وشتم کرنا، یہ سببِ قریب، نصِ قرآن کی رو سے حرام ہے۔

اور سببِ قریب کی دوسری قسم وہ ہے، جو گناہ کا محرک اور اس کا مذکورہ طریقہ پر جالب تو نہ ہو، لیکن گناہ کا ارادہ کرنے والے کے لئے معین ہو، اور اس کی خواہش کی تکمیل تک پہنچانے والا ہو، اس کا حکم یہ ہے کہ اگر اس میں صنعت پیدا کئے بغیر گناہ کا عمل ہوتا ہو، تو مکروہ تحریمی ہے، جیسا کہ اہلِ فتنہ وفساد کو اسلحہ فروخت کرنا، کسی صنعت کے بغیر فتنہ وفساد کا سببِ محرک ہے، تو یہ باتفاقِ فقہاء حرام ہے۔

اور اگر اس میں صنعت کر کے گناہ کا عمل ہوتا ہو، تو مکروہ تنزیہی ہے، جیسا کہ اہلِ فتنہ وفساد کو لوہا فروخت کرنا، جس سے اسلحہ بنایا جاتا ہو، جیسا کہ فقہاء نے تصریح کی ہے۔

جس کی دلیل کے لئے ''الدر المختار وردالمحتار '' کے بغاۃ کے باب کے آخر میں دیکھا جاسکتا ہے، چنانچہ درمختار میں ہے کہ اہلِ فتنہ کا اگر علم ہو، تو ان کو اسلحہ فروخت کرنا مکروہ تحریمی ہے، کیونکہ یہ گناہ میں اعانت ہے، اور جس چیز سے اسلحہ بنایا جاتا ہے، جیسا کہ لوہا، تو وہ اہلِ حرب کو فروخت کرنا مکروہ ہے۔

لیکن نہر میں ہے کہ فقہاء کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ جس چیز کے عین سے گناہ قائم ہو، وہ مکروہ تحریمی ہے، ورنہ مکروہ تنزیہی ہے۔

ابنِ عابدین شامی نے اس کے ذیل میں فرمایا کہ مطلب یہ ہوا کہ جس چیز کے ساتھ گناہ قائم ہو، وہ ایسی چیز ہے کہ اس کا عین منکر ہو، کسی صنعت کو بروئے کار لائے بغیر، جس کی تفصیل نہر کی عبارت میں ہے''۔انتھٰی۔ [1]

---

[1] ولکن السبب قریب وبعید، والبعید لایمکن التحرز عنه. فان کل مکاسب الانسان سبب بعید للشر والمعصیة ایضا، حیث ینتفع به اهل الشر فی معاصیهم بل الکفار فی کفرهم.
بل نفس وجود الانسان یفید لکل انسان بر وفاجر فائدة ما. ولااقل من الانس به، ولاجل هذا لم یتعلق به حکم شرعی من امر ونهی.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

مذکورہ تحریر اور اس میں مذکور مثالوں سے معلوم ہوا کہ مفتی صاحب موصوف نے مذکورہ حکم، امام ابوحنیفہ کے مذہب کے مطابق بیان کیا ہے۔

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ نعم دار الامر علی السبب القریب،فعد من الخیر کون الرجل سببا لخیر،وعد من الشر کونه سببا بعیدا لشر،اذاکان سببا قریبا.

ثم السبب القریب ایضا علی قسمین.

سبب محرک وباعث علی المعصیة بحیث لولاه لما اقدم الفاعل علی هذه المعصیة،کسب آلهة الکفار فانه سبب محرک وباعث لسب الالٰه الحق جل شانه.

وسبب لیس کذالک ولکنه یعین لمرید المعصیة ویوصله الی مایهواه کاحضار الخمر لمن یرید شربه واعطاء السیف بید من یرید قتلا بغیر حق.

فالقسم الاول حرام بنص القرآن.والثانی ان کان بحیث یعمل به المعصیة من دون احداث صنعه منه یلتحق به یکره تحریما.وان کان یحتاج الی عمل وصنعة کره تنزیها.

فبیع السلاح من اهل الفتنة والفساد سبب محرک لایقاع الفتنة،فحرام باتفاق الفقهاء.

وبیع الحدید وامثاله ممایصنع منه السلاح،کره تنزیها،کما صرح به الفقهاء.

انظر مافی آخر باب البغاة من الدر المختار ورد المحتار،مانصه:

(ویکره) تحریما (بیع السلاح من أهل الفتنة إن علم) لأنه إعانة علی المعصیة (وبیع ما یتخذ منه کالحدید) ونحوه یکره لأهل الحرب (لا) لأهل البغی لعدم تفرغهم لعمله سلاحا لقرب زوالهم، بخلاف أهل الحرب زیلعی.

قلت :وأفاد کلامهم أن ما قامت المعصیة بعینه یکره بیعه تحریما وإلا فتنزیها(کذافی النهر)

قال ابن عابدین الشامی:

فصار المراد بما تقام المعصیة به ما کان عینه منکرا بلا عمل صنعة فیه، فخرج نحو الجاریة المغنیة؛ لأنها لیست عین المنکر، ونحو الحدید والعصیر؛ لأنه وإن کان یعمل منه عین المنکر لکنه بصنعة تحدث فلم یکن عینه، وبهذا ظهر أن بیع الأمرد ممن یلوط به مثل الجاریة المغنیة فلیس مما تقوم المعصیة بعینه، خلافا لما ذکره المصنف والشارح فی باب الحظر والإباحة، ویأتی تمامه قریبا (قوله :یکره لأهل الحرب) مقتضی ما نقلناه عن الفتح عدم الکراهة، إلا أن یقال :المنفی کراهة التحریم والمثبت کراهة التنزیه؛ لأن الحدید وإن لم تقم المعصیة بعینه لکن إذا کان بیعه ممن یعمله سلاحا کان فیه نوع إعانة تأمل (قوله :نهر) عبارته :وعرف بهذا أنه لا یکره بیع ما لم تقم المعصیة به کبیع الجاریة المغنیة والکبش النطوح والحمامة الطیارة والعصیر والخشب الذی یتخذ منه العازف، وما فی بیوع الخانیة من أنه یکره بیع الأمرد من فاسق یعلم أنه یعصی به مشکل.

والذی جزم به فی الحظر والإباحة أنه لا یکره بیع جاریة ممن یأتیها فی دبرها أو بیع الغلام من لوطی وهو الموفق لما مر .وعندی أن ما فی الخانیة محمول علی کراهة التنزیه والمنفی هو کراهة التحریم، وعلی هذا فیکره فی الکل تنزیها، وهو الذی إلیه تطمئن النفس؛ لأنه تسبب فی الإعانة، ولم أر من تعرض لهذا، والله تعالی الموفق"رد المحتار،باب البغاة"(أحکام القرآن، ج، ۳، ص ۷۸ و ۷۹،سورة القصص،مطبوعة: ادارة القرآن،کراتشی،الطبعة الاولٰی ۱۴۱۳ھ)

اور یہ بھی معلوم ہوا کہ مذکورہ عبارت میں انہوں نے سببِ بعید پر کوئی امر ونہی کا حکم مرتب نہیں کیا، تمام مدار ''سببِ قریب'' پر ہی رکھا ہے۔

لیکن مفتی صاحب موصوف کی بیان کردہ یہ تقسیم بھی عند الحنفیة ''سبب کی اقسام واحکام'' کا ذکر کئے بغیر، اور امام ابوحنیفہ، اور صاحبین کے قول کی تنقیح کے بغیر راجح نہیں، کیونکہ صاحبین کے نزدیک جس چیز میں تغیر کے بعد گناہ ہو، جیسا کہ شیرہ، اس کو شراب بنانے والے کو فروخت کرنا بھی جائز نہیں، وہ اس کو اہلِ فتنہ کے ہاتھ اسلحہ فروخت کرنے کی طرح قرار دیتے ہیں، اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک یہ جائز ہے۔

پھر مفتی صاحب موصوف نے علامہ ابنِ عابدین شامی کی نہر کے حوالہ سے نقل کردہ عبارت سے استدلال کرتے ہوئے فرمایا کہ:

**فقد صرح الشامی رحمه الله انه تسبب فی الاعانه لا الاعانة نفسها، فانها لایتحقق الابالنیة حقیقة او حکما وایضا صرح بتفاوت الحکم فی التسبب قربا وبعدا. فالذی لایحتاج فیه الی صنعة صانع، ولایستعمل فی العادة الا للمعصیة کان حراما والذی یتخلل فیه عمل عامل اولایختص استعماله فی المعصیة کره تنزیها** (أحکام القرآن، ج۳، ص۸۰، سورة القصص، مطبوعة: ادارة القرآن، کراتشی، الطبعة الاولیٰ ۱۴۱۳ھ)

ترجمہ: شامی رحمہ اللہ نے تصریح کی ہے کہ یہ (امرد کی مذکورہ بیع) اعانت میں سبب بننا ہے، بذاتِ خود اعانت کرنا نہیں ہے، کیونکہ گناہ میں اعانت حقیقتاً، یا حکماً نیت سے ہی متحقق ہوتی ہے، نیز علامہ شامی نے سبب بننے میں قریبی اور بعیدی کے اعتبار سے حکم میں فرق ہونے کی تصریح کی ہے۔

پس جس گناہ میں صانع کی صنعت کی احتیاج نہ ہو، اور وہ عادتاً گناہ ہی میں مستعمل ہو، وہ (گناہ کا سببِ قریب ہونے کی وجہ سے) حرام ہے، اور جس گناہ میں دوسرے عامل کا عمل درمیان میں واقع ہو، یا اس کا استعمال گناہ کے ساتھ مختص نہ ہو، تو وہ (سببِ بعید ہونے کی وجہ سے) مکروہ تنزیہی ہے (احکامُ القرآن)

اور پھر مفتی صاحب موصوف نے آگے چل کر فرمایا کہ:

**وهذا كله اذا كان سببا قريبا باعثا وجالبا للمعصية كسب الآلهة الباطلة وضرب النساء بارجلهن وخضوعهن فى الكلام،فان هذا كلها اسباب جالبة للمعصية،فتعد اسبابا قريبة.**

**واما اذا كان سببا بعيدا كبيع العصير لمن يتخذه خمرا،او اجارة الدار لمن يتعاطن فيها بالمعاصى،او عبادة غير الله،فان لم يعلم بقصد المشترى والمستجير وبمايعمل فيه جاز بلا كراهة.**

**وان علم ذالک كره تنزيها،فان هذ االبيع والاجارة ليس سببا جالبا وباعثا للمعصية،كسب الآلهة وضرب النساء بالارجل مالم ينو،اويصرح بعمل المعصية.نعم بعد العلم بما يعمل لايخلو عن شيء من التسبب للمعصية ولو بعيدا،فكان التنزه عنه اولىٰ.**

**وبهذا التفصيل اجتمعت اقوال الفقهاء ونصوص الكتاب والسنة** (أحكام القرآن، ج۳، ص ۸۱، سورة القصص، مطبوعة: ادارة القرآن، كراتشى، الطبعة الاولىٰ ۱۴۱۳ھ)

ترجمہ: اور یہ سب اس وقت ہے جبکہ سبب قریبی ہو، اور گناہ کے لئے جالب ہو، جیسا کہ باطل معبود کو گالی دینا، اور عورتوں کا اپنے پاؤں زمین پر مارنا، اور (عورتوں کا) کلام میں نرمی کرنا، پس یہ تمام چیزیں گناہ کے لئے جالب ہیں، پس ان کو قریبی اسباب شمار کیا گیا ہے۔

لیکن اگر سبب، بعید ہو، جیسا کہ انگور کا شیرہ، ایسے شخص کو فروخت کرنا، جو اس کی شراب بنائے، یا گھر کا ایسے شخص کو فروخت کرنا، جو اس میں گناہوں کو سرانجام دے، یا اس گھر میں غیر اللہ کی عبادت کرے، تو اگر خریدار، یا کرایہ دار کے قصد وارادہ، اور جو وہ اس میں عمل کرے گا، اس کا علم نہ ہو، تو بلا کراہت جائز ہے۔

اور اگر گناہ کے قصد وارادہ کا علم ہو، تو مکروہ تنزیہی ہے، کیونکہ مذکورہ بیع واجارہ، بتوں کو گالی دینے، اور عورتوں کے پاؤں مارنے کی طرح، گناہ کو کھینچنے، اور گناہ پر

ابھارنے کا سبب نہیں، جب تک وہ خود گناہ کا قصد اور ارادہ نہ کرے، یا گناہ کے عمل کی صراحت نہ کرے۔

البتہ گناہ کا عمل کرنے کا علم ہو، تو گناہ کا ایک گونہ سبب بننے کی وجہ سے، اگرچہ وہ سبب بعیدی ہو، اس سے بچنا اولیٰ ہے۔

اور اس تفصیل سے فقہاء کے اقوال، اور قرآن وسنت کی سب نصوص جمع ہو جاتی ہیں (احکام القرآن)

مذکورہ عبارت میں انگور کے شیرہ کی شراب بنانے والے کو بیع کرنے، اور گناہ کا کام کرنے والے کو مکان کرایہ پر دینے کو سببِ بعید قرار دیا گیا ہے، اور اس کا حکم معبودانِ باطلہ کو گالی دینے سے الگ بیان کیا گیا ہے، اور اس کے گناہ کو کھینچنے، اور گناہ پر ابھارنے کا سبب ہونے کی نفی کی گئی ہے، تا آنکہ قصد وارادہ، یا تصریح نہ کرے، اور خریدار وکرایہ دار کے گناہ کا علم ہونے کے باوجود مکروہ تنزیہی قرار دیا گیا ہے۔

جبکہ اس سے پہلے مفتی صاحب موصوف خود ''سببِ بعید'' کو امر ونہی کے احکام سے خارج کر کے تمام مدار ''سببِ قریب'' پر ہونے کی تصریح کر چکے ہیں، جس کی بناء پر دونوں باتوں میں تعارض محسوس ہوتا ہے۔

مفتی صاحب کی طرف سے سورہ قصص کی مذکورہ تفسیر 1362ھ کو مکمل کی گئی۔

چنانچہ مفتی صاحب موصوف خود اس کے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

**هٰذا آخر سورة القصص بعون الله سبحانه وتعالىٰ، وقد تمت لعاشر رمضان المبارک سنة ١٣٦٢، من الهجرة (أحكام القرآن، ج، ٣، ص ١٣٠، سورة القصص، مطبوعة: ادارة القرآن، كراتشي، الطبعة الاولىٰ ١٤١٣هـ)**

پھر حضرت مفتی صاحب موصوف نے اس کے اکیس سال بعد ۳، صفر ۱۳۸۳ھ میں بنک کو مکان کرایہ پر دینے کے متعلق ایک سوال کے جواب میں مذکورہ عربی رسالہ کا اردو زبان میں خود ہی خلاصہ لکھا، جس کے متعلق حضرت مفتی صاحب موصوف تحریر فرماتے ہیں:

اس سلسلہ میں ایک مفصل رسالہ احقر نے عربی زبان میں اب سے اکیس سال پہلے لکھا تھا، حال ہی میں ایک سوال کے جواب میں اس کا خلاصہ اردو میں لکھنے کی نوبت آئی، تو مناسب معلوم ہوا کہ اس کو ایک مستقل رسالہ کی صورت دے دی جائے، تاکہ اہلِ علم کے لئے معین ثابت ہو.....

بندہ محمد شفیع عفا اللہ عنہ

دارالعلوم کراچی

۳، صفر ۱۳۸۳ھ

(جواہر الفقہ، ج ۷ ص ۵۰۷، کتاب الحظر والاباحۃ، رسالہ ''تفصیل الکلام فی مسئلۃ الاعانۃ علی الحرام'' یعنی ناجائز کاموں میں تعاون کی شرعی حیثیت، ناشر: مکتبہ دارالعلوم، کراچی، طبع جدید: نومبر ۲۰۱۰ء)

پھر مفتی صاحب موصوف کا اردو زبان کا یہ رسالہ ''جواہر الفقہ'' میں شائع ہوا، جس میں کچھ باتیں مذکورہ عربی مضمون سے متصادم بھی معلوم ہوئیں۔

چنانچہ مفتی صاحب موصوف فرماتے ہیں کہ:

یہ تحریر تقریباً آٹھ دس صفحات میں عربی زبان میں ہے، نقل کرنے کی ہمت نہیں، جو کچھ احقر نے لکھا ہے، اس کا بہت مختصر خلاصہ یہ ہے کہ کسی معصیت کی اعانت، جو ازروئے قرآن حرام ہے، وہ ہے، جس میں معصیت کا قصد ونیت حقیقتاً، یا حکماً شامل ہو، حقیقتاً یہ کہ دل ہی میں یہ ہو کہ اس کے ذریعہ، عملِ معصیت کیا جائے، یا یہ کہ صلبِ عقد میں احدُ المتعاقدین کی طرف سے اس معصیت کی تصریح آجائے۔

اور حکماً یہ ہے کہ وہ چیز بجز معصیت کے کسی دوسرے کام میں آتی ہی نہ ہو، جیسے آلاتِ معازف، طبلہ، سارنگی اور مختلف قسم کے آلاتِ موسیقی، ان چیزوں کا بنانا،

اور بیچنا، اگر چہ بقصدِ معصیت نہ ہو، مگر حکماً وہ بھی قصدِ معصیت میں داخل ہیں۔

اور جہاں قصدِ معصیت، نہ حقیقتاً ہو، نہ حکماً، وہ **اعانت علی المعصیة** میں داخل نہیں۔

البتہ اعانت سے ملتی جلتی ایک اور چیز ہے، جس کو اصطلاح میں تسبب کہتے ہیں، وہ بھی از روئے نصِ قرآن، حرام ہے، خواہ ھیئتِ معصیت ہو، یا نہ ہو، مثلاً **سبِّ الٰہِ مشرکین** کی نصِ قرآن میں ممانعت اسی لیے فرمائی گئی ہے کہ وہ سبب ہوتی ہے، سبِّ الٰہِ حق کے لیے، اسی طرح کسی کے ماں باپ کو گالی دینا، حدیث میں اپنے ماں باپ کو گالی دینا، اسی تسبب کی بناء پر قرار دیا گیا ہے ''**ولا یضربن بارجلھن**'' میں ''**ضرب ارجل للنساء**'' کی ممانعت، اسی تسبب **للمعصیة** پر مبنی ہے ''**ولا تخضعن بالقول**'' کی نہی بھی اسی پر وارد ہے، اگر چہ یہ ظاہر ہے کہ ان تمام امور میں معصیت کے قصد ونیت کا دور کا بھی احتمال نہیں۔

لیکن یہاں ایک اہم بات قابلِ غور یہ ہے کہ تسبب، ایک ایسا وسیع لفظ ہے، جس میں سارے مباحات آ جاتے ہیں، اگر تسبب کے مفہوم کو مطلقاً سببیت کے لیے عام رکھا جائے، تو شاید دنیا کا کوئی مباح کام بھی، مباح اور جائز نہیں رہے گا، زمین سے غلہ اور ثمرات سے اعداء اللہ کو نفع پہنچے، کپڑا بننا، مکان بنانا، ظروف اور استعمالی چیزیں بنانا، ان سب میں بھی یہ ظاہر ہے کہ ہر ایک ''بر وفاجر'' ان کو خریدتا استعمال کرتا ہے، اور اپنے فسق وفجور میں بھی استعمال کرتا ہے، اور سبب اس کا ان چیزوں کا بنانے والا ہوتا ہے، اگر اس طرح حرمت کو عام کیا جائے، تو شاید دنیا میں کوئی بھی کام جائز نہ رہے۔

اس لیے ضروری ہے کہ سببِ قریب وبعید کا فرق کیا جائے، سببِ قریب ممنوع

اور سببِ بعید مباح ہو، مذکورہ امثلہ سب سببِ بعید کی مثالیں ہیں، اس لیے وہ جائز رہیں گی۔

پھر سببِ قریب کی بھی دو قسمیں ہیں:

ایک سببِ جالب وباعث، جو گناہ کے لیے محرک ہو کہ اگر یہ سبب نہ ہوتا، تو صدورِ معصیت کے ہونے کی کوئی ظاہری وجہ نہ تھی، ایسے سبب کا ارتکاب گویا معصیت ہی کا ارتکاب ہے، علامہ شاطبی نے ''موافقات'' جلد اول کے مقدمہ میں ایسے ہی اسباب کے متعلق فرمایا ہے کہ ''ایقاع السبب ، ایقاع للمسبب''

نصِ قرآنی میں جہاں تسبب کو حرام قرار دیا ہے، جیسے ''سبِّ الٰہِ مشرکین'' یا ''عورتوں کے لیے ''ضربِ ارجل'' یا ''خشوع بالقول'' یا ''تبرجِ جاھلیت'' یہ سب اسی قسم کے اسباب ہیں کہ معصیت کی تحریک کرنے والے، اور جالب وباعث ہیں، ایسے اسباب کا ارتکاب، معصیت ہی کا ارتکاب سمجھا جاتا ہے، اس لیے باتفاق حرام ہیں۔

ایسے اسبابِ معصیت کا ارتکاب، گویا خود معصیت ہی کا ارتکاب ہے، اس لیے معصیت کی نسبت اس شخص کی طرف ہی کی جائے گی، جس نے اس کے سبب کا ارتکاب کیا، کسی فاعلِ مختار کے درمیان میں حائل ہونے سے معصیت کی نسبت اس سے منقطع نہیں ہوگی، جیسا حدیث میں دوسرے شخص کے ماں، باپ کو گالی دینے والے کے حق میں، اپنے ماں باپ کو گالی دینے والا کہا گیا ہے، کیونکہ ایسا تسبب للمعصیة، بنصِ قرآن وحدیث خود ایک معصیت ہے۔

دوسری قسم سببِ قریب کی وہ ہے کہ ہے تو سببِ قریب، مگر معصیت کے لیے محرک نہیں، بلکہ صدورِ معصیت کسی دوسرے فاعلِ مختار کے اپنے فعل سے ہوتا ہے، جیسے ''بیعِ عصیر عنب ممن یتخذہ خمراً'' یا ''اجارۃ دار ممن یتعبد

**فیھا الاصنام** ‘‘وغیرہ کہ یہ بیع واجارہ اگرچہ ایک حیثیت سے سببِ قریب ہے، معصیت کا، مگر جالب اور محرک للمعصیۃ نہیں، شیرۂ انگور خریدنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کو شراب ہی بنائے، اور گھر کو کسی مشرک کے لیے کرایہ پر دینے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ اس میں بت پرستی بھی کرے، بلکہ وہ اپنی خباثت، یا جہالت سے اس گناہ میں مبتلا ہوتا ہے، شیرہ بیچنے والا، یا مکان کرایہ پر دینے والا معصیت کا باعث اور محرک نہیں ہے۔

ایسے سببِ قریب کا حکم یہ ہے کہ اگر بیچنے، یا اجارہ پر دینے والے کا مقصد اس معصیت ہی کا ہو، تب تو یہ خود ارتکابِ معصیت اور اعانتِ معصیت میں داخل ہو کر قطعاً حرام ہے۔

اور اگر اس کا قصد ونیت شامل نہ ہو، تو پھر اس کی دو صورتیں ہیں، ایک یہ کہ اس کو علم بھی نہ ہو کہ یہ شخص شیرۂ انگور خرید کر سرکہ بنائے گا، یا شراب، یا گھر کرایہ پر لے کر اس میں صرف سکونت کرے گا، یا کوئی ناجائز کام فسق وفجور کا کرے گا، اس صورت میں یہ بیع واجارہ بلا کراہت جائز ہے۔

اور اس کو علم ہے کہ یہ شخص شیرۂ انگور خرید کر، شراب بنائے گا، یا مکان کرایہ پر لے کر فسق وفجور کرے گا، یا سودی کاروبار کرے گا، یا جاریہ کو خرید کر اس کو گانے کے کام میں لگائے گا، یا امرد کو خرید کر اس سے سیاہ کاری میں مبتلا ہوگا، یا لوہا خرید کر مسلمانوں کے خلاف استعمال کرے گا، تو اس صورت میں یہ بیع واجارہ مکروہ ہے۔

اسی صورت میں حضرت امام اور صاحبین کا اختلاف منقول ہے، مگر اس میں جو امام صاحب کی طرف قولِ جواز منقول ہے، اس کا وہی مطلب ہے، جو سوال میں بحوالہ ’’**خلاصۃُ الفتاویٰ**‘‘ نقل کیا ہے۔

(اور سوال میں یہ لکھا گیا ہے کہ ’’**خلاصۃُ الفتاویٰ** میں قولِ امام یوں مذکور ہے

کہ ’’**یصح الاجارۃ ولکن یاثم** ‘‘اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ امام صاحب کے نزدیک یہ اجارہ گو قیاساً صحیح ہے، لیکن اعانت علی المعصیت کے سبب، موجبِ گناہ ہوگا‘‘)

اب اگر حضراتِ صاحبین اس عقد ہی کو جائز قرار نہیں دیتے، تو اختلاف حقیقی ہوگیا کہ ان کے نزدیک عقد ہی درست نہیں، اور متعاقدین کے لیے مبیع وثمن میں تصرف حلال نہیں، اور امام صاحب کے نزدیک عقد درست، مگر گناہ ہے۔

اور اگر صاحبین کا قول عدمِ جواز کا حاصل بھی صرف ارتکابِ گناہ ہے، فسادِ عقد نہیں، تو پھر یہ اختلاف صرف لفظی ہوگا کہ صاحبین نے ناجائز قرار دیا **بمعنی الاثم والمعصیۃ**، اور امام صاحب نے جائز قرار دیا، بمعنیٰ جوازِ عقد، نہ بمعنیٰ رفعِ اثم۔

پھر اس مکروہ کی بھی دو قسمیں ہیں، ایک یہ کہ معصیت اس کے عین کے ساتھ متعلق ہو، بغیر کسی تغیر اور تصرف کے، دوسرے یہ کہ کچھ تصرف وتغیر کے بعد وہ معصیت کے کام میں آئے، پہلی صورت مکروہ تحریمی ہے، دوسری مکروہ تنزیہی۔

فتاویٰ قاضی خان، اور دوسری کتبِ فقہ کی عبارتوں میں جو کراہتِ تحریم وتنزیہ کا اختلاف نظر آتا ہے، اس کی تطبیق بھی اس تفصیل سے ہوجاتی ہے ’’**فللّٰہ الحمد**‘‘

اس کے بعد مسئلہ زیرِ بحث کو دیکھ لیا جائے کہ اس میں اعانت کا مفہوم تو ہے نہیں، کیونکہ نہ قصدِ اعانت حقیقتاً ہے، نہ حکماً ہے، اور تسبب بھی سببِ محرک، یا جالب کے ساتھ نہیں، اس لیے حرمتِ صریحہ میں داخل نہیں، البتہ سبب قریب کی دوسری قسم میں داخل ہے، جو محرک نہیں ہے، اس لیے اگر کسی کو یہ علم نہ ہو کہ اجارہ پر لینے والا اس میں بینک چلائے گا، تو بلا کراہت جائز ہے، اور اگر علم ہے، تو مکروہ ہے۔

البتہ کراہتِ تحریم وتنزیہ کا فیصلہ اس بارے میں محلِ غور ہے، اگر یہ دیکھا جائے کہ

بنانے والے نے بینک کی مناسبت سے کمرے بنوائے ہیں، تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ کراہتِ تحریم ہے، اور اگر یہ سمجھا جائے کہ ایسے کمرے صرف بینک ہی کے لیے نہیں، دوسرے کاموں اور دفاتر کے لیے بھی بنتے ہیں، تو کراہتِ تنزیہ کہا جاسکتا ہے، اس میں مجھے ہنوز تردد ہے کہ اس کو مکروہ تحریمی کہا جائے، یا تنزیہی، دوسرے علماء سے بھی استصواب فرمالیں، اور یہ اس وقت ہے کہ تنبہ کے بعد بھی اس پر اصرار کرے، اور اگر تنبہ کے بعد توبہ کرلی، مگر فسخِ اجارہ، قدرت میں نہیں، تو اپنی پوری سعی فسخِ اجارہ میں کرلینے کے بعد امید ہے کہ معذور سمجھا جائے گا۔

**واللّٰہ أعلم۔ محمد شفیع عفا اللہ عنہ۔ ۳/صفر/۱۳۸۳ھ** (جواہر الفقہ، ج۷ص۵۱۰تا۵۱۴، کتاب الحظر والاباحۃ، رسالہ ''تفصیل الکلام فی مسئلۃ الاعانۃ علی الحرام'' یعنی ناجائز کاموں میں تعاون کی شرعی حیثیت، ناشر: مکتبہ دارالعلوم، کراچی، طبع جدید: نومبر ۲۰۱۰ء)

مذکورہ مضمون میں مندرجہ ذیل چند باتیں محلِ کلام وقابلِ اختلاف ہیں:

پہلی بات تو یہ ہے کہ '' **بیعِ عصیر عنب ممن یتخذہ خمراً** '' یا ''**اجارۃ دار ممن یتعبد فیھا الاصنام**'' کو سببِ قریب قرار دینا، مفتی صاحب موصوف کی احکام القرآن میں اپنی بیان واختیار کردہ اس تصریح کے خلاف ہے، جو پیچھے ذکر کی گئی، کیونکہ وہاں مذکورہ امور کا سببِ بعید ہونا بیان کیا گیا تھا، جس کی عبارت یہ تھی:

''**واما اذا کان سببا بعیدا کبیع العصیر لمن یتخذہ خمرا، او اجارۃ الدار لمن یتعاطن فیھا بالمعاصی، او عبادۃ غیر اللہ**''

دوسری بات یہ ہے کہ مذکورہ عبارات میں کسی جگہ ''سببِ بعید'' پر کوئی امر ونہی کا حکم مرتب ہونے کی نفی کرنا، اور تمام احکام کے ''سببِ قریب'' کے ساتھ وابستہ ہونے کا حکم لگانا، اور پھر کسی صورت کو ''سببِ بعید'' قرار دے کر اس پر کراہت، یا حرمت کے حکم کو مرتب کرنا، بظاہر باہم تعارض ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ کسی جگہ ایک صورت کو اعانت سے خارج کرنا، اور اس کے اعانت میں داخل ہونے کی نفی کرنا، اور پھر دوسری جگہ اسی کو اعانت میں داخل ماننا، یا اعانت کے بجائے، سبب میں داخل ماننا بھی تشویش واضطراب کا باعث ہے۔

اور ہمیں اس اضطراب کی وجہ یہ سمجھ آئی کہ اعانت وعدمِ اعانت، اور سببِ بعید، یا سببِ قریب کی یہ تقسیم فقہائے کرام سے ثابت نہیں، اور متعدد صورتوں میں فقہائے کرام کا اختلاف ہے، اور فقہائے کرام کے اقوال ومذاہب کے ساتھ، ان کے دلائل وعلل بھی مذکور ہیں، اس لئے زیادہ مناسب یہ ہوتا کہ اس تقسیم کے تکلف کے بجائے، فقہائے کرام کے اقوال ومذاہب اور ان کے دلائل کے تناظر میں متعلقہ صورتوں کے احکام بیان کرنے پر اکتفاء کیا جاتا، چنانچہ متعدد صورتیں، امام ابوحنیفہ اور صاحبین کے درمیان اختلافی ہیں، اور بعض صورتیں، دیگر فقہائے کرام کے درمیان بھی اختلافی ہوسکتی ہیں، جبکہ مفتی صاحب موصوف کے مضمون میں ان اختلافی صورتوں کی تنقیح وتقسیم کے بغیر ''اعانت اور سببِ قریب وبعید'' کی تقسیم اور ان کے تناظر میں ان کے احکامات بیان کرنے پر اکتفاء کیا گیا ہے، اور پیچھے یہ معلوم ہو چکا کہ صاحبین ودیگر فقہائے کرام بعض ان صورتوں کو بھی اعانت میں داخل مانتے ہیں، جن کو مذکورہ مضمون میں اعانت سے خارج اور سببِ بعید میں داخل قرار دیا گیا ہے، جبکہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک مفتی صاحب موصوف کی طرف سے بیان کردہ بعض صورتیں، سرے سے گناہ کا سبب ہی نہیں، بلکہ ''سببِ محض'' ہیں، البتہ گناہ میں استعمال کی نیت کا معصیت اور اجرت کا مکروہ ہونا، معصیت کا سبب قرار دئے بغیر ''سببِ محض کی صورت میں'' بھی ممکن ہے، اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک سببِ محض کی طرف کسی حکم کی نسبت کرنا درست نہیں۔

شمس الائمہ سرخسی ''سبب'' کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

السبب ما هو طريق الوصول إلى الشيء (أصول السرخسي، ج۲، ص۳۰۴، فصل في بيان تقسيم السبب)

ترجمہ: ''سبب'' وہ ہوتا ہے، جو کسی چیز کی طرف پہنچنے کا راستہ ہو (اصولِ سرخسی)

پھر ایک صورت کے ضمن میں فرماتے ہیں:

**فإنه سبب محض على معنى أنه طريق الوصول إلى المقصود عند غيره وذلك الغير ليس بمضاف إليه فيكون سببا محضا** (أصول السرخسي، ج٢، ص ٣١٠، فصل في بيان تقسيم السبب)

ترجمہ: پس یہ ''سببِ محض'' ہے، اس معنیٰ کر کہ یہ غیر کے نزدیک مقصود تک پہنچنے کا راستہ ہے، اور اس غیر کی طرف اس سبب کو منسوب نہیں کیا جائے گا، پس وہ سببِ محض شمار ہوگا (گناہ کا سبب نہ ہوگا) (اصولِ سرخسی)

اس کا مطلب یہی ہے کہ جس گناہ کی بنیاد دوسرے فاعلِ مختار کے فعل پر ہو، جیسا کہ مبحوث فیہا مسائل میں ہے، اس میں اس فاعل کے علاوہ، دوسرے اس شخص کے فعل کو اس گناہ کا سبب قرار نہیں دیا جائے گا، جس نے کوئی دوسرا ایسا فعل، یا عقد کیا ہو، جو فی نفسہٖ جائز ہو، جیسا کہ شیرہ فروخت کرنا، یا مکان، دوکان وغیرہ کرایہ پر دینا، وغیرہ وغیرہ۔

اس سلسلہ میں مزید عبارات آگے آتی ہیں۔

چوتھی بات یہ ہے کہ جس صورت کو امام ابوحنیفہ، اور صاحبین کے نزدیک اختلافی قرار دیا گیا ہے، اور پھر مستفتی کی طرف سے خلاصۃ الفتاویٰ کی عبارت کے مطابق جو اس مطلب کو ترجیح دی گئی ہے کہ ''امام ابوحنیفہ کے نزدیک یہ اجارہ اعانت علی المعصیت کا سبب ہونے کی وجہ سے موجبِ گناہ ہوگا''

یہ مطلب مراد لینا ان عبارات کے خلاف ہے، جن میں امام صاحب کے نزدیک سببِ معصیت ہونے کی نفی کی گئی ہے، اور گناہ کی نیت کرنے کو الگ سے گناہ قرار دیا گیا ہے، جس طرح گناہ کی تصریح کرنا بھی اعانت علی المعصیت ہوئے بغیر گناہ ہے۔

شمس الائمہ سرخسی نے ذمی کے مسلمان سے شراب بیچنے کے لئے گھر کرایہ پر لینے کے امام ابو حنیفہ کے نزدیک جائز ہونے کا حکم بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ گناہ نہیں، البتہ اس مقصود کی

تصریح کرنا الگ سے معصیت ہے۔ [1]

اور شمس الائمہ سرخسی نے شراب بنانے والے کے ہاتھ شیرہ فروخت کرنے کے جواز کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر خریدار کی نیت وقصد میں فساد ہو، تو اس کو فروخت کرنے والے کی طرف منسوب نہیں کیا جائے گا۔ [2]

اور شمس الائمہ سرخسی نے ہی نے اصول میں فرمایا کہ سببِ محض وہ ہوتا ہے، جو حکم تک پہنچنے کا راستہ ہو، لیکن امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس کی طرف وجوداً وعدماً حکم کو منسوب نہیں کیا جائے گا، جس پر کئی مسائل متفرع ہوتے ہیں، جیسا کہ غلام کی زنجیر کھولنا، یا اصطبل، یا پنجرہ کا دروازہ کھولنا، یا کسی کے مال کی خبر دینا، وغیرہ وغیرہ، کیونکہ یہ سب اسبابِ محض ہیں، جو مقصود تک پہنچنے کا راستہ ضرور ہیں، لیکن ان سب مقاصد کے حصول کے لئے درمیان میں فاعلِ مختار کے افعال کا تخلل موجود ہے۔ [3]

---

[1] وإذا استأجر الذمي من المسلم بيتا ليبيع فيه الخمر لم يجز؛ لأنه معصية فلا ينعقد العقد عليه ولا أجر له عندهما، وعند أبي حنيفة -رحمه الله- يجوز.

والشافعي -رحمه الله- يجوز هذا العقد؛ لأن العقد يرد على منفعة البيت ولا يتعين عليه بيع الخمر فيه فله أن يبيع فيه شيئا آخر يجوز العقد لهذا.

ولكنا نقول تصريحهما بالمقصود لا يجوز اعتبار معنى آخر فيه، وما صرحا به معصية (المبسوط، لشمس الائمة السرخسي، ج١٦، ص٣٨، كتاب الاجارات، باب الإجارة الفاسدة)

[2] ولا بأس ببيع العصير ممن يجعله خمرا؛ لأن العصير مشروب طاهر حلال، فيجوز بيعه، وأكل ثمنه، ولا فساد في قصد البائع إنما الفساد في قصد المشتري، ولا تزر وازرة وزر أخرى.

(ألا ترى) أن بيع الكرم ممن يتخذ الخمر من عينه جائز لا بأس به، وكذلك بيع الأرض ممن يغرس فيها كرما ليتخذ من عنبه الخمر، وهذا قول أبي حنيفة، وهو القياس، وكره ذلك أبو يوسف ومحمد رحمهما الله استحسانا (المبسوط، لشمس الأئمة السرخسي، ج٢٤، ص٢٦، كتاب الاشربة)

[3] السبب المحض وهو ما يكون طريقا للوصول إلى الحكم ولكن لا يضاف الحكم إليه وجوبا به ولا وجودا عنده بل تتخلل بين السبب والحكم العلة التي يضاف الحكم إليها وتلك العلة غير مضافة إلى السبب.

وذلك نحو حل قيد العبد فإنه طريق لوصول العبد إلى الإباق الذي هو متو مالية المولى فيه ولكن يتخلل بينه وبين الإباق الذي تتوى به المالية قصد وذهاب من العبد وهو غير مضاف إلى السبب السابق فيبقى حل القيد سببا محضا.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اورعلاء الدین بخاری نے ''کشفُ الاسرار عن اصول البزدوی ''میں فرمایا کہ جب اس سبب پر جو حکم تک پہنچنے کا راستہ ہے، ایسی علت آڑے آجائے، جس کی طرف حکم کی نسبت ہو، اور اس علت کی اس سبب کی طرف اضافت نہ ہو، تو وہ ''سببِ محض'' ہوتا ہے، جیسا کہ کسی کو چوری کرنے کے لئے کسی کے مال پر محض دلالت کرنا، کیونکہ اس سبب اور حصولِ مقصود کے درمیان ایسی علت کا تخلل حائل ہوگیا، جو سببِ اول کی طرف منسوب نہیں۔ ۲؎

اور موصوف نے دوسرے مقام پر فرمایا کہ سببِ محض کی طرف حکم کی نسبت نہیں کی جائے گی، بلکہ حکم کی اضافت اس سبب کی طرف کی جائے گی، جس میں علت کے معنیٰ پائے

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وعلى هذا قلنا لو فتح باب الاصطبل فندت الدابة أو باب القفص فطار الطير لم يجب الضمان عليه لأن العلة قوة الدابة فى نفسها على الذهاب وقوة الطير على الطيران وهو غير مضاف إلى السبب الأول.

وكذلك لو دل إنسانا على مال الغير فأتلفه أو على نفسه فقتله أو على قافلة حتى قطع الطريق عليهم لم يكن ضامنا شيئا لأن الدلالة سبب محض من حيث إنه طريق الوصول إلى المقصود ويتخلل بينه وبين حصول المقصود ما هو علة وهو غير مضاف إلى السبب الأول وذلك الفعل الذى يباشره المدلول(أصول السرخسى، ج۲،ص۳۰۶،۳۰۷،فصل فى بيان تقسيم السبب)

۲؎ قوله (وإذا اعترض على السبب) أى على السبب الذى هو طريق للوصول إلى الحكم علة يضاف الحكم إليها ولا تضاف تلك العلة إلى ذلك السبب بوجه كان ذلك السبب محضا أى سببا حقيقيا وهو بيان القسم الأول من الأسباب مثل دلالة الرجل الرجل على مال الغير ليسرقه ففعل لم يضمن الدال شيئا؛ لأن الدلالة سبب محض إذ هى طريق الوصول إلى المقصود وقد تخلل بينها وبين حصول المقصود ما هو علة غير مضافة إلى السبب الأول وذلك الفعل الذى يباشره المدلول باختياره لم يكن الدال شريكا فى المصاب؛ لأنه صاحب سبب محض؛ لأن دلالته طريق للوصول إلى المقصود وتخلل بينها وبين المقصود علة غير مضافة إلى الدلالة وهى فعل القوم الصادر عن اختيارهم فلم يكن فى دلالته شىء من معنى العلة فلا يكون له شركة فى المصاب إلا إذا ذهب معهم ودلهم على الحصن فحينئذ يشركهم فى المصاب؛ لأن فعله إذا تسبيب فيه معنى العلة (كشف الأسرار عن أصول فخر الإسلام البزدوى، ج۴،ص۱۷۷،۱۷۸،باب معرفة أقسام الأسباب والعلل والشروط،باب تقسيم السبب)

جاتے ہوں۔ [1]

یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی کسی کے پنجرہ کے دروازہ کو کھول دے، جس سے دوسرے کا مملوک پرندہ اڑ کر ضائع ہو جائے، تو امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف کے نزدیک اس کا ضمان وتاوان لازم نہیں ہوتا، اس کی دلیل بیان کرتے ہوئے علامہ کاسانی نے فرمایا کہ دروازہ کا کھولنا، اتلاف نہیں، نہ تو مباشرتاً اور نہ ہی تسبباً، کیونکہ پرندہ زندہ ہونے کی وجہ سے اڑنے میں خود مختار ہے، تو اڑنا اس کے اختیار کی طرف ہی منسوب ہوگا، اور دروازہ کھولنا، سببِ محض ہوگا، جس کو کوئی حکم حاصل نہ ہوگا۔ [2]

ایک اور مسئلہ کے ضمن میں بھی علامہ کاسانی نے یہی بات فرمائی ہے۔ [3]

بعض دیگر کتب میں بھی اسی اصول پر امام ابوحنیفہ کے نزدیک مسائل متفرع کر کے بیان کئے گئے ہیں۔ [4]

---

[1] السبب المحض لا يضاف إليه الحكم ويضاف إلى السبب الذى فيه معنى العلة(كشف الأسرار عن أصول فخر الإسلام البزدوى، ج۴،ص ۱۸۳ ،باب معرفة أقسام الأسباب والعلل والشروط،باب تقسيم السبب)

[2] (وجه) قولهما أن الفتح ليس بإتلاف مباشرة ولا تسبيبا (أما) المباشرة فظاهرة الانتفاء . (وأما) التسبيب فلأن الطير مختار فى الطيران؛ لأنه حى وكل حى له اختيار، فكان الطيران مضافا إلى اختياره والفتح سببا محضا، فلا حكم له كما إذا حل القيد عن عبد إنسان، حتى آبق أنه لا ضمان عليه لما قلنا كذا هذا (بدائع الصنائع فى ترتيب الشرائع، ج۷،ص ۱۶۶ ،كتاب الغصب،فصل فى مسائل الإتلاف)

[3] والسبب إذا اعترض عليه فعل اختيارى يكون سببا محضا، والسبب المحض لا حكم له وإن كان صاحب السبب متعمدا فى مباشرة السبب كفتح باب الإصطبل والقفص حتى خرجت الدابة وضلت أو طار الطير وضاع(بدائع الصنائع فى ترتيب الشرائع، ج۴،ص ۱۲ ،كتاب الرضاع،فصل فى صفة الرضاع المحرم)

[4] (ولا ضمان على من حل قيد عبد غيره أو) حل (رباط دابته) أى دابة غيره (أو فتح إصطبلها) أى إصطبل دابة الغير (أو) فتح (قفص طير) غيره (فذهب) العبد أو الدابة أو الطير عقيب ذلك الفعل هذا عند الشيخين؛ لأنه تخلل بين فعله والتلف فعل فاعل مختار وهو ذهاب العبد والدابة وطيران الطيور واختيارهم صحيح وتركهم منهم متصور والاختيار لا ينعدم بانعدام العقل فيضاف التلف إلى المباشر دون التسبيب كما فى الاختيار (خلافا لمحمد فى الدابة والطير) ؛ لأنه فرق بين

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ظاہر ہے کہ مذکورہ صورتوں میں امام ابوحنیفہ کے نزدیک سبب نہ ہونے کی وجہ سے تاوان تو لازم نہ ہوگا، لیکن اگر نیت وقصد دوسرے کو اضرار ونقصان پہنچانے کا ہو، تو اس کا الگ سے گناہ ہوگا، البتہ جن معاملات میں بذاتِ خود اس کا اپنا فعل گناہ کا سبب وعلت ہو، اس کا حکم الگ ہوگا، فکذا ھھنا۔

اس لئے حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ نے ''نیت وتصریح، بلکہ علمِ محض'' کی جن صورتوں کو ''اعانت علی المعصیت، یا سببِ معصیت'' قرار دیا ہے، یہ امام ابوحنیفہ کے مذہب کے مطابق راجح معلوم نہ ہوسکا، نیت اور تصریح کی صورت میں معاملہ کی نوعیت اور جواز کی علت وہی رہتی ہے، البتہ جس کی جیسی نیت وتصریح ہوگی، اس کا گناہ الگ ہوگا، اور ایسی نیت، یا تصریح کرکے معاملہ کرنا ''سببِ محض'' ہونے کے باوجود، گناہ کا باعث ہوگا، اسی کی تعبیر بعض حضرات نے اس معاملہ کے مکروہ وغیرہ ہونے سے کردی ہے، کیونکہ معصیت کی نیت وتصریح سے تو مباح، بلکہ طاعت والے عمل پر بھی معصیت، یا کراہت کا حکم لگایا جانا ممکن ہوا کرتا ہے، جیسا کہ کوئی مال وجاہ کے حصول کے لئے نماز پڑھے، یا اس کی زبان سے تصریح کرے، تو اس نیت وتصریح کے ساتھ نماز پڑھنا گناہ ہوگا، لیکن خود نماز ہی کو اعانت علی المعصیت، یا سببِ معصیت نہ کہا جائے گا، کیونکہ نماز تو اعانت علی الطاعت، یا سببِ طاعت والا عمل ہے، بلکہ اس فاسد نیت، وتصریح کو گناہ کہا جائے گا، اور اس سے منع کیا جائے گا۔ [1]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

ذی العقل وغیرہ ذکر ھذا الخلاف صدر الشریعة والمفھوم من الشمنی وغیرہ أن الخلاف فی الطیر؛ لأنہ قال وعن محمد یضمن فی الطائر سواء طار من فورہ أو مکث ساعة ثم طار؛ لأن الطائر مجبول علی النفار قیدنا بالذھاب عقیب الفتح؛ لأنہ لو مکث ساعة ثم ذھب لا یضمن عندنا وعند الشافعی خلافا لمحمد فی روایة.

وفی الاختیار ذھبت دابة رجل لیلا أو نھارا بغیر إرسال صاحبھا فأفسدت زرع رجل لا ضمان علیھا؛ لأنھا ذھبت باختیارھا، وفعلھا ھدر، وإن أرسلھا ضمن(مجمع الأنھر فی شرح ملتقی الأبحر، ج۲، ص۴۷۰، کتاب الغصب، فصل فی بیان مسائل تتصل بمسائل الغصب)

[1] لأن الأعمال بالنیات فکما یکون المباح طاعة بالنیة تصیر الطاعة معصیة بالنیة(رد المحتار علی الدر المختار، ج۶، ص۴۰۲، کتاب الحظر والاباحة، فصل فی البیع)

جہاں تک اس سلسلہ میں ’’خلاصۃُ الفتاویٰ‘‘ کی اس عبارت کا تعلق ہے، جس پر حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ نے انحصار فرمایا ہے، تو ہمیں خلاصۃ الفتاویٰ کے بیوع، اور اجارات وغیرہ کے ابواب وبیانات میں حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب سے استفتاء کرنے والے صاحب کی نقل کردہ عبارت دستیاب نہیں ہوئی، اور مفتی صاحب موصوف نے بھی خود سے یہ عبارت اصل مرجع سے نکال کر نقل نہیں کی۔

اور ہمیں ’’خلاصۃُ الفتاویٰ‘‘ میں جو تصریح دستیاب ہوئی، ان میں ایک تو وہی ہے، جو پیچھے ان الفاظ میں ذکر کی گئی کہ:

والأفضل أن لا يبيع العصير ممن يتخذه خمراً (فتاوى قاضى خان، ج۳، ص ۱۱۷، كتاب الاشربة)

ترجمہ: اور افضل یہ ہے کہ انگور کا شیرہ اس شخص کو فروخت نہ کرے، جو اس کی شراب بنائے (قاضی خان)

اس کے علاوہ ہمیں خلاصۃ الفتاویٰ میں مندرجہ ذیل عبارات بھی دستیاب ہوئیں۔

’’خلاصۃُ الفتاویٰ‘‘ کے بیوع کے بیان میں ہے:

بيع العصير ممن يتخذه خمرا لايكره عند ابى حنيفة وعندهما يكره ويجوز البيع بالاجماع (خلاصة الفتاوىٰ، ج۳ص ۱۰۰، كتاب البيوع، الفصل السادس عشر، الجنس الثالث، مكتبه رشيديه، كوئٹه)

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ شراب بنانے والے کو شیرہ فروخت کرنے میں امام ابوحنیفہ اور صاحبین کے درمیان اختلاف ہے، اور یہ اختلاف مکروہ ہونے نہ ہونے کا ہے، لیکن بیع منعقد ہونے میں اختلاف نہیں۔

اور ’’خلاصۃُ الفتاویٰ‘‘ میں اجارات کے بیان میں ہے:

هكذا اطلق لكن هذا قولهما اما على قول ابى حنيفة لايكره وكذا كل موضع تعلق المعصية بفعل فاعل مختار ومن جملة ذالك لو آجر بيته ليتخذ فيه بيعة او كنيسة او بيت نار يطيب له وتمام هذا قد ذكرناه فى

**کتاب البیوع (خلاصة الفتاویٰ، ج۳ص ۱۴۹، کتاب الإجارات، الفصل العاشر فی الحظر والإباحة،مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)**

اس عبارت سے بھی معلوم ہوا کہ ہر وہ مقام جہاں گناہ فاعلِ مختار کے فعل کے ساتھ قائم ہو، جیسا کہ شراب بنانے والے کو شیرہ فروخت کرنا، اور گرجا گھر بنانے والے کو مکان کرایہ پر دینا، تو وہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک مکروہ نہیں، اوران کی آمدنی حلال ہے۔

اوراگر خلاصۃ الفتاویٰ کی اس عبارت کو تسلیم بھی کرلیا جائے، تو فقہائے کرام کی دوسری تصریحات کے مطابق، اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اگر گھر کو شراب فروخت کرنے، یا دوسرے معصیت والے کاموں کے لئے اجرت پر دیا، اور اس کی نیت کی، یا تصریح کی، تو اس نیت، یا تصریح کا گناہ ہوگا، لیکن اس سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ گناہ کی وجہ یہ ہے کہ اس نے گناہ میں اعانت کی، یا وہ گناہ کا سبب بنا۔

کیونکہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک ''سببِ محض'' کی طرف حکم کی اضافت نہیں کی جاتی، اور اس معاملہ اور عقد کو ''اعانت علی المعصیت، یا معصیت کا سبب'' قرار دینے کا مطلب واضح طور پر اس کی طرف حکمِ معصیت کی نسبت واضافت کرنا ہے، جس کا امام ابوحنیفہ کے مذہب، اور خاص مبحوث فیہا مسائل میں بیان کردہ تعلیلات پر منطبق ہونا، مشکل ہے۔

پانچویں بات یہ ہے کہ مفتی صاحب موصوف کی طرف سے امام ابوحنیفہ اور صاحبین کے درمیان صرف اس صورت کو مختلف فیہ قرار دینا، جس میں نیت وتصریح کچھ بھی نہ ہو، البتہ علم ہو کہ یہ شخص شیرۂ انگور خرید کر، شراب بنائے گا، یا مکان کرایہ پر لے کر فسق وفجور کرے گا، یا سودی کاروبار کرے گا، یا لوہا خرید کر مسلمانوں کے خلاف استعمال کرے گا، اور پھر اس بیع واجارہ پر علی الاطلاق مکروہ ہونے کا حکم لگانا، اور ساتھ ہی اس مخصوص صورت میں دو تعبیرات، یا مطالب میں سے ہر ایک کے مطابق امام ابوحنیفہ کے نزدیک گناہ ومعصیت قرار دینا، فقہائے کرام کی تصریحات سے مطابقت نہیں رکھتا، کیونکہ علم، نیت اور تصریح کی تمام صورتیں ہی مختلف فیہا ہیں، اوران سب صورتوں میں صاحبین کے نزدیک عقد کے باطل، یا مکروہ، یا

گناہ پر اعانت وغیرہ ہونے کی مختلف تعبیرات ملتی ہیں، اور اس کے برعکس امام ابوحنیفہ کے نزدیک عقد کے معتبر، جائز، غیر مکروہ، اور ثمن، وکرایہ کے حلال وطیب سب کچھ ہونے، اور ساتھ ہی امام ابوحنیفہ کے نزدیک اعانت علی المعصیت اور سببِ معصیت کی نسبت کی تردید ملتی ہے۔

اس سلسلہ میں دیگر حضرات کے ساتھ ساتھ علامہ قاضی زادہ آفندی (المتوفیٰ: 988ھ) کے حوالہ سے یہ تصریح بھی گذر چکی ہے کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک اپنے مکان کو اس مقصد کے لئے کرایہ پر دینا، تاکہ کرایہ پر لینے والا، اس میں گرجا گھر بنائے، یا شراب کو فروخت کرے، یہ جائز ہے، کیونکہ اس میں فاعلِ مختار کے فعل کا تخلل موجود ہے۔

اور امام ابوحنیفہ اور صاحبین کے اختلاف کو نظر انداز کر کے، جن حضرات نے دونوں اقوال کو خلط ملط کر دیا، وہ درست نہیں، اس طرح کا التباس اور بھی کئی مسائل میں واقع ہوا ہے۔ [1]

پس کسی ایک مجمل، اور وہ بھی نامکمل حوالہ وعبارت سے امام ابوحنیفہ کے اصل مذہب کے

---

[1] قال شيخ الإسلام :وأراد بهذا إذا استأجرها الذمي ليسكنها، ثم أراد بعد ذلك أن يتخذ كنيسة أو بيعة فيها، فأما إذا استأجرها في الابتداء ليتخذها بيعة أو كنيسة لا يجوز إلى هنا لفظ الذخيرة والمحيط .قال :بعض المتأخرين بعد نقل ذلك عن صاحب المحيط :ولا خفاء فيما بينه وبين ما ذكره المصنف من التنافي .أقول :إن التنافي بينهما ممنوع .إذ يجوز أن يكون بناء قول شيخ الإسلام فأما إذا استأجرها في الابتداء ليتخذها بيعة أو كنيسة لا يجوز على قول أبي يوسف ومحمد في هذه المسألة، لكون مختار نفسه قولهما، وإنما يلزم التنافي بينهما .أن لو قال لا يجوز عند أبي حنيفة أو قال لا يجوز عندهم جميعا وليس فليس .وذكر أحد القولين في المسألة الخلافية بدون بيان الخلاف ليس بعزيز في كلام الثقات .وعن هذا نرى كثيرا من أصحاب المتون يذكرون قول أبي حنيفة في كثير من المسائل الخلافية بدون بيان الخلاف .ثم الشراح يبينون الخلاف الواقع في ذلك، وكيف لا يكون مراد شيخ الإسلام بقوله المزبور ما ذكرناه..

وقد صرح محمد -رحمه الله -في الجامع الصغير بأنه لا بأس عند أبي حنيفة أن تؤاجر بيتك ليتخذ فيه بيت نار أو كنيسة أو بيعة أو يباع الخمر فيه بالسواد .وهل يليق بمثل شيخ الإسلام أن يغفل عن مسألة الجامع الصغير.

ثم قال ذلك البعض :ثم كلام المصنف صريح في أن إجارة البيت ليباع فيه الخمر مع كونه معصية إنما صحت عند أبي حنيفة لتخلل فعل فاعل مختار(تكملة فتح القدير لقاضي زاده آفندي، ج١٠، ص ٦٠، ٦١، كتاب الكراهية،فصل في البيع)

برعکس دوسرے مطلب کو ترجیح دینا، اور دو مختلف مجتہدین کے اقوال کو خلط ملط کرنا، درست معلوم نہ ہوسکا، بالخصوص جبکہ اس طرح کی عبارات کو درست محمل پر محمول کرنا بھی ممکن ہو، جیسا کہ گذرا۔

چھٹی بات یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے جن چیزوں کی ممانعت کی تصریح کی گئی ہے، ان پر دوسری ایسی چیزوں کو قیاس کرنا، ان فقہائے کرام کے نزدیک راجح نہیں، جن کے جواز کی خود ان فقہائے کرام نے تصریح کردی ہو، بالخصوص جبکہ بعض منصوصات کے بھی حرام، یا مکروہ تحریمی کے بجائے، مکروہ تنزیہی ہونے کا احتمال ہو، یا عمل کرنے والے کی نیت ہی کسی گناہ کی ہو، جیسا کہ عورتوں کے پاؤں مارنے کی غرض کی ''لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِنْ زِينَتِهِن'' کے ساتھ تصریح خود اللہ تعالیٰ کی طرف سے موجود ہے۔ [1]

ساتویں بات یہ ہے کہ استفتاء میں جس مسئلہ کے متعلق حکم معلوم کیا گیا ہے، اس کے بارے میں آخر میں جو مفتی صاحب موصوف کی طرف سے یہ تحریر کیا گیا ہے کہ:

> ''اگر یہ دیکھا جائے کہ بنانے والے نے بینک کی مناسبت سے کمرے بنوائے ہیں، تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ کراہتِ تحریم ہے، اور اگر یہ سمجھا جائے کہ ایسے کمرے

---

[1] وفيه دليل على أن الأمر بالقرار فى البيوت ليس على سبيل الوجوب(فتح البارى شرح صحيح البخارى، ج۴، ص۷۵، كتاب جزاء الصيد،باب حج النساء)

ولا يضربن بأرجلهن ليعلم ما يخفين من زينتهن قيل كانت المرأة إذا مشت ضربت برجلها ليسمع صوت خلخالها أو يتبين خلخالها فنهين عن ذلک وقيل إن الرجل تغلب عليه شهوة النساء إذا سمع صوت الخلخال ويصير ذلک داعية له زائدة فى مشاهدتهن وقد علل ذلک بقوله تعالى :ليعلم ما يخفين من زينتهن فنبه به على أن الذى لأجله نهى عنه أن يعلم به ما عليهن من الحلى وغيره (تفسير الخازن، ج۳، ص۲۹۳، سورة النور)

والمرأة مندوبة إلى الغلظة فى المقال إذا خاطبت الأجانب لقطع الأطماع فيهن(تفسير الخازن، ج۳، ص۴۲۴، سورة الاحزاب)

والمرأة مندوبة إلى الغلظة فى المقالة إذا خاطبت الأجانب لقطع الأطماع (تفسير البغوى، ج۳، ص۶۳۵، سورة الاحزاب)

(مسئلة) المرأة مندوبة الى الغلظة فى المقال إذا خاطبت الا جانب لقطع الاطماع (التفسير المظهرى، ج۷، ص۳۳۸، سورة الاحزاب)

صرف بینک ہی کے لیے نہیں، دوسرے کاموں اور دفاتر کے لیے بھی بنتے ہیں، تو کراہتِ تنزیہ کہا جاسکتا ہے، اس میں مجھے ہنوز تردد ہے کہ اس کو مکروہ تحریمی کہا جائے، یا تنزیہی، دوسرے علماء سے بھی استصواب فرمالیں‘‘

تو بظاہر اس کے حکم میں تردد کی وجہ امام ابوحنیفہ اور صاحبین کے اختلاف کی بناء، اور حکم میں تردد وعدمِ تنقیح ہے، ورنہ مذکورہ معاملہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک بلا کراہت جائز ہے، جبکہ بائع یا مکان مالک کی نیت اس گناہ میں اعانت کی نہ ہو، نہ ہی وہ اپنی طرف سے خاص اس کام کی تعیین وتصریح کرے، خواہ خریدار اور کرایہ دار کی نیت ہو، اور اس نیت پر بائع ومکان مالک مطلع ہو، یا وہ زبان سے اس کا اظہار کرے۔

شمس الائمہ سرخسی نے فرمایا کہ متعاقدین کی طرف سے گناہ کے مقصود کی تصریح کرنا، اس لئے گناہ ہے کہ یہ تصریح گناہ والا فعل ہے، اور ظاہر ہے کہ جب تک بائع، ومکان مالک نہ تو خود زبان سے تصریح کرے، اور نہ ہی اس گناہ میں اعانت کی نیت کرے، بلکہ ایک مباح چیز کے ثمن، یا کرایہ کو حاصل کرنے، اور اس کے نفع سے فائدہ اٹھانے کی نیت کرے، تو یہ محض جائز ومباح چیز کے عوض میں استمتاع حاصل کرنا ہے، اور جس طرح دوسرے عاقد کی نیت کو دوسرے فریق کی طرف منسوب نہیں کیا جائے گا، اسی طرح اس کی تصریح کو بھی دوسرے فریق کی طرف منسوب نہیں کیا جائے گا، بلکہ اس نیت وتصریح کے گناہ کی ذمہ داری اسی ناوی اور تصریح کنندہ پر عائد ہوگی۔ [1]

---

[1] وإذا استأجر الذمي من المسلم بيتا ليبيع فيه الخمر لم يجز؛ لأنه معصية فلا ينعقد العقد عليه ولا أجر له عندهما، وعند أبي حنيفة -رحمه الله -يجوز.

والشافعي -رحمه الله -يجوز هذا العقد؛ لأن العقد يرد على منفعة البيت ولا يتعين عليه بيع الخمر فيه فله أن يبيع فيه شيئا آخر يجوز العقد لهذا.

ولكنا نقول تصريحهما بالمقصود لا يجوز اعتبار معنى آخر فيه، وما صرحا به معصية (المبسوط،لشمس الائمة السرخسي،ج١٦،ص٣٨،كتاب الاجارات،باب الإجارة الفاسدة)

ولا بأس ببيع العصير ممن يجعله خمرا؛ لأن العصير مشروب طاهر حلال، فيجوز بيعه، وأكل ثمنه،

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

البتہ جب معلوم ہو کہ دوسرا فریق اس مباح چیز کو گناہ کے کام میں استعمال کرے گا، جیسا کہ معلوم ہو کہ شیرہ خریدنے والا اس سے شراب بنائے گا، یا مکان میں شراب بیچے گا، یا بینک کو کرایہ پر دے گا، تو صاحبِ نہر کے نزدیک یہ گناہ میں اعانت کرنے والا تو نہیں، لیکن گناہ کی اعانت میں سبب بننے والا ہے، اس لئے ان کے نزدیک اس معاملہ کو زیادہ سے زیادہ مکروہ تنزیہی وخلافِ اولیٰ قرار دیا جاسکتا ہے۔

لیکن اس میں بھی دیگر حضرات کا اختلاف ہے، جو صاحبِ نہر کی اس بحث سے متفق نہیں، اور وہ کراہت کے قول کو صاحبین کے قول پر محمول کرتے ہیں، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک اصولی اعتبار سے یہ نہ گناہ کی اعانت کرنے والا ہے، اور نہ ہی گناہ میں اعانت کا سبب بننے والا ہے، بلکہ یہ ''سببِ محض'' ہے، جس کی طرف کوئی بھی کراہت، وحرمت وغیرہ کا حکم منسوب نہیں کیا جائے گا، البتہ اگر گناہ کی نیت، یا تصریح کرے گا، تو اس گناہ کی نیت، یا تصریح بذاتِ خود گناہ ہوگی، لیکن اس کو گناہ کی اعانت، یا گناہ کا سبب پھر بھی قرار نہ دیا جائے گا۔

اور یہ حکم امام ابوحنیفہ کے مذہب کے مطابق ہے، جو متونِ حنفیہ میں مذکور ہے۔

اور حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کا صلبِ عقد میں احد المتعاقدین کی طرف سے عملِ معصیت کی تصریح کو معصیت کی اعانت قرار دے کر علی الاطلاق حرام، یا مکروہ فرمانا، امام ابوحنیفہ کے مذہب کے مطابق راجح معلوم نہ ہوسکا۔

کیونکہ فقہائے کرام نے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک پے در پے تصریح کی ہے کہ غیر مسلم

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

ولا فساد فی قصد البائع إنما الفساد فی قصد المشتری، ولا تزر وازرة وزر أخری.

(ألا تری) أن بیع الکرم ممن یتخذ الخمر من عینه جائز لا بأس به، وکذلک بیع الأرض ممن یغرس فیها کرما لیتخذ من عنبه الخمر، وهذا قول أبی حنیفة، وهو القیاس، وکره ذلک أبو یوسف ومحمد رحمهما الله استحسانا (المبسوط، لشمس الأئمة السرخسی، ج۲۴، ص۲۶، کتاب الاشربة)

www.idaraghufran.org

کو شراب بنانے کے لئے شیرہ کی بیع کرنا، اور بت پرستی، یا شراب فروخت کرنے کے لئے گھر کرایہ پر دینا جائز ہے، ظاہر ہے کہ اس مسئلہ میں صلبِ عقد میں خریدار، یا کرایہ دار کی طرف سے تصریح نہ ہونے کی قید مذکور نہیں، اور ان مقاصد کے لئے اجارہ پر دینا تصریح کا متقاضی ہے، البتہ بعض مشائخِ سمرقند نے غیر مسلم کی تخصیص کے ساتھ تصریح کی صورت میں گناہ نہ ہونے کا حکم بیان کیا ہے، جو بظاہر مرجوح قول پر مبنی ہے۔

بہر حال راجح یہ معلوم ہوا کہ جو چیز گناہ کے ساتھ مختص نہ ہو، اور اس میں فاعلِ مختار کے فعل کا تخلل واقع ہو، اس میں اس گناہ کے غیر فاعل (یعنی، بائع، یا موجر وغیرہ) کو امام ابوحنیفہ کے نزدیک معین علی المعصیت، یا مسببِ معصیت سمجھنا راجح نہیں، خواہ گناہ کی نیت، وتصریح کیوں نہ ہو۔

البتہ گناہ کی نیت، یا تصریح اپنی نوعیت کے اعتبار ولحاظ سے الگ گناہ، یا مکروہ کہلائے گی، خواہ یہ کہا جائے کہ اس کا دوسرے کے گناہ سے راضی ہونا، یا زبان سے گناہ کرنے کی تصریح کرنا گناہ ہے، یا کوئی اور تعبیر کی جائے، لیکن فی الواقع اس کو دوسرے فاعلِ مختار کے گناہ کی اعانت، یا اس کا سبب، یا اس کی علت سے تعبیر کرنا، امام ابوحنیفہ کے مذہب کے مطابق درست نہ ہوگا۔

پھر گناہ کی نیت وتصریح کرنا، نہ کرنا، ہر شخص کا اپنا اختیاری عمل ہے، ہر مسلمان اس کا مکلّف ہے کہ نہ تو کسی مباح فعل سے گناہ کی نیت کرے، نہ اپنی زبان سے تصریح کرے، بلکہ وہ جائز ومباح عقد سمجھتے ہوئے اپنی ضرورت وحاجت پوری کرنے، اور جائز تجارت ومنفعت کے حصول کی نیت کرے، بے شک دوسرا کوئی بھی نیت وتصریح کرے، اس کا وبال اس دوسرے کے سر پر ہی ہوگا، اور اگر کوئی اس کے سامنے اظہار کرے، تو وہ یہ بھی کہہ سکتا ہے کہ میں اس عمل سے خوش وراضی نہیں، اگر آپ اپنے اختیار سے یہ عمل کریں گے، تو اس کے ذمہ دار آپ خود ہوں گے۔

البتہ اگر امام ابوحنیفہ کے علاوہ کسی دوسرے کے مذہب کی بنیاد پر کچھ اور کہا جائے، تو وہ اس دوسرے کا مذہب ہوگا، اس کو امام ابوحنیفہ کا مذہب سمجھنا، یا قرار دینا درست نہ ہوگا، اور کوئی

دوسرے مذہب کو راجح سمجھے، یا اس کے مطابق عمل کرے، یا احتیاط کی وجہ سے اس کو اختیار کرے، تو یہ سب چیزیں اپنی جگہ درست ہیں۔

اصل مقصود یہ ہے کہ حضرت مولانا مفتی شفیع صاحب رحمہ اللہ نے جو اعانت علی المعصیت اور سببِ معصیت کی تقسیم کر کے ان پر اسی حیثیت سے جن احکام کی تفریع کی ہے، اور اس کو امام ابوحنیفہ کے مذہب پر متفرع کیا ہے، یہ محلِ کلام ونزاع ہے۔

حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم نے اپنے والد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کے اس اردو مقالہ کے حوالہ سے تحریر فرمایا کہ:

''جو سببِ قریب فی نفسہٖ معصیت کا محرک نہ ہو، بلکہ اس میں معصیت فاعلِ مختار کے فعل سے صادر ہو، جیسا کہ شیرہ کا شراب بنانے والے کے ہاتھ فروخت کرنا، یا گھر کا ایسے شخص کو کرایہ پر دینا، جو اس میں شرک وبت پرستی کا ارتکاب کرے، تو اگر مسلم عاقد اس میں معصیت کی اعانت کی نیت کرے، تو حرام ہے۔

اور اگر نیت نہ کرے، اور اسے یہ بھی معلوم نہ ہو کہ معاملہ کرنے والا، اس کو گناہ میں استعمال کرے گا، تو بلا کراہت جائز ہے، اور اگر یہ معلوم ہو کہ وہ اس کو بعینہٖ، بغیر کسی تغیر وصنعت کے گناہ میں استعمال کرے گا، تو مکروہ تحریمی ہے۔

اور اگر یہ معلوم ہو کہ وہ اس میں تغیر وصنعت، کر کے گناہ میں استعمال کرے گا، تو مکروہ تنزیہی ہے''۔ [1]

---

[1] والقسم الثانی من السبب القریب، ما لیس بمحرک للمعصیة فی نفسه، بل تصدر المعصیة بفعل فاعل مختار، مثل بیع ممن یتخذه خمرا، أو إجارة الدار لمن یتعبد فیها للأصنام، فإن هذا البیع أو الإجارة وإن کان سببا قریبا للمعصیة، ولکنه لیس جالبا أو محرکا للمعصیة فی نفسه ...وحکم هذا النوع من السبب القریب أن البائع أو المؤجر إن قصد بذلک إعانة المشتری أو المستأجر علی معصیته، فهو حرام قطعا .أما إذا لم ینو بذلک المعصیة، فله حالتان :الحالة الأولی أنه لا یعلم أن المشتری یتخذ من العصیر خمرا .وفی هذه الحالة یجوز البیع بلا کراهة .أما إذا علم أنه یتخذه خمرا، فإن البیع مکروه ...فإن کان المبیع یستعمل للمعصیة بعینه، من غیر احتیاج إلی تغیره، فالکراهة تحریمیة، وإلا فهی تنزیهیة(بحوث فی قضایا فقهیة معاصرة، ج ۱، ص ۳۴۶ و ۳۴۷، أحکام الودائع المصرفیة، مطبوعة: دار القلم، دمشق)

مذکورہ عبارت میں جس صورت کو سببِ قریب ہونے کی وجہ سے مکروہ تحریمی قرار دیا گیا ہے، اس میں چونکہ حضرت مفتی شفیع صاحب رحمہ اللہ کے اردو مقالہ میں مذکور حکم کی پیروی گئی ہے، جس سے توافق مشکل ہے، جیسا کہ پہلے گذرا۔

اور ہمارے نزدیک مذکورہ تفصیل کے مطابق امام ابوحنیفہ کا مذہب دلائل کے اعتبار سے بھی راجح ہے، اور موجودہ اور آئندہ پرفتن، اور جائز وناجائز امور ومعاملات کے شیوع کے دور میں لوگوں کے لئے یسر وسہولت کا بھی باعث ہے، جس کے برخلاف عمل کرنے میں بہت سی مشکلات پائی جاتی ہیں۔

اور جب کفار سے روپیہ، پیسہ کے عوض کوئی حلال چیز خریدی جائے، تو روپیہ، پیسہ نہ تو ایسی چیز ہے، جو گناہ کے ساتھ مختص ہو، اور نہ ہی اس کا گناہ میں استعمال فاعلِ مختار کے جدید فعل کے تخلل کے بغیر ممکن ہے، بلکہ اس کا حکم انگور کے شیرہ سے بنائی جانے والی شراب اور کرایہ کے مکان میں گرجا گھر وغیرہ بنانے سے بھی کمزور ہے۔

کیونکہ شیرہ سے تو بذاتِ خود شراب بنائی جاتی ہے، اور مکان میں بھی گرجا گھر بنایا جاتا ہے، جبکہ روپیہ پیسہ کا کسی دوسری چیز سے تبادلہ کرکے ہی گناہ قائم ہوتا ہے، اور اس کا کسی دوسری چیز سے تبادلہ کرنا تبدلِ عقد کا حکم رکھتا ہے، نیز یہ بھی ضروری نہیں کہ بائع، مبیع کے عوض حاصل شدہ نے اس پورے ثمن، روپیہ پیسہ کو حرام کام میں استعمال کرے، اور کوئی اپنی دوسری جائز ضرورت پوری نہ کرے۔

اور فقہائے کرام نے تصریح کی ہے کہ اگر شیرہ کے بجائے، انگور کو ایسے شخص کے ہاتھ فروخت کیا جائے، جو کہ اس سے شراب بنائے، تو وہ امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد، سب کے نزدیک جائز ہے، کیونکہ اس میں گناہ وفساد، عین عقد سے حاصل نہیں ہوتا، بلکہ وہ دوسری عین سے حاصل ہوتا ہے، کیونکہ جس چیز کو پہلا عقد شامل تھا، وہ عقد تبدیل ہو چکا، اس لئے وہ بہرحال امام ابوحنیفہ اور صاحبین، سب کے نزدیک گناہ کی اعانت، یا گناہ کے سبب سے

خارج ہے، اوراس گناہ کی نسبت پہلے عاقد کی طرف کرنا درست نہیں۔ [1]

اوراس کوامام ابوحنیفہ تو درکنار، دوسرے فقہائے کرام کے نزدیک بھی گناہ میں اعانت، یا گناہ کا سبب سمجھنا، سخت جہالت پر مبنی ہے، جبکہ معلوم ہے کہ ان امور میں مسلمان نہ تو گناہ کی اعانت کی نیت کرتا، بلکہ اپنی ضرورت وحاجت پوری کرنے کی نیت کرتا ہے، اور نہ ہی وہ گناہ میں اعانت کی تصریح کرتا، ایسی صورت میں بھی گناہ گار قرار دینا، سوائے مخترع اجتہاد کے اور کیا ہوسکتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ فقہائے کرام نے اس موقع پر گناہ میں استعمال ہونے والی چیز کوفروخت کرنے، یا کرایہ پر دینے کے مسائل پر تو بحث واختلاف فرمایا، لیکن کسی حربی، یا عاصی سے کوئی مباح چیز، دراہم ودنانیر کے عوض میں خریدنے کے مسئلہ کے عدمِ جواز کوسرے سے زیرِ بحث لایا ہی نہیں گیا، جس کی وجہ یہی ہے کہ دراہم ودنانیر اور روپیہ پیسہ کے ساتھ بذاتِ خود گناہ قائم نہیں ہوتا، اوراس کوکسی جدید عقد ومعاملہ کئے بغیر گناہ میں استعمال کرنا ممکن بھی نہیں ہوتا، اوراس کے بعد گناہ کی نسبت اول خریدار کی طرف کرنا، درست نہیں ہوتا، ورنہ تو صرف کفار سے ہی نہیں، بلکہ کسی ایسے مسلمان سے بھی کوئی مباح وجائز چیز خریدنا جائز نہ ہوتا، جو اس پیسے اورآمدنی کوکسی گناہ کے کام میں استعمال کرے، اورآج کل ایسے مسلمانوں کی تعداد کم نہیں ہے، جوروپیہ پیسہ کوناجائز کاموں میں استعمال نہ کرتے ہوں۔

---

[1] إذا باع العصير ممن يتخذه خمراً فلا بأس به، وهذا قول أبي حنيفة، وعلى قول أبي يوسف ومحمد رحمهم الله :يكره، وأجمعوا على أنه إذا باع العنب أو الكرم ممن يتخذه خمراً إنه لا بأس به.

فوجه قولهما وهو الفرق بين العنب والعصير والفساد والفتنة من المشترى يحصل بعين ما يتناوله العقد، فصار كبيع السلاح من أهل الفتنة في أيام الفتنة، وفي فصل العنب الفساد والفتنة من المشترى لا يحصل بعين ما يتناوله العقد، بل يحصل بعين آخر، فإن ما يتناول العقد يتبدل العقد، فكان بمنزلة ما لو باع الحديد من أهل الفتنة.

ولأبي حنيفة رحمه الله :أن الفتنة والفساد لا تقع إلا بعد تغير المعقود عليه في نفسه، فلا يكره كبيع الحديد من أهل الفتنة والفساد(المحيط البرهاني، ج۷، ص ۱۴۱، كتاب البيع، الفصل الخامس والعشرون)

ظاہر ہے کہ اگر اس کو گناہ میں اعانت شمار کیا جائے، تو بہت سے مسلمانوں کے باہمی معاملات اور تجارت وصنعت سے بھی بائیکاٹ کا حکم کرنا ضروری ہوگا۔

اور آج کل تجارتی بائیکاٹ میں بائیکاٹ کئے جانے والے لوگوں سے کسی چیز کے فروخت کرنے کا بائیکاٹ کرنے کے بجائے، ان سے جائز چیزوں کی خریداری کرنے سے بائیکاٹ کیا جاتا ہے، اور اس کو کفار کی اعانت قرار دیا جاتا ہے، لیکن اس کے برعکس مسلمانوں کو اپنی اشیاء، ان کے ہاتھ فروخت کرنے، یا ان کو کرایہ پر دینے سے بائیکاٹ نہیں کیا جاتا، اور اس کو ان کی اعانت نہیں سمجھا جاتا۔

جس سے ظاہر ہوا کہ موجودہ زمانہ کا یہ مروجہ بائیکاٹ، جس پر اپنی توانائیوں کو رات ودن خرچ کیا جاتا ہے، اور اس کو فرض وواجب تک سمجھا جانے لگا ہے، اور اس پر عمل پیرا ہونے کو بڑی عبادت تصور کیا جاتا ہے، شرعی وفقہی اعتبار سے یہ ترکِ اعانت میں داخل نہیں، اور اس کی خلاف ورزی کو کفار کی اعانت ومدد قرار دینا بھی درست نہیں۔

اور اسی لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام نے حربی وغیر حربی کی تفریق کئے بغیر کفار اور ہنود ویہود سے جائز اشیاء کی خریداری کا عمل مسلسل سرانجام دیا، جس میں کفار کی گناہ میں اعانت کی نہ تو حقیقی نیت ہوتی تھی، نہ حکمی نیت ہوتی تھی، اگرچہ وہ کفار اس روپیہ، پیسہ کو گناہ میں کیوں نہ استعمال کرتے ہوں۔

کیونکہ عاقدین کے درمیان بیع وشراء کے عمل کی تکمیل کے بعد جس طرح مبیع میں ملکیت تبدیل ہوجاتی ہے، اسی طرح ثمن میں بھی ملکیت تبدیل ہوجاتی ہے، اور اب مبیع اور ثمن میں عاقدین کے تصرف کرنے کا اختیار اور ذمہ داری الگ الگ ہوجاتی ہے، اور عقد سے پہلے کی طرح نہیں رہتی۔

اب اگر کسی کی طرف سے زور لگا کر، کفار سے روپیہ پیسہ کے عوض میں مباح اشیاء کی خریداری کو بالفرض بعیدی سبب بھی قرار دیا جائے، تب بھی اس کو گناہ میں اعانت سمجھنا، یا گناہ کا سبب

سمجھنا، درست نہیں، چہ جائیکہ اس فعل کے مرتکب کو ایمان کے ادنیٰ درجہ پر قائم رہنے کے حکم سے بھی خارج قرار دیا جائے، جیسا کہ آج کل ''تجارتی بائیکاٹ'' کے حامی غالیین ومفرطین کا دعویٰ ہے۔

اور مکروہ تنزیہی سے خلافِ اولیٰ ہونا، پیچھے ذکر کیا جاچکا ہے، اور خواہ مکروہ تنزیہی کہا جائے، یا خلافِ اولیٰ، بہرحال یہ فعلِ مباح میں ہی داخل ہے، بشرطیکہ اس کے جواز کی حدود وقیود کی بھی رعایت کی جائے، جس کو واجب سمجھنا، یا اس کے ارتکاب کو فعلِ منکر جاننا، یا اس کے مرتکب پر نکیر کرنا، یا اس کو حلال کے بجائے حرام، اور اس سے بڑھ کر کبیرہ گناہ سمجھنا، سب ناجائز ہے۔ [1]

اور جب کوئی اس کے جواز کی حدود وقیود کو بھی پامال کردے، اور اس عنوان سے منکرات کا مرتکب ہو، تو پھر اس کے حق میں اس کے جواز کا برقرار رہنا بھی مشکل ہے۔

چنانچہ حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''جو کام کرنے کے ہیں، ان کی طرف، تو کبھی التفات (وخیال) بھی نہیں ہوتا اور یہ بائیکاٹ وغیرہ، ان سے کام چلتا ہے؟ اگر انبیاء علیہم السلام بھی نِرے بائیکاٹ سے کام لیتے، تو ہرگز دین کی اشاعت نہ ہوتی، کام تو کام کے طریقہ اور ہر موقع پر اس کے مناسب عمل سے ہوتا ہے'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۳ ص ۷۰ و ۷۱، ملفوظ نمبر ۶۹، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

نیز فرماتے ہیں:

''کوئی فقہی روایت دکھلائیں کہ کفار سے خریدنا، ناجائز ہے، البتہ بعض اشیاء کا

---

[1] والحلال اصطلاحا :هو الجائز المأذون به شرعا .وبهذا يشمل المندوب والمباح والمكروه مطلقا عند الجمهور، وتنزيها عند الحنفية، من حيث جواز الإتيان بها وعدم امتناعه شرعا، مع رجحان الفعل في المندوب، وتساوى الفعل والترك في المباح، ورجحان الترك في المكروه(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج ۱۸، ص ۷۴، مادة''حلال'' حرف الحاء)

فروخت کرنا بے شک ممنوع ہے اوراس میں ایک راز ہے، وہ یہ ہے کہ اعیان (خاص اسلحہ وغیرہ) میں تو خود بلا واسطہ نفع پہنچتا ہے اور نقود (روپیہ پیسہ) میں بواسطہ ہوتا ہے ،مثلاً لوہا ہے کہ خود وہی لوہا کام میں لا سکتے ہیں،تو اگر اس کا مسلمانوں کے مقابلے میں استعمال کریں گے،مسلمانوں کو ضرر پہنچے گا اور روپیہ بعینہٖ کام میں نہیں آتا، بواسطہ کام آتا ہے،تو اس سے اگر ضرر ہوگا، بواسطہ ہوگا، جس میں فاعلِ مختار کا تخلّل ہے (یعنی خود وہ شخص درمیان میں حائل ہے، جو یہ کام کر رہا ہے)

فقہاء نے اس راز کو سمجھا ہے، دوسروں کو کیا حق ہے اجتہاد کا کہ خوامخواہ احکام میں ٹانگ اڑائیں'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظات حکیم الامت، جلد نمبر ۷ ص ۱۹۸، ملفوظ نمبر ۲۸۹، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: محرم ۱۴۲۴ھ)

اور حضرت موصوف ایک مقام پر فرماتے ہیں:

آئندہ دلائل میں جو قصہ ثمامہ کا مذکور ہے، اس سے بھی یہ ثابت ہوا کہ ''بائیکاٹ'' نہ کرنے کو ''موالاۃ'' کہنا، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر ''موالاۃ'' کی تہمت لگانا ہے (اشرف السوانح ج ۳، ص ۱۷۳، مضمونِ رابع ''الروضۃ الناضرہ فی المسائل الحاضرۃ'' المسئلۃ الثالثہ، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری)

مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی محارب کفار سے خرید وفروخت اور تجارت کا بائیکاٹ نہ کرنے پر کافروں سے دوستی، یا ان کی مدد کرنے والا، یا غیرتِ ایمانی کے خلاف کے مرتکب وغیرہ ہونے کا جو الزام بھی عائد کرے گا، اس کی نسبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کرنا لازم آئے گا۔

نیز موصوف ایک مقام پر فرماتے ہیں:

ان معاملات (یعنی حربی وغیر حربی کفار سے خرید وفروخت اور دیگر جائز چیزوں میں عقود) کو بمعنیٰ مناصرہ ومعاونتِ غیر جائزہ (یعنی حربی وغیر حربی کافروں کی ناجائز مدد وامداد) کہنا، محض بلا دلیل ہے، ورنہ فقہاء ان معاملات کو جائز نہ

فرماتے، اور راز اس میں یہ ہے کہ ان معاملات (تجارت وخرید وفروخت) سے مقصود، اپنی مصلحت ہے، حالاً، یا مآلاً، نہ کہ کفار کی، یا اگر ان (کفار) کی مصلحت بھی ہے، تو وہ اسلام کو مضر نہیں، جو معاملات، کسی درجہ میں اعانت غیر کے افراد بن سکتے ہیں، فقہاء نے خود ان میں سے بہت مواد کو جائز فرمایا ہے (جیسے شراب بنانے والے کو شیرہ فروخت کرنا) اور یہ (جائز چیز کی خرید وفروخت) تو اعانت ہی نہیں، گو دوسرے کا نفع لازم آجاوے (اشرف السوانح ج۳ ص۱۷۵، مضمونِ رابع، الروضۃ الناضرہ فی المسائل الحاضرۃ، المسئلۃ الرابعۃ عشر ''کفار کے ساتھ معاملات'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری)

اور ایک مقام پر موصوف اس مروجہ بائیکاٹ کے متعلق ہی فرماتے ہیں:

یہ واقعہ بھی متعدد گناہوں پر مشتمل ہے، ایک مباح فعل کے ترک پر مجبور کرنا، کیونکہ بجز خاص تجارتوں کے، سب اشیاء کی خرید وفروخت کا معاملہ، اہلِ حرب تک کے ساتھ بھی جائز ہے، چہ جائیکہ معاہدین کے ساتھ (اشرف السوانح ج۳، ص۲۰۳، مضمونِ ثامن رسالہ ''معاملۃ المسلمین فی مجادلۃ غیر المسلمین'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری)

اس سے صاف معلوم ہوا کہ جو کفار معاہدین نہ ہو، بلکہ اہلِ حرب ہوں، ان سے مخصوص اشیاء (مثلاً حرام چیز، یا اسلحہ وغیرہ) کے علاوہ سب چیزوں کی خرید وفروخت جائز اور مباح فعل ہے، اور جس نے مکروہ کہا، اس سے خلافِ اولی مراد ہے، جو مباح ہی کے قبیل سے ہے، جیسا کہ گذرا، پس فعلِ مباح پر، امرِ منکر کی طرح نکیر کرنا، کیونکر جائز ہوگا۔

فقہائے کرام نے تو اجتہادی واختلافی مسائل میں بھی نکیر کرنے کو منکر قرار دیا ہے، چہ جائیکہ جو فعل مجتہدین معتبرین کی تصریحات کے مطابق منکر ہی نہ ہو، اس پر نکیر کی جائے۔

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

جس مسئلہ میں صحابہ وتابعین اور ائمہ مجتہدین کا اختلاف ہو، اس کی کوئی جانب شرعی حیثیت سے منکر نہیں کہلائے گی، کیونکہ دونوں آراء کی بنیاد قرآن وسنت اور ان کے مسلمہ اصول پر ہے، اس لیے دونوں جانبین داخلِ معروف ہیں، زیادہ سے زیادہ ایک کو راجح اور دوسرے کو مرجوح کہا جاسکتا ہے، اس لیے ان مسائل مجتہد فیہا میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ بھی کسی پر عائد نہیں ہوتا، بلکہ غیر منکر پر نکیر کرنا خود ایک منکر ہے (جواہر الفقہ، جلد اول، ص ۴۰۸، مضمون ''وحدتِ امت'' مطبوعہ: مکتبہ دار العلوم کراچی، طبع جدید: ذی الحجہ 1431ھ، نومبر 2010ء)

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کے حوالہ سے اس کی مزید تفصیل وتصریح آگے آتی ہے۔

اور اگر کوئی اپنے اجتہاد وقیاس کو بروئے کار لاکر محارب کفار سے روپیہ، پیسہ کے عوض خریداری کرنے کو کفار کی تقویت پہنچانا، قرار دے، اور اس کے ناجائز ہونے کا حکم لگائے، تو یہ بھی نص کے خلاف ہونے کی وجہ سے درست اور قابلِ اعتبار نہیں۔

## ''الهداية'' کا حوالہ

چنانچہ فقہ حنفی کی درسِ نظامی میں پڑھائی جانے والی کتاب ''الهداية'' میں ہے کہ:

**وهذا هو القياس في الطعام والثوب إلا أنا عرفناه بالنص فإنه عليه الصلاة والسلام أمر ثمامة أن يمير أهل مكة وهم حرب عليه** (الهداية في شرح بداية المبتدى، ج ۲، ص ۳۸۲، كتاب السير، باب الموادعة ومن يجوز أمانه)

ترجمہ: اور یہی قیاس کا تقاضا ہے (کہ اہلِ حرب کو اسلحہ کی طرح تجارت مکروہ ہونے کا حکم ہو) کھانے پینے کی چیزوں میں بھی، لیکن ہم نے اس کا جائز ہونا، نص سے پہچان لیا، کیونکہ نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے ثمامہ کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ اہلِ مکہ کے لئے کھانے پینے کی اشیاء کو جانے دیں، جبکہ اہلِ مکہ، اہلِ حرب (یعنی

مسلمانوں کے ساتھ جنگ ومقابلہ کرنے والے) تھے (ہدایہ)

یعنی غلہ وکھانے کی چیزوں سے کافروں کو تقویت پہنچانا پایا جاتا ہے، بالخصوص اس زمانے میں جب ان اشیاء کے ساتھ، آج کل کے روپیہ پیسہ کی طرح، مختلف چیزوں کا تبادلہ ہوا کرتا تھا، لیکن حدیث کی وجہ سے قیاس کو ترک کر دیا گیا، اور اس کو جائز قرار دیا گیا۔

چنانچہ ہدایہ کی شروحات میں اس کی مزید تفصیل موجود ہے۔ [1]

## ''الاختیار لتعلیل المختار'' کا حوالہ

اور فقہ حنفی کی کتاب ''الاختیار لتعلیل المختار'' میں ہے کہ:

**وهو القياس في الطعام والشراب، إلا أنا جوزناه لما روى أنه عليه الصلاة والسلام أمر ثمامة بأن يمير أهل مكة وكانوا حربا علينا ولأنا نحتاج إلى بعض ما في بلادهم من الأدوية** (الاختيار لتعليل المختار، ج۴، ص ۱۲۲، كتاب السير، فصل موادعة أهل الحرب)

ترجمہ: اور یہی قیاس کا تقاضا ہے (کہ اہلِ حرب کو اسلحہ کی طرح تجارت مکروہ ہونے کا حکم ہو) کھانے پینے کی چیزوں میں بھی، لیکن ہم نے اس کو جائز اس لئے قرار دیا کہ نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے ثمامہ کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ اہلِ مکہ کے لئے کھانے پینے کی اشیاء کو جانے دیں، جبکہ اہلِ مکہ، اہلِ حرب (یعنی مسلمانوں کے

---

[1] (وهو القياس في الطعام) أي القياس فيه أن يمنع من حمله إلى دار الحرب لأنه به يحصل التقوى على كل شيء والمقصود إضعافهم (فتح القدير، ج۵ ص ۴۶۱، كتاب السير، باب الموادعة ومن يجوز أمانه)

(وهذا هو القياس) ش: يعني كان القياس م: (في الطعام) ش: أي في بيع الطعام منهم.

م: (والثوب) ش: أي وكذا بيع الثوب منهم، وحمل ذلك إليهم أن يكون مكروها م: (إلا أنا عرفناه بالنص) ش: أي عرفنا جواز ذلك بالنص، وفسر النص بقوله م: (فإنه -عليه السلام-) ش: أي فإن النبي -صلى الله عليه وسلم- م: (أمر ثمامة أن يمير أهل مكة وهم حرب عليه) ش: أي على النبي -صلى الله عليه وسلم- حينئذ (البناية شرح الهداية، ج۷، ص ۱۲۰، كتاب السير، باب الموادعة ومن يجوز أمانه)

ساتھ جنگ ومقابلہ کرنے والے) تھے۔

اوران چیزوں کے جائز ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ہم ان کے بعض ممالک سے ادویہ حاصل کرنے کے محتاج ہیں (الاختیار)

فقہ کی دیگر کتب میں بھی اس کی وضاحت ہے۔ [1]

اور یہ حکم لگانا بھی مشکل ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی مکروہ فعل کے ارتکاب کی اجازت دی تھی۔

---

[1] والقياس المنع إلا أنا عرفناه بالنص؛ لأنه -عليه السلام -أمر ثمامة أن يمير أهل مكة وهم حرب عليه وشمل كلامه ما قبل الموادعة وما بعدها؛ لأنها على شرف الانقضاء أو النقض(البحر الرائق، ج۵،ص۸۷، كتاب السير)

ولا يمنع من إدخال الطعام والقماش والقياس أن يمنع لأن فيه تقويتهم إلا أنا تركناه بما روى عنه -عليه الصلاة والسلام -أمر ثمامة أن يمير أهل مكة (تبيين الحقائق، ج۳،ص۲۴۷، كتاب السير)

قوله :(بخلاف الطعام) لا يكره بيع الطعام واللباس منهم، والقياس أن يمنع منهم، لأن فيه تقويتهم، إلا أنا تركناه لما روى عنه عليه السلام "أنه أمر ثمامة أن يمير أهل مكة(منحة السلوك، ص ۳۴۰، كتاب الجهاد)

قال محمد رحمه الله تعالى لا بأس بأن يحمل المسلم إلى أهل الحرب ما شاء إلا الكراع والسلاح والمسبى لأن المسلم مأمور مندوب إلى التباعد عن المشركين قال عليه السلام لا تستضيئوا بنار المشركين وقال أنا برء من كل مسلم مع مشرك يترائى ناراهما وفى حمل الأمتعة إليهم للتجارة نوع مقاربة معهم قال فالأولى أن لا يفعل .

إلا أنه لا بأس بذلك فى الطعام والثياب ونحو ذلك لما روى أن ثمامة أسلم فى زمن النبى صلى الله عليه وسلم ويطفح الميرة على أهل مكة وكانوا يمتازون منها فكتبوا إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم يسألون أن يأذن له فى حمل الطعام إليهم فأذن له فى ذلك وأهل مكة يومئذ كانوا حربا مع الرسول عليه السلام فعرفنا أنه لا بأس بذلك ولأن المسلمين يحتاجون إلى بعض ما فى ديارهم من الأردية والأمتعه فإذا منعناهم ما فى ديارنا إليهم فهم يمنعون أيضا عنا ما فى ديارهم من الأردية والأمتعه فإذا منعناهم ما فى ديارنا إليهم فهم يمنعون أيضا عنا ما فى ديارهم فحمل بعض ما يوجد فى ديارنا إليهم أمر لا بد منه ولهذا أرخصنا للمسلمين فى ذلك(نصاب الاحتساب للسنامى، ص ۲۸۵و۲۸۶، الباب الأربعون فى الاحتساب على أهل الاكتساب)

إذا خرج للتجارة إلى أرض العدو بأمان فكرها خروجه فإن كان أمرا لا يخاف عليه منه وكانوا قوما يوفون بالعهد يعرفون بذلك وله فى ذلك منفعة فلا بأس بأن يعصيهما(الفتاوى الهندية، ج۵،ص۳۶۵،۳۶۶، كتاب الكراهية، الباب السادس والعشرون فى الرجل يخرج إلى السفر ويمنعه أبواه أو أحدهما)

اور یہ بات ظاہر ہے کہ موجودہ زمانہ میں بھی ادویہ کا بڑا حصہ ان ہی کافروں سے خریدا جاتا ہے، جن کے خلاف بائیکاٹ کی مہم چلائی جاتی ہے، اوران ادویہ کو علماء، صلحاء اور دین دار سب ہی استعمال کرتے ہیں، اگر بائیکاٹ ضروری، واجب ہوتا، اور اس کی خلاف ورزی گناہ ہوتی، تو اس کو بھی ناجائز کہنا چاہیے تھا۔

جبکہ صورتِ حال یہ ہے کہ اگر آج ان کفار کی طرف سے ادویہ کی ترسیل چند دنوں کے لئے بند کردی جاتی ہے، تو ملک بھر میں ایک بھونچال سا پیدا ہوجاتا ہے۔

پھر آج کل ضروری سمجھے جانے والے بائیکاٹ کا یہ عمل صرف مخصوص اشیاء کی خرید وفروخت تک محدود کرنا، اوراس کے علاوہ دوسرے ایسے معاملات کے بائیکاٹ کو نظر انداز کردینا، اور ان کو بلا دھڑک سرانجام دینا کہ ان کا نفع بھی ان ہی کافروں، یا ان کے زبردست حواریوں کو پہنچتا ہے، جن سے بائیکاٹ کا حکم دیا جاتا ہے، یہ بھی ناانصافی پر مبنی ہے، جیسا کہ ان کے جہازوں میں سفر کرنا، یا ان کی کمپنیوں سے مہنگی ترین گاڑیوں، اور فون کو خریدنا، وغیرہ وغیرہ، ان کی انٹرنیٹ وغیرہ کی سروس کو استعمال کرنا، اس کے علاوہ بھی بہت سے ایسے امور ہیں، جن کا دائرہ بہت طویل اور وسیع ہے۔

تو کیا ان سب امور کو انجام دینے والے حضرات وافراد بھی کافروں کے ''موالاتی'' یا ''غیرتِ ایمانی کی خلاف ورزی کے مرتکب'' قرار دیئے جاسکتے ہیں؟ ظاہر ہے کہ نہیں۔

گذشتہ عبارات سے معلوم ہوچکا کہ فقہائے کرام نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کی وجہ سے قیاس واجتہاد کو ترک کردیا، اور کسی نے بھی اس کو کفار کے ساتھ موالات، یا غیرتِ ایمانی وغیرہ کے خلاف قرار نہیں دیا، جس کی وجہ یہ ہے کہ اصولِ فقہ میں حدیث کا درجہ قیاس سے پہلے اور مقدم ہوتا ہے، حدیث کے مقابلہ میں قیاس، یا اپنا اجتہاد نہیں لڑایا جاتا۔

اور جب مسلمان، کافر سے کوئی چیز پیسوں کے عوض میں خریدتا ہے، تو معقود علیہ وہی چیز ہوتی ہے، پھر اس چیز کو خرید کر مسلمان مالک بن جاتا ہے، اور وہ اس سے جس طرح کا چاہے،

فائدہ اٹھا سکتا ہے، اس کو گناہ میں خرچ کرے گا، تو گناہ گار ہوگا، ورنہ نہیں ہوگا، اسی طرح کافر وہ چیز مسلمان کو فروخت کر کے، اس کی قیمت اور پیسہ کا مالک بن جاتا ہے، اور اس میں وہ جس طرح کا تصرف کرتا ہے، وہ اس کا فعل شمار ہوتا ہے، جس طرح دو مسلمانوں کی آپس میں خرید وفروخت کا حکم ہے۔

پس نہ تو گناہ پیسہ کے ساتھ قائم ہوا، اور نہ پیسوں کے عوض میں خرید کردہ کھانے پینے کی چیز کے ساتھ قائم ہوا۔

اور یہ بات پہلے گذر چکی ہے کہ انگور کا شیرہ ایسے شخص کو فروخت کرنے کا معاملہ، جو اس سے شراب بنائے، یا لکڑی ایسے شخص کو فروخت کرنا، جو اس سے مزمار (باجا) بنائے، یہ حکم روپیہ کے عوض کھانے پینے کی چیز خریدنے سے زیادہ سخت ہے، کیونکہ وہ شیرہ، اور وہ لکڑی گناہ کے کام کی شکل اختیار کر لیتی ہے، لیکن روپیہ پیسہ سے کوئی دوسرا عمل، عقدِ جدید کر کے ہی گناہ میں استعمال کیا جا سکتا ہے، یہی وجہ ہے کہ حنفیہ کے علاوہ بعض فقہاء، شیرہ کو شراب بنانے والے کے ہاتھ فروخت کرنے سے منع کرتے ہیں، لیکن روپیہ پیسہ کے عوض کھانے، پینے، اور پہننے وبرتنے وغیرہ کے جائز سامان کی ایسے شخص کے ہاتھ فروختگی کو وہ بھی جائز قرار دیتے ہیں، جو اس پیسہ کو گناہ کے کام میں استعمال کرے۔

اور ہماری نظر میں زمانہ قریب میں اس مسئلہ کی کما حقہ تحقیق کے فریضہ کو برِ صغیر کی ایک محقق شخصیت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ نے سرانجام دیا ہے، اور اس کے ان پہلوؤں کو بھی منقح کیا ہے، جن کے متعلق بعض علماء کو بھی تسامح ہو گیا تھا۔

حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم فرماتے ہیں:

> آج کی دنیا میں جو سیاسی نظام عملاً قائم ہیں، ان کے پیش کئے ہوئے تصورات، لوگوں کے کے دل ودماغ پر اس طرح چھائے ہوئے ہیں کہ ان کے اثرات سے اپنی سوچ کو آزاد کرنا، بہت مشکل ہو گیا ہے، ان سیاسی نظاموں نے کچھ چیزوں کو اچھا اور کچھ کو برا قرار دے کر اپنے ان نظریات کا پروپیگنڈا اتنی شدت کے ساتھ

کیا ہے کہ لوگ اس کے خلاف کچھ کہنے، یا کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔

اول تو اس لئے کہ پروپیگنڈے کی مہیب طاقتوں نے ذہن ہی ایسے بنا دیئے ہیں کہ انہوں نے ان نظریات کو ایک مسلّم سچائی کے طور پر قبول کر لیا ہے، اور دوسرے اس لئے کہ اگر کوئی شخص عقلی طور پر ان نظریات سے اختلاف بھی رکھتا ہو، تو ان کے خلاف کچھ بولنا، دنیا بھر کی ملامت اور طعن وتشنیع کو دعوت دینے کے مترادف ہے، لہٰذا وہ خاموشی ہی میں عافیت سمجھتا ہے۔

اس بناء پر جب آج کی دنیا میں اسلام کی سیاسی تعلیمات کی تشریح کی جاتی ہے، تو اچھے اچھے لوگ (جن میں بہت سے علماء بھی داخل ہیں) اپنے ذہن کو زمانے کے ان فیشن ایبل تصورات سے آزاد نہیں کر پاتے، اور اس کے نتیجے میں جب وہ اسلام کے مطلوب سیاسی ڈھانچے کی تفصیلات بیان کرتے ہیں، تو ان تصورات کو مستعار لے کر اس ڈھانچے میں فٹ کرنا ضروری خیال کرتے ہیں، اور اس طرح اس نازک موضوع پر التباس اور خلطِ مبحث کی اتنی تہیں چڑھتی چلی گئی ہیں کہ حقیقتِ حال چھپ کر رہ گئی ہے۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہٗ سے اللہ تعالیٰ نے چودھویں صدی میں دین کی تجدید کا عظیم الشان کام لیا، اور یہ کام وہی شخص کر سکتا ہے، جس پر قرآن وسنت اور مآخذِ شریعت کا پختہ رنگ اس طرح چڑھا ہوا ہو کہ کوئی دوسرا رنگ اس پر نہ چڑھ سکے، ایسا شخص زمانے کو جانتا ضرور ہے، لیکن قبول وہی (بات) کرتا ہے، جو اس پختہ رنگ کے مطابق ہو، وہ اپنی آنکھیں پوری طرح کھلی رکھتا ہے، لیکن گرد وپیش ہونے والے پروپیگنڈے کے شور وشغب سے مرعوب نہیں ہوتا، اور اگر بالفرض ساری دنیا کسی ایک سمت میں چلی جائے، تب بھی وہ اللہ تعالیٰ کی توفیقِ خاص سے اسی بات پر ڈٹا رہتا ہے، جو ماخذِ شریعت

کی رو سے سچی اور کھری بات ہو، اور اس کے اظہار میں کوئی مرعوبیت، یا شرم، یا مخلوق کا خوف اس کے آڑے نہیں آتا۔

سیاست کے معاملے میں بھی حکیم الامت قدس سرہٗ نے دین کی صراطِ مستقیم پر اسی ثابت قدمی کا مظاہرہ فرمایا، اور اس دور میں جب بہت سے باطل نظریات کی آمیزش نے سیاست کے بارے میں اسلامی تعلیمات کو دھندلا کر دیا تھا، حضرت نے اللہ تعالیٰ کی توفیقِ خاص سے ان تعلیمات کو اپنی صحیح شکل وصورت میں پیش کیا، اور پروپیگنڈے کے کسی شور وشغب سے مرعوب نہیں ہوئے۔

چونکہ آج کل کی سیاست (جس میں وہ سیاست بھی داخل ہے، جس کا مقصد، اسلام کا نفاذ بتایا جاتا ہے) ایک خاص رخ پر چل رہی ہے، اور اس میں بعض باتوں کو اصولِ موضوعہ کے طور پر اس طرح مسلم سمجھ لیا گیا ہے کہ ان کے خلاف کا تصور ہی ذہنوں میں نہیں آتا، اس لئے حضرت کے یہ سیاسی افکار، ان سیاسی ذہنوں کو یقیناً اچھنبے محسوس ہوں گے، جو بنیادی طور پر مغربی اندازِ سیاست سے متاثر ہیں، لیکن حضرت کے یہ افکار آپ کے ذاتی افکار نہیں ہیں، بلکہ ان کی بنیاد قرآن وسنت اور خلافتِ راشدہ کے طرزِ عمل پر ہے، اور ان کے پیچھے نقلی اور عقلی دلائل کی مضبوط طاقت ہے (حکیم الامت کے سیاسی افکار، ص ۸ و ۹ ''مقدمہ'' ناشر: ادارۃ المعارف، کراچی، طبع جدید: ذی الحجہ ۱۴۲۰ھ، مارچ ۲۰۰۰ء)

اس تمہید کے بعد زیرِ بحث مسئلہ کے متعلق حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کے چند حوالہ جات وعبارات ملاحظہ فرمائیں۔

## امدادُ الفتاویٰ اور ''حقوقُ السرّآء والضرّآء'' کا حوالہ

بائیکاٹ Boycott کو موثر بنانے کے لئے بعض اوقات ہڑتال بھی کی جاتی ہے، جس کو

سٹرائیک Strike کہا جاتا ہے، بلکہ بعض اوقات ان دونوں کو ایک دوسرے کے مقاصد کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے، کیونکہ ہڑتال کے معنیٰ بھی کسی عمل سے رکنا، اور روکنا ہے، جس طرح بھوک ہڑتال کے معنیٰ کھانے پینے کے عمل سے رکنے کے ہیں۔

واقعہ یہ ہے کہ یہ سب طریقے اسلام کی آمد کے بہت بعد یورپ کے ایجاد کردہ ہیں، ان کو شرعی تدابیر سمجھنا، اور ان کو شرعی احکام قرار دینے کے لئے، زور زبردستی کر کے دلائل کا متلاشی ہونا درست نہیں۔

حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی کی امداد الفتاویٰ میں ہے کہ:

''سٹرائیک (Strike جس کو اُردو زبان میں ہڑتال کہا جاتا ہے) ایک یورپین ایجاد ہے، اور مسلمانوں میں نہ کبھی اس کا وجود ہوا، اور نہ وہ اس کو جانتے ہیں۔ اس لئے صراحتاً تو اس کا حکم قرآن وحدیث اور کتبِ فقہ میں ملنا مشکل ہے، ہاں اصولِ شرعیہ سے اس کا حکم معلوم ہوسکتا ہے (امداد الفتاویٰ، ج۶، ص۲۰۳، رسالہ ''تلبین العرائک فی تحجین اسٹرائک، کتاب العقائد والکلام)

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی'' الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة ''میں فرماتے ہیں کہ:

''برکت تدابیرِ منصوصہ (قرآن وحدیث میں بیان کردہ طریقوں) پر عمل کرنے سے میسر ہوسکتی ہے اور یہ ہڑتال (سٹرائک) اور جلوس (واحتجاج) یہ سب یورپ ہی سے سبق حاصل کیا ہے، یہ سب انہیں کی تدابیر ہیں، جن کے خلاف تم جدّ وجہد کر رہے ہو'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ''، مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر۴ ص۵۸، ملفوظ نمبر۶۴، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: شوال ۱۴۲۳ھ)

اور حضرت موصوف'' حقوقُ السرّآء والضرّآء ''میں فرماتے ہیں کہ:

''یہ شورش اکثر بے دینوں میں ہے، جن کو دین کا علم، بہت کم ہے، دین داروں

میں امن وسکون ہے۔

غور سے معلوم ہوا کہ یہ نئی روشنی والے اس شورش کے اندر بھی یورپ کی تقلید کرتے ہیں، یہ طریقہ یورپ ہی کا ہے کہ جو کام کرتے ہیں، بڑھا چڑھا کر لوگوں کو دکھلا کر کرتے ہیں۔

اگر کسی قوم سے مخالفت ہوگی، تو اہلِ یورپ اس کی بنائی ہوئی چیزیں استعمال نہیں کریں گے اور جو پہلے سے گھر میں ہوں، اس کو جلد پھونک دیتے ہیں۔

چنانچہ پچھلے دنوں اٹلی کی مخالفت میں ہمارے نوجوان تعلیم یافتوں نے بہت سے کپڑے، ٹوپیاں وغیرہ جلادیں، کیونکہ وہ اہلِ اٹلی کا بنا ہوا تھا۔

ہم کو تو یہ بات پسند نہیں، لوگ کہتے ہیں کہ اہلِ شریعت میں تہذیب نہیں، اس وقت تو شریعت سے بعید ہونے والوں کی تہذیب معلوم ہوگئی، دوسرے ٹوپی وغیرہ کا جلانا، اضاعتِ مال ہے، جو شرعاً وعقلاً کسی طرح جائز نہیں۔

اسی طرح اخبار نویسوں (ومیڈیا والوں) نے بھی بہت زیادہ لوگوں کو پریشان کردیا ہے، ایسے ایسے مضامین لکھتے ہیں، جس سے خوامخواہ دیکھنے والے کو جوش آئے، کیونکہ ان لوگوں کو تجارت مقصود ہے، ایسے مضامین سے ان کے اخبار کی اشاعت خوب ہوجاتی ہے، یہ لوگ اہلِ دنیا ہیں، دین کا طریقہ تو رضا برقضاء ہے۔

دلآرامے کہ داری دل دروبند دگر چشم از ہمہ عالم فروبند

وہ (یعنی دین والے) کتاب وسنت کو دیکھتے ہیں، ان کو تو کوئی تجارت مقصود نہیں، جو خوامخواہ جوش وخروش ظاہر کریں، یہ سب باتیں صبر ومتانت کے خلاف ہیں۔

اور شریعت میں ایک تاکید یہ کی گئی ہے کہ مصیبت میں یاس (یعنی مایوسی) نہ ہو، حق

تعالیٰ سے امید وار رہنا چاہیے، کیونکہ اسباب سے فوق (یعنی اسباب وتدابیر سے اوپر) بھی تو کوئی چیز ہے، تو یاس (یعنی مایوسی) کی بات تو وہ کہے، جس کا دین، تقدیر پر نہ ہو، محض تدبیر پر ہو، یہ سب آداب ہیں ضراء، یعنی مصیبت کے'' (وعظ حقوق السرّآء والضرّآء، مشمولہ: خطبات حکیم الامت ج۴ص۳۵۴، بعنوان ''حقوق وفرائض'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: رجب ۱۴۳۰ھ)

اس سے معلوم ہوا کہ سٹرائیک Strike، اور بائیکاٹ Boycott کا طریقہ، یورپ کا ایجاد کردہ ہے۔

اور ہمیں حضرت حکیم الامت کی اس رائے سے صد فیصد اتفاق ہے۔

مورخین کے مطابق سٹرائک (Strike) یورپ کی ایجاد ہے، اسی کو ہندی زبان میں ''ہڑتال'' کہا جاتا ہے، سٹرائیک کے لفظ کا استعمال، پہلی مرتبہ سن 1768ء میں اس وقت ہوا، جب لندن میں مظاہروں کی حمایت میں، بندرگاہ پر تجارتی بحری جہازوں کو مار کر، کام کرنے سے روک دیا گیا تھا۔

اسی طرح بائیکاٹ کی اصطلاح اور اس پالیسی کی ابتداء، بھی یورپ سے ہوئی۔

## ''انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا'' کا حوالہ

''انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا'' کے مطابق، بائیکاٹ Boycott کا لفظ بنیادی طور پر انگریزی نسل کا لفظ ہے، جس کو سب سے پہلے برطانیہ میں 1880 عیسوی میں آئرش لینڈ ایجی ٹیشن کے دوران، زیادہ کرایوں اور زمینوں کی بے دخلی کے خلاف احتجاج کے طور پر، برطانوی اسٹیٹ مینیجر ''چارلس کنن گھم بائیکاٹ'' (Charles،Cunningham Boycott) کو بے دخل کرنے کے لئے ایجاد کیا گیا تھا، جس کو چارلس سٹیورٹ پارنیل نام کے شخص نے مقبول بنایا تھا۔

برطانوی اسٹیٹ منیجر ''چارلس کنن گھم بائیکاٹ'' کو بے دخل کرنے کے بعد اسی کے نام میں بائیکاٹ کی نسبت سے اس بائیکاٹ کی اصطلاح وضع کی گئی۔ [1]

چارلس کنن گھم بائیکاٹ کی پیدائش 12 مارچ، 1832ء میں، اور وفات 19 جون، 1897ء میں ہوئی، یہ برطانوی فوج کا ایک ریٹائرڈ کپتان تھا، جو آئرش سرزمین پر ہونے والی ایجی ٹیشن کے دوران آئرلینڈ میں اسٹیٹ منیجر تھا۔

پس چارلس سٹیورٹ پارنیل نے سب سے پہلے یہ پالیسی چارلس کنن گھم بائیکاٹ کے خلاف استعمال کی تھی، جس کے نتیجے میں اپنی فصلوں کی کٹائی کے لیے فوجیوں کی حفاظت پر مامور السٹر سے مزدوروں کو ملازمت دینے پر مجبور کیا گیا تھا، اور اس وقت سے آج تک اس پالیسی کو بائیکاٹ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ [2]

پس جس پالیسی کا نام بھی، اللہ اور اس کے رسول، اور مسلمانوں کے بجائے، اسلام کی ہزار

---

[1] Boycott, collective and organized ostracism applied in labour, economic, political, or social relations to protest practices that are regarded as unfair. The boycott was popularized by Charles Stewart Parnell during the Irish land agitation of 1880 to protest high rents and land evictions. The term boycott was coined after Irish tenants followed Parnell's suggested code of conduct and effectively ostracized a British estate manager, Charles Cunningham Boycott.

(https://www.britannica.com/topic/boycott)

[2] Charles Cunningham Boycott (born March 12, 1832, Burgh St. Peter, Norfolk, Eng.died June 19, 1897, Flixton, Suffolk) was a retired British army captain who was an estate manager in Ireland during the agitation over the Irish land question. He is the eponym for the English verb and common noun boycott.

(https://www.britannica.com/money/Charles-Cunningham-Boycott)

صدیاں گذرنے کے بعد غیر مسلموں کی طرف سے ایک غیر مسلم شخص کی نسبت سے ایجاد کیا گیا ہو، اس کی اسلام کی طرف نسبت کیونکر درست ہوسکتی ہے۔ [1]

شروع میں مذکورہ ناموں کی عربی زبان میں بھی کوئی اصطلاح نہیں تھی، بعد میں بعض لوگوں نے سرقہ کے طور پر ایک دوسری اصطلاح ''مقاطعہ'' کو اس مقصد کے لئے استعمال کرنا شروع کردیا، اور بعض نے ''قطیعہ'' کا لفظ اس مقصد کے لئے استعمال کرنے کی کوشش کی، اور بعض نے ''ہجران'' کی اصطلاح کو اس مقصد پر منطبق کرنے کی سعی کی۔

جبکہ عربی وشرعی، یا فقہی زبان میں یہ اصطلاحات دوسرے مقاصد کے لئے مستعمل ہیں، جن کا تعلق کافروں کی تجارت وصنعت کے ساتھ مروجہ بائیکاٹ، اور اس کے لئے ہڑتال سے نہیں۔

شریعتِ مطہرہ کے احکام، کامل ومکمل، اور جامع ومانع ہیں، اس لئے اس کی طرف سے رشتہ دار، ماتحت، مسلم وغیر مسلم ہر ایک کے لئے مختلف حالات کے اعتبار سے، تعلق وترکِ تعلق کے احکام خود پہلے سے متعین وطے کردیئے گئے ہیں۔

چنانچہ کفار کے ساتھ، جہاد وقتال، معاہدہ، وترکِ معاہدہ، ترکِ موالات ومحبت وتشبہ، وتعاون وتناصر وغیرہ کی شکل میں احکام مقرر وطے کردیئے گئے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی عملی زندگی سے ان کو پوری طرح منقح فرمادیا ہے، مزید توضیح وتشریح فقہائے مجتہدین نے فرمادی ہے، جن پر عمل کرنے میں بڑی حکمت وبصیرت ہے، اور ان کی خلاف ورزی، اور ان کو باہم خلط ملط کرنے میں نقصان وخسارہ ہے، خواہ ہمیں سمجھ آئے، یا نہ آئے، اور خواہ ان پر عمل

---

[1] The word is named after Captain Charles Boycott, agent of an absentee landlord in Ireland, against whom the tactic was successfully employed after a suggestion by Irish nationalist leader Charles Stewart Parnell and his Irish Land League in 1880. (https://en.wikipedia.org/wiki/Boycott)

کرنے میں فائدہ محسوس ہو، یا نقصان۔ [1]

## الافاضاتُ اليومية من الافادات القومية کا حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ''الافاضاتُ اليومية من الافادات القومية'' میں فرماتے ہیں:

''جو کام کرنے کے ہیں، ان کی طرف، تو کبھی التفات (خیال) بھی نہیں ہوتا اور یہ بائیکاٹ وغیرہ ان سے کام چلتا ہے؟ اگر انبیاء علیہم السلام بھی نِرے بائیکاٹ سے کام لیتے، تو ہرگز دین کی اشاعت نہ ہوتی، کام تو کام کے طریقہ اور ہر موقع پر اس کے مناسب عمل سے ہوتا ہے'' (''الافاضات اليومية من الافادات القومية'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۳ ص ۷۰، ملفوظ نمبر ۶۹، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

---

[1] وإنما تجوز المقاطعة وهي هذا ما استأجر على سبيل المقاطعة(الفتاوى الهندية، ج٦،ص ٣١٢، كتاب الشروط،الفصل الثاني عشر في الإجارات والمزارعات)

اعلم أن المقاطعة إذا وقعت بشروط الإجارة فهي صحيحة؛ لأن العبرة للمعاني وقدمناه في الجهاد. اهـ .(العقود الدرية في تنقيح الفتاوى الحامدية، ج٢،ص ١١١، كتاب الاجارة)

وأما بيع أرض القطيعة جائز، وهي التي أقطعها الإمام لقوم وخصهم بها؛ لأنهم ملكوها بالقطيعة فيجوز بيعهم(المحيط البرهاني في الفقه النعماني، ج٦،ص ٣٤٥، كتاب البيع،الفصل السادس:فيما يجوز وما لا يجوز بيعه)

لأن وجوبها في القرآن العظيم معلولا بكونها صلة الرحم صيانة لها عن القطيعة فيختص وجوبها بقرابة يجب وصلها ويحرم قطعها ولم توجد؛ فلا تجب(بدائع الصنائع، ج٤،ص ٣١، كتاب النفقة،فصل في نفقة الأقارب)

قطيعة:من معاني القطيعة في اللغة :الهجران، يقال :قطعت الصديق قطيعة :هجرته.

وقطيعة الرحم ضد صلة الرحم .وهي :قطع ما ألف القريب منه من سابق الوصلة والإحسان لغير عذر شرعي(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج٢٧،ص ٣٥٨،مادة"صلة "حرف الصاد)

وهجران المجاهرين بالمعاصي على مرتبتين :الهجران بالقلب، والهجران باللسان .فهجران الكافر بالقلب، وبترك التودد والتعاون والتناصر، لا سيما إذا كان حربيا.

وإنما لم يشرع هجرانه بالكلام لعدم ارتداعه بذلك عن كفره، بخلاف العاصي المسلم، فإنه ينزجر بذلك غالبا .ويشترك كل من الكافر والعاصي في مشروعية مكالمته بالدعاء إلى الطاعة والأمر بالمعروف والنهي عن المنكر(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج٤٢،ص ١٧٢،مادة"هجر" حرف الهاء)

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ کی یہ رائے بھی بالکل درست ہے، اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام تر اسلام کی جدوجہد اور اسلام کی حقانیت کے باوجود کفار ومشرکین سے جائز تجارات ومعاملات برابر جاری رکھے، ان کو نہ بند کیا، اور نہ ہی منع فرمایا، جیسا کہ پہلے باحوالہ گذرا۔

## الافاضاتُ الیومیة کا دوسرا حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ''الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''بہشتی زیور کو بعض مقامات پر (ضِد اور عناد کی وجہ سے) جلایا گیا اور مجھ کو اطلاع دی گئی، میں نے کہا کہ میرا کیا نقصان ہوا، بلکہ تاجروں کا بھی نقصان نہیں ہوا، اس لئے کہ وہ فروخت کر چکے تھے، اب تو نقصان ان کا ہوا، جن کے وہ مِلک میں تھے''

(''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۸، ص ۸۰، ملفوظ نمبر ۷۱، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: ربیع الاول ۱۴۲۸ھ)

معلوم ہوا کہ ایسا بائیکاٹ، جس سے خود اپنے، یا اپنے مسلمان بھائی کے مال کی اضاعت لازم آرہی ہو، یہ درست نہیں، اور جب کوئی کاروبار، یا کوئی چیز خرید کر مسلمان کی ملکیت میں داخل ہوگئی، تو اب اس کو ضائع کرنا، ویسے بھی جائز نہیں، کیونکہ اب وہ چیز مسلمان کی ملکیت ہوگئی، تو ایسی چیزوں کو جلانا، اور ان کی توڑ پھوڑ کرنا، اور مسلمانوں کو نقصان پہنچانا، کسی طرح درست نہیں۔

اور اس طرح کا بائیکاٹ اسلام کے بجائے کافروں کا ایجاد کردہ ہے، اسی لئے یہ متعدد مفاسد اور گناہوں پر مشتمل ہے۔

البتہ اگر شرعی حدود وقیود کا لحاظ کرتے ہوئے معاشی وتجارتی بائیکاٹ کو ایک مباح وجائز درجہ کی چیز، یا زیادہ سے زیادہ بہتر ومستحسن درجہ کی چیز سمجھ کر اختیار کیا جائے، تو حرج نہیں۔

کیونکہ کفار سے جائز چیزوں کی خرید وفروخت کوئی فرض، یا واجب عمل نہیں کہ اگر کوئی نہ کرے، تو وہ گناہ گار ہو، جس طرح کرنے والا گناہ گار نہیں۔

لیکن اگر اس تجارتی بائیکاٹ کی مہم کے نتیجہ میں کافروں کی مصنوعات کی خرید وفروخت کو ناجائز سمجھا جانے لگے، یا واجبات کی خلاف ورزی کی جانے لگے، تو پھر یہ جائز بھی نہیں رہتا، کیونکہ حلال چیز کی خرید وفروخت شرعاً جائز ہے، خواہ مسلمان سے ہو، یا کافر حربی سے، اور حرام چیز کی خرید وفروخت شرعاً ناجائز ہے، خواہ کافر سے ہو، یا مسلمان سے، وہ الگ بات ہے کہ کافروں کے بجائے مسلمان سے خرید وفروخت بہتر وافضل ہے، اس سے اختلاف نہیں، لیکن افضل وبہتر عمل کو فرض اور واجب کا درجہ دے دیا جائے، اور اس کے مقابلہ میں جو شریعت کے اصل اور اہم احکام تھے، اور جن امور میں کافروں سے بائیکاٹ کی اصل ضرورت تھی، ان کو نظر انداز کر دیا جائے، تو اس طرح کے بائیکاٹ کا جواز بھی محلِ نظر بن کر رہ جاتا ہے۔

## الروضۃُ الناضرۃ فی المسائل الحاضرۃ کا حوالہ

چنانچہ حکیم الامت رحمہ اللہ رسالہ **الروضۃ الناضرہ فی المسائل الحاضرۃ** میں فرماتے ہیں کہ:

> ’’بائیکاٹ، یا نان کوآپریشن، یہ شرعاً افرادِ جہاد میں سے نہیں، دلائل میں ملاحظہ کیا جاوے، بلکہ مستقل تدابیر مقاومت کی ہیں، جو فی نفسہٖ مباح ہیں، اور بعض خطرات کی صورت میں، مباح بھی نہیں رہتیں، اور ممکن ہے کہ کوئی اپنے اجتہاد سے کسی مصلحتِ شرعیہ کے سبب، ضروری بھی کہہ دے، مگر وہ وجوب اجتہادی ہوگا، دوسرے پر حجت نہیں، اور اس سے اس کو واجباتِ مقصودہ شرعیہ سے نہیں کہا جاسکتا، اور مقتضیات کے اختلاف سے اس میں بھی مثل مسئلہ ثانیہ کے، جوازاً

ومنعاً، یا ایجاباً، اختلاف ہوسکتا ہے، نیز آئندہ دلائل میں جو قصہ ثمامہ کا مذکور ہے، اس سے بھی یہ ثابت ہوا کہ ''بائیکاٹ'' نہ کرنے کو ''موالاۃ'' کہنا، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر ''موالاۃ'' کی تہمت لگانا ہے (اشرف السوانح ج۳، ص۱۷۳، مضمونِ رابع ''الروضة الناضره فی المسائل الحاضرة'' المسئلة الثالثه، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری) (وجواہر الفقہ، لمفتی محمد شفیع، جلد پنجم، ص ۲۳۷، افاداتِ اشرفیہ، درمسائلِ سیاسیہ، مطبوعہ: مکتبہ دارالعلوم، کراچی، طبع جدید ۲۰۱۰ء)

حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی مذکورہ عبارت نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

''ایسی ہڑتال جو لوگوں نے کلیتاً اپنی خوشی سے کی ہو، آج عملاً دنیا میں اس کا وجود نہیں ہے، اکثر و بیشتر تو لوگوں کو ان کی خواہش اور رائے کے برخلاف ہڑتال میں حصہ لینے پر مجبور کیا جاتا ہے، اگر کوئی حصہ نہ لے، تو اس کو جسمانی اور مالی اذیتیں دی جاتی ہیں، سنگ باری اور آتشزنی، تو ہڑتال کا لازمی حصہ بن گئے ہیں، سڑکوں پر رکاوٹیں کھڑی کر کے لوگوں کے لئے اپنے ضرورت سے چلنا، پھرنا مسدود کر دیا جاتا ہے، چلتی ہوئی گاڑیوں پر پتھراؤ ہوتا ہے، بہت سے لوگ اسی قسم کی ایذاء رسانیوں کے خوف سے اپنا کاروبار بند رکھتے ہیں، اور جو ضرورت مند شخص باہر نکلنے پر کسی وجہ سے مجبور ہو، وہ ہر وقت جانی و مالی نقصان کے خطرے میں رہتا ہے، اور بسا اوقات کوئی نہ کوئی بے گناہ مارا جاتا ہے، بعض مرتبہ مریض علاج کو ترس ترس کر رخصت ہو جاتے ہیں، اور بہت سے غریب لوگ فاقہ کشی کا شکار ہو جاتے ہیں۔

یہ تمام باتیں ہڑتال کا ایسا لازمی حصہ بن کر رہ گئی ہیں، کہ ان کے بغیر ''کامیاب ہڑتال'' کا تصور نہیں ہوسکتا، ظاہر ہے کہ یہ تمام باتیں شرعاً حرام و ناجائز ہیں، اور

جو چیزیں ان حرام وناجائز باتوں کا لازمی سبب بنے، وہ کیسے جائز ہوسکتی ہیں؟

لہٰذا حضرت حکیم الامت قدس سرہٗ نے ہڑتال کے مروجہ طریقوں کو ناجائز قرار دیا ہے۔

تحریکاتِ خلافت کے زمانہ میں ''ترکِ موالات'' کے جو طریقے اختیار کئے گئے تھے، ان میں ہڑتال بھی داخل تھی ''ترکِ موالات'' کے تحت یہ تحریک چلائی گئی تھی کہ برطانوی مصنوعات کا بائیکاٹ کیا جائے (حکیم الامت کے سیاسی افکار، ص۵۴، بعنوان ''بائیکاٹ اور ہڑتال کا شرعی حکم'' ناشر: ادارۃ المعارف، کراچی، طبع جدید: ذی الحجہ ۱۴۲۰ھ، مارچ ۲۰۰۰ء)

اگر کوئی آج اس ہڑتال، یا بائیکاٹ نہ کرنے کو ''موالاۃ'' کے بجائے ''غیرتِ ایمانی'' کے خلاف قرار دے کر، جواز کا قول کرنے والے کو، ایمان کے اعتبار سے بے غیرت کہتا ہے، تو اس پر بھی سوال عائد ہوتا ہے کہ کیا ''نعوذ باللہ'' نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس غیرتِ ایمانی کی طرف توجہ نہیں ہوسکی، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فلسفہ سمجھ نہیں آسکا، جو آج کے زمانہ میں سمجھ آیا، جبکہ اللہ کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی غیرتِ ایمانی کے مقام تک کسی فردِ بشر کی رسائی نہیں ہوسکتی، جیسا کہ پہلے گذرا، اور مزید آگے آتا ہے۔

## الروضۃُ الناضرۃ کا دوسرا حوالہ

پھر حکیم الامت رحمہ اللہ رسالہ الروضۃُ الناضرہ فی المسائل الحاضرۃ میں کافروں سے موالات (محبت ومودت، اختلاط اور ان کے ساتھ تشبہ اور نظریاتی، مذہبی، اور معاشرتی امور) کا تفصیلی حکم بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

یہ تو موالات باقسامِها الحقیقیة والصوریة کا حکم تھا۔

اب معاملات کا حکم سمجھئے کہ جن عقود میں کوئی ناجائز کام نہ کرنا پڑے، کفار کے

ساتھ درست ہیں، خواہ ذمی ہوں، یا حربی (یعنی مسلمانوں سے مقابلہ کرنے والے ہوں) مسالم، یا غیر مسالم (یعنی ان سے مصالحت ہو، یا نہ ہو) اور ان سے وہ معاملات مستثنیٰ ہیں، جو نصاً منہی عنہ ہیں، جیسے غیر کتابی سے نکاح کرنا، باقی دوسرے معاملات درست ہیں، مثلاً ان کی نوکری کرنا، ان کو نوکر رکھنا، ان سے قرض لینا، ان کے پاس رہن رکھنا، ہدیہ دینا، ان سے کچھ خریدنا، ان کے ہاتھ کوئی چیز بیچنا، باستثناء بعض اشیاء کے بعض مواقع میں، جن کی تفصیل (آگے) دلائل میں ہے، اور موادِ مذکورہ، مسئلہ عاشرہ وحادیہ عشر بھی اس سے مستثنیٰ ہیں، اور بافضاء بعید، ان معاملات کو بمعنیٰ مناصرہ ومعاونتِ غیر جائزہ (یعنی کافروں کی ناجائز مدد وامداد) کہنا محض بلا دلیل ہے، ورنہ فقہاء ان معاملات کو جائز نہ فرماتے، اور راز اس میں یہ ہے کہ ان معاملات (تجارت وخرید وفروخت) سے مقصود، اپنی مصلحت ہے، حالاً، یا مآلاً، نہ کہ کفار کی، یا اگر ان (کفار) کی مصلحت بھی ہے، تو وہ اسلام کو مضر نہیں، جو معاملات، کسی درجہ میں اعانتِ غیر کے افراد بن سکتے ہیں، فقہاء نے خود ان میں سے بہت مواد کو جائز فرمایا ہے (جیسے شراب بنانے والے کو شیرہ فروخت کرنا) اور یہ (جائز چیز کی خرید وفروخت) تو اعانت ہی نہیں، گو دوسرے کا نفع لازم آجاوے (اشرف السوانح ج۳ ص۱۷۵، مضمونِ رابع، الروضۃ الناضرہ فی المسائل الحاضرۃ، المسئلۃ الرابعۃ عشر ''کفار کے ساتھ معاملات'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری) (وجواہر الفقہ، لمفتی محمد شفیع، جلد پنجم، ص ۲۴۰، افاداتِ اشرفیہ، درمسائلِ سیاسیہ، مطبوعہ: مکتبہ دار العلوم، کراچی، طبع جدید ۲۰۱۰ء)

پھر اس کے بعد حضرت موصوف نے مذکورہ موقف کی تائید میں نصوص، احادیث اور فقہی عبارات نقل کی ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ جمہور فقہائے کرام کے نزدیک مسلمانوں سے محاربہ وجنگ کرنے

والے کفار سے خرید وفروخت میں، ان کے فائدہ ونفع پہنچانے، اوراس میں اعانت کی علت نکال کراس پر شرعی حکم کو مرتب کرنا ہی درست نہیں، اور جس کا اجتہاد ان فقہائے کرام کے خلاف ہو، وہ دوسرے پر حجت نہیں۔

## الافاضاتُ الیومیة کا تیسرا حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ''الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''کوئی فقہی روایت دکھلائیں کہ کفار سے خریدنا، ناجائز ہے، البتہ بعض اشیاء کا فروخت کرنا بے شک ممنوع ہے اوراس میں ایک راز ہے، وہ یہ ہے کہ اعیان (خاص اسلحہ وغیرہ) میں تو خود بلا واسطہ نفع پہنچتا ہے اور نقود (روپیہ پیسہ) میں بواسطہ ہوتا ہے، مثلاً لوہا ہے کہ خود وہی لوہا کام میں لا سکتے ہیں، تو اگر اس کا مسلمانوں کے مقابلے میں استعمال کریں گے، مسلمانوں کو ضرر پہنچے گا اور روپیہ بعینہٖ کام میں نہیں آتا، بواسطہ کام آتا ہے، تو اس سے اگر ضرر ہوگا، بواسطہ ہوگا، جس میں فاعلِ مختار کا تخلّل ہے (یعنی خود وہ شخص درمیان میں حائل ہے، جو یہ کام کر رہا ہے)

فقہاء نے اس راز کو سمجھا ہے، دوسروں کو کیا حق ہے اجتہاد کا کہ خوامخواہ احکام میں ٹانگ اڑائیں'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظات حکیم الامت، جلد نمبر ۷ ص ۱۹۸، ملفوظ نمبر ۲۸۹، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: محرم ۱۴۲۴ھ)

مذکورہ عبارت میں صاف تصریح ہے کہ فقہائے کرام نے مسلمانوں سے مقابلہ کرنے اوران کو نقصان پہنچانے والے کافروں سے روپیہ، پیسہ کے ساتھ جائز اشیاء کی خرید وفروخت کو جائز قرار دیا ہے، اوراس صورت میں روپیہ، پیسہ سے ان کفار کو پہنچنے والے فائدہ کو، ان کے تعاون اور اعانت میں داخل نہیں مانا، پھر ان فقہاء کے متبعین کو کیسے موردِ الزام ٹھہرایا

جاسکتا ہے، البتہ جو فقہائے کرام کے خلاف، اوران کے مقابلہ میں اپنا اجتہاد کر کے جائز کے بجائے حرام وناجائز ہونے کا حکم بیان کرے، خواہ وہ کوئی بھی ہو، وہ اپنے اجتہاد کا خود ذمہ دار ہے، لیکن اس کو حق نہیں کہ وہ فقہائے کرام کے اجتہاد، اوران کی تقلید کے خلاف زبان درازی کرے۔

اور جب اس جائز اور غیر واجب بائیکاٹ میں واجبات کا ترک لازم آنے لگے، تو پھر اس کو جائز قرار دیا جانا بھی بعید ہے، مثلاً جب کسی کا اس طرح بائیکاٹ کیا جائے کہ اس کی وجہ سے مسلمانوں کے واجب کسبِ معاش کے مسائل میں خلل پیدا ہو، اس کی وجہ سے اس کی ملازمت، یا تجارت کا نقصان ہو۔

## معاملةُ المسلمین فی مجادلة غیر المسلمین کا حوالہ

چنانچہ حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ سے ان کافروں کے ملک کی اشیاء خریدنے، اوران کی نوکری کرنے کے متعلق سوال کیا گیا، جو مسلمانوں پر ظلم کرتے ہیں، اور دوکانداروں کو ایسی اشیاء کی تجارت بند کرنے پر مجبور کرنے اور طرح طرح کی تدبیروں سے اس کو ضرر پہنچانے کے بارے میں استفتاء کیا گیا، جیسا کہ اس زمانہ میں انگریزوں کا مسلمانوں پر ظلم کرنا، سب کو معلوم ہے، اس کے جواب میں حضرت موصوف نے ''**معاملة المسلمین فی مجادلة غیر المسلمین**'' میں تحریر فرمایا کہ:

''یہ مقاطعہ (بائیکاٹ) بعض اوقات ترکِ واجب تک مفضی (پہنچانے والا) ہوجاتا ہے، مثلاً کسی کے پاس بجز جائز نوکری، یا کسی خاص تجارت کے دوسرا کوئی جائز ذریعہ معاش کا نہیں، اور ادائے حقوق اہل وعیال کے لئے اس پر اکتساب (کمانا) واجب ہے، تو اس مقاطعہ سے اس واجب کا ترک لازم آتا ہے، اور ترکِ واجب، معصیت ہے۔

اور جن مقاطعات (بائیکاٹوں) میں اس واجب کا ترک بھی لازم نہ آتا ہو، مگر حکومت سے عداوت لازم آتی ہے، اور بلاضرورتِ شرعیہ ضعیف کے لیے جائز نہیں کہ قوی کو اپنا دشمن بنالے کہ اس میں بھی اپنے کو مصیبت میں ڈالنا ہے، جس کی ممانعت آیت، مرقومہ نمبر ا میں گزری ہے۔

اور یہ جب ہے کہ اس مقاطعہ کو واجب شرعی نہ سمجھا جاوے اور اس پر دوسرے کو مجبور نہ کیا جاوے، ورنہ واجب شرعی سمجھنا مصداق ہے ''یحرفون الکلم عن مواضعه'' کا اور مجبور کرنا، ظلم واکراہ ہے، جس کی حرمت ظاہر ہے۔

یہ واقعہ بھی متعدد گناہوں پر مشتمل ہے، ایک مباح فعل کے ترک پر مجبور کرنا، کیونکہ بجز خاص تجارتوں کے، سب اشیاء کی خرید وفروخت کا معاملہ، اہلِ حرب تک کے ساتھ بھی جائز ہے، چہ جائیکہ معاہدین کے ساتھ۔

فی شرح السیر الکبیر ج۳، باب ما یکره ادخاله دار الحرب:

إلا أنه لا بأس بذلک فی الطعام والثیاب ونحو ذلک لما روی أن ثمامة بن أثال الحنفی أسلم فی زمن النبی صلی الله علیه وسلم فقطع المیرة عن أهل مکة وکانوا یمتارون فکتبوا إلی رسول الله صلی الله علیه وسلم یسألونه أن یأذن له فی حمل الطعام إلیهم فأذن له فی ذلک وأهل مکة یومئذ کانوا حرباً لرسول الله صلی الله علیه وسلم فعرفنا أنه لا بأس بذلک، الیٰ قوله "الا الکراع والسبی والسلاح.

(اشرف السوانح ج۳، ص۲۰۳، مضمونِ ثامن رسالہ ''معاملۃ المسلمین فی مجادلۃ غیر المسلمین'' مطبوعہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری) (وجواہر الفقہ، لمفتی محمد شفیع، جلد پنجم، ص ۲۶۰، افاداتِ اشرفیہ، در مسائلِ سیاسیہ، مطبوعہ: مکتبہ دار العلوم، کراچی، طبع جدید ۲۰۱۰ء)

حضرت موصوف کے مذکورہ موقف کی تائید میں بہت سی احادیث اور جمہور فقہائے کرام ومحدثینِ عظام کی تصریحات پہلے نقل کی جاچکی ہیں، اور ''شرحُ السیر الکبیر'' کی مذکورہ عبارت بھی ترجمہ سمیت پہلے نقل کی جاچکی ہے۔

## امدادُ الفتاویٰ کا حوالہ

ایک زمانے میں طرابلس پر اٹلی کا قبضہ ہوجانے سے ہندوستان کے شہر دہلی میں ایک جلسے میں یہ کہا گیا کہ اٹلی کے ساتھ تجارتی لڑائی کریں، اٹلی ساخت کے کل سامان کا استعمال چھوڑ دیں اور خرید وفروخت ترک کردیں، جو ایسا نہیں کرے گا، وہ کافر ہے، اس سلسلہ میں حضرت تھانوی رحمہ اللہ سے فتویٰ طلب کیا گیا، جس کا آپ نے درجِ ذیل جواب تحریر فرمایا:

''کافر ہونے کی تو کوئی وجہ نہیں اور بلکہ بیع ناجائز بھی نہیں، لیکن افضل یہی ہے، بشرطیکہ اپنا ضرر اور اتلافِ مال نہ ہو، ورنہ افضل کیا، جائز بھی نہیں'' (امداد الفتاویٰ ج۳ص۸۸، کتاب البیوع، ناشر: مکتبہ دار العلوم کراچی، طبع جدید: شعبان ۱۴۳۱ھ، جولائی 2010ء)

معلوم ہوا کہ اگر خدانخواستہ کوئی کافر قوم مسلمانوں کے ملک پر قابض ہوجائے، تب بھی اُس قوم کی مصنوعات کی خرید وفروخت گناہ نہیں، زیادہ سے زیادہ اُن مصنوعات کی خرید وفروخت کا ترک کرنا افضل ہے، لیکن اس میں بھی یہ شرط ہے کہ اس کی وجہ سے اپنا کوئی نقصان نہ ہو اور مال ضائع نہ ہو، ورنہ افضل تو کیا جائز بھی نہیں۔

## امدادُ الفتاویٰ کا دوسرا حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ سے ایک سوال یہ کیا گیا کہ:

''اہلِ ہنود (ہندو اور مشرکوں) کی دکان سے مٹھائی وغیرہ خریدنا، اور ان کے یہاں کھانا کھانا جائز ہے، یا نہیں، اگر ہے، تو کس طرح؟

آپ نے جواب تحریر فرمایا کہ:

''اگر ظاہراً کوئی نجاست نہ ہو، تو جائز ہے، لیکن اگر اس پر بھی اپنے بھائی مسلمان کو نفع پہنچاوے، تو زیادہ بہتر ہے'' (امداد الفتاویٰ ج۳ص۱۴۱، کتاب البیوع، حوادث الفتاویٰ، مطبوعہ: مکتبہ دار العلوم کراچی، تاریخِ طبع: ۲۰۱۰ء)

مطلب یہ ہے کہ کافر کے مقابلے میں اگر مسلمان بھائی سے کوئی چیز خرید کر اس کو فائدہ پہنچایا جائے، تو یہ کافر کو فائدہ پہنچانے سے بہتر ہے۔

بعض حضرات کا تجارات ومعاملات کو ''موالاتِ حقیقی، بمعنیٰ دوستی قلبی'' یا ''موالات صوری، بمعنیٰ دوستی ظاہری'' کے ساتھ جوڑ کر حکم بیان کرنا، جس میں ان کے ساتھ فضول اختلاط اور دوستی ومیل جول، اور بلا تکلف نشست وبرخواست اور کھانا پینا وغیرہ ہوتا ہے، یہ درست نہیں، حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے مذکورہ ارشادات وعبارات میں جو حکم بیان فرمایا، وہ حنفیہ اور جمہور فقہائے کرام کی بیان کردہ تصریحات کے مطابق ہے، اور انہوں نے اپنے رسالہ ''الروضۃُ الناظرۃ فی المسائل الحاضرۃ'' میں موالات کی اقسام کو تجارات ومعاملات سے الگ کر کے بیان فرمایا ہے۔

پس جس چیز کا احادیث، اور اجماع سے جائز ہونا، اور بعض صورتوں میں زیادہ سے زیادہ خلافِ اولیٰ ہونا ثابت ہو، اس کو ناجائز قرار دینا، اور اس کی خلاف ورزی کے مرتکب کو گناہ گار، یا کافروں کا معاون ومددگار قرار دینا، اور اس پر طاعنین ومتشددین، اور غالیین کی طرف سے الزام تراشیاں واتہام سازیاں کرنا، کیسے جائز ہوسکتا ہے۔

اور یہ بات ظاہر ہے کہ افضل حکم کی خلاف ورزی جائز ہوا کرتی ہے، گناہ نہیں ہوا کرتی، اور اس افضل کی خلاف ورزی کا عنوان بدلنے سے حکمِ شرعی بدل جایا نہیں کرتا، جیسا کہ بعض حضرات اس کو غیرتِ ایمانی کے خلاف کہتے ہیں، تو اس عنوان سے جمہور فقہائے کرام کا بیان کردہ حکم تبدیل نہیں ہوجائے گا، جو لوگ ایسا سمجھ کر حکمِ شرعی کو اصل عنوان سے بیان کرنے والے پر تہمت عائد کرتے ہیں، وہ خود بے اعتدالی کا شکار ہیں، چہ جائیکہ وہ دوسرے کو بے اعتدالی کا مرتکب قرار دیں۔

یہ اصول طے شدہ ہے کہ کسی چیز کا عنوان اور نام بدل دینے سے اس کا حکم تبدیل نہیں ہوجایا کرتا۔

## اقتباساتِ عشر کا حوالہ

چنانچہ حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ اپنے رسالہ ''اقتباساتِ عشر'' میں اسی سلسلہ میں فرماتے ہیں کہ:

حکمِ شرعی کا محل اور متعلق، ہمیشہ معنون ہوتا ہے، نہ کہ عنوان، مثلاً کوئی مغصوب زمین میں مسجد بنالے، اور مالک، قاضیِ اسلام کے اجلاس میں، اس کا مغصوب ہونا، ثابت کردے، اور قاضی، غاصب کو اس مسجد کے انہدام اور زمین کی واپسی کا حکم دیدے، تو قاضی پر یہ اعتراض جائز نہ ہوگا کہ اس نے مسجد منہدم کرادی، مسجد محض اس کا نام ہے، واقع میں وہ مسجد ہی نہیں (اشرف السوانح ج۳، ص۱۶۵، مضمونِ اول ''اقتباساتِ عشر'' مطبوعہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری) (وجواہر الفقہ، لمفتی محمد شفیع، جلد پنجم، ص ۲۳۰، ۲۳۱، افاداتِ اشرفیہ، درمسائلِ سیاسیہ، مطبوعہ: مکتبہ دارالعلوم، کراچی، طبع جدید ۲۰۱۰ء)

## اقتباساتِ عشر کا دوسرا حوالہ

نیز حضرت موصوف اسی پہلو کی مزید وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

''اس عدمِ تعاون کا نام جو بعض نے ترکِ موالات رکھ لیا ہے، اس عنوان سے اس کا حکم جو اوپر مذکور ہوا (یعنی مباح اجارات وتجارات وتعلیمات واستعانات وتعلقات حاکمیت ومحکومیت کے) بدل نہ جاوے گا (بحکم مقدمہ نمبر۳) جیسا بعض نے یہ ترکیب کر رکھی ہے کہ قرآن مجید میں جو موالات کی ممانعت کی آیتیں آئی ہیں، اس عدمِ تعاون کو ان میں داخل کر کے اختلاف کرنے والے فریق کو قرآن کا مخالف بتا کر عوامُ الناس کو اس سے متوحش ومتنفر کرتے ہیں، جس طرح عاملینِ مولد (ومیلاد) نے اپنی مجالسِ متعارفہ کا نام ''مجلسِ ذکرِ رسول'' (صلی اللہ علیہ وسلم) اور قیام کا نام

''تعظیمِ رسول'' (صلی اللہ علیہ وسلم) رکھ کر اہلِ حق کی طرف سے عوام کو بدگمان کردیا کہ یہ ذکر و تعظیمِ رسول سے منع کرتے ہیں، یا امتناع وامکان کے مسئلہ میں اس طرح بدنام کیا کہ یہ لوگ یوں کہتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ بھی جھوٹ بول سکتا ہے، پس ایسے ہی اس اصطلاح ''ترکِ موالات'' سے کام لیا جارہا ہے، تو سمجھ لینا چاہئے کہ کوئی نام رکھ دینے سے حقیقت نہ بدل جاوے گی، اس لئے حکم بھی نہ بدلے گا۔

باقی (نام بدلنے کی) ایسی ترکیبوں سے کام لینا، اہلِ علم کی شان کے بالکل خلاف ہے، میں نے اپنے نزدیک ان مسائل، اور اس اختلاف، اور اپنے مسلک کی حقیقت بالکل صاف کردی ہے، اگر اس کے باوجود کسی کو بدنام کرنے کا شوق ہو، تو اس سے زیادہ نہ کہوں گا کہ:

''فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ''

والسلام

آغاز جمادی الاولیٰ ۱۹۳۹ ہجری

مقام تھانہ بھون، خانقاہ امدادیہ

(اشرف السوانح ج ۳ ص ۱۶۷، مضمونِ اول، اقتباساتِ عشر، مطبوعہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری) (وجواہر الفقہ، لمفتی محمد شفیع، جلد پنجم، ص ۲۳۳ و ۲۳۴، افاداتِ اشرفیہ، در مسائلِ سیاسیہ، مطبوعہ: مکتبہ دار العلوم، کراچی، طبع جدید ۲۰۱۰ء)

معلوم ہوا کہ کسی چیز کا عنوان بدل کر اس کی وجہ سے دوسرے پر الزام قائم کرنا، اہلِ حق کا طریقہ نہیں۔

پس اگر کسی کو ایک جائز عمل کے جائز قرار دینے پر اتنا شدید اختلاف ہو کہ وہ اس کو کافروں کی حمایت اور مسلمانوں سے بغاوت کا عنوان دے، تو یہ خود اس بات کی دلیل ہے کہ وہ شخص

دراصل خود ہی اس حکمِ شرعی میں غلو کررہا ہے، اور اپنے متبوع فقہائے کرام کے برخلاف موقف کو اختیار کررہا ہے، اور اپنے آپ کو ان کا مقلد قرار دے کر ان کے برخلاف اجتہاد کا عملاً دعویدار ہے۔

پھر یہ بھی ظاہر ہے کہ جب کسی کافر سے کسی چیز کو خریدا جاتا ہے، تو اس کو نفع فراہم کرکے فائدہ پہنچایا جاتا ہے، اور اس نفع کو حاصل کرنے کے بعد کافر اس کو اپنے مذہبی کاموں، مثلاً کفریہ وشرکیہ حرکتوں میں لگائے، یا اللہ ورسول کے کسی بھی حکم کی خلاف ورزی میں لگائے، تو اس کا گناہ مسلمان کے سر پر نہیں آتا۔

لیکن خرید وفروخت کے برعکس کافروں سے الفت ومحبت رکھنا، اور ان کی مشابہت اختیار کرنا جائز نہیں، مگر افسوس کہ مسلمانوں کو اس گناہ سے بچنے کی فکر نہیں۔

اور ہم پیچھے متعدد کتبِ معتبرہ سے ایسی صریح عبارات نقل کرچکے ہیں، جن میں اہلِ حرب کے ساتھ حلال چیزوں کی تجارات ومعاملات کو جائز قرار دیا گیا ہے، سوائے ان کو اسلحہ فروخت کرنے کے، البتہ بعض مخصوص معاملات، کافر کے ساتھ ممنوع، یا مکروہ ہیں، جیسا کہ شرکتِ مفاوضہ وغیرہ، اگرچہ وہ ذمی کافر کیوں نہ ہو، چہ جائیکہ حربی ہو۔

جن سے حضرت مولانا اشرف علی تھانوی کے پیچھے بیان کردہ موقف کی تائید ہوتی ہے۔ [1]

---

[1] حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ نے حضرت تھانوی کا مذکورہ تفصیلی موقف ایک مستقل رسالہ میں نقل کرنے کے بعد، اپنے ایک دوسرے رسالہ ''شریعتِ اسلامیہ میں غیر مسلموں کے ساتھ معاملات'' میں غیر مسلموں کے ساتھ معاملات سے متعلق بعض عبارات کے ساتھ، کفار کے ساتھ، معاشرت، رہن، سہن، اور کھانے پینے سے متعلق عبارات کو بھی شامل کردیا ہے، جبکہ یہ رسالہ ''معاملات'' سے متعلق ہے، جس کا حکم موالات ومعاشرت سے مختلف ہے۔

اسی کے ساتھ موصوف نے فتاویٰ ہندیہ کی سراجیہ سے نقل کردہ ایک مجمل عبارت کو بھی نقل کردیا، جس سے یہ سمجھا گیا کہ جائز ومباح معاملات کا ذمی کے ساتھ بھی سوائے مجبوری کے سرانجام دینا جائز نہیں، جبکہ اس قید وشرط کے ساتھ مذکورہ حکم کی صحیح احادیث، جمہور فقہائے کرام ومحدثینِ عظام کی تصریحات سے تائید نہیں ہوتی، البتہ بعض حضرات نے مسلمان کو کافر کے لئے ایسی خدمت والا کام مکروہ قرار دیا ہے، جس میں مسلمان کی کافر کے سامنے کی ذلت ظاہر ہو، اس کے علاوہ حضرت موصوف نے بعض مالکیہ کی عبارات کو نقل کردیا، جبکہ اس مسئلہ میں مالکیہ کا موقف حنفیہ اور جمہور کے خلاف ہے، اور اس

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

# احکامُ الایتلاف فی احکام الاختلاف کا حوالہ

**چنانچہ حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ اس بارے میں اپنے رسالہ ''احکامُ الایتلاف فی احکام الاختلاف'' میں فرماتے ہیں کہ:**

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

سلسلہ میں جمہور کا موقف، اور اعانت علی المعصیت کے سلسلہ میں امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا مذہب دلائل کے اعتبار سے راجح، اور اتباع کے زیادہ لائق ہے، اور عمل کے اعتبار سے سہل اور عوامی مشکلات سے نجات کا باعث ہے، جیسا کہ پہلے گذرا، اس لیے ہمیں مفتی صاحب موصوف کے بیان کردہ اس موقف سے توافق نہ ہوسکا۔

إلا أن المالكية انفردوا بالقول بمنع التصدير من بلادنا، ومتاجرة المسلمين فى دار الحرب إذا كانت أحكامهم تجرى على التجار؛ لأن فى تصدير أى شىء إليهم تقوية لهم على المسلمين؛ ولأن المسلم ممنوع من الإقامة فى دار الشرك، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :أنا برىء من كل مسلم يقيم بين أظهر المشركين

كما أنه لا يجوز(عند المالكية) تصدير الأطعمة ونحوها إلا إذا كانت هناك هدنة مع العدو، أما فى غير الهدنة فلا يجوز.

والأدلة على جواز التصدير من بلادنا منها :حديث ثمامة بن أثال الحنفى بعد أن أسلم، فإنه قال لأهل مكة حين قالوا له :صبوت؟ فقال " :إنى والله ما صبوت، ولكنى والله أسلمت،وصدقت محمدا صلى الله عليه وسلم وآمنت به، وايم الله الذى نفس ثمامة بيده، لا تأتيكم حبة من اليمامة - وكانت ريف مكة -حتى يأذن فيها محمد صلى الله عليه وسلم وانصرف إلى بلده، ومنع الحمل إلى مكة، حتى جهدت قريش، فكتبوا إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم يسألونه بأرحامهم أن يكتب إلى ثمامة، يحمل إليهم الطعام، ففعل رسول الله صلى الله عليه وسلم . فهذا يدل على جواز تصدير الأطعمة ونحوها إلى الأعداء ، حتى ولو كانت حالة الحرب قائمة معهم.

ومن الأدلة أيضا الأحاديث السابقة المذكورة فى بحث الصدقة على أهل الحرب والوصية لهم (قصة إهداء التمر لأبى سفيان، وصلة أسماء أمها المشركة، وإطعام المسلمين الأسرى)(الموسوعة الفقهية الكويتية،ج۷،ص۱۱۳،مادة"اهل الحرب" حرف الألف)

قال :(ولا تجوز المفاوضة بين المسلم والذمى فى قول أبى حنيفة ومحمد رحمهما الله) وقال أبو يوسف -رحمه الله :-يجوز ذلك، وهى مكروهة(المبسوط، لشمس الأئمة السرخسى،ج۱۱،ص۱۹۶،كتاب الشركة،باب خصومة المفاوضين فيما بينهما،المفاوضة بين المسلم والذمى)

وأهل الذمة فى حكم الهبة بمنزلة المسلمين؛ لأنهم التزموا أحكام الإسلام فيما يرجع إلى المعاملات إلا أنه لا تجوز المعاوضة بالخمر عن الهبة فيما بين المسلم والذمى، سواء كان المسلم

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

”اہلِ اسلام کو اہلِ کفر کے ساتھ اختلاف کرنا اور بلا ضرورتِ شدیدہ، یا بلا مصلحتِ شرعیہ اختلاط وارتباط (تعلق اور میل جول پیدا) نہ کرنا محمود مطلق (ہر حالت میں پسندیدہ) اور واجب ہے اور معاملات (لین دین، خرید وفروخت وغیرہ) ومعاشرات (رہن سہن) اس سے خارج ہیں (بوادر النوادر، ص ۶۷۴، رسالہ احکام الایتلاف فی احکام الاختلاف، فصل پنجم)

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

هو المعوض للخمر أو الذمي وإن صارت الخمر خلا في يد القابض لم تصر عوضا ويرده إلى صاحبه، وتجوز المعاوضة بالخمر والخنزير فيما بين الذميين كما يجوز ابتداء المبايعة ولا يجوز بالميتة والدم، كذا في المبسوط(الفتاویٰ الهندية، ج۴، ص ۴۰۵، كتاب الهبة، الباب الحادي عشر في المتفرقات)

مسلم آجر نفسه من نصراني إن استأجره لعمل غير الخدمة جاز وإن آجر نفسه للخدمة قال الشيخ الإمام أبو بكر مُحَمَّد بن الفضل لا يجوز وذكر القدوري رحمه الله تعالى أنه يجوز تكره له خدمة الكافر(فتاوى قاضي خان، ج۲، ص ۱۶۹، كتاب الاجارات)

مسلم آجر نفسه من مجوسي ليوقد له النار لا بأس به .كذا في الخلاصة(الفتاویٰ الهندية، ج۴، ص ۴۵۰، كتاب الاجارة، الباب السادس عشر في مسائل الشيوع في الإجارة)

ولا بأس بطعام اليهود والنصارى كله من الذبائح وغيرها ويستوي الجواب بين أن يكون اليهود والنصارى من أهل الحرب أو من غير أهل الحرب وكذا يستوي أن يكون اليهود والنصارى من بني إسرائيل أو من غيرهم كنصارى العرب(الفتاویٰ الهندية، ج۵، ص ۳۴۷، كتاب الكراهية، الباب الرابع عشر في أهل الذمة والأحكام التي تعود إليهم)

لا بأس بأن يكون بين المسلم والذمي معاملة إذا كان مما لا بد منه كذا في السراجية(الفتاویٰ الهندية، ج۵، ص ۳۴۸، كتاب الكراهية، الباب الرابع عشر في أهل الذمة والأحكام التي تعود إليهم)

فتاویٰ ہندیہ کی موخر الذکر مذکورہ عبارت جو فتاویٰ سراجیہ سے نقل کی گئی ہے، اور اس کو ”شریعتِ اسلامیہ میں غیر مسلموں کے ساتھ معاملات“ میں نقل کیا گیا ہے، ہمیں فتاویٰ سراجیہ کے اصل نسخہ میں تلاش کرنے کے باوجود دستیاب نہ ہوسکی، تاکہ سیاق وسباق سے اس کی تفصیل معلوم کی جاسکتی، ممکن ہے کہ یہ حکم مخصوص معاملہ، مثلاً مفاوضہ وغیرہ سے متعلق ہو، یا دارالاسلام میں ذمیوں کے ساتھ مسلمانوں کی طرح کا برتاؤ کرنے سے منع کرنا مقصود ہو، تاکہ مسلم وغیر مسلم کے درمیان فرق کا لحاظ وتمیز باقی رہے، ورنہ ہم پیچھے فتاویٰ سراجیہ کے حوالہ سے امام ابوحنیفہ کے نزدیک مسلم کو غیر مسلم، ذمی وحربی کے ساتھ ایسے معاملات کے جواز کی تصریحات بھی نقل کرچکے ہیں، جن کو بظاہر گناہ میں اعانت خیال کیا جاتا ہے۔

البتہ مسلمان کو، غیر مسلم کے بجائے، مسلمان سے معاملات کرنے کے مستحسن ہونے سے ہمیں اختلاف نہیں، جبکہ مسلمان کے ساتھ معاملہ کا نعم البدل موجود ہو، نہ یہ کہ امانت دار اور حسنِ معاملات والانعم البدل کی صورت میں مسلمان میسر نہ ہو، تو پھر بھی دوسرے کو اس پر مجبور کیا جائے، یا غیر مسلم ذمی، اور بالخصوص حربی سے جائز معاملات کو گناہ اور حرام قرار دیا جائے، جس سے اس وقت ہماری بحث ہے۔ محمد رضوان۔

اور آج کل مختلف مواقع پر مسلمانوں کی طرف سے تجارتی بائیکاٹ کرنے پر بہت زور دیا جاتا ہے، لیکن کفار کے ساتھ موالات اور تشبہ ومشابہت کو ترک نہیں کیا جاتا، حالانکہ شرعاً ہر قسم کے کافروں سے خواہ وہ مسلمانوں کا مقابلہ کررہے ہوں، یا نہ کررہے ہوں، اسلام اور مسلمانوں کے خلاف زبان درازی کررہے ہوں، یا نہ کررہے ہوں، اصل جس بائیکاٹ کا حکم ہے، وہ ''ترکِ موالات'' ہے، موالات کے معنیٰ دلی دوستی اور لگاؤ کے ہیں، جس کا مطلب یہ ہے کہ کافروں سے دوستانہ مراسم اور قلبی روابط نہ رکھے جائیں، ان کے مخصوص تہذیب وتمدن کو نہ اپنایا جائے، مگر بائیکاٹ کے اس شرعی اور صحیح مفہوم پر تو آج عمل کیا نہیں جاتا، جس کی ہر وقت اور ہر حالت میں ضرورت ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہر مسلمان پر ہر قسم کے کافر کے لئے عائد ہوتا ہے، اور اس شرعی طریقہ کو چھوڑ کر محدود تجارتی بائیکاٹ پر اکتفا کرتے ہیں اور اوپر سے پھر اس بائیکاٹ میں بھی شرعی حد بندیوں کا لحاظ نہیں کرتے، پہلے باحوالہ معلوم ہو چکا کہ اوّلاً تو اس طرح کا بائیکاٹ واجب نہیں، زیادہ سے زیادہ بعض مخصوص حالات میں ان سے جائز تجارت وخرید وفروخت ترک کرنے کو افضل کہا جاسکتا ہے، مگر آج کل مخصوص حالات میں اس جائز کام کو ناجائز وحرام سمجھا جاتا ہے اور دوسری خرابی یہ لازم آتی ہے کہ اس بائیکاٹ میں بھی شرعی حد بندیوں کا لحاظ نہیں کیا جاتا، چنانچہ اس بائیکاٹ کے نتیجہ میں اپنی، یا دوسرے مسلمان کی ملکیت کے قیمتی اموال تلف اور ضائع کئے جاتے ہیں، یعنی جو مال مسلمان کی ملکیت میں جائز طریقہ پر آچکا ہوتا ہے، اس کو بھی ضائع کرنا شروع کردیتے ہیں۔

آج کل جب کسی کافر ملک، یا قوم سے بائیکاٹ کا مسلمانوں کی طرف سے اعلان کیا جاتا ہے تو اس بائیکاٹ کو تجارت تک محدود سمجھا جاتا ہے، لیکن بائیکاٹ کا جو وسیع مفہوم ہے اور دوسروں کے ساتھ موالات اور دلی دوستی اور ان کی تہذیب وکلچر سے اپنے آپ کو بچانے کی طرف توجہ نہیں کی جاتی، اور مصنوعات کے بائیکاٹ میں بھی جو شرعی حدود ہیں، ان کا لحاظ نہیں کیا جاتا، چنانچہ جو مصنوعات خرید کر مسلمانوں کی ملکیت میں آچکی ہوتی ہیں، ان کو بھی بڑے

فخر واعزاز کے ساتھ تلف کیا جاتا ہے، اور جو غریب غرباء مسلمان، ان کاروباری معاملات میں ملازمت کر کے اپنی معاشی ضروریات پوری کرتے ہیں، ان کو بھی ضرر پہنچایا جاتا ہے، اور اس پر واجب اور فرض عمل کی طرح زور دیا جاتا ہے، ایسی چیزیں وقتاً فوقتاً اخبارات میں شائع ہوتی رہتی ہیں، اور رات دن میڈیا کی زینت بنتی ہیں۔

رہا یہ شبہ کہ کافروں، اور دشمنانِ اسلام کی جائز چیزوں کی خرید وفروخت سے ان کو مالی تقویت حاصل ہوتی ہے، اس لئے منع کیا جاتا ہے، تو اس کا جواب فقہائے کرام کی عبارات میں گذر چکا ہے کہ کافروں کے اس نفع پہنچنے کے باوجود، جائز اشیاء کی خرید وفروخت جائز ہے، البتہ زیادہ زور لگایا جائے، تو مسلمان سے خریدنا بہتر ہے، اور افضل وبہتر کو اسی درجہ میں رکھنے، اور اس عمل کے فی نفسہٖ جائز ہونے سے ہمیں اختلاف نہیں، اور اس سلسلہ میں جتنے دلائل پیش کئے جاتے ہیں، وہ جواز سے متعلق ہیں، وجوب سے متعلق نہیں، اس لئے جواز کے بجائے اصل اختلاف اس حکم کو اپنے درجہ سے بڑھانے، اور اس کے مقابلہ میں کفار کے ضرر سے بچنے، اور اسلام کو تقویت پہنچانے کے اہم احکام کو نظر انداز کر دینے سے ہے۔

بعض لوگوں کی طرف سے کافروں کے تجارتی بائیکاٹ کے نتیجہ میں بعض فوائد ومصالح کو حجت بنا کر پیش کیا جاتا ہے، لیکن اس سلسلہ میں عرض ہے کہ اولاً تو ان میں بعض فوائد کا اسلام، اور مسلمانوں سے تعلق ہی نہیں، اور جن کا تعلق بھی ہے، تو ان کی وجہ سے ایک مباح فعل کو اس کے درجہ سے بڑھانے کی پھر بھی گنجائش نہیں، ان فوائد ومصالح کی وجہ سے اس فعل کا وہی درجہ برقرار رہتا ہے، جو شریعت نے خود پہلے سے بیان کر دیا ہے۔

دوسرے کافروں سے تجارات ومعاملات کو ترک کرنا ممکن بھی نہیں، کیونکہ موجودہ دور میں شاید ہی کوئی ملک ایسا ہو، جو اپنی تمام ضروریات وحاجات میں خود کفیل ہو۔

تیسرے اس مقصد کے لئے اپنی تجارت ومعاملات کو صحیح کرنا ضروری ہے، ورنہ ایک چیز کو چھڑوا کر، نقصان وخسارہ، اور مضرِ صحت چیزوں میں لگوانا کون سی عقل مندی کی بات ہے۔

اور موجودہ دور میں مسلمانوں، اور غیر مسلموں کے معاملات میں زمین وآسمان کا فرق پیدا ہو چکا ہے، جن کافروں کی مصنوعات وتجارات کا دائرہ وسیع ہو چکا ہے، ان میں ان کی طرف سے سچ، اور حقیقت کو بیان کرنے، معیار کو برقرار رکھنے، ناپ وتول کے پیمانوں کو درست رکھنے، اور لین دین میں امانت ودیانت وغیرہ جیسے اصول بروئے کار لائے جاتے ہیں، جس کی اسلام نے تعلیم دی ہے، جس کی وجہ سے ان کے ساتھ تجارت وصنعت کی طرف زیادہ رجحان ومیلان پایا جاتا ہے، اور یہ ہر بائع ومشتری کا حق ہے، اس کو جہاں سے اپنا حق درست اور صحیح طرح سے حاصل ہو، اور اس کی بہتر طریقہ پر ضرورت پوری ہو، اس کو اس سے روکنے کی گنجائش نہیں، اور دوسری طرف اس سلسلہ میں مسلمانوں کا طرزِ عمل انتہائی ناگفتہ بہ ہے، جس کی وجہ سے ان کے دنیا بھر میں ہر جگہ پھیلے ہوئے ہونے کے باوجود، ان کی تجارت وصنعت کی طرف خود ان کے گھر کے مسلمانوں کا بھی رجحان ومیلان نہیں، چہ جائیکہ کافروں کا میلان ہو۔

ان ہی جیسی وجوہات کی بناء پر اس مروجہ بائیکاٹ پر نہ تو آج تک موثر طریقہ پر عمل ہو سکا، اور نہ ہی اس کے کوئی ایسے مقاصد حاصل ہوئے، جو اسلام میں مقصود ہیں۔

اور مقاصد وہی ہیں، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت وسیرت سے بالکل نمایاں ہیں، اور ان کو اختیار کرنے کے لئے مسلمان آمادہ نہیں، جس کے متعلق باحوالہ مزید تفصیل خاتمہ میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

اس پہلو پر بھی حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ نے خوب روشنی ڈال دی ہے۔

## الافاضاتُ الیومیة کے مزید حوالہ جات

چنانچہ حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ایک مقام پر فرماتے ہیں:

”تحریکات کی مصالح (وفوائد) مسلّم سہی، مگر حدودِ شرعیہ کا اتباع تو ہم پر ہر وقت اور ہر حالت میں فرض ہے اور احکامِ شرعیہ ہر وقت اور ہر حالت میں واجبُ العمل

ہیں‘‘ (’’الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘ مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر۳ ص ۲۳۷ و ۲۳۸، ملفوظ نمبر۳۸۲، بعنوان: ’’حدودِ شرعیہ کا اتباع اور چند بزرگوں کے واقعات‘‘ ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

مطلب یہ ہے کہ کسی تحریک سے کچھ فوائد ومنافع کا حاصل ہونا، اپنی جگہ مسلّم ہے، ان فوائد کا انکار نہیں، لیکن شرعی اصول وحدود کی اتباع اس حالت میں بھی ضروری ہے، اور کسی فائدہ، یا منفعت کی خاطر اصول شکنی، اور حدود سے تجاوز جائز نہیں ہوجاتا، ورنہ تو محض چند فوائد ومنافع کی خاطر متعدد محرمات کا حکم بھی متاثر ہونا لازم آئے گا۔

ایک اور مقام پر حکیم الامت فرماتے ہیں کہ:

مسکوت عنہ (یعنی ایسی چیز، جس پر شریعت نے کوئی حکم نہیں لگایا) وہ ہوگا، جس چیز کی ضرورت خیر القرون میں واقع نہ ہوئی ہو، بلکہ خیر القرون کے بعد اس کی حاجت پیش آئی ہو، اور باوجود ضرورت پیش آنے کے یہ تدابیرِ خاص اختیار نہ کی گئیں، اس کو مسکوت عنہ (یعنی ایسی چیز جس پر شریعت نے کوئی حکم نہیں لگایا) نہ کہیں گے، منہی عنہ (ممنوع) کہیں گے، اس میں ہم لوگوں کو اجتہاد کی گنجائش نہیں، اب اس قاعدہ کے بعد یہ سمجھو کہ خیر القرون میں زیادہ وقت اسی قسم کا گزرا اور بہت زیادہ ضرورتیں مخالفین کے مقابلے کی پیش آئیں، مگر باوجود ضرورت کے اور ضرورت بھی سخت ضرورت، پھر بھی ان تدابیر کو اختیار نہیں کیا گیا، تو یہ تدابیر منہی عنہ (ممنوع) ہوں گی، نہ کہ مسکوت عنہ (یعنی ایسی چیز جس پر شریعت نے کوئی حکم نہیں لگایا)‘‘ (’’الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘ مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر۵، ص ۱۹۴ و ۱۹۵، ملفوظ نمبر۱۹۰، بعنوان ’’خیر القرون میں دو صورتیں‘‘ ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

اس سلسلہ میں حضرت موصوف مزید فرماتے ہیں:

’’ان تحریکاتِ حاضرہ (وموجودہ) میں مصالح (فوائد) سے زائد، مفاسد (نقصانات)

ہیں اور مسئلہ یہ ہے کہ اگر ایک مفسدہ (نقصان) ہو اور پچاس مصلحت (فوائد) ہوں، وہاں مفسدہ ہی غالب سمجھا جائے گا، نہ کہ جہاں مفاسد غالب ہوں، وہاں جواز کا حکم کیسے ہوسکتا ہے، طیب اور خبیث کا مجموعہ خبیث ہی ہوگا'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۵ ص ۱۹۹، ملفوظ نمبر ۱۹۴، بعنوان ''تحریکاتِ حاضرہ میں مصالح سے زیادہ مفاسد ہیں'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

اور ایک مقام پر حضرت موصوف فرماتے ہیں کہ:

دین میں دنیوی مصالح سے متأثر ہونا، سب کمزوری کی باتیں ہیں، بڑی چیز دین ہے، یہ محفوظ رہے، خواہ تمام مصالح، بلکہ سارا عالَم فنا ہوجائے، کچھ پراوہ نہیں

(''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۲ ص ۳۸۳، ملفوظ نمبر ۶۴۰، بعنوان: ''بڑی چیز دین ہے'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: ربیع الثانی ۱۴۲۹ھ)

مطلب یہ ہے کہ ایک مسلمان کے لئے اصل چیز دین ہے، اس کی حفاظت، دنیا کی ہزار مصلحتوں، بلکہ دنیا کے فنا ہونے سے بھی زیادہ ضروری ہے۔

ایک اور مقام پر حضرت موصوف فرماتے ہیں کہ:

''اگر پچاس دنیوی مصلحتیں (یعنی دنیا کے فائدے) ہوں اور ایک دینی مفسدہ (ایک دینی نقصان) ہو، تو مفسدہ (نقصان) ہی غالب سمجھا جاوے گا، عرض کیا گیا کہ جن نصوص (قرآن وحدیث) میں جہاد کا حکم ہے، یا صبر کا، اس کے اعتبار سے حکم منصوص (قرآن وحدیث کا حکم) ہوتے ہوئے، اپنی رائے سے اس کے خلاف ایک طریقہ کا اختیار کرنا کہ نہ وہ جہاد ہے، نہ صبر ہے، یہ مسکوت عنہ (یعنی ایسا کام کہ جس سے نہ شریعت نے منع کیا اور نہ ہی اس کا حکم دیا، بلکہ سکوت رکھا) ہوگا، یا اس کو منہی عنہ (ممنوع) کہیں گے، جواب فرمایا کہ باوجود ایسی ضرورتیں واقع ہونے کے متقدمین نے جب اس کو ترک کیا، اختیار نہیں کیا، تو یہ اجماع ہوگیا، اس کے ترک پر، اس لئے ممنوع ہوگا، یہ احتمال بھی نہ رہا کہ نصوص کو مأول،

یا معلل کہہ لیا جاوے (یعنی قرآن وحدیث میں بیان کئے ہوئے دلائل میں کوئی تاویل کرکے، یا کوئی علت نکال کر معنیٰ کچھ اور مراد لے لئے جاویں)'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۵ ص ۱۵۷، ملفوظ نمبر ۱۵۲، بعنوان ''دینی مفسدہ سے منع کیا جائے گا'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

فوائد تو کچھ نہ کچھ ہر بری سے بری چیز میں کسی نہ کسی حیثیت سے نظر آ ہی جایا کرتے ہیں، شراب اور جُوے جیسی حرام چیزوں میں بھی کچھ دنیاوی فوائد کے ہوتے ہوئے، ان کے گناہ ہونے کے نقصان کو ہی ترجیح دی گئی ہے، اللہ تعالیٰ کا قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ:

''قُلْ فِيْهِمَا اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ، وَاِثْمُهُمَا اَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهِمَا'' (سورہ البقرۃ رقم الآیۃ ۲۱۹)

''کہہ دیجئے آپ! کہ ان دونوں (یعنی شراب اور جُوے) میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لئے کچھ نفع بھی ہے، مگر ان کا گناہ ان کے نفع سے بڑا ہے''

## مانعین کے بعض فتاویٰ پر کلام

ہم نے ماسبق میں جو دلائل اور فقہی عبارات نقل کیں، ان میں محارب کفار سے معاملات کے جواز کی بھی تصریح ہے، پس جو حضرات ''محارب کفار'' سے حلال مال خریدنے کو ناجائز، اور ان کے اموالِ تجارت سے بائیکاٹ کو لازم قرار دیتے ہیں، ان کا قول فقہائے کرام کی مذکورہ تصریحات کے خلاف ہے۔

اب ذیل میں مانعین کے چند فتاویٰ کا جائزہ لیا جاتا ہے، جو اس موقع پر بعض اہلِ علم کی طرف سے ہمیں ارسال کئے گئے۔

حضرت مولانا مفتی محمود صاحب رحمہ اللہ (سابق شیخ الحدیث: جامعہ قاسم العلوم، ملتان) اپنے ایک فتوے میں تحریر فرماتے ہیں:

''یہودی کمپنیوں کا مال خریدنا، اوران کو نفع پہنچانا جائز نہیں ہے، یہودی اسلام کے خلاف آج کل محارب ہیں۔

ان کے ارادے یہ ہیں کہ حجازِ مقدس، بالخصوص مدینہ طیبہ زادھا اللہ شرفا، اوراس کے گرد ونواح کو فتح کرلیں، ان کے زعم میں یہ دراصل یہودی علاقے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ یہودِ مدینہ، بنی نضیر، بنی قریضہ، بنی قینقاع، یہود خیبر، ان علاقوں کے مالک تھے۔

اس حالت میں کوئی ایسی چیز بازار سے نہ خریدی جائے، جس سے یہودی کی مالی پوزیشن مستحکم ہو۔

قرآن کریم میں ہے:

''وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ''

''لا'' نکرہ ہے، تحت النفی مفیدِ استغراق ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ دشمن کو کسی طرح کوئی بھی نقصان پہنچانا، عملِ صالح ہے۔

فقہاء کی عبارات سے بھی اسی طرح کے حوالہ جات نقل کئے جاسکتے ہیں کہ مسلمانانِ عالم کو اجتماعی طور پر یہودیوں کے اموالِ تجارت کا بائیکاٹ کرنا لازم ہے۔ واللّٰہ أعلم (فتاویٰ مفتی محمود، ج ۱۱، ص ۲۰۴ باب الحظر والاباحۃ، ناشر: محمد ریاض درانی، اشاعت ۲۰۲۰ء)

مذکورہ فتوے کی روشنی میں بعض مسلمان، ہر قسم کے کافر کو اپنا دشمن ہونے کی علت نکال کر اس کو کسی بھی طرح سے کوئی نقصان پہنچانے کو، عملِ صالح خیال کرنے لگے ہیں، جو سراسر جہالت پر مبنی ہے۔

فتاویٰ مفتی محمود کے مذکورہ فتوے میں قرآن مجید کی سورہ توبہ کی مذکورہ آیت کا تعلق فرضِ عین جہاد وقتال کے مخصوص موقع ومحل، اوردارالحرب سے ہے، جس میں قہر وغلبہ کی صورت میں کفار کی جس طرح جان کی عصمت نہیں رہتی، اسی طرح مال کی عصمت بھی نہیں رہتی، اوراسی لئے مخصوص طریقہ پر حاصل شدہ مالِ غنیمت بھی حلال ہوتا ہے، اوراس میں حربی ومسلم کے

درمیان، تجارت وغیرہ کا کوئی عقد وجود میں نہیں آتا، بلکہ اس طرح کے امور ''استیلاء'' کے قبیل سے تعلق رکھتے ہیں، جس کے منقولی وغیر منقولی اشیاء کے اعتبار سے مخصوص احکام ہیں، اور اس میں امیرِ جہاد وقتال کی رضا وحکم کا بھی بڑا دخل ہے۔ [1]

---

[1] الاستيلاء يفيد الملك إذا ورد على مال مباح غير مملوك لأحد، على تفصيل يأتي بيانه، أو كان في حكم المباح لعدم العصمة، بأن كان مالا للحربيين في دار الحرب .وهذا إما أن يكون منقولا، أو عقارا، ولكل حكمه الخاص.

فإن كان المال الذى تم الاستيلاء عليه من الحربيين منقولا أخذ بالقهر والغلبة، فإن الملك لا يتحقق فيه إلا بالقسمة بين الغانمين، فالملك موقوف عليها وفى قول عند الشافعية أن الملك يثبت بنفس الاستيلاء بدار الحرب بعد الفراغ من القتال، لزوال ملك الكفار بالاستيلاء ، ووجود مقتضى التمليك، وهو انقضاء القتال، وفى قول أن الملك موقوف، فإن سلمت الغنيمة إلى القسمة بان ملكهم على الشيوع .

وبالقسمة -ولو فى دار الحرب -ثبت الملك، ويستقر عند جمهور الفقهاء :المالكية، والشافعية، والحنابلة .وبهذا قال الأوزاعى وابن المنذر وأبو ثور، لما روى أبو إسحاق الفزارى قال :قلت للأوزاعى :هل قسم رسول الله صلى الله عليه وسلم شيئا من الغنائم بالمدينة؟ قال :لا أعلمه، إنما كان الناس يتبعون غنائمهم ويقسمونها فى أرض عدوهم، ولم يقفل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن غزاة قط، أصاب فيها غنيمة إلا خمسه وقسمه من قبل أن يقفل، ولأن الملك ثبت فيها بالقهر والاستيلاء ، فصحت قسمتها كما لو أحرزت بدار الإسلام، لأن سبب الملك الاستيلاء التام وقد وجد، فإننا أثبتنا أيدينا عليها حقيقة، وقهرناهم ونفيناهم عنها، والاستيلاء يدل على حاجة المستولى فيثبت الملك كالمباحات.

لكن الحنفية يرون أن الملك لا يثبت للغزاة بدار الحرب بالاستيلاء ، ولكن ينعقد سبب الملك فيها، على أن يصير علة عند الإحراز بدار الإسلام، وعلى هذا فلم يعتبروا قسمة الغنائم فى دار الحرب قسمة تمليك، وإنما هى قسمة حمل، لأن ملك الكفار قائم، إذ الملك لا يتم عليها إلا بالاستيلاء التام، ولا يحصل إلا بإحرازها فى دار الإسلام، وما دام الغزاة فى دار الحرب فاسترداد الكفار ليس بنادر بل هو محتمل .

وأما إن كان المال المستولى عليه من الكفار بالقهر والغلبة أرضا، فإن للفقهاء ثلاثة اتجاهات : فالحنفية، والحنابلة فى رواية -عليها المذهب عندهم -صرحوا بأن الإمام مخير بين أن يقسمها أو يتركها فى يد أهلها بالخراج.

وقال المالكية فى المشهور عندهم :إنها لا تقسم، ويرصد خراجها فى مصالح المسلمين، إلا أن يرى الإمام فى وقت أن المصلحة تقتضى القسمة، والقول بأنها تصير وقفا بالاستيلاء ، ويرصد خراجها لصالح المسلمين رواية عند الحنابلة.

وقال الشافعية :إنها تملك للفاتحين كالمنقول.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

جس طرح مخصوص شرائط کے ساتھ کفار کی طرف سے مسلمانوں کے منقول وغیر منقول اموال پر کفار کے غلبہ وقہر اور ''استیلاء'' کے مخصوص احکام ہیں، جن میں ان کی ملکیت ثابت ہوجاتی ہے۔ [1]

مگر افسوس کہ موجودہ زمانہ کے بہت سے اصحابِ علم، ان احکام سے ناواقفیت کی وجہ سے قرآن وسنت کی ان نصوص کو، جن کا مخصوص قبیل سے تعلق ہوتا ہے، ان کو کما حقہ نہیں سمجھتے، اور ان کی مخصوص شرائط وقیود کو نظر انداز کر کے عام حکم لگا دیتے ہیں۔

اور زیرِ بحث مسئلہ ''تجارتی بائیکاٹ'' کا تعلق جہاد وقتال کے مخصوص عمل کے بجائے حربی ومسلم کے درمیان، باہمی رضامندی سے کی جانے والی جائز چیز کی خرید وفروخت، اور عقد ومعاملہ سے ہے، جس کے جائز ہونے کی فقہائے کرام نے تصریح کی ہے، اور انہوں نے اس کے لئے جن دلائل سے حجت پکڑی ہے، ان میں محارب کفار کی تصریح بھی ہے۔

بلکہ فقہائے کرام نے تو دارالحرب میں داخل ہونے والے مسلم تاجر، یا کسی بھی مقصد سے

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وهو رواية عند الحنابلة، وبه قال ابن رشد المالكي، وهو قول عند المالكية يقابل المشهور، وقالوا : إن الاستيلاء الحكمي كالحقيقي في ترتب الملك على الاستيلاء.

أما الأرض التي استولى عليها المسلمون بعد جلاء الكفار عنها خوفا، فإنها تصير بالاستيلاء عليها وقفا لمصالح المسلمين.

وأما الأرض التي استولى عليها المسلمون صلحا فإنها تبقى في أيدي أصحابها، إذا كان الصلح على أن تبقى في ملكيتهم، ويوضع عليها الخراج .أما إذا كان الصلح على أن يتملكها المسلمون فإنها تكون وقفا لمصالح المسلمين.

وأما إذا كان الاستيلاء على مال معصوم مملوك للغير بطريق من طرق التملك، فإن الاستيلاء وحده لا يكسب ملكية وإنما حدوث التملك يكون بالسبب المشروع الذي يقتضيه كالشراء والهبة، وحق الاستيلاء في هذه الحالة يكون أثرا ونتيجة للتملك وليس سببا له.

وأما إذا كان الاستيلاء عدوانا، فإنه لا يفيد ملكا (الموسوعة الفقهية الكويتية، ج۴، ص ۱۵۸ ،الی ۱۶۰ ، مادة''استيلاء'' حرف الألف)

[1] إن ما غنمه الكفار يملكونه بمجرد الاستيلاء عليه، سواء أحرزوه بدارهم أو لم يحرزوه، وهو رواية عن أحمد .ووجهه أن القهر سبب يملك به المسلم مال الكافر، فملك به الكافر مال المسلم (الموسوعة الفقهية الكويتية، ج۴، ص ۱۶۱ ،مادة''استيلاء'' حرف الألف)

امان کے ساتھ داخل ہونے والے کو، حربیوں کے مال میں ان کی رضامندی کے بغیر تعرض کرنے کو بھی جائز قرار نہیں دیا، چہ جائیکہ اس حربی کے مال میں تعرض کو جائز قرار دیا جائے، جو مسلم حکومت، یا کسی بھی مسلمان کی امان سے اسلامی ملک میں داخل ہوا ہو۔

اسی کے ساتھ فقہائے کرام نے اہلِ حرب کے امان وغیر امان والے اشخاص وافراد، اور حالات میں فرق کو ملحوظ رکھ کر احکام بیان کئے ہیں۔

چنانچہ فقہ حنفی کی کتاب ''الاختیار لتعلیل المختار'' میں ہے کہ:

**قال: (وإذا دخل المسلم دار الحرب بأمان لا يتعرض لشيء من دمائهم وأموالهم) لأن فيه غدرا بهم وأنه منهى عنه (فإن أخذ شيئا وأخرجه تصدق به) لأنه ملكه بأمر محظور وهو الغدر والخيانة وسبيله التصدق به لأنه ملك خبيث** (الاختيار لتعليل المختار، ج۴، ص ۱۳۵، كتاب السير، فصل ملك أهل الحرب)

ترجمہ: اور جب مسلمان، دارالحرب میں امان کے ساتھ داخل ہو، تو ان اہلِ حرب کی جانوں، اور مالوں میں سے کسی چیز میں تعرض کرنا، جائز نہیں، کیونکہ اس میں ان کے ساتھ دھوکہ دہی کا ارتکاب پایا جاتا ہے، جس کی اسلام میں ممانعت کی گئی ہے، پھر اگر مسلمان کوئی چیز (دھوکہ سے) لے کر نکل جائے، تو اس کو صدقہ کرے گا، کیونکہ وہ اس چیز کا ناجائز طریقہ پر مالک ہوا ہے، اور یہ دھوکہ اور خیانت ہے، اور اس سے خلاصی کا راستہ، اس کا صدقہ کرنا ہے، کیونکہ وہ خبیث (وحرام) ملکیت ہے (الاختیار)

اور بھی دیگر حضرات نے اس طرح کی پے در پے تصریحات کی ہیں۔ [1]

---

[1] إذا دخل المسلم دار الحرب بأمان أو بأسر، وائتمنوه على نفس أو مال لم يحل له خيانتهم في شيء، لأنهم أعطوه الأمان مشروطا بتركه خيانتهم، وأمنه إياهم من نفسه، وإن لم يكن ذلك في اللفظ، فهو معلوم في المعنى، فلم يحل له خيانتهم، لأنه غدر، ولا يصلح الغدر في الإسلام، فإن سرق منهم شيئا أو غصب، وجب رده إلى أربابه، فإن جاء أربابه إلى دار الإسلام بأمان رده إليهم،

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اور یہ بات ظاہر ہے کہ پورا قرآن مجید نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا، جس میں مذکورہ آیت بھی داخل ہے، لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت سے استدلال کرتے ہوئے، محارب کفار سے حلال مال کی خریداری کو ممنوع قرار نہیں دیا، اور فقہائے کرام نے بھی مذکورہ آیت سے یہ استدلال نہیں کیا۔

مذکورہ فتوے میں فقہاء کی عبارات سے حوالہ جات نقل کئے جانے کا جو ذکر کیا گیا ہے، ان میں کوئی حوالہ مذکور نہیں، اور ہم نے فقہاء کی عبارات سے جو حوالہ جات نقل کئے، وہ صراحتاً مذکورہ فتوے میں بیان کردہ حکم کے خلاف ہیں۔

واقعہ یہ ہے کہ سورہ توبہ کی مذکورہ آیت نمبر ایک سو بیس کے شروع میں اہلِ مدینہ اور ان کے اردگرد تمام اعرابیوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تخلف اختیار کرنے سے منع کیا گیا ہے، اور گویا کہ مسلمانوں کو نفیرِ عام کا حکم دیا گیا ہے، اور پھر اس جہاد وقتال کے موقع پر مجاہدین کو حاصل ہونے والی مشقت وتکالیف اور قتل وحصولِ مال وغیرہ جیسے تمام کاموں پر اجر وثواب کا ذکر کیا گیا ہے۔

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وإلا بعث به إليهم، لأنه أخذه على وجه محرم فلزمه رده، كما لو أخذ مال مسلم(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج ٢٠، ص ٢١٤، مادة"دارالحرب"حرف الدال)

وإذا دخل المسلم دار الحرب تاجرا فلا يحل له أن يتعرض لشيء من أموالهم ولا من دمائهم.

وإن غدر بهم وأخذ شيئا وخرج به ملكه ملكا محظورا ويؤمر أن يتصدق به(مختصر القدوری، ص ٢٣٥، كتاب السير)

قلت :ويدل على ذلك ما في السير الكبير وشرحه حيث قال :وإذا دخل المسلم دار الحرب بأمان، فلا بأس بأن يأخذ منهم أموالهم بطيب أنفسهم بأى وجه كان لأنه إنما أخذ المباح على وجه عرى عن الغدر فيكون ذلك طيبا له والأسير والمستأمن سواء حتى لو باعهم درهما بدرهمين أو باعهم ميتة بدراهم أو أخذ مالا منهم بطريق القمار فذلك كله طيب له أهـ ملخصا.

فانظر كيف جعل موضوع المسألة الأخذ من أموالهم برضاهم، فعلم أن المراد من الربا والقمار فى كلامهم ما كان على هذا الوجه وإن كان اللفظ عاما لأن الحكم يدور مع علته غالبا (قوله مطلقا) أى ولو بعقد فاسد ط (قوله بلا غدر) لأنه لما دخل دارهم بأمان، فقد التزم أن لا يغدرهم وهذا القيد لزيادة الإيضاح، لأن ما أخذه برضاهم لا غدر فيه(رد المحتار على الدر المختار، ج٥، ص ١٨٦، كتاب البيوع، باب الربا)

اور پھر اس کے بعد آیت نمبر ایک سو بائیس میں نفیرِ عام سے منع کیا گیا ہے۔ [1]

اور مفسرین کے بقول نفیرِ عام کے حکم کی مذکورہ آیت غزوہ تبوک کے موقعہ پر نازل ہوئی تھی۔ [2]

اور سنن ابی داؤد میں حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سورہ توبہ کی نفیرِ عام والی آیت کا حکم، اس سے اگلی آیت سے منسوخ ہے، جس میں نفیرِ عام سے منع کیا گیا ہے۔ [3]

البتہ بعض دوسرے حضرات نے فرمایا کہ مذکورہ آیت منسوخ نہیں، بلکہ وہ اس صورت کے ساتھ خاص ہے، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے نفیرِ عام کا حکم ہوا تھا، اور آپ کے حکم

---

[1] مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِنَ الْأَعْرَابِ أَنْ يَتَخَلَّفُوا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ وَلَا يَرْغَبُوا بِأَنْفُسِهِمْ عَنْ نَفْسِهِ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ لَا يُصِيبُهُمْ ظَمَأٌ وَلَا نَصَبٌ وَلَا مَخْمَصَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا يَطَئُونَ مَوْطِئًا يَغِيظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُونَ مِنْ عَدُوٍّ نَيْلًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهِ عَمَلٌ صَالِحٌ إِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ .

وَلَا يُنْفِقُونَ نَفَقَةً صَغِيرَةً وَلَا كَبِيرَةً وَلَا يَقْطَعُونَ وَادِيًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ .

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنْفِرُوا كَافَّةً فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَائِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ(سورة التوبة،رقم الآية ١٢٠ ،الىٰ ١٢٢)

[2] ما كان لأهل المدينة ومن حولهم من الأعراب أن يتخلفوا عن رسول الله ولا يرغبوا بأنفسهم عن نفسه ذلك بأنهم لا يصيبهم ظمأ ولا نصب ولا مخمصة فى سبيل الله ولا يطؤن موطئا يغيظ الكفار ولا ينالون من عدو نيلا إلا كتب لهم به عمل صالح إن الله لا يضيع أجر المحسنين.

يعاتب تبارك وتعالى المتخلفين عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فى غزوة تبوك من أهل المدينة ومن حولها من أحياء العرب، ورغبتهم بأنفسهم عن مواساته فيما حصل له من المشقة، فإنهم نقصوا أنفسهم من الأجر لأنهم لا يصيبهم ظمأ وهو العطش ولا نصب وهو التعب ولا مخمصة وهى المجاعة ولا يطؤن موطئا يغيظ الكفار .أى ينزلون منزلا يرهب عدوهم ولا ينالون منه ظفرا وغلبة عليه إلا كتب لهم بهذه الأعمال التى ليست داخلة تحت قدرهم وإنما هى ناشئة عن أفعالهم أعمالا صالحة وثوابا جزيلا (تفسير ابنِ كثير، ج۴،ص ۲۰۵ ،سورة التوبة)

[3] عن عكرمة ،عن ابن عباس قال: "إلا تنفروا يعذبكم عذابا أليما"و"ما كان لأهل المدينة " إلى قوله: "يعملون": نسختها الآية التى تليها: "وما كان المؤمنون لينفروا كافة"(سنن أبى داود،رقم الحديث۲۵۰۵، كتاب الجهاد،باب فى نسخِ نفيرِ العامّة بالخاصّة)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده حسن من أجل على بن الحسين(حاشية سنن ابى داود)

کی وجہ سے اس موقع پر جہاد وقتال فرضِ عین ہوگیا تھا، اور کسی کے لئے تخلف جائز نہیں رہا تھا۔ [1]

اور بعض حضرات نے فرمایا کہ یہی حکم اس وقت ہے، جب جہاد فرضِ عین ہوجائے۔

اور بعض نے اس حکم کو ندب واستحباب پر محمول کیا ہے۔ [2]

اور یہ بات معلوم ہے کہ جمہور کے نزدیک عام حالات میں جہاد وقتال فرضِ کفایہ ہے۔ [3]

---

[1] وقوله:"ما كان لأهل المدينة ومن حولهم من الأعراب أن يتخلفوا عن رسول الله "إنهن منسوخات بقوله تعالى : "وما كان المؤمنون لينفروا كافة فلولا نفر من كل فرقة منهم طائفة "روى هذا عن ابن عباس وعكرمة والحسن، وزيد بن أسلم. ورده ابن جرير وقال :إنما هذا فيمن دعاهم رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى الجهاد فتعين عليهم ذلك فلو تركوه لعوقبوا عليه وهذا له اتجاه والله سبحانه وتعالى أعلم بالصواب(تفسير ابنِ كثير، ج۴،ص ۱۳۶،سورة التوبة)

[2] واختلف علماء الناسخ والمنسوخ فى هذه الآية على ثلاثة أقوال :أحدها أنها محكمة ناسخة للعفو عن المشركين .القول الثانى :إنها منسوخة لأن فيها وجوب الجهاد على الكافة ثم نسخ بقوله تعالى :وما كان المؤمنون لينفروا كافة القول الثالث :إنها ناسخة من وجه ومنسوخة من وجه فالناسخ منها إيجاب الجهاد مع المشركين بعد المنع منه، والمنسوخ إيجاب الجهاد على الكافة(تفسير الخازن، ج ۱ ،ص ۱۴۵ ،سورة التوبة)

قال الحسن وعكرمة :هذه الآية منسوخة بقوله وما كان المؤمنون لينفروا كافة وقال الجمهور هذه الآية محكمة لأنها خطاب لقوم استنفرهم رسول الله صلى الله عليه وسلم فلم ينفروا كما نقل عن ابن عباس وعلى هذا التقدير فلا نسخ(تفسير الخازن، ج ۲ ،ص ۳۶۰،سورة التوبة)

قلت :من العلماء من حمله على الوجوب ثم إنه نسخ.

قال ابن عباس :نسخت هذه الآية بقوله وما كان المؤمنون لينفروا كافة الآية .وقال السدى: نسخت بقوله:ليس على الضعفاء ولا على المرضى الآية ومنهم من حمل هذا الأمر على الندب(تفسير الخازن، ج ۲ ،ص ۳۶۶،سورة التوبة)

[3] ثم اختلف القائلون بالفرضية:

فذهب الجمهور إلى أنه فرض على الكفاية إذا قام به البعض سقط عن الباقين لحصول المقصود وهو كسر شوكة المشركين، وإعزاز الدين .ومعنى الكفاية فى الجهاد أن ينهض إليه قوم يكفون فى جهادهم، إما أن يكونوا جندا لهم دواوين من أجل ذلك، أو يكونوا أعدوا أنفسهم له تطوعا بحيث إذا قصدهم العدو حصلت المنعة بهم، ويكون فى الثغور من يدفع العدو عنها، ويبعث فى كل سنة جيشا يغيرون على العدو فى بلادهم.

وفرض الكفاية :ما قصد حصوله من غير شخص معين، فإن لم يوجد إلا واحد تعين عليه، كرد السلام، والصلاة على الجنازة فإذا لم يقم بالواجب من يكفى، أثم الناس كلهم(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج ۱۶ ،ص ۱۲۹ ،مادة"جهاد"حرف الجيم)

اور وہ مخصوص حالات میں علیٰ اختلاف الاقوال ''فرضِ عین'' ہوتا ہے۔

اور جب فرضِ عین ہوتا ہے، تو پھر جہاد وقتال سے تخلف اختیار کر کے دوسرے کام کاج بھی جائز نہیں رہتے، اور علماء وصلحاء کو بھی تخلف جائز نہیں رہتا۔

اور ایسی صورت میں دور بیٹھ کر محض تجارتی بائیکاٹ سے فریضہ اداء نہیں ہوتا، جیسا کہ مذکورہ فتوے میں ذکر کردہ آیت کے ابتدائی حصہ میں ہی اہلِ شہر اور ماحول کے تمام افراد کے تخلف اختیار کرنے پر تنبیہ کی گئی ہے، اور تخلف اختیار کرنے والے کے لئے ''ینالون من عدو نیلا'' پر عمل پیرا ہونا ممکن ہی نہیں، جیسا کہ پہلے گذرا۔

اور کسی عمل کے کسی دوسری جہت سے مستحب واولیٰ درجہ میں عملِ صالح ہونے پر کلام پہلے گذر چکا ہے، جس کو زور زبردستی کر کے مذکورہ آیت کا مصداق بنانے کے تکلف میں پڑنے کی ضرورت نہیں، پھر بھی اگر کوئی زور لگا کر اس کو عملِ صالح قرار دے، اور اس کی جملہ حدود وقیود کو بھی ملحوظ رکھے، تب بھی اس کو وہ ترقی دے کر مستحب درجہ میں لاسکتا ہے، اس کو لازم اور واجب قرار دینا، جس کی خلاف ورزی گناہ ہوتی ہے، درست نہیں، چہ جائیکہ غیر مباح طریقہ پر کسی طرح کوئی بھی نقصان پہنچانے کو، عملِ صالح قرار دیا جائے، جیسا کہ مذکورہ فتوے میں یہ طرزِ عمل اختیار کیا گیا ہے۔ [1]

---

[1] متی یصیر الجهاد فرض عین؟

- ذهب جمهور الفقهاء إلى أنه يصير الجهاد فرض عين فى كل من الحالات الآتية:

أ -إذا التقى الزحفان، وتقابل الصفان، حرم على من حضر الانصراف، وتعين عليه المقام، لقوله تعالى :(يا أيها الذين آمنوا إذا لقيتم فئة فاثبتوا) . . . إلى قوله :(واصبروا إن الله مع الصابرين .

ب -إذا هجم العدو على قوم بغتة، فيتعين عليهم الدفع ولو كان امرأة أو صبيا، أو هجم على من بقربهم، وليس لهم قدرة على دفعه، فيتعين على من كان بمكان مقارب لهم أن يقاتلوا معهم إن عجز من فجأهم العدو عن الدفع عن أنفسهم، ومحل التعين على من بقربهم إن لم يخشوا على نسائهم وبيوتهم من عدو بتشاغلهم بمعاونة من فجأهم العدو، وإلا تركوا إعانتهم.

وعند الشافعية يعتبر من كان دون مسافة القصر من البلدة كأهلها، ومن على المسافة يلزمه الموافقة بقدر الكفاية إن لم يكف أهلها، ومن يليهم .وأما من لم يفجأهم العدو فلا يتعين عليهم، يستوى فى

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اور یہودیوں کے مخصوص ارادہ کی وجہ سے ان کو محارب ہونے کے ساتھ مخصوص سمجھنا بھی درست نہیں، کفار کے محض ارادہ کرنے پر اس قسم کا حکم عائد نہیں کیا جاسکتا، اور اس طرح کے ارادے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں، یہود اور دوسرے کفار بھی رکھتے تھے، اور اس سے بڑھ کر مشرکین محاربین، مسلمانوں کے اول وآخری قبلہ، اور مکہ مکرمہ اور مومنوں کے دیار واموال پر قابض تھے۔ [1]

اور آج بھی امریکہ اور دوسرے بیشتر کفار اسی قسم کے ارادے رکھتے ہیں، اور وہ اسرائیلی یہودیوں کی زبانی وعملی طور پر کھلم کھلا حمایت ونصرت کرتے ہیں۔

جبکہ بعض دوسرے ایسے ممالک پر بھی آج کفار قابض ومسلط، اور استیلاء حاصل کئے ہوئے

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

ذلک المقل منهم والمكثر .ومعناه :أن النفير يعم جميع الناس ممن كان من أهل القتال حين الحاجة لمجيء العدو إليهم، ولا يجوز لأحد التخلف إلا من يحتاج إلى تخلفه لحفظ المكان والأهل والمال، ومن يمنعه الأمير من الخروج، أو من لا قدرة له على الخروج أو القتال .

وقد ذم الله تعالى الذين أرادوا الرجوع إلى منازلهم يوم الأحزاب فقال :(ويستأذن فريق منهم النبى يقولون إن بيوتنا عورة وما هى بعورة إن يريدون إلا فرارا .

ج -إذا استنفر الإمام قوما لزمهم النفير معه إلا من له عذر قاطع؛ لقول الله تعالى :(يا أيها الذين آمنوا ما لكم إذا قيل لكم انفروا فى سبيل الله اثاقلتم إلى الأرض أرضيتم بالحياة الدنيا من الآخرة فما متاع الحياة الدنيا فى الآخرة إلا قليل .

وقال النبى صلى الله عليه وسلم :لا هجرة بعد الفتح ولكن جهاد ونية، وإذا استنفرتم فانفروا وذلک لأن أمر الجهاد موكول إلى الإمام واجتهاده، ويلزم الرعية طاعته فيما يراه من ذلک

ونص المالكية على أنه يتعين الجهاد بتعيين الإمام ولو لصبى مطيق للقتال أو امرأة، وتعيين الإمام إلجاؤه إليه وجبره عليه، كما يلزم بما فيه صلاح حاله، لا بمعنى عقابه على تركه، فلا يقال :إن توجه الوجوب للصبى خرق للإجماع(الموسوعة الفقهية الكويتية، ج١٦، ص١٣٠ الىٰ ١٣٢، مادة "جهاد" حرف الجيم)

[1] يُرِيدُونَ أَنْ يُطْفِئُوا نُورَ اللَّهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَيَأْبَى اللَّهُ إِلَّا أَنْ يُتِمَّ نُورَهُ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُون.
هُوَ الَّذِى أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ
يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ كَثِيرًا مِنَ الْأَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَأْكُلُونَ أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ (سورة التوبة، رقم الآية ٣٢،الىٰ ٣٤)
أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا وَإِنَّ اللَّهَ عَلَى نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ .الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ(سورة الحج، رقم الآية ٤٠)

ہیں، جو پہلے مسلمانوں کے قبضہ میں تھے، جیسا کہ مغرب کے بعض ممالک، اور ہندوستان وغیرہ، اور ہندو اس پورے علاقہ، بلکہ پاکستان کو بھی اپنی قدیم ملکیت تصور کرتے ہیں، اور اس پر قابض ہونے کا ارادہ رکھتے، اور جدوجہد کرتے ہیں۔

پس ایسی صورت میں حربیوں کے مذکورہ حکم کو یہود کے ساتھ ساتھ، حجاز اور جزیرۂ عرب کے علاوہ تمام علاقوں کے کفار، اور بالخصوص اسرائیلی یہودیوں کی زبانی وعملی طور پر حمایت ونصرت کرنے والے لوگوں اور ملکوں کی کمپنیوں، پر مذکورہ فتوے میں مذکور یہی حکم لگانا لازم آئے گا، اوران پر یہ حکم لگانا لازم ہوگا کہ:

''لا'' نکرہ ہے، تحت النفی مفیدِ استغراق ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ دشمن کو کسی طرح کوئی بھی نقصان پہنچانا، عملِ صالح ہے۔

اور یہ کہ:

''اس حالت میں کوئی ایسی چیز بازار سے نہ خریدی جائے، جس سے ان کی مالی پوزیشن مستحکم ہو''

اور یہ کہ:

''مسلمانانِ عالم کو اجتماعی طور پر ان کے اموالِ تجارت کا بائیکاٹ کرنا لازم ہے''۔

اور یہ بات معلوم ہے کہ فلسطین، اور اسرائیل کا علاقہ اس حجازِ مقدس اور جزیرہ عرب سے خارج ہے، جس کے احکام دوسری اراضی کے مقابلہ میں زیادہ سخت ہیں۔ [1]

---

[1] الأحكام الخاصة بجزيرة العرب:

لما كانت أرض العرب منبت الإسلام وعرينه، وفيها بيت الله ومهبط الوحي، فقد اختصت عن سائر البلاد الإسلامية بأربعة أحكام:

الأول :أنها لا يسكنها غير المسلمين.

والثاني :أنه لا يدفن بها أحد من غير المسلمين.

والثالث :أنها لا يبقى فيها دار عبادة لغير المسلمين.

والرابع :أنها لا يؤخذ من أرضها خراج.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

علاوہ ازیں دجالِ اکبر، اوراس کے یہودی پیروکاروں کا، مدینہ منورہ پر تسلط حاصل کرنا ممکن بھی نہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَيْسَ مِنْ بَلَدٍ إِلَّا سَيَطَؤُهُ الدَّجَّالُ، إِلَّا مَكَّةَ، وَالْمَدِيْنَةَ، لَيْسَ لَهُ مِنْ نِقَابِهَا نَقْبٌ، إِلَّا عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ صَافِّيْنَ يَحْرُسُوْنَهَا** (صحيح البخاری، رقم الحديث ۱۸۸۱، كتاب الجنائز، فضائل المدينة، باب: لا يدخل الدجال المدينة، صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۹۴۳ "۱۲۳")

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی شہر ایسا نہیں ہوگا، جس میں دجال نہ پہنچے، سوائے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے، مدینہ منورہ کے سوراخوں (وراستوں) میں سے کوئی سوراخ (وراستہ) ایسا نہیں ہوگا، جس پر فرشتے صف بستہ اس کی حفاظت کے لئے موجود نہ ہوں (بخاری، مسلم)

اس طرح کی اور بھی کئی احادیث ہیں، جن کو ہم نے اپنی دوسری مفصل تالیف "قربِ قیامت اور فتنوں کا ظہور" میں نقل کر دیا ہے۔

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وفی كل من هذه الأحكام تفصيل سيأتی.

ما يمنع الكفار من سكناه من أرض العرب:

ورد عن النبی صلى الله عليه وسلم أحاديث فی منع الكفار من سكنى الأرض التی يفتحها المسلمون:

وقد اختلف الفقهاء فيما ينطبق عليه هذا الحكم من جزيرة العرب، على أقوال:

الأول: وهو مذهب الحنفية والمالكية، أن الكفار يمنعون من سكنى جزيرة العرب كلها، أخذا بظاهر الأحاديث الواردة فی ذلک.....

الرأی الثانی: وهو مذهب الشافعية والحنابلة، أن المراد بأرض العرب ليس كل ما تشمله (جزيرة العرب) فی اللغة، بل أرض الحجاز خاصة (الموسوعة الفقهية الكويتية، ج۳، ص۱۲۷ و۱۲۸، مادة "ارض" حرف الألف)

پھر بعد میں اس طرح کے اور بھی کئی فتوے جاری کئے گئے، جن میں یہاں تک برملا دعویٰ کیا گیا کہ اسرائیلی اور دوسری تمام ملٹی نیشنل کمپنیوں (MNC) کی مصنوعات کا بائیکاٹ واجب ہے، اوران سے بائیکاٹ نہ کرنا، گناہِ کبیرہ اور حرام ہے۔

ملٹی نیشنل کمپنی دراصل ایسی کمپنی کو کہا جاتا ہے، جس کا ہیڈ کوارٹر تو کسی ایک ملک میں ہو، لیکن اس کا بزنس سیٹ اپ کئی ممالک میں پھیلا ہوا ہو، اس وقت دنیا بھر میں دس ہزار سے بھی زائد ملٹی نیشنل کمپنیاں کام کر رہی ہیں، جن میں سے بیشتر کمپنیاں امریکا، روس، جاپان، اور چین سے تعلق رکھتی ہیں، ملٹی نیشنل کمپنیوں میں کئی کمپنیاں تیل، پٹرول، موبائل اور آج کل ہر دوسرے شخص کے زیرِ استعمال متعدد اشیاء کی تجارت کرنے والی بھی شامل ہیں۔

جس کا مطلب سوائے اس کے کیا ہوسکتا ہے کہ آج پوری امتِ مسلمہ اجتماعی طور پر ترکِ واجب کر کے، کبیرہ گناہ، اور حرام میں مبتلاء ہے، جس میں وہ سب علماء وصلحاء بھی شامل ہیں، جو ملٹی نیشنل کمپنیوں کی مصنوعات کو استعمال کرتے ہیں، خواہ ان کی متبادل دوسری کمپنیوں کی مصنوعات موجود ہوں، یا نہ ہوں، اور خواہ وہ ان کمپنیوں کی کوئی دوا، اور علاج ومعالجہ کی چیز، یا کوئی گاڑی، اور اس کا پٹرول، یا موبائل خریدیں، یا کوئی دوسری مشینری، یا کھانے پینے، اور دوسرے طریقہ سے استعمال کرنے کی کوئی چیز خریدیں، یا کرایہ واجارہ پر استعمال کریں، اور ان کو اس کا معاوضہ اداء کریں، یہاں تک کہ انٹرنیٹ اور موبائل سروسز کے استعمال اور فرنچائز کے طور پر کاروبار کر کے اس کے ٹیکس، اور منافع کو اداء کرنے کا بھی حرام اور کبیرہ گناہ ہونا لازم آتا ہے، اور تمام بینکاری امور کا بھی ناجائز وحرام ہونا لازم آتا ہے، جن سے ہر انسان کا کسی نہ کسی طرح سے تعلق ہے، حج وعمرہ کے سفر پر جانے والوں کے زیرِ استعمال تو زیادہ تر ایسی ہی اشیاء ہیں، اور دنیا بھر سے آنے والے مسلمان زائرین کا نفع ان ہی کمپنیوں کو پہنچتا ہے۔

اور یہ بات معلوم ہے کہ حرام اور کبیرہ گناہ کا استعمال صرف مخصوص مجبوری واضطراری حالت

کے علاوہ جائز نہیں ہوا کرتا، جس طرح کی حالت میں خنزیر اور شراب وغیرہ کا استعمال جائز ہوا کرتا ہے، اور یہ بات بھی معلوم ہے کہ اس طرح مجبوری واضطرار کی حالت شاید ہی خال خال کسی کو پیش آئے۔

اور ہم پہلے ذکر کر آئے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی اس دور کے اعتبار سے مشرکوں اور یہودیوں کی تجارت وصنعت کا ملٹی نیشنل نظام موجود تھا، جس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ واقف تھے، قرآن مجید میں اس سے دھوکہ کھانے کو منع کیا گیا، اور ان سے جائز چیزوں کی خرید وفروخت کو ان کے گناہ وظلم، یا شرک وکفر میں اعانت وتعاون نہیں سمجھا گیا، اور نہ ہی یہ لازم آتا کہ ملٹی نیشنل کمپنیوں کے منافع کا سارا استعمال صرف مسلمانوں کے خلاف ہوتا ہو، اور دوسرے مقاصد میں نہ ہوتا ہو، باقی کفار ومشرکین کا اپنی آمدنی اور مال کا کفر وشرک اور گناہوں میں استعمال کرنا، کوئی موجودہ دور کا نیا وجدید مسئلہ نہیں، ہر دور میں اس کا ان کو اختیار حاصل تھا، اور وہ ان کا اپنا فعل وعمل ہے، ان سے مباح وجائز معاملہ کرنے والا نہ اس کا مکلّف ہے، اور نہ ذمہ دار ہے۔

ہم نے اس سلسلہ میں قرآن وسنت کی تصریحات، اور ان جلیلُ القدر مجتہدینِ عظام، وفقہائے کرام کی تصریحات پہلے نقل کردی ہیں، جن کی قرآن وسنت پر نظر یقیناً آج کل کے ان جید علمائے کرام کے فتووں سے زیادہ تھی، اور ان سے موجودہ زمانہ کے اس قسم فتووں کی جدت وحدت کی صاف تردید ہوتی ہے۔

بعض ابنائے زمانہ علماء نے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور تعامل کو ایک طرف رکھ کر، اور جمہور فقہاء ومحدثین کی تصریحات کے مقابلہ میں، مروجہ بائیکاٹ کے ثبوت، اور اس کو اہم غیرتِ ایمانی کا تقاضا ہونے کے لئے اس واقعہ سے استدلال کیا، جس میں کفارِ قریش وکنانہ کے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کے حوالہ نہ کرنے تک، بنو ہاشم اور بنو مطلب کے ساتھ، نکاح نہ کرنے اور خرید وفروخت نہ کرنے، اور ان کے ساتھ نشست وبرخواست ترک کرنے کی قسم

اٹھانے کا ذکر ہے۔ [1]

حالانکہ پہلی بات تو یہ ہے کہ وہ ردِ عمل کافروں کا کفر پر مبنی تھا، اور کفار کی طرف سے یہ سب کچھ کئے جانے کے بعد، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا طرزِ عمل اس کے برعکس تھا، جیسا کہ گذرا۔

دوسری بات یہ ہے کہ کفار کا یہ طرزِ عمل بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کی جدوجہد کے لئے تھا، جو سراسر کفر تھا، اور انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل وکفر پر قسمیں اٹھائی تھیں۔ [2]

اور احادیث کی رو سے ان کا یہ عمل نہ صرف کفر، بلکہ اشدِ کفر واعظمِ کفر تھا۔ [3]

---

[1] عن أبی هريرة رضی الله عنه قال: قال النبی صلی الله عليه وسلم، من الغد يوم النحر، وهو بمنی: نحن نازلون غدا بخيف بنی كنانة، حيث تقاسموا علی الكفر .يعنی ذلک المحصب، وذلک أن قريشا وكنانة، تحالفت علی بنی هاشم وبنی عبد المطلب، أو بنی المطلب: أن لا يناكحوهم ولا يبايعوهم، حتی يسلموا إليهم النبی صلی الله عليه وسلم(صحيح البخاری،رقم الحديث ۱۵۹۰، كتاب الحج، باب نزول النبی صلی الله عليه وسلم مكة)

عن أسامة بن زيد، قال: قلت: يا رسول الله، أين تنزل غدا؟ فی حجته، قال: " هل ترک لنا عقيل منزلا؟ "ثم قال: " نحن نازلون بخيف بنی كنانة، حيث قاسمت قريش علی الكفر "يعنی المحصب، وذلک أن بنی كنانة حالفت قريشا علی بنی هاشم أن لا يناكحوهم ولا يبايعوهم ولا يؤووهم .قال الزهری: والخيف الوادی(سنن أبی داود،رقم الحديث ۲۰۱۰، كتاب المناسک،باب التحصيب)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح(حاشية سنن ابی داود)

[2] عن أسامة بن زيد، قال: قلت: يا رسول الله، أين ننزل غدا؟ فی حجته، قال: " وهل ترک لنا عقيل منزلا؟ "ثم قال: " نحن نازلون غدا إن شاء الله بخيف بنی كنانة – يعنی المحصب – حيث قاسمت قريش علی الكفر ."وذلک أن بنی كنانة حالفت قريشا علی بنی هاشم: أن لا يناكحوهم، ولا يبايعوهم، ولا يؤووهم .ثم قال عند ذلک: "لا يرث الكافر المسلم، ولا المسلم الكافر ."(مسند احمد،رقم الحديث ۲۱۷۶۶)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح علی شرط الشيخين(حاشية مسند احمد)

[3] قوله: (حيث تقاسموا علی الكفر) وتقاسمهم علی الكفر هو تقاسمهم علی قتل النبی صلی الله عليه وسلم، وهو من أعظم الكفر وأشده(عمدة القاری شرح صحيح البخاری،ج۱۷،ص۱۷، كتاب مناقب الانصار،باب تقاسم المشركين علی النبی صلی الله عليه وسلم)

قوله: حيث تقاسموا أی: تحالفوا علی الكفر أی: علی أنهم لا يناكحوا بنی هاشم وبنی المطلب ولا يبايعوهم ولا يساكنوهم بمكة حتی يسلموا إليهم النبی، وكتبوا بها صحيفة وعلقوها علی الكعبة(عمدة القاری شرح صحيح البخاری،ج۲۵،ص۱۵۱، كتاب التوحيد،باب شهر رمضان الذی أنزل فيه القرآن هدی للناس وبينات من الهدی والفرقان الخ)

تیسری بات یہ ہے کہ کافروں کے اس فعل کو کسی بھی طرح ''غیرتِ ایمانی'' سے تعبیر کرنے کی گنجائش نہیں، بلکہ اس کو ''غیرتِ کفریہ وشیطانیہ'' سے تعبیر کرنا ہی موزون ہے۔

بھلا کفار، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جان کے دشمنوں کے ایسے فعل سے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کی گھناؤنی سازش کے لئے کیا گیا ہو، اس طرح کا استدلال کرنا کیسے درست قرار پاسکتا ہے، جبکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنا قول وفعل، اس کے برخلاف موجود ہو۔

یہی وجہ ہے کہ فقہائے کرام ومحدثینِ عظام نے اس واقعہ سے مروجہ بائیکاٹ شروع ہونے پر استدلال ہی نہیں کیا۔

اور پیچھے گذر چکا ہے کہ بائیکاٹ کی اصطلاح وپالیسی ہی اسلام کی آمد کے ہزاروں سال بعد غیر مسلموں کی طرف سے ایجاد کی گئی ہے، پس اس بائیکاٹ کو قرآن وسنت سے سہارا فراہم کرنا، اور فقہائے مجتہدین کے مقابلہ میں جدید اجتہاد کی کوشش کرنا، اور ایک جائز وحلال عمل کو ناجائز وحرام، یا ''غیرتِ ایمانی کے خلاف'' قرار دینا، اور جس عمل پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکیر نہیں کی، اس پر نکیر کرنا، اور جس چیز کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تبلیغ وتشہیر نہیں کی، اس کی تبلیغ وتشہیر کرنا، کیسے راجح قرار پاسکتا ہے۔

بعض علماء نے مروجہ بائیکاٹ کا حکم ثابت کرنے کے لئے ابنِ کثیر کی ''البداية والنهاية'' کے حوالہ سے لکھا کہ:

> ''اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں ایک معاہدہ کیا، اس میں ایک شق یہ بھی رکھی تھی کہ:
>
> وَإِنَّهُ لَا تُجَارُ قُرَيْشٌ وَلَا مَنْ نَصَرَهَا
>
> ''اور نہ قریش کے ساتھ تجارت کی جائے گی، اور نہ ان لوگوں کے ساتھ تجارت کی جائے گی، جو قریش کی مدد کریں گے''

جس سے معلوم ہوا کہ نہ تو موجودہ زمانہ کے محارب کفار سے تجارت جائز ہے، اور نہ ہی ان کے مددگار ونصرت کاروں سے جائز ہے، اور آج کل کی تمام ملٹی نیشنل کمپنیاں ایک دوسرے کی

معاون ومددگار، اور مسلمانوں کی محارب ہیں، اس لئے ان سب سے معاملات وتجارت ناجائز ہے۔

حالانکہ مذکورہ علماء کا یہ استدلال درست نہیں، بلکہ انتہائی کمزور ہے، جو اس قابل بھی نہ تھا کہ اس کا ذکر کیا جائے، لیکن آج اس طرح کے علمائے زمانہ، اصل فقہائے مجتہدین کے صحیح اجتہادات سے استفادہ کرنے کے مقابلہ میں اپنے جذبات کے مطابق خود اجتہاد کرنے کا زیادہ شوق رکھتے ہیں، اور قدم قدم پر لغزش کھاتے ہیں، اس لئے، اس پر تبصرہ کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ ابنِ کثیر (المتوفیٰ: 774ھ) نے اس واقعہ کو محمد بن اسحاق (المتوفیٰ: 151ھ) کے حوالہ سے بغیر سند کے نقل کیا ہے۔ [1]

اور عبدالملک بن ہشام (المتوفیٰ: 213ھ) نے بھی اس واقعہ کو محمد بن اسحاق کے حوالہ سے بغیر سند کے نقل کیا ہے۔ [2]

---

[1] وقال محمد بن إسحاق :وكتب رسول الله صلى الله عليه وسلم كتابا بين المهاجرين والأنصار، وادع فيه اليهود وعاهدهم، وأقرهم على دينهم وأموالهم، واشترط عليهم وشرط لهم: بسم الله الرحمن الرحيم، هذا كتاب من محمد النبى، بين المؤمنين والمسلمين، من قريش ويثرب ومن تبعهم فلحق بهم وجاهد معهم :إنهم أمة واحدة من دون الناس، المهاجرون من قريش على ربعتهم، يتعاقلون بينهم، وهم يفدون عانيهم بالمعروف والقسط، وبنو عوف على ربعتهم، يتعاقلون معاقلهم الأولى، وكل طائفة تفدى عانيها بالمعروف والقسط بين المؤمنين.....

وإنه لا تجار حرمة إلا بإذن أهلها، وإنه ما كان بين أهل هذه الصحيفة من حدث أو اشتجار يخاف فساده، فإن مرده إلى الله وإلى محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم، وإن الله على أتقى ما فى هذه الصحيفة وأبره، وإنه لا تجار قريش ولا من نصرها، وإن بينهم النصر على من دهم يثرب.

(البداية والنهاية، ج۴، ص۵۵۵ الیٰ ۵۵۸ ملخصاً، ذكر ما وقع فى السنة الأولى من الهجرة النبوية من الحوادث والوقائع العظيمة، فصل فى عقده عليه السلام الألفة بين المهاجرين والأنصار)

[2] قال ابن إسحاق: وكتب رسول الله صلى الله عليه وسلم كتابا بين المهاجرين والأنصار، وادع فيه يهود وعاهدهم، وأقرهم على دينهم وأموالهم، وشرط لهم، واشترط عليهم:

بسم الله الرحمن الرحيم، هذا كتاب من محمد النبى صلى الله عليه وسلم، بين المؤمنين والمسلمين من قريش ويثرب، ومن تبعهم، فلحق بهم، وجاهد معهم.....

وإنه لا تجار حرمة إلا بإذن أهلها، وإنه ما كان بين أهل هذه الصحيفة من حدث أو اشتجار يخاف

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

جبکہ محمد بن اسحاق کی کتب میں اس روایت کا مذکورہ الفاظ کے ساتھ وجود نہیں ملتا۔

اسی لئے بعض حضرات نے اس واقعہ کی صحت کو غیر معروف کہا ہے۔ [1]

دوسری بات یہ ہے کہ اگر اس روایت اور واقعہ کو کچھ دیر کے لئے تسلیم بھی کرلیا جائے، تو اس میں ''لَا تُجَار'' کا لفظ تجارت کے معنیٰ میں ہرگز استعمال نہیں ہوا، ورنہ تو ''لاتتجر'' جیسے الفاظ استعمال ہوتے۔ [2]

واقعہ یہ ہے کہ یہ لفظ ''اجار، یجیر'' سے ماخوذ ہے، اور یہ فعل مضارع مونث مجہول کا صیغہ ہے، جیسا کہ قرآن مجید کی سورہ مومنون میں ''وَهُوَ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ'' کے الفاظ موجود ہیں۔

ورنہ اسی روایت میں اس سے پہلے ''لَا تُجَارُ حُرْمَةٌ إِلَّا بِإِذْنِ أَهْلِهَا'' کے الفاظ بھی ہیں، وہ بھی تجارت کے معنیٰ میں نہیں۔ [2]

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ فساده، فإن مرده إلى الله عز وجل، وإلى محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم، وإن الله على أتقى ما فى هذه الصحيفة وأبره.

وإنه لا تجار قريش ولا من نصرها، وإن بينهم النصر على من دهم يثرب، وإذا دعوا إلى صلح يصالحونه ويلبسونه(سيرة ابن هشام، ج ۱، ص ۵۰۱ الیٰ ۵۰۴ ملخصاً، كتابه صلى الله عليه وسلم بين المهاجرين والأنصار وموادعة يهود)

[1] الحديث الثانى عشر قال :( 18/2 ) : (روى ابن هشام أن النبى عليه الصلاة والسلام ... كتب كتابا بين المهاجرين والأنصار وادع فيه اليهود وعاهدهم وأقرهم على دينهم وأموالهم وشرط لهم واشترط عليهم.

قلت :هذا مما لا يعرف صحته فإن ابن هشام رواه فى (السيرة) ( 147/2 ) قال :ابن إسحاق ... فذكره هكذا بدون إسناد فهو معضل وقد نقله ابن كثير ( 225/3 - 224 ) عن ابن إسحاق ولم يزد عليه(دفاع عن الحديث النبوى والسيرة،للالبانى،ص ۲۵،الحديث الثانى عشر)

[2] قال الزهرى فيمن جعل ألف دينار فى سبيل الله ودفعها إلى غلام له تاجر يتجر بها(صحيح البخارى، ج۴ص ۱۲، كتاب الوصايا، باب وقف الدواب والكراع والعروض والصامت)

[2] (قل من بيده ملكوت) ملك (كل شىء ) والتاء للمبالغة (وهو يجير ولا يجار عليه) يحمى ولا يحمى عليه (إن كنتم تعلمون)(تفسير الجلالين،ص ۵۵۴،سورة المؤمنون)

(أجاره) حماه وأنقذه ويقال أجاره من فلان وفى التنزيل العزيز (وهو يجير ولا يجار عليه) ويقال أجاره الله من عذابه والمتاع حفظه وفلانا عن الطريق عدل به عنه وعلى القوم فلان مضت عليهم إجارته ونفذت(المعجم الوسيط، ج ۱، ص ۱۴۶، باب الجيم)

اور صحیح مطلب اس جملہ کا یہ ہے کہ اگر قریش کی طرف سے مدینہ پر حملہ کیا جائے گا، تو اہلِ یہود، قریش، اور ان کے مددگاروں کو پناہ نہیں دیں گے، اور مسلمانوں کا دفاع کریں گے۔ [1]

تیسری بات یہ ہے کہ ابو عُبید قاسم بن سلاّم (المتوفیٰ: 224ھ) نے اس واقعہ کو ابنِ شہاب (المتوفیٰ: 123ھ) سے ان الفاظ میں روایت کیا ہے کہ ''بلغنی'' جس میں کسی تابعی اور صحابی سے سننے کا ذکر نہیں، اس لئے یہ روایت منقطع ہے، اور جن صاحب سے ان کو یہ بات پہنچی، وہ مجہول ہیں۔ [2]

پھر اس منقطع روایت میں بھی یہ الفاظ موجود نہیں، بلکہ اس میں '' لَا یُجِیر '' کے الفاظ ہیں۔ [3]

---

[1] فقوله :(وأنه لا تجار قريش ومن ناصرها)، يعني :إذا هجمت قريش على المدينة فعلى اليهود أن يساعدوا المسلمين في حربهم لا قريشاً في حربها ضد المسلمين(السيرة النبوية،لراغب السرجاني "دروس صوتية قام بتفريغها موقع الشبكة الإسلامية"رقم الدرس ١٨ ،ص١٨ ،بنود المعاهدة النبوية مع اليهود)

[2] لم يذكر عمن بلغه ,فهو منقطع، ومن بلغه عنه مجهول، ولم يأت بسنة صريحة في ذلك(التَّحبير لإيضَاح مَعَاني التَّيسير للصنعاني، ج٣،ص ٦١٠،كتاب الحدود،الباب السادس)

[3] حدثني يحيى بن عبد الله بن بكير، وعبد الله بن صالح، قالا: حدثنا الليث بن سعد، قال: حدثني عقيل بن خالد، عن ابن شهاب، أنه قال: بلغني أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كتب بهذا الكتاب: هذا الكتاب من محمد النبي رسول الله بين المؤمنين والمسلمين من قريش وأهل يثرب ومن تبعهم، فلحق بهم، فحل معهم وجاهد معهم: أنهم أمة واحدة دون الناس والمهاجرون من قريش – قال ابن بكير: على ربعاتهم.

قال أبو عبيد : والمحفوظ عندنا رباعتهم – يتعاقلون بينهم معاقلهم الأولى – وقال عبد الله بن صالح: ربعاتهم – وهم يفدون عانيهم بالمعروف والقسط بين المؤمنين والمسلمين وبنو عوف على رباعتهم يتعاقلون معاقلهم الأولى، وكل طائفة منهم تفدى عانيها بالمعروف بين المؤمنين . وبنو الحارث بن الخزرج على رسول الله صلى الله عليه وسلم رباعتهم يتعاقلون معاقلهم الأولى، وكل طائفة منهم تفدى عانيها بالمعروف والقسط بين المؤمنين .وبنو ساعدة على رباعتهم يتعاقلون معاقلهم الأولى، وكل طائفة منهم تفدى عانيها بالمعروف والقسط بين المؤمنين وبنو جشم على رباعتهم يتعاقلون معاقلهم الأولى، وكل طائفة منهم تفدى عانيها بالمعروف والقسط بين المؤمنين وبنو النجار على رباعتهم يتعاقلون معاقلهم الأولى، وكل طائفة منهم تفدى عانيها بالقسط والمعروف بين المؤمنين وبنو عمرو بن عوف على رباعتهم يتعاقلون معاقلهم الأولى وكل طائفة

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

اور احادیث میں یہ الفاظ تجارت کے بجائے ''امن وحفاظت فراہم کرنے'' کے معنیٰ میں استعمال ہوئے ہیں۔ [1]

پھر خود ابو عبید قاسم محمد بن سلام نے اس روایت کو نقل کرنے کے بعد، مذکورہ الفاظ کا جو مطلب بیان کیا ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس معاہدہ میں دراصل اس زمانہ میں مدینہ، اور اس کے مضافات میں موجود مشرکوں، اور یہودیوں کو اس بات کا پابند کیا گیا تھا کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں، اور آپ پر حملہ کرنے والوں کو مالی وجانی تعاون

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

منهم تفدى عانيها بالمعروف والقسط بين المؤمنين وبنو النبيت على رباعتهم يتعاقلون معاقلهم الأولى، وكل طائفة منهم تفدى عانيها بالمعروف والقسط بين المؤمنين .وبنو الأوس على رباعتهم يتعاقلون معاقلهم الأولى وكل طائفة منهم تفدى عانيها بالمعروف والقسط بين المؤمنين، وأن المؤمنين لا يتركون مفرحا منهم أن يعينوه بالمعروف فى فداء أو عقل، وأن المؤمنين المتقين أيديهم على كل من بغى وابتغى منهم دسيعة ظلم أو إثم، أو عدوان أو فساد بين المؤمنين، وأن أيديهم عليه جميعه، ولو كان ولد أحدهم .لا يقتل مؤمن مؤمنا فى كافر، ولا ينصر كافرا على مؤمن، والمؤمنون بعضهم موالى بعض دون الناس.

وأنه من تبعنا من اليهود فإن له المعروف والأسوة غير مظلومين، ولا متناصر عليهم، وأن سلم المؤمنين واحد، ولا يسالم مؤمن دون مؤمن فى قتال فى سبيل الله، إلا على سواء وعدل بينهم، وأن كل غازية غزت يعقب بعضهم بعضا، وأن المؤمنين المتقين على أحسن هذا وأقومه.

وأنه لا يجير مشرك مالا لقريش ولا يعينها على مؤمن(الأموال للقاسم بن سلام ،ص ٢٦٠ الٰى ٢٦٢، تحت رقم الحديث ٥١٨،باب كتب العهود التى كتبها رسول الله صلى الله عليه وسلم وأصحابه لأهل الصلح)

[1] عن أبى أمامة قال: أجار رجل من المسلمين رجلا، وعلى الجيش أبو عبيدة بن الجراح، فقال خالد بن الوليد وعمرو بن العاص: لا تجيروه .فقال أبو عبيدة: نجيره، سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم، يقول: " يجير على المسلمين أحدهم " (مسند احمد،رقم الحديث١٦٩٥)

قال شعيب الارنؤوط:

حسن لِغيره(حاشية مسند احمد)

والجوار :الانقاذ والجار :الذى يجير غيره أى يؤمنه والمستجير :الذى يطلب الأمان(فيض القدير شرح الجامع الصغير للمناوى، ج ١،ص ٣٩٣، تحت رقم الحديث ٧٢٨،حرف الهمزة)

وتحفظ فراہم نہیں کریں گے۔ [1]

اس میں نہ کسی تجارت کی ممانعت سے بحث ہے، نہ کسی جائز ومباح چیز کے معاملہ کرنے کی ممانعت کا ذکر ہے۔

اس کے علاوہ مذکورہ روایت کے بعد ابوعبید قاسم محمد بن سلام نے زہری سے یہ بھی روایت کیا ہے کہ اس زمانہ میں یہودی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد وغزوہ میں شریک ہوا کرتے تھے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کے لئے مالِ غنیمت میں سے حصہ بھی نکالتے تھے۔

پھر ابوعبید قاسم محمد بن سلام نے فرمایا کہ ہماری رائے میں یہ مکتوب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مدینہ منورہ میں آمد کے بعد شروع زمانہ کا ہے، جب تک اسلام کو غلبہ حاصل نہیں ہوا تھا، اور اس وقت تک اہلِ کتاب سے جزیہ لینے کا بھی حکم نہیں تھا، اور اس وقت اہلِ کتاب کے تین گروہ تھے، بنوقینقاع، نضیر، اور قریظہ، بعد میں ان تینوں گروہوں نے یکے بعد دیگرے، اس معاہدہ کو توڑ دیا تھا۔ [2]

---

[1] وقوله :ولا يجير مشرك مالا لقريش يعنى اليهود الذين كان وادعهم .يقول :فليس من موادعتهم أن يجيروا أموال أعدائه، ولا يعينوهم عليه( الأموال،للقاسم بن سلام،ص ۲۶۴ ،تحت رقم الحديث ۵۱۸ ،باب كتب العهود التى كتبها رسول الله صلى الله عليه وسلم وأصحابه لأهل الصلح)

[2] حدثنا عبد الرحمن بن مهدى، عن سفيان، عن يزيد بن يزيد بن جابر، عن الزهرى، قال: كان اليهود يغزون مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فيسهم لهم .

قال أبو عبيد: وقوله: وإن يهود بنى عوف أمة من المؤمنين إنما أراد نصرهم المؤمنين ومعاونتهم إياهم على عدوهم بالنفقة التى شرطها عليهم، فأما الدين فليسوا منه فى شىء ألا تراه قد بين ذلك فقال: لليهود دينهم وللمؤمنين دينهم وقوله: ولا يوتغ إلا نفسه يقول: لا يهلك غيرها، يقال: قد وتغ الرجل وتغا، إذا وتغ فى أمر يهلكه، وقد أوتغه غيره .

وإنما كان هذا الكتاب فيما نرى حدثان مقدم رسول الله صلى الله عليه وسلم المدينة قبل أن يظهر الإسلام ويقوى، وقبل أن يؤمر بأخذ الجزية من أهل الكتاب.

وكانوا ثلاث فرق: بنو القينقاع، والنضير، وقريظة فأول فرقة غدرت ونقضت الموادعة بنو القينقاع، وكانوا حلفاء عبد الله بن أبى، فأجلاهم رسول الله صلى الله عليه وسلم عن المدينة، ثم بنو النضير، ثم قريظة فكان من إجلائه أولئك وقتله هؤلاء ما قد ذكرناه فى كتابنا هذا (الأموال للقاسم بن سلام، ص ۵۱۹ ،تحت رقم الحديث ۵۱۹ ،باب كتب العهود التى كتبها رسول الله صلى الله عليه وسلم وأصحابه لأهل الصلح)

www.idaraghufran.org

چوتھی بات یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس محررہ مکتوب کو امام بیہقی نے اپنی سند کے ساتھ ''عاقلہ کے باب'' میں روایت کیا ہے، اور اس میں بعض دوسری باتوں کا تو ذکر ہے، لیکن اس بات کا سرے سے ذکر ہی نہیں، جس سے اس منقطع کا ضعف لازم آتا ہے۔ [1]

پس جن اصحابِ علم نے اس غیر معتبر، یا مجمل و منقطع روایت سے جائز تجارت و معاملات کے عدمِ جواز کے معنیٰ سمجھے، یا اس پر استدلال کیا، وہ درست نہیں، اور ان کی یہ فہم واستدلال مرفوع و معتبر احادیث، اور فقہی تصریحات کے خلاف ہے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی حربی وغیر حربی سے تجارت و جائز معاملات کے بائیکاٹ کے معاہدہ کا کوئی بھی ثبوت معتبر سند کے ساتھ نہیں ملتا، اور اس کی وجہ یہی ہے کہ جائز معاملات وتجارت کا تعلق، انسانوں کی دنیاوی حوائج وضروریات سے ہے، جس کی تمدنی زندگی میں ایک دوسرے کے ساتھ احتیاج وابستہ ہے، ورنہ اگر مسلمانوں کے طرزِ عمل کے بدلہ میں کفار اور ملٹی نیشنل کمپنیاں، تجارتی و صنعتی بائیکاٹ کرنے بیٹھ جائیں، تو مسلمانوں کی دنیاوی بنیادی ضروریات وحوائج اور علاج ومعالجہ تک کے مسائل پیچیدہ ہو کر رہ جائیں۔

پانچویں بات یہ ہے کہ اگر بالفرض نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی سے اس طرح کا معاہدہ کیا بھی ہوتا، تو اس معاہدہ کو اس وقت قانونی حیثیت حاصل ہوتی، جس طرح آج کل دو، یا زیادہ

---

[1] أخبرنا أبو عبد الله الحافظ، حدثنا أبو العباس محمد بن يعقوب، حدثنا أحمد بن عبد الجبار، حدثنا يونس بن بكير، عن ابن إسحاق، حدثني عثمان بن محمد بن عثمان بن الأخنس بن شريق قال: أخذت من آل عمر بن الخطاب رضى الله عنه هذا الكتاب، كان مقرونا بكتاب الصدقة الذى كتب عمر للعمال: بسم الله الرحمن الرحيم، هذا كتاب من محمد النبى صلى الله عليه وسلم بين المسلمين والمؤمنين من قريش ويثرب ومن تبعهم، فلحق بهم وجاهد معهم أنهم أمة واحدة دون الناس؛ المهاجرون من قريش على ربعتهم يتعاقلون بينهم، وهم يفدون عانيهم بالمعروف والقسط بين المؤمنين، وبنو عوف على ربعتهم يتعاقلون معاقلهم الأولى، وكل طائفة تفدى عانيها بالمعروف والقسط بين المؤمنين .ثم ذكر على هذا النسق بنى الحارث، ثم بنى ساعدة، ثم بنى جشم، ثم بنى النجار، ثم بنى عمرو بن عوف، ثم بنى النبيت، ثم بنى الأوس، ثم قال: وإن المؤمنين لا يتركون مفرحا منهم أن يعطوه بالمعروف فى فداء أو عقل(السنن الكبرىٰ للبيهقى،رقم الحديث ١٨٤٥٢، كتاب الديات، باب العاقلة)

ممالک کے درمیان تجارت وصنعت کے تبادلے، اور درآمدات وبرآمدات کے معاہدے ہوتے ہیں، اور زیرِ بحث مقاطعہ کے مسئلہ میں اس طرح کی کوئی بات نہیں، بلکہ حکومتی وقانونی سطح پر اپنے یہاں جن غیر مسلموں کو تجارت کی اجازت دی ہوئی ہے، ان سے مباح چیزوں کی تجارت کرنے میں یہ مانع نہیں پایا جاتا، الٹا اس سے لوگوں کو منع کرنے میں اس مباح وجائز قانون کی مخالفت پائی جاتی ہے۔

مگر حیرت ہے کہ آج مذکورہ علماء کی طرف سے یہاں تک بھی دعویٰ کیا اور حکم لگایا جانے لگا کہ جو مسلمان کفار، اور ملٹی نیشنل کمپنیوں کی مباح مصنوعات کا بائیکاٹ نہ کریں، تو ان مسلمانوں کا بھی بائیکاٹ کیا جائے، کیونکہ وہ ان کفار کو معاشی فائدہ پہنچانے کے مجرم ہیں، جس کا لازمی مطلب یہ ہوگا کہ جس مسلمان نے ان کفار کی کوئی مصنوعات خرید لیں، یا ان سے اجارہ وغیرہ کا کوئی ایسا عمل کیا، جس کی قیمت، یا اجرت وہ کفار کو اداء کر چکا، تو اس مسلمان سے بھی بائیکاٹ کیا جائے، خواہ وہ ان کفار کی مصنوعات کے ساتھ مسلمانوں کی دیگر مصنوعات بھی کیوں نہ فروخت کرتا ہو، یا کوئی بالکل بھی فروخت نہ کرتا ہو، بلکہ اس نے اپنی ضرورت کے لئے کوئی چیز خریدی ہو، جیسا کہ کوئی ان کفار کی تیار کردہ گاڑی، یا موبائل خریدے، یا ان کی کمپنی کے جہاز میں سفر کرے، یا موبائل وغیرہ کی سروس استعمال کرے، تو مذکورہ بے سروپا دعوے کے مطابق، وہ بھی بائیکاٹ کا مستحق قرار پائے گا، کیونکہ ان حضرات کے بقول وہ بھی قیمت، یا اجرت اداء کر کے کفار کو معاشی فائدہ پہنچانے کا مجرم ہے، اور اس کے نتیجہ میں عام مسلمان تو درکنار، علماء وصلحاء سے بھی بائیکاٹ کرنا لازم آئے گا، پھر بائیکاٹ کرنے کے لئے کوئی آسمانی مخلوق ہی زمین پر نزول کرے، جو کسی چیز کی محتاج نہ ہو، تو ہی عملی طور پر اس طرح کے بائیکاٹ پر عمل ممکن ہو سکے گا۔

لیکن عجیب تماشا ہے کہ جب مذکورہ حضرات کی طرف سے اس طرح کے کئے گئے دعووں، اور صادر کئے گئے احکامات پر مرتب ہونے والے مذکورہ اور اس جیسے دوسرے مفاسد لازم آنے

کی منظر کشی کی جاتی ہے، تو طرح طرح کی نہ ختم ہونے والی تاویلاتِ کاسدہ وفاسدہ کا سلسلہ شروع کردیا جاتا ہے، اور اس کی زحمت نہیں کی جاتی کہ ایک ہی مرتبہ قرآن وسنت اور فقہائے امت کے بیان کردہ حکم کو اختیار کرکے ان سب طرح کے نتائج ومفاسد سے اپنے آپ کو بچالیا جائے۔

مروجہ بائیکاٹ کے ثبوت کے لئے موجودہ زمانہ کے بعض اصحابِ علم نے ایک عجیب وغریب استدلال حضرت یوسف علیہ السلام کے قصہ سے یہ کیا کہ یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے غلہ کی بیع کے بائیکاٹ کا سنا کر اپنی بات کو منوانے پر مجبور کیا، جس سے معلوم ہوا کہ اپنی بات منوانے کے لئے بیع کو ترک، اور بائیکاٹ کرنا، اللہ کے جلیل القدر نبی علیہ السلام کی سنت ہے۔

حالانکہ مذکورہ استدلال اور قیاس کسی جہت سے درست نہیں، مقیس، اور مقیس علیہ صورتیں ایک دوسرے سے یکسر مختلف ہیں۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ مقیس علیہ صورت میں یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں کو غلہ فروخت نہ کرنے کی تنبیہ کی تھی، ان سے کوئی چیز خریدنے سے رکنے پر تنبیہ نہیں کی تھی۔

جبکہ قیاس کردہ صورت، یعنی موجودہ بائیکاٹ میں دوسروں کو بیع کرنے کے بجائے، ان سے خریداری کرنے سے منع کیا جاتا ہے، اس کو ان کی اعانت قرار دیا جاتا ہے، اور جو اشیاء وہ مسلمانوں سے خریدیں، اس سے منع نہیں کیا جاتا، اور اس کو ان کی اعانت نہیں سمجھا جاتا۔

دوسری بات یہ ہے کہ مقیس علیہ صورت میں یوسف علیہ السلام نے اپنے ان بھائیوں کو مکمل غلہ فراہم کیا تھا، اور ان کا اعزاز واکرام اور مہمان نوازی کی تھی۔

اور قیاس کردہ صورت، اکرام ومہمان نوازی کے بجائے، اہانت کئے جانے والی ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ مقیس علیہ صورت میں یوسف علیہ السلام کا یہ عمل اہلِ حرب کفار کے ساتھ بطور عداوت غلہ روکنے، ان کو نقصان پہنچانے، یا ان کا بائیکاٹ کرنے کے لئے نہیں

تھا، بلکہ ان کی اعانت، اور مزید غلہ فراہم کرنے کے لئے تھا، تاکہ وہ طے شدہ قاعدہ وقانون کے مطابق اس بھائی کو ساتھ لائیں، جس کے حصہ کا وہ غلہ لینا چاہتے ہیں، اور اس کو پہلے ساتھ نہیں لائے تھے، اور مزید غلہ حاصل کرسکیں، اور تاکہ ان کے اپنے، اور بھائیوں کے درمیان صلہ پیدا ہو، اور باہمی رنجش اور بغض کا خاتمہ ہو۔

جبکہ قیاس کردہ بائیکاٹ کی صورت میں اعانت وصلہ کے برخلاف کیا جاتا ہے، بلکہ اعانت وصلہ ختم کرنے کے لئے ہی اس کو اختیار کیا جاتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اگر آج بھی حکومت کی طرف سے ایسا قانون بنادیا جائے کہ مثلاً جو شخص خود حاضر ہوگا، اس کو اس کے حصہ کا اتنی مقدار میں غلہ فراہم کیا جائے گا، اور جو خود حاضر نہیں ہوگا، اس کے حصہ کا غلہ فراہم نہیں کیا جائے گا، اور جو شخص قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے دوسرے کسی غیر حاضر کے نام پر غلہ طلب کرے گا، اس قانون کی خلاف ورزی کی وجہ سے آئندہ اس کو بھی غلہ فراہم کرنے سے محروم کیا جاسکتا ہے، تاکہ کسی نااہل کے نام پر غلہ حاصل کرکے دھوکہ دہی کا ارتکاب نہ کیا جاسکے۔

تو حکومت کے قانون پر عمل داری کے لئے اس طرزِ عمل کو نہ تو ''بائیکاٹ'' کہا جائے گا، اور نہ ہی اس سے کسی حربی سے تجارت کے عدمِ جواز پر استدلال کرنا درست قرار پائے گا، چہ جائیکہ اس سے تجارت کے بائیکاٹ کے وجوب، اور تجارت کے ناجائز وحرام ہونے پر استدلال کیا جائے۔

اور آج محارب کافروں کی جن چیزوں سے بائیکاٹ کا حکم دیا جاتا ہے، ان کی خرید وفروخت کی حکومت کی طرف سے اجازت ہوتی ہے، ممانعت نہیں ہوتی، جیسا کہ گذرا۔

چوتھی بات یہ ہے کہ مقیس علیہ صورت میں یوسف علیہ السلام نے تو غلہ کی قیمت بھی ان کے سامان میں رکھ کر واپس کردی تھی، اور بعد میں بھی ان کے ساتھ اعزاز واکرام کا سلسلہ جاری رکھا تھا، جس میں ان کے ساتھ اعانت وتعاون کرنا پایا جارہا تھا، جبکہ قیاس کردہ بائیکاٹ کی

صورت کو اس طرح کی اعانت اور اعزاز واکرام کے بجائے، ان کی اعانت اور اعزاز واکرام کو ترک کر کے اہانت اور ان کو نقصان پہنچانے کے لئے اختیار کیا جاتا ہے۔ [1]

اور اگر مذکورہ اصحابِ علم کو پھر بھی تسلی نہ ہو، تو ان پر لازم ہے کہ اپنے مذکورہ دعوے پر شریعتِ محمدیہ اور اپنے فقہ سے دلیل پیش کریں، ورنہ اگر اپنی شریعت وفقہ کے جواز سے متعلق دلائل کو ترک کر کے اس طرح کے استدلالات کرنے کا راستہ کھول دیا جائے، تو شریعتِ مطہرہ کا حلیہ ہی مسخ ہو کر رہ جائے گا، اور ایسی صورت میں اگر کوئی چور کو سزاء کے طور پر بدلہ میں رکھنے پر اسی واقعہ سے استدلال کرے، اور اسی طرح اگر کوئی یوسف علیہ السلام کے سامنے ان کے بھائیوں کے سجدہ ریز ہونے سے غیر اللہ کے لئے سجدہ کے جواز پر استدلال کرے، جس کا کہ اسی واقعہ میں ذکر ہے، تو پھر مذکورہ علماء کو اس قسم کے استدلالات کو بھی تسلیم کرنا لازم آئے گا، اور وہ پھر اپنے استدلال میں بے سروپا تاویلات، اور دوسرے پر طرح طرح کے الزامات قائم کرنا شروع کر دیں گے، شاید کہ اس کو دائرہ اسلام سے خارج ہی قرار دے کر نہ چھوڑیں، لیکن بہر حال اس طرح کے استدلالات کے نتیجہ میں شرعی احکام میں مسخ وتحریف کا جو سلسلہ قائم ہوگا، وہ سب جانتے ہیں۔

اس طرح کے بے سروپا استدلالات کی وجہ بظاہر یہ ہے کہ پہلے خود سے اپنی فہم واجتہاد کے ذریعہ کفار کی طرف سے ایجاد کردہ مروجہ بائیکاٹ وہڑتال کو ایک شرعی، بلکہ اہم شرعی حکم سمجھ لیا اور قرار دے یا گیا، پھر اس کے مطابق دلائل کو تلاش کرنا شروع کر دیا گیا، جبکہ صحیح طریقہ یہ تھا کہ اپنے خیالات واستدلالات اور جذبات کو ایک طرف رکھ کر پہلے یورپی ایجاد کردہ اس

---

[1] وَجَاءَ إِخْوَةُ يُوسُفَ فَدَخَلُوا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهُ مُنْكِرُونَ .وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُونِي بِأَخٍ لَكُمْ مِنْ أَبِيكُمْ أَلَا تَرَوْنَ أَنِّي أُوفِي الْكَيْلَ وَأَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ . فَإِنْ لَمْ تَأْتُونِي بِهِ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِي وَلَا تَقْرَبُونِ . قَالُوا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ أَبَاهُ وَإِنَّا لَفَاعِلُونَ . وَقَالَ لِفِتْيَانِهِ اجْعَلُوا بِضَاعَتَهُمْ فِي رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُونَهَا إِذَا انْقَلَبُوا إِلَى أَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ.فَلَمَّا رَجَعُوا إِلَى أَبِيهِمْ قَالُوا يَاأَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَأَرْسِلْ مَعَنَا أَخَانَا نَكْتَلْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ(سورة يوسف،رقم الآية ٥٨،الىٰ ٦٣)

تدبیر کا شرعی وفقہی نصوص کی روشنی میں جائزہ لیا جاتا، پھر اس کا حکم معلوم ہونے کے بعد اس کے مطابق عمل کیا جاتا، خواہ وہ اپنے جذبات وخیالات کے موافق ہوتا، یا خلاف ہوتا، اور مشروع تدابیر جو اختیار میں ہیں، ان کو اختیار کیا جاتا، اور جو اختیار میں نہیں، ان کو ترک کیا جاتا، اور ان کے حصول کی کوشش ودعاء کی جاتی، اور بس۔

واقعہ یہ ہے کہ عہدِ رسالت میں پائے جانے والے کفار کے متعدد طبقات تھے، جن کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے، حسبِ موقع مختلف طرز ہائے عمل اختیار فرمائے، اور ان سے فقہائے کرام نے اپنے اجتہاد کی روشنی میں مختلف قسم کے کفار کے احکام کو اخذ کیا، اور بیان کر دیا۔

فقہائے مجتہدین کے مذکورہ اجتہادات ومستدلات کو نظر انداز کر کے ان کے علی الرغم اجتہاد کرنے، یا حکم لگانے سے متعدد مفاسد ومحظورات اور شرعی اصول وقواعد کی مخالفت لازم آتی ہے۔

اس لئے ہم نے سلف فقہائے مجتہدین ومحققین کی تصریحات کی روشنی میں اس موضوع پر اپنی بساط کی حد تک کلام کر دیا ہے، جس سے اس سلسلہ میں پائے جانے والے متعدد شبہات کا جواب بھی معلوم ہو گیا۔

اور ہمیں اس سے اختلاف نہیں کہ مسلمانوں کو اپنی ضرورت کے جملہ شعبوں میں خود کفیل ہونے کی کوشش کرنی چاہیے، لیکن اس کے باوجود غیر مسلموں اور کافروں کی حلال وجائز مصنوعات کے حرام وناجائز ہونے کا حکم صادر نہیں کیا جا سکتا۔

پھر بھی اگر کوئی اعتدال پر مبنی مجتہدین محققین کے بیان کردہ حکم کی پیروی کر کے اپنی اصلاح کے بجائے، ان مجتہدین کی اتباع کرنے والوں کی شان میں طعنہ زنی اور الزام وبہتان تراشی کا ارتکاب کرے گا، تو وہ کسی دوسرے کے بجائے اپنی ہی آخرت کا نقصان وخسران کرنے والا شمار ہوگا۔

## مسائلِ حاضرہ کا حوالہ

چنانچہ حضرت تھانوی رحمہ اللہ اسی سلسلہ میں فرماتے ہیں کہ:

جب لوگ خود ہی اپنا دین برباد کریں، تو میں کیا کرسکتا ہوں، کیا وہ نہیں سمجھتے کہ کسی بے گناہ پر تہمت لگانا، گناہ ہے؟ ضرور جانتے ہیں، پھر کیا وہ نہیں جانتے کہ یہ تمام باتیں، جو میری طرف منسوب کی جاتی ہیں، ایسی ہیں، جن کا کوئی ثبوت ان کے پاس نہیں، ضرور جانتے ہیں، تو پھر جب باوجود ان باتوں کے جاننے کے، وہ ایسی باتیں میری طرف منسوب کرتے ہیں، تو گویا وہ قصداً گناہ میں مبتلاء ہوتے ہیں، تو ایسی حالت میں، میں کیا کرسکتا ہوں (اشرف السوانح ج۳ ص۱۶۸، مضمونِ ثانی، مسائلِ حاضرہ کے متعلق ملفوظ، مطبوعہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری)

## مسائلِ حاضرہ کا دوسرا حوالہ

اور رہا کسی دوسرے بزرگ کے موقف سے کسی چھوٹے کے اختلاف کا معاملہ، تو اس بارے میں خود حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے اسی مسئلہ کے ذیل میں واضح فرمادیا ہے، چنانچہ حضرت موصوف تحریر فرماتے ہیں کہ:

''جس قدر محبت وعظمت، حضرت قدس سرہٗ (شیخ الہند) کی، میرے دل میں ہے، اس کو خدا ہی خوب جانتا ہے۔

رہا کسی مسئلہ میں رائے کا اختلاف، سو ایسا اختلاف، مجھ کو حضرت مولانا گنگوہی قدس سرہٗ، بلکہ اپنے مرشد، حضرت حاجی صاحب نور اللہ مرقدہٗ سے بھی رہا ہے، اور اس اختلاف کی، ان حضرات کو اطلاع بھی تھی، اور کبھی ان کو تکدر نہیں ہوا۔

اس کو مخالفت کہنا ''غلو فی الدین'' ہے، امام ابوحنیفہ سے امام ابو یوسف، وامام

محمد نے باوجود شاگرد ہونے کے بہت سے مسائل میں اختلاف کیا ہے، تو کیا کوئی یہ کہہ سکتا ہے کہ نعوذ باللہ، صاحبین، امام صاحب کے مخالف ومعاند تھے، استغفر اللہ (اشرف السوانح ج۳ ص۱۶۹، مضمونِ ثانی، مسائلِ حاضرہ کے متعلق ملفوظ، مطبوعہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری)

لکھنے کو تو اس موضوع پر بہت کچھ موجود اور بھی باقی ہے، لیکن مذکورہ تفصیل سے ایک منصف پسند کے لئے مسئلہ کے جملہ پہلوؤں کو سمجھنا مشکل نہیں۔

رہا معاندین ومتشددین کا معاملہ، تو ان کو کون سمجھا سکتا ہے، بالخصوص جبکہ ان کا مقصود سمجھنے سمجھانے کے بجائے، محض اعتراض کرنا، بلکہ الزام تراشی واتہام سازی ہو، اس کا اصل علاج تو اللہ ہی کے حضور ممکن ہے۔

اور ایسی صورت میں ایک مسلم کو بس اللہ کے اس حکم کو ملحوظِ خاطر رکھنا کافی وافی ہے، جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں اس طرح ذکر فرمایا ہے کہ:

فَانْتَظِرُوْا إِنِّیْ مَعَكُمْ مِنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ (سورة الاعراف، رقم الآية ۷۱)

فَانْتَظِرُوْا إِنِّیْ مَعَكُمْ مِنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ (سورة یونس، رقم الآية ۲۰)

قُلْ فَانْتَظِرُوْا إِنِّیْ مَعَكُمْ مِنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ (سورة یونس، رقم الآية ۱۰۲)

www.idaraghufran.org

## (تیسرا باب)

# مدافعتِ کفار ومنکرات، اور تحریکاتِ حاضرہ وشرعیہ

عرصہ دراز سے یہ دیکھنے میں آرہا ہے کہ دنیا بھر میں بہت سے مسلمان، کفار کی طرف سے ظلم وستم کی چکی میں پس رہے ہیں، اور اس کے علاوہ بھی اللہ کی طرف سے دوسری آفات وبلیات کا شکار ہیں، جن میں وقت گذرنے کے ساتھ اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے۔

اپنے سے ظلم وستم دور کرنے اور آفات وبلیات سے حفاظت کے لئے مسلمان مختلف اسباب وتدابیر اختیار کرتے ہیں، لیکن ان اسباب وتدابیر سے خاطر خواہ نتائج برآمد نہیں ہوتے، بلکہ عام طور پر یہ اسباب وتدابیر الٹی پڑتی ہوئی نظر آتی ہیں۔

خواہ فلسطین کا مسئلہ ہو، یا کشمیر کا، یا کسی اور علاقہ کا، پچاسوں سال، بلکہ اس سے زیادہ کا عرصہ گذرنے کے باوجود مسلمانوں کے مسائل حل اور مصائب دور نہیں ہورہے، نہ مذاکرات سے ان مسائل کا حل نکلتا، نہ ہڑتالوں سے اور نہ ہی احتجاج اور بائیکاٹ کرنے سے، کفار کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی، باوجودیکہ اس وقت دنیا بھر میں مسلمانوں کے افراد اور ملکوں کی تعداد، دوسرے اہلِ مذاہب سے زیادہ ہے، کئی اسلامی ممالک تو مادی وسائل سے بھی بھرے ہوئے ہیں، اور تیل جو موجودہ دور کی اہم مادی ضرورت ہے، اس کا بڑا حصہ بھی اسلامی ممالک کی دسترس میں ہے، لیکن ان سب باتوں کے باوجود مسلمانوں کا دنیا میں کوئی پرسانِ حال، اور ان کے دکھوں کا مداوا کرنے والا سامنے نہیں آتا۔

اس قسم کے حالات میں قرآن وسنت کی تعلیمات بہت واضح تھیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت وسیرت میں قیامت تک آنے والے تمام حالات کا حل بتلادیا گیا ہے، اس کے علاوہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابۂ کرام پر ہر قسم کے حالات گذرے ہیں، بلکہ ہر دور میں

انبیائے کرام علیہم السلام اوران کے متبعین پر مشکل ترین حالات پیش آئے ہیں، جن کا قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے بار بار ذکر فرمایا ہے، اگران کے مطابق رہنمائی حاصل کی جاتی، تو اب تک اللہ تعالیٰ کی طرف سے کھلی نصرت ومدد نازل ہوچکی ہوتی، لیکن افسوس کہ آج کے دور میں مسلمانوں کے دل ودماغ، مادیت پرستی کے اثرات سے دوچار ہوچکے ہیں، جس کے باعث وہ اپنے ان مسائل کا حل قرآن وسنت کے بجائے، مادیت پرست اور کفار کے ایجاد کردہ طریقوں میں تلاش کرنے لگے ہیں، مثلاً سٹرائیک، ہڑتال، اوراسی قسم کی دوسری تحریکات۔

ان حالات میں مسلمانوں کو اپنی بداعمالیوں وکوتاہیوں، اوراللہ کی ناراضگی والے کاموں سے تائب ہوکر توکل علی اللہ، ورجوع الی اللہ کی ضرورت تھی، جو مسلمانوں کا اصل سرمایہ اور سہارا تھا، بالخصوص ایسے حالات میں جب مسلمانوں کو ان کی داخلی اوراندرونی چیزوں نے اس قدر کمزور اور کھوکھلا کردیا ہو کہ ان میں کفار اوراپنے دشمنوں کو زیر کرنے کی قوت واستطاعت نظر نہ آتی ہو، تو پھر زیادہ اہمیت کے ساتھ قرآن وسنت سے رہنمائی حاصل کرنے کی ضرورت تھی، اوران حالات میں مسلمانوں کی اصل اور شرعی تحریک یہی تھی۔

لیکن بدقسمتی سے ان حالات میں بھی اکثر مسلمانوں نے، اس چیز کا تصور اپنے دل ودماغ میں بٹھا اور جمالیا ہے کہ موجودہ دور معاشی دور ہے، اس لئے کافروں کو معاشی طور پر کمزور کئے بغیر ان پر فتح حاصل کرنا، ممکن نہیں، اس مقصد کے لئے کفار کی مصنوعات وتجارات کی بائیکاٹ کی مہم چلائی جاتی ہے۔

جبکہ یہ بہت بڑی غلط فہمی ہے، کیونکہ اس دنیا میں معاشی غلبہ تو ہر دور اور ہر زمانہ میں شیطانی اور طاغوتی قوتوں کا رہا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی تھا، لیکن اس کے باوجود اللہ نے ایمانی قوت، اوراپنی نصرت کی وجہ سے مومنوں کو کافروں پر غلبہ عطاء فرمایا۔

اوراگر بالفرض مسلمانوں کو معاشی غلبہ کی ضرورت کو تسلیم ہی کرلیا جائے، تو ضرورت اس بات کی تھی کہ مال کی حرص وطمع کی وجہ سے اپنی تجارت کے دائرہ کو دنیا بھر میں پھیلانے والے

کافروں کو معاشی نقصان پہنچانے کی بے جا کوشش کرنے کے بجائے مسلمان، اپنے معاشی نظام کو اسلامی اصولوں کے مطابق کریں، کاروبار اور معاش میں حرام خوری، جھوٹ، فریب، ملاوٹ، ناپ تول میں کمی، اور ہر قسم کی ان چیزوں سے بچیں، جن کو خود اسلام نے ناجائز قرار دیا ہے، اور مال و دولت کی حرص وطمع اور اس میں تکاثر کو سخت ناپسند کیا گیا ہے۔

اور آج بھی جن کفار کی تجارت ومعیشت کا دائرہ وسیع ہے، تو اس میں ان کی غلط بیانی، جھوٹ، ناپ تول میں کمی اور ملاوٹ وغیرہ سے بچنے اور ان چیزوں سے اجتناب کرنے کو بڑا دخل ہے، جس کی وجہ سے ان کی تجارت وصنعت کو قبولیتِ عام حاصل ہے، جبکہ مسلمان ان سب محرمات میں سب سے پیش پیش ہیں، جس کی وجہ سے ان کی تجارت وصنعت کی طرف خود مسلمانوں کا بھی رجحان نہیں، چہ جائیکہ غیر مسلموں کا رجحان ہو۔

اس لئے جب تک اصل تحریک مسلمانوں کے اس طرزِ عمل کے خلاف، اور ان کی اصلاح کے لئے نہیں چلائی جائے گی، اس وقت تک کفار کی مصنوعات وتجارات کے دائرہ اور اثر ورسوخ کو محدود کرنا ممکن نہیں ہوگا۔

اسی لئے اللہ اور اس کے رسول نے کفار کی تجارت سے بائیکاٹ کا حکم دینے کے بجائے مسلمانوں کے ایمان ویقین، اور اعمالِ صالحہ پر زور دیا، اور خیر القرون، اور سلف کے ادوار میں مسلمان، ان ہی چیزوں کی وجہ سے کفار کے مقابلہ میں ان سے تجارت ومعاملات سب جاری رکھنے کے باوجود فتح یاب ہوئے۔

اس لئے ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ موجودہ حالات میں مسلمانوں کو ان مسائل کے حل کے لئے قرآن وسنت کی طرف رجوع کرنا چاہیے، اسی کو اپنی تحریک کا محور سمجھنا چاہیے، اور اسی کی مہم جوئی کرنی چاہیے، اور قرآن وسنت کو چھوڑ کر نت نئی اختراعات کو نہیں اپنانا چاہیے۔

ہم نے آنے والے مضمون میں اس موضوع پر کچھ تفصیل سے کلام کرنے کی کوشش کی ہے۔

## سورہ بقرہ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**وَلَتَجِدَنَّهُمْ أَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيَاةٍ وَمِنَ الَّذِيْنَ أَشْرَكُوْا يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ سَنَةٍ .وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهِ مِنَ الْعَذَابِ أَنْ يُّعَمَّرَ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا يَعْمَلُوْنَ**(سورة البقرة، رقم الآية ٩٦)

ترجمہ: اور یقیناً پائیں گے آپ ان (یہودیوں) کو لوگوں میں سب سے زیادہ حریص زندگی پر، اور ان لوگوں میں سے بھی (زندگی کے حریص پائیں گے) جنہوں نے شرک کیا، چاہتا ہے ان میں ہر ایک کہ کاش، عمر دے دی جائے اس کو ہزار سال کی، اور نہیں ہے وہ (ہزار سال کی عمر کا خواہش مند) دور کرنے والا اپنے سے عذاب کو یہ کہ (اگر) عمر دی جائے اس کو (ہزار سال) اور اللہ دیکھنے والا ہے، ان کاموں کو جو کرتے ہیں وہ (سورہ بقرہ)

معلوم ہوا کہ ایمان اور اعمالِ صالحہ اختیار کرنے کے بجائے، لمبی زندگی کی حرص، دراصل کافروں ومشرکوں کی خصلت ہے، جو ان کو آخرت کے عذاب سے نہیں بچا سکتی، اور اسی حرص وطمع کی وجہ سے کافر ومشرک اپنی تجارت اور صناعت کے دائرہ کو دنیا بھر میں وسیع کرتے ہیں، اور رات، دن اس میں کھپے رہتے ہیں، جس کو اسلام میں پسند نہیں کیا گیا۔

لہٰذا مسلمانوں کو مال ودولت میں کافروں کی حرص وطمع کی تقلید نہیں کرنی چاہیے۔

## سورہ بقرہ کا دوسرا حوالہ

سورہ بقرہ میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْ ا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ . اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصَّابِرِيْنَ**

(سورة البقره، رقم الآية ١٥٣)

ترجمہ: اے ایمان والو (مشکل اور تکلیفوں میں ) مدد حاصل کرو تم صبر اور نماز سے، بے شک اللہ ( کی مدد ) صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے (سورہ بقرہ)

اس سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو صبر اور نماز سے مدد حاصل کرنی چاہیے، اور اللہ کی معیت ونصرت، صبر کرنے والوں کے ساتھ ہوتی ہے، مسلمانوں کی اصل تحریک، اور مہم یہی ہونی چاہیے۔

جبکہ پیچھے معلوم ہو چکا کہ اس کے مقابلہ میں مال ودولت اور دنیا کی محبت، کفار کی خصلت ہے، اور اس خصلت والوں کے ساتھ اللہ کی معیت ونصرت ہرگز نہیں ہوتی۔

اور آج اکثر مسلمانوں کو نہ صبر سے مدد حاصل کرنے کا اہتمام ہے، اور نہ ہی نماز کی فکر ہے، اس کے بجائے دنیا کی محبت کا غلبہ ہوتا جارہا، اور دنیا میں انہماک بڑھتا جارہا ہے۔

ایسے میں وہ اللہ کی نصرت کے کیسے مستحق قرار پاسکتے ہیں۔

## سورہ بقرہ کا تیسرا حوالہ

اور سورہ بقرہ میں ہی ایک اور مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ. الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ. اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ (سورة البقرة، رقم الآيات ۱۵۵ الیٰ ۱۵۷)

ترجمہ: اور ضرور بالضرور آزمائیں گے ہم تم کو کچھ خوف اور بھوک اور مالوں اور جانوں اور پھلوں میں کمی کے ذریعہ، اور خوشخبری سنا دیجئے آپ صبر کرنے والوں کو یہ وہ لوگ ہیں کہ جب پہنچتی ہے ان کو کوئی مصیبت، تو کہتے ہیں کہ بے شک ہم اللہ کے لئے ہیں، اور بے شک ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ یہی لوگ

ہیں کہ جن پر ان کے رب کی طرف سے عنایتیں ہیں اور رحمت ہے اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں (سورہ بقرہ)

مذکورہ آیات میں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو خطاب فرماتے ہوئے، ان کا مختلف شکلوں میں امتحان لینے کا حکم فرمایا ہے، جن میں جانی اور مالی نقصان کا بھی ذکر فرمایا ہے اور اس کے بعد صبر کرنے والوں کا طریقہ وعمل بیان کرنے کے بعد اس کے فضائل ومنافع کا ذکر فرمایا ہے، جن میں اللہ کی عنایتیں، اور رحمت، اور ہدایت جیسی عظیم چیزوں کو شامل فرمایا ہے، اور ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں کہ مسلمان کی اصل تحریک ومہم یہی صبر ہے، جس کو بدقسمتی سے آج کا مسلمان، یا تو بزدلی سمجھتا ہے، یا کوئی تدبیر سمجھتا ہی نہیں۔

یہی وجہ ہے کہ آج کے دور میں کفار ومشرکین کی طرف سے پہنچنے والے مالی اور جانی نقصان پر مسلمان، احتجاجوں، جلوسوں، اور ہڑتالوں کے ذریعہ جس قسم کا ردِ عمل اختیار کرتے، اور تحریر وتقریر کے ذریعہ جو واویلا اور شور وشرابا کرتے ہیں، اور جس قسم کے شکوے شکایتیں ان کی طرف سے ظاہر ہوتے ہیں، وہ اسلام کی طرف سے تعلیم کردہ صبر کے مفہوم کے خلاف ہوتے ہیں، ایسی صورت میں اللہ کی طرف سے عنایت، رحمت، ہدایت اور نصرت کا حاصل ہونا کیسے ممکن ہے۔

## سورہ بقرہ کا چوتھا حوالہ

سورہ بقرہ میں ہی ایک اور مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً بِإِذْنِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ مَعَ الصَّابِرِيْنَ . وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ. فَهَزَمُوْهُمْ بِإِذْنِ اللّٰهِ (سورة البقره، رقم الآية ۲۴۹، الیٰ ۲۵۱)

ترجمہ: کتنی قلیل جماعتیں، غالب آ گئیں، کثیر جماعتوں پر، اللہ کے حکم سے، اور

اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے، اور جب ظاہر ہوئے وہ (مومن لوگ) جالوت، اور اس کے لشکر کے لئے، تو کہا انہوں نے کہ اے ہمارے رب بہا دیجئے ہم پر صبر کو، اور ثابت قدم رکھیے ہم کو، اور نصرت کیجیے ہماری کافروں کی قوم پر، پھر شکست دے دی انہوں نے ان (جالوت اور اس کے لشکر) کو، اللہ کے اذن سے

(سورہ بقرہ)

ملاحظہ فرمائیے کہ اللہ نے بے شمار مرتبہ نہایت قلیل افراد پر مشتمل لوگوں کو اپنے حکم اور صبر کی وجہ سے بڑی بڑی اور طاقت ور جماعتوں پر غلبہ عطاء فرمایا ہے، جس کی وجہ یہی ہے کہ فتح ونصرت کی بنیاد، اللہ کا حکم اور اس کی رضا ہے، مادی وسائل، معیشت، اور افرادی قوت نہیں۔

اور آج کے دور میں، جبکہ مسلمان افرادی قوت میں بھی کم نہیں اور ان کے پاس مادی وسائل کی بھی کمی نہیں، پھر مسلمانوں کو اپنے مغلوب اور کافروں کے غالب ہونے کی بنیاد، اللہ کے حکم، اس کی نصرت اور صبر پر رکھنے کے بجائے، معیشت، یا دوسری چیزوں پر رکھنا کیسے درست ہوسکتا ہے۔

## سورہ آلِ عمران، اعراف، توبہ، مائدہ، نحل، طٰہٰ، وشعراء کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَنْ تُغْنِیَ عَنْھُمْ اَمْوَالُھُمْ وَلَآ اَوْلَادُھُمْ مِّنَ اللّٰہِ شَیْئًا وَاُولٰٓئِکَ ھُمْ وَقُوْدُ النَّارِ. کَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا فَاَخَذَھُمُ اللّٰہُ بِذُنُوْبِھِمْ وَاللّٰہُ شَدِیْدُ الْعِقَابِ. قُلْ لِّلَّذِیْنَ کَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰی جَھَنَّمَ وَبِئْسَ الْمِھَادُ. قَدْ کَانَ لَکُمْ اٰیَۃٌ فِیْ فِئَتَیْنِ الْتَقَتَا فِئَۃٌ تُقَاتِلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَاُخْرٰی کَافِرَۃٌ یَّرَوْنَھُمْ مِّثْلَیْھِمْ رَاْیَ الْعَیْنِ وَاللّٰہُ یُؤَیِّدُ بِنَصْرِہٖ مَنْ یَّشَاءُ اِنَّ فِیْ

ذٰلِکَ لَعِبْرَةً لِّاُولِی الْاَبْصَار. زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِیْنَ وَالْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِکَ مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ. قُلْ اَؤُنَبِّئُکُمْ بِخَیْرٍ مِّنْ ذٰلِکُمْ لِلَّذِیْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ. اَلَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ. اَلصّٰبِرِیْنَ وَالصّٰدِقِیْنَ وَالْقٰنِتِیْنَ وَالْمُنْفِقِیْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِیْنَ بِالْاَسْحَارِ. شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِکَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ. (سورة آل عمران، رقم الآیات ۱۰، الیٰ ۱۸)

ترجمہ: بے شک وہ لوگ، جنہوں نے کفر کیا، ہرگز نہ بچا سکیں گے اُن کو، اُن کے اموال، اور نہ اُن کی اولاد، اللہ کے مقابلے میں کسی چیز سے، اور یہی لوگ ہیں، آگ کا ایندھن۔ جیسا کہ حال تھا، آلِ فرعون کا، اور اُن لوگوں کا، جو اُن سے پہلے ہوئے، تکذیب کی انہوں نے، ہماری آیات کی، پھر پکڑ لیا اُن کو اللہ نے، اُن کے گناہوں کی وجہ سے، اور اللہ شدید سزا دینے والا ہے۔ کہہ دیجیے آپ، اُن لوگوں سے، جنہوں نے کفر کیا کہ عنقریب مغلوب ہو جاؤ گے تم، اور جمع کیا جائے گا تمہیں، جہنم کی طرف، اور بہت برا ٹھکانہ ہے۔ یقیناً ہے تمہارے لیے نشانی، دو جماعتوں میں، جو آپس میں ملیں، ایک جماعت قتال کر رہی تھی، اللہ کے راستے میں، اور دوسری کافر تھی، دیکھ رہے تھے وہ (مومن) ان (کافروں) کو اپنے سے دوگنا، ظاہری آنکھوں سے، اور اللہ تائید کرتا ہے، اپنی نصرت کے ذریعے سے، جس کی چاہتا ہے وہ، بے شک اس (واقعہ) میں یقیناً عبرت ہے، بصیرت والوں کے لیے۔

مزین کردی گئی، لوگوں کے لیے، شہوات کی محبت، یعنی عورتوں اور بیٹوں اور جمع کیے ہوئے سونے اور چاندی کے خزانوں، اور نشان زدہ گھوڑوں، اور چوپاؤں اور کھیتی (کی محبت) یہ حیاۃِ دنیا کا سامان ہے، اور اللہ کے پاس عمدہ ٹھکانہ ہے، کہہ دیجیے آپ! کیا میں خبر دے دوں تم کو، ان سے بہتر کی، ان لوگوں کے لیے، جو تقویٰ اختیار کریں، ان کے رب کے پاس جنتیں ہیں، جاری ہیں، ان (جنتوں) کے نیچے سے نہریں، ہمیشہ رہیں گے وہ (متقی) ان میں، اور بیویاں ہیں پاکیزہ، اور رضامندی ہے، اللہ کی طرف سے، اور اللہ خوب دیکھنے والا ہے، بندوں کو، وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! بے شک ہم ایمان لائے، پس مغفرت کردیجیے ہمارے لیے، ہمارے گناہوں کی، اور بچا لیجیے ہمیں، آگ کے عذاب سے۔ جو صبر کرنے والے ہیں، اور سچے ہیں، اور اطاعت کرنے والے ہیں، اور خرچ کرنے والے ہیں، اور مغفرت طلب کرنے والے ہیں، سحری کے اوقات میں۔ گواہی دی، اللہ نے کہ بے شک نہیں ہے کوئی معبود، سوائے اس کے، اور (گواہی دی) فرشتوں نے، اور علم والوں نے، قائم رہتے ہوئے انصاف کے ساتھ، نہیں ہے کوئی معبود، مگر وہی، جو کہ عزیز ہے، حکیم ہے (سورہ آلِ عمران)

مذکورہ آیات میں اللہ تعالیٰ نے کافروں کے مال واولاد کو اللہ کے مقابلہ میں کوئی فائدہ نہ دینے کا ذکر فرمایا ہے، اور ان کے مال ودولت وغیرہ کے باوجود مغلوب ہونے کا ذکر فرمایا ہے، اور پھر اللہ کی نصرت سے تائید حاصل ہونے کا ذکر فرمایا ہے، اور پھر مال ودولت اور دنیا کے سرمایہ کے مقابلہ میں تقوے کی اہمیت وفضیلت کو بیان فرمایا ہے، اور اس کے بعد متقیوں کی صفات کو بیان فرمایا ہے، جن میں صبر اور دوسرے اعمال کا ذکر فرمایا ہے۔

جس سے صاف معلوم ہوا کہ دنیا کے مال ودولت پر کامیابی وفتح کا دارومدار نہیں، بلکہ تقوے وصبر پر ہے، اس لئے مومنوں کو یہی اعمال اختیار کرنا چاہیے۔

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَإِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا (سورة آلِ عمران، رقم الآية ١٢٠)

ترجمہ: اور اگر صبر کرو تم اور تقویٰ اختیار کرو تم، تو نہیں ضرر دے گا تم کو ان (کافروں) کا مکر (وسازش) کچھ بھی (سورہ آلِ عمران)

اس آیت سے واضح طور پر معلوم ہوا کہ صبر اور تقویٰ اختیار کرنے کی صورت میں مومن بندے، کافروں کے مکروفریب اور ان کی سازشوں کے ضرر ونقصان سے محفوظ رہتے ہیں۔

پس کافروں کی سازشوں کا توڑ صبر اور تقوے سے ہی ممکن ہے، اور آج مسلمانوں میں ان ہی دونوں چیزوں کی کمی ہے، اس لئے مسلمانوں کو اپنی تحریک اور مہم اسی کو بنانا چاہیے۔

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ . اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ . بَلٰٓى اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ. وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ (سورة آلِ عمران، رقم الآيات ١٢٣، الىٰ ١٢٦)

ترجمہ: اور یقیناً بلاشبہ نصرت فرمائی تمہاری اللہ نے بدر میں، اور تم کمزور تھے، پس ڈرو تم اللہ سے، تاکہ تم شکر کرو۔

جب کہہ رہے تھے آپ (یعنی اللہ کے رسول) مومنوں سے کہ کیا کافی نہیں ہے تم کو، یہ کہ مدد کرے تمہاری، تمہارا رب تین ہزار فرشتوں کے ذریعے، جو اتارے جائیں (آسمان سے) کیوں نہیں، اگر صبر کرو گے تم، اور تقویٰ اختیار کرو گے تم،

اور وہ (کافر) چڑھ آئیں تم پر اپنے جوش سے، اسی وقت مدد کرے گا تمہارا رب تمہاری، پانچ ہزار فرشتوں سے، جو نشان زدہ ہوں گے۔

اور نہیں بنایا اللہ نے اس (مدد) کو، مگر خوشخبری تمہارے لیے، اور تاکہ مطمئن ہو جائیں، تمہارے دل اس سے، اور نہیں ہے نصرت، مگر اللہ ہی کی طرف سے، جو عزیز ہے، حکیم ہے (سورہ آلِ عمران)

مذکورہ آیات میں اللہ تعالیٰ نے مومنوں کی غیب سے مدد کرنے کا ذکر فرما کر تقوے کو اختیار کرنے کا حکم فرمایا ہے، اور پھر صبر اور تقوے کے اختیار کرنے پر اللہ کی طرف سے فوری مدد آنے کا ذکر فرمایا ہے، اور پھر آخر میں یہ بھی واضح فرمادیا کہ نصرت اور مدد صرف اور صرف اللہ کی طرف سے ہے۔

پس صبر اور تقوے کو چھوڑ کر دوسرے راستوں سے اللہ کی مدد ونصرت کا متلاشی ہونا، درست نہیں، اور نہ ہی ان طریقوں سے اللہ کی مدد ونصرت کا حصول ممکن ہے۔

اور سورہ آلِ عمران میں ہی ایک مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ** (سورة آلِ عمران ، رقم الآية ٢٠٠)

ترجمہ: اے ایمان والو! صبر کرو تم، اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کرو تم اور مستعد اور کمر بستہ رہو تم، اور اللہ سے ڈرو تم، تاکہ تم فلاح پاؤ (سورہ آل عمران)

مذکورہ آیت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے صاف طور پر صبر کرنے اور صبر کی تعلیم وتبلیغ کرنے اور تقویٰ اختیار کرنے پر فلاح وکامیابی کا وعدہ فرمایا گیا ہے۔

ایسی صورت میں مبلغینِ اسلام کی طرف سے مسلمانوں کو صبر کی تلقین کرنے کے بجائے، احتجاجوں، ہڑتالوں، لانگ مارچوں، اور بائیکاٹوں وغیرہ پر ابھارنا کیسے درست ہوسکتا ہے۔

قرآن مجید کی سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَقَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ أَتَذَرُ مُوسٰى وَقَوْمَهُ لِيُفْسِدُوْا فِي الْأَرْضِ وَيَذَرَكَ وَآلِهَتَكَ قَالَ سَنُقَتِّلُ أَبْنَاءَ هُمْ وَنَسْتَحْيِيْ نِسَاءَ هُمْ وَإِنَّا فَوْقَهُمْ قَاهِرُوْنَ .قَالَ مُوسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا إِنَّ الْأَرْضَ لِلّٰهِ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ .قَالُوْا أُوذِيْنَا مِنْ قَبْلِ أَنْ تَأْتِيَنَا وَمِنْ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ أَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْأَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ . وَلَقَدْ أَخَذْنَا آلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ (سورة الاعراف ، رقم الآية ١٢٧ ،الىٰ ١٣٠)

ترجمہ: اور کہا جماعت نے قومِ فرعون کی، کیا چھوڑ دیں گے آپ موسیٰ کو اور اس کی قوم کو، تا کہ فساد کریں وہ زمین میں، اور چھوڑ دے وہ (موسیٰ) آپ کو اور آپ کے الٰہ کو۔ کہا اس (فرعون) نے کہ عنقریب قتل کریں گے ہم ان کے بیٹوں کو، اور زندہ رکھیں گے ہم ان کی عورتوں کو، اور بے شک ہم ان کے اوپر غلبہ رکھتے ہیں۔

کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو کہ مدد طلب کرو تم اللہ سے اور صبر کرو تم، بے شک زمین اللہ ہی کی ہے، وارث بناتا ہے، وہ اس (زمین) کا جس کو چاہتا ہے وہ، اپنے بندوں میں سے، اور (اچھا) انجام متقیوں کے لئے ہے۔ کہا ان (موسیٰ کی قوم کے) لوگوں نے کہ ایذاء دی گئی ہم کو اس سے پہلے کہ آئے آپ ہمارے پاس، اور بعد اس کے کہ آئے آپ ہمارے پاس۔ کہا اس (موسیٰ) نے کہ قریب ہے کہ تمہارا رب ہلاک کردے تمہارے دشمن کو اور خلافت دے دے وہ تم کو زمین میں، پھر دیکھے گا وہ کہ کس طرح عمل کرتے ہو تم۔ اور یقیناً بلاشبہ پکڑ لیا ہم نے آلِ فرعون کو قحط سالی، اور پھلوں کی کمی کے ساتھ، تا کہ نصیحت حاصل کریں وہ (سورہ اعراف)

ملاحظہ فرمائیے کہ فرعون کے پاس حکومت و دولت سب کچھ تھی، اور وہ مسلمانوں پر ہر طرح کا

ظلم وستم کیا کرتا تھا، اس کے جواب میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو اللہ سے کافروں وظالموں کے خلاف مدد ونصرت کی دعاء کرنے، اور صبر کرنے کا حکم دیا اور یہ بھی واضح فرمادیا کہ زمین اللہ کی مخلوق ومملوک ہے، وہ اس پر اپنے بندوں میں سے، جس کو چاہتا ہے، حکومت عطاء فرمادیتا ہے، یہ تو دنیا کا معاملہ ہے، اور آخرت کا اچھا انجام متقیوں کے لئے ہے، پس تم اللہ سے مدد کی دعاء اور صبر کر کے متقی بننے کا اہتمام کرو۔

پھر یہ بھی فرمادیا کہ تمہارے اللہ سے مدد حاصل کرنے اور تقویٰ اختیار کرنے کی بدولت، قریب ہے کہ تمہارا رب تمہارے دشمن کو ہلاک فرمادے، اور تم کو تمہارا رب زمین کی حکومت عطاء فرمادے، جس کے بعد وہ تمہارے اعمال کو دیکھے گا، پھر اللہ کی طرف سے فرعون کے دنیا میں مواخذہ کا بھی ذکر فرما کر، اس بات سے آگاہ کردیا گیا کہ زمین کی حکومت، اور اس سے محرومی سب کچھ اللہ کے حکم سے ہے، بس بندے اللہ کی طرف رجوع کریں، اور صبر سے کام لیں، تو اسی سے اللہ کی مدد نازل ہوتی ہے۔

چنانچہ پھر اللہ نے فرعون کو ہلاک فرمادیا، اور اس سے مومنوں کو نجات عطاء فرمادی، جس کا قرآن مجید کی کئی سورتوں میں ذکر آیا ہے۔ [1]

سورہ اعراف میں ہی فرعون کے واقعہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا**

---

[1] وَإِذْ نَجَّيْنَاكُمْ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُونَ أَبْنَاءَكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ وَفِي ذَلِكُمْ بَلَاءٌ مِنْ رَبِّكُمْ عَظِيمٌ .وَإِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَأَنْجَيْنَاكُمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ وَأَنْتُمْ تَنْظُرُونَ (سورة البقرة،رقم الآية ٤٩،و٥٠)

وَإِذْ أَنْجَيْنَاكُمْ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ يُقَتِّلُونَ أَبْنَاءَكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ وَفِي ذَلِكُمْ بَلَاءٌ مِنْ رَبِّكُمْ عَظِيمٌ (سورة الاعراف،رقم الآية ١٤١)

كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُمْ بِذُنُوبِهِمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ وَكُلٌّ كَانُوا ظَالِمِينَ (سورة الانفال،رقم الآية ٥٤)

وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ أَنْجَاكُمْ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُونَ أَبْنَاءَكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ وَفِي ذَلِكُمْ بَلَاءٌ مِنْ رَبِّكُمْ عَظِيمٌ (سورة ابراهيم،رقم الآية ٦)

www.idaraghufran.org

غَافِلِيْنَ .وَأَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بَارَكْنَا فِيْهَا وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ بِمَا صَبَرُوْا وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهُ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ (سورة الاعراف،رقم الآية ١٣٦،و١٣٧)

ترجمہ: پس انتقام لیا ہم نے ان (فرعون اوراس کے ہمراہیوں) سے، پھر غرق کردیا ہم نے ان کو سمندر میں، اس وجہ سے کہ وہ تکذیب کرتے تھے ہماری آیات کی، اور تھے وہ ان (آیات) سے غفلت اختیار کرنے والے، اور وارث کیا ہم نے ان لوگوں کی قوم کو جن کو کمزور کیا گیا تھا، زمین کے مشارق کا اوراس (زمین) کے مغارب کا، وہ کہ برکت دی ہم نے اس میں، اور تمام ہوگیا آپ کے رب کا اچھا کلمہ، بنی اسرائیل پر، بوجہ اس کے کہ صبر کیا انہوں نے، اور ہلاک کردیا ہم نے، ان چیزوں کو جو بنایا کرتا تھا، فرعون، اوراس کی قوم، اور جو اونچی تعمیر کرتے تھے وہ (فرعون اوراس کی جماعت کے لوگ) (سورہ اعراف)

معلوم ہوا کہ اللہ نے فرعون کو ہلاک، اوراس کی مصنوعات وکارخانوں، اور بڑی بڑی عمارتوں کو برباد فرمادیا، اور فرعون نے جن مومنوں کو کمزور کررکھا تھا، ان کو صبر کے نتیجہ میں فرعون کے بعد مشرق ومغرب کی حکومت عطاء فرمادی، اور فرعون کی بقیہ نعمتیں بھی ان کو عطاء فرمادیں۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ شعراء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَأَوْحَيْنَا إِلٰى مُوْسٰى أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِيْ إِنَّكُمْ مُتَّبَعُوْنَ .فَأَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَائِنِ حَاشِرِيْنَ .إِنَّ هٰؤُلَاءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ .وَإِنَّهُمْ لَنَا لَغَائِظُوْنَ .وَإِنَّا لَجَمِيْعٌ حَاذِرُوْنَ .فَأَخْرَجْنَاهُمْ مِنْ جَنَّاتٍ وَّعُيُوْنٍ. وَكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ . كَذٰلِكَ وَأَوْرَثْنَاهَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ .فَأَتْبَعُوْهُمْ مُشْرِقِيْنَ.فَلَمَّا تَرَاءَ الْجَمْعَانِ قَالَ أَصْحَابُ مُوْسٰى إِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ. قَالَ كَلَّا إِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ .فَأَوْحَيْنَا إِلٰى مُوْسٰى أَنِ اضْرِبْ

بِعَصَاکَ الْبَحْرَ فَانْفَلَقَ فَکَانَ کُلُّ فِرْقٍ کَالطَّوْدِ الْعَظِیْمِ .وَأَزْلَفْنَا ثَمَّ الْآخَرِینَ .وَأَنْجَیْنَا مُوسٰی وَمَنْ مَّعَهٗ أَجْمَعِیْنَ .ثُمَّ أَغْرَقْنَا الْآخَرِیْنَ .إِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَآیَةً(سورة الشعراء،رقم الآیة ،۵۲،الٰی ۶۷)

ترجمہ: اور وحی بھیجی ہم نے موسیٰ کی طرف کہ رات کو لے چلیں میرے بندوں کو، بے شک تمہارا پیچھا کیا جائے گا، پھر بھیجا فرعون نے شہروں میں جمع کرنے والوں کو (تا کہ حضرت موسیٰ اور ان کے ہمراہیوں کو پکڑیں، اور فرعون نے ان کو کہا کہ) بے شک یہ (لوگ) یقیناً تھوڑے سے لوگوں کی جماعت ہے، اور بے شک وہ یقیناً ہمیں غصہ دلاتے ہیں، اور بے شک ہم سب (ان تھوڑے سے لوگوں سے) خوف رکھتے ہیں، پھر نکال دیا ہم نے ان (فرعون اور اس کے لوگوں) کو باغوں سے اور چشموں سے، اور خزانوں اور معزز مقاموں سے، اسی طرح ہوا، اور وارث بنا دیا ہم نے ان (سب چیزوں) کا بنی اسرائیل کو، پھر پیچھا کیا انہوں نے ان (موسیٰ اور ان کے ساتھیوں) کا صبح کرتے ہوئے (یعنی صبح کے وقت روشنی ہونے کے بعد) پھر جب ایک دوسرے کو دیکھ لیا دونوں جماعتوں نے، کہا موسیٰ کے ساتھیوں نے کہ بے شک ہم پالئے گئے ہیں (یعنی ہم پکڑے جانے کے قریب ہیں) کہا اس (موسیٰ) نے کہ ہرگز نہیں بے شک میرے ساتھ میرا رب ہے، جو عنقریب ہدایت دے گا مجھے، پھر وحی بھیجی ہم نے موسیٰ کی طرف کہ مار یے آپ اپنے عصاء کو سمندر میں، پھر پھٹ گیا وہ (سمندر) پھر ہو گیا ہر ٹکڑا، بڑے پہاڑ کی طرح، اور قریب کر دیا ہم نے وہیں دوسروں (یعنی فرعون کے لشکر) کو، اور نجات دے دی ہم نے موسیٰ کو اور اُن کو جو اُن کے ساتھ تھے، سب کو، پھر غرق کر دیا ہم نے دوسروں (یعنی فرعون اور اس کے لشکر) کو، بے شک اس میں نشانی ہے (سورہ شعراء)

ملاحظہ فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام اور آپ کے کمزور ساتھیوں کو کس طرح فرعون سے نجات بخشی اور فرعون اور اس کے لوگوں کو کس طرح ہلاک کیا، اور ان کے عالیشان باغات، اور چشموں، اور خزانوں، اور عمدہ مقامات کا موسیٰ اور آپ پر ایمان لانے والوں کو مالک بنادیا۔

یہ سب تعلق مع اللہ اور صبر کی برکات تھیں، جو آج بھی ان اعمال کی برکت سے حاصل ہوسکتی ہیں۔

افسوس کہ آج مسلمان، ان ہی بنی اسرائیل وغیرہ کے باقیات کی وجہ سے مظلوم ہیں، لیکن قرآن مجید میں مذکور، تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کے بجائے، دوسری تدبیروں وتحریکوں میں لگ کر اپنے آپ کو ناکام بنارہے ہیں۔

جبکہ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو نعمتوں سے نوازنے کے بعد ان نعمتوں میں سرکشی، ان کی ناقدری وناشکری کرنے پر اپنے غضب کے نازل ہونے سے آگاہ کردیا تھا۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ طٰہٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

كُلُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ

(سورة طٰهٰ، رقم الآية ٨١)

ترجمہ: کھاؤ تم پاکیزہ چیزوں میں سے، جن کا رزق دیا ہم نے تم کو، اور مت سرکشی کرو تم اس (رزق) میں، پس نازل ہوجائے گا تم پر میرا غضب (سورہ طٰہٰ)

معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے حاصل شدہ نعمتوں میں سرکشی وناشکری، اور ان کی ناقدری کرنے پر اللہ کا غضب نازل ہوا کرتا ہے۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بار بار اعلان فرمادیا تھا کہ آپ کی امت، پہلی امتوں کے شانہ بشانہ اور ان کے ہو بہو، طرزِ عمل اختیار کرے گی، پس آج کے دور کے مسلمانوں نے بھی صبر اور تقویٰ کو چھوڑ کر اللہ کی طرف سے دی ہوئی نعمتوں میں سرکشی، اور ان کی ناقدری شروع

کی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم، آپ کے صحابہ اوران کے متبعین نے زمین کے جن خطوں پر اسلام کا بول وبالا کیا تھا، ان میں اسلام کے بجائے کفریہ قوتوں کو اپنے ہاتھوں سے قوی کیا، ان کے طور وطریقوں کو اپنایا، جس کے نتیجہ میں اللہ نے ان سے ان خطوں کی گرفت کو کمزور کردیا، اور اللہ جس قوم کو اس کی بداعمالیوں کی وجہ سے کسی فتنہ میں مبتلاء کرتا ہے، تو اس کو دنیا میں ذلیل فرمادیتا ہے، اور وہ فتنہ، اللہ کے علاوہ کسی اور کی طرف سے ٹالنا ممکن نہیں ہوتا۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ أَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (سورة المائدة،رقم الآية ۴۱)

ترجمہ: اور جس کو ارادہ کرلے اللہ، اس کے فتنہ کا، تو ہرگز نہیں مالک ہیں آپ اس کے لئے اللہ کے مقابلہ میں کسی چیز کے، یہی وہ لوگ ہیں کہ نہیں ارادہ کیا اللہ نے یہ کہ پاک کرے وہ (اللہ) ان کے دلوں کو، ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے، اور ان کے لئے آخرت میں بڑا عذاب ہے (سورہ مائدہ)

پھر موسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد، ایک اور نبی نے اللہ کی طرف سے طالوت کو بادشاہ بنانے کا اپنی قوم کے سامنے ذکر کیا، جس پر لوگوں نے کہا کہ طالوت کے پاس تو مال ودولت کی وسعت نہیں، پھر اس کو کیسے باشاہ بنایا جائے گا، جس کے جواب میں نبی نے فرمایا کہ اللہ جس کو چاہتا ہے، حکومت عطاء فرمادیتا ہے، اس کے لئے مالدار ہونا ضروری نہیں۔

قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں اس واقعہ کا ذکر آیا ہے۔ [1]

---

[1] وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا قَالُوا أَنّٰى يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِنَ الْمَالِ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ وَاللّٰهُ يُؤْتِي مُلْكَهُ مَنْ يَشَاءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ (سورة البقرة،رقم الآية ۲۴۷)

پس اگر مومنوں کو کسی خطۂ زمین کی فتح، یا کافروں سے نجات مطلوب ہو، تو اس کے لئے، تقویٰ اختیار کرنے، اللہ سے مدد کی دعاء، اور صبر کرنے کی ضرورت ہے۔

لیکن آج ان مقاصد کے لئے، قرآن وسنت میں بیان کردہ کاموں کے بجائے، دوسرے طریقے ڈھونڈے جاتے ہیں، اور جب مسلمانوں پر ظلم ہوتا ہے، تو طرح طرح سے شکوے شکایات کئے جاتے ہیں، دھرنے دئے جاتے اور ہڑتالیں کی جاتی ہیں، جو صبر کے منافی ہیں، اسی لئے ان کا قرآن وسنت اور کسی نبی کی سنت میں ذکر نہیں، اور اسی لئے آج مسلمان ان طریقوں کو اختیار کرنے کے باوجود، فتوحات سے محروم، اور ذلت ورسوائی میں مبتلاء ہیں۔

قرآن مجید کی سورہ توبہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِي مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئًا وَضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُدْبِرِيْنَ .ثُمَّ أَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَأَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَذٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِيْنَ

(سورة التوبة، رقم الآية ٢٥، و ٢٦)

ترجمہ: یقیناً بلاشبہ نصرت کی تمہاری اللہ نے بہت سے مواقع میں، اور حنین کے دن، جب تعجب میں ڈال دیا تم کو تمہاری کثرت نے، پھر نہیں دفاع کیا (کثرت) نے تم سے کسی چیز کا بھی اور تنگ ہوگئی تم پر زمین، باوجود اس (زمین) کے کشادہ ہونے کے، پھر اعراض کیا تم نے پیٹھ پھراتے ہوئے، پھر نازل کیا اللہ نے اپنے سکینہ کو اپنے رسول پر اور مومنوں پر، اور نازل کیا اس (اللہ) نے لشکر کو، نہیں دیکھا تم نے اس (لشکر) کو، اور عذاب دیا اس (اللہ) نے ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا، اور یہی کافروں کی جزاء ہے (سورہ توبہ)

مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے کافروں کے مقابلہ میں مومنوں کی بہت مرتبہ غیبی مدد نازل ہوتی رہی ہے، اور آج بھی نازل ہوسکتی ہے، اور اللہ کی مدد کے مقابلہ میں

مسلمانوں کو محض افرادی ومادی قوت فائدہ مند نہیں۔

اور اللہ کی مدد ونصرت کا طریقہ دوسری جگہ صبر اور تقوے کو اختیار کرنے کی شکل میں بیان کیا جاچکا ہے۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو اپنی تعداد، اور کثرت پر اترانا نہیں چاہیے اور اس کو کامیابی کا ذریعہ نہیں سمجھنا چاہیے۔

اور قرآن مجید کی سورہ نحل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ (سورة النحل، رقم الآية ١١٢)

ترجمہ: اور بیان کی اللہ نے مثال ایک بستی کی، جو تھی امن والی، اطمینان والی، آتا تھا اس (بستی) کے پاس اس کا رزق وافر ہر جگہ سے، پھر ناشکری کی اس (بستی کے لوگوں) نے اللہ کی نعمتوں کی، پھر چکھایا اس کو اللہ نے بھوک اور خوف کا لباس ان چیزوں کی وجہ سے جو کرتے تھے وہ (سورہ نحل)

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کی نعمتوں پر ناشکری، اور ان کی ناقدری کرنے کی وجہ سے اللہ کی طرف سے خوف، اور فقر وافلاس کا عذاب نازل ہوتا ہے۔

اور وہ خوف وفقر، دشمنوں کو مسلط کر کے بھی ہوسکتا ہے۔

اور سورہ نحل ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ. إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ (سورة النحل، رقم الآيات ١٢٧، ١٢٨)

ترجمہ: اور صبر کیجیے آپ، اور نہیں ہے آپ کا صبر کرنا، مگر اللہ کے ذریعہ، اور غم نہ

کیجیے آپ ان پر، اور مت ہوئیے آپ تنگی میں ان چیزوں سے جو مکر کرتے ہیں وہ، بے شک اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے، جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں، اور جو لوگ کہ وہی نیکی کرتے ہیں (سورہ نحل)

مذکورہ آیات سے صاف معلوم ہوا کہ کافروں کے مکر وفریب اور سازشوں سے غم میں مبتلاء ہونے کے بجائے، صبر وتقویٰ اختیار کرنا چاہیے، اسی سے اللہ کی مدد حاصل ہوتی ہے۔

اور آج مسلمانوں میں ان ہی دو چیزوں کی کمی ہے، جس کی وجہ سے اللہ کی معیت ونصرت سے محرومی لازم آرہی ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ طٰہٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا وَمِنْ آنَاءِ اللَّيْلِ فَسَبِّحْ وَأَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى (سورة طٰهٰ، رقم الآية ١٣٠)

ترجمہ: پس صبر کیجیے آپ ان باتوں پر جو کہتے ہیں وہ، اور تسبیح کیجیے آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ، سورج طلوع ہونے سے پہلے، اور سورج غروب ہونے سے پہلے، اور رات کے اوقات میں، پھر تسبیح کیجئے آپ، اور دن کے اطراف (وکناروں) میں، تاکہ آپ راضی ہوجائیں (اس پر مرتب ہونے والے ثواب سے) (سورہ طٰہٰ)

مذکورہ آیت میں کافروں کی طرف سے کہی ہوئی تکلیف دہ اور خلافِ اسلام باتوں پر صبر کرنے کا حکم دیا گیا ہے، اور اس کے ساتھ صبح، شام اور رات ودن کے اوقات میں اللہ کی حمد کے ساتھ تسبیح کرنے کا حکم دیا گیا ہے، اور اللہ کی حمد بہترین دعاء ہے، اور تسبیح اللہ کا عظیم ذکر ہے۔

## سورہ آلِ عمران کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ .هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ.وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ .اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَاءَ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ.وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ.اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ(سورۃ آلِ عمران،رقم الآیات ۱۳۷،الیٰ ۱۴۲)

ترجمہ: یقیناً گزر چکے تم سے پہلے کئی طریقے، پس چلو تم زمین میں، پھر دیکھو تم کہ کیسا ہوا انجام جھٹلانے والوں کا۔ یہ (قرآن) بیان ہے لوگوں کے لیے، اور ہدایت ہے اور نصیحت ہے متقیوں کے لیے۔ اور مت بزدل بنو تم اور مت غم کرو تم اور تم ہی اعلیٰ رہو گے، اگر ہو تم ایمان لانے والے۔ اگر پہنچا ہے تم کو زخم، تو یقیناً پہنچ چکا ہے (دوسری) قوم کو بھی زخم، اس جیسا اور یہ دن، بدلتے رہتے ہیں ہم ان کو لوگوں کے درمیان، اور تا کہ جان لے اللہ، ان لوگوں کو جو ایمان لائے، اور بنائے وہ تم میں سے شہداء، اور اللہ نہیں محبت کرتا، ظالموں سے۔ اور تا کہ چھانٹ لے، اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور مٹا دے کافروں کو۔ کیا گمان کر لیا تم نے یہ کہ داخل ہو جاؤ گے تم جنت میں، حالانکہ ابھی تک نہیں جانا اللہ نے ان لوگوں کو جنہوں نے جہاد کیا تم میں سے اور نہیں جانا صبر کرنے والوں کو (سورہ آلِ عمران)

قرآن مجید کی مذکورہ آیات میں کتنی صراحت اور وضاحت کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے پہلے تو سابقہ امتوں کے عبرت حاصل کئے جانے والے واقعات پر نظر ڈالنے، اور اللہ کی تکذیب کرنے والوں کے انجام کو ملاحظہ کرنے کا حکم فرمایا ہے، اور پھر اس کو متقیوں کے لئے نصیحت اور بیان فرمایا ہے، اور پھر مسلمانوں کو کمزور و بزدل ہونے سے منع فرمایا اور ساتھ ہی فرمایا کہ تم

ہی غالب رہو گے، بشرطیکہ تم پکے سچے مومن رہے، اور ساتھ ہی کافروں کی طرف سے پہنچنے والی تکالیف پر صبر کا حکم فرمایا، اور یہ بھی فرمادیا کہ دنیا کا وقت، اور حالات ہمیشہ ایک جیسے نہیں رہتے، اللہ حالات کے اتار چڑھاؤ سے مومنوں، اور غیر مومنوں کا امتحان لینا، اور ان دونوں میں تمیز پیدا کرنا چاہتا ہے، اور مومنوں کو کافروں کی طرف سے پہنچنے والی تکالیف پر صبر کر کے جنت کا مستحق بنانا چاہتا ہے۔

پس مومنوں کو مذکورہ ہدایات ملحوظ رکھ کر عمل کرنا چاہیے، اور اس کے بجائے دوسرے بائیکاٹ وتحریکات کے چکروں میں نہیں پڑنا چاہیے۔

## سورہ آلِ عمران کا دوسرا حوالہ

سورہ آلِ عمران میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ .وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ اِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ .فَاٰتٰهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ. يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ .بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰكُمْ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ .سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَمَاْوٰهُمُ النَّارُ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ (سورۃ آلِ عمران، رقم الآیات ۱۴۶، الیٰ ۱۵۱)

ترجمہ: اور کتنے ہی نبی ہیں کہ قتال کیا ان کے ہمراہ، بہت سے رب (یعنی اللہ) والوں نے، تو نہ ہمت ہاری انہوں نے اس (مصیبت) کی وجہ سے، جو پہنچی ان کو

اللہ کے راستہ میں اور نہ کمزور پڑے وہ، اور نہ دبے وہ، اور اللہ محبت کرتا ہے، صبر کرنے والوں سے۔ اور ان کی بات اس کے سوا کچھ نہ تھی کہ کہا انہوں نے کہ اے ہمارے رب، مغفرت فرما دیجئے ہمارے لئے ہمارے گناہوں کی اور ہماری زیادتی کی ہمارے کام میں، اور ثابت رکھیے ہمارے قدموں کو اور نصرت فرمایئے ہماری کافروں کی قوم پر۔ پھر دیا ان کو اللہ نے ثواب دنیا کا اور اچھا ثواب آخرت کا، اور اللہ محبت رکھتا ہے نیک کام کرنے والوں سے۔ اے وہ لوگو جو ایمان لائے، اگر اطاعت کرو گے تم ان لوگوں کی جنہوں نے کفر کیا، تو لوٹا دیں گے وہ تم کو تمہاری ایڑیوں پر، پھر لوٹ جاؤ گے تم خسارہ پانے والے ہو کر۔ بلکہ اللہ ہی مولیٰ ہے، تمہارا، اور وہی سب سے بہتر نصرت کرنے والا ہے۔ عنقریب ڈال دیں گے ہم ان لوگوں کے دلوں میں جنہوں نے کفر کیا ''رعب'' کو، ان کے اللہ کے ساتھ شرک کرنے کی وجہ سے، اس چیز کا کہ نہیں نازل کی اس (اللہ) نے اس کی کوئی دلیل، اور ان کا ٹھکانا ''آگ'' ہے، اور بہت برا ٹھکانا ہے، ظالموں کا (سورہ آلِ عمران)

مذکورہ آیات میں اللہ نے مومنوں کو نبیوں کے ہمراہیوں کی حالت بتلا کر اللہ کے راستہ میں پہنچنے والی تکالیف سے ہمت نہ ہارنے، اور کمزور نہ پڑنے کی تعلیم دی، اور پھر ان کی ثابت قدمی، اور غلبہ کی ایک دعاء کا ذکر فرمایا، اور پھر ان کو دنیا وآخرت کی کامیابی ملنے کا ذکر فرمایا، اور پھر کافروں کی اطاعت سے منع فرمایا، اور اس کے نقصان کا ذکر فرمایا، اور اللہ کو اپنا مولیٰ اور سب سے بہترین مددگار ہونے کا ذکر فرمایا، اور ان سب اعمال کو اختیار کرنے کے نتیجہ میں اللہ نے کافروں کے دلوں میں رعب ڈالنے کا وعدہ فرمایا۔

پس مسلمانوں کی کامیابی، اور غلبہ کے اس صاف ستھرے طریقہ کو نظر انداز کر کے دوسرے کاموں، اور تحریکوں اور بائیکاٹوں پر لگانے سے فتح اور غلبہ کا حصول کیسے ممکن ہو سکتا ہے۔

## سورہ آلِ عمران کا تیسرا حوالہ

سورہ آلِ عمران ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ** (سورۃ آلِ عمران، رقم الآیۃ ۱۶۰)

ترجمہ: اگر نصرت کرے تمہاری اللہ، تو نہیں غالب ہوگا کوئی تمہارے لئے، اور اگر رسوا کرے وہ (اللہ) تم کو، تو کون ہے وہ جو نصرت کرے گا تمہاری، اس کے بعد، اور اللہ پر ہی پس توکل کرنا چاہیے مومنون کو (سورہ آلِ عمران)

اس سے صاف معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو اللہ کی نصرت حاصل ہونے کے بعد کوئی بھی بڑے سے بڑا معاشی نظام، ان پر قابض، و غالب نہیں آ سکتا، پس ایمان واعمالِ صالحہ کی فکر کرنی چاہیے، اس کو نظر انداز کر کے دوسری تحریکات و بائیکاٹ کو اہمیت نہیں دینی چاہیے۔

ورنہ تو اللہ اور اس کا رسول بھی ان طریقوں کی تعلیم دیتا، لیکن کیا وجہ ہے کہ اللہ کے رسول اور صحابہ کافروں سے تجارات و معاملات سب کچھ جاری رکھنے کے باوجود کامیاب اور غالب کئے گئے، اور ہم ان سب طریقوں کو اختیار کر کے اور اللہ کے رسول اور کامیاب مومنوں کے طریقہ کو چھوڑ کر پے در پے ناکامیوں کا سامنا کر رہے ہیں۔

## سورہ آلِ عمران کا چوتھا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ. لَتُبْلَوُنَّ فِيْ أَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوْا**

الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ أَشْرَكُوْا أَذًى كَثِيْرًا وَإِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ (سورۃ آل عمران، رقم الآیات ۱۸۵، ۱۸۶)

ترجمہ: ہر جاندار موت کا مزہ چکھنے والا ہے، اور پورا پورا دیا جائے گا تمہارا بدلہ قیامت کے دن، پس جو کوئی بچالیا گیا جہنم سے، اور داخل کردیا گیا جنت میں، تو وہ بلاشبہ کامیاب ہوگیا، اور نہیں ہے، دنیا کی زندگی مگر دھوکہ کا سامان، یقیناً تمہاری آزمائش کی جائے گی تمہارے مالوں میں، اور تمہاری جانوں میں، ضرور بالضرور سنوگے تم ان لوگوں کی طرف سے، جنہیں دی گئی کتاب تم سے پہلے، اور ان لوگوں سے جنہوں نے شرک کیا بہت تکلیف دہ باتیں، اور اگر صبر کروگے تم، اور تقویٰ اختیار کروگے تم، تو یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے (سورہ آلِ عمران)

مذکورہ آیات میں واضح کردیا گیا ہے کہ دنیا سے ہر ایک نے رخصت ہونا ہے، اور موت کا ذائقہ چکھنا ہے، اور اصل کامیابی، جہنم سے بچنا، اور جنت میں داخل ہونا ہے، اور دنیا کی زندگی، آخرت کے مقابلہ میں دھوکہ کا سامان ہے، اور مومنوں کو پیشگی بتلادیا گیا ہے کہ ان کے مالوں اور جانوں میں ان کی آزمائش ضرور کی جائے گی، جو کافروں کی طرف سے بھی پیش آئیں گی، اور ان کو کافروں کی طرف سے، خواہ اہلِ کتاب ہوں، یا مشرک، بہت سی تکلیف دہ باتیں بھی سننی پڑیں گی، ایسی صورت میں اللہ نے صبر اور تقوے کو اختیار کرنے کا حکم فرمایا ہے، اور ساتھ ہی یہ بھی فرمادیا کہ یہ دونوں کام صرف ہمت والے مومن ہی سرانجام دے سکتے ہیں۔

اور آج کافروں کی طرف سے یہ سب کچھ پیش آرہا ہے، جس کے لئے صبر اور تقوے کو اختیار کرنے کی ضرورت ہے، جس کی مسلمانوں میں بہت زیادہ کمی ہے، اور اس کے بجائے دوسری تدبیروں کی طرف توجہ زیادہ ہے، اس لئے وہ غیر مفید اور غیر موثر ثابت ہورہی ہیں۔

## سورہ انفال کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ انفال میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاعْلَمُوا أَنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ وَأَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ أَجْرٌ عَظِيْمٌ. يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ. وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ أَوْ يَقْتُلُوْكَ أَوْ يُخْرِجُوْكَ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ (سورة الانفال، رقم الأية ٢٨، الیٰ ٣٠)

ترجمہ: اور جان لو تم کہ بس تمہارے اموال، اور تمہاری اولاد فتنہ ہے، اور بے شک اللہ، اس کے پاس اجرِ عظیم ہے، اے وہ لوگو جو ایمان لائے، اگر ڈرو تم اللہ سے (اور تقویٰ اختیار کرو) تو کردے گا وہ (اللہ) تمہارے لئے فرق کرنے والی چیز (جو خوف والی چیزوں سے تمہیں نجات دے گی) اور معاف کردے گا وہ (اللہ) تم سے تمہاری خطاؤں کو، اور مغفرت کردے گا وہ تمہارے لئے اور اللہ فضلِ عظیم والا ہے۔ اور جب مکر (وسازش) کررہے تھے آپ کے ساتھ وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کہ باقی چھوڑ دیں وہ آپ کو، یا قتل کردیں وہ آپ کو، یا نکال دیں وہ آپ کو، اور مکر (وسازش) کررہے تھے وہ، اور (اس کے جواب میں) تدبیر کررہا تھا اللہ، اور اللہ سب سے بہتر تدبیر کرنے والا ہے (سورہ انفال)

مذکورہ آیات میں اللہ تعالیٰ نے پہلے تو مسلمانوں کے اموال اور اولاد کو فتنہ قرار دیا ہے، اور ان کے مقابلہ میں اللہ کے پاس اجرِ عظیم ہونے کی طرف متوجہ فرمایا ہے، تاکہ اموال اور اولاد کے فتنہ میں پڑنے کے بجائے آخرت کی تیاری کریں۔

پھر اس کے بعد مومنوں کو تقویٰ اختیار کرنے کا حکم فرمایا، اور ساتھ ہی اس کے نتیجہ میں فرق کرنے والی چیز عطاء فرمانے کا وعدہ فرمایا ہے، جس سے فتنوں اور خوف سے نجات اور دنیا

وآخرت کی فتح وکامیابی مراد ہے، اور تقویٰ اختیار کرنے پر ساتھ ہی گناہوں کی معافی اور مغفرت کا بھی وعدہ فرمایا، اور اپنے فضلِ عظیم کی صفت کا ذکر فرمایا۔

پھر اگلی آیت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کافروں کی طرف سے قتل وغیرہ کی سازش اور مکر کرنے کا ذکر فرمایا، اور ساتھ ہی اللہ کی طرف سے ان کافروں کی سازش ومکر کو اللہ کی طرف سے ناکام بنانے کا بھی ذکر فرما کر، اس طرف اشارہ فرمادیا کہ جب بندہ تقویٰ اختیار کرتا ہے، تو اللہ کافروں کی طرف سے مسلمانوں کے قتل وغیرہ کی منصوبہ بندیوں کو بھی ناکام بنادیتا ہے۔

پس کافروں کی سازشوں کے مقابلہ میں مسلمانوں کا تقویٰ ترک کرکے، مالی فتنوں میں پڑنا، یا دوسری غیر شرعی تدبیروں میں لگنا، کامیابی کا ذریعہ نہیں بن سکتا۔

## سورہ انفال کا دوسرا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ انفال ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَبَقُوا إِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُونَ .وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَآخَرِينَ مِنْ دُونِهِمْ لَا تَعْلَمُونَهُمْ ،اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ.وَإِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ .وَإِنْ يُّرِيدُوا أَنْ يَّخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ،هُوَ الَّذِي أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِينَ .وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ .يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ.يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ، إِنْ يَّكُنْ مِنْكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُوا

مِـائَتَيْـنِ ،وَإِنْ يَّكُنْ مِنْكُمْ مِائَةٌ يَغْلِبُوْا أَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَـفْـقَهُـوْنَ. اَلْآنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا، فَإِنْ يَّـكُنْ مِـنْـكُـمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ،وَإِنْ يَّكُنْ مِنْكُمْ أَلْفٌ يَّغْلِبُوْا أَلْفَيْنِ بِإِذْنِ اللّٰهِ ، وَاللّٰهُ مَعَ الصَّابِرِيْنَ(سورة لانفال،رقم الآية ٥٩،الیٰ٦٦)

ترجمہ: اور ہرگز گمان نہ کریں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کہ وہ آگے نکل گئے، بے شک وہ (اللہ کو) نہیں عاجز کر سکتے۔ اور تیاری کرو تم ان (کافروں) کے لئے جتنی استطاعت ہو تم کو قوت کی، اور جنگی گھوڑوں کی، ڈراؤ تم اس کے ذریعہ سے اللہ کے دشمن کو اور اپنے دشمن کو، اور دوسروں کو بھی جو کہ ان کے علاوہ ہیں (یعنی منافقین وغیرہ) کہ نہیں جانتے تم ان کو، اللہ جانتا ہے ان کو، اور جو خرچ کرو گے تم کوئی چیز اللہ کے راستہ میں، پورا دیا جائے گا (اس کا اجر) تمہاری طرف، اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ اور اگر جھکیں وہ (کافر لوگ) صلح کے لئے، تو جھک جائیں آپ بھی اس (صلح) کے لئے، اور توکل کیجئے آپ اللہ پر، بے شک وہ سمیع ہے، علیم ہے۔ اور اگر ارداہ کریں گے وہ (کافر لوگ، اس صلح سے) اس بات کا کہ دھوکہ دیں وہ آپ کو، تو بے شک کافی ہے آپ کو اللہ، وہی ہے جس نے تائید کی آپ کی اپنی نصرت سے اور مومنین سے۔ اور الفت پیدا کی اس نے ان (مومنوں) کے دلوں کے درمیان، اگر خرچ کرتے آپ وہ جو زمین میں ہے، پورا، نہیں الفت پیدا کر سکتے تھے آپ ان کے دلوں کے درمیان، اور لیکن اللہ نے الفت پیدا کی ان کے درمیان، بے شک وہ عزیز ہے، حکیم ہے۔ اے نبی کافی ہے آپ کو اللہ، اور وہ جنہوں نے اتباع کی آپ کی مومنین میں سے۔ اے نبی ابھاریے آپ مومنوں کو قتال پر، اگر ہوں گے تم میں سے بیس (20) صبر کرنے والے، غالب آجائیں گے وہ دوسو (200) پر، اور اگر ہوں گے تم میں سے

سو(100)، تو غالب آجائیں گے وہ ہزار(1000) ان لوگوں پر جنہوں نے کفر کیا، اس وجہ سے کہ بے شک وہ ایسی قوم ہے، جو سمجھتے نہیں۔ اب تخفیف کردی اللہ نے تم سے اور جان لیا اس نے کہ بے شک تمہارے اندر کمزوری ہے، پس اگر ہوں گے تم میں سے سو(100) صبر کرنے والے، تو غالب آجائیں گے وہ دوسو(200) پر، اور اگر ہوں گے تم میں سے ہزار(1000) تو غالب آجائیں گے وہ دو ہزار(2000) پر، اللہ کی اجازت سے، اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے (سورہ انفال)

مذکورہ آیات میں کافروں کو یہ واضح کردیا گیا ہے کہ وہ اللہ کو عاجز نہیں کرسکتے، پھر اس کے بعد مسلمانوں کو کافروں کے مقابلہ کے لئے اپنی حسبِ حیثیت، قوت کے ساتھ تیاری کا حکم دیا گیا ہے، اور پھر کفار کی طرف سے صلح کے پیغام کو اللہ پر توکل کرکے قبول کرنے کا حکم دیا گیا ہے، اور اگر کفار صلح وغیرہ میں دھوکہ کا ارتکاب کریں، تو اللہ کی طرف سے حفاظت کا وعدہ کیا گیا ہے۔

اور پھر مسلمانوں کے درمیان الفت ومحبت کی نعمت کا ذکر کیا گیا ہے، پھر قتال پر ابھارنے کا حکم دیا ہے، جس کے ضمن میں صبر کرنے والے مومنوں کی تعداد، کافروں کے مقابلہ میں آدھی ہونے کی صورت میں مومنوں سے غلبہ کا وعدہ کیا گیا ہے۔

جس سے صاف معلوم ہوا کہ صبر کرنے والے مومنوں کی قوت کافروں کی تعداد کے مقابلہ میں کہیں زیادہ ہوتی ہے، جس کی وجہ یہی ہے کہ صبر پر اللہ کی نصرت آتی ہے۔

## سورہ سبأ وسورہ محمد کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ سبأ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ بِالَّتِي تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفَىٰ إِلَّا مَنْ آمَنَ

وَعَمِلَ صَالِحًا(سورة سبأ،رقم الأية٣٧)

ترجمہ: اور نہیں ہیں تمہارے اموال، اور تمہاری اولاد، وہ چیز کہ جو قریب کرے تم کو ہمارے نزدیک مرتبہ کے اعتبار سے، مگر وہ شخص جو ایمان لائے، اور عمل کرے نیک (سورہ سبأ)

معلوم ہوا کہ محض مال ودولت اللہ کے قریب کرنے کا باعث نہیں، جب تک کہ ایمان اور عملِ صالح نہ ہو۔

اور قرآن مجید کی سورہ محمد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَـاأَيُّهَـا الَّـذِيْنَ آمَنُوْا إِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ (سورة محمد، رقم الآية٧)

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے، اگر نصرت کرو گے تم اللہ کی، تو نصرت کرے گا وہ تمہاری، اور ثابت رکھے گا وہ تمہارے قدموں کو (سورہ محمد)

اللہ کی نصرت سے مراد اللہ کے دین کی نصرت اور دین پر عمل کرنا ہے، اس عمل پر اللہ نے بندوں کی مدد کرنے اور کافروں ودشمنوں کے خلاف ان کے ثابت قدم رکھنے کا وعدہ فرمایا ہے۔

پس اللہ کے دین پر عمل کو نظر انداز کر کے دوسری تدبیروں کے درپے ہونے سے یہ مقاصد حاصل نہیں ہو سکتے۔

اور سورہ محمد میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَـاأَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُـوْا أَطِيْـعُـوْا الـلّٰـهَ وَأَطِيْعُوْا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْا أَعْـمَـالَـكُـمْ. إِنَّ الَّـذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ،ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُـفَّـارٌ فَـلَـنْ يَّـغْـفِـرَ الـلّٰـهُ لَهُمْ. فَـلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْا إِلَى السَّلْمِ وَأَنْتُمُ الْأَعْـلَـوْنَ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ. إِنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ

وَّلَهْوٌ وَإِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ أُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْأَلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ (سورة محمد، رقم الآيات ۳۳، الیٰ ۳۶)

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے، اطاعت کرو تم اللہ کی، اور اطاعت کرو تم رسول کی، اور مت باطل کرو تم اپنے اعمال کو۔ بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا، اور روکا انہوں نے اللہ کے راستہ سے، پھر مر گئے وہ، اور وہ کافر تھے، تو ہرگز مغفرت نہیں کرے گا، اللہ ان کی۔ پس نہ کمزور ہو تم، اور مت دعوت دو تم صلح کی، اور تم ہی بلند رہو گے، اور اللہ تمہارے ساتھ ہے، اور نہیں کم کرے گا وہ تمہارے اعمال (کے ثواب) کو۔ بس دنیا کی زندگی کھیل ہے، اور تماشا ہے، اور اگر ایمان لاؤ گے تم، اور تقویٰ اختیار کرو گے تم، تو عطاء فرمائے گا وہ (اللہ) تمہیں تمہارے اجروں (اور ثوابوں) کا اور نہیں سوال کرے گا وہ (اللہ) تم سے تمہارے اموال کا (سورہ محمد)

مذکورہ آیات میں کتنی صراحت اور وضاحت کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے پہلے تو مومنوں کو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کا حکم فرمایا ہے، پھر اس کے بعد کافروں کی آخرت والی اصل ناکامی کا ذکر فرمایا ہے، پھر مسلمانوں کو کافروں کے مقابلہ میں کمزور اور بزدلی کا مظاہرہ کرنے سے منع فرمایا ہے۔

اور اللہ اور اس کے رسول کی اتباع کے نتیجہ میں مومنوں کے ساتھ اللہ کی معیت ونصرت اور مدد ہونے کا ذکر فرمایا ہے۔

اور پھر دنیا کی زندگی کو کھیل، تماشا بتلایا گیا ہے، جس کھیل وتماشہ کا کفار، شکار ہیں، اور پھر اُسی ایمان اور تقوے کا حکم دیا گیا ہے، جس کو پہلے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کے طور پر ذکر فرمایا تھا، اور پھر ساتھ ہی ایمان وتقوے پر اجر وثواب پر اجر عطاء کئے جانے اور مال ودولت کے نہ ہونے پر سوال نہ ہونے کا صاف ذکر فرما کر اس مضمون کی تکمیل کر دی گئی ہے۔

پس اس کے باوجود مسلمانوں کو ایمان باللہ اور رسول اللہ کی اطاعت، اور تقویٰ کو ترک کر کے کفار کے مال ودولت کے درپے ہونے کی جدوجہد کرنا، کہاں کا انصاف ہے؟

## سورہ توبہ، ھود، رعد، ابراہیم اور سورہ مطففین کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ توبہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

فَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ إِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُوْنَ (سورة التوبة، رقم الآية ٥٥)

ترجمہ: پس نہ تعجب میں ڈالے آپ کو ان کے اموال، اور نہ ان کی اولاد، بس چاہتا ہے اللہ کہ عذاب دے وہ ان کو دنیا کی زندگی میں اور نکلے ان کی جان اس حال میں کہ وہ کافر ہوں (سورہ توبہ)

اور قرآن مجید کی سورہ توبہ ہی میں ایک اور مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَأَوْلَادُهُمْ إِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ أَنْ يُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُوْنَ (سورة التوبة، رقم الآية ٨٥)

ترجمہ: اور تعجب میں نہ ڈالے آپ کو ان کے اموال اور اولاد، بس چاہتا ہے اللہ کہ عذاب دے وہ، ان کو دنیا کی زندگی میں اور نکلے ان کی جان اس حال میں کہ وہ کافر ہوں (سورہ توبہ)

مذکورہ آیات میں کفار کے مال ودولت کی فراوانی سے متاثر نہ ہونے اور ان کے مالدار ہونے کے باوجود، ناکام ہونے کا صاف طور پر ذکر کیا گیا ہے۔

پس مسلمانوں کو اللہ، اور آخرت کی طرف رجوع کرنے کی تحریک کے بجائے کفار کے مال ودولت کی تحریک میں لگانا، کیسے درست ہوسکتا ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ ھود میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ إِلَيْهِمْ أَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيهَا لَا يُبْخَسُوْنَ . أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ إِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبَاطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (سورة هود، رقم الآيات ١٥ و ١٦)

ترجمہ: جو ارادہ کرتا ہے، دنیوی زندگی کا، اور اس کی زینت کا، پورا دیتے ہیں ہم ان کو ان کے اعمال کا بدلہ اس (دنیا) میں، اور ان کو اس (دنیا) میں کمی نہیں کی جاتی۔ یہی ہیں وہ لوگ کہ نہیں ہے ان کے لئے آخرت میں مگر آگ، اور ضائع ہوگئے ان کے وہ کام جو کیے انہوں نے اس (دنیا) میں، اور باطل ہوگئے وہ کام جو وہ کرتے تھے (سورہ ہود)

کفار کا مقصد، دنیا کی مال ودولت کی حرص وطمع ہے، اور وہ اس کی وجہ سے آخرت میں ناکام ہیں، پس کفار کی مال ودولت کو ان کی کامیابی سمجھ کر کوئی تحریک چلانا، درست نہیں۔

اور قرآن مجید کی سورہ رعد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاءُ وَيَقْدِرُ وَفَرِحُوْا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مَتَاعٌ (سورة الرعد، رقم الآية ٢٦)

ترجمہ: اللہ کشادہ کردیتا ہے رزق کو، جس کے لئے چاہتا ہے، اور تنگ کردیتا ہے وہ، اور خوش ہیں یہ لوگ دنیا کی زندگی کے ساتھ، اور نہیں ہے دنیا کی زندگی آخرت کے مقابلہ میں مگر تھوڑا سا سامان (سورہ رعد)

مذکورہ آیت میں صاف طور پر بتلا دیا گیا کہ کسی کے مال ودولت کا زیادہ، یا کم ہونا، اللہ کے حکم سے ہے، اور کافروں کے مال ودولت کی فراوانی پر خوش ہونا، سراسر دھوکہ ہے، مسلمانوں کو اس دھوکہ میں نہیں پڑنا چاہیے۔

اور قرآن مجید کی سورہ ابراہیم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَلَّـذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا أُولٰـئِكَ فِيْ ضَلَالٍ بَعِيْدٍ (سورة إبراهيم، رقم الآية ٣)

ترجمہ: جولوگ محبت کرتے ہیں، دنیا کی زندگی سے آخرت کے مقابلہ میں، اور روکتے ہیں وہ اللہ کے راستہ سے، اور تلاش کرتے ہیں وہ اس میں کجی کو، یہ لوگ دور کی گمراہی میں ہیں (سورہ ابراہیم)

مذکورہ آیت میں صاف بتلادیا گیا کہ جو کفار آخرت کے مقابلہ میں دنیا کو ترجیح دیتے ہیں، اور اللہ کے راستہ سے روکتے اور اس میں کجی کو تلاش کرتے ہیں، وہ سراسر گمراہی میں مبتلاء ہیں، ان کی اس گمراہی سے مسلمانوں کو متاثر نہیں ہونا چاہیے، اور اللہ اور اس کے رسول کے احکام کو پورا کرنے میں لگنا چاہیے۔

اور قرآن مجید کی سورہ مطففین میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِيْنَ (سورة المطففين، رقم الآية ١)

ترجمہ: ویل ہے (ناپ تول میں) کمی کرنے والوں کے لئے (سورہ مطففین)

کم ناپنے اور کم تولنے کے پیچھے بھی دنیا اور مال ودولت کی بے جا محبت ہوتی ہے، اور مذکورہ آیت میں بتلادیا گیا کہ اس گناہ میں مبتلاء لوگوں کے لئے ویل اور ہلاکت ہے۔

اور آج امتِ مسلمہ اس ''ویـــــــل'' کے گناہ میں پوری طرح ڈوب کر اپنے لئے ''ویل اور ہلاکت'' کا سامان کررہی ہے، جبکہ مسلمانوں کے علاوہ دوسری اقوام اس گناہ سے بچ کر فائدہ اٹھارہی ہیں، اور مسلمانوں پر معاشی غلبہ حاصل کرتی جارہی ہیں۔

ایسی حالت میں مسلمانوں کو اپنی تباہی وہلاکت سے بچانے والے کاموں، اور اپنی معیشت کو بہتر کرنے والے کاموں کو چھوڑ کر، دوسروں کی معیشت کو کمزور کرنے کے لئے ایسی تدبیروں کے درپے ہونا، کوئی پائیدار حل نہیں، جن کی اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے تاکید بھی نہ ہو۔

# سورہ آلِ عمران، انعام وسورہ انفال کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖ إِخْوَانًا وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَأَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ آيَاتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ** (سورہ آل عمران، رقم الآیۃ ۱۰۳)

ترجمہ: اور مضبوط پکڑ لو تم اللہ کی رسی کو جمع ہو کر، اور تفرقہ بازی نہ کرو تم، اور یاد کرو تم اللہ کی نعمت کو اپنے اوپر، جب تھے تم ایک دوسرے کے دشمن، پھر الفت پیدا کر دی اس (اللہ) نے تمہارے دلوں کے درمیان، پھر ہو گئے تم اس نعمت کی وجہ سے بھائی بھائی، اور تھے تم آگ کے گڑھے کے کنارے پر، پھر بچا لیا تم کو اللہ نے اس سے، اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ تمہارے لئے اپنی نشانیاں، تاکہ تم ہدایت پاؤ (سورہ آلِ عمران)

اس آیت سے اتفاق واتحاد کا حکم اور تفرقہ بازی کی ممانعت معلوم ہوئی، اور ساتھ ہی اتحاد واتفاق کا ذریعہ بھی معلوم ہوا، وہ یہ کہ سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑ لیں، اور کوئی بھی اس سے الگ نہ ہو، اور اللہ کی رسی سے مراد، اللہ کا قرآن، اور اس میں بیان کردہ احکامات وتعلیمات ہیں۔

پھر ایک آیت ہی کے بعد سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ، وَأُولٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ** (سورۃ آل عمران، رقم الآیۃ ۱۰۵)

ترجمہ: اور مت ہو جاؤ تم ان لوگوں کی طرح، جنہوں نے تفرقہ پیدا کیا، بعد اس کے کہ آ گئی تھیں ان کے پاس واضح دلیلیں، اور یہی لوگ ہیں، جن کے لئے

عذابِ عظیم ہے (سورہ آلِ عمران)

اور قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِنَّ الَّذِیْنَ فَرَّقُوْا دِیْنَهُمْ وَكَانُوْا شِیَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِیْ شَیْءٍ. اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ یُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَفْعَلُوْنَ (سورہ انعام، رقم الآیۃ ۱۵۹)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے تفرقہ بازی کی اپنے دین میں، اور ہوگئے وہ کئی گروہ، نہیں ہے (اے نبی) آپ کا ان سے کوئی تعلق، بس ان کا معاملہ اللہ کی طرف ہے، پھر خبردار کردے گا وہ (اللہ) ان کو ان کاموں سے جو کرتے تھے وہ (سورہ انعام)

اور قرآن مجید کی سورہ انفال میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَأَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِیْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ (سورۃ الانفال، رقم الآیۃ ۴۶)

ترجمہ: اور اطاعت کرو تم اللہ کی اور اس کے رسول کی، اور نہ تنازعہ کرو تم، پھر بزدل ہو جاؤ گے تم اور چلی جائے گی تمہاری ہوا (یعنی طاقت وہمت) اور صبر کرو تم، بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے (سورہ انفال)

مذکورہ تمام آیات میں مسلمانوں کو متحد ومجتمع ہونے کا حکم دیا گیا ہے، اور آپس کی تفرقہ بازی اور تنازعہ کو، سخت عذاب، اور بزدلی، اور دشمنوں کے رعب کے ختم ہوجانے کا ذریعہ بتلایا ہے، اور ساتھ ہی اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت اور صبر کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

اور اس وقت عام طور پر نہ مسلمان آپس میں متحد ہیں، نہ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کا جذبہ ہے، اور نہ ہی صبر کرنے کا اہتمام ہے۔

جبکہ مذکورہ چیزیں اختیار میں ہیں، اور یہی اختیاری چیزیں غیر اختیاری چیزوں کے مقابلہ میں کافروں پر غلبہ وفتح کا اصل ذریعہ ہیں۔

## سورہ انفال، ھود، رعد، اسراء، روم اور سورہ شوریٰ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ انفال میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**ذٰلِکَ بِأَنَّ اللّٰهَ لَمْ یَکُ مُغَیِّرًا نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلٰی قَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِأَنْفُسِهِمْ وَأَنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ** (سورۃ انفال، رقم الآیۃ ۵۳)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہے کہ بے شک اللہ نہیں بدلتا، اُس نعمت کو، جو انعام فرمائی کسی قوم پر، یہاں تک کہ وہ بدل دیں اُس چیز کو، جو اُن کے ساتھ ہے، اور بے شک اللہ خوب سُننے والا ہے، خوب جاننے والا ہے (سورہ انفال)

مذکورہ آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے جو نعمتیں بندوں سے سلب کی جاتی ہیں، وہ ان کی اپنی بداعمالیوں اور کوتاہیوں کی وجہ سے سلب کی جاتی ہیں، ایسی صورت میں اپنی ان بد اعمالیوں اور اپنی کوتاہیوں کی اصلاح میں لگنا چاہیے۔

قرآن مجید کی سورہ ھود میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**وَمَا کَانَ رَبُّکَ لِیُهْلِکَ الْقُرٰی بِظُلْمٍ وَّأَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ** (سورۃ ھود، رقم الآیۃ ۱۱۷)

ترجمہ: اور نہیں ہے آپ کا رب کہ ہلاک کرے وہ کسی بستی کو ظلم کے ساتھ، جبکہ اس بستی والے اصلاح کرنے والے ہوں (سورہ ھود)

مطلب یہ ہے کہ جب کسی بستی کے لوگ اعمالِ صالحہ اختیار کرنے والے ہوں، تو اللہ ان کو ہلاک نہیں فرماتا۔

اگر کسی بستی میں ہلاکت ہوتی ہے، تو وہ اپنی اصلاح میں کوتاہی کی وجہ سے ہوتی ہے۔

ایسی صورت میں اپنے اعمال کی اصلاح کرنا ہی اس ہلاکت سے بچنے کا ذریعہ ہے۔

قرآن مجید کی سورہ رعد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِأَنْفُسِهِمْ وَإِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ (سورة الرعد، رقم الآية ١١)

ترجمہ: بے شک اللہ نہیں بدلتا اُس چیز کو جو کسی قوم کے ساتھ ہوتی ہے، یہاں تک کہ وہ بدل لیں، اُس چیز کو جو اُن کے ساتھ ہے، اور جب ارادہ فرمالے اللہ کسی قوم کے ساتھ بُرائی کا، تو نہیں ہوگا کوئی رَد کرنے والا اُس کو، اور نہیں ہوگا اُن کے لئے اللہ کے مقابلے میں کوئی مددگار (سورہ رعد)

اس سے صاف معلوم ہوا کہ اللہ خود سے کسی قوم کی حالت تبدیل نہیں فرماتا، اس تبدیلی میں اس قوم کی اپنی بداعمالیوں کا ہی دخل ہوتا ہے، اس لئے بداعمالیوں کی اصلاح کرنا ہی اس کا اصل علاج ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ اسراء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَقَضَيْنَا إِلٰى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ فِي الْكِتَابِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْأَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا. فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ أُولَاهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَا أُولِيْ بَأْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلَالَ الدِّيَارِ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا. ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَأَمْدَدْنَاكُمْ بِأَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنَاكُمْ أَكْثَرَ نَفِيْرًا. إِنْ أَحْسَنْتُمْ أَحْسَنْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ وَإِنْ أَسَأْتُمْ فَلَهَا فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ لِيَسُوْءُوْا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا (سورة الإسراء، رقم الآية ٤، الىٰ ٧)

ترجمہ: اور فیصلہ کردیا (تھا) ہم نے بنی اسرائیل کی طرف کتاب میں کہ ضرور بالضرور فساد کروگے تم زمین میں، اور ضرور بالضرور سرکشی کروگے تم بہت بڑی سرکشی، پھر جب آیا، ان میں سے پہلا وعدہ، تو بھیجا ہم نے تم پر اپنے بندوں کو جو شدید گرفت والے تھے، پھر داخل ہوگئے وہ گھروں کے اندر، اور یہ وعدہ پورا ہوکر رہا۔ پھر لوٹا دیا ہم نے تمہارے لئے غلبہ (وحکومت) کو، ان (دشمنوں) کے مقابلہ

میں، اور مدد کی ہم نے تمہاری اموال اور اولاد کے ذریعہ، اور کر دیا ہم نے تم کو زیادہ نفری کے اعتبار سے، اگر نیکی کی تم نے، تو نیکی کی تم نے اپنے نفسوں کے لئے، اور اگر برائی کی تم نے، تو ان ہی (اپنے نفسوں) کے لئے، پھر جب آیا دوسرا وعدہ (تو مسلط کیا ہم نے تمہارے دشمنوں کو) تا کہ بگاڑ دیں وہ تمہارے چہروں کو اور تا کہ داخل ہو جائیں وہ مسجد میں، جیسا کہ داخل ہوئے تھے وہ پہلی مرتبہ، اور تا کہ تہس نہس کر دیں وہ، ان چیزوں کو جن پر غلبہ پائیں وہ، پوری طرح تہس نہس (سورہ اسراء)

مذکورہ آیات میں اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کی دو مرتبہ بداعمالی، زمین میں سرکشی اور فساد کی وجہ سے ان پر ان کے سخت دشمنوں کو مسلط کرنے کا وعدہ کیا تھا، جب بنی اسرائیل ان چیزوں کے مرتکب ہوئے، تو اللہ نے ان دشمنوں کو ان کے ملک وبستی میں داخل کر دیا، جنہوں نے ان کو خوب مارا اور لوٹا، اور ان کی مسجد میں بھی داخل ہو گئے، پھر اللہ نے ان کو ایک موقع اور دیا، اور ان کو دشمنوں پر غلبہ عطاء فرما دیا، اور مختلف طرح کے اموال اور بیٹوں کی نعمتیں بھی عطاء فرما دیں، اور ساتھ ہی بتلا دیا کہ اگر اچھے عمل کرو گے، تو اس کا فائدہ تم کو حاصل ہوگا، اور برے عمل کرو گے، تو اس کا وبال بھی تم پر ہی پڑے گا، لیکن انہوں نے دوبارہ بداعمالی، زمین میں سرکشی، اور فساد کا ارتکاب کیا، تو پھر دوبارہ ان پر ان کے دشمنوں کو مسلط کیا، جنہوں نے ان کو، اور ہر اس چیز کو تہِ تیغ کر کے رکھ دیا، جس جس چیز پر ان کا بس چلا۔

پس اللہ کی طرف سے اس امت پر جب اس قسم کا وبال مسلط ہو، تو ان کو بھی سمجھ لینا چاہیے کہ اس میں ان کی سرکشی وبدعملی کو دخل ہے، جس کی اصلاح کرنی چاہیے۔

اور قرآن مجید کی سورہ روم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُمْ بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (سورة الروم، رقم الآية ۴۱)

ترجمہ: ظاہر ہوگیا، فساد، خشکی اور سمندر میں، بوجہ اس کے جو کمایا لوگوں کے ہاتھوں نے، تاکہ چکھائے وہ (یعنی اللہ) ان کو، ان کے بعض اعمال کا بدلہ، تاکہ وہ رجوع کریں (سورہ روم)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ زمین کی خشکی اور تری میں فساد، دراصل لوگوں کی بداعمالیوں اور سیاہ کاریوں کی وجہ سے ظاہر ہوتا اور پھیلتا ہے، اس فساد کے ذریعہ بداعمالیوں اور سیاہ کاریوں کا کچھ مزہ اور بدلہ چکھایا جاتا ہے، اور مقصد یہ ہوتا ہے کہ بندے، اللہ کی طرف رجوع کریں، اور آخرت کے حقیقی خسارے سے اپنے آپ کو بچائیں۔

اس لیے ایسی حالت میں فوراً اللہ کی طرف رجوع کرنا چاہیے، اور توبہ واستغفار کرکے اپنی اصلاح کرنی چاہیے۔

اور قرآن مجید کی سورہ شوریٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا أَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُوا عَنْ كَثِيرٍ (سورة الشوریٰ، رقم الآية: ٣٠)

ترجمہ: اور جو پہنچتی ہے تمہیں کوئی مصیبت، تو وہ تمہارے اپنے ہاتھوں کی کمائی کی وجہ سے ہے، اور معاف کردیتا ہے، وہ (اللہ) بہت سے کاموں سے (سورہ شوریٰ)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ انسانوں کو جو کوئی مصیبت پہنچتی ہے، وہ عموماً انسانوں کی بداعمالیوں اور سیاہ کاریوں کی وجہ سے پہنچتی ہے۔

مگر آج ہم دیکھتے ہیں کہ مسلمانوں پر جب کوئی وبال آتا ہے، تو وہ اللہ کی طرف رجوع اور اپنی اصلاح کرنے کے بجائے، فوراً دشمنوں کو برا بھلا کہنے، اور ان کے خلاف احتجاج اور ہڑتالیں وغیرہ کرنے میں مشغول ہوجاتے ہیں، اور اس قسم کی چیزوں کو ایک تحریک کے طور پر اختیار کرلیتے ہیں۔

# سورہ اعراف، یوسف، مومنون، قصص، عنکبوت، ممتحنہ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قَالَ الْمَلَأُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يَاشُعَيْبُ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَا أَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ،قَالَ أَوَلَوْ كُنَّا كَارِهِيْنَ . قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا إِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ إِذْ نَجَّانَا اللّٰهُ مِنْهَا، وَمَا يَكُوْنُ لَنَا أَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَا إِلَّا أَنْ يَّشَاءَ اللّٰهُ رَبُّنَا وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا، عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ،رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ.وَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا إِنَّكُمْ إِذًا لَّخَاسِرُوْنَ .فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جَاثِمِيْنَ (سورة الاعراف ، رقم الآية۸۸،الیٰ ۹۰)

ترجمہ: کہا جماعت نے ان لوگوں کی جنہوں نے تکبر اختیار کیا، ان (شعیب) کی قوم میں سے کہ ہم ضرور نکال دیں گے، تجھ کو اے شعیب اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے تیرے ساتھ، اپنی بستی سے، یا ضرور بالضرور لوٹ آؤ تم ہمارے مذہب میں۔ کہا اس (شعیب) نے کہ کیا اگر ہم ناپسند کرتے ہوں (تب بھی تم ہمیں اپنے مذہب کی طرف لوٹنے پر مجبور کروگے) یقیناً گھڑ لیں گے ہم اللہ پر جھوٹ کو، اگر لوٹ گئے ہم تمہارے مذہب میں، بعد اس کے کہ نجات عطاء فرمادی ہمیں اللہ نے اس (تمہارے مذہب) سے، اور نہیں ہوگا ہمارے لئے یہ کہ لوٹیں ہم اس (تمہارے مذہب) میں، مگر یہ کہ چاہے اللہ، جو ہمارا رب ہے، وسیع ہے ہمارا رب ہر چیز کو علم کے اعتبار سے، اللہ پر ہی توکل کیا ہم نے، اے ہمارے رب فتح عطاء فرمایئے ہمارے درمیان اور ہماری قوم کے درمیان، حق کے ساتھ، اور تو

سب سے بہتر فتح عطاء فرمانے والا ہے۔اور کہا جماعت نے ان لوگوں کی جنہوں نے کفر کیا، ان (شعیب) کی قوم میں سے کہ اگر اتباع کروگے تم شعیب کی، تو بے شک تم اس صورت میں یقیناً خسارہ پانے والے ہوجاؤ گے، پھر پکڑ لیا ان کو شدید زلزلہ نے، پس ہوگئے وہ اپنے گھروں میں اوندھے (سورہ اعراف)

قرآن مجید کی سورہ شعراء میں بھی حضرت شعیب علیہ السلام کے واقعہ کے ضمن میں اللہ تعالیٰ نے شعیب علیہ السلام کی تکذیب کرنے والوں پر عذاب نازل فرمانے کا ذکر کیا ہے۔ [1]

ملاحظہ فرمایئے کہ حضرت شعیب علیہ السلام، اور آپ کی قوم کو جب دشمنوں نے ان کے علاقہ سے نکالنے، یا مذہب کی تبدیلی کی دھمکی دی، تو اللہ کے نبی نے کس طرح سے ان کو تبلیغ کی، اور پھر اللہ پر توکل، اور اللہ سے فتح کی دعاء کی، جس پر اللہ نے ان کو کامیابی سے سرفراز کیا، اور ان کے دشمنوں کو کس طرح سے ہلاک اور ناکام فرمادیا۔

آج بھی طاقت ور دشمنوں پر کامیابی حاصل کرنے اور دشمنوں کو ہلاک کرنے کا یہ طریقہ مؤثر ہے، اور اللہ نے اسی وجہ سے قرآن مجید میں مومنوں کے لئے اس واقعہ کو بیان کیا ہے۔

اور جب اللہ کے نبی حضرت یوسف علیہ السلام کے خلاف اُن کے مخالفین نے سازش کی، تو انہوں نے بھی اللہ سے اس سازش سے نجات کی دعاء کی، جس کو اللہ نے قبول فرمایا۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ یوسف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قَالَ رَبِّ السِّجْنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُونَنِي إِلَيْهِ وَإِلَّا تَصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُنَّ أَصْبُ إِلَيْهِنَّ وَأَكُنْ مِّنَ الْجَاهِلِينَ .فَاسْتَجَابَ لَهُ رَبُّهُ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ(سورة يوسف،رقم الآية ۳۳،و ۳۴)

ترجمہ: کہا اس (یوسف) نے کہ اے میرے رب! قید زیادہ پسند ہے مجھے، اس

---

[1] فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ إِنَّهُ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ (سورة الشعراء،رقم الآية ۱۸۹)

چیز سے کہ بلاتی ہیں وہ (عورتیں) مجھے اس کی طرف، اور اگر نہ پھیرا آپ نے مجھ سے ان (عورتوں) کی سازش کو، تو مائل ہو جاؤں گا میں ان (عورتوں) کی طرف، اور ہو جاؤں گا میں جاہلوں میں سے، پس قبول کر لیا اس (یوسف) کے لئے اس کے رب نے (اس دعاء کو) پھر پھیر دیا اس (رب) نے اس (یوسف) سے ان (عورتوں) کی سازش کو، بے شک وہ (یعنی رب تعالیٰ) سمیع ہے، بصیر ہے (سورہ یوسف)

یوسف علیہ السلام نے بھی اپنے خلاف ہونے والی شیطانی سازش سے حفاظت کی، اللہ سے دعاء کی، تو اللہ نے آپ کے خلاف ہونے والی سازش کو ناکام بنایا۔

اور قرآن مجید کی سورہ مومنون میں نوح علیہ السلام کے واقعہ کے ضمن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ بِمَا كَذَّبُوْنِ .فَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ أَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَإِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ، فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ وَلَا تُخَاطِبْنِیْ فِی الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا إِنَّهُمْ مُغْرَقُوْنَ (سورة المؤمنون، رقم الآية ٢٦و٢٧)

ترجمہ: کہا اس (نوح) نے کہ اے میرے رب نصرت فرمایئے میری، اس وجہ سے کہ جھٹلایا انہوں نے مجھ کو، پھر وحی کی ہم نے اس (نوح) کی طرف کہ بنائیں آپ کشتی ہماری آنکھوں، اور ہماری وحی کے ذریعہ، پھر جب آجائے ہمارا حکم، اور جوش مارے تنور، تو سوار کیجیے آپ اس میں ہر جوڑے میں سے دو کو، اور اپنے گھر والوں کو، سوائے اس کے کہ سبقت کر چکا، اس پر (عذاب کا) قول ان میں سے، اور مت خطاب کیجیے آپ مجھ سے ان لوگوں کے بارے میں جنہوں نے ظلم کیا، بے شک ان کو غرق کیا جائے گا (سورہ مومنون)

قرآن مجید کی سورہ نوح میں اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کی دعاء کی مزید تفصیل کا بھی ذکر فرمایا ہے۔ [1]

بہر حال حضرت نوح علیہ السلام نے اللہ کی طرف رجوع کیا، اور اللہ سے دعاء کی، پھر اللہ نے اس دعاء کے بعد نبی کے دشمنوں کو ہی غرق آب فرمادیا، اور نوح علیہ السلام اور آپ کے ساتھ ایمان والوں کو نجات عطاء فرمادی۔

قرآن مجید کی سورہ مومنون میں ہی آگے نوح علیہ السلام کے بعد بھیجے جانے والے دوسرے رسولوں میں سے ایک رسول کا واقعہ بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ:

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ. قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَيُصْبِحُنَّ نَادِمِيْنَ. فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنَاهُمْ غُثَاءً ،فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ. ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا آخَرِيْنَ .مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُوْنَ .ثُمَّ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرٰى كُلَّ مَا جَاءَ أُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَأَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَجَعَلْنَاهُمْ أَحَادِيْثَ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ(سورة المؤمنون، رقم الآية ۳۹،الیٰ ۴۴)

ترجمہ: کہا اس (رسول) نے کہ اے میرے رب نصرت فرمایئے میری، بوجہ اس کے کہ تکذیب کی انہوں نے میری، کہا اس (رب) نے کہ تھوڑی دیر میں ہوجائیں گے وہ شرمندہ (اپنے کفر اور اس پر عذاب کی وجہ سے) پھر پکڑ لیا ان کو (عذاب کی) چیخ نے حق کے ساتھ، پھر کردیا ہم نے ان کو گھاس پھونس، پس دوری ہے ظالموں کے لئے۔ پھر پیدا کیا ہم نے ان کے بعد دوسری قوموں کو،

---

[1] وَقَالَ نُوحٌ رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا . إِنَّكَ إِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوا إِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا .رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَلَا تَزِدِ الظَّالِمِينَ إِلَّا تَبَارًا (سورة نوح،رقم الآيات ۲۶،و۲۷،و۲۸)

نہیں سبقت کی کسی قوم نے اپنی مدت سے، اور نہ موخر ہوئے وہ، پھر بھیجا ہم نے اپنے رسولوں کو لگاتار، جب بھی کسی امت کے پاس اس کا رسول آتا، تو تکذیب کرتے وہ (لوگ اپنے) اس (رسول) کی، پس اتباع کرنے والا بنادیا ہم نے، ان کے بعض کو، بعض کی (عذاب میں) اور کردیا ہم نے ان کو داستانیں، پس دوری ہے، اس قوم کے لئے جو ایمان نہیں لاتے (سورہ مومنون)

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کے زمانہ میں کافروں کو تہِ تیغ کرنے کے بعد پھر رسولوں کو پے در پے لمبے عرصے تک بھیجا، لیکن ہر رسول کی تکذیب کی جاتی رہی، اور اللہ ہر قوم کو عذاب دیتا رہا، اور کسی لڑائی اور جنگ کے بغیر رجوع الی اللہ اور دعاء کی برکت سے دشمنوں کو مغلوب فرماتا رہا۔

جس کے بعد اللہ نے موسیٰ علیہ السلام کو مبعوث فرمایا، ان کے ساتھ بھی یہی طرزِ عمل اختیار کیا گیا، جیسا کہ پہلے گذرا۔

اور قرآن مجید کی سورہ قصص میں موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ کے ضمن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَجَاءَ رَجُلٌ مِّنْ أَقْصَى الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ،قَالَ يَامُوْسٰى إِنَّ الْمَلَأَ يَأْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ إِنِّيْ لَكَ مِنَ النَّاصِحِيْنَ .فَخَرَجَ مِنْهَا خَائِفًا يَّتَرَقَّبُ ،قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ (سورة القصص، رقم الآية ۲۰ و ۲۱)

ترجمہ: اور آیا ایک آدمی شہر کے کنارہ سے دوڑتا ہوا، کہا اس نے کہ اے موسیٰ بے شک سردار مشورہ کررہے ہیں آپ کے بارے میں، تاکہ قتل کریں وہ آپ کو، پس نکل جائیں آپ (اس شہر سے) بے شک میں آپ کے لئے نصیحت (وخیر خواہی) کرنے والوں میں سے ہوں، پھر نکل گئے وہ (موسیٰ) اس (شہر) سے خوف

کرتے ہوئے انتظار کررہے تھے (کہ کیا ہوتا ہے) کہا اس (موسیٰ) نے اے میرے رب! نجات دیجیے مجھ کو ظالموں کی قوم سے (سورہ قصص)

ملاحظہ فرمایئے کہ اس موقع پر موسیٰ علیہ السلام نے دعاء کی، پھر اس کی برکت سے آپ کو قتل کرنے والوں سے اللہ نے نجات عطاء فرمائی۔

سورہ یونس میں بھی موسیٰ علیہ السلام کے اپنی قوم کو اللہ پر ایمان لانے، اس پر توکل کرنے کا حکم اور ان کی قوم کو اس پر عمل کرنے، اور ظالموں کی قوم سے نجات کی دعاء کرنے، اور فرعون کے اموال اور وسائل کو نیست ونابود کرنے کی دعاء کا ذکر ہے۔ [1]

فرعون کے مادی وسائل کا سب کو علم ہے کہ وہ موسیٰ اور ان پر ایمان لانے والوں کے مادی وسائل کے مقابلہ میں کتنے زیادہ تھے۔

لوط علیہ السلام کی بھی ان کی قوم نے تکذیب کی، پھر حضرت لوط علیہ السلام نے ان کے ساتھ جنگ کرنے کے بجائے اللہ سے نصرت کی دعاء کی، جس کو اللہ نے قبول فرمایا، اور ان پر عذاب کو نازل فرمایا۔

چنانچہ قرآن مجید کی سورہ عنکبوت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ (سورة العنكبوت، رقم الآية ٣٠)

ترجمہ: کہا اس (لوط) نے کہ اے میرے رب نصرت فرمایئے آپ میری، فساد کرنے والی قوم پر (سورہ عنکبوت)

پھر اللہ تعالیٰ نے لوط علیہ السلام کے دشمنوں پر عذاب نازل فرما کر ان کا قصہ تمام کردیا۔

---

[1] وَقَالَ مُوسَى يَاقَوْمِ إِنْ كُنْتُمْ آمَنْتُمْ بِاللَّهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوا إِنْ كُنْتُمْ مُسْلِمِينَ. فَقَالُوا عَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ . وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ . وَأَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى وَأَخِيهِ أَنْ تَبَوَّآ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوتًا وَاجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ قِبْلَةً وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ . وَقَالَ مُوسَى رَبَّنَا إِنَّكَ آتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَأَهُ زِينَةً وَأَمْوَالًا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّوا عَنْ سَبِيلِكَ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَى أَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوا حَتَّى يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ .قَالَ قَدْ أُجِيبَتْ دَعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيمَا وَلَا تَتَّبِعَانِّ سَبِيلَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ (سورة يونس، رقم الآيات ٨٤، الىٰ ٨٩)

www.idaraghufran.org

چنانچہ سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ نے ان کے عذاب اوران کو ہلاک کرنے کا بھی ذکر فرمایا ہے۔ [1]

اور سورہ شعراء میں اللہ تعالیٰ نے حضرت لوط علیہ السلام کی تکذیب کرنے والوں کی طرف سے، حضرت لوط علیہ السلام کو بستی سے نکالنے کی دھمکی دینے، اور پھر اللہ کی طرف سے ان پر عذاب نازل ہونے، اور حضرت لوط ور ان کے گھر والوں کو نجات عطاء فرمانے کا ذکر فرمایا ہے۔ [2]

اور حضرت ابراہیم علیہ السلام، اور آپ کے ساتھ ایمان لانے والے مومنوں نے دشمنوں کے مقابلہ میں جو دعاء کی، اس کا قرآن مجید کی سورہ ممتحنہ میں اللہ تعالیٰ نے اس طرح ذکر فرمایا ہے کہ:

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ .رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (سورة الممتحنة،رقم الآية ۴و۵)

ترجمہ: اے ہمارے رب تجھ پر توکل کیا ہم نے اور تیری طرف ہی رجوع کیا ہم نے اور تیری طرف ہی لوٹنے کی جگہ ہے، اے ہمارے رب مت کیجئے آپ ہمیں فتنہ، ان لوگوں کے لئے جنہوں نے کفر کیا، اور مغفرت کر دیجیے ہماری، بے شک تُو، تُو ہی عزیز ہے، حکیم ہے (سورہ ممتحنہ)

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ دشمنوں نے ہر حربہ استعمال کیا، یہاں تک کہ ان کو آگ

---

[1] وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَنْ قَالُوا أَخْرِجُوهُمْ مِنْ قَرْيَتِكُمْ إِنَّهُمْ أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ فَأَنْجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ. وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَطَرًا فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِينَ(سورة الاعراف،رقم الآية ۸۲،و۸۳ و۸۴)

[2] قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَالُوطُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِينَ . قَالَ إِنِّي لِعَمَلِكُمْ مِنَ الْقَالِينَ . رَبِّ نَجِّنِي وَأَهْلِي مِمَّا يَعْمَلُونَ . فَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ(سورة الشعراء،رقم الآية ۱۶۷،الیٰ ۱۷۰)

میں ڈال دیا، لیکن اللہ نے دشمنوں کی ہر سازش کو ناکام بنادیا، جیسا کہ سورہ انبیاء میں اس کا ذکر ہے۔ [1]

اللہ کی طرف سے بھیجے گئے ان تمام نبیوں کے مقابلہ میں، مادی وسائل سے مالا مال کفار آتے رہے اور ان کو قتل کرنے، ان کو ان کی بستی اور شہروں سے نکالنے، اور ان کے گھر واسباب پر قبضہ وتسلط حاصل کرنے کی منصوبہ بندیاں کرتے رہے، لیکن ان سب مواقع پر اللہ کے نبیوں نے دشمنوں کے خلاف رجوع الی اللہ اور دعاء کو اصل ہتھیار بنایا، اور اسی سے ان کو کامیابی اور دشمنوں کو شکست ملتی رہی، نہ کسی جلوس، اور ہڑتال کی ضرورت سمجھی گئی، نہ کسی بائیکاٹ کی۔

اور جہاں جنگ کی ضرورت بھی پیش آئی، وہاں بھی اصل ہتھیار، رجوع الی اللہ اور دعاء کو سمجھا گیا، اسی ہتھیار اور اللہ پر توکل کو لے کر وہ میدان میں اترے اور اللہ نے ان کو کامیابی سے سرفراز فرمایا، پس یہ سمجھنا ہی درست نہیں کہ مسلمانوں کے دشمنوں کو مغلوب کرنے کا راستہ صرف قتال، اور مادی وافرادی قوت ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اس روئے زمین پر اکثر اوقات میں نبیوں کے مقابلہ میں کفار، مادی، وافرادی قوت کے اعتبار سے زیادہ قوی وکثیر ہوا کرتے تھے، جن کو اللہ تعالیٰ نے لڑائی کئے بغیر محض دعاء ورجوع الی اللہ کی برکت سے ہلاک کیا، اور مومنوں کو فتح ونصرت عطاء فرمائی۔

آج بھی اگر بالفرض مسلمانوں کے مقابلہ میں کفار مالی وسائل کے اعتبار سے زیادہ قوی سمجھے جائیں، تو ایسی صورت میں رجوع الی اللہ اور دعاء وتضرع اور تقویٰ سے ہی اصل کام بنے گا، اس کا اہتمام ہر حال میں مومنوں پر لازم ہے، اگرچہ مسلمان وسائل اور افرادی قوت میں زیادہ ہوں، تب بھی مومن کا اصل ہتھیار یہی ہے، باقی حدود میں رہتے ہوئے مادی اسباب بے کار نہیں، لیکن وہ مومن کے لئے ثانوی درجہ رکھتے ہیں۔

---

[1] قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانْصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ فَاعِلِينَ . قُلْنَا يَانَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ . وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ (سورة الانبياء، رقم الآية ٦٨، و٦٩ و٧٠)

## سورہ طلاق کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ طلاق میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا. وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ، وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ،إِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ أَمْرِهٖ** (سورة الطلاق،رقم الآية ٢ و٣)

ترجمہ: اور جو شخص ڈرے گا اللہ سے (یعنی تقویٰ اختیار کرے گا) تو بنادے گا وہ (اللہ) اس کے لئے نکلنے کی جگہ، اور رزق دے گا وہ (اللہ) اس کو اس طرح سے کہ گمان نہیں کرے گا وہ، اور جو شخص توکل (وبھروسہ) کرے گا اللہ پر، تو وہی (اللہ) کافی ہوگا اس کو، بے شک اللہ انتہاء تک پہنچانے والا ہے اپنے حکم کو (سورہ طلاق)

پھر سورہ طلاق کی اگلی آیات میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ أَمْرِهٖ يُسْرًا .ذٰلِكَ أَمْرُ اللّٰهِ أَنْزَلَهٗ إِلَيْكُمْ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗ أَجْرًا** (سورة الطلاق،رقم الآية ٤و٥)

ترجمہ: اور جو شخص ڈرے گا اللہ سے (یعنی تقویٰ اختیار کرے گا) تو کردے گا وہ (اللہ) اس کے لئے اس کے کام کو آسان، یہ اللہ کا حکم ہے، نازل کیا اس (اللہ) نے اس (حکم) کو تمہاری طرف، اور جو شخص ڈرے گا اللہ سے (یعنی تقویٰ اختیار کرے گا) تو معاف کردے گا وہ (اللہ) اس سے اس کی سیئات کو اور عطاء فرمائے گا اس کو اجرِ عظیم (سورہ طلاق)

سورہ طلاق کی مذکورہ آیات میں پہلے اللہ تعالیٰ نے تقویٰ اختیار کرنے کے نتیجہ میں ایسے

طریقہ پر رزق دینے کا وعدہ فرمایا ہے، جس کا کوئی گمان بھی نہیں کرسکتا، اور پھر اللہ پر توکل کرنے کے نتیجہ میں اللہ کے کافی ہونے، اور کسی دوسری چیز کی ضرورت نہ ہونے کا مضبوط وعدہ فرمایا ہے، اور پھر اگلی آیت میں تقویٰ اختیار کرنے پر دوسرا وعدہ نجات کے راستے پیدا فرمانے کا کیا ہے، اور تیسرا وعدہ گناہ معاف کرنے کا کیا ہے۔

پس جب تقویٰ پر اللہ کی طرف سے دنیا وآخرت کی کامیابی وکامرانی، اور نجات وحفاظت کا پختہ وعدہ کیا جاچکا، تو مسلمانوں کے اس کو چھوڑ کر دوسری چیزوں میں پڑنے سے کیسے مسائل حل ہوسکتے ہیں۔

## سورہ انفال، ھود اور سورہ نوح کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ انفال میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ ،وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ (سورة الأنفال، رقم الآية ٣٣)

ترجمہ: اور نہیں ہے اللہ کہ عذاب دے ان کو، جبکہ آپ موجود ہوں ان میں، اور نہیں ہے اللہ، عذاب دینے والا ان (لوگوں) کو، جب کہ وہ استغفار کرتے ہوں (سورہ انفال)

قرآن مجید کی سورہ ھود میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ،وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ(سورة هود ، رقم الآية ٣)

ترجمہ: اور یہ کہ استغفار کرو تم اپنے رب سے ، پھر متوجہ ہو تم اس (رب) کی طرف، تو متاع (دنیا کی زندگی اور اس کا سامان) عطاء فرمائے گا وہ تم کو اچھا،

ایک وقتِ مقررہ تک، اور عطاء فرمائے گا وہ ہر فضل والے کو اس کا فضل، اور اگر پھر گئے تم (اس راہِ حق وہدایت سے) تو بے شک مجھے خوف ہے تم پر، ایک بڑے دن کے عذاب کا (سورہ ھود)

اور قرآن مجید کی سورہ نوح میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا. يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا. وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهَارًا (سورة نوح، رقم الآيات ١٠ الىٰ ١٢)

ترجمہ: استغفار کرو تم رب سے، بلاشبہ وہ (رب) ہے بہت مغفرت کرنے والا، بھیجے گا وہ تم پر بارش لگاتار، اور مدد کرے گا وہ تمہاری اموال، اور بیٹوں کے ذریعہ، اور کردے گا وہ تمہارے لئے باغات، اور کردے گا وہ تمہارے لیے نہریں (سورہ نوح)

مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ اللہ سے اپنے گناہوں کا استغفار کرنے اور اس کی طرف رجوع کرنے سے اللہ کی طرف سے مختلف شکلوں میں مدد ونصرت کی جاتی ہے، بلکہ اللہ کا عذاب تک بھی دور ہو جاتا ہے۔

پس مسلمانوں کو چاہیے کہ استغفار اور اللہ کی طرف رجوع کرنے کا اہتمام کیا کریں، اور اس کو اپنی تحریک اور مہم کا محور بنائیں۔

## سورہ بقرہ، انعام، اعراف اور سورہ مؤمنون کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ بقرہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا (سورة البقرة، رقم الآية ٢٣٣)

ترجمہ: نہیں مکلّف کیا جاتا کسی نفس کو، مگر اس کی وسعت کے مطابق (سورہ بقرہ)

سورہ بقرہ میں ہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا** (سورة البقرة، رقم الآية ٢٨٦)

ترجمہ: نہیں مکلّف فرماتا، اللہ کسی نفس کو، مگر اس کی وسعت کے مطابق (سورہ بقرہ)

قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ، لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا، وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ،وَبِعَهْدِ اللّٰهِ أَوْفُوْا ،ذٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ** (سورة الانعام، رقم الآية ١٥٢)

ترجمہ: اور پورا کرو تم ناپ کو، اور ترازو کو، انصاف کے ساتھ، نہیں مکلّف کرتے ہم کسی نفس کو، مگر اس کی وسعت کے مطابق، اور جب کہو تم، تو عدل کرو، اگرچہ ہو وہ قرابت والا، اور اللہ کے عہد کو پورا کرو تم، یہ وصیت فرماتا ہے وہ (اللہ) تم کو اس کی، تاکہ تم نصیحت حاصل کرو (سورہ انعام)

قرآن مجید کی سورہ اعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا** (سورة الاعراف، رقم الآية ٤٢)

ترجمہ: نہیں مکلّف کرتے ہم کسی نفس کو، مگر اس کی وسعت کے مطابق (سورہ اعراف)

اور قرآن مجید کی سورہ مومنون میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

**وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتَابٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ** (سورة المؤمنون، رقم الآية ٦٢)

ترجمہ: اور نہیں مکلّف کرتے ہم کسی نفس کو، مگر اس کی وسعت کے مطابق، اور ہمارے پاس کتاب ہے، جو بولتی ہے حق کے ساتھ، اور ان (لوگوں) پر ظلم نہیں کیا جائے گا (سورہ مؤمنون)

مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ اللہ کی طرف سے بندوں کو ان کی وسعت وقدرت کے مطابق کاموں کا مکلّف کیا گیا ہے، اس لئے جو کام مسلمانوں کے اختیار میں ہیں، ان کو اللہ کی رضاء اور شریعت کے بتلائے ہوئے طریقہ کے مطابق کرنا چاہیے، اور جو کام اختیار میں نہیں، ان کو اللہ کے سپرد کرنا چاہیے، اس صورت میں اللہ اپنے بندوں کی مدد فرماتا ہے، اور پھر غیر اختیاری چیزوں کا بھی غیب سے بندوبست فرمادیتا ہے۔

اب اگر مسلمانوں کو کفار سے قتال کی قدرت نہ ہو، تو تقویٰ، صبر اور توبہ واستغفار کی قدرت تو ہمہ وقت حاصل ہوتی ہے، ان چیزوں کے اہتمام میں کوتاہی نہیں کرنی چاہیے، اور اپنی اصلاح کی طرف متوجہ ہونا چاہیے، اس کی وجہ سے اللہ فتح وغلبہ اور نصرت ومدد فرمائے گا۔

بلکہ مسلمانوں کو ظاہری اسباب، مادی وسائل، اور افرادی قوت کے اعتبار سے بھی استطاعت ہو، تب بھی قرآن وسنت کی رو سے مسلمانوں کا اصل سرمایہ، اور اصل تحریک یہی ہے، جس کو کسی بھی وقت نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، بلکہ اس کو نظر انداز کرنا، اور ظاہری اسباب پر نظر کرنا، اللہ کی طرف سے ناراضگی، اور شکست کا سبب ہے۔

لیکن افسوس کہ آج مسلمانوں میں ان ہی چیزوں کی سب سے زیادہ کمی ہے، اور مسلمان ان چیزوں کو چھوڑ کر دوسری غیر مشروع تدبیروں میں الجھ کر رہ گئے ہیں۔

## صہیب وسعد رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجَبًا لِأَمْرِ الْمُؤْمِنِ، إِنَّ أَمْرَهُ كُلَّهُ خَيْرٌ، وَلَيْسَ ذَاكَ لِأَحَدٍ إِلَّا لِلْمُؤْمِنِ، إِنْ أَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ، فَكَانَ خَيْرًا لَهُ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ، صَبَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَهُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٩٩ "٦٤" كتاب الزهد والرقائق، باب المؤمن أمره كله خير)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مومن کا معاملہ بہت ہی اچھا ہے، اس کا ہر معاملہ خیر والا ہے، اور یہ مومن کے علاوہ کسی اور کو حاصل نہیں، مومن کو اگر کوئی خوشی پہنچتی ہے، تو شکر کرتا ہے، اس میں اس کے لئے خیر ہوتی ہے، اور اگر اسے کوئی مصیبت وتکلیف پہنچتی ہے، تو صبر کرتا ہے، اور اس میں بھی اس کے لئے خیر ہوتی ہے (مسلم)

اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجِبْتُ لِلْمُؤْمِنِ، إِنْ أَصَابَهُ خَيْرٌ حَمِدَ اللّٰهَ وَشَكَرَ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ مُصِيبَةٌ حَمِدَ اللّٰهَ وَصَبَرَ، فَالْمُؤْمِنُ يُؤْجَرُ فِي كُلِّ أَمْرِهِ، حَتّٰى يُؤْجَرَ فِي اللُّقْمَةِ يَرْفَعُهَا إِلٰى فِيِّ امْرَأَتِهِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۱۴۹۲) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے مومن کے لئے خوشی ہوتی ہے، اگر اس مومن کو کوئی خیر پہنچتی ہے، تو وہ اللہ کی حمد کرتا ہے اور شکر کرتا ہے، اور اگر اس کو کوئی مصیبت پہنچتی ہے، تو وہ اللہ کی حمد کرتا ہے، اور صبر کرتا ہے، پس مومن کو ہر چیز میں ہی اجر وثواب عطاء کیا جاتا ہے، یہاں تک کہ اس لقمہ میں بھی اجر وثواب عطاء کیا جاتا ہے، جس کو وہ اٹھا کر اپنی بیوی کے منہ میں ڈالتا ہے (مسند احمد)

شکر میں بھی اللہ کی طرف رجوع ہوتا ہے، اور صبر میں بھی اللہ کی طرف رجوع ہوتا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کی ہر حال میں اصل تحریک اور مہم رجوع الی اللہ ہونی چاہیے۔

اور جب کفار کی طرف سے مسلمانوں کو تکالیف پہنچیں، اور ان کی مدافعت کی قدرت نہ ہو، تو صبر ہی مسلمانوں کا اصل سرمایہ اور کامیابی کا ذریعہ ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

## عبداللہ بن اوفیٰ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

عبداللہ بن اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ، وَسَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۷۲۳۷، كتاب التمنی، باب كراهية التمنی لقاء العدو)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم دشمن سے ملاقات (یعنی قتال) کی تمنا مت کرو، اور تم اللہ سے عافیت کا سوال (ودعاء) کرو (صحیح بخاری)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ، فَإِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاصْبِرُوْا (صحيح البخاری، رقم الحديث ۳۰۲۶، كتاب الجهاد والسير، باب: لا تمنوا لقاء العدو)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم دشمن سے ملاقات (یعنی قتال) کی تمنا مت کرو، پھر اگر تمہاری ان (دشمنوں) سے ملاقات (وقتال) ہو جائے، تو تم صبر کرو (صحیح بخاری)

مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ کفار سے قتال کی تمنا کرنا مناسب نہیں، اور اللہ سے عافیت مانگنے کا حکم ہے، پھر اگر کفار سے قتال کی نوبت آئے، تو قتال کرنے میں بھی صبر ہی کامیابی کا ذریعہ ہے۔

پس مومن کو صبر سے کسی وقت بھی مفر نہیں۔

## ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ رَدِيْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا غُلَامُ، أَوْ يَا غُلَيِّمُ! أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ يَنْفَعُكَ اللّٰهُ بِهِنَّ؟ فَقُلْتُ: بَلٰى، فَقَالَ: اِحْفَظِ اللّٰهَ يَحْفَظْكَ، اِحْفَظِ اللّٰهَ تَجِدْهُ أَمَامَكَ، تَعَرَّفْ إِلَيْهِ فِي الرَّخَاءِ، يَعْرِفْكَ فِي الشِّدَّةِ، وَإِذَا سَأَلْتَ، فَاسْأَلِ اللّٰهَ، وَإِذَا اسْتَعَنْتَ، فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ، قَدْ جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ، فَلَوْ أَنَّ الْخَلْقَ كُلَّهُمْ جَمِيْعًا أَرَادُوْا أَنْ يَّنْفَعُوْكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ، لَمْ يَقْدِرُوْا عَلَيْهِ، وَإِنْ أَرَادُوْا أَنْ يَّضُرُّوْكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ، لَمْ يَقْدِرُوْا عَلَيْهِ، وَاعْلَمْ أَنَّ فِي الصَّبْرِ عَلٰى مَا تَكْرَهُ خَيْرًا كَثِيْرًا، وَأَنَّ النَّصْرَ مَعَ الصَّبْرِ، وَأَنَّ الْفَرَجَ مَعَ الْكَرْبِ، وَأَنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا (مسند أحمد، رقم الحديث ٢٨٠٣) [1]

ترجمہ: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سواری پر پیچھے سوار تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے بچے، یا اے چھوٹے سے بچے! کیا میں آپ کو ایسے کلمات نہ سکھلا دوں، جن کے ذریعہ سے اللہ آپ کو نفع پہنچائے گا، میں نے عرض کیا کہ ضرور بتلا دیجئے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ اللہ کے احکام کو محفوظ رکھو، تو اللہ آپ کو (دنیا و آخرت میں بلاؤں سے) محفوظ رکھے گا، آپ اللہ کے حقوق کو محفوظ رکھو، تو آپ اللہ کو (اپنی مدد اور قبولیت کے لئے) اپنے سامنے پائیں گے، آپ اللہ کو راحت وسکون کی حالت میں یاد رکھو، تو اللہ آپ کو تنگی کی حالت میں یاد رکھے گا، اور جب آپ سوال کریں، تو اللہ ہی سے سوال کریں، اور جب آپ مدد طلب کریں، تو اللہ ہی سے مدد طلب کریں، بلا شبہ (تقدیر لکھنے والا) قلم خشک ہو چکا ہے، جو کچھ بھی ہونے والا ہے (وہ سب تقدیر

[1] قال شعيب الارنؤط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

میں لکھا جا چکا ہے) پس اگر ساری مخلوق مل کر تمہیں کوئی نفع پہنچانا چاہے، جس کو اللہ نے آپ کے لئے نہیں لکھا، تو وہ لوگ اس کی قدرت نہیں رکھتے، اور اگر وہ ساری مخلوق آپ کو کچھ نقصان پہنچانا چاہے، جس کو اللہ نے آپ کے لئے نہیں لکھا، تو وہ مخلوق اس کی قدرت نہیں رکھتی، اور یہ بات یاد رکھیے کہ جس چیز کو آپ ناپسند کرتے ہیں، اس میں صبر کرنے پر بہت بڑی خیر حاصل ہوتی ہے، اور اللہ کی نصرت، صبر کے ساتھ ہوتی ہے، اور نجات، رنج وغم کے ساتھ ہوتی ہے، اور تنگی کے ساتھ آسانی ہوتی ہے (مسند احمد)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اللہ کے حکم کے بغیر کسی کو ضرر پہنچانے کی قدرت حاصل نہیں، اور صبر کے ساتھ، اللہ کی نصرت ومدد آتی ہے، جس کا مطلب یہ ہوا کہ بے صبری پر اللہ کی مدد نہیں آتی، قرآن مجید میں بھی صبر سے مدد حاصل کرنے کا حکم موجود ہے۔

مذکورہ حدیث نے یہ مسئلہ صاف کر دیا ہے کہ صبر کرنا، بہت بڑی تدبیر وتحریک ہے، اور جو لوگ صبر کرنے کو تدبیر کا ترک کرنا قرار دیتے ہیں، وہ غلط فہمی کا شکار ہیں۔

## انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْأَنْصَارِ إِنَّكُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِيْ أَثَرَةً فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوْنِيْ وَمَوْعِدُكُمُ الْحَوْضُ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٣٧٩٣، كتاب مناقب الأنصار، باب قول النبی صلی الله عليه وسلم للأنصار اصبروا حتی تلقونی علی الحوض)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار صحابہ سے فرمایا کہ تم کو میرے بعد خود غرضی (والے حکمرانوں) سے سابقہ پڑے گا، تو تم (ایسے وقت) صبر کرنا، یہاں تک کہ

تم میرے ساتھ ملاقات کرلو، جس کا مقام حوضِ کوثر ہے (پھر ہر ایک کو اس کا حق دلوایا جائے گا) (بخاری)

اور زبیر بن عدی سے روایت ہے کہ:

**شَكَوْنَا إِلٰى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ مَا نَلْقَى مِنَ الْحَجَّاجِ ،فَقَالَ: اِصْبِرُوْا، فَإِنَّهُ لَا يَأْتِيْ عَلَيْكُمْ عَامٌ أَوْ يَوْمٌ إِلَّا الَّذِيْ بَعْدَهُ شَرٌّ مِنْهُ، حَتّٰى تَلْقَوْا رَبَّكُمْ،سَمِعْتُهُ مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ** (مسند احمد،رقم الحديث ۱۲۳۴۷) [1]

ترجمہ: ہم نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے سامنے حجاج بن یوسف کی طرف سے پہنچنے والے مظالم کی شکایت کی، تو انہوں نے جواب میں فرمایا کہ تم صبر کرو، پس بے شک تم پر جو بھی سال، یا جو بھی دن آئے گا، اس کے بعد والا سال، اور دن اس گذشتہ سے زیادہ شر والا ہوگا، یہاں تک کہ تم اپنے رب سے ملاقات کرلو، میں نے یہ بات تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے (مسند احمد)

حجاج بن یوسف ثقفی کے مظالم، مشہور ہیں، جو لمبے عرصے تک صحابہ وتابعین کے اوپر جاری رہے، لیکن جمہور صحابۂ کرام وتابعینِ عظام نے اس موقع پر صبر کا اہتمام اور اسی کی تلقین کی، اور انہوں نے یہ سبق، اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل کیا تھا، جس کی وجہ سے وہ کامیاب شمار ہوئے۔

اور آج مسلمانوں کو کسی حکمران کی طرف سے اس کا عشرِ عشیر بھی پیش آجائے، تو طرح طرح سے سٹرائک، ہڑتال اور بائیکاٹ کرکے، نہ صرف یہ کہ بے صبری کا مظاہرہ کیا جاتا ہے، بلکہ شریعت کے دوسرے کئی احکام کی خلاف ورزی بھی کی جاتی ہے، جس کی وجہ سے آج کامیابی نہیں ملتی۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين(حاشية مسند احمد)

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

**نَهَانَا كُبَرَاؤُنَا مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسُبُّوْا أُمَرَاءَ كُمْ وَلَا تَغِشُّوْهُمْ وَلَا تَبْغَضُوْهُمْ، وَاتَّقُوْا اللّٰهَ وَاصْبِرُوْا فَإِنَّ الْأَمْرَ قَرِيْبٌ** (السنة لابنِ ابی عاصم، رقم الحدیث ۱۰۱۵) [1]

ترجمہ: ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام میں سے ہمارے بڑوں نے منع فرمادیا ہے، فرمایا کہ تم اپنے حکمرانوں کو سب وشتم نہ کرو، اور نہ ان کے ساتھ دھوکہ دہی کرو، اور نہ ان کے ساتھ بغض رکھو، اور تم اللہ سے ڈرو، اور (حکمرانوں کی طرف سے پیش آمدہ آزمائشوں پر) صبر کرو، پس (اس طرح کرنے کے نتیجہ میں) معاملہ (یعنی کامیابی اور آزمائش سے نجات) قریب ہے (السنہ)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

**نَهَانَا كُبَرَاؤُنَا مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَسُبُّوْا أُمَرَاءَ كُمْ وَلَا تَغُشُّوْهُمْ، وَلَا تَعْصُوْهُمْ، وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاصْبِرُوْا، فَإِنَّ الْأَمْرَ إِلٰى قَرِيْبٍ** (شعب الایمان للبیهقی، رقم الحدیث ۷۱۱۷، الخمسون من شعب الإیمان: وهو باب فی التمسک بما علیه الجماعة، فصل فی فضل الجماعة والألفة وکراهیة الاختلاف والفوقة وما جاء فی إکرام السلطان وتوقیره)

ترجمہ: ہمیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام میں سے ہمارے بڑوں نے منع فرمادیا ہے کہ تم اپنے حکمرانوں کو سب وشتم نہ کرو، اور نہ ان کے ساتھ دھوکہ دہی کرو، اور ان کی نافرمانی نہ کرو، اور تم اللہ سے ڈرو، اور (حکمرانوں کی طرف سے پیش آمدہ آزمائشوں پر) صبر کرو، پس (اس طرح کرنے کے نتیجہ میں) معاملہ

---

[1] قال الالبانی: إسناده جید ورجاله ثقات وفی بعضهم کلام لا یضر (ظلال الجنة فی تعلیق السنة، تحت رقم الحدیث ۱۰۱۵)

(یعنی کامیابی اور آزمائش سے نجات) قریب ہے (بیہقی)

اس سے معلوم ہوا کہ جلیلُ القدر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا طرزِ عمل بھی ظالم حکمرانوں کے خلاف تقویٰ وصبر اختیار کرنے کا تھا، اسی کی وہ دوسروں کو تعلیم وتلقین کیا کرتے تھے، اور آج کل کے بڑے، بے صبری کے مظاہرہ کی تلقین کرنے لگے ہیں، جو بے صبری کے مظاہروں پر مشتمل تحریکوں کی سرپرستی فرماتے ہیں۔

## حذیفہ، ابنِ عمر، عبادہ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

يَكُوْنُ بَعْدِيْ أَئِمَّةٌ لاَ يَهْتَدُوْنَ بِهُدَايَ وَلاَ يَسْتَنُّوْنَ بِسُنَّتِيْ وَسَيَقُوْمُ فِيْهِمْ رِجَالٌ قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الشَّيَاطِيْنِ فِيْ جُثْمَانِ إِنْسٍ. قَالَ قُلْتُ كَيْفَ أَصْنَعُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنْ أَدْرَكْتُ ذٰلِكَ قَالَ تَسْمَعُ وَتُطِيْعُ لِلْأَمِيْرِ وَإِنْ ضُرِبَ ظَهْرُكَ وَأُخِذَ مَالُكَ فَاسْمَعْ وَأَطِعْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٨٤٧ "٥٢" كتاب الإمارة، باب وجوب ملازمة جماعة المسلمين عند ظهور الفتن الخ)

ترجمہ: میرے بعد ایسے حکمران آئیں گے، جو میری ہدایت پر نہیں چلیں گے، اور میری سنت پر کاربند نہیں ہوں گے، اور ان میں ایسے لوگ بھی موجود ہوں گے، جن کے دل انسانوں کے بدن میں شیطانوں کے دل ہوں گے، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اگر میں ایسا زمانہ پاؤں، تو کیا کروں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حکمران کی بات سنتے رہنا، اور مانتے رہنا، چاہے تمہاری کمر توڑ دی جائے (یعنی ظلم کی شدت برداشت کرنی پڑے) اور تمہارے مال پر (ٹیکس وغیرہ کی شکل میں) قبضہ کرلیا جائے، تب بھی سنتے اور مانتے رہنا (مسلم)

مطلب یہ ہے کہ قیامت کے قریب ایسے حکمران ہوں گے، جو دین کے علم اور دین میں دی گئی ہدایات سے ناواقف ہوں گے، اور اسلام کے احکامات اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں پر عمل کرنے سے محروم ہوں گے، جس کی وجہ سے اُن کے دلوں میں اسلام کی عظمت اور محبت نہیں ہوگی، بلکہ اُن کے دل گمراہی، ظلم اور سختی میں شیطانوں کے دل کی طرح ہوں گے، اور جس طرح شیطان کا کام مکروفریب کرنا ہے، اسی طرح یہ لوگ بھی مکروفریب اور حق وباطل کو گڈمڈ کریں گے، اسی کے ساتھ لوگوں پر مالی جانی ظلم بھی کریں گے۔

ایسی صورت میں بھی علمِ بغاوت بلند کرنے کے بجائے، ان کی اطاعت کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

البتہ اگر وہ کسی ایسے صریح وقطعی گناہ کا حکم دے، جس میں اختلاف کی گنجائش نہ ہو، تو پھر اس کی اطاعت سے کنارہ کشی کا حکم ہے۔

چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ : اَلسَّمْعُ وَالطَّاعَةُ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فِيْمَا أَحَبَّ وَكَرِهَ، مَا لَمْ يُؤْمَرْ بِمَعْصِيَةٍ، فَإِذَا أُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلاَ سَمْعَ وَلاَ طَاعَةَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۷۱۴۴، كتاب الأحكام، باب السمع والطاعة للإمام ما لم تكن معصية)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان آدمی پر (امیر وحکمران کی بات کو) سُننا اور اطاعت کرنا، ان چیزوں میں جو ناپسند ہوں، یا پسند ہوں واجب ہے، جب تک کہ اُسے گناہ کا حکم نہ دیا جائے، پس جب گناہ کی بات کا حکم دیا جائے، تو نہ سننا ہے اور نہ ہی اطاعت کرنا ہے (بخاری)

اور حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يا عُبَادَةُ " قُلْتُ : لَبَّيْكَ قَالَ

اِسْمَعْ وَأَطِعْ فِيْ عُسْرِكَ وَيُسْرِكَ وَمَكْرَهِكَ، وَأَثَرَةٍ عَلَيْكَ، وَإِنْ أَكَلُوْا مَالَكَ، وَضَرَبُوْا ظَهْرَكَ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ مَعْصِيَةً لِلّٰهِ بَوَّاحًا (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٤٥٦٦، كتاب السير، باب طاعة الأئمة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عبادہ! میں نے عرض کیا کہ لبیک، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (حکمران کی بات) سنو اور اطاعت کرو (یعنی کہنا مانو) مشکل میں اور آسانی میں اور ناپسندیدہ حالت میں، اور آپ پر (حکمرانی اور متعلقہ حقوق کے معاملہ میں) کسی کو ترجیح دیئے جانے میں، اگرچہ وہ (حکمران) تمہارا مال کھائیں، اور تمہاری پیٹھ پر ماریں، مگر یہ کہ وہ اللہ کی کھلی معصیت (ونافرمانی اور گناہ) ہو (اس میں ان کی اطاعت نہ کرنا) (ابنِ حبان)

ان سب حالات میں اللہ کی طرف رجوع، تقویٰ، اور صبر سے مدد حاصل کرنے کا حکم اس لئے دیا گیا ہے کہ دراصل یہی ان حالات سے نجات کا راستہ ہے۔

لیکن آج قرآن وسنت کے بیان کردہ اس راستہ پر اکثر لوگوں کا یقین ہی نہیں، اور وہ اس کے بجائے، حکمرانوں کے خلاف مختلف تحریکات، اور ہڑتالوں کے طریقوں کو نجات کا ذریعہ سمجھتے ہیں، اور اگر ان کو ان طریقوں سے منع کیا جاتا ہے، تو وہ کہتے ہیں کہ اپنے سے ظلم کو دور کرنے کی تدبیریں تو جائز ہیں، اگر تدبیریں نہیں کریں گے، تو پھر ظلم کا دفاع کیسے ممکن ہوگا، بلکہ اس سے تو ان کے ظلم وستم میں اضافہ ہوگا، اور ان کو کھلی چھٹی مل جائے گی۔

لیکن اس موقع پر وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ قرآن وسنت میں جو احکام دیئے گئے ہیں، دراصل وہی اس ظلم وستم سے نجات کی اصل تدابیر ہیں، جن کو چھوڑ کر دوسری تدبیروں کو اختیار کر رکھا ہے، پھر نجات کیونکر حاصل ہوگی، اور اسی وجہ سے آج وہ تدبیریں خاطر خواہ موثر نہیں ہوتیں، جس کی وجہ یہی ہے کہ وہ تدبیریں قرآن وسنت کے مطابق نہیں۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية ابنِ حبان)

مذکورہ اور اس جیسی بہت سی احادیث اور قرآن مجید کی مختلف آیات نے اس مسئلہ کو بالکل صاف کردیا تھا، لیکن آج کے مادی دور میں مادی چیزوں کا مادی چیزوں سے مقابلہ کرنے کا اتنا زیادہ شور ہوگیا ہے کہ جس کی وجہ سے مسلمانوں کا یقین بھی متزلزل ہوتا جارہا ہے، ان کو قرآن وسنت میں مسلمانوں کی فتح وکامیابی کے بیان کردہ روحانی نسخوں پر یقین ہی نہیں رہا، وہ ان کو نہ تدابیر کی فہرست میں شمار کرتے، چہ جائیکہ وہ ان کو اصلی تدابیر سمجھیں، اور نہ ہی ان تدبیروں کے موجودہ زمانہ میں مفید وموثر ہونے پر یقین رکھتے، اسی لئے ان پر نہ تو خود سے عمل کا اہتمام ہوتا، اور نہ ہی ان پر عمل کی تبلیغ وتلقین، اور تشہیر وتاکید کی جاتی، اور ان کے بجائے، ہڑتالوں، بائیکاٹوں، ریلیوں وغیرہ کے اعلانات اور منصوبہ جات طے کئے جاتے ہیں، جن کا قرآن وسنت میں دور دور تک کہیں ذکر نہیں، بلکہ ان چیزوں کی ابتداء، اسی دور میں ہوئی، جب سے مسلمان ان بداعمالیوں میں مبتلاء ہوئے، جو ان حالات کا اصلی سبب ہیں۔

اوپر سے جب ان چیزوں کے حامی علماء کو ان تدبیروں کا قرآن وسنت میں کوئی ذکر نہیں ملتا، تو قرآن وسنت کی صریح باتوں کو چھوڑ کر دور دراز کے اجتہادات سے ان تدبیروں کو شرعی جامہ پہنانے کی کوشش کرتے ہیں، کبھی ان کو شریعت کے حکم میں داخل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اور جب اس میں ہر طرح سے ناکام ہوجاتے ہیں، تو پھر ان کو مباح وجائز کام قرار دے کر کہتے ہیں کہ یہ تدابیر موجودہ زمانہ میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے تحت داخل ہیں، اور جو مقتداء حضرات ان کے ساتھ ان تحریکاتِ جدیدہ میں شرکت نہ کریں، ان کو اپنے فریضہ میں کوتاہی کا مرتکب قرار دیتے ہیں۔

حالانکہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی حسبِ قدرت تمام صورتیں شریعت نے طے کردی ہیں، ان میں مذکورہ تدبیروں کو زبردستی داخل کرنے کی کوشش کرنا، ناانصافی ہے، اور نکیر کے ایسے طریقے آج بھی اختیار کئے جاسکتے ہیں، جو شریعت سے ثابت ہیں، اور جب ہاتھ سے قدرت نہ ہو، اور زبان سے بھی قدرت، یا فائدہ نہ ہو، تو دل سے برا سمجھنا کافی ہے، اس کے بعد تقوے، رجوع الی اللہ اور دعاء کی طرف متوجہ ہونا چاہیے، اور اسی کی تعلیم وتبلیغ کرنی چاہیے۔

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : سَيَكُوْنُ مِنْ بَعْدِيْ خُلَفَاءُ، يَعْمَلُوْنَ بِمَا يَعْلَمُوْنَ، وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ، وَسَيَكُوْنُ مِنْ بَعْدِهِمْ خُلَفَاءُ، يَعْمَلُوْنَ مَالاَ يَعْلَمُوْنَ، وَيَفْعَلُوْنَ مَالاَ يُؤْمَرُوْنَ، فَمَنْ أَنْكَرَ بَرِيءَ ، وَمَنْ أَمْسَكَ سَلِمَ، وَلٰكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ** (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٦٦٥٨، تابع كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون في أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بعد خلفاء (وحکمران) ہوں گے، جو اپنے علم کے مطابق عمل کریں گے، اور وہ کام کریں گے، جس کا ان کو حکم دیا جائے گا، لیکن ان کے بعد ایسے خلفاء (وحکمران برآمد) ہوں گے، جو اپنے علم کے مطابق عمل نہیں کریں گے، اور وہ کام کریں گے، جن کا ان کو حکم نہیں دیا جائے گا، تو جس نے (زبان ودل سے حسبِ قدرت ان کے برے کاموں پر) نکیر کی، تو وہ بریٔ ہوگیا، اور جو (ان کے برے اعمال کی اتباع اور دل سے اچھا سمجھنے سے) رُکا رہا، وہ سلامت رہا، لیکن جو (گناہ کے کام پر) راضی ہوگیا، اور اس نے (گناہ کے کام میں ان کی) اتباع کی (وہ نہ بریٔ ہوا اور نہ سلامت رہا) (ابنِ حبان)

## ابنِ مسعود، ابواعور، ابنِ عباس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عبدُ اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِيْ أَثَرَةً وَأُمُوْرًا تُنْكِرُوْنَهَا قَالُوْا فَمَا تَأْمُرُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ أَدُّوا إِلَيْهِمْ**

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

حَقَّهُمْ وَسَلُوا اللّٰهَ حَقَّكُمْ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۷۰۵۲، كتاب الفتن، باب قول النبی صلی الله عليه وسلم :سترون بعدی أمورا تنكرونها)

ترجمہ: ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم عنقریب میرے بعد (حکمرانوں وغیرہ کی طرف سے) خودغرضی (اور برے لوگوں کو اچھے لوگوں پر معاملات، عہدوں اور حقوق میں ترجیح دینے کا عمل) اور ایسے کام دیکھو گے کہ جن کو تم برا سمجھو گے، تو صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ ہمیں (ایسے موقع پر) کیا حکم دیتے ہیں؟ تو رسول اللہ نے فرمایا کہ تم ان کا حق اداء کرو، اور اپنے حق کو اللہ سے مانگو (بخاری)

مطلب یہ ہے کہ اگر حکمران، ظالم ہوں کہ وہ تمہارے حقوق اداء نہ کریں، تو تم ان کے حقوق اداء کرتے رہو، اور اپنے حقوق کی اللہ سے دعاء کرو، ان حکمرانوں سے مطالبہ نہ کرو، کیونکہ یہ طریقہ اللہ کو پسند نہیں، اور حکمرانوں کے پاس اپنے حقوق کے مطالبات کے لئے جانا، فتنوں کا باعث ہے، اگرچہ ظاہر میں کچھ فوائد حاصل ہو جائیں۔ [1]

اسی وجہ سے کئی احادیث میں حکمرانوں کے دروازوں پر جانے کو ہی ناپسند کیا گیا ہے۔

چنانچہ حضرت ابواعور اسلمی سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِيَّاكُمْ وَأَبْوَابَ السُّلْطَانِ فَإِنَّهُ قَدْ أَصْبَحَ صَعْبًا هُبُوْطًا (الغرائب الملتقطة، من مسند الفردوس للديلمی، ج۳ص ۲۳۴، رقم الحديث ۱۰۰۸، من حرف الألف، فصل "ألا") [2]

---

[1] (الله حقكم) أی اطلبوا الله أن يوصل إليكم حقكم وهو ما أثروا فيه، قال الطيبی: أی ولا تقاتلوهم باستيفاء حقكم ولا تكافئوا استئثارهم باستئثاركم بل وفروا إليهم حقهم من السمع والطاعة وحقوق الدين وسلوا الله من فضله أن يوصل إليكم حقكم من الغنيمة والفیء ونحوها وكلوا إلى الله تعالى أمركم، والله لا يضيع أجر المحسنين(مرقاة المفاتيح، ج۶، ص۲۳۹۷، كتاب الإمارة والقضاء)

[2] قال الالبانی: وهذا إسناد صحيح رجاله كلهم ثقات وأبو الأعور اسمه عمرو بن سفيان وهو مختلف فيه كما قال ابن عساكر لكن أثبتت صحبته جمع منهم الإمام مسلم(سلسلة الأحاديث الصحيحة، رقم الحديث ۱۱۵۳)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم بادشاہوں کے دروازوں سے بچو، کیونکہ یہ بہت زیادہ ذلت اور رسوائی پیدا کرنے کا باعث ہے (مسند فردوس)

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَكَنَ الْبَادِيَةَ جَفَا، وَمَنْ اتَّبَعَ الصَّيْدَ غَفَلَ، وَمَنْ أَتَى أَبْوَابَ السُّلْطَانِ اِفْتَتَنَ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۲۵۶، ابواب الفتن) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے صحراء وبیابان میں سکونت اختیار کی، وہ سخت خو (یعنی سخت طبیعت والا) ہوگیا اور جس نے شکار کا پیچھا کیا، وہ غافل ہوگیا اور جو بادشاہ (وحکمرانوں) کے دروازے پر گیا، وہ فتنوں میں مبتلاء ہوگیا (ترمذی)

اس طرح کی حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [2]

مطلب یہ ہے کہ بادشاہ وحکمران کے دروازہ پر آنا، ذلت ورسوائی اور دین ودنیا کے مختلف فتنوں کا باعث ہے، بطور خاص جب دنیا کے مقاصد کے لئے آئے۔ [3]

---

[1] قال الترمذی: وفی الباب عن أبی هريرة هذا حديث حسن غريب من حديث ابن عباس، لا نعرفه إلا من حديث الثوری.

[2] عن أبی هريرة، قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم " :من بدا جفا ، ومن اتبع الصيد غفل ، ومن أتى أبواب السلطان افتتن، وما ازداد عبد من السلطان قربا، إلا ازداد من الله بعدا (مسند احمد، رقم الحديث ۸۸۳۶)

قال الالبانی: قلت :وهذا سند حسن فإن بقية رجال الإسناد ثقات كلهم، وإسماعيل احتج به الشيخان، وقال الحافظ " :صدوق يخطىء قليلا ."وخالفه شريک فقال :عن الحسن ابن الحكم عن عدی بن ثابت عن البراء قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ":من بدا جفا ."أخرجه أحمد. قلت :وشريک سيىء الحفظ لا يحتج به إذا تفرد فكيف إذا خالف؟ (سلسلة الأحاديث الصحيحة، رقم الحديث ۱۲۷۲)

[3] قال الشيخ رشيد أحمد الكنكوهی: قوله (ومن أتى أبواب السلطان افتتن) لأنه لا يخلو من الابتلاء بفتنة دينه أو دنياه (الكوكب الدری علی جامع الترمذی، ج۳، ص۱۸۰، ابواب الفتن، باب فی ذكر ابن صياد)

# ثوبان، علی وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث

اس مضمون کی تائید حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کی طبرانی میں مروی اس حدیث سے بھی ہوتی ہے، جس میں حکمران کے دروازہ پر، اور اس کے پاس سوال کرنے کے لئے جانے کو ناپسند قرار دیا گیا ہے۔ [1]

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

**اِتَّقُوْا أَبْوَابَ السُّلْطَانِ** (شعب الایمان للبیهقی، رقم الحدیث ۸۹۶۲، الخمسون من شعب الإیمان: وهو باب فی التمسک بما علیه الجماعة، فصل فی فضل الجماعة والألفة وکراهیة الاختلاف والفوقة وما جاء فی إکرام السلطان وتوقیره)

ترجمہ: تم بادشاہ (وحکمران) کے دروازوں پر (جانے سے) بچو (بیہقی)

اور حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے ان کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

**إِنَّ عَلٰی أَبْوَابِ السُّلْطَانِ فِتَنًا کَمَبَارِکِ الْإِبِلِ، وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ، لَا تُصِیْبُوْنَ مِنْ دُنْیَاهُمْ إِلَّا أَصَابُوْا مِنْ دِیْنِکُمْ مِثْلَهٗ** (الجامع۔ معمر بن راشد، مشمولة: مصنف عبدالرزاق، رقم الحدیث ۲۰۶۴۴، باب ابواب السلطان، شعب الایمان للبیهقی، رقم الحدیث ۸۹۶۴)

---

[1] حدثنا أبو مسلم قال: نا عبد الله بن عبد الوهاب الحجبی قال: نا خالد بن حارث قال: حدثنی طریف بن عیسی العنبری قال: نا یوسف بن عبد الحمید قال: لقیت ثوبان، مولی رسول الله صلی الله علیه وسلم فحدثنا أن رسول الله صلی الله علیه وسلم دعا لأهله، فذکر علیا وفاطمة وغیرهما .فقلت: یا رسول الله: من أهل البیت أنا؟ قال: نعم، ما لم تقم علی باب سدة، أو تأتی أمیرا تسأله (المعجم الاوسط، للطبرانی، رقم الحدیث ۲۶۰۷، باب الألف)

قال الهیثمی: رواه الطبرانی فی الأوسط، ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۵۰۱۸، کتاب المناقب، باب فی فضل أهل البیت رضی الله عنهم)

وقال المنذری: رواه الطبرانی فی الأوسط ورواته ثقات والمراد بالسدة هنا باب السلطان ونحوه ویأتی فی باب الفقر ما یدل له (الترغیب والترهیب، ج۳، ص۱۳۶، کتاب القضاء، الترغیب فی الامتناع عن الدخول علی الظلمة والترهیب من الدخول علیهم وتصدیقهم وإعانتهم)

ترجمہ: بادشاہ (وحکمران) کے دروازوں پر اونٹوں کے باڑوں کی طرح فتنے ہوتے ہیں، اور قسم ہے اس ذات کی کہ جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ تم بادشاہوں (وحکمرانوں) سے جتنی دنیا حاصل کروگے، وہ اسی جتنا تمہارا دین حاصل کرلیں گے (عبدالرزاق)

اس طرح کی روایت حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگرد، حضرت علقمہ رحمہ اللہ سے بھی مروی ہے۔ [1]

اور آج جس قسم کے احتجاج اور ہڑتالیں کی جاتی ہیں، اور دھرنے دیئے جاتے ہیں، ان میں مذکورہ احادیث کے خلاف عمل ہوتا ہے، بلکہ عام طور پر جمہوری نظامِ حکومت میں عوام حکمرانوں کے حقوق اداء کرنے کے بجائے، حکمرانوں سے اپنے حقوق کے مطالبات کرتے ہیں، ان کے دروازوں پر جا کر جمع ہوتے اور وہاں جم کر بیٹھ جاتے ہیں، جس کو دھرنا دینا کہتے ہیں، اور اللہ کی طرف رجوع کرنے، تقوے اور صبر کا نہ خود اہتمام کرتے، نہ ان کے بڑے ان کو ان چیزوں کی تلقین کرتے، بلکہ وہ خود عوام کو اس قسم کی تحریکات کے لئے تبلیغ وتشہیر اور تحریک چلا کر جمع کرتے ہیں۔

## انس، براء ومخرمہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مشرکینِ مکہ کی طرف سے مصالحت میں یہ شرط رکھی گئی تھی کہ تمہارے یہاں ہمارے پاس سے جو بندہ آئے گا، ہم اس کو واپس نہیں لوٹائیں گے، اور تمہارے پاس ہمارے یہاں سے جو بندہ جائے گا، اس کو تم ہماری طرف واپس لوٹاؤ گے، جس پر صحابہ کو

---

[1] عن أبي حنيفة، عن حماد، عن إبراهيم، عن علقمة بن قيس، أنه قال :على أبواب السلطان مثل مبارك الإبل من الفتن، من تعرض لها تعرضت له لن تصيبوا من دنياهم شيئا إلا أصابوا من دينكم أفضل منه (الآثار لابي يوسف، ص ٢١٣، رقم الحديث ٩٤٦، باب الغزو والجيش)

شکایت ہوئی، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم جس مومن بندہ کو ان کے پاس واپس لوٹائیں گے، تو اللہ اس کے لئے کشادگی، اور نجات کا راستہ پیدا فرمائے گا۔ [1]

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی روایت میں صلح حدیبیہ کی شرائط میں مکہ سے آئے ہوئے شخص کو واپس مکہ بھیجنے، اور مدینہ سے مکہ آئے ہوئے شخص کو واپس نہ بھیجنے کی شرط کا بھی ذکر ہے۔ [2]

---

[1] عن أنس؛أن قريشا صالحوا النبى صلى الله عليه وسلم .فيهم سهل بن عمرو . فقال النبى صلى الله عليه وسلم لعلى (اكتب بسم الله الرحمن الرحيم) .قال سهيل: أما باسم الله، فما ندرى ما بسم الله الرحمن الرحيم .ولكن اكتب ما نعرف: باسمك اللهم .فقال (اكتب من محمد رسول الله) قالوا: لو علمنا أنك رسول لاتبعناك . ولكن اكتب اسمك واسم أبيك .فقال النبى صلى الله عليه وسلم (اكتب من محمد بن عبد الله) فاشترطوا على النبى صلى الله عليه وسلم أن من جاء منكم لم نرده عليكم . ومن جائكم منا رددتموه علينا .فقالوا: يا رسول الله! أنكتب هذا؟ قال (نعم .إنه من ذهب منا إليهم، فأبعده الله .ومن جائنا منهم، سيجعل الله له فرجا ومخرجا)(صحيح مسلم،رقم الحديث ۱۷۸۴ "۹۳" كتاب الجهاد والسير، باب صلح الحديبية فى الحديبية)

عن أنس بن مالك، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم لما صالح قريشا يوم الحديبية قال لعلى: اكتب بسم الله الرحمن الرحيم .فقال سهيل بن عمرو: لا نعرف الرحمن الرحيم، اكتب: باسمك اللهم، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعلى: " اكتب: هذا ما صالح عليه محمد رسول الله ."فقال سهيل بن عمرو: لو نعلم أنك رسول الله لاتبعناك ولم نكذبك، اكتب نسبك من أبيك، فقال النبى صلى الله عليه وسلم لعلى: " اكتب: محمد بن عبد الله ."فكتب: من أتانا منكم رددناه إليكم، ومن أتاكم منا تركناه عليكم .فقالوا: يا رسول الله تعطيهم هذا؟ قال: من أتاهم منا فأبعده الله، ومن أتانا منهم فرددناه عليهم جعل الله له فرجا ومخرجا(مسند ابى يعلىٰ الموصلى،رقم الحديث ۳۳۲۳)

قال حسين سليم أسد الدارانى: إسناده صحيح(حاشية مسند ابى يعلىٰ)

[2] عن البراء بن عازب رضى الله عنهما قال: صالح النبى صلى الله عليه وسلم المشركين يوم الحديبية على ثلاثة أشياء على أن من أتاه من المشركين رده إليهم ومن أتاهم من المسلمين لم يردوه وعلى أن يدخلها من قابل ويقيم بها ثلاثة أيام ولا يدخلها إلا بجلبان السلاح السيف والقوس ونحوه فجاء أبو جندل يحجل فى قيوده فرده إليهم قال: لم يذكر مؤمل عن سفيان أبا جندل وقال: إلا بجلب السلاح(صحيح البخارى،رقم الحديث ۲۷۰۰، كتاب الصلح، باب الصلح مع المشركين)

پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کے ساتھ کئے ہوئے اس معاہدہ کی صبر کے ساتھ مکمل پاسداری فرمائی۔

حالانکہ یہ شرائط مسلمانوں کے خلاف بڑی سخت آزمائش والی اور مسلمانوں کے سراسر خلاف معلوم ہو رہی تھیں۔

مخرمہ اور مروان بن حکم سے مروی لمبی حدیث میں ہے کہ اس معاہدہ کے بعد جب ابو جندل (جو اسلام لا چکے تھے) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، اور معاہدہ کے مطابق ان کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کے پاس واپس لوٹانا چاہا، تو ابو جندل نے کہا کہ تم مجھے مشرکین کے پاس واپس بھیج رہے ہو، اور وہ مجھے دین کی وجہ سے تکالیف پہنچائیں گے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو فرمایا کہ:

**يَا أَبَا جَنْدَلٍ اِصْبِرْ وَاحْتَسِبْ، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ جَاعِلٌ لَكَ وَلِمَنْ مَعَكَ مِنَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ فَرَجًا وَمَخْرَجًا، إِنَّا قَدْ عَقَدْنَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ صُلْحًا، فَأَعْطَيْنَاهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ، وَأَعْطَوْنَا عَلَيْهِ عَهْدًا، وَإِنَّا لَنْ نَغْدِرَ بِهِمْ** (مسند احمد، رقم الحديث ۱۸۹۱۰) [1]

ترجمہ: اے ابو جندل! صبر کیجیے، اور اللہ سے ثواب کی امید رکھیے، پس بے شک اللہ عزوجل، آپ کے لئے، اور آپ کے کمزور ساتھیوں کے لئے، کشادگی اور نجات کا راستہ پیدا فرمائے گا، بے شک ہمارے اور قوم (یعنی مشرکین) کے درمیان صلح منعقد ہو چکی ہے، جس کے لئے ہم ان کو زبان دے چکے ہیں، اور انہوں نے اس کا ہم سے معاہدہ کرلیا ہے، اور بے شک ہم ہرگز بھی ان (مشرکین) کے ساتھ دھوکہ نہیں کریں گے (مسند احمد)

اور صحیح بخاری میں مخرمہ اور مروان بن حکم کی لمبی حدیث میں روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

قَالَ أَبُوْ جَنْدَلٍ: أَيْ مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ، أُرَدُّ إِلَى الْمُشْرِكِيْنَ وَقَدْ جِئْتُ مُسْلِمًا، أَلَا تَرَوْنَ مَا قَدْ لَقِيتُ؟ وَكَانَ قَدْ عُذِّبَ عَذَابًا شَدِيْدًا فِي اللّٰهِ، قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: فَأَتَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: أَلَسْتَ نَبِيَّ اللّٰهِ حَقًّا؟ قَالَ: بَلٰى، قُلْتُ: أَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ، وَعَدُوُّنَا عَلَى الْبَاطِلِ، قَالَ: بَلٰى، قُلْتُ: فَلِمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِيْ دِيْنِنَا إِذًا؟ قَالَ: إِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَلَسْتُ أَعْصِيْهِ، وَهُوَ نَاصِرِيْ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۲۷۳۱، كتاب الشروط، باب الشروط فی الجهاد، والمصالحة مع أهل الحرب، وكتابة الشروط)

ترجمہ: ابوجندل نے کہا کہ اے مسلمانوں! کیا مجھے مشرکوں کے پاس واپس بھیج دیا جائے گا، حالانکہ میں مسلمان ہو چکا ہوں، کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں نے اسلام کے لئے کیا کیا مصیبتیں اٹھائی ہیں، اور ابوجندل کو اللہ کی راہ میں بہت سخت تکلیفیں دی گئی تھیں، حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ پھر میں نے رسول اللہ کے پاس آ کر عرض کیا کہ کیا آپ اللہ کے سچے نبی نہیں ہیں؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیوں نہیں، میں نے عرض کیا کہ کیا ہم حق پر اور ہمارا دشمن باطل پر نہیں ہے؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیوں نہیں، میں نے عرض کیا کہ پھر ہم اپنے دین میں کیوں نرمی برتیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اللہ کا رسول ہوں، اور میں اس کی نافرمانی نہیں کرتا، اور وہی میرا ناصر ہے (بخاری)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مطلب یہ تھا کہ میں یہ سب کچھ اللہ کے حکم سے کر رہا ہوں۔ [1]

---

[1] قال: (إنی رسول الله ولست أعصيه وهو ناصری) فيه تنبيه لعمر -رضی الله عنه- على إزالة ما حصل عنده من القلق، وأنه -صلى الله عليه وسلم- لم يفعل ذلک إلا لأمر أطلعه الله عليه من حبس الناقة وأنه لم يفعل ذلک إلا بوحی من الله (إرشاد الساری لشرح صحيح البخاری، ج۴، ص۴۵۰، كتاب الشروط، باب الشروط فی الجهاد، والمصالحة مع أهل الحرب، وكتابة الشروط)

اور صحیح بخاری کی گذشتہ روایت میں آگے یہ مضمون بھی ہے کہ:

ثُمَّ رَجَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَجَاءَهُ أَبُو بَصِيْرٍ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ وَهُوَ مُسْلِمٌ، فَأَرْسَلُوْا فِيْ طَلَبِهٖ رَجُلَيْنِ، فَقَالُوْا: اَلْعَهْدَ الَّذِيْ جَعَلْتَ لَنَا، فَدَفَعَهُ إِلَى الرَّجُلَيْنِ، فَخَرَجَا بِهٖ حَتّٰى بَلَغَا ذَا الْحُلَيْفَةِ، فَنَزَلُوْا يَأْكُلُوْنَ مِنْ تَمْرٍ لَهُمْ، فَقَالَ أَبُو بَصِيْرٍ لِأَحَدِ الرَّجُلَيْنِ: وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَرَى سَيْفَكَ هٰذَا يَا فُلَانُ جَيِّدًا، فَاسْتَلَّهُ الْآخَرُ، فَقَالَ: أَجَلْ، وَاللّٰهِ إِنَّهُ لَجَيِّدٌ، لَقَدْ جَرَّبْتُ بِهٖ، ثُمَّ جَرَّبْتُ، فَقَالَ أَبُوْ بَصِيْرٍ: أَرِنِيْ أَنْظُرْ إِلَيْهِ، فَأَمْكَنَهُ مِنْهُ، فَضَرَبَهُ حَتّٰى بَرَدَ، وَفَرَّ الْآخَرُ حَتّٰى أَتَى الْمَدِيْنَةَ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ يَعْدُوْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ رَآهُ: لَقَدْ رَأٰى هٰذَا ذُعْرًا، فَلَمَّا انْتَهٰى إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قُتِلَ وَاللّٰهِ صَاحِبِيْ وَإِنِّيْ لَمَقْتُوْلٌ، فَجَاءَ أَبُو بَصِيْرٍ فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، قَدْ وَاللّٰهِ أَوْفَى اللّٰهُ ذِمَّتَكَ، قَدْ رَدَدْتَنِيْ إِلَيْهِمْ، ثُمَّ أَنْجَانِيَ اللّٰهُ مِنْهُمْ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْلُ أُمِّهٖ مِسْعَرَ حَرْبٍ، لَوْ كَانَ لَهُ أَحَدٌ فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ عَرَفَ أَنَّهُ سَيَرُدُّهُ إِلَيْهِمْ، فَخَرَجَ حَتّٰى أَتٰى سِيْفَ الْبَحْرِ قَالَ: وَيَنْفَلِتُ مِنْهُمْ أَبُوْ جَنْدَلِ بْنُ سُهَيْلٍ، فَلَحِقَ بِأَبِيْ بَصِيْرٍ، فَجَعَلَ لَا يَخْرُجُ مِنْ قُرَيْشٍ رَجُلٌ قَدْ أَسْلَمَ إِلَّا لَحِقَ بِأَبِيْ بَصِيْرٍ، حَتّٰى اجْتَمَعَتْ مِنْهُمْ عِصَابَةٌ، فَوَاللّٰهِ مَا يَسْمَعُوْنَ بِعِيْرٍ خَرَجَتْ لِقُرَيْشٍ إِلَى الشَّأْمِ إِلَّا اعْتَرَضُوْا لَهَا، فَقَتَلُوْهُمْ وَأَخَذُوْا أَمْوَالَهُمْ، فَأَرْسَلَتْ قُرَيْشٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُنَاشِدُهُ بِاللّٰهِ وَالرَّحِمِ، لَمَّا أَرْسَلَ، فَمَنْ أَتَاهُ فَهُوَ آمِنٌ، فَأَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِمْ (صحیح

البخاری، رقم الحدیث ۲۷۳۱، کتاب الشروط، باب الشروط فی الجهاد، والمصالحة مع أهل الحرب، وكتابة الشروط)

ترجمہ: پھر (صلح حدیبیہ سے فراغت، ورعمرہ کئے بغیر واپسی کے بعد) نبی صلی اللہ علیہ وسلم، مدینہ منورہ لوٹ آئے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس قریش کے ایک مسلم آدمی ''ابوبصیر'' آگئے، جن کو طلب کرنے کے لئے مکہ کے قریش نے دو آدمیوں کو بھیجا، اور قریش نے کہا کہ تم نے ہم سے جو عہد کیا ہے (اس کو پورا کیجئے) تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبصیر کو، قریش کے ان دونوں آدمیوں کے حوالہ کردیا، پھر وہ دونوں آدمی ''ابوبصیر'' کو لے کر نکل پڑے، جب وہ ذوالحلیفہ پہنچے، تو وہ لوگ اتر کر اپنے چھوارے کھانے لگے، ابوبصیر نے ان میں سے ایک شخص سے کہا کہ اے فلاں، اللہ کی قسم! تیری تلوار بہت عمدہ معلوم ہوتی ہے، اس شخص نے نیام سے اپنی تلوار نکالی اور کہا کہ ہاں اللہ کی قسم! یہ تلوار بہت عمدہ ہے، میں نے اس کو کئی مرتبہ آزمایا ہے، ابوبصیر نے کہا کہ مجھے دکھلاؤ میں بھی اسے دیکھوں، چنانچہ اس شخص نے وہ تلوار ابوبصیر کو دے دی، پھر ابوبصیر نے اس تلوار سے اس کو مار ڈالا اور اس کو ٹھنڈا کردیا، اور مشرکین کا دوسرا شخص بھاگ گیا اور مدینہ آکر ڈرتا ہوا مسجد میں گھس گیا، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دیکھا، تو فرمایا کہ یہ کچھ خوف زدہ دکھائی دیتا ہے، پھر جب وہ رسول اللہ کے قریب پہنچا، تو اس نے کہا کہ اللہ کی قسم! میرا ساتھی قتل کردیا گیا اور میں بھی قتل کردیا جاتا، پھر ابوبصیر آئے اور انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اللہ کی قسم! اللہ نے آپ کی ذمہ داری کو پورا کردیا، آپ تو مجھے ان کفارِ قریش کی طرف واپس لوٹا دیا تھا، لیکن اللہ نے مجھے ان کافروں سے نجات عطاء فرمادی ہے، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ برا ہوا، یہ لڑائی کی آگ ہے، اگر کوئی مقتول کا مددگار ہوتا، تو یہ

آگ بھڑک اٹھتی (اور اس کی لپیٹ میں ابو بصیر سمیت بہت سے دیگر مسلمان آجاتے) جب یہ بات ابو بصیر نے سنی، تو وہ سمجھ گئے کہ رسول اللہ انہیں دوبارہ کفار کی طرف واپس لوٹا دیں گے، تو وہ وہاں سے نکل کھڑے ہوئے، اور وہ (مشرکین کے قابو وتسلط سے خلاصی پانے کے لئے) دریا کے کنارے پہنچ گئے، راوی کہتے ہیں کہ اور کفارِ قریش سے ابو جندل بن سہیل بھی (دوبارہ) خلاصی پا کر ابو بصیر سے آملے، اس کے بعد جو بھی جو قریش کے یہاں سے (قدیم وجدید) مسلمان خلاصی پا کر آتا، تو وہ ابو بصیر سے آکر مل جاتا، یہاں تک کہ ان سب کی ایک (مضبوط) جماعت بن گئی، اس کے بعد اللہ کی قسم! جب وہ مسلمان کسی قافلہ کے بارے میں سنتے تھے کہ وہ شام کی طرف سے آرہا ہے، تو وہ اس سے جنگ کرتے اور ان کے آدمیوں کو قتل کر دیتے اور ان کا مال لوٹ لیتے، جس کے بعد قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پیغام بھیجا اور آپ کو اللہ، اور رحم کا واسطہ دیا کہ جو شخص آپ کے پاس مسلمان ہو کر آئے گا، تو وہ بے خوف ہوگا، جس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو بصیر اور ان کے ساتھیوں کو اس بات سے آگاہ فرمادیا (اور ان کو مدینہ منورہ میں اپنے پاس بلالیا) (بخاری)

اس زمانہ میں مشرکین وکفارِ مکہ دراصل ''حربی'' تھے، اور ''مکہ'' پر دارالحرب کے احکام جاری تھے، جہاں سے مسلمانوں کو ہجرت کرنا ضروری تھا، لیکن چونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ عہد کرلیا تھا کہ وہاں سے جو مسلمان مدینہ منورہ آئے گا، اس کو واپس لوٹایا جائے گا، یہ شرط اگرچہ بظاہر مسلمانوں کے خلاف تھی، لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بامرِ مجبوری وبمصلحت، اس شرط کو قبول فرمالیا تھا، جس کی آپ نے پاسداری فرمائی، لیکن جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو جندل اور ابو بصیر کو ان کے ساتھ واپس لوٹا دیا، تو آپ کی طرف سے اس معاہدہ کی تکمیل ہوگئی، اور مکہ میں موجود مسلمان مظلوم قیدیوں پر یہ لازم نہیں تھا کہ وہ نبی صلی

اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی دوسری طرف نہیں نکل سکتے، اور نہ ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ لازم تھا کہ وہ دوسرے مقام پر موجود مظلوم مسلمانوں کو کفار کی طرف واپس لوٹائیں۔ [1]

اس لئے مسلمان مظلوم قیدیوں نے مکہ سے نکلنے، اور کسی دوسری جگہ مجتمع ہو کر کفار و مشرکین کو قتل کرنے کا جو قدم اٹھایا، وہ اپنے سے ظلم کے دفاع کے لئے، اور ایک طرح سے جہاد قتال پر قدرت حاصل ہونے کے قبیل سے تھا، جس میں اہلِ حرب کفار سے قتال کے بعد ان کے مال کو لینا ''مالِ غنیمت کے حصول'' کی حیثیت رکھتا تھا، جس کی ان کے لئے ممانعت نہیں تھی۔ [2]

---

[1] وقال بعض العلماء :لا فرق بين اليمين والعهد وهجرته عن ملك الكفر واجبة والحجة فعل أبى بصير وتصويب النبى صلى الله عليه وسلم فعله ورضاه به؛ ولا حجة فى هذا إذ ليس فيه أن أبا بصير عاهدهم على ذلك، وأن النبى صلى الله عليه وسلم إنما عاهدهم على ألا يخرج معه بأحد منهم ولا يحبسه عنهم، ولم يعاهدهم على ألا يخرج منهم من أسلم فيلزم ذلك أبا بصير(إكمال المعلم بفوائد مسلم،للقاضى عياض، ج٦،ص ١٥٩ ،كتاب الجهاد والسير،باب الوفاء بالعهد)

وإنما لم يجزم المؤلف -رحمه الله -بالحكم لأنه اختلف فى الأسير يعاهد أن لا يهرب فقال الشافعى والكوفيون :لا يلزمه .وقال مالك :يلزمه، وقال ابن القاسم وابن المواز إن أكرهوه على أن يحلف لم يلزمه لأنه مكره، وقال بعض الفقهاء :لا فرق بين الحلف والعهد وخروجه عن بلد الكفر واجب والحجة فى ذلك فعل أبى بصير وتصويب النبى -صلى الله عليه وسلم -فعله اهـ.

قال أبو عبد الله الأبى :ولا حجة فيه لأنه ليس فيه إلا أن أبا بصير عاهدهم على ذلك والنبى -صلى الله عليه وسلم -إنما عاهدهم على أن لا يخرج معه بأحد منهم ولا يحبسه عنهم ولا عاهدهم على أن لا يخرج منهم من أسلم فيلزم ذلك أبا بصير(إرشاد السارى لشرح صحيح البخارى، للقسطلانى، ج٥،ص ١٤٩ ،كتاب الجهاد والسير،باب هل للأسير أن يقتل ويخدع الذين أسروه حتى ينجو من الكفرة؟ فيه المسور عن النبى -صلى الله عليه وسلم)

وفيه أن من جاء إلى غير بلد الإمام ليس للإمام رده(الكواكب الدرارى فى شرح صحيح البخارى، للكرمانى، ج١٢،ص ٥٢،٥٣،كتاب الشروط،باب الشروط فى الجهاد والمصالحة مع أهل الحرب وكتابة الشروط)

[2] اختلف العلماء فى الأسير، هل له أن يقتل المشركين أو يخدعهم حتى ينجو منهم، فقالت طائفة من العلماء :لا ينبغى للأسير المقام بدار الحرب إذا أمكنه الخروج، وإن لم يتخلص منهم إلا بقتلهم، وأخذ أموالهم، وإحراق دورهم؛ فعل ما شاء من ذلك، وهو قول أبى حنيفة والطبرى.

وقال أشهب :إن خرج به العلج فى الحديد ليفادى به، فله أن يقتله إن أمكنه ذلك وينجو .

واختلفوا إذا أمنوه، وعاهدهم ألا يهرب، فقال الكوفيون:إعطاؤه العهد على ذلك باطل.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھ مدینہ منورہ میں موجود صحابہ نے ان مشرکین کے خلاف، نہ کوئی احتجاج کیا، نہ ہی اسٹرائک وہڑتال کی، نہ ہی ان مشرکین کے خلاف تجارتی

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

.وقال الشافعي :له أن يخرج ولا يأخذ شيئا من أموالهم؛ لأنه قد أمنهم بذلک كما أمنوه.
وقال مالک :إن عاهدهم على ذلک فلا يجوز أن يهرب إلا بإذنهم .وهو قول سحنون وابن المواز.
قال ابن المواز :وهذا بخلاف إذا أجبروه ألا يهرب بطلاق أو عتاق، أنه لا يلزمه، وذلک لأنه مكره. ورواه أبو زيد عن ابن القاسم .وقال غيره :لا معنى لقول من فرق بين يمينه وعهده ألا يهرب؛ لأن حالته حال المكره حلف لهم أو وعدهم أو عاهدهم، سواء أمنوه أو أخافوه؛ لأن الله فرض على المؤمن ألا يبقى تحت أحكام الكفار، وأوجب عليه الهجرة من دارهم، فخروجه على كل وجه جائز، والحجة في ذلک خروج أبي بصير، الرسول فعله ورضاه(شرح صحيح البخاری لابن بطال، ج۵، ص۱۷۷، ۱۷۸، كتاب الجهاد والسير،باب هل للأسير أن يقتل أو يخدع الذين أسروه حتى ينجو من الكفرة)
أی :هذا باب يذكر فيه هل للأسير في أيدی الكفار أن يقتل ...إلخ، وإنما لم يذكر الجواب لمكان الاختلاف في، فقال الجمهور :إن ائتمنوه يفي لهم بالعهد، حتى قال مالک :لا يجوز أن يهرب منهم، وخالفه أشهب فقال :لو خرج به الكافر ليفادی به فله أن يقتله .وقال أبو حنيفة :إعطاؤه العهد على ذلک باطل، ويجوز له أن لا يفي لهم به، وبه قال الطبری .وقالت الشافعية :يجوز أن يهرب من أيديهم ولا يجوز أن يأخذ من أموالهم، قالوا :وإن لم يكن بينهم عهد جاز له أن يتخلص منهم بكل طريق، ولو بالقتل وأخذ المال وتحريق الدار وغير ذلک، وقال ابن المواز :إذا ألجؤه أن يحلف أن لا يهرب بطلاق أو عتاق أنه لا يلزمه ذلک لأنه مكروه، ورواه أبو زيد عن ابن القاسم. وقال غيره :لا معنى لمن فرق بين يمينه ووعده، لأن حاله حال المكره حلف لهم أو وعدهم أو عاهدهم سواء أمنوه أو أخافوه، لأن الله تعالى فرض على المؤمن أن لا يبقى تحت أحكام الكفار، وأوجب عليه الهجرة من دارهم، فخروجه على كل وجه جائز، والحجة في ذلک خروج من أبي بصير، وتصويب النبي صلى الله عليه وسلم، فعله ورضاه(عمدة القاری،شرح صحيح البخاری، ج۱۴، ص۲۶۶، كتاب الجهاد،باب هل للأسير أن يقتل أو يخدع الذين أسروه حتى ينجو من الكفرة)
وهي من مسائل الخلاف أيضا، ولهذا لم يبت الحكم فيها، قال الجمهور: إن ائتمنوه يف لهم بالعهد، حتى قال مالک: لا يجوز أن يهرب منهم .وخالفه أشهب فقال: لو خرج به الكافر ليفادی به فله أن يقتله .وقال أبو حنيفة، والطبری: إعطاؤه العهد على ذلک باطل، ويجوز له أن لا يفي لهم به .وقال الشافعية: يجوز أن يهرب من أيديهم، ولا يجوز أن يأخذ من أموالهم .قالوا: وإن لم يكن بينهم عهد جاز له أن يتخلص منهم بكل طريق ولو بالقتل وأخذ المال وتحريق الدار وغير ذلک،

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

بائیکاٹ کی تحریک چلائی، اور نہ ہی عہد شکنی کی، بلکہ صبر وتقوے کا اہتمام کیا، اور جس کو اپنے سے ظلم کے دفاع کی جتنی قدرت حاصل ہوئی، اس پر عمل کیا۔

پھر سب نے دیکھا کہ اس کے نتیجہ میں اللہ نے مکہ کو بھی فتح فرمادیا، جس سے آج تک ساری دنیا کے مسلمان مستفید ہورہے ہیں، یہ سب کچھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے صبر اور تقوے اور حکمتِ عملی کی برکات ہیں۔

چنانچہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی سند سے یہ مضمون مروی ہے کہ حدیبیہ کے دن کا عمل ہی مکہ کی فتح کا اصل سبب ہے۔ [1]

حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی فرماتے ہیں:

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وليس في قصة أبي بصير تصريح بأنه كان بينه وبين من تسلمه ليرده إلى المشركين عهد، ولهذا تعرض للقتل، فقتل أحد الرجلين وانفلت الآخر، ولم ينكر عليه النبي صلى الله عليه وسلم كما تقدم مستوفى(فتح الباري،شرح صحيح البخاري، ج٦،ص١٥٣،كتاب الجهاد والسير،باب هل للأسير أن يقتل أو يخدع الذين أسروه حتى ينجو من الكفرة)

واختلف العلماء هل يجوز الصلح مع المشركين على أن يرد إليهم من جاء مسلما من عندهم إلى بلاد المسلمين أم لا؟ فقيل: نعم على ما دلت عليه قصة أبي جندل، وأبي بصير، وقيل لا، وأن الذى وقع في القصة منسوخ، وأن ناسخه حديث: أنا بريء من مسلم بين مشركين وهو قول الحنفية . وعند الشافعية تفصيل بين العاقل والمجنون والصبى فلا يردان .وقال بعض الشافعية: ضابط جواز الرد أن يكون المسلم بحيث لا تجب عليه الهجرة من دار الحرب والله أعلم(فتح الباري،شرح صحيح البخاري، ج٥،ص٣٤٥،كتاب الشروط،باب الشروط في الجهاد والمصالحة مع أهل الحرب وكتابة الشروط)

(ولا يلزمه) أى :المطلوب (الرجوع) مع طالبه، بل يجوز له إن خشى فتنة، وذلك؛ لأنه لم يلتزمه إذا العاقد غيره، ولهذا لم ينكر -صلى الله عليه وسلم -على أبي بصير امتناعه، ولا قتله لطالبه، بل سره ذلك، ومن ثم سن أن يقال له سرا لا ترجع، وإن رجعت فاهرب متى قدرت (و) جاز (له قتل الطالب) كما فعل أبو بصير (تحفة المحتاج في شرح المنهاج،لابن حجر الهيثمي، ج٩، ص٣١١، كتاب الجزية،باب الهدنة)

[1] عن البراء رضى الله عنه قال: تعدون أنتم الفتح فتح مكة، وقد كان فتح مكة فتحا، ونحن نعد الفتح بيعة الرضوان يوم الحديبية(صحيح البخارى،رقم الحديث ٤١٥٠، كتاب المغازى، باب غزوة الحديبية)

''اگر کسی ظالم کے مقابلے میں قدرت ہو، تو ضرب یضرب (یعنی جہاد وقتال) پر عمل ہو، اگر قدرت نہ ہو، تو صَبَرَ یَصْبِرُ (یعنی صبر) پر عمل ہو، یہ بیچ کی صورت جس کو ستیہ گرہ (حکومت کے خلاف پُر امن تحریک) کہا جاتا ہے، اس کا کوئی ماخذ سمجھ میں نہیں آتا'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر۵ ص۳۰۱، ملفوظ نمبر۳۲۶، بعنوان ''ستیہ گرہ کا مآخذ سمجھ میں نہیں آیا'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

اس سلسلہ میں حضرت موصوف کے مزید حوالہ جات آگے آتے ہیں۔

## ابو ہریرہ وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَمَّا تُوُفِّیَ اِبْنُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَاحَ أُسَامَۃُ بْنُ زَیْدٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَیْسَ ھٰذَا مِنَّا لَیْسَ لِصَارِخٍ حَظٌّ اَلْقَلْبُ یَحْزَنُ وَالْعَیْنُ تَدْمَعُ وَلَا نَقُوْلُ مَا یَغْضَبُ الرَّبَّ (صحیح ابن حبان، رقم الحدیث ۳۱۶۰، کتاب الجنائز، فصل فی النیاحۃ ونحوھا) [1]

ترجمہ: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے (ابراہیم) کی وفات ہوئی، تو اسامہ بن زید نے چیخنا شروع کیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ہم میں سے نہیں، چیخنے والے کے لئے کوئی حصہ نہیں، دل غمگین ہوتا ہے، اور آنکھیں آنسو بہاتی ہیں، اور ہم زبان سے وہ بات نہیں کہیں گے، جس سے رب ناراض ہو (ابن حبان)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

اِشْتَکٰی سَعْدُ بْنُ عُبَادَۃَ شَکْوٰی لَہٗ، فَأَتَاہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعُوْدُہٗ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، وَسَعْدِ بْنِ أَبِیْ وَقَّاصٍ، وَعَبْدِ اللّٰہِ

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ حسن (حاشیۃ ابن حبان)

www.idaraghufran.org

بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَیْہِ فَوَجَدَہٗ فِیْ غَاشِیَۃِ أَھْلِہٖ، فَقَالَ: قَدْ قَضٰی قَالُوْا: لَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، فَبَکَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَأَی الْقَوْمُ بُکَاءَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَکَوْا، فَقَالَ: أَلَا تَسْمَعُوْنَ إِنَّ اللّٰہَ لَا یُعَذِّبُ بِدَمْعِ الْعَیْنِ وَلَا بِحُزْنِ الْقَلْبِ وَلٰکِنْ یُعَذِّبُ بِھٰذَا وَأَشَارَ إِلٰی لِسَانِہٖ أَوْ یَرْحَمُ وَإِنَّ الْمَیِّتَ یُعَذَّبُ بِبُکَاءِ أَھْلِہٖ عَلَیْہِ. وَکَانَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ یَضْرِبُ فِیْہِ بِالْعَصَا وَیَرْمِیْ بِالْحِجَارَۃِ وَیَحْثِیْ بِالتُّرَابِ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۱۳۰۴، کتاب الجنائز، باب البکاء عند المریض)

ترجمہ: سعد بن عبادہ کو بیماری لاحق ہوئی، تو ان کے پاس، عیادت کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم عبدالرحمٰن بن عوف، اور سعد بن ابی وقاص، اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم کے ساتھ تشریف لائے، پھر جب وہاں داخل ہوئے، تو ان کو گھر والوں کے بستر پر لیٹا ہوا پایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا انتقال کر گئے ہیں؟ تو لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! نہیں، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم رونے لگے، جب لوگوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو روتے ہوئے دیکھا، تو وہ بھی رونے لگے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم نہیں سنتے، بے شک، اللہ عذاب نہیں دیتا، آنسو بہنے اور دل کے غمگین ہونے سے، لیکن عذاب دیا جاتا ہے، اس کی وجہ سے اور آپ نے (یہ فرماتے وقت) اپنی زبان کی طرف اشارہ فرمایا (یعنی زبان سے بے صبری کا اظہار کرنے کی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے) یا رحم کیا جاتا ہے (یعنی زبان سے صبر ورضا بالقضا کے کلمات کہنے کی وجہ سے اللہ کی رحمت حاصل ہوتی ہے)

اور بے شک میت کو اس کے گھر والوں کے نوحے کی وجہ سے عذاب ہوتا ہے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس (نوحہ کے) عمل کا ارتکاب کرنے والے کو چھڑی

سے، یا کنکر پھینک کر دھمکاتے تھے اور اُس پر خاک پھینکتے تھے (بخاری)

مگر افسوس کہ آج احتجاجوں اور تحریکوں نے صبر کی تمام حدود کو پامال کر کے رکھ دیا ہے، بلکہ بہت سے اہلِ علم کے ذہنوں کو بھی مسخ کر کے رکھ دیا ہے، زبانی وتحریری طور پر جو کچھ شکوہ وشکایات اور جزع وفزع ہوتا ہے، وہ سب اسلامی تقاضوں اور صبر کے منافی ہوتا ہے۔

## ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوْشِكُ الْأُمَمُ أَنْ تَدَاعَى عَلَيْكُمْ كَمَا تَدَاعَى الْأَكَلَةُ إِلٰى قَصْعَتِهَا، فَقَالَ قَائِلٌ: وَمِنْ قِلَّةٍ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: بَلْ أَنْتُمْ يَوْمَئِذٍ كَثِيْرٌ، وَلٰكِنَّكُمْ غُثَاءٌ كَغُثَاءِ السَّيْلِ، وَلَيَنْزَعَنَّ اللّٰهُ مِنْ صُدُوْرِ عَدُوِّكُمُ الْمَهَابَةَ مِنْكُمْ، وَلَيَقْذِفَنَّ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمُ الْوَهْنَ، فَقَالَ قَائِلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا الْوَهْنُ؟ قَالَ: حُبُّ الدُّنْيَا، وَكَرَاهِيَةُ الْمَوْتِ (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۴۲۹۷، کتاب الملاحم، باب فی تداعی الأمم علی الإسلام) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قریب ہے (قیامت سے پہلے وہ زمانہ آجائے) کہ جب تمام قومیں ایک دوسرے کو بلا کر تمہارے اوپر اس طرح ٹوٹ پڑیں، جس طرح دسترخوان (اور کھانے) پر کھانے والے (بھوکے) لوگ ٹوٹ پڑتے ہیں، کسی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اس وقت ہماری تعداد کم ہونے کی وجہ سے ایسا ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں! بلکہ تم اس وقت تعداد میں بہت ہوگے، البتہ تم سیلاب کے جھاگ کی طرح ناکارہ

[1] قال شعیب الارنؤوط: حدیث حسن (حاشیة سنن ابی داؤد)

ہوگے، یقیناً اللہ تمہارے دشمنوں کے سینوں سے تمہارا رعب اور دبدبہ نکال دے گا اور تمہارے دِلوں میں ''بزدلی'' ڈال دے گا، کسی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! بُزدلی کیوں ڈالی جائے گی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا کی محبت اور موت سے کراہیت کی وجہ سے (ابوداؤد)

اور ایک روایت میں ہے کہ وہ ''بزدلی'' زندگی کی محبت اور موت کی کراہیت کی وجہ سے پیدا ہوگی۔ [1]

اس حدیث میں کافروں کے مقابلہ میں مسلمانوں کی ذلت ورسوائی کا اصل سبب بیان کردیا گیا ہے، جس کو دور کئے بغیر اس کا علاج ممکن نہیں۔

اور وہ سبب دنیا سے محبت اور موت سے کراہیت ہے، اسی لئے کفار کی طرف سے مسلمانوں کی شہادت پر احتجاج، ہڑتال وغیرہ کی شکلوں میں انتہائی رنج وغم، اور شکوے، شکایات، اور بے صبری کا مظاہرہ کیا جاتا ہے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان کردہ اصل مرض کو دور نہیں کیا جاتا، اور اسی لئے مسلمانوں کی طرف سے سالہا سال سے چلائی گئی تحریکات کا اثر نہیں پڑتا، جیسا کہ اسرائیلی مظالم کا معاملہ ہے کہ دائیں، بائیں، اور تمام اطراف اور دنیا بھر میں پھیلے ہوئے ارب ہا ارب کی تعداد میں مسلمانوں اور ان کے ممالک کے موجود ہونے اور ان کے تحریکات چلانے کے باوجود تا حال اسرائیل کے مظالم ختم نہیں ہوئے، بلکہ ان میں اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے، اور ان کو مٹھی بھر یہودیوں نے ناکوں چنے چبوا رکھے ہیں، اور اس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان کردہ یہ پیش گوئی حرف بحرف صادق آرہی ہے کہ مسلمان تعداد میں بہت

---

[1] عن ثوبان مولى رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " يوشك أن تداعى عليكم الأمم من كل أفق كما تداعى الأكلة على قصعتها ."قال: قلنا: يا رسول الله، أمن قلة بنا يومئذ؟ قال: " أنتم يومئذ كثير، ولكن تكونون غثاء كغثاء السيل، تنتزع المهابة من قلوب عدوكم، ويجعل فى قلوبكم الوهن ."قال: قلنا: وما الوهن؟ قال: " حب الحياة وكراهية الموت (مسند احمد، رقم الحديث ٢٢٣٩٧)

قال شعيب الارنووط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

زیادہ ہونے کے باوجود سمندر کے جھاگ کی طرح ہوں گے کہ جن کا جوش بہت زیادہ ہوتا ہے، لیکن ان میں طاقت وقوت نہیں ہوتی، اور دنیا کی محبت اور موت کی کراہیت کو دور کرنے کے لئے صبر اور تقویٰ درکار ہے، جس سے اس وقت عام طور پر مسلمان محروم ہیں۔

اوپر سے بعض مسلمان، تقوے اور صبر کے بجائے، یہودیوں اور کافروں کی معیشت اور مال ودولت زیادہ ہونے کو ان کے غالب اور مسلمانوں کے مغلوب ہونے کا سبب بتاتے ہیں، حالانکہ مسلمانوں کی فتح کا اصل سرمایہ تقویٰ اور صبر ہے، اسی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام، بلکہ اگلے پچھلے ہر دور کے مسلمان، فتح یاب ہوئے اور اسلام میں مال ودولت کی فراوانی کے بجائے اسی تقویٰ وصبر پر زور دیا گیا، اور اس کے مقابلہ میں مال ودولت کی بڑھوتری وفراوانی کو ناپسند کیا گیا۔

## سلمان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ، وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: أَطْوَلُ النَّاسِ شِبَعًا فِي الدُّنْيَا أَكْثَرُهُمْ جُوْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

(المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ٦٥٤٥، کتاب معرفة الصحابة رضی الله عنهم، ذکر سلمان الفارسی رضی الله عنه) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کے لیے جنت ہے، اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا میں سب سے زیادہ پیٹ بھرنے والے قیامت کے دن سب سے زیادہ بھوکے ہوں گے (حاکم)

---

[1] قال الحاکم: هذا حدیث غریب صحیح الإسناد، ولم یخرجاه.

www.idaraghufran.org

اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہے، اور اس کے لئے زیادہ پیٹ بھرنا، اور مال کی فراوانی میں منہمک رہنا، مفید نہیں۔

## عمر، ابو ہریرہ وانس رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**تَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِنَّهُ لَعَلٰى حَصِيْرٍ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ شَيْءٌ، وَتَحْتَ رَأْسِهِ وِسَادَةٌ مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ، وَإِنَّ عِنْدَ رِجْلَيْهِ قَرَظًا مَصْبُوْبًا، وَعِنْدَ رَأْسِهِ أَهَبٌ مُعَلَّقَةٌ، فَرَأَيْتُ أَثَرَ الْحَصِيْرِ فِيْ جَنْبِهِ فَبَكَيْتُ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيْكَ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ كِسْرٰى وَقَيْصَرَ فِيْمَا هُمَا فِيْهِ، وَأَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالَ: أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْآخِرَةُ** (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۴۹۱۳، کتاب التفسیر، سورہ التحریم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے، اس وقت آپ ایک بوریئے پر لیٹے ہوئے تھے، آپ کے جسم اور بوریئے کے درمیان کچھ نہ تھا، اور آپ کے سر کے نیچے چمڑے کا ایک تکیہ تھا، جس میں کھجور کی چھال بھری تھی، اور پاؤں کے پاس ''سلم'' (یعنی کیکر کے مشابہ درخت، جس سے چمڑے کو دباغت دی جاتی ہے) کے پتوں کا ڈھیر تھا، اور سر کے پاس کچے چمڑے لٹکے تھے، میں نے آپ کے پہلو میں بوریئے کا نشان دیکھا، تو میں رو پڑا، تو (مجھے روتا ہوا دیکھ کر) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کیوں روتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! قیصر وکسریٰ تو اس طرح آرام میں رہتے ہیں اور آپ، اللہ کے رسول ہو کر اس حالت میں ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم یہ پسند نہیں کرتے

کہ ان (قیصر وکسریٰ) کے لئے دنیا ہو اور ہمارے لئے آخرت ہو (بخاری)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں روایت ہے کہ:

**فَأَتَاهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَهُوَ فِيْ غُرْفَةٍ عَلٰى حَصِيْرٍ، قَدْ أَثَّرَ الْحَصِيْرُ بِظَهْرِهٖ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كِسْرٰى يَشْرَبُوْنَ فِي الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَأَنْتَ هٰكَذَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُمْ عُجِّلَتْ لَهُمْ طَيِّبَاتُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا** (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٧٩٦٣) [1]

ترجمہ: پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عمر بن خطاب حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کمرہ میں ایک چٹائی پر تشریف فرما تھے، اور چٹائی کا اثر آپ کی پشت پر ہو گیا تھا (یعنی چٹائی کے نشانات آپ کی کمر پر پڑ گئے تھے) تو حضرت عمر نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کسریٰ والے سونے اور چاندی کے برتنوں میں پیتے ہیں، اور آپ کی یہ حالت ہے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان (کافروں) کے لئے ان کی اچھی چیزیں دنیا میں ہی جلدی عطاء کر دی گئی ہیں (مسند احمد)

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰى سَرِيْرٍ مُرْمَلٌ بِشَرِيْطٍ، وَتَحْتَ رَأْسِهٖ وَسَادَةٌ مِّنْ أَدَمٍ، حَشْوُهَا لِيْفٌ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ نَفَرٌ مِّنْ أَصْحَابِهٖ، وَدَخَلَ عُمَرُ فَانْحَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، انْحِرَافَةً فَلَمْ يَرَ عُمَرُ بَيْنَ جَنْبِهٖ وَبَيْنَ الشَّرِيْطِ ثَوْبًا، وَقَدْ أَثَّرَ الشَّرِيْطُ بِجَنْبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَكٰى عُمَرُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُبْكِيْكَ يَا عُمَرُ؟**

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

قَالَ : وَاللّٰهِ مَا أَبْكِيْ إِلَّا أَنْ أَكُوْنَ أَعْلَمُ أَنَّكَ أَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ كِسْرٰى، وَقَيْصَرَ وَهُمَا يَعِيْثَانِ فِي الدُّنْيَا فِيْمَا يَعِيْثَانِ فِيْهِ، وَأَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، بِالْمَكَانِ الَّذِيْ أَرٰى. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْآخِرَةُ؟ قَالَ عُمَرُ : بَلٰى، قَالَ: فَإِنَّهُ كَذَاكَ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۲۴۱۷) [1]

ترجمہ: ایک مرتبہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی چارپائی پر لیٹے ہوئے تھے، جو کھجور کی بٹی ہوئی رسی کی تھی، اور آپ کے سر کے نیچے چمڑے کا تکیہ تھا، جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی، اسی دوران چند صحابۂ کرام بھی حاضر ہوگئے، اور حضرت عمر بھی تشریف لے آئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پلٹ کر اٹھے، تو حضرت عمر کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو اور رسی کے درمیان کوئی کپڑا نظر نہ آیا، اور رسی کے نشانات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو پر پڑ گئے تھے (یہ دیکھ کر) حضرت عمر رونے لگے، تو ان سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عمر! آپ کیوں روتے ہیں؟ تو انہوں نے عرض کیا کہ اللہ کی قسم! میں صرف اس وجہ سے رو رہا ہوں کہ میں یہ جانتا ہوں کہ اللہ کے نزدیک آپ قیصر وکسریٰ سے کہیں زیادہ مکرم ہیں، اور وہ دنیا میں عیش کی زندگی بسر کر رہے ہیں، اور اللہ کے رسول آپ اس جگہ ہیں، جو میں دیکھ رہا ہوں، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ ان (قیصر وکسریٰ) کے لئے دنیا ہو اور ہمارے لئے آخرت؟ حضرت عمر نے عرض کیا کہ بے شک! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر اسی طرح ہوگا (یعنی ان کے لئے صرف دنیا میں عیش ہے، اور ہمارے لئے آخرت میں عالیشان عیش وآرام ہے) (مسند احمد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

ملاحظہ فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کفار کی معیشت اور ان کے پاس مال ودولت کی فراوانی ہونے کے باوجود، کس طرح غلبہ عطاء فرمایا، اور آج جبکہ مسلمانوں کے پاس اُس زمانہ سے زیادہ مال ودولت ہے، لیکن ایمان واعمال کی کمزوری کی وجہ سے مغلوب ومقہور ہیں۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ، لَا يُبَالِي الْمَرْءُ مَا أَخَذَ مِنْهُ، أَمِنَ الْحَلَالِ أَمْ مِنَ الْحَرَامِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۲۰۵۹، كتاب البيوع، باب من لم يبال من حيث كسب المال)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا، جس میں آدمی، یہ پرواہ نہیں کرے گا کہ جو اس نے حاصل کیا، وہ حلال طریقہ پر لیا، یا حرام طریقہ پر لیا (بخاری)

آج مسلمان، اس حالت میں بہت زیادہ مبتلاء ہیں، حلال وحرام کی بالکل پرواہ نہیں رہی۔

## ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ لَا يَقْبَلُ إِلَّا طَيِّبًا، وَإِنَّ اللّٰهَ أَمَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِمَا أَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِيْنَ، فَقَالَ: "يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا، إِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ" وَقَالَ "يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ" ثُمَّ ذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيْلُ السَّفَرَ أَشْعَثَ أَغْبَرَ، يَمُدُّ يَدَيْهِ إِلَى السَّمَاءِ، يَا

رَبِّ، يَا رَبِّ، وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ، وَمَشْرَبُهُ حَرَامٌ، وَمَلْبَسُهُ حَرَامٌ، وَغُذِيَ بِالْحَرَامِ، فَأَنّٰى يُسْتَجَابُ لِذٰلِكَ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٠١٥ "٦٥" كتاب الزكاة، باب قبول الصدقة من الكسب الطيب وتربيتها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو! بے شک اللہ، پاکیزہ ہے، صرف پاکیزہ چیز کو ہی قبول فرماتا ہے، اور بے شک اللہ نے مومنوں کو وہی حکم دیا ہے، جو اپنے رسولوں کو حکم دیا ہے، جیسا کہ سورہ مومنون میں ارشاد فرمایا کہ ''اے رسولوں! کھاؤ تم پاکیزہ چیزوں میں سے، اور عمل کرو تم، نیک، بے شک میں ان کاموں کو جو کرتے ہو، تم خوب علم رکھنے والا ہوں''

اور جیسا کہ سورہ بقرہ میں فرمایا کہ ''اے وہ لوگو جو ایمان لائے کھاؤ تم ان پاکیزہ چیزوں میں سے جن کا رزق دیا ہم نے تم کو''۔

اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کا ذکر کیا، جو لمبا سفر کرتا ہے، گرد آلود حالت میں ہوتا ہے۔ اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر کہتا ہے کہ اے میرے رب، اے میرے رب، اور حال یہ ہے کہ اس کا کھانا حرام ہے، اور اس کا پینا حرام ہے، اور اس کا پہننا حرام ہے، اور اس نے حرام کی غذا حاصل کی ہوئی ہے، پس اس کے لئے کہاں سے دعاء قبول کی جائے گی (صحیح مسلم)

آج مسلمان، جن جن شکلوں میں حرام وناجائز طریقہ پر مال حاصل کرنے میں مبتلاء ہیں، وہ سب کو معلوم ہے، جنہوں نے مختلف شکلوں میں کافروں کو بہت پیچھے چھوڑ دیا ہے، پھر ایسے میں ان کی دعائیں کیونکر قبول ہوں گی۔

## حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا، أَوْ قَالَ: حَتّٰى يَتَفَرَّقَا، فَإِنْ صَدَقَا وَبَيَّنَا بُوْرِكَ لَهُمَا فِيْ بَيْعِهِمَا، وَإِنْ كَتَمَا وَكَذَبَا مُحِقَتْ بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا (صحيح البخاری، رقم الحديث ۲۰۷۹، كتاب البيوع، باب: إذا بين البيعان ولم يكتما ونصحا)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خرید وفروخت کرنے والوں کو اختیار ہوتا ہے (خواہ وہ اپنے سودے کو برقرار رکھیں، یا ختم کریں) جب تک وہ الگ نہ ہوجائیں، یا یہاں تک کہ وہ جدا نہ ہوجائیں، پس اگر وہ سچ بولیں، اور حقیقت بیان کردیں (غلط بیانی اور عیب پوشی نہ کریں) تو ان دونوں کی خرید وفروخت کے (معاملہ کے) لئے برکت عطاء کی جاتی ہے، اور اگر وہ حقیقت کو چھپالیں، اور جھوٹ بولیں، تو ان کی خرید وفروخت کی برکت مٹادی جاتی ہے (صحیح بخاری)

اگر خرید وفروخت کرنے والے غیر مسلم ہوں، اور وہ سچ بولیں گے اور حقیقت بیان کرکے معاملات کریں گے، تو وہ بھی خرید وفروخت اور معاملات وتجارات کی برکت سے فائدہ اٹھائیں گے، کیونکہ حدیث میں مسلمان کی قید نہیں۔

سچ بولنے، اور بیان کرنے میں اپنے مال کی پوری حقیقت واصلیت کو بتلادینا، اور اس کے عیب کو ظاہر کردینا، ملاوٹ، کمی، اور مردہ وناپاک، اور حرام چیز کو بتلادینا، سب داخل ہے، اور یہ بات سب جانتے ہیں کہ دنیا کے معاملات وتجارات میں سب سے زیادہ جھوٹ بولنے، غلط بیانی کرنے، اور عیب چھپانے میں مسلمان پیش پیش ہیں، جس کی بنیادی وجہ مال کی بے جا محبت اور حرص وطمع ہے۔

چنانچہ جھوٹی قسمیں کھانا، مردار چیزیں فروخت کرنا، چیزوں کی شناخت کو مسخ کردینا، ملاوٹ اور ناپ وتول میں کمی وغیرہ جیسے سب طرح کے جرائم، مسلمانوں کی تجارت ومعاملات میں وافر مقدار میں شامل ہیں۔

اور جن کفار کی معیشت دنیا میں مسلمانوں پر غالب ہے، وہ اپنے معاملات وتجارات میں سچ بولنے اور حقیقت بیان کرنے کا اہتمام کرتے ہیں، یہاں تک کہ اگر کسی چیز میں نشہ، یا خنزیر شامل ہو، اس کو بھی واضح کر دیتے ہیں۔

مسلمان اپنے معاملات، اور تجارات میں اوپر سے نیچے تک جھوٹ، فریب، غلط بیانی میں ڈوبے ہوئے ہیں، جس کی وجہ سے ان کی معیشت بدحالی وابتری کا شکار ہے، اور وہ اسی حال میں رہ کر ان کافروں کی معیشت کو کمزور اور اپنی معیشت کے مضبوط ہونے کے خواہاں ہیں، جس کے لئے وہ مختلف طریقوں سے محض بائیکاٹ وتحریکات چلانے کو کافی سمجھتے ہیں، جس کا شریعت نے حکم بھی نہیں دیا، لیکن اپنے معاملات وتجارات کو شریعت کے مطابق نہیں کرتے، جس کا شریعت کی طرف سے بہت تاکیدی حکم دیا گیا ہے، اس لئے مذکورہ حدیث کی رو سے وہ تحریکات اور بائیکاٹ فائدہ مند ثابت نہیں ہوتے۔

اس کے برعکس، بعض غیر مسلم اقوام، معاملات وتجارات میں سچ بول کر اور حقیقت بیان کر کے فائدہ اٹھاتی ہیں، اور اپنی تجارت کے دائرہ کو دنیا بھر میں وسیع کرتی ہیں۔

## ابو ہریرہ، ابنِ عمرو، وابو صرمہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى صُبْرَةِ طَعَامٍ فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيْهَا، فَنَالَتْ أَصَابِعُهُ بَلَلًا فَقَالَ: مَا هٰذَا يَا صَاحِبَ الطَّعَامِ؟ قَالَ أَصَابَتْهُ السَّمَاءُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: أَفَلَا جَعَلْتَهُ فَوْقَ الطَّعَامِ كَيْ يَرَاهُ النَّاسُ، مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنِّيْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۱۰۲، كتاب الإيمان، باب قول النبى صلى الله تعالى عليه وسلم "من غشنا فليس منا ")

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک غلہ کے ڈھیر کے پاس سے گذرے، پھر

اس میں اپنا ہاتھ ڈالا، جس سے آپ کے ہاتھ پر تری لگی، تو آپ نے فرمایا کہ اے غلہ والے یہ کیا ہے؟ اس نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! اس کو آسمان سے بارش لگ گئی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو نے اس تری والے حصہ کو اوپر کیوں نہیں کیا، تاکہ لوگوں کو نظر آتا، جو شخص دھوکہ دے، اس کا مجھ سے تعلق نہیں (صحیح مسلم)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے غلہ میں پانی کی ملاوٹ کرنے پر اس قدر سخت وعید بیان فرمائی، اور اس کو دھوکہ دہی کا مرتکب قرار دیا، اور اس بارے میں، اس شخص کے عذر کو بھی بے بنیاد قرار دیا، کیونکہ عیب کو چھپالینا، اور حقیقت بیان نہ کرنا بھی گناہ اور بے برکتی کا باعث ہے، جیسا کہ پہلے گذرا۔

جو کسی بھی شخص کو دھوکہ دے، اس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے برائت کا اعلان فرمادیا ہے، ایسی صورت میں اس کی طرف سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا دعویٰ بھی قابلِ قبول نہیں ہوگا۔

آج مسلمان، دھوکہ دہی کی مختلف شکلوں میں مبتلاء ہیں، ہر چیز میں ملاوٹ ایک ہمہ گیر صورت بن گئی ہے، اور وہ دھوکہ دہی کا ارتکاب اپنے مسلمان بھائیوں کے خلاف ہی کرتے ہیں، جو ظلم کرنے اور ان کو ضرر پہنچانے میں داخل ہے، بھلا ایسے لوگ اللہ کی مدد ونصرت کے کیسے مستحق قرار پاسکتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ، لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يُسْلِمُهُ، وَمَنْ كَانَ فِيْ حَاجَةِ أَخِيْهِ كَانَ اللّٰهُ فِيْ حَاجَتِهٖ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٩٥١، كتاب الإكراه، باب يمين الرجل لصاحبه إنه أخوه إذا خاف عليه القتل)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے، جو نہ اس پر ظلم کرے، نہ اس کو (ظلم وتکلیف میں) تنہاء چھوڑے (بلکہ اس کی مدد کرے) اور جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی حاجت پوری کرنے میں لگتا ہے، تو اللہ اس کی حاجت پوری کرنے میں لگ جاتا ہے (بخاری)

اور حضرت ابوصرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: مَنْ ضَارَّ أَضَرَّ اللّٰهُ بِهِ (سنن ابی داؤد، رقم الحديث ٣٦٣٥، كتاب الأقضية، أبواب من القضاء) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کسی کو نقصان پہنچائے گا، اللہ اسے نقصان پہنچائے گا (ابوداؤد)

آج تو بعض لوگ اپنے بہت سے مسلمان بھائیوں کو، مسلمان بھی سمجھنے اور ماننے کے لئے آمادہ نہیں، چہ جائیکہ وہ ان کی مدد کرنے پر آمادہ ہوں۔

## ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ایک لمبی حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

وَمَنْ لَمْ يَأْخُذْهُ بِحَقِّهِ، فَهُوَ كَالْآكِلِ الَّذِيْ لَا يَشْبَعُ، وَيَكُوْنُ عَلَيْهِ شَهِيْدًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٢٨٤٢، كتاب الجهاد والسير، باب فضل النفقة فی سبيل الله)

ترجمہ: اور جو شخص اس مال کو اس کے حق کے ساتھ نہیں لیتا (یعنی جس طرح حلال طریقہ پر لینے کا اسے حق ہے، اس طرح نہیں لیتا) تو وہ اس کھانے والے کی طرح

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية سنن ابی داود)

ہے، جس کا پیٹ نہیں بھرتا (یعنی حرام وناجائز طریقہ پر لینے کی صورت میں، اور حریص آدمی کے مال میں نہ برکت ہوتی، نہ اس کا جائز فائدہ ہوتا)

اور یہ مال قیامت کے دن اس (ناحق لینے، یا حق جگہ خرچ نہ کرنے والے) کے خلاف گواہ بنے گا (بخاری)

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ایک روایت کے آخر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

فَمَنْ أَخَذَهَا بِحَقِّهَا بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ أَخَذَهَا بِغَيْرِ حَقِّهَا لَمْ يُبَارَكْ لَهُ، وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ (مسند احمد، رقم الحديث ١١٠٣٥) [1]

ترجمہ: پس جو شخص اس مال کو اس کے حق کے ساتھ (یعنی حلال طریقہ، اور حلال مقصد سے) حاصل کرتا ہے، تو اس کے لئے اس مال میں برکت دی جاتی ہے، اور جو شخص اس مال کو بغیر اس کے حق کے (یعنی ناحق طریقہ پر، یا ناحق مقصد سے) لیتا ہے، تو اس کے لئے برکت نہیں دی جاتی، اور یہ ایسا ہوتا ہے، جیسا کہ کھاتا جاتا ہے، لیکن اس کا پیٹ نہیں بھرتا (مسند احمد)

مذکورہ حدیث میں صاف طور پر بیان کردیا گیا ہے کہ جو مال ناحق طریقہ پر لیا جاتا ہے، اس میں برکت نہیں ہوتی، اور ناحق طریقہ پر لینے میں جھوٹ وغلط بیانی کرکے لینا، ناپ تول میں کمی کرکے لینا، اور لوٹ مار کرکے لینا، چوری اور ڈاکہ زنی کرکے لینا، سب داخل ہے، جس میں مسلمان دل کھول کر مبتلاء ہوچکے ہیں، اور افسوس کہ ان کی اصلاح کے لئے کوئی تحریک نہیں چلائی جاتی، اور اس کے برعکس جو ان چیزوں سے بچ کر حلال طریقہ سے مال لیتے ہیں، ان کے خلاف تحریک چلاکر سمجھا جاتا ہے کہ ہم کامیاب ہوجائیں گے، جو سراسر دھوکا ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد قوى (حاشية مسند احمد)

## عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اِقْتَرَبَتِ السَّاعَۃُ وَلَا یَزْدَادُ النَّاسُ عَلَی الدُّنْیَا إِلَّا حِرْصًا وَلَا یَزْدَادُوْنَ مِنَ اللّٰہِ إِلَّا بُعْدًا (مستدرک، للحاکم، رقم الحدیث ۷۹۱۷، کتاب الرقاق) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت قریب آ چکی ہے، اور لوگوں کی دنیا میں حرص زیادہ ہی ہوتی جائے گی، اور اللہ سے دوری زیادہ ہوتی جائے گی (حاکم)

اس سے معلوم ہوا کہ جوں جوں زمانہ، قیامت کے قریب ہوتا جائے گا، اسی طرح دنیا اور اس کے مال کی حرص میں بھی اضافہ ہوتا چلا جائے گا، اور اسی نسبت سے اللہ سے دوری میں بھی اضافہ ہوتا چلا جائے گا، اور اسی حرص کی وجہ سے تباہی لازم آئے گی، اور آج اس میں مسلمان مبتلاء ہیں۔

## ابو ہریرہ ومحمود بن لبید رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الحاکم: ھذا حدیث صحیح الإسناد ولم یخرجاہ.
وقال الالبانی: قال الحاکم " :صحیح الإسناد ."وھو کما قال، أو قریب منہ، فإن فی مخلد بن یزید کلاما یسیرا. لکن وقع عندہ "بشیر بن زاذان "ولذلک تعقبہ الذھبی بقولہ " :قلت :ھذا منکر. ، وبشیر ضعفہ الدارقطنی، واتھمہ ابن الجوزی ."
قلت :وھذا غیر بشیر بن سلمان، ھذا ضعیف، وذاک ثقة من رجال مسلم، وھو صاحب ھذا الحدیث کما وقع فی المصادر المذکورة، فلا تغتر بتعقب الذھبی المذکور ولا بمتابعة المناوی لہ بقولہ عقبہ " :فأنی لہ الصحة؟ "." !رواہ الطبرانی، وفیہ محمد بن الحسن بن زبالة وھو متروک ."قلت :طریق کریب سالم منہ، فاقتضی التنبیہ .ولہ شاھد من حدیث عائشة مرفوعا مثلہ دون لفظة "بعد "ولکنہ قدم (مریم) فی الذکر .أخرجہ الحاکم (3/185 و186) وسکت عنہ، وقال الذھبی " :صحیح علی شرط الشیخین ."وھو کما قال .(سلسلة الأحادیث الصحیحة، تحت رقم الحدیث ۱۵۱۰)

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: سَيُصِيْبُ أُمَّتِيْ دَاءُ الْأُمَمِ فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا دَاءُ الْأُمَمِ؟ قَالَ: اَلْأَشَرُ وَالْبَطَرُ وَالتَّكَاثُرُ وَالتَّنَاجُشُ فِي الدُّنْيَا وَالتَّبَاغُضُ وَالتَّحَاسُدُ حَتّٰى يَكُوْنَ الْبَغْيُ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۷۳۱۱، کتاب البر والصلة) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب میری امت میں دوسری امتوں کا مرض پہنچے گا، لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ دوسری امتوں کا مرض کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نعمت کی ناشکری، اوراتراہٹ اور مال کو کثرت سے جمع کرنا اور دنیا میں ایک دوسرے سے کینہ اور بغض اور حسد رکھنا، یہاں تک کہ ان میں بغاوت (اور قتل وغارت گری) پیدا ہو جائے گی (حاکم)

اس طرح کی حدیث ایک اور سند سے بھی مروی ہے۔ [2]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

لَيْسَ الْغِنَى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، وَلٰكِنَّ الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ، وَاللّٰهِ مَا أَخْشٰى عَلَيْكُمُ الْفَقْرَ، وَلٰكِنْ أَخْشٰى عَلَيْكُمُ التَّكَاثُرَ، وَمَا أَخْشٰى عَلَيْكُمُ الْخَطَأَ وَلٰكِنْ أَخْشٰى عَلَيْكُمُ الْعَمْدَ (مسند الإمام أحمد، رقم الحدیث ۱۰۹۵۸) [3]

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

[2] عن أبي سعيد الغفاري قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: سيصيب أمتي داء الأمم، قالوا: يا رسول الله، وما داء الأمم؟ قال: الأشر، والبطر، والتكاثر في الدنيا، والتباغض، والتحاسد، حتى يكون البغي، ثم يكون الهرج (البدع والنهي عنها لابن الوضاح، رقم الحديث ۲۲۷، باب: فيما يدال الناس بعضهم من بعض والبقاع)

[3] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: مالداری، ساز وسامان کی کثرت سے نہیں ہوتی، اصل میں مالداری تو دل کی مالداری ہوتی ہے، اللہ کی قسم! مجھے تم پر فقر وفاقہ کا خوف نہیں، بلکہ مجھے تم پر مال کی کثرت کا خوف ہے اور مجھے تم پر غلطی کا خوف نہیں، بلکہ مجھے تم پر جان بوجھ کر (گناہوں اور خاص کر مال کی محبت اور دوڑ میں ملوث ہونے کا) خوف ہے (پس تم اس سے بچنا) (مسند احمد)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَخْلِ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ أَوْ يَا أَبَا هِرٍّ! هَلَكَ الْمُكْثِرُوْنَ، إِنَّ الْمُكْثِرِيْنَ الْأَقَلُّوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا، وَقَلِيْلٌ مَا هُمْ، يَا أَبَا هُرَيْرَةَ: أَلَا أَدُلُّكَ عَلٰى كَنْزٍ مِّنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، وَلَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ (مسند احمد، رقم الحديث ١٠٧٩٥) [1]

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ کے ایک باغ میں تشریف لے گئے، پھر فرمایا کہ اے ابو ہریرہ! (یا یہ فرمایا کہ) اے اباہرّ! زیادہ مال والے، ہلاک ہوگئے، بے شک زیادہ مال والے، قیامت کے دن، تھوڑے درجات والے ہوں گے، سوائے اس شخص کے، جو مال کو اس طرف، اور اس طرف، اور اس طرف (یعنی دائیں، بائیں، آگے، پیچھے اللہ کی رضا کی خاطر اللہ کی رضا والے کاموں میں) خرچ کرے، اور اے ابو ہریرہ! ایسے لوگ بہت کم ہیں۔

کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ کا نہ بتادوں؟ وہ یہ کلمات ہیں:

"لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، وَلَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ"

(مسند احمد)

پس مسلمان کے لئے مال کی بڑھوتری فائدہ مند نہیں، اسی لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی مال بڑھانے کا اہتمام نہیں کیا، اور صحابہ کو بھی اس کام پر نہیں لگایا، اس کے بجائے، اللہ کی رضا میں اپنی صلاحیتوں کو لگایا، اور کامیاب ہوئے، اور کافروں کے مال دولت کی فراوانی کو ان کے لئے تباہی و بربادی کا باعث بتلایا، اور وہ تباہ و برباد ہوئے۔

حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِثْنَتَانِ يَكْرَهُهُمَا اِبْنُ آدَمَ، اَلْمَوْتُ، وَالْمَوْتُ خَيْرٌ لِلْمُؤْمِنِ مِنَ الْفِتْنَةِ، وَيَكْرَهُ قِلَّةَ الْمَالِ، وَقِلَّةُ الْمَالِ أَقَلُّ لِلْحِسَابِ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٦٢٥) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابنِ آدم دو چیزوں کو ناپسند کرتا ہے، ایک موت کو، حالانکہ موت، مومن کے لئے (دنیا کے ایمانی وجسمانی) فتنہ (مثلاً کفر وشرک اور دنیا کے مصائب) سے بہتر ہے، اور دوسرے وہ مال کی کمی کو ناپسند کرتا ہے، حالانکہ مال کی کمی (قیامت کے دن) حساب (وعذاب) میں کمی کا باعث ہے (مسند احمد)

اس حدیث میں مومن کے لئے مال کی قلت کو بہتر بتلایا گیا ہے، پس مسلمانوں کے لئے مال کی کثرت کو کامیابی کا زینہ سمجھنا، کیسے درست ہوسکتا ہے۔

## زید بن ثابت وانس رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ كَانَتْ الدُّنْيَا هَمَّهُ فَرَّقَ اللّٰهُ عَلَيْهِ أَمْرَهُ، وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَلَمْ يَأْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا مَا كُتِبَ لَهُ، وَمَنْ كَانَتْ الْآخِرَةُ نِيَّتَهُ جَمَعَ اللّٰهُ لَهُ أَمْرَهُ، وَجَعَلَ

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده جيد (حاشية مسند احمد)

غِنَاهُ فِيْ قَلْبِهٖ، وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ(سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۱۰۵، ابواب الزهد، باب الهم بالدنيا،مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۵۹۰) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس شخص کی فکر دنیا کی ہوتی ہے، تو اللہ اس کے معاملہ کو اس پر پریشان کن بنا دیتا ہے، اور اس کے فقر کو اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کر دیتا ہے، اور دنیا اس کو اتنی ہی ملتی ہے، جتنی اس کی تقدیر میں لکھی ہے۔

اور جس شخص کی نیت آخرت کی ہوتی ہے، تو اللہ اس کے معاملات کو درست کر دیتا ہے، اور اس کے دل میں مالداری ڈال دیتا ہے اور دنیا اس کے پاس ذلیل وخوار ہو کر آتی ہے (ابنِ ماجہ، مسند احمد)

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں یہ الفاظ مروی ہیں کہ:

وَمَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا نِيَّتَهُ، فَرَّقَ اللّٰهُ عَلَيْهِ أَمْرَهُ، وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَلَمْ يَأْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا مَا كُتِبَ لَهُ ،وَمَنْ كَانَتِ الْآخِرَةُ نِيَّتَهُ، جَمَعَ اللّٰهُ لَهُ أَمْرَهُ ،وَجَعَلَ غِنَاهُ فِيْ قَلْبِهٖ وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ (صحيح ابنِ حبان،رقم الحديث ۶۸۰، كتاب الرقائق، باب الفقر والزهد والقناعة) [2]

ترجمہ: اور وہ شخص کہ دنیا (کمانا اور حاصل کرنا) اس کی نیت ہوتی ہے، تو اللہ اس کے معاملہ کو اس پر پریشان کن بنا دیتا ہے، اور اس کے فقر کو اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کر دیتا ہے، اور دنیا اس کو اتنی ہی ملتی ہے، جتنی اس کی تقدیر میں لکھی ہے۔ اور جس شخص کی نیت آخرت کی ہوتی ہے، تو اللہ اس کے معاملات کو درست کر دیتا ہے، اور اس کے دل میں مالداری ڈال دیتا ہے اور دنیا اس کے پاس

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح(حاشية سنن ابنِ ماجه وحاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح(حاشية صحيح ابنِ حبان)

ذلیل وخوار ہوکر آتی ہے (ابنِ حبان)

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَتِ الْآخِرَةُ هَمَّهُ جَعَلَ اللّٰهُ غِنَاهُ فِيْ قَلْبِهِ وَجَمَعَ لَهُ شَمْلَهُ، وَأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ، وَمَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ، جَعَلَ اللّٰهُ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَفَرَّقَ عَلَيْهِ شَمْلَهُ، وَلَمْ يَأْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا مَا قُدِّرَ لَهُ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۴۶۵، أبواب صفة القيامة والرقائق والورع) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو آخرت کی فکر ہوتی ہے، تو اللہ، اس کا دل غنی ومال دار کر دیتا ہے، اور اس کے منتشر اور پھیلے ہوئے کاموں کو جمع کر دیتا (یعنی سمیٹ دیتا اور مختصر کر دیتا ہے) ہے اور دنیا اس کے پاس خوار (نیچی) ہوکر آتی ہے اور جس شخص کو دنیا کی فکر ہوتی ہے، تو اللہ فقر ومحتاجی کو اس کی دونوں آنکھوں کے سامنے کر دیتا ہے، اور اس کے جمع شدہ کاموں کو منتشر کر دیتا (اور پھیلا دیتا) ہے اور دنیا بھی اس کو اتنی ہی ملتی ہے، جتنی اس کے لئے مقدر ہے (سنن ترمذی)

پس اگر مومن بندے، مال ودولت، حکومت وسلطنت، وغیرہ کے بجائے، آخرت کو مقصود بنائیں گے، تو اللہ ان کے مسائل غیب سے حل فرمائے گا۔

## ابو ہریرہ ومعقل بن یسار رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الالبانی: وسكت عنه الترمذی، وهو إسناد ضعيف لكنه حسن فی المتابعات، قال المنذری (82/4) " : ورواه الترمذی عن يزيد الرقاشی عنه وقد وثق ولابأس به فی المتابعات (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۹۴۹)

تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :" مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْآخِرَةِ نَزِدْ لَهُ فِيْ حَرْثِهٖ، وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ"ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ:اِبْنَ آدَمَ تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِيْ اِمْلَأْ صَدْرَكَ غِنًى، وَأَسُدَّ فَقْرَكَ وَإِلَّا تَفْعَلْ مَلَأْتُ صَدْرَكَ شُغْلًا وَلَمْ أَسُدَّ فَقْرَكَ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۳۶۵۷، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ حم عسق) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (سورہ شوریٰ کی) یہ آیت تلاوت فرمائی (جس کا ترجمہ یہ ہے کہ) جو کوئی ارادہ کرے گا آخرت کی کھیتی کا، زیادہ کردیں گے ہم اس کے لیے، اس کی کھیتی میں، اور جو کوئی ارادہ کرے گا، دنیا کی کھیتی کا، تو دے دیں گے ہم اس کو اس میں سے، اور نہیں ہوگا اس کے لیے آخرت میں کوئی حصہ۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل یہ فرماتا ہے کہ اے ابنِ آدم! تو اپنے آپ کو میری عبادت کے لیے فارغ کرلے، میں تیرے سینہ کو مالداری سے بھردوں گا، اور تیرے فقر و فاقہ کو روک دوں گا، اور اگر تو ایسا نہیں کرے گا، تو میں تیرے سینہ کو (دنیا کے افکار کی) مشغولی سے بھردوں گا، اور تیرے فقر و فاقہ کو نہیں روکوں گا (حاکم)

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی ایک حدیث میں اس طرح روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يَقُوْلُ يَا بْنَ آدَمَ تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِيْ ،أَمْلَأْ صَدْرَكَ غِنًى ،وَأَسُدَّ فَقْرَكَ، وَإِنْ لَا

---

[1] قال الحاکم:
هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
و قال الذهبی فی التلخيص: صحيح.

تَفْعَلْ ،مَلَأْتُ يَدَكَ شُغْلًا وَلَمْ أَسُدَّ فَقْرَكَ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٣٩٣، كتاب البر والإحسان،باب الإخلاص وأعمال السر، موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان، رقم الحديث ٢٤٧٧، باب فيمن تفرغ لطاعة الله تعالى) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ عزوجل یہ فرماتا ہے کہ اے ابنِ آدم! میری عبادت کے لیے فارغ ہوجا، میں تیرے سینہ کو مال داری سے بھر دوں گا، اور تیرے فقر وفاقہ کو بند کردوں گا، اور اگر تو ایسا نہیں کرے گا، تو میں تیرے ہاتھوں کو مشغولی سے بھر دوں گا، اور تیرے فقر وفاقہ کو بند نہیں کروں گا (ابنِ حبان)

اور حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:يَقُوْلُ رَبُّكُمْ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: يَا ابْنَ آدَمَ تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِيْ أَمْلَأْ قَلْبَكَ غِنًى وَأَمْلَأْ يَدَيْكَ رِزْقًا، يَا ابْنَ آدَمَ لَا تَبَاعَدْ مِنِّيْ فَأَمْلَأْ قَلْبَكَ فَقْرًا وَأَمْلَأْ يَدَيْكَ شُغْلًا (المستدرک للحاكم، رقم الحديث ٧٩٢٦، كتاب الرقاق) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا رب تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے کہ اے ابنِ آدم! تو میری عبادت کے لیے فارغ ہوجا، میں تیرے دل کو مال داری سے بھر دوں گا، اور تیرے ہاتھوں کو رزق سے بھر دوں گا، اے ابنِ آدم! تو مجھ سے دور نہ ہو، ورنہ میں تیرے دل کو فقر وفاقہ سے بھر دوں گا، اور تیرے ہاتھوں کو مشغولی سے بھر دوں گا (حاکم)

پس جب مسلمان، اللہ کی عبادت سے اعراض کریں گے، تو ان پر وہی حالات پیش آئیں

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن، زائدة بن نشيط: روى عنه اثنان، وذكره ابن حبان فى "الثقات 6/339"، وباقى رجاله ثقات (حاشية صحيح ابن حبان)
وقال حسين سليم أسد الدّارانى: إسناده صحيح (حاشية موارد الظمآن)

[2] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
و قال الذهبى فى التلخيص: صحيح.

گے، جو آج پیش آ رہے ہیں، ان مسائل وحالات سے بچنے کا راستہ، اپنے آپ کو اللہ کی عبادت میں مشغول کرنا ہے، نہ کہ احتجاج، ہڑتالوں، اور بائیکاٹوں وغیرہ میں مشغول کرنا۔

اور اگر اللہ کی عبادت کے بجائے اللہ کی نافرمانی میں مبتلاء ہوں گے، تو اسی قسم کی آزمائشوں کا سامنا کرنا پڑے گا، جن میں آج مسلمان مبتلاء ہیں، جن میں مسلمانوں پر ان کے دشمنوں کا مسلط کرنا بھی داخل ہے۔

## ابنِ عمر، ابنِ عباس، بریدہ وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَقْبَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُهَاجِرِيْنَ، خَمْسٌ إِذَا ابْتُلِيْتُمْ بِهِنَّ، وَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ أَنْ تُدْرِكُوْهُنَّ: لَمْ تَظْهَرِ الْفَاحِشَةُ فِيْ قَوْمٍ قَطُّ حَتّٰى يُعْلِنُوْا بِهَا، إِلَّا فَشَا فِيْهِمُ الطَّاعُوْنُ وَالْأَوْجَاعُ الَّتِيْ لَمْ تَكُنْ مَضَتْ فِيْ أَسْلَافِهِمُ الَّذِيْنَ مَضَوْا، وَلَمْ يَنْقُصُوْا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ، إِلَّا أُخِذُوْا بِالسِّنِيْنَ وَشِدَّةِ الْمَؤُوْنَةِ وَجَوْرِ السُّلْطَانِ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يَمْنَعُوْا زَكَاةَ أَمْوَالِهِمْ، إِلَّا مُنِعُوْا الْقَطْرَ مِنَ السَّمَاءِ، وَلَوْلَا الْبَهَائِمُ لَمْ يُمْطَرُوْا، وَلَمْ يَنْقُضُوْا عَهْدَ اللّٰهِ وَعَهْدَ رَسُوْلِهٖ، إِلَّا سَلَّطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ، فَأَخَذُوْا بَعْضَ مَا فِيْ أَيْدِيْهِمْ. وَمَا لَمْ تَحْكُمْ أَئِمَّتُهُمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَيَتَخَيَّرُوْا مِمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ، إِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ بَأْسَهُمْ بَيْنَهُمْ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۱۹، ابواب الفتن، باب العقوبات) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے، اور فرمایا کہ اے جماعتِ مہاجرین! پانچ چیزوں میں جب تم مبتلا ہو جاؤ اور میں اللہ کی پناہ مانگتا

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية ابنِ ماجه)

ہوں، اس سے کہ تم ان چیزوں میں مبتلا ہو، اول یہ کہ جس قوم میں فحش (وبے حیائی کے کام) کھلے عام ہونے لگتے ہیں، تو اس میں طاعون اور ایسی ایسی بیماریاں پھیل جاتی ہیں، جو ان سے پہلے لوگوں میں نہ تھیں، اور جو قوم ناپ تول میں کمی کرتی ہے، تو وہ قحط مصائب اور حکمرانوں کے ظلم وستم میں مبتلا کر دی جاتی ہے، اور جب کوئی قوم اپنے اموال کی زکاۃ نہیں دیتی، تو بارش روک دی جاتی ہے، اور اگر چوپائے (وجانور) نہ ہوتے، تو ان پر بارش ہی نہ برستی، اور جو قوم اللہ اور اس کے رسول کے عہد کو توڑتی ہے، تو اللہ، غیروں کو ان پر مسلط فرما دیتا ہے، جو اس قوم سے عداوت رکھتے ہیں، پھر وہ ان کے اموال چھین لیتے ہیں، اور جب مسلمان حکمران، کتابُ اللہ کے مطابق فیصلے نہیں کرتے، بلکہ اللہ کے نازل کردہ نظام میں (مرضی کے کچھ احکام) اختیار کر لیتے ہیں (اور باقی چھوڑ دیتے ہیں) تو اللہ اس قوم کو (خانہ جنگی اور) باہمی اختلافات میں مبتلا فرما دیتا ہے (ابنِ ماجہ)

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَمْسٌ بِخَمْسٍ، قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللهِ وَمَا خَمْسٌ بِخَمْسٍ؟ قَالَ: مَا نَقَضَ قَوْمٌ الْعَهْدَ إِلَّا سُلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوُّهُمْ، وَمَا حَكَمُوْا بِغَيْرِ مَا أَنْزَلَ اللهُ إِلَّا فَشَا فِيْهِمُ الْفَقْرُ، وَلا ظَهَرَتْ فِيْهِمُ الْفَاحِشَةُ إِلَّا فَشَا فِيْهِمُ الْمَوْتُ، وَلَا طَفَّفُوْا الْمِكْيَالَ إِلَّا مُنِعُوْا النَّبَاتَ وَأُخِذُوْا بِالسِّنِيْنَ، وَلَا مَنَعُوْا الزَّكَاةَ إِلَّا حُبِسَ عَنْهُمُ الْقَطْرُ** (المعجم الكبير للطبرانی، رقم الحديث ۱۰۹۹۲، ج ۱۱ ص ۴۵) [1]

---

[1] قال المنذری: رواه الطبرانی فی الكبير وسنده قريب من الحسن وله شواهد. السنين جمع سنة وهی العام المقحط الذی لم تنبت الأرض فيه شيئا سواء وقع قطر أو لم يقع (الترغيب والترهيب، تحت رقم الحديث ۱۱۴۶، ج ۱ ص ۳۱۰، كتاب الصدقات، الترهيب من منع الزكاة وما جاء فی زكاة الحلی)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ، پانچ چیزیں، پانچ چیزوں کے بدلے میں آتی ہیں، صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ وہ کونسی پانچ چیزیں ہیں، جو پانچ چیزوں کے بدلے میں آتی ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک تو یہ کہ جو لوگ بھی (باہم کیے ہوئے) عہد ومعاہدہ کو توڑتے ہیں، تو اس کے بدلے میں اُن پر، ان کے دشمنوں کو مسلط کر دیا جاتا ہے۔

دوسرے یہ کہ جو لوگ بھی اللہ کے نازل کردہ حکموں کو توڑتے ہیں، تو اس کے بدلے میں، ان میں فقر وافلاس پھیل جاتا ہے۔

اور تیسرے یہ کہ جب بھی کسی قوم میں فحاشی وبے حیائی عام ہو جاتی ہے، تو اس کے بدلے میں اُن میں موت عام ہو جاتی ہے۔

اور چوتھے یہ کہ جو لوگ بھی ناپ تول میں کمی کرتے ہیں، تو اس کے بدلے میں، یہ لوگ پیداوار کی کمی اور قحط سالی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

اور پانچویں یہ کہ جو لوگ بھی زکاۃ کو روکتے ہیں (یعنی ٹھیک ٹھیک اداء نہیں کرتے) تو اس کے بدلے میں اُن سے بارش روک لی جاتی ہے (طبرانی)

اور حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَانَقَضَ قَوْمٌ اَلْعَهْدَ قَطُّ اِلَّا كَانَ الْقَتْلُ بَيْنَهُمْ وَلَا ظَهَرَتْ الْفَاحِشَةُ فِيْ قَوْمٍ قَطُّ اِلَّا سَلَّطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْمَوْتَ وَلَا مَنَعَ قَوْمٌ الزَّكَاةَ اِلَّا حَبَسَ اللّٰهُ عَنْهُمُ الْقَطْرَ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۲۵۷۷، ج۲ص ۱۳۶، کتاب الجهاد، شعب الایمان، رقم

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وقال الهيثمي: رواه الطبراني في الكبير، وفيه إسحاق بن عبد الله بن كيسان المروزي، لينه الحاكم، وبقية رجاله موثقون، وفيهم كلام (مجمع الزوائد، ج۳ص ۶۵، رقم الحديث ۴۳۴۶، كتاب الزكاة، باب فرض الزكاة)

الحدیث ۳۰۴۰، السنن الکبریٰ للبیهقی، رقم الحدیث ۱۸۸۸۳، مسند البزار، رقم الحدیث ۴۴۶۳) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو قوم بھی کبھی عہد توڑتی ہے، تو اُن کے درمیان قتل عام ہوجاتا ہے، اور جب بھی کسی قوم میں فحاشی و بے حیائی عام ہوجاتی ہے، تو اللہ، اُن پر موت کو مسلط فرمادیتا ہے، اور جو قوم بھی زکاۃ کو روک لیتی ہے، تو اللہ اُن سے بارش کو روک لیتا ہے (حاکم)

اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

مَا ظَهَرَ فِيْ قَوْمٍ اَلرِّبَا وَالزِّنَا، إِلَّا أَحَلُّوْا بِأَنْفُسِهِمْ عِقَابَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

(مسند احمد، رقم الحدیث ۳۸۰۹) [2]

ترجمہ: جب بھی کسی قوم میں سود اور زنا پھیل جائے، تو سمجھ لینا چاہئے کہ ان لوگوں نے اللہ عزوجل کے عذاب کو اپنے اوپر دعوت دے دی (مسند احمد)

اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

إِذَا بُخِسَ الْمِيْزَانُ حُبِسَ الْقَطْرُ، وَإِذَا كَثُرَ الزِّنَا كَثُرَ الْقَتْلُ وَوَقَعَ الطَّاعُوْنُ، وَإِذَا كَثُرَ الْكَذِبُ كَثُرَ الْهَرْجُ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۵۳۶، کتاب الفتن والملاح، أما حدیث أبی عوانة) [3]

---

[1] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح علی شرط مسلم ولم یخرجاه "
وقال الذهبی: علی شرط مسلم.
وقال الهیثمی: رواه البزار، ورجاله رجال الصحیح غیر رجاء بن محمد وهو ثقة (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۲۱۵۰، کتاب الفتن، باب فی ظهور المعاصی)
وقال الالبانی: وبالجملة فالحدیث بهذه الطرق والشواهد صحیح بلا ریب، وتوقف الحافظ ابن حجر فی ثبوته إنما هو باعتبار الطریق الأولی .والله أعلم. (سلسلة الاحادیث الصحیحة، تحت رقم الحدیث ۱۰۷)

[2] قال شعیب الارنؤوط: حدیث صحیح لغیره (حاشیة مسند احمد)

[3] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین، ولم یخرجاه "
وقال الذهبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم

www.idaraghufran.org

ترجمہ: جب ناپ تول میں کمی کی جاتی ہے، تو بارش کو روک دیا جاتا ہے، اور جب زنا کی کثرت ہوتی ہے، تو قتل کی کثرت ہو جاتی ہے، اور طاعون واقع ہو جاتا ہے، اور جب جھوٹ کی کثرت ہوتی ہے، تو ''ھرج'' (یعنی خونریزی کا سلسلہ عام) ہو جاتا ہے (حاکم)

پس جب مسلمان مذکورہ گناہوں میں مبتلاء ہوں گے، تو یہی حالات پیش آئیں گے، جن کے خلاف ہڑتالیں اور بائیکاٹیں کی جاتی ہیں، لیکن یہ چیزیں اس لئے موثر نہیں ہوں گی کہ ان حالات کا سبب، اپنی بداعمالیاں اور سیاہ کاریاں ہیں، جب تک ان سے توبہ نہیں کی جائے گی، ان مصائب کا خاتمہ کیونکر ممکن ہوگا؟

بلکہ ایسی صورت میں گناہوں کو ترک کر کے توبہ، دعاء واستغفار کا اہتمام ضروری ہوگا، جو اللہ کے عذاب اور بڑے بڑے وبالوں سے حفاظت کا ذریعہ ہے۔

## ابنِ عمر، فضالہ، نعمان وثوبان رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ تُوْبُوْا إِلَى اللّٰهِ، فَإِنِّيْ أَتُوْبُ، فِي الْيَوْمِ إِلَيْهِ مِائَةَ مَرَّةٍ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٧٠٢ "٤٢" كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار، باب استحباب الاستغفار والاستكثار منه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو! تم اللہ سے توبہ کرو، پس بے شک میں دن میں سو (100) مرتبہ اللہ سے توبہ کرتا ہوں (مسلم)

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: اَلْعَبْدُ آمِنٌ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ، مَا اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٩٥٣) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن بمجموع طريقيه وشاهدهٗ (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ، اللہ کے عذاب سے محفوظ رہتا ہے، جب تک اللہ سے استغفار (یعنی اپنے گناہوں پر مغفرت طلب) کرتا رہے (مسند احمد)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الدُّعَاءَ هُوَ الْعِبَادَةُ، ثُمَّ قَرَأَ: "وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ" (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ۱۸۴۳۲) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دعاء ہی عبادت ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی:

"وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ"

اور تمہارے رب نے فرمایا ہے کہ مجھے پکارو میں تمہاری دعاء قبول کروں گا (مسند احمد)

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ، وَلَا يَرُدُّ الْقَدَرَ إِلَّا الدُّعَاءُ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۲۲، ابواب الفتن، باب العقوبات) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عمر میں زیادتی، صلہ رحمی کے ذریعے ہی ہوتی ہے، اور دعاء قدر (وقضاء) کو ٹلا دیتی ہے (ابنِ ماجہ)

## عبداللہ بن عَمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح، وكيع: هو ابن الجراح. وأخرجه ابن ماجه (۳۸۲۸) من طريق وكيع، بهذا الإسناد (حاشية مسند الإمام أحمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حسن لغيره (حاشية ابنِ ماجه)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: صَلَاحُ أَوَّلِ ھٰذِہِ الْأُمَّۃِ بِالزُّھْدِ، وَالْیَقِیْنِ، وَیَھْلِکُ آخِرُھَا بِالْبُخْلِ وَالْأَمَلِ (الزھد، لاحمد بن حنبل، رقم الحدیث ۵۲) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس امت کے ابتدائی لوگوں کی اصلاح ''زہد اور یقین'' کے ذریعہ سے ہوئی، اور اس امت کے بعد کے لوگوں کی ہلاکت بخل اور حرص وطمع کی وجہ سے ہوگی (الزہد)

اس حدیث کو امام طبرانی نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

زہد سے مراد آخرت کی طرف رغبت اور دنیا سے بے رغبتی ہے، اور یقین سے مراد آخرت کی طرف رغبت والے کاموں پر کامیابی کا یقین ہے۔

پس موجودہ دور میں مسلمانوں کی دنیا کی طرف رغبت بڑھنے آخرت کی طرف رغبت کم ہونے کے علاج کی تحریک چلانے کے بجائے، دوسری مخترع تحریکوں سے کہاں کامیابی مل سکتی ہے۔

---

[1] قال الالبانی: قلت: وھذا إسناد حسن لغیرہ علی الأقل؛ لأن محمد بن مسلم -وھو الطائفی- فیہ کلام من قبل حفظہ، وروی لہ مسلم متابعۃ علی التحقیق، وقال الحافظ فی "التقریب": "صدوق یخطء من حفظہ."

قلت: وقد أمنا خطأہ بمتابعۃ ابن لھیعۃ الآتیۃ. وقد روی الخطیب عن علی ابن محمد بن بشار الجنابی -وھو أجمع من جمع: -أنہ ما سمع فی الزھد أحسن من ھذا الحدیث.

ورواہ ابن لھیعۃ عن عمرو بن شعیب بہ؛ ولفظہ" نجا أول ھذہ الأمۃ " ...الحدیث.

أخرجہ ابن أبی الدنیا فی "قصر الأمل "(36/20) و"الیقین "(17/3) ، ومن طریقہ: الأصبھانی فی "الترغیب "( 1/98/164و2/2515) ، وکذا الدیلمی فی "مسند الفردوس "(3/104) - من طریق مروان بن محمد-، والبیھقی (10844) - من طریق المعافی -عن ابن لھیعۃ بہ.

وابن لھیعۃ ثقۃ، لکن قد عرض لہ سوء الحفظ؛ فحدیثہ حسن علی الأقل بما قبلہ(سلسلۃ الأحادیث الصحیحۃ، تحت رقم الحدیث ۳۴۲۷)

[2] عن عمرو بن شعیب، عن أبیہ، عن جدہ، لا أعلمہ إلا رفعہ قال: صلاح أول ھذہ الأمۃ بالزھادۃ والیقین، وھلاکھا بالبخل والأمل(المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحدیث ۷۶۵۰، باب المیم)

قال المنذری: رواہ الطبرانی وفی إسنادہ احتمال للتحسین(الترغیب والترھیب، ج۴ص ۷۶، کتاب التوبۃ والزھد، الترغیب فی الزھد فی الدنیا والاکتفاء منھا بالقلیل الخ)

# ابنِ عمرو، ایک صحابی، اور حذیفہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ عَمَلٍ شِرَّةٌ، وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةٌ، فَمَنْ كَانَتْ فَتْرَتُهُ إِلٰى سُنَّتِيْ، فَقَدْ أَفْلَحَ، وَمَنْ كَانَتْ إِلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ فَقَدْ هَلَكَ (مسند احمد، رقم الحديث ٦٩٥٨) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر عمل کا جوش ہوتا ہے اور ہر جوش ٹھنڈا پڑ جاتا ہے، پس جس شخص کے جوش کا ٹھنڈا پڑنا، میری سنت کی طرف ہو، تو وہ یقیناً کامیاب ہوگیا، اور جس شخص کے جوش کا ٹھنڈا پڑنا، میری سنت کے علاوہ کسی اور چیز کی طرف ہو، تو وہ شخص ہلاک ہوگیا (مسند احمد)

ایک انصاری صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

فَمَنْ اِقْتَدٰى بِيْ فَهُوَ مِنِّيْ، وَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ، إِنَّ لِكُلِّ عَمَلٍ شِرَّةً ثُمَّ فَتْرَةً، فَمَنْ كَانَتْ فَتْرَتُهُ إِلٰى بِدْعَةٍ فَقَدْ ضَلَّ، وَمَنْ كَانَتْ فَتْرَتُهُ إِلٰى سُنَّةٍ فَقَدْ اِهْتَدٰى (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٤٧٤) [2]

ترجمہ: پس جو شخص میری اقتداء و پیروی کرے، تو وہ مجھ میں سے ہے، اور جو میری سنت سے اعراض کرے، تو وہ مجھ میں سے نہیں ہے، بے شک ہر عمل کے اندر (شروع میں) جوش ہوتا ہے، پھر (بالآخر) وہ ٹھنڈا ہو جاتا ہے، پس جس کا ٹھنڈا ہونا، بدعت کی طرف ہوا، تو وہ گمراہ ہوگیا، اور جس کا ٹھنڈا ہونا، میری سنت کی طرف ہوا، تو وہ ہدایت پا گیا (مسند احمد)

مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ سنت والے طریقوں کو چھوڑ کر دوسرے طریقوں کو اختیار

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الانؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

کرنا، ہلاکت وگمراہی کا ذریعہ ہے، خواہ ان طریقوں میں کتنا جوش وخروش کیوں نہ ہو، اور سنت والے طریقہ میں کامیابی اور ہدایت کا سامان ہے، خواہ اس میں جوش وخروش نہ ہو۔

اور حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ النَّاسُ يَسْأَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ، وَكُنْتُ أَسْأَلُهُ عَنِ الشَّرِّ مَخَافَةَ أَنْ يُّدْرِكَنِيْ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّا كُنَّا فِيْ جَاهِلِيَّةٍ وَشَرٍّ، فَجَاءَ نَا اللّٰهُ بِهٰذَا الْخَيْرِ، فَهَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقُلْتُ: هَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَفِيْهِ دَخَنٌ، قُلْتُ: وَمَا دَخَنُهُ؟ قَالَ: قَوْمٌ يَسْتَنُّوْنَ بِغَيْرِ سُنَّتِيْ، وَيَهْدُوْنَ بِغَيْرِ هَدْيِيْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۱۸۴۷ "۵۱" كتاب الامارة، باب الأمر بلزوم الجماعة عند ظهور الفتن وتحذير الدعاة إلى الكفر)

ترجمہ: دوسرے لوگ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خیر کے متعلق معلوم کیا کرتے تھے اور میں شر کے بارے میں معلوم کیا کرتا تھا، اس خوف کی وجہ سے کہ کہیں وہ شر مجھے پہنچ جائے، ایک مرتبہ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم جاہلیت اور شر (یعنی برائی کے کاموں) میں مبتلا تھے، اللہ نے ہمارے پاس یہ (دینِ اسلام کی شکل میں) خیر بھیج دی، تو کیا اس خیر کے بعد بھی کوئی شر ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک، میں نے عرض کیا کہ کیا اس شر کے بعد کوئی خیر ہوگی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک! اور اس خیر میں کچھ کدورت ہوگی، میں نے عرض کیا کہ کیسی کدورت ہوگی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کچھ لوگ میری سنت کے علاوہ کو سنت سمجھیں گے اور میری ہدایت کے علاوہ کو ہدایت جان لیں گے (مسلم)

معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ پیش گوئی فرمادی تھی کہ آپ کے بعد کچھ لوگ سنت

کے علاوہ چیزوں کو اختیار کریں اور ان میں ہدایت وکامیابی کو تلاش کریں گے، لیکن ان کو کامیابی حاصل نہیں ہوگی۔

## ابوسعید خدری، وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَتَتَّبِعُنَّ سَنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ شِبْرًا بِشِبْرٍ، وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ، حَتّٰى لَوْ سَلَكُوْا جُحْرَ ضَبٍّ لَسَلَكْتُمُوْهُ، قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: اَلْيَهُوْدَ، وَالنَّصَارٰى قَالَ: فَمَنْ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٣٤٥٦، كتاب احاديث الانبياء، باب ما ذكر عن بنی إسرائيل)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم ضرور بالضرور اپنے سے پہلے لوگوں کی اتباع کروگے، ایک بالشت سے دوسری بالشت کی برابری کی طرح، اور ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ کی برابری کی طرح (یعنی ان کی طرح ہوبہو) یہاں تک کہ اگر وہ (پہلے) لوگ کسی گوہ (چھپکلی کی شکل کا بڑا جانور ''Iguana'') کے سوراخ میں چلے تھے، تو تم بھی اس سوراخ میں چلوگے، ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا پہلے لوگوں سے یہود ونصاریٰ مراد ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر کون مراد ہوں گے (یعنی یہی لوگ مراد ہیں) (بخاری)

اس سے معلوم ہوا کہ اس امت کے لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقوں کو چھوڑ کر یہود ونصاریٰ کے طریقوں کو اختیار کریں گے۔

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَفْتَرِقُ هٰذِهِ الْأُمَّةُ عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِيْنَ فِرْقَةً، كُلُّهُمْ فِي النَّارِ إِلَّا وَاحِدَةً، قَالُوْا: وَمَا تِلْكَ الْفِرْقَةُ؟

قَالَ: مَا أَنَا عَلَيْهِ الْيَوْمَ وَأَصْحَابِيْ (المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحدیث ۴۸۸۶، باب العین، ورقم الحدیث ۷۸۴۰، المعجم الصغیر للطبرانی، رقم الحدیث ۷۲۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ امت تہتّر (73) فرقوں میں تقسیم ہوجائے گی، سب فرقے جہنم میں جائیں گے، سوائے ایک فرقہ کے، صحابہ نے عرض کیا کہ وہ ایک فرقہ کون سا ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ جس طریقہ پر آج کے دن میں اور میرے صحابہ ہیں (طبرانی)

اس طرح کی احادیث وروایات دوسری سندوں سے بھی مروی ہیں، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اس امت میں اختلاف وانتشار کے دور میں وہی طبقہ کامیاب اور ناجی شمار ہوگا، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کے طریقہ پر ہوگا۔

اور کفار کے خلاف جو طریقے نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اور آپ کے صحابہ نے اختیار نہیں کئے، بلکہ وہ یہود ونصاریٰ کے طریقے ہیں، ان کو اختیار کرکے کامیابی اور ہدایت کا حصول ممکن نہیں۔

اس سلسلہ میں قرآن وسنت کی تعلیمات وہدایات بہت زیادہ ہیں، جن کو یہاں نقل کرنا ممکن نہیں، اور ان کو ہم نے اپنی دوسری مستقل تالیفات میں نقل کردیا ہے۔

آج مسلمانوں کی تعداد، دنیا میں دوسرے مذاہب والوں سے زیادہ ہونے کے باوجود، دنیا بھر میں عام طور پر مسلمان ظلم وستم اور ذلت ورسوائی، اور کفریہ وفسقیہ نظام کی چکی میں پس رہے ہیں، اور اس کا مسلمانوں کو احساس بھی ہے۔

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الصغير، وفيه عبد الله بن سفيان، قال العقيلي: لا يتابع على حديثه هذا، وقد ذكره ابن حبان في الثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۸۹۹، كتاب العلم، باب بلا ترجمة بعد باب في البدع والأهواء)

وقال الالباني: والغرض الآن إتمام الكلام على هذا اللفظ الصحيح، فقد تبين بوضوح أن الحديث ثابت لا شك فيه، ولذلك تتابع العلماء خلفا عن سلف على الاحتجاج به حتى قال الحاكم في أول كتابه "المستدرك": "إنه حديث كبير في الأصول (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۲۰۴)

مگر حقیقی اسباب وعوامل کی طرف صحیح توجہ نہیں ہو رہی، اس کا نتیجہ یہ ہے کہ کفار کی طرف سے ظلم وستم، ذلت ورسوائی اور مسلمانوں کی طرف سے فسق وفجور میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔

اور اگر کبھی توجہ بھی ہوتی ہے اور ان چیزوں کے ازالہ کی فکر بھی ہوتی ہے، تو شریعتِ مطہرہ کی طرف سے تجویز کئے ہوئے طریقوں اور تدبیروں کو اختیار نہیں کیا جاتا، بلکہ ظلم وستم اور کفر وفسق وفجور کرنے والے دشمنوں ہی کی تدابیر اور طریقوں کو اختیار کر کے حل تلاش کیا جاتا ہے۔

بھلا بیماری پیدا کرنے والے اسباب وذرائع بھی کبھی صحت وتندرستی کا ذریعہ بنا کرتے ہیں؟ اور اگر کبھی کوئی موثر وجائز تدبیر بھی سوجھتی ہے، تو سطحی سوچ اور جذباتیت میں اپنی طاقت، قوت اور صلاحیتوں کو بے جا استعمال کر کے ان کے نتائج کو نہ صرف بے اثر کر دیا جاتا ہے، ساتھ ہی، جذبات وجوش کے بے ہنگم استعمال سے منع کرنے اور سلیقہ کے ساتھ سنجیدہ طریقہ پر عمل کی تلقین کرنے والوں کو خواہ وہ اپنے بڑے اور بزرگ ہی کیوں نہ ہوں، اپنا اور مسلمانوں کا دشمن اور غیروں کا ایجنٹ اور نہ جانے کیا کچھ سمجھا جانے لگتا ہے، حالانکہ مسلمان کو نہایت متحمل، بردبار، صابر، بیدار مغز اور دور بین ہونا چاہئے، اور خود احتسابی کا عمل مسلمانوں کے ہر ہر عمل میں جاری رہنا چاہئے۔

یہ کون مسلمان نہیں جانتا کہ دینِ اسلام نے ہمارے ظاہر وباطن، خفیہ، علانیہ، بچپن، جوانی، بڑھاپے، انفرادی واجتماعی اور الغرض موت سے لے کر مرنے تک کے ہر شعبۂ زندگی میں ہدایات واحکامات بتلائے ہیں، جن سے زندگی کا کوئی انفرادی، یا اجتماعی پہلو اور حصہ خالی نہیں۔

لیکن بدقسمتی سے مسلمانوں کے بہت بڑے طبقہ نے دین کے مختلف شعبوں کے ساتھ بیگانہ اور اجنبی سلوک اختیار کیا ہوا ہے۔

کسی نے کسی شعبہ کو لے لیا اور دوسرے شعبوں میں اپنے آپ کو دین سے آزاد سمجھ لیا اور کسی نے کسی شعبہ کو لے کر دوسرے شعبوں کے ساتھ یہ سلوک برتا، اور پھر اس کے نتیجہ میں مختلف

من گھڑت تدابیر اور طور وطریقوں کو اختیار کر کے ان کے ساتھ اپنا ایسا تعلق اور رشتہ قائم واستوار کرلیا، کہ اب ان پر اگر کوئی دینی حیثیت سے کلام کرے، تو اس کو حیرت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے، اور اس کے متعلق تفرد وتشدد کے مختلف الزامات عائد کیے جاتے ہیں، اور عام لوگوں، بلکہ جہلاء کے تعامل وتوارث کا حوالہ دے کر ان غیر شرعی کاموں کو سندِ جواز پیش کی جاتی ہے۔

اسی قسم کا معاملہ سیاست اور تحریکات کے سلسلہ میں بھی پیش آیا کہ ایک بہت بڑے طبقہ نے اس سلسلہ میں مادر پدر آزاد ہو کر نہ جانے کیا کیا گُل کھلائے اور کیا کیا تدابیر اختیار کیں؟ مگر زیادہ تر ان کے نتیجہ میں ذلت ورسوائی ہی اُٹھانی پڑی۔

آج ہم دیکھتے ہیں کہ کفار ومشرکین اور فاسق حکمرانوں کے غیر شرعی اقدامات کے خلاف اور ان کا مقابلہ کرنے کے لئے مختلف قسم کی تدابیر اور طریقے اختیار کیے جاتے ہیں اور مختلف تحریکیں اور تنظیمیں تشکیل وترتیب دی جاتی ہیں، جن میں عوام اور اہلِ علم کی بڑی تعداد اور بعض اوقات عورتوں کی نفری بھی شریک ہوتی ہے۔

کبھی ہڑتالیں کی جاتی ہیں، راستوں پر رُکاوٹیں قائم کی جاتی ہیں، مختلف اشیاء کو آگ لگائی جاتی ہے، توڑ پھوڑ کر کے سرکاری وغیر سرکاری املاک تباہ کی جاتی ہیں، پتھراؤ اور گھیراؤ کیا جاتا ہے، بھوک ہڑتال کے عنوان سے فاقہ کشی کی جاتی ہے، اور ان چیزوں کے نتیجہ میں مال اور وقت کے علاوہ اپنی اور دوسرے مسلمانوں کی جانیں ضائع ہوتی ہیں، کبھی جیل بھرو تحریک چلتی ہے، جس میں بخوشی گرفتار ہو کر جیلوں میں جاتے ہیں، کبھی کسی شخصیت کے پتلے بنا کر ان کو آگ لگائی جاتی ہے، یا ان کو پیروں تلے روندا جاتا ہے، کبھی کسی ملک کے پرچم کے ساتھ یہی سلوک کیا جاتا ہے۔

جبکہ کفار کی طرف سے بعض واقعات کو بروئے کار لانے کا ایک مقصد یہ بھی ہوتا ہے کہ مسلمانوں کو اقدامی وتعمیری کاموں کی طرف متوجہ نہ ہونے دیا جائے، اور ان کی صلاحیتوں کو

اس طرح کی چیزوں میں استعمال کرایا جائے۔

چنانچہ ہوتا یہی ہے کہ چند دن بعد اس قسم کا کوئی نہ کوئی شوشہ چھیڑ دیا جاتا ہے، مسلمان احتجاج کرتے ہیں، ہڑتالیں کرتے ہیں، تحریر وتقریر کے ذریعہ سے جانی ومالی صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہیں، جب تھک ہار کر بیٹھ جاتے ہیں اور کچھ سکون کا سانس لیتے ہیں، تو پھر کوئی نیا شوشہ چھیڑ کر مسلمانوں کے جذبات کو برانگیختہ کیا جاتا ہے، اور پھر مسلمان جوش وجذبے میں جس طرح کے خلافِ شرع وخلافِ عقل اقدامات کرتے ہیں، اس سے ساری دنیا میں ان کی جگ ہنسائی ہوتی ہے، اور اس طرح کی کوششوں کا نتیجہ اور حاصل کچھ بھی سامنے نہیں آتا۔

اور اوپر سے ان نتائجِ بد کا ذمہ دار بھی جوشیلے اور جذباتی طبقہ کی طرف سے سنجیدہ، اور تحمل و بردباری کی تلقین کرنے والے بزرگوں کو قرار دیا جاتا ہے، اور ان چیزوں کے مقابلہ میں شریعتِ مطہرہ نے جو اصلی تدابیر اور اصل حل بیان کیا ہے، ان کو اپنی زندگی میں اختیار نہیں کیا جاتا، اور جب ان تدابیر کا کوئی اثر ظاہر نہیں ہوتا اور کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوتا، بلکہ الٹا نقصان ہی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، تو پھر کسی اور نئے طریقے اور نئی تدبیر کی سوجھتی ہے، اور پھر اس میں لگ کر اپنے جان، مال اور وقت کو قربان کیا جاتا ہے، مگر اس میں بھی ناکامی کے علاوہ کچھ ہاتھ نہیں آتا، اور سلسلہ اسی طرح چلتا رہتا ہے، جس کے نتیجہ میں بعض لوگوں کو قرآن وحدیث میں بیان کردہ اسلام اور مسلمانوں کے غلبہ کے وعدہ پر شک وشبہ ہونے لگتا ہے، اور کافروں کے سامنے جگ ہنسائی الگ ہوتی ہے۔

مگر مسلمان ایسے موقع پر یہ بھول جاتے ہیں کہ قرآن وحدیث کا وعدہ اپنی جگہ برحق ہے، کوئی کسر اور کوئی کمی ہمارے اندر، یا ہماری اختیار کردہ تدبیروں اور طریقوں میں ہے۔

جیسا کہ کسی نے کیا خوب کہا ہے:

وعدۂ غلبہ ہے مؤمن کے لئے قرآن میں
پھر جو تُو غالب نہیں، کچھ ہے کسر ایمان میں

بعض لوگ اس موقعہ پر غیر مشروع کاموں کے کچھ فوائد شمار کرنا شروع کر دیتے ہیں، حالانکہ کسی چیز کا گناہ ہونا، اس کے مقابلہ میں کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔

فوائد تو کچھ نہ کچھ ہر بری سے بری چیز میں کسی نہ کسی حیثیت سے نظر آ ہی جایا کرتے ہیں، شراب اور جوے جیسی ملعون چیزوں میں بھی کچھ دنیاوی فوائد کے ہوتے ہوئے، ان کے گناہ ہونے کے نقصان کو ہی ترجیح دی گئی ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

"قُلْ فِيْهِمَا اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ، وَاِثْمُهُمَا اَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهِمَا" (سورة البقرة رقم الآية ۲۱۹)

"کہہ دیجئے آپ! کہ ان دونوں (یعنی شراب اور جُوے) میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لئے کچھ نفع بھی ہے، مگر ان کا گناہ ان کے نفع سے بڑا ہے"۔

اس پر ہم "بائیکاٹ" والے مضمون میں کلام کر چکے ہیں۔

اب ہم اس موضوع پر تفصیلی و تحقیقی کام کرنے والی ایک عظیم شخصیت حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمہ اللہ کے ارشادات وتحریرات کو نقل کرتے ہیں۔

## الروضةُ الناضرة فی المسائل الحاضرة کا حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ "الروضةُ الناضرة فی المسائل الحاضرة" میں فرماتے ہیں:

مدافعت، کفار کی، مطلقاً اہلِ اسلام سے اور خصوص سلطنتِ اسلامیہ سے، جس میں خلافت وغیر خلافت اور جس میں سلطنتِ اسلامیہ واقعیہ وسلطنتِ اسلامیہ مزعومہ، کفار سب، پھر خصوص شعائرِ اسلام سے (جن میں مقاماتِ مقدسہ، بالخصوص شریفین بھی داخل ہیں) سب مسلمانوں پر فرض ہے، کبھی علی العین، کبھی علی الکفایہ، علیٰ اختلاف الاحوال۔

مگر اس کی فرضیت کے کچھ شرائط ہیں، جو کتبِ فقہ میں مذکور ہیں۔

منجملہ ان کے ایک شرط استطاعت بھی ہے۔

اور استطاعت سے مراد، استطاعتِ لغویہ نہیں، استطاعتِ شرعیہ ہے، جس کو اس حدیث نے صاف کر دیا ہے۔

"عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ، عَنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم قَالَ: مَنْ رَأٰی مِنْکُمْ مُنْکَراً فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ "

الحدیث، رواہ مسلم، مشکوٰۃ، باب الامر بالمعروف.

ظاہر ہے کہ استطاعت باللسان ہر وقت حاصل ہے، پھر اس کے انتفاء کی تقدیر کب متحقق ہوگی۔

اس سے ثابت ہوا کہ استطاعت سے مراد یہ ہے کہ اس میں ایسا خطرہ نہ ہو، جس کی مقاومت بظنِ غالب عادتاً ناممکن ہو۔

اسی طرح ایک شرط یہ بھی ہے کہ اس کے دفاع کے بعد اس سے زیادہ شر میں مبتلاء نہ ہو جائیں، مثلاً کفار کی جگہ، کفار ہی مسلط ہوں، یا مرکب کافر و مسلم سے، کہ مجموعہ تابع اخس کے ہوتا ہے، کیونکہ اس صورت میں غایت ہی مفقود ہے، اور وہ

"اخلاء الارض من الفساد"

(یعنی زمین کو فساد سے خالی کرنا) ہے۔

اور قاعدہ ہے:

"الشیء اذا عن الغایۃ، انتفٰی"

(یعنی جب کوئی چیز اپنی غایت سے خالی ہو، تو منتفی ہو جاتی ہے)

اور اگر ایسا خطرہ ہو، تو پھر وجوب تو ساقط ہو جائے گا؛ باقی جواز، اس میں تفصیل ہے، بعض صورتوں میں جواز بھی نہیں، بعض میں جواز، بلکہ استحباب بھی ہے، اور مدار بناءِ جواز وعدمِ جواز، یا استحباب کا اجتہاد اور رائے پر ہے؛ پس اس میں دو

اختلاف کی گنجائش ہے، ایک علمی کہ واقعات سے ایک شخص کے نزدیک عدمِ جواز کی بناء متحقق ہے اور دوسرے کے نزدیک جواز، یا استحباب کی۔

دوسرا عملی کہ باوجود بناءِ جواز، یا استحباب پر متفق ہونے کے ایک نے بناء بر عدمِ وجوب رخصت پر عمل کیا، دوسرے نے بناء بر استحباب عزیمت پر عمل کیا، ایک کو دوسرے پر ملامت کرنے کا حق نہیں اور اگر کسی مقام پر تسلط مسلمان ہی کا ہو، مگر وہ مسلمان، کافر سے مسالمت (ومصالحت) رکھتا ہو، تو اُس کو تسلطِ کافر کہنا محلِ تأمل ہے (اشرف السوانح جلد۳ صفحہ۱۷۳، المسألة الاولیٰ و الثانیه، مضمونِ رابع "الروضة الناضرة فی المسائل الحاضرة" مطبوعہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری)

(وجواہر الفقہ، لمفتی محمد شفیع، جلد پنجم، ص ۲۳۶ و ۲۳۷، افاداتِ اشرفیہ، درمسائلِ سیاسیہ، مطبوعہ: مکتبہ دار العلوم، کراچی، طبع جدید ۲۰۱۰ء)

## الروضةُ الناضرة فی المسائل الحاضرة کا دوسرا حوالہ

حضرت حکیمُ الامت رحمہ اللہ "الروضةُ الناضرة فی المسائل الحاضرة" میں فرماتے ہیں:

جو شخص کسی قسم کی بھی سعی نہ کر سکے، وہ دل سے دعاء کیا کرے، بلکہ اہلِ سعی بھی، اصل سرمایہ اسی کو سمجھیں، کیونکہ مفاتیح خزائنِ مقاصد، ربِ حقیقی ہی کے ہاتھ میں ہیں۔

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَمَا يُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ (سورہ فاطر)

اللہ تعالیٰ لوگوں کے لئے، جس رحمت (کے دروازے) کو کھول دیں، اس کا روکنے والا کوئی نہیں، اور جس کو بند کر دیں، اس کو جاری کرنے والا کوئی نہیں

(اشرف السوانح جلد۳ صفحہ۱۷۶، المسألة التاسعة عشر، مضمونِ رابع "الروضة الناضرة فی المسائل الحاضرة" مطبوعہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری) (وجواہر الفقہ، لمفتی محمد شفیع، جلد پنجم، ص ۲۴۲و۲۴۳، افاداتِ اشرفیہ، درمسائلِ سیاسیہ، مطبوعہ: مکتبہ دارالعلوم، کراچی، طبع جدید ۲۰۱۰ء)

# جزلُ الکلام فی عزل الامام کا حوالہ

حضرت حکیمُ الامت اپنے رسالہ "جزلُ الکلام فی عزل الامام" میں فرماتے ہیں:

"امر بالمعروف، مستلزمِ خروج نہیں (یعنی اَمر بالمعروف کے حکم سے حکمران کے خلاف خروج لازم نہیں آتا) پس اس میں بھی دلالت نہیں۔

اگر کہا جاوے کہ تغییر بالید کا مدلول بجز قتال کے کیا ہوسکتا ہے؟

جواب یہ ہے کہ اوّل تو وہ مشروط ہے، قدرت کے ساتھ اور قدرت سے مطلقِ قدرت (یعنی عام طاقت وقوت) مراد نہیں، ورنہ عدمِ استطاعتِ تغییر بالید (یعنی ہاتھ سے منکر کو بدلنے کی قدرت نہ ہونے) کا کبھی تحقق ہی نہ ہوگا، کیونکہ مطلق قدرت تو ہر شخص کو حاصل ہے، خواہ اس کا انجام کچھ ہی ہو، بلکہ مراد وہ قدرت ہے، جس کے استعمال پر کوئی فتنہ ناقابلِ برداشت مرتب نہ ہو، اور ظاہر ہے کہ (عام حالات میں) رعیت کو ایسی قدرت بادشاہ (وحکمرانوں) پر نہیں ہے، تو اگر تغییر بالید مرادف قتال کا بھی ہو، تو عدمِ استطاعت کے سبب وہ مامور بہٖ نہیں اور دوسرے نصوص سے وہ ماذون فیہ بھی نہیں۔

ثانیاً مرادفت ہی مسلّم نہیں، تغییر بالید کا تحقق اس طرح بھی ہوسکتا ہے کہ بادشاہ (وحکمران) کے سامنے، مثلاً کوئی تصویر ذی روح (جاندار) کی رکھی ہے، اس شخص نے اس کو توڑ پھوڑ دیا، یا شراب کا شیشہ رکھا ہے، اس نے اس کو گرا دیا، تو اگر کسی

کو اس کی ہمت ہو، اس کو اجازت ہے؛ بہر حال اس سے خروج کا اِذن لازم نہیں آتا'' (امداد الفتاویٰ، جلد پنجم صفحہ ۱۲۸، کتاب ما یتعلق بالحدیث، رسالہ ''جزل الکلام فی عزل الامام'' ناشر: مکتبہ دار العلوم کراچی، طبع جدید: شعبان ۱۴۳۱ھ، جولائی ۲۰۱۰ء)

# تفسیر بیانُ القرآن کا حوالہ

اور حضرت حکیم الامت ''تفسیر بیانُ القرآن'' میں فرماتے ہیں کہ:

تفصیل اس مسئلہ کی یہ ہے کہ جو شخص امر بالمعروف ونہی عن المنکر پر قادر ہو، یعنی قرائن سے غالب گمان رکھتا ہے کہ اگر میں امر ونہی کروں گا، تو مجھ کو کوئی ضَرَر معتَد بہٖ (کوئی قابلِ ذکر نقصان) لاحق نہ ہوگا، اس کے لیے اُمورِ واجبہ میں امر ونہی کرنا واجب ہے، اور اُمورِ مستحبہ میں مستحب۔

مثلاً نمازِ پنجگانہ فرض ہے، تو ایسے شخص پر واجب ہوگا کہ بے نماز کو نصیحت کرے، اور نوافل مستحب ہیں، اس کی نصیحت کرنا مستحب ہوگا اور جو شخص بالمعنی المذکور (یعنی مذکورہ تفصیل کے مطابق) قادر نہ ہو، اس پر امر ونہی کرنا اُمورِ واجبہ میں بھی واجب نہیں، البتہ اگر ہمت کرے، تو ثواب ملے گا۔

پھر اس امر ونہی میں قادر کے لیے اُمورِ واجبہ میں یہ تفصیل ہے کہ اگر قدرت ہاتھ سے ہو، تو ہاتھ سے اس کا انتظام واجب ہے، جیسے حکّام محکومین کے اعتبار سے، یا ہر شخص خاص اپنے اہل وعیال کے اعتبار سے، اور اگر صرف زبان سے قدرت ہو، تو زبان سے کہنا واجب ہے۔

اور غیر قادر کے لیے صرف اتنا کافی ہے کہ تارکِ واجبات ومرتکبِ محرمات (یعنی فرض وواجب کو چھوڑنے اور ناجائز وحرام کام کرنے والوں) سے دل سے نفرت رکھے (بیان القرآن جز ۲ صفحہ ۴۵، سورۃ آلِ عمران آیت ''ولتکن منکم اُمۃ یدعون الی الخیر'' الخ)

# الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة کا حوالہ

حضرت حکیمُ الامت ''الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة'' میں فرماتے ہیں:

خوب سمجھ لیجئے! کہ قدرت کی دو قسمیں ہیں:

ایک یہ کہ جو کام ہم کرنا چاہتے ہیں، اس پر تو ہم کو قدرت ہے، لیکن اس کے کر لینے کے بعد جن خطرات کا سامنا ہوگا، ان کے دفع کرنے پر قدرت نہیں ہے۔

دوسرے یہ کہ فعل پر بھی قدرت ہے اور اس کے کر لینے کے بعد جو خطرات پیش آئیں گے، اُن کی مدافعت پر بھی قدرت ہو۔

پہلی صورت استطاعتِ لغویہ ہے اور دوسری صورت استطاعتِ شرعیہ۔

خوب سمجھ لیجئے گا! اور مدافعت کی فرضیت کے لیے پہلی استطاعت کافی نہیں، بلکہ دوسری صورت، یعنی استطاعتِ شرعیہ شرط ہے، جس کو اس حدیث نے صاف کر دیا ہے۔

''قَالَ مَنْ رَأٰی مِنْکُمْ مُنْکَراً فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ''

(جب کوئی شخص کسی گناہ کو ہوتا ہوا دیکھے تو اس کو ہاتھ سے مٹا دے، اگر اس کی قدرت نہ ہو تو زبان سے مٹا دے، اور اگر اس کی بھی قدرت نہ ہو تو دل سے مٹا دے)

ظاہر ہے کہ استطاعت باللسان (زبان سے کہنے کی قدرت) ہر وقت حاصل ہے، پھر اس کے انتفاء (طاقت نہ ہونے) کی تقدیر (صورت) کب محقق (وثابت) ہوگی، یعنی اگر کسی فعل کی فرضیت کے لئے محض اس فعل پر قادر ہونا کافی ہو، اور اس سے جو خطرات پیش آنے والے ہوں، ان کی مدافعت (دور کرنے) پر قادر ہونا، شرط نہ ہو، تو زبان سے انکار کرنا، ہر حالت میں فرض ہونا چاہیے، کیونکہ زبان کا چلانا، ہر وقت ہماری قدرت میں ہے، پھر وہ کونسی صورت ہوگی، جس کی نسبت حضور صلی

اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر زبان سے بھی مٹانے کی قدرت نہ ہو، تو دل سے مٹادو، اس سے ثابت ہوا کہ استطاعت سے مراد یہ ہے کہ اس فعل پر قدرت ہونے کے ساتھ اس میں ایسا خطرہ بھی نہ ہو، جس کی مقاومت اور مدافعت ومقابلہ بظنِ غالب عادتاً ناممکن ہو۔

ایک شرط یہ بھی ہے کہ اس دفاع کے بعد اس سے زیادہ شر میں مبتلا نہ ہوجائیں

(''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، ج۱ص۱۰۵، ۱۰۶، ملفوظ نمبر۱۱۶، بعنوان ''آج کل کے لیڈر اور سیاسی تحریکات کے بارے میں حضرت کا تفصیلی نقطہ نظر'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا دوسرا حوالہ

حضرت حکیمُ الامت ''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''اگر قدرت ہے، تو تلوار لے کر غلبہ حاصل کرو، منع کون کرتا ہے؟

اور اگر اس کی قدرت نہیں، جیسا کہ ظاہر ہے، تو صبر کرو، حق تعالیٰ فرماتے ہیں:

لَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَۃِ (تم اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو)

سارا مدار قوت اور قدرت پر ہے، جیسے نماز روزہ فرض ہے (اسی طرح اسلامی) حکومت بھی فرض ہے، لیکن اسی وقت جبکہ قدرت ہو اور عدمِ قدرت (قدرت نہ ہونے) پر ایسا کرنا، اپنے کو ہلاکت میں پھنسانا ہے، اور (اِس وقت) کافی قدرت کا نہ ہونا، اظہر من الشّمس (سورج سے بھی زیادہ ظاہر) ہے۔ اور (اِس وقت) جتنی قدرت (حاصل) ہے، اس کی بالکل ایسی مثال ہے کہ کسی نے دیا سلائی جلائی اور اس پر دوسرے نے ہاتھ رکھ دیا، بجھ گئی، ایسی قوت اور قدرت سے

کیا کام چل سکتا ہے‘‘ (’’الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘ مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۸ ص ۳۳۶ ملفوظ نمبر ۴۶۷، بعنوان: ’’انتظام واہتمام کی حد‘‘ ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: ربیع الاول ۱۴۲۸ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا تیسرا حوالہ

حضرت حکیمُ الامت ’’الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘ میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

’’اگر کسی ظالم کے مقابلے میں قدرت ہو، تو ضرب یضرب (یعنی جہاد وقتال) پر عمل ہو، اگر قدرت نہ ہو تو صَبَرَ یَصْبِرُ (یعنی صبر) پر عمل ہو، یہ بیچ کی صورت جس کو ستیہ گرہ (حکومت کے خلاف پُرامن تحریک) کہا جاتا ہے، اس کا کوئی ماخذ سمجھ میں نہیں آتا‘‘ (’’الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘ مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۵ ص ۳۰۱، ملفوظ نمبر ۳۲۶، بعنوان ’’ستیہ گرہ کا مآخذ سمجھ میں نہیں آیا‘‘ ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا چوتھا حوالہ

حضرت حکیمُ الامت ’’الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘ میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

’’تحریکاتِ حاضرہ میں بڑا ہی ہڑبونگ لوگوں نے مچایا، باوجود اس کے کہ بابِ فتن (یعنی فتنوں کے وقت سے متعلق مستقل موضوع) حدیث میں موجود ہے، اور تمام احکام بالتصریح (واضح طور پر) مذکور ہیں، اور دونوں نمونے (یعنی فتنے ومغلوبیت اور امن وغلبہ دونوں قسم کے حالات مکی اور مدنی دور میں) نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر گذرے ہیں، پھر زیادہ کلام کی گنجائش کہاں ہے؟ بس یہ دیکھنا کافی ہے کہ اگر مظالم سے بچنے پر قادر نہیں ہو، اپنے کو مکی سمجھو، اور صبر کرو، اور اگر قادر ہو،

مدنی سمجھو، اور قدرت سے کام لو، مگر اب تو یہ ہو رہا ہے کہ، یا تو مکی کی جگہ مکھی اور ذلیل (بزدل) بنیں گے اور یا مدنی کی جگہ بدنی اور پہلوان (جوشیلے) بنیں گے، اور خطرات میں پھنسیں گے، شارع (نبی علیہ السلام) نے ہر چیز کا انتظام کیا ہے''

(''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر۲ ص۲۲۱، ۲۲۲، ملفوظ نمبر۳۱۱، بعنوان ''تحریکات میں مدنی بنو، یا مکی رہو'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: ربیع الثانی ۱۴۲۹ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا پانچواں حوالہ

''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ہی ہے کہ حضرت حکیمُ الامت رحمہ اللہ سے ایک موقع پر سوال کیا گیا کہ:

''کشمیر پر جو مسلمانوں کے جتھے جا رہے ہیں، اُن کا وہاں پر جا کر لڑنا مقصود نہیں، صرف حکومت پر اثر ڈالنا ہے، یہ صورت شرعاً کیسی ہے''؟

حضرت موصوف نے اس کے جواب میں فرمایا کہ:

''یہ شرعی لڑائی تو ہے نہیں، اب دو ہی صورتیں ہیں، یا قتال پر قدرت ہے، یا عجز؟ اگر قدرت ہے، تو قتال کرو، اور اگر قدرت نہیں، تو صبر (کرو) درمیان میں اور کوئی چیز نہیں ہے، نہ یہ درمیانی صورتیں سمجھ میں آتی ہیں، اور نہ آج کل کی درمیانی صورتیں اسلامی صورتیں ہیں، سب دوسری قوموں کی تقلید ہے'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، ج۱ ص۱۰۳، ملفوظ نمبر۱۱۶، بعنوان ''آج کل کے لیڈر اور سیاسی تحریکات کے بارے میں حضرت کا تفصیلی نقطہ نظر'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

اس پر حضرت موصوف سے سوال کیا گیا کہ:

’’اِس وقت کے زمانے کے لحاظ سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ کمزور کو قوی کے مقابلہ میں اسی صورت سے کامیابی ہوسکتی ہے، یعنی پبلک حکومت کا مقابلہ اسی صورت سے کرسکتی ہے‘‘؟

اس کے جواب میں حضرت موصوف نے فرمایا کہ:

’’یہ نصوص کے مقابلہ میں اجتہاد ہے، اور اجتہاد کا ہم کو حق نہیں، میں نے جو دو صورتیں بیان کیں، یہ تو منصوص ہیں، اور آپ جو تدابیر اور طریقِ کار بیان کررہے ہیں، یہ اس مضمون کا معارِض (ومقابل) ہے، اسی لیے یہ طریق سلف سے منقول نہیں‘‘ (’’الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘ مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، ج۱ص۱۰۳، ملفوظ نمبر۱۱۶، بعنوان ’’آج کل کے لیڈر اور سیاسی تحریکات کے بارے میں حضرت کا تفصیلی نقطہ نظر‘‘)

اس پر حکیم الامت رحمہ اللہ سے ایک سوال یہ کیا گیا کہ:

’’لڑ تو سکتے نہیں، پھر کیا صورت ہو‘‘؟

اس کے جواب میں حضرت موصوف نے فرمایا کہ:

’’جو میں عرض کررہا ہوں، وہ منصوص ہے، اسی پر عمل کریں، یعنی قدرت کو دیکھ لیں، اگر قدرت اور قوت ہے، تو بجائے جتھے بھیجنے کے قتال کریں، جہاد کریں، تلوار ہاتھ میں لیں، لڑیں۔ اور اگر قدرت نہیں، جیسا کہ ظاہر ہے، صبر کریں، نیز عجز کی صورت میں یہ بھی ہوگا کہ آئندہ اگر کوئی ضرر پیش آیا، تو اس کے برداشت کی بھی قوت نہ ہوگی اور جس ضرر سے بچنے کی قدرت نہ ہو، یا مشکل ہو، اس میں نہ پڑنا چاہیے‘‘ (’’الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘ مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، ج۱ص۱۰۵، ملفوظ نمبر۱۱۶، بعنوان ’’آج کل کے لیڈر اور سیاسی تحریکات کے بارے میں حضرت کا تفصیلی نقطہ نظر‘‘ ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

# الافاضاتُ الیومیة کا چھٹا حوالہ

''الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة'' میں ہی ہے کہ حضرت حکیمُ الامت رحمہ اللہ سے ایک موقع پر سوال کیا گیا کہ:

''جتھے مقابلے کے لئے جاتے ہیں اور گرفتار ہوتے ہیں، خاموش مقابلہ کرتے ہیں، اگر حکومت کی طرف سے تشدُّد بھی ہو، تو تب بھی جواب نہیں دیا جاتا، ان صورتوں کے متعلق شرعی حکم کیا ہے؟

حضرت موصوف نے اس کے جواب میں فرمایا کہ:

''عقلی دو ہی احتمال ہیں، یا تو مقابلے کی قوت ہے، یا قوت نہیں، اگر قوت ہے، تو گرفتار ہونے کے کیا معنیٰ؟ مقابلہ کرنا چاہئے، اور جب مقابلہ نہیں کر سکتے، تو یہ صورت، عدمِ قوت (قوت نہ ہونے) کی ہے، جیسا کہ ظاہر ہے، تو عدمِ قوت (قوت نہ ہونے) کی حالت میں قصداً ایسی صورت اختیار کرنے کی کہ خود ضرب وحبس (قید اور مار پٹائی) میں مبتلا ہو، شریعت اجازت نہیں دیتی، بلکہ بجائے ایسے مخترع (خودساختہ) مقابلہ کے مکارہ (ناگوار اُمور) پر صبر سے کام لینا چاہئے، خلاصہ یہ کہ اگر قوت ہے، مقابلہ کرو، اگر قوت نہیں صبر کرو، ان دو صورتوں کے علاوہ تیسری کوئی صورت منقول نہیں، تو کیا ان تدابیر کو مسکوت عنہ (یعنی ایسی چیز جس پر شریعت نے کوئی حکم نہیں لگایا) کہا جائے گا؟

فرمایا کہ مسکوت عنہ (یعنی ایسی چیز جس پر شریعت نے کوئی حکم نہیں لگایا) وہ ہوگا، جس چیز کی ضرورت خیر القرون میں واقع نہ ہوئی ہو، بلکہ خیر القرون کے بعد اس کی حاجت پیش آئی ہو، اور باوجود ضرورت پیش آنے کے، یہ تدابیرِ خاص اختیار نہ کی گئیں، اس کو مسکوت عنہ (یعنی ایسی چیز جس پر شریعت نے کوئی حکم نہیں لگایا) نہ کہیں گے، منہی عنہ (ممنوع) کہیں گے، اس میں ہم لوگوں کو اجتہاد کی گنجائش

نہیں، اب اس قاعدہ کے بعد یہ سمجھو کہ خیر القرون میں زیادہ وقت اسی قسم کا گزرا اور بہت زیادہ ضرورتیں مخالفین کے مقابلے کی پیش آئیں، مگر باوجود ضرورت کے اور ضرورت بھی سخت ضرورت، پھر بھی ان تدابیر کو اختیار نہیں کیا گیا، تو یہ تدابیر منہی عنہ (ممنوع) ہوں گی، نہ کہ مسکوت عنہ (یعنی ایسی چیز جس پر شریعت نے کوئی حکم نہیں لگایا)'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ''، مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۵ ص ۱۹۴ و ۱۹۵، ملفوظ نمبر ۱۹۰، بعنوان ''خیر القرون میں دو صورتیں'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا ساتواں حوالہ

''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ہی ہے کہ حضرت حکیمُ الامت رحمہ اللہ سے سوال کیا گیا کہ:

ضرر (ونقصان) تو قِتال میں بھی ہے، اشدِّ ضرر کہ جان جاتی ہے؟

حضرت موصوف نے اس کے جواب میں فرمایا کہ:

چونکہ قتال مقصود اور منصوص ہے، اس لیے اس کا ضرر معتبر نہیں اور یہ تدابیر اور طریقِ کار غیر منصوص ہیں، اس لیے اس کے ضرر کو دیکھا جائے گا اور وجہ فرق دونوں میں یہ ہے کہ اصل مقصد یہ ہے کہ فتنہ نہ ہو، قِتال فتنہ نہیں ہے، کیونکہ قتال میں طبیعت یکسو ہو جاتی ہے اور سکون ہوتا ہے اور ان (مروّجہ غیر منصوص) اُمور میں تشتّت اور پراگندگی اور اضاعتِ اوقات ہے، اصل یہ ہے کہ لوگ فقہ کو نہیں دیکھتے پروگرام بناتے وقت، اور فقہ کو محض رائے سے دیکھنا کافی نہیں اور نہ مفید ہے، بلکہ نصوص اور ذوق کے ساتھ دیکھنا مفید ہے (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ''، مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، ج ۱ ص ۱۰۷، ملفوظ نمبر ۱۱۶، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

اسی سلسلہ میں حضرت موصوف نے مزید فرمایا کہ:

قتل سے مراد خودکشی نہیں ہے، بلکہ مراد قتال ہے، یعنی لڑو، جنگ کرو، اس نیت سے کہ جان اور مال اور ایمان بچ جائے، پھر اس قتال میں اگر جان چلی جائے، تو چلی جائے، وہ شہادت ہے اور خود قتل مقصود نہیں ہے، وہ بھی جبکہ اس قتال کی سب شرطیں پائی جائیں اور موانع مرتفع ہوں جس کی تفصیل کتبِ فقہ میں ہے اور خود قتل کا مقصود نہ ہونا، اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ قرآن میں ہر جگہ یُقْتَلُوْنَ (بصیغۂ مجہول) بعد میں ہے یَقْتُلُوْنَ (بصیغۂ معروف) پہلے، پس معلوم ہوا کہ یُقْتَلُوْنَ (یعنی قتل ہونا) خود مقصود نہیں، بلکہ یَقْتُلُوْنَ (یعنی قتل کرنے) سے کبھی لازم آجاتا ہے (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، ج ۱ ص ۱۰۷، ۱۰۸، ملفوظ نمبر ۱۱۶، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا آٹھواں حوالہ

اور اسی بنیاد پر حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ نے بھوک ہڑتال کو بھی ناجائز قرار دیا ہے۔

چنانچہ ''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ہے کہ:

''ایک مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت یہ بھوک ہڑتال نئی ایجاد ہے؟ فرمایا کہ یہ خودکشی کے مترادف ہے، اگر موت واقع ہوجائے گی تو وہ موت حرام ہوگی اور بزدلی پر بھی دال (بزدلی کی بھی نشانی) ہے کہ آئندہ آنے والے مصائب سے گھبرا کر ایسا کرنے پر آمادہ ہوجاتے ہیں (مزاحاً فرمایا نر نہیں رہتے مادہ بن جاتے ہیں) [1]

میں کہتا ہوں کہ بھوکے مرگئے، تو کسی کا کیا حرج ہوا اور کسی کو کیا نقصان پہنچا، جو

---

[1] آمادہ کا الف نکال کر ''مادہ'' رہ جاتا ہے، تو گویا کہ مصائب سے گھبرا کر بھوک ہڑتال کرنا ''مادہ'' بن جانا ہے، اور ''مادہ'' بزدل ہوتی ہے ''نر'' کے مقابلہ میں۔

سوجھتی ہے، الٹی ہی سوجھتی ہے‘‘(’’الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر۳ ص ۲۸، ملفوظ نمبر۱۴، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

اسی سلسلہ میں حضرت موصوف نے ایک مقام پر فرمایا کہ:

’’آج کل بہادری کی ایک نئی قسم نکلی ہے، مار کھانا، ذلیل ہونا، بھوک ہڑتال کر کے مرجانا.....ایک صاحب مجھ سے کہنے لگے کہ ہندوؤں میں بڑی شجاعت (بہادری) ہے، پھانسی تک کے لئے تیار ہیں، میں نے کہا یہ شجاعت تو عورتوں کی سی ہے کہ جان کھونے کے لئے کنویں میں جا پڑتی ہیں، اس سے آگے بھی ان کی بہادری کا کوئی درجہ دیکھا ہے؟ (’’الافاضات الیومیہ من الافادات القومیہ‘‘ مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد۶، ص ۳۴۵، ۳۴۶، ملفوظ نمبر۳۹۴، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: محرم ۱۴۲۴ھ)

حضرت موصوف سے سوال کیا گیا کہ:

’’اگر کوئی گرفتار ہو جائے، ان میں سے بعضے لوگ جیل خانہ میں مقاطعۂ جوعی (بھوک ہڑتال) کرتے ہیں، یعنی کھانا نہیں کھاتے، یہاں تک کہ مرجاتے ہیں اور قوم میں ان کی مدح (تعریف) کی جاتی ہے؟‘‘

حضرت نے اس سوال کا جواب یہ تحریر فرمایا:

’’اس کا خودکشی اور حرام ہونا ظاہر ہے:

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی: وَلَا تَقْتُلُوْا اَنْفُسَکُمْ .

وَفِی الْھِدَایَۃِ کِتَابِ الْاِکْرَاہِ :

فَیَاْثَمُ کَمَافِیْ حَالَۃِ الْمَخْمَصَۃِ اِلٰی قَوْلِہٖ فَکَانَ اِبَاحَۃً لَارُخْصَۃً الخ .

وَفِیْ الْعِنَایَۃِ :

فَاِمْتِنَاعُہٗ عَنِ التَّنَاوُلِ کَاِمْتِنَاعِہٖ عَنْ تَنَاوُلِ الطَّعَامِ الْحَلَالِ حَتّٰی تَلَفَتْ

نَفْسُهٗ اَوْعَضْوُهٗ فَكَانَ آثِمًا الخ. [1]

اس روایت سے معلوم ہوا کہ جان بچانا اس درجہ فرض ہے کہ اگر حالتِ اضطرار (مخمصے اور انتہائی مجبوری کی حالت) میں اندیشہ مرجانے کا ہو اور مُردار کھانے سے جان بچ سکتی ہو، اُس کا نہ کھانا اور جان دیدینا معصیت (گناہ) ہے، چہ جائیکہ طعامِ حلال کا ترک (یعنی حلال وجائز کھانے پینے کو چھوڑنا) اور اس فعل کی مدح (تعریف) کرنے میں تو اندیشۂ کفر ہے کہ صریح تکذیب ہے شریعت کی کہ شریعت جس فعل کو مذموم (بُرا) کہتی ہو، یہ اُس کو محمود (اچھا) کہتا ہے (اشرف السوانح ج۳، ص۲۰۴، مضمون ثامن۔ رسالہ ''معاملۃ المسلمین فی مجادلۃ غیر المسلمین، مطبوعہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت: ۱۴۱۴ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا نواں حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ نے یہ وضاحت بھی فرمادی ہے کہ ان کو مقاصدِ شرعیہ سے اختلاف نہیں، بلکہ ان نئی نئی تحریکات کے طریقۂ کار سے اختلاف ہے۔

چنانچہ ''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ایک مقام پر ہے کہ:

''ان تحریکات میں شرکت کرنے والوں پر جو مجھ کو غصہ ہے، اس کا اصلی سبب (اصل وجہ) ان کی محبت ہے، اس طرح سے کہ اپنے ہوکر پھر حدود سے تجاوز،

---

[1] ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ:
اپنے آپ کو قتل نہ کرو۔
اور ہدایہ کی کتاب الاکراہ میں ہے کہ:
وہ گنہگار ہوگا؛ جیسا کہ مخمصہ کی حالت میں (گنہگار ہوگا) یہاں تک کہ فرمایا ''پس یہ مباح ہوگا، رخصت نہیں ہوگا'' آخر تک۔
اور ہدایہ کی شرح عنایۃ میں ہے:
''پس اس کے استعمال سے رُکے رہنا، ایسا ہی ہے کہ جیسا کہ حلال کھانے سے رُکے رہنا یہاں تک کہ اس کی جان چلی جائے، یا کوئی عضو ضائع ہوجائے تو وہ گنہگار ہوگا'' آخر تک۔

ایسا کیوں کرتے ہیں، مجھ کو مقاصدِ شرعیہ اور سلطنتِ اسلامیہ اور مقاماتِ مقدسہ کی امداد اور تحفظ سے خدا نہ کرے، کیسے اختلاف ہوسکتا ہے؟ اختلاف صرف طریقِ کار سے ہے" (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ''، مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۵ ص ۲۰۱، ملفوظ نمبر ۱۹۶، بعنوان ''تحریکات میں شرکت کرنے والوں پر غصہ کا سبب'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

اسی بات کی وضاحت کرتے ہوئے حضرت موصوف دوسرے مقام پر فرماتے ہیں کہ:

جو طریقۂ کار اختیار کر رکھا ہے، مجھ کو اس سے اختلاف ہے، میں نے طریقہ کی قید اس لئے لگائی کہ مقاصدِ شرعیہ اور مسلمانوں کی فلاح اور بہبود سے کون ایسا مسلمان ہے، جس کو اختلاف ہو (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ''، مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۸، ص ۳۳۹ ملفوظ نمبر ۴۷۴، بعنوان: ''تدابیر غیر مشروعہ کی ممانعت'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: ربیع الاول ۱۴۲۸ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا دسواں حوالہ

اسی کے ساتھ حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ نے مسلمانوں کو بے ہنگم اور جوش میں آ کر اپنی صلاحیتوں کو اڑنگ بڑنگ استعمال کرنے اور حدودِ شرعیہ کی رعایت نہ کرنے پر بھی روشنی ڈالی ہے۔

چنانچہ ''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ایک مقام پر ہے کہ:

''کام وہی مفید ہوتا ہے جو ہوش سے کیا جائے'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ''، مشمولہ: ملفوظاتِ حکومت الامت، جلد نمبر ۳ ص ۲۳۷، ملفوظ نمبر ۳۸۱، بعنوان ''شریعت میں دشمنی کی حدود مقرر ہیں'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

اور ''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ایک مقام پر ہے کہ:

''تحریکات کے زمانے میں لوگ سمجھتے تھے کہ شرکاء زیادہ ہیں، حالانکہ یہ خیال غلط

تھا، شریک بہت کم تھے، مگر وہ زیادہ اس وجہ سے معلوم ہوتے تھے کہ وہ شور وغل بہت کرتے پھرتے تھے، اس سے ان کی تعداد زیادہ معلوم ہوتی تھی، ورنہ واقع میں تعداد، زیادہ ان ہی کی تھی، جو شریک نہ تھے‘‘(’’الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر۴ص ۳۷۱، ملفوظ نمبر ۶۱۷، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: ربیع الثانی ۱۴۲۹ھ)

اسی بات کی وضاحت کرتے ہوئے ایک مقام پر حضرت موصوف فرماتے ہیں کہ:

’’میری تو دل سے تمنا ہے کہ دین کے ساتھ مسلمانوں کی دنیا کی بھی فلاح ہو، مگر طریقہ کے ساتھ، یونہی اڑنگ بڑنگ کرنے سے کام نہیں چلا کرتا، نہ اس میں برکت ہوتی ہے، میرا تجربہ ہے کہ آج کل مسلمانوں کا کام جوش کے ماتحت ہوتا ہے، اسی لیے اس میں استقلال (واستحکام) نہیں ہوتا، اگر ہوش کے ماتحت ہو، تو دنیا کی تمام قومیں بیٹھی دیکھا کریں‘‘(’’الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘مشمولہ: ملفوظاتِ حکومت الامت، جلد نمبر۳ص ۷۲، ملفوظ نمبر ۷۹ ملخصاً، بعنوان ’’تدبیر الفلاح یعنی کامیابی کا راستہ‘‘)

اور حضرت موصوف ایک مقام پر اسی پہلو پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

’’ہر کام اصول سے ہوسکتا ہے، بے اصول تو گھر کا بھی انتظام نہیں ہوسکتا، ملک کا تو کیا خاک انتظام ہوگا۔

یہ ہیں وہ اصولی باتیں، جن پر مجھ کو برا بھلا کہا جاتا ہے اور قسم قسم کے الزامات وبہتان میرے سر تھوپے جاتے ہیں اور لوگ مجھ سے خفا ہیں اور وجہ خفا ہونے کی صرف یہ ہے کہ میں کہتا ہوں کہ اصول کے ماتحت کام کرو، جوش سے کام مت لو، ہوش سے کام لو، جوش کا انجام خراب نکلے گا، حدودِ شرعیہ کی حفاظت رکھو، وہ ان باتوں کو اپنے مقاصد میں روڑا اٹکانا سمجھتے ہیں۔.....

اے صاحبو! آج سے پہلے بھی تو اسلام اور مسلمانوں پر اس سے بڑے بڑے

حوادث پیش آئے ہیں کہ اِس وقت اُس کا عشرِ عشیر (دسویں حصے کا سواں حصہ) بھی نہیں، مگر انہوں نے اُس حالت میں بھی اصولِ اسلام اور احکامِ اسلام کو نہیں چھوڑا، سلف کے کارناموں کو پیشِ نظر رکھ کر کچھ تو غیرت آنا چاہئے، تم تو معمولی معمولی باتوں میں احکامِ اسلام کو ترک کرنے پر آمادہ ہوجاتے ہو، وہ حضرات عین قتال کے وقت بھی حدود (واصول) کی حفاظت اور رعایت فرماتے تھے، جس پر آج ہم کو فخر ہے، اب تم ہی فیصلہ کرلو کہ وہ تھے، خیر خواہِ اسلام، ہمدردِ اسلام، جانبازِ اسلام، یا تم؟ تحریکِ خلافت کے زمانے میں صاف الفاظ میں یہ کہا جاتا تھا کہ یہ مسائل کا وقت نہیں، کام کرنے کا وقت ہے (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ''، مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، ج۱ص۱۱۵، ملفوظ نمبر۱۱۶، بعنوان ''آج کل کے لیڈر اور سیاسی تحریکات پر حضرت کا تفصیلی نقطہ نظر'' ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا گیارہواں حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ نے نئی نئی تحریکات، ہڑتالوں وغیرہ کو شرعی تدبیروں کے خلاف قرار دیا ہے۔

چنانچہ حضرت موصوف'' **الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ** ''میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''اب تو وہ زمانہ ہے کہ ہر شخص کی رفتار، گفتار اور لباس سے انگریزیت جھلکتی ہے، سادگی کا نام ہی نہیں رہا، زبان سے نصرانیت اور انگریزیت کی برائی کرتے ہیں اور دل میں وہی باتیں رچی ہیں، ان ہی جیسا لباس، ان ہی جیسی معاشرت، اختیار کر رکھی ہے، مجھے تو ایک عالم کا قول پسند آیا کہ یہ لوگ نصرانیوں (عیسائیوں) کے مخالف ہیں اور نصرانیت (عیسائیت) کے حامی ہیں۔

بات تو کام کی کہی، واقعی یہی ہورہا ہے، غضب تو یہ ہے کہ اس فتنہ سے بعض علماء بھی نہ بچ سکے اور نصوص (قرآن وحدیث) کے خلاف کرنا شروع کردیا، ان (لوگوں) کا طریقۂ کار بالکل نصوص (قرآن وحدیث) کے خلاف ہورہا ہے، لیکن کسی کا عمل تو حجت (دلیل) نہیں، جب کوئی تدبیر (وطریقہ) تدابیرِ منصوصہ (قرآن وحدیث میں بیان کردہ طریقوں) کے خلاف اختیار کی جاوے گی، اس کو تو ممنوع (اور ناجائز) ہی کہا جاوے گا، بالخصوص (خصوصاً) جبکہ وہ فعل عبث، یا مضر (بیکار یا نقصان دہ) بھی ہو، تو اس کی حرمت (اور ناجائز ہونے) میں پھر کیا شبہ ہوسکتا ہے، وہاں تو (فقہ کے مشہور قاعدہ) ''اَلضَّرُوْرَاتُ تُبِیْحُ الْمَحْظُوْرَاتِ'' (کہ ضرورت اور مجبوری کے وقت ممنوع کام بھی جائز ہوجاتے ہیں) کا شبہ بھی نہیں ہوسکتا، مثلاً ہڑتال ہے، جلوس ہیں، ان میں وقت کا ضائع ہونا، روپیہ کا صرف ہونا، حاجت مندوں لوگوں کو تکلیف ہونا، نمازوں کا ضائع ہونا (پتھراؤ، آتشزدگی، سڑکوں پر رکاوٹیں کھڑی کرنا، غیر شرعی نعرے اور بیان بازی وغیرہ) کھلے مفاسد ہیں، تو یہ افعال کیسے جائز ہوسکتے ہیں؟ ایک صاحب نے عرض کیا کہ اگر نیت امدادِ حق (یعنی حق کی مدد کرنے) کی ہو (تو کیا پھر بھی یہ کام جائز نہ ہوگا، اس کے جواب میں) فرمایا کہ (پہلی بات تو یہ ہے کہ) ان باتوں سے حق کو کوئی امداد نہیں پہنچتی، دوسرے نامشروع فعل (غیر شرعی کام اچھی) نیت سے مشروع (شرعی) نہیں ہوجاتا، یہ تو محض جاہ طلبی (یعنی دوسروں کی نظروں میں اپنی قدر ومنزلت کو بڑھانا) ہے کہ جلسے ہورہے ہیں، جلوس نکل رہے ہیں، گلوں میں ہار پڑ رہے ہیں، اور یہ سب بددینوں ہی سے سبق حاصل کئے ہیں اور سب یورپ ہی کی تقلید ہے (چنانچہ اسلام میں ان چیزوں کا ثبوت نہیں) اور مزاحاً فرمایا کہ ہار (مغلوبیت) تو پہلے ہی گلوگیر (گلے میں پڑا ہوا) ہے، پھر کامیابی (جیت) کہاں'' (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۵ ص ۱۵۵، ۱۵۶، ملفوظ نمبر ۱۵۱، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

اور حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ’’ الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة ‘‘ میں ہی ایک مقام پر اس بارے میں فرماتے ہیں کہ:

’’برکت تدابیرِ منصوصہ (قرآن وحدیث میں بیان کردہ طریقوں) پر عمل کرنے سے میسر ہوسکتی ہے اور یہ ہڑتال اور جلوس (واحتجاج) یہ سب یورپ ہی سے سبق حاصل کیا ہے، یہ سب انہیں کی تدابیر ہیں، جن کے خلاف تم جدّ وجہد کررہے ہو‘‘

(’’الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘ مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر۴ ص ۵۸، ملفوظ نمبر ۶۴، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: شوال ۱۴۲۳ھ)

ہم پہلے باحوالہ بیان کرچکے ہیں کہ بائیکاٹ کی اصطلاح اور اس پالیسی کی ابتداء، یورپ سے ہوئی، اور جس طرح بائیکاٹ کی اصطلاح یورپ کی ایجاد ہے، اسی طرح مورخین کے مطابق سٹرائک (Strike) بھی یورپ کی ایجاد ہے، اسی کو ہندی زبان میں ’’ہڑتال‘‘ کہا جاتا ہے، سٹرائیک کے لفظ کا استعمال، پہلی مرتبہ سن 1768ء میں اس وقت ہوا، جب لندن میں مظاہروں کی حمایت میں، بندرگاہ پر تجارتی بحری جہازوں کو مار کر، کام کرنے سے روک دیا گیا۔ اس طرح حضرت حکیم الامت کا مذکورہ موقف درست ہے۔

نیز حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ’’ الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة ‘‘ میں ایک مقام پر فرماتے ہیں کہ:

’’میں دیکھتا ہوں کہ ان نئی چیزوں میں اکثر میں نور نہیں، بلکہ ظلمت (وتاریکی) محسوس ہوتی ہے، اب یہ تحریکاتِ حاضرہ (موجودہ دور کی تحریکات، ہڑتال، احتجاج وغیرہ) ہی ہیں، ان کے سوچنے سے قلب (دل) پر ظلمت اور کدورت معلوم ہوتی ہے، جس کی وجہ یہی ہے کہ اصولِ اسلام اور احکامِ اسلام پر اس کی بنیاد نہیں، اس لئے اس میں ظلمت ہے‘‘ (’’الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘ مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر۳ ص ۲۸۰، ملفوظ نمبر ۴۷۴، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

اور حضرت موصوف **الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة**'' میں ہی ایک مقام پر فرماتے ہیں کہ:

''لوگ کہتے ہیں کہ پرانی باتوں کو چھوڑ دینا چاہئے، اب زمانہ ترقی کر رہا ہے، نئی باتیں اختیار کرنا چاہئے، صاحب پرانی باتوں میں نور ہے، برکت ہے۔

اور پرانی تو زمین بھی ہے، آسمان بھی ہے، ان کو بھی چھوڑ دو، اور خود اپنا وجود بھی تو پرانا ہو گیا، اس کو بھی چھوڑ دو، کیا لغو باتیں ہیں'' (''الافاضات الیومیة من الافادات القومیة''، مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۴ ص ۳۳، ملفوظ نمبر ۳۲، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: شوال ۱۴۲۳ھ)

## الافاضاتُ الیومیة کا بارہواں حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ نے مسلمانوں کو ان تحریکات کے بجائے دو کاموں کے کرنے پر بہت زور دیا ہے، ایک تو نیک ہونے پر، جس میں احکامِ الٰہی کی اتباع کرنا، اللہ سے دعاء اور توبہ واستغفار کرنا، اور صبر کرنا، سب داخل ہیں، دوسرے مسلمانوں کو متحد ہونے پر۔

اور ان دونوں باتوں کا خلاصہ نیک اور ایک ہونا ہے۔

چنانچہ حضرت موصوف ''**الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة**'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں کہ:

''اگر مسلمان اصولِ صحیحہ اور احکامِ شرعیہ کا اتباع کریں، تو ساری دنیا بھی مل کر ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی، میں ایک مرتبہ ریل میں سفر کر رہا تھا، اسی ڈبہ میں چند دیہاتی مسلمان بیٹھے ہوئے تحریکاتِ حاضرہ کے متعلق آپس میں گفتگو کر رہے تھے اور اپنی اپنی کہہ رہے تھے، میں بھی سن رہا تھا، ایک ان میں سے خاموش بیٹھا سن رہا تھا، جب سب اپنی اپنی کہہ چکے، تو وہ شخص بولا اپنی اپنی تو تم کہہ چکے، اب میری بھی سن

لو، کیوں اتنے بکھیڑے کئے، اگر مسلمان دو باتوں کی پابندی کرلیں، ساری دنیا ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی، ایک بولا کہ بتلاوہ کیا بات ہے؟ کہتا ہے کہ ایک رہو، اور نیک رہو، دیکھیں پھر کوئی کیا بگاڑ سکتا ہے، کیسی عجیب بات کہہ گیا، آبِ زَر سے لکھنے کے قابل ہے، دو جملوں میں تمام احکامِ شرعیہ کا خلاصہ بیان کر گیا''

(''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۵ ص ۳۶۲، ملفوظ نمبر ۴۱۵، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

اسی سلسلہ میں حضرت موصوف دوسرے مقام پر فرماتے ہیں کہ:

''یہ وقت مسلمانوں کی غفلت کا نہیں، مگر مشکل تو یہ ہے کہ اگر مسلمان غفلت سے بیدار ہوتے ہیں، تو اس کے مصداق ہو جاتے ہیں ؎

اگر غفلت سے باز آیا جفا کی　　تلافی کی بھی ظالم تو نے تو کیا کی

یعنی اس بیداری میں نہ اتباع (شرعی) احکام کا ہوتا ہے، نہ باہمی اتفاق ہوتا ہے، اسی نااتفاقی کے متعلق ایک انگریز حاکم نے ایک بات خوب کہی کہ ہندوؤں کے دو دشمن، ایک مسلمان اور ایک انگریز، انگریزوں کے دو دشمن، ایک ہندو اور ایک مسلمان اور مسلمانوں کے تین دشمن، ایک ہندو، ایک انگریز، ایک خود مسلمان

(ملفوظات الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ جلد نمبر ۲ ص ۲۶۱ ملفوظ نمبر ۳۷۹)

نیز ایک مقام پر حضرت موصوف اسی کی مزید وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

''ایک نئی روشنی والے صاحب نے مجھ سے کہا تھا کہ آپ اس تحریک میں کیوں شریک نہیں ہوتے، میں نے کہا کہ یہ کام موقوف ہے قوت پر، اور قوت موقوف ہے بقاءِ اتفاق (مسلمانوں کے باہمی اتفاق واتحاد کے موجود ہونے) پر، خواہ وحدتِ ارادیہ ہو، یا وحدتِ قہریہ ہو (یعنی خواہ اپنے اختیار وارادہ سے سب متحد ومتفق ہوں یا پھر کسی طاقت کے زور پر مثلاً حکمران کے قانون اور امیر عادل کی وجہ سے متحد ومتفق ہوں) اور یہ ہم میں مفقود (غیر موجود

ہے) اور جب تک یہ نہ ہو کام نہیں ہوسکتا۔ دوسرے یہ کہ میں ان اصولِ مخترعہ (من گھڑت طریقوں) کا کاربند نہیں ہوسکتا، اصولِ شرعیہ کے ماتحت رہ کر کام کرسکتا ہوں اور اسی کو تم لوگ روڑے اٹکانا سمجھتے ہو حتیٰ کہ اس وقت یہ کہا جاتا تھا کہ یہ مسائل کا وقت نہیں، کام کا وقت ہے، حالانکہ ہر کام کے کچھ شرائط اور اصول ہوتے ہیں۔ دیکھو نماز جیسی بڑی چیز مگر حدود اور قیود (حد بندیوں اور پابندیوں) سے وہ بھی خالی نہیں''

(''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۳ ص ۲۶۰، ملفوظ نمبر ۴۲۴، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا تیرہواں حوالہ

حضرت حکیم الامت ''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''غرض تدابیر کی تاثیر موقوف ہے، مشیت پر اور مشیات مسلمان کے لئے موقوف ہے (اللہ کی) رضا پر، اس لئے کہتا ہوں کہ بدون حق جل علیٰ شانہٗ کو راضی کیے ہوئے اور مشروع تدابیر (شرعی طریقوں) کو اختیار کیے ہوئے، مسلمانوں کو فلاح اور بہبود میسر ہونا محال (ناممکن) ہے، اس کا صرف ایک ہی علاج ہے، جو میں تم کو بتلا چکا ہوں کہ اللہ اور رسول کو راضی کرنے کی فکر اور مشروع تدابیر (یعنی شرعی طریقوں) کو اختیار کرو، اپنے دوست، دشمن کو پہچانو، سلیقے اور طریقے سے کام کرو اور جو کام بھی کرو، متحد ہو کر کرو، ہر مسلمان دوسرے مسلمان سے اپنے کو چھوٹا سمجھے اور یہ چھوٹا سمجھنا ہی صورت اتفاق کی ہے اور آج کل کی یہ ساری خرابیاں بڑے بننے کی ہیں اور یہ سب ضروری تفصیل ہے، تدابیرِ مشروعہ (شرعی طریقوں) کی، ان کو اختیار کرو، پھر ان شاء اللہ تعالیٰ فتح اور نصرت تمہاری لونڈی غلام (کی طرح ماتحت

)بن کر تمہارے ساتھ ہوگی، کیا تم نے اپنے سلف (بڑوں) کے کارنامے نہیں سنے کہ مادیات کا ان کے پاس نام ونشان نہ تھا، ہر طرح کی بے سروسامانی تھی، مگر بڑے بڑے قیصر وکسریٰ اور بڑی بڑی جماعتیں منظّم غیر مسلم اقوام کی ان سے لرزاں اور ترساں (خائف) تھیں، آخر کیا چیز ان کے پاس تھی؟ وہ صرف ایک ہی چیز تھی، جس کا نام تعلق مع اللہ ہے، اُن کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ صحیح تعلق تھا، بس سب اس کی برکت تھی۔

ہمارے اندر اسی کی کمی ہے، اس لئے ذلیل اور خوار ہیں، حق تعالیٰ فہمِ سلیم عطاء فرمائیں کہ صحیح طریق پر چلیں اور دارین کی فلاح پر فائز ہوں (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ''، مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۵ ص ۱۱۴، ملفوظ نمبر ۱۱۶، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا چودھواں حوالہ

حضرت حکیم الامت ''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''مسلمانوں کا سوائے خدا کی ذات کے اور کوئی حامی اور مددگار نہیں اور ان کو اور کسی کی ضرورت بھی نہیں، میں سچ عرض کرتا ہوں کہ اگر مسلمانوں میں نظم ہو اور دین ہو (یعنی مسلمان نیک اور ایک ہوں) تو تمام دنیا کی غیر مسلم اقوام اس ضعف (کمزوری) کی حالت میں بھی ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، لیکن مسلمان ویسے تو بہت کچھ گڑبڑ کرتے ہیں، مگر جو اصل تدبیر ہے اور کام کی تدبیر ہے، جس سے پہلوں کو کامیابی میسر ہو چکی ہے، وہ نہیں کرتے، وہ تدبیر یہ ہے کہ اپنے خدا کو راضی کرنے کی فکر کریں۔

اب تو بڑی تدابیر، ان مشرکوں (کافروں) کی تعلیم (اور طریقوں) پر عمل کرنا ہے، ان (کافروں) کو لوگ عاقل سمجھتے ہیں، بھلا ایسا شخص کیا عاقل ہوگا، جس کو انجام (وآخرت) کی خبر نہیں، اگر ایسے لوگ عاقل ہوتے، تو آخرت کی فکر کرتے، پہلے ایمان لاتے، ہاں آ کل (یعنی کھانے پینے والے) ہیں، روپیہ اور ملک کی فکر ہے، سو ایسے پہلے بھی بڑے بڑے گزر چکے، جو خدائی تک کا دعویٰ کر گئے، شداد، نمرود، فرعون، قارون، وہ کون چیز ہے جو (ان میں) نہ تھی، جس کے نہ ہونے سے بدعقل اور بدفہم کہلائے، بس یہی دین نہ تھا، تو ان (موجودہ) لوگوں کو تو دنیا میں اتنی ثروت (عیش وآرام اور مال دولت کی فراوانی) نصیب نہیں، جیسے پہلوں کو نصیب ہو چکی۔

كَمَا قَالَ تَعَالٰى : وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَا اِنْ مَّكَّنَّاكُمْ (الآیۃ)

(اور ہم نے ان لوگوں کو ان باتوں میں قدرت دی تھی کہ تم کو ان باتوں میں قدرت نہیں دی)

مگر ان کا جو انجام ہوا "خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةُ" (دنیا وآخرت کی ذلت ورُسوائی) وہ اظہر من الشمس (سورج سے بھی زیادہ ظاہر) ہے" ("الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ" مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، ج ا ص ۳۱۵، ۳۱۶، ملفوظ نمبر ۱۱۸، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا پندرہواں حوالہ

حضرت حکیم الامت "الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ" میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

"خیر القرون میں دو ہی صورتیں تھیں کہ قوت کے وقت مقابلہ اور عدمِ قوت (قوت نہ ہونے) کے وقت صبر، اس کے سِوا سب من گھڑت تدابیر ہیں، اس لیے ان میں خیر و برکت نہیں ہوسکتی اور جب خیر و برکت نہ ہو اور مسلمان ظاہراً کامیاب بھی

ہوجائیں، تو اس کامیابی پر کیا خوشی، جو اللہ اور رسول کی مرضی کے خلاف تدابیر اختیار کرکے کامیابی حاصل کی جائے اور حسی (ظاہری) کامیابی کا ہوجانا، تو کوئی کمال کی بات نہیں، اس لیے کہ ایسی کامیابی کافروں کو بھی ہوجاتی ہے اور مسلمانوں کی اصل کامیابی تو وہ ہے کہ چاہے، غلامی ہو، مگر خدا راضی ہو اور اگر حکومت ہوئی اور اُن کی مرضی کے خلاف ہوئی، وہ راضی نہ ہوئے، تو فرعون کی حکومت اور تمہاری حکومت میں کیا فرق ہوا۔ بس ان کے راضی کرنے کی فکر کرو، ان سے صحیح معنیٰ میں تعلق کو جوڑو، احکام اور احکامِ اسلام کی پابندی کرو، ان بتوں (یعنی اللہ ورسول کے خلاف طریقوں) کا اتباع تو بہت دن کرکے دیکھ لیا، اب خدا کے سامنے سر رکھ کر اور اس سے اپنی حاجت اور ضروریات کو مانگ کر بھی دیکھ لو کہ کیا ہوتا ہے؟ (''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۵ ص ۱۹۵، ۱۹۶، ملفوظ نمبر ۱۹۰، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا سولہواں حوالہ

حضرت حکیمُ الامت ''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''جو اصلی تدبیر ہے، اس کی طرف اس وقت تک بھی کسی کو خیال نہیں، وہ یہ ہے کہ اپنے اعمال کی اصلاح میں لگ جائیں، اگر ایسا کریں، تو چند روز میں ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے دشمن خائف ہوجائیں اور مخترع (منگھڑت) طریقوں کے متعلق فرمایا کہ ایسے وقت میں شریعت میں دو ہی صورتیں ہیں، قوت کے وقت مقابلہ، اور عجز کے وقت صبر۔

خدا معلوم یہ تیسری صورت بخوشی گرفتار ہوجانے کی کہاں سے نکالی ہے؟

(''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ''مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ا ص ۳۲، ملفوظ نمبر ۸، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۴۲۳ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا سترہواں حوالہ

حضرت حکیمُ الامت ''الافاضاتُ الیومیۃ من الافادات القومیۃ'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''میں بقسم عرض کرتا ہوں کہ مسلمانوں کی ترقی اور فلاح و بہبود صرف اللہ اور رسول کے احکام کی اتباع ہی میں ہے اور اتباع نہ ہونے سے یہ حالت ہو رہی ہے''

(''الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ''مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، ج ۸، ص ۳۰۰، ملفوظ نمبر: ۳۹۲، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: ربیع الاول ۱۴۲۸ھ)

## الافاضاتُ الیومیۃ کا اٹھارہواں حوالہ

حضرت حکیم الامت ''الافاضاتُ الیومیۃ'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''اگر مقصود ترقی ہے اور چاہتے ہو کہ قوم کی فلاح اور بہبود کا سامان ہو، اور اسی کے لئے تم یہ سب کچھ کر رہے ہو، تو عقل کے دشمنو، جیسے تم یہ مخترع (من گھڑت) تدابیر اختیار کر رہے ہو، اور تجربہ سے غلط ثابت ہو رہی ہیں، آخر خدا اور رسول کی بتلائی ہوئی تدابیر سے تم کو کیوں ضِد اور نفرت ہے اور ان کو کیوں نہیں اختیار کرتے، چند روز کے لئے ان کو بھی تو باعتقادِ دین نہیں، بلکہ تدابیر ہی کا درجہ سمجھ کر، اختیار کر کے تو دیکھ لو، یعنی اگر اس خیال سے اختیار کرنے کی ہمت نہ ہو کہ ان کا دین میں کیا درجہ ہے اور اس پر خدا اور رسول کی خوشنودی ہوگی، تو محض بطور امتحان ہی کے کر کے دیکھ لو، اسی کو مولانا (روم) فرماتے ہیں:

سالہا تو سنگ بودی دل خراش　　آزمور ایک زمانے خاک باش

بہت دن بتوں کی پرستش کرتے ہوئے ہوگئے، سِوائے ذلت اور خواری کے کچھ پلّے نہ پڑا، اب ذرا خدا کو راضی کر کے اور ان کے سامنے ناک ماتھا رگڑ کر دیکھ لو۔

میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ چند روز میں کایا پلٹ ہو جائے گی اسی کی تعلیم ہے ؎

چند خوانی حکمتِ یونانیاں حکمتِ ایمانیاں را ہم بخواں

اور وجہ اس کی یہ ہے کہ یہ بات تحقیق کو پہنچ چکی ہے کہ بدون مشروع تدابیر کے (یعنی شرعی تدبیروں کے) اختیار کیے ہوئے، مسلمانوں کی فلاح اور بہبود مشکل بلکہ محال (ناممکن) ہے، اور یہ میرا دعویٰ بلا دلیل نہیں اور دلیل بھی ایسی کہ جس کا تم مشاہدہ کر رہے ہو کہ اس وقت تک غیر مشروع تدابیر (غیر شرعی طریقوں کے) اختیار کرنے پر تم کو ناکامی ہی ناکامی رہی، بھلا غیر مشروع تدابیر (یعنی غیر شرعی طریقوں) میں خیر و برکت کہاں؟ کیونکہ سب اسباب تو انہی کے قبضۂ قدرت میں ہیں، بدون (بغیر) ان کی مشیت کے نِری تدابیر و اسباب سے ہوتا کیا ہے، اسی کو مولانا (روم) فرماتے ہیں: ؎

خاک و باد و آب و آتش بندہ اند با من و تر امردہ با حق زندہ اند

(خاک، ہوا، پانی، آگ سب خدا کے بندے ہیں، ہمارے تمہارے سامنے مردہ ہیں، مگر حق تعالیٰ کے سامنے زندہ ہیں)

اور ان کی مشیت اہلِ ایمان کے لئے عادتاً بدون (بغیر) رضا کے ہوتی نہیں، پھر کامیابی کہاں؟ اگر تم نے یہ طریقہ اختیار نہ کیا، تو تمہاری ان تدابیرِ غیر مشروع (غیر شرعی طریقوں) پر یہ حالت ہوگی کہ بجائے کسی بہبود اور فلاح (کامیابی و کامرانی) کے خسارہ ہی خسارہ (ناکامی اور نقصان ہی) ہوگا" ("الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ"، مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۵ ص ۱۱۲، ۱۱۳، ملفوظ نمبر ۱۱۶، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

پھر سب نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ اس وقت سے لے کر آج تک مسلمان پے در پے آزمائشوں کا شکار ہیں۔

# الافاضاتُ الیومیة کا انیسواں حوالہ

حضرت حکیمُ الامت ''الافاضاتُ الیومیة من الافادات القومیة'' میں ایک مقام پر فرماتے ہیں:

''میں اپنے دوستوں کو بھی مشورہ دیتا ہوں اور خود بھی اس پر عامل (کاربند) ہوں کہ حق تعالیٰ سے اپنی بہبود اور فلاح کی دعاء کریں اور یہ بڑا عمل ہے اور اس سے بڑا عمل یہ ہے کہ خدا کے راضی کرنے کی فکر میں لگ جائیں، اگر مسلمان ایسا کریں، تو چند روز میں انشاء اللہ کایا پلٹ ہو جائے، حقیقی مالک، مُلک کے حق تعالیٰ ہی ہیں، تو مُلک جن کی مِلک ہے، انہیں سے مانگو اور اس کا صحیح طریق یہی ہے کہ ان کو راضی کرو۔ اور راضی کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ گزشتہ نافرمانیوں سے تائب ہو کر آئندہ کے لئے عزم (پختہ ارادہ) اعمالِ صالحہ کا کرو، دیکھو پھر کیا ہوتا ہے، کیونکہ تدابیر بھی، وہی ذہنوں میں پیدا فرماتے ہیں اور پھر ان تدابیر کو مؤثر بھی وہی بناتے ہیں، تو ان کو راضی رکھنے سے تدبیریں بھی صحیح اور مؤثر سمجھ میں آتی ہیں اور یہ بات یقین کے درجہ کی ہے کہ اگر مسلمان ایسا کریں، تو ان کے تمام مصائب اور آلام ختم ہو جائیں، یہ مصائب کا سامنا خدا کو ناراض کرنے ہی کی بدولت ہو رہا ہے۔ اور جو تدابیر اس وقت اختیار کر رکھی ہیں، چونکہ ان کا اکثر حصہ غیر مشروع (غیر شرعی) ہے، اس لئے بجائے کسی کامیابی کے اور اُلٹی ذلت اور ناکامی گلوگیر ہو جاتی ہے، لوگ کہتے ہیں کہ (انگریزوں کی) شروع سلطنت کے زمانہ میں اس کا مشورہ ہوا تھا کہ ہندوستان کو نکما بنانا چاہئے اور اس کی تدبیر یہ نکلی کہ مذہبی حمیت (اپنے مذہب کی غیرت) کو برباد کر دینا چاہئے، بس میں اسی حمیت (مذہبی غیرت) کو کہتا ہوں کہ اپنے اندر پیدا کرو، لیجئے، کیا اثر ہوتا ہے۔

اس وقت کثرت سے لوگوں کو مذہب سے بے گانہ کردیا گیا ہے، یہ نہایت باریک حربہ ہے، بس اس کے مقابلہ میں کرنے کا کام یہ ہے کہ مذہب کی اہمیت قلوب (دلوں) میں پیدا کی جائے، مگر مشکل یہ ہے کہ جو کام کرنے کے ہیں، ان کو تو مسلمان کرتے نہیں، دوسرے جھگڑوں اور قصوں میں پڑ کر اپنا مال اور اپنی جان، اپنا وقت برباد کررہے ہیں، حقیقی تدابیر سے بھاگتے ہیں۔

صاحبو! اگر اعتقاد سے نہیں کرتے، تو آزمانے ہی کے طریق پر کرکے دیکھ لو، اسی کو (مولانا روم رحمہ اللہ) فرماتے ہیں۔

سالہا تو سنگ بودی دل خراش　　آزموں رایک زمانے خاک باش

(برسوں تک تو سخت پتھر بنا تا رہا، آزمائش کے لئے کچھ روز خاک ہو کر بھی دیکھ)

ان رسمی تدابیر کو چھوڑو! برسوں کرکے دیکھ لیں، خاک نہ ہوا۔

اب ذرا خاک میں سر رکھ کر بھی دیکھ لو، حکمتِ یونانی کا نسخہ تو بہت زمانہ تک استعمال کرلیا، اب حکمتِ ایمانی بھی استعمال کرکے دیکھ لو، انشاء اللہ تعالیٰ تمام امراض کافور ہوجائیں گے۔

اور میں تدابیرِ ظاہرہ کا مخالف نہیں ہوں، بشرطیکہ غیر مشروع (غیر شرعی) نہ ہوں، شکایت تو اس کی ہے کہ تدابیرِ ظاہری کے اس قدر پیچھے کیوں پڑ گئے کہ حقیقت سے بھی دور جا پڑے، اس لئے ضرورت ہے کہ اب طبِ ایمانی (ایمانی علاج ومعالجہ کا) نسخہ استعمال کرو (مولانا روم رحمہ اللہ) فرماتے ہیں۔

چند خوانی حکمتِ یونانیاں　　حکمتِ ایمانیاں را ہم بخواں

(یونانیوں کی حکمت کب تک پڑھو گے، ایمان والوں کی حکمت بھی پڑھ لو)

خلاصہ یہ ہے کہ طبیبِ جسمانی کی تدابیر پر تو عمل کرچکے اور اس کا نتیجہ بھی دیکھ چکے اب طبیبِ روحانی، یعنی جناب رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمائے ہوئے

نسخوں پر عمل کر کے دیکھو، کیونکہ یہ مرض، ان طبیبانِ ظاہری کی سمجھ سے باہر ہے تو ان کی تدبیر کیسے کافی ہوگی، اسی کی نظیر میں مولانا (رومی رحمہ اللہ) فرماتے ہیں:

گفت ہر دارد کہ ایشان کردہ اند　　آن عمارت نیست ویران کردہ اند

بیخبر بودند از حالِ دروں　　استعیذاللہ ممایفترون

(مردِ غیبی نے کہا کہ جو دوا، اِن لوگوں نے کی ہے، وہ مرض کو بڑھانے والی تھی، تندرست کرنے والی نہ تھی، وہ لوگ اندرونی حالت سے بے خبر تھے جو دوائیں وہ گھڑ رہے تھے، ان سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں)

دیکھئے صحابۂ کرام کی جمعیت (وتعداد) کچھ ایسی زائد نہ تھی، مادی اسباب پاس نہ تھے، مگر طبیبِ روحانی کے نسخوں پر ان کا عمل تھا، دیکھ لو کیا سے کیا کر کے دکھا گئے۔

یرموک (کی جنگ) میں جب اول روز لشکرِ اسلام کے مقابلہ میں جبلہ بن ایہم غسانی ساٹھ ہزار لشکر لے کر آیا ہے، تو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اس کے مقابلہ میں اول تیس آدمی، پھر دوسروں کے کہنے سننے سے ساٹھ آدمی منتخب کر کے میدان میں لے گئے، جبلہ یہ سمجھا کہ خالد بن ولید صلح کے لئے آئے ہیں، وہ دیکھ کر ہنسا، حضرت خالد بن ولید نے اعلانِ جنگ کر دیا، شام تک تلوار چلی، کفار کی ساٹھ ہزار جمعیت کو ہزیمت ہوئی اور میدان چھوڑ کر بھاگے، صحابہ میں سے پانچ یا چھ تو شہید ہوئے اور پانچ گرفتار ہوئے، جب لاشیں بھی نہیں ملیں، جب گرفتاری کا گمان ہوا، تو چھ لاکھ کے لشکر میں جو باہان ارمنی کے زیرِ کمان تھا، ان کے چھوڑانے کے لئے سو سپاہیوں کے ساتھ تشریف لے گئے اور باھان کی اطلاع واجازت کے جب آگے بڑھے، تو تخت کے قریب دیبا وحریر (ریشم) کا فرش تھا، حضرت خالد بن ولید نے ساتھیوں سے فرمایا کہ اس کو الٹ دو، باہان ارمنی نے کہا کہ میں نے تو آپ کی عزت کی اور حریر (ریشم) کا فرش بچھانے کا حکم دیا، آپ

نے اس کی کچھ قدر نہ کی، آپ نے فرمایا کہ: ’’**والارض فرشنٰھا فنعم الماھدون**‘‘ خدا کا فرش تیرے فرش سے اچھا ہے، باہان ارمنی نے کہا کہ ہم اور تم بھائی بھائی ہو جائیں، حضرت خالد بن ولید نے فرمایا کہ اسلام قبول کر لے، ہم اور تو بھائی بھائی ہو جائیں گے اور اگر اسلام قبول نہ کرے گا، تو وہ دن مجھ کو قریب نظر آتا ہے کہ تیری گردن میں رسی ہوگی اور لوگ کھینچ کر تجھ کو امیر المؤمنین کے سامنے کھڑا کریں گے۔

یہ سن کر باہان ارمنی آگ ہو گیا اور حکم دیا کہ ان کو پکڑو، حضرت خالد بن ولید نے تلوار کھینچ کر ساتھیوں کی طرف دیکھ کر فرمایا کہ تم بھی تیار ہو جاؤ، اور اس کی جرار کرار فوج کی طرف نظر نہ کرو، اور اس وقت آپس میں ایک دوسرے کو نہ دیکھو، اب ان شاء اللہ آبِ کوثر پر ملاقات ہوگی، بس باہان ڈھیلا ہو گیا، اور کہنے لگا کہ میں تو ہنستا تھا۔

تو یہ کیا چیز تھی، وہی حمیتِ مذہبی تھی، بس اعداءِ دین (دشمنانِ دین) تدابیر سے اس کو مٹانا چاہتے ہیں اور اس کا یہ اثر ہوا کہ اب خود لوگ اپنا مذہب چھوڑ دینے پر آمادہ ہیں‘‘ (’’الافاضات الیومیۃ من الافادات القومیۃ‘‘ مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۵ ص ۵۰ تا ۵۳، ملفوظ نمبر ۴۵، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان)

## اسعدُ الابرار کا حوالہ

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ ’’**اسعدُ الابرار**‘‘ میں فرماتے ہیں:

’’آج کل لوگ دن رات ترقی ترقی پکارتے ہیں، مگر ترقی کا جو صحیح راستہ ہے، اس سے دور ہوتے جاتے ہیں، ان نام نہاد لیڈروں کے قلوب (دلوں) میں یہ خیال روز بروز راسخ ہوتا جا رہا ہے کہ مسلمانوں کی ترقی بھی انہیں اصول وضوابط سے ہو سکتی

ہے، جن سے دوسری اقوام، اِس زمانہ میں ترقی کررہی ہیں، حالانکہ یہ قیاس، قیاس مع الفارق (غلط قیاس) ہے، کیونکہ مسلمانوں کی حقیقی ترقی تو وہ ہے، جس میں اعلائے کلمۃ اللہ ہو، دین کا بول بالا ہو، اسلام کا عروج ہو، اور ظاہر ہے کہ یہ ترقی اسلامی اصول وضوابط ہی کی پابندی سے ہوسکتی ہے، ان کو چھوڑ کر دوسری اقوام کی پیروی سے مسلمانوں کی ترقی ناممکن ہے، غیر قوموں پر قیاس کرنا، بالکل صحیح نہیں، کیونکہ ان کے نزدیک تو دنیاوی دولت ہی کا نام ترقی ہے..... لیڈر مسلمانوں کی ترقی کو دیگر قوم کی ترقی پر قیاس کررہے ہیں، لیکن اگر مسلمان نے غیر مسلم کا طریقہ اختیار کیا، تو اور گڑھے میں گرے گا، اور رہی سہی بھی کھو بیٹھے گا، ہاں غیر مسلم اس طریقہ سے ترقی اختیار کرسکے گا..... یقین کیجئے مسلمانوں کی ترقی اور فلاح رضائے الٰہی کے ساتھ وابستہ ہے، بغیر رضائے الٰہی ہر قسم کی ترقی تنزل ہے، اور رضائے الٰہی کا حصول، اسلام ہی کی پابندی پر موقوف ہے، ہر شخص کو چاہئے کہ حتی الامکان، احکامِ شرعیہ کی ظاہراً وباطناً پابندی کرے، خدائے عزوجل کے سامنے گریہ وزاری کرے، گڑگڑائے، اس طرزِ عمل سے ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلدی مسلمانوں کی حالت روبہ اصلاح ہونے لگے گی، اور پھر ترقی مطلوب تک پہنچنا دشوار نہ رہے گا (''اسعد الابرار'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت جلد نمبر ۲۵ ص ۱۸۶، ۱۸۷، ملفوظ نمبر ۹۸ ملخصاً، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، اشاعت: شعبان ۱۴۲۲ھ)

## اسعدُ الابرار کا دوسرا حوالہ

اور حضرت موصوف نے اسعدُ الابرار میں لوگوں کے خیالات کو اس طرح بیان کیا ہے کہ:

''اب تو لوگوں کا یہ عقیدہ ہی نہیں رہا کہ ایمان، اخلاص اور اعمالِ صالحہ کو نصرت، فلاح اور ترقی میں دخل ہے۔

آج کل تو خدا اور رسول کو چھوڑ کر یہ دیکھا جاتا ہے کہ دوسری قومیں کس طرح ترقی کر رہی ہیں۔

حالانکہ اپنی ترقی کو کفار کی ترقی پر قیاس کرنا، قیاس مع الفارق (غلط قیاس) ہے، اس کو ایک مثال میں سمجھئے، ایک بھنگی عطر فروشوں کے بازار میں بے ہوش ہو کر گر پڑا، وہ لوگ اپنی عادت کے موافق اس کو عطر سونگھانے لگے، لیکن وہ ہوش میں نہیں آیا، اتفاقاً ایک دوسرے بھنگی کا ادھر گزر ہوا، اس نے کتے کا پاخانہ سونگھایا، اور وہ فوراً ہوش میں آ گیا۔

اب اگر کوئی شخص اس بھنگی کے ہوش میں آنے کی تدبیر کو علی الاطلاق (عمومی انداز میں) مفید سمجھ لے اور عطر سونگھانے کے طریقہ کو غیر مفید سمجھ کر چھوڑ دے، پھر اسی بھنگی کے نسخہ کو کسی نفیس مزاج لطیف طبع انسان پر استعمال کرے، تو نتیجہ یقیناً ناکامی کی شکل میں ظاہر ہوگا، وہ ہوش میں تو کیا آئے گا اور اس کی بے ہوشی وامراضِ دماغی میں اضافہ ہوگا، یہ تو عمدہ اور بیش بہا **خلخوں** (دماغ کو تقویت دینے والے خوشبودار چیزوں کے مجموعہ) ہی کے سونگھانے سے ہوش میں آئے گا۔

بس ایسے ہی مسلمان کفار کے طریقوں سے راہِ ترقی پر گامزن نہ ہوسکیں گے۔ مسلمانوں کی ترقی اور فلاح کا راز اعمالِ صالحہ اور احکامِ شرعیہ پر عمل کرنے میں مضمر (پوشیدہ) ہے، لہٰذا اس پر مداومت کیجئے اور رحمتِ خداوندی سے ثمرات ونتائج کے امیدوار رہئے'' (''اسعد الابرار'' مشمولہ: ملفوظاتِ حکیم الامت، جلد نمبر ۲۵، ص ۲۰۶ و ۲۰۷، ملفوظ نمبر ۱۲۲، ناشر: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، اشاعت: شعبان ۱۴۲۲ھ)

## وعظ ''محاسنِ اسلام'' کا حوالہ

حضرت موصوف اپنے وعظ ''محاسنِ اسلام'' میں فرماتے ہیں:

’’جو طریقہ کفار کے لیے حصولِ عزت کا ہے، مسلمان کے لیے وہ طریقہ نہیں ہے۔ مسلمان کبھی دوسری قوموں کی اتباع کر کے ترقی نہیں کرسکتا، اگر وہ مسلمان ہے۔ مسلمان کی ساری عزت اسی میں ہے کہ وہ اپنے طریقہ پر قائم رہے اور کسی حال میں احکامِ شریعت سے تجاوز نہ کرے، اسی سے فلاح ہوتی ہے، گو سامان کم ہو اور اس کے خلاف میں فلاح نہیں، گو سامان زیادہ ہو۔

دیکھیے! اس کی تائید میں ایک باریک نکتہ بتلاتا ہوں، وہ یہ کہ مسلمانوں کو مکہ میں رہتے ہوئے قتال کی اجازت نہیں ہوئی، مدینہ میں پہنچ کر اجازت ہوئی، اس کی کیا وجہ ہے؟ ظاہر میں یہ سمجھتے ہیں کہ قلتِ جماعت وقلتِ اسباب (یعنی افراد واسباب کی کمی) اس کا سبب تھا۔

یہ خلافِ تحقیق ہے؛ کیونکہ مدینہ ہی میں پہنچ کر کیا جماعت بڑھ گئی تھی؟ کفار کا پھر بھی غلبہ تھا، مدینہ کی جماعت تمام عرب کے مقابلے میں کیا چیز تھی؟ بلکہ اگر یہ دیکھا جائے کہ تمام کفارِ عالَم کے مقابلے میں یہ اجازت ہوئی تھی، تب تو مدینہ کیا سارا عرب بھی قلیل تھا، اسی طرح مدینہ پہنچ کر سامان میں کیا زیادتی ہوگئی تھی؟ کفار ہمیشہ ساز وسامان سے مقابلہ کرتے تھے، اور مسلمانانِ مدینہ کی یہ حالت تھی کہ بعض مواقع میں ایک ایک سواری میں سات آٹھ آدمی شریک ہوتے تھے، بعض دفعہ چند آدمیوں میں ایک ہتھیار مشترک ہوتا تھا، پس یہ کہنا بالکل واقع کے خلاف ہے کہ مدینہ میں جا کر جماعت وسامان کی زیادت اس اجازت کا سبب ہوئی۔

نصوص سے خود معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کی جماعت، کفار کے مقابلے میں اکثر مواقع میں اس قدر کم ہوتی تھی کہ ملائکہ کا جوڑ لگایا جاتا تھا۔

چنانچہ ارشاد ہے:

"وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا"

اور ارشاد ہے:

بَلٰٓى اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ (سورۃ آلِ عمران آیت نمبر ۱۲۵)

اور یہ صورت ملائکہ کی مکہ میں رہتے ہوئے بھی ممکن تھی، مگر پھر بھی اس صورت کو اختیار کرکے، وہاں اجازت نہ دی گئی، تو اس کی کوئی اور وجہ بتلانی چاہیے، اہلِ ظاہر اس کی شافی وجہ نہیں بتلا سکتے۔

محققین نے فرمایا ہے کہ اصل بات یہ تھی کہ مکہ میں عام مسلمانوں کے اندر اخلاقِ حمیدہ، اخلاص وصبر وتقویٰ وغیرہ کامل طور پر راسخ نہ ہوئے تھے، اس وقت اگر اجازت قتال کی ہوجاتی، تو سارا مقابلہ جوشِ غضب وانتقام للنفس کے لیے ہوتا، محض اخلاص واعلاءِ کلمۃُ اللہ کے لیے نہ ہوتا، اور اس حالت میں وہ اس قابل نہ ہوتے کہ ملائکہ کی جماعت سے اُن کی امداد کی جائے، اور حمایتِ الٰہی اُن کے شاملِ حال ہو۔ چنانچہ آیتِ مذکورہ میں:

بَلٰى اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا

کی شرط بتلا رہی ہے کہ حمایتِ الٰہی اُسی وقت متوجہ ہوتی ہے، جبکہ مسلمان صبر وتقویٰ میں راسخ ہوں (اور تقویٰ کے معنیٰ ہیں:

احتراز عمانهى الله عنه، و امتثال ماأمر به

جس میں اخلاص اور احتراز عن الرياء وعن شائبة النفس بھی داخل ہے)

اور مدینہ میں پہنچ کر یہ اخلاق راسخ ہوگئے تھے۔

مہاجرین کو مکہ میں رہنے کی حالت میں کفار کی ایذاء پر صبر کرنے سے نفس کی مقاومت سہل ہوگئی، نیز قوتِ غضبِ نفسانی، ضعیف، بلکہ زائل ہوگئی تھی۔

پھر ہجرت کے وقت جب انہوں نے اپنے وطن واہل وعیال ومال ودولت سب پر خاک ڈال دی، تو اُن کی محبتِ الٰہی کامل ہوگئی، اور محبتِ دنیا اُن کے قلب سے بالکل نکل گئی، انصارِ مدینہ نے مہاجرین کے ساتھ جو سلوک کیا، اس سے ان کے قلوب بھی محبتِ الٰہی سے لبریز اور محبتِ دنیا سے پاک ہوگئے تھے، چنانچہ انصار نے خوشی خوشی ان حضرات کو اپنے مکانات واموال میں شریک کرنا چاہا.....

غرض واقعۂ ہجرت سے مہاجرین وانصار دونوں کا امتحان ہوگیا، جس میں وہ کامل اُترے۔

اس کے بعد ان کو اجازتِ قتال دی گئی کہ اب جو کچھ کریں گے، محض خدا کے لیے کریں گے، جوشِ غضب اور خواہشِ انتقام وشفاءِ غیظِ نفس (نفس کے غصے کو ٹھنڈا کرنے) کے لیے کچھ نہ کریں گے، اس وقت یہ اس قابل ہوں گے کہ حمایتِ الٰہی ان کا ساتھ دے اور ملائکۂ رحمت ان کی مدد کریں۔

چنانچہ حضراتِ صحابہ رضی اللہ عنہم کے واقعات اس پر شاہد ہیں کہ وہ جو کچھ کرتے تھے، خدا کے لیے کرتے تھے، حتیٰ کہ مثنوی میں مذکور ہے کہ ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک یہودی کو معرکۂ قتال میں پچھاڑا اور ذبح کا ارادہ کیا۔ مرتا کیا نہ کرتا، اس کم بخت نے آپ کے چہرۂ مبارک پر تھوکا، اب چاہیے تھا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کو فوراً ہی ذبح کر ڈالتے، مگر تھوکنے کے بعد آپ فوراً اس کے سینے پر سے کھڑے ہوگئے، اور فوراً اسے چھوڑ دیا، وہ یہودی بڑا متعجب ہوا کہ میری اس حرکت کے بعد تو اُن کو چاہیے تھا کہ مجھے کسی طرح جیتا نہ چھوڑتے، مگر اُنہوں نے برعکس معاملہ کیا؛ آخر اُس سے رہا نہ گیا، اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کی وجہ پوچھی کہ آپ نے اگر مجھ کو کافر سمجھ کر قتل کرنا چاہا تھا، تو تھوکنے کے بعد کیوں رہا کر دیا؟.....حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

نے فرمایا کہ..... بات یہ ہے کہ اوّل جب میں نے تجھ پر حملہ کیا، تو اس وقت بجز رضائے حق کے مجھے کچھ مطلوب نہ تھا، اور جب تو نے میرے اوپر تھوکا، تو مجھے غصہ اور جوشِ انتقام پیدا ہوا، میں نے دیکھا کہ اب میرا تجھے قتل کرنا، محض اللہ کے لیے نہ ہوگا، بلکہ اس میں نفس کی بھی آمیزش ہوگی، اور میں نے نہ چاہا کہ نفس کے لیے کام کر کے اپنے عمل کو ضائع کروں، اس لیے تجھے رہا کر دیا۔

وہ یہودی یہ سُن کر فوراً مسلمان ہو گیا اور سمجھ گیا کہ واقعی یہی مذہب حق ہے، جس میں شرک سے اس درجہ نفرت دلائی گئی ہے کہ کوئی کام نفس کے لیے نہ کرو، بلکہ محض خدا کے لیے ہر کام کرو، دوستی اور دشمنی میں بھی نفس کی آمیزش سے روکا گیا ہے۔

اب ہماری یہ حالت ہے کہ جو لوگ خدمتِ اسلام کا دعویٰ کرتے ہیں، ان میں اکثر وہ لوگ ہیں، جو نفس کے واسطے کام کرتے ہیں، اپنے ذرا ذرا سے کارناموں کو اُچھالتے اور اخباروں میں شائع کرتے ہیں، احکامِ الٰہی کی پرواہ نہیں کرتے، بس ان کا مقصود یہ ہے کہ کام ہونا چاہیے، خواہ شریعت کے موافق ہو، یا مخالف، چندہ میں جائز و ناجائز کی پرواہ نہیں، صَرَف میں حلال وحرام کا خیال نہیں، پھر حمایتِ الٰہی ان کے ساتھ کیوں کر ہو؟ بلکہ اب تو یہ کہا جاتا ہے کہ میاں مسئلے مسائل کو ابھی رہنے دو، اس وقت تو کام کرنا چاہیے، بعد کو مسئلے مسائل دیکھے جائیں گے۔

"اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ"

ان صاحبوں کو یہ خبر نہیں کہ مسئلے مسائل کے بغیر تو مسلمان کو نہ دنیوی فلاح ہو سکتی ہے، نہ اُخروی، اور سب سے زیادہ اخلاصِ نیت کی ضرورت ہے، جس کا یہاں صفر ہے" (وعظ "محاسنِ اسلام" صفحہ ۳۹، تا ۴۱، ملخصاً؛ مطبوعہ: کتب خانہ اشرفیہ، دھلی)

حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے مذکورہ حوالہ جات، عبارات، اور ارشادات، پوری طرح سے دینِ اسلام کی ترجمانی کرتے ہیں، جس کے پیشِ نظر آپ کی یہ خدمت مجددانہ

کہلائی جانے کی مستحق ہے، لیکن افسوس کہ دوسرے سلسلہ کے حضرات تو ان چیزوں کو محض ایک مخصوص مسلک کی ترجمانی سمجھ کر محروم رہے، اور جو حضرات حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ کے مسلک کی طرف اپنی نسبت کرتے ہیں، انہوں نے بھی ان باتوں کو حضرت موصوف کے مخصوص مزاج ومذاق کی ترجمانی سمجھ کر نظر انداز کردیا، جبکہ حضرت موصوف کا مذکورہ عبارات میں بیان کیا گیا، موقف شریعت کا ترجمان ہے، جس میں کسی دوسرے اہلِ مسلک کے حضرات کو بھی اختلاف کرنے کی گنجائش نہیں ہونی چاہیے، چہ جائیکہ حضرت موصوف کے مسلک کی طرف نسبت کرنے والے حضرات کو شدومد کے ساتھ اختلاف کی گنجائش ہو۔

## حکیمُ الامت کے سیاسی افکار کا حوالہ

حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم ''حکیم الامت کے سیاسی افکار'' میں لکھتے ہیں:

''نتیجہ یہ ہے کہ ہماری سیاسی جدوجہد کا طرز وانداز، ہماری کوششوں کا طریقِ کار، ہماری اختیار کی ہوئی تدبیریں، تقریباً سب کی سب وہ ہیں، جو ہم نے دوسری قوموں سے مستعار لی ہیں، اور ان کو شریعت کی کسوٹی پر صحیح طریقے سے پرکھے بغیر اس غلط فہمی میں مبتلاء ہیں کہ جب ان طریقوں سے لادینی سیاست، کامیاب ہوسکتی ہے، تو اسلامی سیاست بھی کامیابی کی منزل تک پہنچ سکتی ہے۔

حالانکہ اسلامی سیاست کو لادینی سیاست پر قیاس کرنا، کھجور کے درخت کو کنویں پر قیاس کرنے کے مترادف ہے'' (حکیم الامت کے سیاسی افکار، ص ۵۰، بعنوان ''سیاسی جدوجہد اور تزکیۂ اخلاق'' ناشر: ادارۃ المعارف، کراچی، طبع جدید: ذی الحجہ ۱۴۲۰ھ، مارچ ۲۰۰۰ء)

موصوف مزید لکھتے ہیں:

''مسلمان کا کام یہ ہے کہ وہ شرعی احکام کے دائرے میں رہ کر جدوجہد کرے، اور ہر اس طریقے سے اپنا دامن بچائے، جس سے شرعی حکم کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔

مسلمان کی کامیابی کا راز، اتباعِ شریعت میں ہے، اسی پر نصرتِ الٰہی کا وعدہ ہے، لہٰذا کامیابی انشاء اللہ اسی طریقے سے ہوگی، اور اگر بالفرض کسی شرعی حکم کی پابندی کی وجہ سے ظاہراً کوئی کامیابی حاصل نہ ہوسکے، تب بھی مسلمان اس سے زیادہ کا مکلّف نہیں، نہ اس ناکامی کی ذمہ داری اس پر عائد ہوتی ہے، اور نہ اس سے آخرت میں اس ناکامی پر باز پرس ہوگی، اگر وہ شریعت کے فرمان پر چل رہا ہے، تو وہ پوری طرح کامیاب اور اللہ تعالیٰ کے یہاں اجر کا مستحق ہے، اور اس کی زندگی کا اصل مقصد پوری طرح حاصل ہے۔

لہٰذا سیاسی جدوجہد کے دوران، ہر تدبیر اور اقدام کے بارے میں یہ اطمینان کرلینا ضروری ہے کہ وہ شرعی نقطۂ نظر سے جائز ہے، یا ناجائز ہے؟ کسی تدبیر کو اختیار کرنے کے لئے صرف اتنی بات کافی نہیں ہے کہ اس تدبیر کا موجودہ سیاست کی دنیا میں رواجِ عام ہے، یا وہ سیاسی تحریکوں میں بہت موثر ثابت ہوئی ہے، اور اسے آج کی سیاست میں ناگزیر سمجھا جاتا ہے، اگر وہ اصولِ شرعیہ کے اعتبار سے جائز نہ ہو، یا شرعی مفاسد پر مشتمل ہو، تو خواہ موجودہ سیاست کے علمبردار، اسے کتنا ضروری کیوں نہ سمجھتے ہوں، اسے ہرگز اختیار نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ سیاست مقصود نہیں، شریعت کی اطاعت مقصود ہے'' (حکیم الامت کے سیاسی افکار، ص۵۱، بعنوان ''سیاسی تدابیر'' ناشر: ادارۃ المعارف، کراچی، طبع جدید: ذی الحجہ ۱۴۲۰ھ، مارچ ۲۰۰۰ء)

اسی مقالہ میں ایک مقام پر موصوف لکھتے ہیں:

''مروجہ طریقِ کار لوگوں کو اس لئے آسان معلوم ہوتا ہے کہ اس میں اپنی ذات پر اسلام کی کوئی پابندی عائد کرنے کی کوئی شرط نہیں ہے، جس شخص کی ذاتی زندگی، اسلام کی بنیادی تعلیمات تک سے خالی ہو، وہ بھی نفاذِ اسلام کا جھنڈا بلند کرکے، سڑکوں پر نعرے لگا سکتا ہے، اس طریقِ کار میں ''اسلامی جذبے'' کے

اظہار کے لئے ایک ہڑتال میں حصہ لینا کافی ہے، اس سے پہلے اور اس کے بعد دوکانوں اور دفتروں میں بیٹھ کر خالص غیر اسلامی معاملات اپنے ہاتھوں سے طے کئے جارہے ہوں، تو اس سے اس جدوجہد پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

سوال یہ ہے کہ جو لوگ خود اپنی ذاتی زندگی پر اسلامی احکام نافذ نہ کرسکتے ہوں، وہ کیسے یہ توقع کرسکتے ہیں کہ نفاذِ اسلام کے لئے ان کی جدوجہد اور ان کے مطالبات پورے ہوجائیں گے۔

اس عظیم کام کے لئے اتنی شرط تو ہونی چاہیے کہ جو لوگ اس جدوجہد کا بیڑا اٹھائیں، کم ازکم وہ تو اپنی زندگی کو اسلام کے سانچے میں ڈھالے ہوئے ہوں، اور اس راہ میں جان ومال اور جذبات ومفادات کی قربانی پیش کرنے کا عزم رکھتے ہوں۔

اگر یہ بنیادی شرط ہی مفقود ہے، تو نفاذِ اسلام کی جدوجہد کی حیثیت واہمیت ایک بے جان اور سطحی شورش سے زیادہ نہیں ہوسکتی'' (حکیم الامت کے سیاسی افکار، ص۶۸و۶۹، بعنوان ''حکومت کے غیر شرعی قوانین اور اقدامات کے خلاف چارہ کار'' ناشر: ادارۃ المعارف، کراچی، طبع جدید: ذی الحجہ ۱۴۲۰ھ، مارچ ۲۰۰۰ء)

## حضرت شیخ الہند کا ایک اہم ارشاد

اور آج کل عام مسلمانوں کے جوش وخروش کی جو یہ حالت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہلکی سی سُبکی بھی ان کو اس حد تک مشتعل کردیتی ہے کہ ہوش وحواس کھو بیٹھتے ہیں، جس کا آئے دن مشاہدہ ہوتا ہے کہ اپنی جان تک پر کھیل جاتے ہیں، اور اس کو بڑے اعزاز اور ولایت کی بات سمجھا جاتا ہے، جبکہ دوسری طرف نہ نماز کا اہتمام ہوتا، نہ ہی شریعت کے دوسرے احکام کا، تو اس طرزِ عمل کے بارے میں فاضل دارُ العلوم دیوبند، مولانا سید مناظر

احسن گیلانی صاحب (المتوفی: 1375ھ) ''احاطۂ دارُ العلوم میں بیتے ہوئے دن'' نامی تالیف میں، شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن قدس سرہٗ کے حوالے سے تحریر فرماتے ہیں کہ:

بخاری شریف کا سبق ہو رہا تھا، مشہور حدیث گزری کہ ''تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا، جب تک کہ اس کے مال اور بال بچے اور سارے انسانوں سے زیادہ میں (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے لیے محبوب نہ ہوجاؤں'' **''لایؤمن احدکم حتی اکون احب الیه من والده ،وولده والناس اجمعین ، او کما قال''** کا جو حاصل اور ترجمہ ہے۔

حدیث مشہور ہے، اور جانی پہچانی جاتی ہے۔

فقیر ہی نے عرض کیا کہ بحمد اللہ عام مسلمان بھی سرکارِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق محبت کی اس دولت سے سرفراز ہیں، جس کی دلیل یہ ہے کہ ماں باپ کی توہین کو تو ایک حد تک مسلمان برداشت کرلیتا ہے، زیادہ سے زیادہ گالیوں کے جواب میں وہ بھی گالیوں پر اتر آتا ہے، لیکن رسالتِ مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی ہلکی سی سُبکی بھی مسلمانوں کو اس حد تک مشتعل کردیتی ہے کہ ہوش وحواس کھو بیٹھتے ہیں، آئے دن اس کا مشاہدہ ہے کہ جان پر لوگ کھیل گئے۔

سن کر حضرت (شیخ الہند) نے فرمایا کہ ہوتا بے شک یہی ہے، جو تم نے کہا۔

لیکن ایسا کیوں ہوتا ہے؟ تہہ (یعنی گہرائی) تک تمہاری نظر نہیں پہنچی۔

محبت کا اقتضاء یہ ہے کہ محبوب کی مرضی کے آگے ہر چیز قربان کی جائے۔

لیکن عام مسلمانوں کا جو برتاؤ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضی مبارک کے ساتھ ہے، وہ بھی ہمارے، تمہارے سامنے ہے۔

پیغمبر نے ہم سے کیا چاہا تھا، اور ہم کیا کر رہے ہیں، اس سے کون ناواقف ہے۔

پھر سُبکی آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جو مسلمانوں کے لیے ناقابلِ برداشت بن

جاتی ہے، اس کی وجہ محبت تو نہیں ہوسکتی۔

خاکسار نے عرض کیا، تو آپ ہی فرمائیں، اس کی وجہ کیا ہے؟

نفسیاتِ انسانی کے اس مبصر حاذق (یعنی شیخ الہند) نے فرمایا کہ:

سوچو گے، تو درحقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سُبکی میں اپنی سُبکی کا غیر شعوری احساس پوشیدہ ہوتا ہے، مسلمانوں کی خودی اور انانیت مجروح ہوتی ہے کہ ہم جسے اپنا پیغمبر اور رسول مانتے ہیں، تم اس کی اہانت نہیں کرسکتے، چوٹ دراصل اپنی اس ''ہم'' پر پڑتی ہے۔

لیکن مغالطہ ہوتا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت نے ان کو انتقام پر آمادہ کیا ہے، نفس کا یہ دھوکا ہے۔

اپنی جگہ ٹھنڈے دل سے جو غور کرے گا، اپنے طرزِ عمل کے تناقض کے اس نتیجے تک پہنچ سکتا ہے، بہرحال محبوب کی مرضی کی جسے پروانہ ہو، اذان ہورہی ہے، اور لایعنی اور لاحاصل، گپوں سے بھی جو اپنے آپ کو جدا کرکے، مؤذن کی پکار پر نہیں دوڑتا، اسے انصاف سے کام لینا چاہیے کہ محبت کا دعویٰ اس کے منہ پر کس حد تک پھبتا ہے''۔

حضرت والا کی تقریر کا یہی خلاصہ تھا۔

ظاہر ہے ندامت اور شرمندگی کے ساتھ، سر جھکا لینے کے سوا، ان کی اس نفسیاتی تنبیہ کے بعد، میرے لیے کچھ اور پوچھنے کی گنجائش ہی کیا باقی رہی تھی (احاطۂ دارالعلوم میں بیتے ہوئے دن، صفحہ ۱۲۷، ۱۲۸، باب نمبر ۱۰، بعنوان ''محبتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں نفسانیت'' مطبوعہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، تاریخِ اشاعت: محرم ۱۴۲۵ھ)

حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ کی مذکورہ گہری بات کا جب ہم موجودہ جوشیلی وجذباتی تحریکات کے تناظر میں عوام کی حالت کا جائزہ لیتے ہیں، تو اس کو سو فیصد درست پاتے ہیں۔

چنانچہ ہمارے یہاں اس طرح کے واقعات وقتاً فوقتاً سامنے آتے رہتے ہیں، جن کی گہرائی، اور نفس کے دھوکہ پر نظر نہ ہونے کی وجہ سے حقیقت پر پردہ پڑ جاتا ہے۔

## شیخ الہند کا زندگی کے آخری حصہ میں سیکھا ہوا سبق

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ، حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن رحمہ اللہ کا واقعہ نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

مالٹا کی قید سے واپس آنے کے بعد (حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحب رحمہ اللہ) ایک رات بعد عشاء دارالعلوم میں تشریف فرما تھے، علماء کا بڑا مجمع سامنے تھا، اس وقت فرمایا کہ ہم نے تو مالٹا کی زندگی میں دو سبق سیکھے ہیں، یہ الفاظ سن کر سارا مجمع ہمہ تن گوش ہو گیا کہ اس استاذ العلماء درویش نے اسّی سال علماء کو درس دینے کے بعد آخر عمر میں، جو سبق سیکھے ہیں، وہ کیا ہیں،؟ فرمایا کہ:

''میں نے جہاں تک جیل کی تنہائیوں میں اس پر غور کیا کہ پوری دنیا میں مسلمان دینی اور دنیوی ہر حیثیت سے کیوں تباہ ہو رہے ہیں، تو اس کے دو سبب معلوم ہوئے، ایک ان کا قرآن کو چھوڑ دینا، دوسرے آپس کے اختلافات اور خانہ جنگی، اس لیے میں وہیں سے یہ عزم لے کر آیا ہوں کہ اپنی باقی زندگی اس کام میں صرف کروں کہ قرآن کریم کو لفظاً اور معناً عام کیا جائے، بچوں کے لیے لفظی تعلیم کے مکاتب، ہر بستی بستی میں قائم کیے جائیں، بڑوں کو عوام میں درسِ قرآن کی صورت میں اس کے معانی سے روشناس کرایا جائے، اور قرآنی تعلیمات پر عمل کے لیے آمادہ کیا جائے، اور مسلمانوں کے باہمی جنگ وجدال کو کسی قیمت پر برداشت نہ کیا جائے'' (جواہر الفقہ، جلد اول، ص ۴۳۷، مضمون ''اختلافِ امت پر ایک نظر'' مطبوعہ: مکتبہ دارالعلوم کراچی، طبع جدید: ذی الحجہ 1431ھ، نومبر 2010ء)

حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ نے دار العلوم دیوبند کے صدر مدرس کی حیثیت سے خدمات انجام دیں، اور جمعیۃ الانصار، ونظارۃ المعارف جیسی تنظیموں، اور تحریک ریشمی رومال، جیسی تحریکوں کی بنیاد رکھی، آپ کے عظیم شاگردوں میں حضرت مولانا اشرف علی تھانوی، علامہ انور شاہ کشمیری، اور حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی، مولانا مفتی کفایت اللہ دہلوی، مولانا ثناء اللہ امرتسری اور مولانا عبید اللہ سندھی شامل ہیں۔

انگریزوں کے دور میں آپ کو دسمبر 1916ء میں گرفتار کیا گیا، اور آپ کو مالٹا قلعہ وردالہ میں قید کر دیا گیا، مئی 1920ء میں آپ کو رہا کیا گیا، اور اسی سال نومبر کے آخر میں آپ کا انتقال ہو گیا ''اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ''

حضرت شیخ الہند نے تمام تر درس وتدریس اور تصنیف وتالیف، اور تحریکات کے بعد عمر کے آخری حصہ میں جیل میں قید وبند کی تنہائیوں میں پوری دنیا میں مسلمانوں کے دینی اور دنیوی حیثیت سے تباہ ہونے پر غور وفکر کیا، تو اس کا ذمہ دار کافروں کے بجائے، خود مسلمانوں کا ہونا ہی سمجھا، چنانچہ ان کو اس کے دو سبب معلوم ہوئے، اور اپنی باقی زندگی کو ان ہی دو کاموں میں صرف کرنے کا عزم لے کر واپس آئے۔

ان دونوں میں ایک سبب، مسلمانوں کا قرآن کو چھوڑ دینا، اور دوسرا سبب، مسلمانوں کے باہمی اختلافات اور خانہ جنگی ہے۔

پھر پہلے سبب کا حل یہ بتلایا کہ قرآن مجید کو لفظاً اور معناً عام کیا جائے، بچوں کے لیے لفظی تعلیم کے مکاتب ہر بستی بستی میں قائم کیے جائیں، بڑوں کو عوام میں درسِ قرآن کی صورت میں اس کے معانی سے روشناس کرایا جائے، اور قرآنی تعلیمات پر عمل کے لیے آمادہ کیا جائے، اور مسلمانوں کے باہمی جنگ وجدال کو کسی قیمت پر برداشت نہ کیا جائے۔

یہ حضرات، اللہ کے نیک اور مخلص ولی اللہ بندے تھے، جس وقت جو بات حق معلوم ہوتی، فوراً اس کو نہ صرف یہ کہ قبول فرمالیا کرتے تھے، بلکہ اس کا اظہار اور اس پر عمل بھی شروع کر دیا

کرتے تھے، اور آج کل کی طرح اپنی سابقہ بات، یا سابق موقف پر ضد اور ہٹ دھرمی کے امراض سے پاک تھے، جن سے آج ان کے بہت سے عقیدت مند بھی محفوظ نہیں۔

ہم امید کرتے ہیں کہ اگر مسلمان قرآن مجید کے علم اور اس پر عمل، اور باہمی اتحاد واتفاق کو اپنی تحریک کا محور ومرکز بنالیں، جس کا لبِ لباب، قرآن مجید کے تناظر میں نیک اور ایک ہونا ہے، تو اس کے بعد ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد پوری دنیا میں مسلمان دینی اور دنیوی ہر حیثیت کی تباہی سے نجات پا کر فلاحِ دارین کے مستحق ہوں گے۔

## ایک شبہ کا ازالہ

آخر میں ایک اہم چیز کی طرف توجہ دلانا ضروری معلوم ہوا کہ ہم نے ماسبق میں جو کفار کے خلاف مروجہ تحریکات کے متعلق جس موقف کو ترجیح دی، اس کو دلائلِ شرعیہ کی رو سے راجح پایا۔

اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ جو اصحابِ علم نیک نیتی کے ساتھ مروجہ تحریکات کو کسی جہت سے جائز، یا شریعت کے مطابق سمجھتے ہیں، ان پر گمراہ ہونے کا حکم لگایا جائے، کیونکہ صحابہ وتابعین وفقہاء اور سلف کے درمیان بڑے بڑے شدید اختلافات ہوئے، لیکن انہوں نے ایک دوسرے کو گمراہ قرار نہیں دیا۔

لیکن افسوس کہ ہم نے جو موقف پیچھے مدلل ومفصل انداز میں ذکر کیا، اس کو اختیار کرنے پر بعض لوگ بلا تحقیق، بلکہ اپنی کم علمی کی بنیاد پر انکار ونکیر اور طعن وتشنیع کرتے ہیں، اور یہ سلسلہ حضرت حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ کو نشانہ بنانے سے لے کر آج تک جاری ہے۔

چنانچہ حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ اس سلسلہ میں ایک مقام پر فرماتے ہیں کہ:

> جب لوگ خود ہی اپنا دین برباد کریں، تو میں کیا کرسکتا ہوں، کیا وہ نہیں سمجھتے کہ کسی بے گناہ پر تہمت لگانا، گناہ ہے؟ ضرور جانتے ہیں، پھر کیا وہ نہیں جانتے کہ یہ تمام

باتیں، جو میری طرف منسوب کی جاتی ہیں، ایسی ہیں، جن کا کوئی ثبوت ان کے پاس نہیں، ضرور جانتے ہیں، تو پھر جب باوجود ان باتوں کے جاننے کے، وہ ایسی باتیں میری طرف منسوب کرتے ہیں، تو گویا وہ قصداً گناہ میں مبتلاء ہوتے ہیں، تو ایسی حالت میں، میں کیا کرسکتا ہوں (اشرف السوانح ج ۳، ص ۱۶۸، مضمونِ ثانی، مسائلِ حاضرہ کے متعلق ملفوظ، مطبوعہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری)

اور حکیم الامت رحمہ اللہ ایک مقام پر فرماتے ہیں کہ:

اس کی حقیقت محض اختلاف تو ہے نہیں، یعنی اگرچہ دلیلِ شرعی ہی سے ہو، ورنہ لازم آئے گا کہ ہر فرض میں اختلاف کرنے والا (اگرچہ وہ فرض اجتہادی ہی ہو، اور اگرچہ وہ اختلاف بدلیلِ شرعی ہو) گناہِ عظیم کا مرتکب ہو، تو اس صورت میں قرائت خلف الامام میں جو کہ بہت سے صحابہ کے نزدیک فرضِ عین ہے، حنفیہ کا اختلاف بھی، موجبِ گناہِ عظیم ہوگا (اشرف السوانح جلد ۳، صفحہ ۱۸۳، و ۱۸۴، مضمونِ خامس "تتمة اولیٰ حکایات الشکایات" مطبوعہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری)

نیز حضرت موصوف ایک مقام پر فرماتے ہیں کہ:

اختلافِ آراء مسائل کی صورت میں اعتراض کرنا، شرعاً مذموم نہیں سمجھا گیا، سب سے اول مشاجراتِ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو دیکھا جائے کہ جلیلُ القدر صحابہ، یہاں تک کہ عشرہ مبشرہ، بلکہ خلفائے راشدین میں بوجہ اختلاف، اعتراض کئے گئے ہیں، بلکہ بعض اوقات سخت الفاظ استعمال کئے گئے ہیں، یہاں تک کہ قتال کی نوبت پہنچ گئی، لیکن یہ اسی حد تک تھا، جہاں تک اختلافِ رائے کا تعلق تھا، اور جب نفسِ ذات پر نظر جاتی تھی، تو وہی اصل ارتباط معلوم ہوتا تھا، حضرت علی رضی اللہ عنہ، اور حضرت عائشہ صدیقہ وحضرت طلحہ وزبیر رضی اللہ عنہم کے

واقعات موجود ہیں، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ایک فرعی مسئلہ میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی نسبت سخت الفاظ استعمال فرمائے۔

اس کے بعد ائمہ مجتہدین اور ان کے اتباع کے اختلافات موجود ہیں، امام شافعی رحمہ اللہ، حضرت امام اعظم، اور ان کے متبعین پر سخت الفاظ میں اعتراض کرتے ہیں، لیکن جب نفسِ ذاتِ امام اعظم اور ان کے فضل وکمال پر نظر جاتی ہے، تو غایت درجہ کا ادب کرتے ہیں (اشرف السوانح جلد۳، صفحہ۱۹۷، مضمونِ سابع "تتمة اولیٰ حکایات الشکایات" مطبوعہ: ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، ملتان، سنِ طباعت ۱۴۱۴ ہجری)

الحمد للہ تعالیٰ ہم نے کافروں کے ساتھ موالات، اور محبت ودوستی اور ان کے ساتھ تشبہ ومشابہت، اور ان کے ساتھ معاملات وتجارت، اور ان کے اور باطل کے خلاف، شرعی تدابیر اور موجودہ تحریکات پر تفصیل کے ساتھ کلام کر دیا ہے، جو منصِف اور اعتدال پسند کے لیے کافی وافی ہے۔

اللہ تعالیٰ امتِ مسلمہ کو اسلامی طریقوں کو اختیار کرنے، غیر مسلموں کی اتباع سے اجتناب کرنے، اور اعتدال کو قائم رکھنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

(خاتمہ)

# فتنوں، اور باہمی انتشار کے دور میں شرعی حکم

پیچھے ہمہ جہتی انداز میں کفار سے موالات، ان کی مصنوعات وتجارات کے بائیکاٹ، اور موجودہ وشرعی تحریکات کے مسائل پر سیر حاصل بحث کی جاچکی ہے، اور مسلمانوں کی موجودہ دینی ودنیاوی حالت پر بھی روشنی ڈالی جاچکی ہے۔

لیکن دوسری طرف المیہ یہ ہے کہ موجودہ پرفتن دور میں جذباتی، سیاسی، وتحریکاتی ذہن رکھنے والا طبقہ، اس قدر جوشیلا اور اشتعال انگیز ہوگیا ہے، جس کو اپنے مقصد، اور طرزِ عمل کے راستہ میں آنے والی کوئی بات سننا گوارا نہیں، خواہ اس کے دلائل کتنے ہی مضبوط کیوں نہ ہوں، اوپر سے یہ طبقہ شرعی اور صاف ستھرے دلائل کے مقابلہ میں دور دراز کی تاویلات پر مشتمل باتیں کرنے سے بھی باز نہیں آتا، ایک طرف تو یہ طبقہ مضبوط شرعی دلائل کو قبول نہیں کرتا، اور دوسری طرف ان دلائل کو رَد کرتا ہے، اور دوسرے سے لڑنے مرنے پر اتر آتا ہے، ایسی صورت میں مسلمان، کفار کا کیا خاک مقابلہ کرسکیں گے، جب وہ آپس میں ہی اتنے سخت ترین اختلافات، اور سنگین انتشارات کا شکار ہوں، تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسی حالت میں کیا طرزِ عمل اختیار کیا جائے؟

تو اس کے جواب میں عرض ہے کہ ایسی صورت میں احادیث میں یہ حل بتلایا گیا ہے کہ خود اپنے آپ کو ان لوگوں کے طرزِ عمل سے بچا کر رکھا جائے، اور جو اپنے خواص اور ماتحت، اور زیرِ اثر لوگ ہیں، ان کی حد تک حق بات کو پہنچانے پر اکتفاء کیا جائے، اور عامۃ الناس اور بالخصوص ہٹ دھرم لوگوں کو اپنی حالت پر چھوڑ دیا جائے۔

اس سلسلہ میں احادیث میں بہت بڑا ذخیرہ موجود ہے، بلکہ یہ احادیث موجودہ پرفتن دور میں

بذاتِ خود سیاسی وغیر سیاسی مروجہ تحریکات، ہڑتالوں اور اس قسم کے جلسے جلوسوں، اور راستوں میں دھرنے وغیرہ دے کر بیٹھ جانے، اور دوسروں کے معاملات میں ٹانگ اَڑانے کے طرزِ عمل سے بچ کر، الگ تھلگ رہنے، اور نقل وحرکت محدود کرنے کی نشاندہی کرتی ہیں۔

## انس وابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَتٰى نَتْرُكُ الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ؟ قَالَ: إِذَا ظَهَرَ فِيْكُمْ مَا ظَهَرَ فِي الْأُمَمِ قَبْلَكُمْ، قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا ظَهَرَ فِي الْأُمَمِ قَبْلَنَا؟ قَالَ: اَلْمُلْكُ فِيْ صِغَارِكُمْ، وَالْفَاحِشَةُ فِيْ كِبَارِكُمْ، وَالْعِلْمُ فِيْ رُذَالَتِكُمْ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۱۵، ابواب الفتن، باب قوله: يا أيها الذين آمنوا عليكم أنفسكم) [1]

ترجمہ: عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو کب ترک کردیں گے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں وہ چیزیں ظاہر ہوجائیں، جو تم سے پہلی امتوں میں ظاہر ہوئی تھیں، ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم سے پہلی امتوں میں کیا چیزیں ظاہر ہوئی تھیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حکومت تمہارے چھوٹے لوگوں میں، اور بے حیائی تمہارے بڑے لوگوں میں، اور علم، تمہارے رذیل لوگوں میں ہوجائے (ابنِ ماجہ)

اور ابوامیہ شعبانی سے روایت ہے کہ:

سَأَلْتُ أَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيَّ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا ثَعْلَبَةَ، كَيْفَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذِهِ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى (سنن ابنِ ماجه)

الْآيَةِ: "عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ"؟ قَالَ: أَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ سَأَلْتَ عَنْهَا خَبِيْرًا، سَأَلْتُ عَنْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: بَلِ ائْتَمِرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ، وَتَنَاهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ، حَتّٰى إِذَا رَأَيْتَ شُحًّا مُطَاعًا، وَهَوًى مُتَّبَعًا، وَدُنْيَا مُؤْثَرَةً، وَإِعْجَابَ كُلِّ ذِيْ رَأْيٍ بِرَأْيِهِ، فَعَلَيْكَ يَعْنِي بِنَفْسِكَ، وَدَعْ عَنْكَ الْعَوَامَّ، فَإِنَّ مِنْ وَّرَائِكُمْ أَيَّامَ الصَّبْرِ، اَلصَّبْرُ فِيْهِ مِثْلُ قَبْضٍ عَلَى الْجَمْرِ، لِلْعَامِلِ فِيْهِمْ مِثْلُ أَجْرِ خَمْسِيْنَ رَجُلًا يَعْمَلُوْنَ مِثْلَ عَمَلِهِ، وَزَادَنِيْ غَيْرُهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَجْرُ خَمْسِيْنَ مِنْهُمْ؟ قَالَ: أَجْرُ خَمْسِيْنَ مِنْكُمْ (سنن ابی داود، رقم الحديث ۴۳۴۱، كتاب الملاحم، باب الأمر والنهي) [1]

ترجمہ: میں نے حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ سے سوال کیا، میں نے عرض کیا کہ اے ابوثعلبہ! آپ (سورہ مائدہ کی) اس آیت کے بارے میں کیا فرماتے ہیں:

"عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ"

تو انہوں نے جواب میں فرمایا کہ یادرکھو اللہ کی قسم! تم نے اس کے متعلق خبر رکھنے والے سے سوال کیا ہے۔

میں نے اس آیت کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تھا، جس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ تم امر بالمعروف اور نہی عن

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن (حاشية سنن ابی داود)

وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثری: قلت: إن تحسين الترمذی للحديث لا يمنع أن يكون فی إسناده راو ضعيف غير متهم بالكذب كما هو معروف من تعريف الإمام الترمذی للحديث الحسن، وعليه فإن حكم الإمام الترمذی موافق لقاعدته، فلا وجه للنظر فی حكمه.

وجملة القول أن الحديث بهذه الشواهد صحيح لغيره، والله أعلم (حاشية المطالب العالية، ج۱۸، ص۳۰۳، تحت رقم الحديث ۴۴۷۱، كتاب الفتن، باب ظهور الفساد فی آخر الزمان وفضل الأمر بالمعروف ذلک الوقت)

المنکر کرتے رہنا، یہاں تک کہ تم جب اطاعت کئے جانے والے بخل کو، اور اتباع کی جانے والی خواہش کو، اور دنیا کو ترجیح دیے جانے کو، اور ہر صاحبِ رائے کے اپنی رائے کو اچھا سمجھنے کو دیکھ لو، تو اپنے اوپر اپنے نفس کو لازم پکڑ لو، اور عوام کو چھوڑ دو (یعنی ایسے حالات میں خود عمل کرو، دوسروں کو ان کے حال پر چھوڑ دو) کیونکہ آپ کے آگے صبر کے ایام آنے والے ہیں، جن میں صبر کرنا، آگ کی چنگاری کو پکڑنے جیسا ہو جائے گا، اس وقت ان لوگوں میں رہ کر عمل کرنے والے کو اس جیسے پچاس آدمیوں کی طرح کے عمل کرنے والوں کے برابر اجر وثواب حاصل ہوگا، اور ایک راوی نے روایت میں یہ بھی زیادہ بیان کیا کہ انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ان میں سے پچاس عمل کرنے والوں کے برابر اجر وثواب حاصل ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، بلکہ تم میں سے پچاس لوگوں کے برابر عمل کا اجر وثواب حاصل ہوگا (سنن ابی داود)

## عبداللہ بن عمرو، اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يُغَرْبَلُونَ فِيهِ غَرْبَلَةً، يَبْقَى مِنْهُمْ حُثَالَةٌ، قَدْ مَرِجَتْ عُهُودُهُمْ، وَأَمَانَاتُهُمْ، وَاخْتَلَفُوا فَكَانُوا هٰكَذَا، وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا الْمَخْرَجُ مِنْ ذٰلِكَ؟ قَالَ: تَأْخُذُونَ مَا تَعْرِفُونَ، وَتَدَعُونَ مَا تُنْكِرُونَ، وَتُقْبِلُونَ عَلَى أَمْرِ خَاصَّتِكُمْ، وَتَدَعُونَ أَمْرَ عَامَّتِكُمْ (مسند احمد، رقم الحديث ٦٧٥٢) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ ان کی چھانٹی

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

ہوکر رہ جائے گی، صرف بھوسہ باقی رہ جائے گا، پس ان میں باہم بدعہدی ہوگی، اور بددیانتی ہوگی، اوران لوگوں کا آپس میں اختلاف ہوگا، اور وہ گڈ مڈ اور خلط ملط ہوجائیں گے، پس وہ اس طرح ہوجائیں گے اور (سمجھانے کے لیے) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کردیں، صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اس فتنہ سے نجات کا کیا طریقہ ہوگا؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو نیک کام پاؤ، اس کو لے لو (نیک کام پر عمل کرلو) اور جو بُرا کام پاؤ، اُسے چھوڑو (یعنی خود عمل کرو) اور اپنے خاص امر پر توجہ دو، اور اپنے عام امر کو ان کے حال پر چھوڑ دو (مسند احمد)

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ایک روایت اس طرح مروی ہے کہ:

بَيْنَمَا نَحْنُ حَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ ذَكَرُوا الْفِتْنَةَ أَوْ ذُكِرَتْ عِنْدَهُ - فَقَالَ: إِذَا رَأَيْتَ النَّاسَ قَدْ مَرِجَتْ عُهُوْدُهُمْ، وَخَفَّتْ أَمَانَاتُهُمْ، وَكَانُوْا هٰكَذَا، وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ، قَالَ: فَقُمْتُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ لَهُ: كَيْفَ أَفْعَلُ عِنْدَ ذٰلِكَ، جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَاكَ؟ قَالَ: اِلْزَمْ بَيْتَكَ، وَامْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ، وَخُذْ مَا تَعْرِفُ، وَدَعْ مَا تُنْكِرُ، وَعَلَيْكَ بِأَمْرِ خَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَدَعْ عَنْكَ أَمْرَ الْعَامَّةِ (مسند أحمد، رقم الحديث ٦٩٨٧) [1]

ترجمہ: اس دوران کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، لوگوں نے فتنہ کا ذکر کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے فتنہ کا ذکر کیا گیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب آپ لوگوں کو دیکھیں، کہ ان کے عہد فاسد ہوگئے ہیں (یعنی عہد معاہدوں کی پاس داری نہیں رہی) اور ان کی امانتیں

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير هلال بن خباب، فقد روى له أصحاب السنن، وهو ثقة (حاشية مسند احمد)

ہلکی ہوگئیں (یعنی لوگوں نے مال یا عہدہ وغیرہ سے متعلق امانتوں کی اہمیت کو ہلکا سمجھ لیا، اور ان میں خیانت شروع کردی) اور لوگ اس طرح (خلط ملط اور گتھم گتھا) ہوگئے، اور (نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات فرماتے وقت) اپنی اُنگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرلیا، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اُٹھ کر گیا، اور میں نے عرض کیا کہ ایسے وقت میں کیا طرزِ عمل اختیار کروں، اللہ مجھے آپ پر فِدا کرے؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ اپنے گھر کو لازم پکڑلیں (یعنی لوگوں سے الگ تھلگ ہوکر گھر میں رہنے کا اہتمام کریں، اور بغیر سخت ضرورت کے باہر نہ نکلیں) اور اپنی زبان کو اپنے قابو میں رکھیں، اور جس چیز کو آپ معروف (اور بہتر و نیک) سمجھیں، اُسے اختیار کرلیں، اور جس چیز کو آپ منکَر (اور بُرا و گناہ) سمجھیں، اُسے چھوڑ دیں، اور صرف اپنی ذات کے معاملہ کو اپنے اوپر لازم رکھیں (یعنی اپنے کام سے کام رکھیں) اور عام لوگوں کے معاملے کو اپنے سے (اپنے حال پر) چھوڑ دیں (مسند احمد)

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: کَیْفَ أَنْتَ یَا عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَمْرٍو إِذَا بَقِیْتَ فِیْ حُثَالَۃٍ مِنَ النَّاسِ؟ قَالَ: وَذَاکَ مَا ھُمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ: ذَاکَ إِذَا مَرِجَتْ أَمَانَاتُھُمْ وَعُھُوْدُھُمْ، وَصَارُوْا ھٰکَذَا، وَشَبَّکَ بَیْنَ أَصَابِعِہٖ قَالَ: فَکَیْفَ تَرٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ: تَعْمَلُ مَا تَعْرِفُ، وَتَدَعُ مَا تُنْکِرُ، وَتَعْمَلُ بِخَاصَّۃِ نَفْسِکَ، وَتَدَعُ عَوَامَ النَّاسِ (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۵۹۵۱، باب ما جاء فی الفتن) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عبداللہ بن عمرو! تم کیسے ہو

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح علی شرط مسلم (حاشیۃ صحیح ابنِ حبان)

گے، جب تم لوگوں میں سے بے کار و ناکارہ لوگوں میں باقی رہ جاؤ گے۔

انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ کیسے لوگ ہوں گے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب لوگوں کی امانتوں اور عہد معاہدوں کی پاسداری نہیں رہے گی، اور وہ اس طرح ہو کر رہ جائیں گے، اور سمجھانے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کر دیں، انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! میرے لئے اس وقت کیا طریقہ مناسب ہوگا؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کام کو آپ اچھا سمجھو، اس پر عمل کرو، اور جس کام کو تم بُرا سمجھو، اس کو چھوڑ دو (یعنی خود عمل کرو) اور خاص اپنے نفس پر توجہ دو، اور عوام الناس کو (ان کے حال پر) چھوڑ دو (ابنِ حبان)

## سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ: كَيْفَ بِكَ إِذَا بَقِيتَ فِيْ حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ، قَدْ مَرِجَتْ عُهُوْدُهُمْ وَأَمَانَاتُهُمْ، وَاخْتَلَفُوْا فَصَارُوْا كَذَا، وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ، قَالَ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: اِعْمَلْ بِمَا تَعْرِفُ، وَدَعْ مَا تُنْكِرُ، وَإِيَّاكَ وَالتَّلَوُّنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ، وَعَلَيْكَ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَدَعْ عَوَامَّهُمْ (الأمر بالمعروف والنهى عن المنكر، لابنِ ابى الدنيا، رقم الحديث ٢٩) [1]

---

[1] قال الالبانی: فهو شاهد قوی لحديث أبی هريرة. وله شاهد آخر من حديث سهل بن سعد الساعدی قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوما لعبد الله بن عمرو بن العاص: فذكره. أخرجه ابن أبی الدنيا فی "الأمر بالمعروف (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٢٠٦)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن عبداللہ بن عمرو بن عاص سے فرمایا کہ تم کیسے ہو گے، جب تم لوگوں میں سے بے کار و ناکارہ لوگوں میں باقی رہ جاؤ گے، جب لوگوں کو اپنے عہد معاہدوں، اور امانتوں کی پاسداری نہیں رہے گی، اور وہ باہم اختلاف کر بیٹھیں گے، اور اس طرح ہو کر رہ جائیں گے، اور سمجھانے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کر دیں؟ اس کے جواب میں انہوں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتا ہے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم جو کام اچھا سمجھو، اس پر عمل کرو، اور تم جو کام برا سمجھو، اس کو چھوڑ دو، لیکن دین میں تلون (یعنی چاپلوسی کرنے) سے اپنے آپ کو بچاؤ، اور آپ خاص اپنے اوپر توجہ رکھو، اور عام لوگوں کو (ان کے حال پر) چھوڑ دو (ابنِ ابی الدنیا)

مذکورہ احادیث میں جن فتنوں اور حالتوں کا ذکر کیا گیا ہے، وہ اس وقت ہمارے سامنے موجود ہیں، اور آج کے میڈیا اور فیس بک وغیرہ نے ان فتنوں کو بامِ عروج پر پہنچا دیا ہے، لہٰذا مذکورہ احادیث میں بیان کردہ طرزِ عمل کو اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔

## ابو ہریرہ وسعد رضی اللہ عنہما کی حدیث

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُوْنُ فِتَنٌ الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِيُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي، وَمَنْ يُّشْرِفْ لَهَا تَسْتَشْرِفْهُ، وَمَنْ وَجَدَ مَلْجَأً أَوْ مَعَاذًا فَلْيَعُذْ بِهٖ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٣٦٠١، كتاب المناقب، باب علامات النبوة فی الإسلام، صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٨٨٦ "١٠")

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب بہت سے فتنے رونما ہوں گے، جن میں بیٹھنے والا، بہتر ہوگا کھڑے ہونے والے سے، اور کھڑے ہونے والا بہتر ہوگا، چلنے والے سے، اور چلنے والا، بہتر ہوگا دوڑنے والے سے، اور جو شخص فتنہ کی طرف جھانکے گا، تو فتنہ اس کو اپنی طرف کھینچ لے گا، پس جو شخص (اس وقت فتنہ سے بچنے اور الگ رہنے کا) کوئی ٹھکانہ، یا پناہ کی جگہ پائے، تو اسے چاہئے کہ وہ اس کے ذریعہ فتنہ سے بچے (بخاری، ومسلم)

اور صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : تَكُوْنُ فِتْنَةٌ اَلنَّائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَقْظَانِ، وَالْيَقْظَانُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِيِ، فَمَنْ وَجَدَ مَلْجَأً أَوْ مَعَاذًا فَلْيَسْتَعِذْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٨٨٦"١٢"كتاب الفتن واشراط الساعة، باب نزول الفتن كمواقع القطر.)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قیامت کے قریب) عظیم فتنہ ہوگا، جس میں سونے والا، بہتر ہوگا، جاگنے والے سے، اور جاگنے والا، بہتر ہوگا، کھڑے ہونے والے سے، اور کھڑے ہونا والا، بہتر ہوگا چلنے اور سوار ہونے والے سے، پس جو شخص (اس وقت فتنہ سے بچنے اور الگ رہنے کا) کوئی ٹھکانہ، یا پناہ کی جگہ پائے، تو اسے چاہئے کہ وہ فتنے سے بچے (مسلم)

صحیح ابنِ حبان میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

ذَكَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: وَيْلٌ لِّلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ، قَدِ اقْتَرَبَ مِنْ فِتْنَةٍ عَمْيَاءَ صَمَّاءَ بَكْمَاءَ، اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي، وَيْلٌ لِلسَّاعِي فِيْهَا مِنَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (صحيح ابنِ حبان، رقم

الحدیث ٦٧٠٥، تابع کتاب التاریخ، باب إخبارہ صلی اللہ علیہ وسلم عما یکون فی أمتہ من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا کہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ عرب کے لئے قریب آنے والے شر سے ہلاکت ہوگی، وہ ایسے فتنے ہوں گے، جو اندھے ہوں گے، بہرے ہوں گے، گونگے ہوں گے (اس لئے دوسروں کو اپنی لپیٹ میں لینے کے لئے کسی کی پرواہ نہیں کریں گے) ان فتنوں میں بیٹھنے والا، کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا، اور کھڑے ہونے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور چلنے والا، دوڑنے والے سے بہتر ہوگا، ان فتنوں میں دوڑنے والے کے لئے قیامت کے دن اللہ کی طرف سے ویل کا عذاب ہوگا (ابنِ حبان)

اور صحیح ابنِ حبان میں ہی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُوْنُ فِتَنٌ كَرِيَاحِ الصَّيْفِ، اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِيِ، مَنِ اسْتَشْرَفَ لَهَا، اِسْتَشْرَفَتْهُ (صحیح ابن حبان، رقم الحدیث ٥٩٥٩، باب ماجاء فی الفتن) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب تیز ترین ہواؤں کی طرح فتنے رونما ہوں گے، جن میں بیٹھنے والا، کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا، اور کھڑا ہونے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا، جو اُن فتنوں میں جھانکے گا، تو فتنہ اُس کو جھانک لے گا (یعنی اُس کو بھی کسی درجہ میں فتنہ پہنچ جائے گا) (ابنِ حبان)

اس حدیث میں ان فتنوں کو تیز تند ہواؤں کی طرح بتلایا گیا ہے، جس کا مقصد ان فتنوں کی شدت اور تیزی کو بتلانا ہے کہ جس طرح تیز وتند ہواؤں سے بھاری بھرکم چیزیں بھی اڑ جاتی، یا کم از کم ہل جاتی ہیں، اسی طرح یہ فتنے اچھے اچھے ایمان والوں کو بھی اپنے ساتھ اڑا کر لے

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح علی شرط مسلم (حاشیۃ صحیح ابنِ حبان)
[2] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح علی شرط مسلم (حاشیۃ ابن حبان)

جائیں گی، یا کم از کم ہلا کر رکھ دیں گی، اس لئے اس پرفتن دور میں نقل وحرکت سے بچنے اور ان سے دور اور الگ تھلگ رہنے میں خیر ہوگی۔

اور سونا، لیٹنا اور بیٹھنا عام طور پر گھر میں ہوتا ہے، اس لئے بعض دوسری احادیث میں گھر میں رہنے کا حکم دیا گیا ہے۔

حضرت سعد بن ابی مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَكُوْنُ فِتْنَةٌ، اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِيُ خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي، وَالسَّاعِيُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الرَّاكِبِ، وَالرَّاكِبُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَوْضِعِ

(مسند ابی یعلیٰ، رقم الحدیث ۷۸۹، مسند سعد بن أبی وقاص) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فتنے رونما ہوں گے، جن میں بیٹھنے والا، کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا، اور کھڑے ہونے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور چلنے والا، دوڑنے والے سے بہتر ہوگا، اور دوڑنے والا، سوار ہونے والے سے بہتر ہوگا، اور سوار ہونے والا، بہتر ہوگا، تیز رفتار سوار سے (مسند ابی یعلیٰ)

اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] قال حسين سليم أسد الدارانی: رجاله رجال الصحيح (حاشية مسند ابی يعلیٰ)

[2] عن سعد بن مالک رضی الله عنه، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إنها ستكون فتنة القاعد فيها خير من القائم، والقائم فيها خير من الماشی، والماشی فيها خير من الساعی، والساعی خير من الراكب، والراكب خير من الموضع (المستدرک للحاكم، رقم الحديث ۸۳۶۲)

قال الحاكم:

وهذا الحديث صحيح على شرط مسلم، ولم يخرجاه، قد صار هذا باب كبير ولم يخرجاه، وإنما أخرجه أبو داود أحد أئمة هذا العلم.

وقال الذهبی فی التلخيص: على شرط مسلم.

# ابوموسیٰ، اور ایک صحابی رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ فِي الْفِتْنَةِ: كَسِّرُوْا فِيْهَا قَسِيَّكُمْ، وَقَطِّعُوْا فِيْهَا أَوْتَارَكُمْ، وَاَلْزَمُوْا فِيْهَا أَجْوَافَ بُيُوْتِكُمْ، وَكُوْنُوْا كَابْنِ آدَمَ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۲۰۴، ابواب الفتن، باب ما جاء فی اتخاذ سیف من خشب فی الفتنة) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فتنوں کے دور میں تم اپنی کمانیں توڑ دینا اور (گھوڑے کی) زین کو کاٹ دینا، اور تم اپنے اوپر اپنے گھروں کے اندر رہنے کو لازم پکڑ لینا، اور تم ابنِ آدم کے بیٹے کی طرح ہو جانا (جس نے اپنے بھائی کو قتل نہیں کیا تھا) (سنن ترمذی)

گھر میں رہنے والا، حتی الامکان فتنوں سے محفوظ ہو جاتا ہے، اس لئے فتنوں کے دور میں گھر میں رہنے کو لازم پکڑنے کا حکم دیا گیا۔

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِيْ كَافِرًا، اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِيْ، وَالْمَاشِيْ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِيْ، قَالُوْا : فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: كُوْنُوْا أَحْلَاسَ بُيُوْتِكُمْ (ابوداؤد رقم الحدیث ۴۲۶۲، کتاب الفتن والملاحم، باب فی النهی عن السعی فی الفتنة) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے آگے (آنے والے زمانہ

---

[1] قال الترمذی: هذا حدیث حسن غریب وعبد الرحمن بن ثروان هو أبو قیس الأودی.

[2] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیره (حاشیة سنن ابی داؤد)

میں) اندھیری رات کی تہ بتہ (اوپر نیچے تاریکیوں کی طرح) فتنے رونما ہوں گے، ان فتنوں کی زَد میں آ کر آدمی صبح کو مؤمن ہوگا، تو شام کو کافر ہوگا، ان فتنوں میں بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا، اور ان فتنوں میں کھڑا ہونے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور ان فتنوں میں چلنے والا، دوڑنے والے سے بہتر ہوگا، لوگوں نے عرض کیا کہ پھر آپ ہمیں کس چیز کا حکم فرماتے ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے گھروں کے ٹاٹ بن جاؤ (ابوداؤد)

ٹاٹ کیونکہ نیچے کی طرف ہوتا ہے، اور ہر وقت بچھا اور چھپا رہتا ہے، اور گھر کا ٹاٹ بن جانے سے مراد یہ ہے کہ گھر کے اندر رہو، اور وہاں چھپے رہو، جس کا عام لوگوں کو علم بھی نہ ہو۔

ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَوْصَانِیْ خَلِیْلِیْ أَبُوْ الْقَاسِمِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنْ أَدْرَکْتَ شَیْئًا مِنْ ھٰذِہِ الْفِتَنِ، فَاعْمَدْ إِلٰی أُحُدٍ، فَاکْسِرْ بِہِ حَدَّ سَیْفِکَ، ثُمَّ اقْعُدْ فِیْ بَیْتِکَ، قَالَ: فَإِنْ دَخَلَ عَلَیْکَ أَحَدٌ إِلَی الْبَیْتِ، فَقُمْ إِلَی الْمَخْدَعِ، فَإِنْ دَخَلَ عَلَیْکَ الْمَخْدَعَ فَاجْثُ عَلٰی رُکْبَتَیْکَ، وَقُلْ بُؤْ بِإِثْمِیْ وَإِثْمِکَ، فَتَکُوْنَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ، وَذٰلِکَ جَزَاءُ الظَّالِمِیْنَ، فَقَدْ کَسَرْتُ حَدَّ سَیْفِیْ، وَقَعَدْتُ فِیْ بَیْتِیْ (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۷۹۸۲) [1]

ترجمہ: مجھے میرے خلیل ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت کی تھی کہ اگر تم فتنوں کا زمانہ پاؤ، تو احد پہاڑ پر جا کر اپنی تلوار کی دھار اس پر دے مارنا (یعنی اپنی تلوار کو ناکارہ بنا دینا) اور اپنے گھر میں بیٹھ جانا، پھر اگر کوئی آدمی تمہارے گھر میں گھس آئے، تو تم گھر کی کوٹھڑی میں چلے جانا، اور اگر وہ گھر کی کوٹھڑی میں بھی آ جائے، تو اپنے گھٹنوں کے بل جھک کر اس سے کہہ دینا کہ تم میرا اور اپنا دونوں کا

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ حسن (حاشیۃ مسند احمد)

www.idaraghufran.org

گناہ لے کر لوٹ جاؤ، اور جہنمیوں میں سے ہو جاؤ، اور یہی ظالموں کا بدلہ ہے، پس میں نے تو اپنی تلوار کی دھار توڑ دی ہے اور میں اپنے گھر میں بیٹھ گیا ہوں (مسند احمد)

## خرشہ وخباب رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت خرشہ بن حر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: سَتَكُوْنُ مِنْ بَعْدِيْ فِتْنَةٌ، اَلنَّائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَقْظَانِ، وَالْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِيْ، فَمَنْ أَتَتْ عَلَيْهِ فَلْيَمْشِ بِسَيْفِهٖ إِلٰى صَفَاةٍ، فَلْيَضْرِبْهُ بِهَا حَتّٰى يَنْكَسِرَ، ثُمَّ لِيَضْطَجِعَ لَهَا حَتّٰى تَنْجَلِيَ عَمَّا اِنْجَلَيَتْ** (مسند احمد، رقم الحديث ١٦٩٧٤) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میرے بعد فتنے رونما ہوں گے، اس زمانے میں سویا ہوا شخص، جاگنے والے سے بہتر ہوگا، اور بیٹھا ہوا شخص، کھڑے ہوئے شخص سے بہتر ہوگا، اور کھڑا ہوا شخص، چلنے والے شخص سے بہتر ہوگا، جس پر ایسا زمانہ آئے، تو اسے چاہئے کہ اپنی تلوار صفا (کسی پتھریلی پہاڑی) پر لے جا کر مارے اور اسے توڑ دے، اور ان فتنوں کے سامنے (کھڑے ہونے کی بجائے) بیٹھ جائے، یہاں تک کہ یہ فتنے چھٹ کر (اور ختم ہو کر) اجالا ہو جائے (مسند احمد)

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

**عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّهٗ ذَكَرَ فِتْنَةً، اَلْقَاعِدُ فِيْهَا**

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِيُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي، قَالَ: فَإِنْ أَدْرَكْتَ ذَاكَ، فَكُنْ عَبْدَ اللّٰهِ الْمَقْتُوْلَ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۰۶۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتنہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اس فتنہ کے دور میں بیٹھا ہوا شخص، کھڑے ہوئے شخص سے بہتر ہوگا، اور کھڑا ہوا شخص، چلنے والے شخص سے بہتر ہوگا، اور چلنے والا شخص، دوڑنے والے شخص سے بہتر ہوگا، اور فرمایا کہ اگر تم اس فتنہ کو پالو، تو تم اللہ کے مقتول بندہ بن جانا (یعنی کسی کو قتل مت کرنا، اس کے بجائے قتل، اور شہید ہوجانے کو ترجیح دینا) (مسند احمد)

## سعد وابوبکرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَشْهَدُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِيُ خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي قَالَ: أَفَرَأَيْتَ إِنْ دَخَلَ عَلَيَّ بَيْتِيْ وَبَسَطَ يَدَهُ إِلَيَّ لِيَقْتُلَنِيْ؟ قَالَ: كُنْ كَابْنِ آدَمَ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۱۹۴، ابواب الفتن، باب ما جاء أنه تكون فتنة القاعد فيها خير من القائم، مسند احمد، رقم الحديث ۱۶۰۹) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: رجاله ثقات رجال الشيخين، والرجل المبهم الذى روى عنه حميد إن كان ثقة عنده فالإسناد صحيح (حاشية مسند احمد)

[2] قال الترمذى: وفى الباب عن أبى هريرة، وخباب بن الأرت، وأبى بكرة، وابن مسعود، وأبى واقد، وأبى موسى، وخرشة وهذا حديث حسن وروى بعضهم هذا الحديث عن الليث بن سعد وزاد فى الإسناد رجلا: وقد روى هذا الحديث عن سعد عن النبى صلى الله عليه وسلم من غير هذا الوجه.

وقال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب ایسا فتنہ ہوگا کہ جس میں بیٹھنے والا، کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا، اور کھڑے ہونے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور چلنے والا، دوڑنے والے سے بہتر ہوگا، انہوں نے عرض کیا کہ اگر (میں اپنے گھر میں ہوں، اور چلنے پھرنے سے بچا ہوا ہوں) پھر کوئی میرے گھر میں داخل ہو جائے، اور مجھے قتل کرنے کے لئے اپنا ہاتھ میری طرف بڑھائے (تو میرے لئے کیا حکم ہوگا؟) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم آدم کے (دو بیٹوں میں سے بہتر) بیٹے کی طرح ہو جاؤ (ترمذی)

حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کے دو بیٹوں میں اختلاف کے وقت ایک نے دوسرے کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تھا، تو دوسرا بیٹا اس کی طرف قتل کا ہاتھ بڑھانے سے رک گیا تھا، اور وہ خود قتل ہو گیا تھا، ان کا یہ بیٹا، دوسرے بیٹے سے افضل تھا، اسی کی طرح بننے کا حکم دیا گیا۔

چنانچہ اس بیٹے کے بارے میں قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَئِنْ بَسَطْتَّ إِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَا أَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ إِلَيْكَ لِأَقْتُلَكَ ، إِنِّيْ أَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ،إِنِّيْ أُرِيْدُ أَنْ تَبُوْءَ بِإِثْمِيْ وَإِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ ،وَذٰلِكَ جَزَاءُ الظَّالِمِيْنَ (سورة المائدة، رقم الآية، ۲۸، ۲۹)

ترجمہ: اگر تو مجھے قتل کرنے کے لیے ہاتھ پھیلائے گا، تو میں تجھے قتل کرنے کے لیے ہاتھ نہ پھیلاؤں گا، بے شک میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ میرا اور اپنا گناہ تو ہی سمیٹ لے، پھر تُو آگ والوں میں سے ہو جائے گا، اور یہی ظالموں کا بدلہ ہے (سورہ مائدہ)

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتَنٌ ،أَلَا ثُمَّ تَكُوْنُ

فِتْنَةٌ ،اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي فِيْهَا، وَالْمَاشِيُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي إِلَيْهَا ،أَلَا، فَإِذَا نَزَلَتْ أَوْ وَقَعَتْ، فَمَنْ كَانَ لَهُ إِبِلٌ فَلْيَلْحَقْ بِإِبِلِهِ، وَمَنْ كَانَتْ لَهُ غَنَمٌ فَلْيَلْحَقْ بِغَنَمِهِ، وَمَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَلْحَقْ بِأَرْضِهِ ،قَالَ :فَقَالَ رَجُلٌ:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ مَنْ لَمْ يَكُنْ لَّهُ إِبِلٌ وَلَا غَنَمٌ وَلَا أَرْضٌ؟ قَالَ:يَعْمِدُ إِلٰى سَيْفِهِ فَيَدُقُّ عَلٰى حَدِّهِ بِحَجَرٍ، ثُمَّ لِيَنْجُ إِنِ اسْتَطَاعَ النَّجَاءَ، اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ؟ اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ؟ اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ؟ قَالَ:فَقَالَ رَجُلٌ:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ إِنْ أُكْرِهْتُ حَتّٰى يُنْطَلَقَ بِيْ إِلٰى أَحَدِ الصَّفَّيْنِ، أَوْ إِحْدَى الْفِئَتَيْنِ، فَضَرَبَنِيْ رَجُلٌ بِسَيْفِهِ، أَوْ يَجِيْءُ سَهْمٌ فَيَقْتُلُنِيْ؟ قَالَ:يَبُوْءُ بِإِثْمِهِ وَإِثْمِكَ، وَيَكُوْنُ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ (صحيح مسلم،رقم الحديث ٢٨٨٧ "١٣" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب نزول الفتن كمواقع القطر)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب فتنے برپا ہوں گے، یاد رکھو، اس کے بعد پھر فتنے رونما ہوں گے، ان فتنوں میں بیٹھنے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور چلنے والا، ان فتنوں کی طرف دوڑنے والے سے بہتر ہوگا، آگاہ رہو کہ جب یہ فتنے نازل ہوں، یا واقع ہوں، تو جس کے پاس اونٹ ہوں، تو وہ اپنے اونٹوں کے ساتھ ہی وابستہ رہے، اور جس کے پاس بکریاں ہوں، تو وہ ان بکریوں کے ساتھ ہی وابستہ رہے، اور جس کی زمین ہو، تو وہ اپنی زمین سے ہی وابستہ رہے۔

ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول آپ اس بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ جس کے پاس نہ تو اونٹ ہوں اور نہ بکریاں ہوں، اور نہ ہی زمین ہو، وہ کیا کرے، تو اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ اپنی تلوار

لے کر اس کی دھار کو پتھر کے ساتھ رگڑ کر کند اور نا کارہ بنا دے (یعنی اپنے اسلحہ کو تلف کر دے) پھر اگر وہ (فتنوں سے) نجات حاصل کرنے کی طاقت رکھتا ہو، تو نجات حاصل کرے۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے اللہ میں نے تیرا حکم (بندوں تک) پہنچا دیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ یہ بات فرمائی۔

ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ اس بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ اگر مجھے ناپسندیدگی اور ناگواری کے باوجود، ان دونوں صفوں میں سے ایک صف، یا ایک گروہ میں کھڑا کر دیا جائے، پھر کوئی آدمی اپنی تلوار سے مجھے مار دے، یا کوئی تیر میری طرف آ جائے، جو مجھے قتل کر ڈالے، تو کیسا ہوگا؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ (قتل کرنے والا) آدمی اپنے گناہ اور تیرے گناہ کے ساتھ لوٹے گا اور جہنم والوں میں سے ہوگا (اور آپ نجات پالیں گے) (مسلم)

## ابوذر وسعید بن زید رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

يَا أَبَا ذَرٍّ، أَرَأَيْتَ إِنْ قَتَلَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، يَعْنِي حَتّٰى تَغْرَقَ حِجَارَةُ الزَّيْتِ مِنَ الدِّمَاءِ، كَيْفَ تَصْنَعُ؟ قَالَ : اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: اُقْعُدْ فِي بَيْتِكَ، وَأَغْلِقْ عَلَيْكَ بَابَكَ . قَالَ: فَإِنْ لَمْ أُتْرَكْ؟ قَالَ: فَأْتِ مَنْ أَنْتَ مِنْهُمْ، فَكُنْ فِيهِمْ. قَالَ : فَآخُذُ سِلَاحِي؟ قَالَ إِذَنْ تُشَارِكَهُمْ فِيمَا هُمْ فِيهِ، وَلٰكِنْ إِنْ خَشِيتَ أَنْ يَرُوعَكَ شُعَاعُ

السَّيْفِ، فَأَلْقِ طَرَفَ رِدَائِكَ عَلٰى وَجْهِكَ حَتّٰى يَبُوْءَ بِإِثْمِهٖ وَإِثْمِكَ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۳۲۵، ابن حبان، رقم الحديث ۵۹۶۰) [1]

ترجمہ: اے ابوذر! آپ کی کیا رائے ہے کہ جب لوگ ایک دوسرے کو قتل کرنے لگیں، یہاں تک کہ مقامِ حجارۃُ الزیت (مدینہ میں ایک جگہ کا نام) خون کے سیلاب میں ڈوب جائے، تو ان حالات میں آپ کا کیا طرزِ عمل ہوگا؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اللہ اور رسول ہی بہتر جانتے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (ایسے حالات میں) اپنے گھر میں بیٹھ جانا، اور اپنے گھر کے دروازے بند کر لینا (کہ فتنہ گھر کے اندر تجھے نہ آ پہنچے) حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اگر اس حالت میں بھی مجھے نہ چھوڑا جائے (یعنی کوئی گھر میں آ کر مجھ پر حملہ آور ہو، یا مجھے اصرار کر کے گھر سے نکال کر فتنہ میں شریک کرنا چاہے) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تب پھر اپنے لوگوں (یعنی خاندان والے، یا رفقاء اور حامیوں) میں پہنچ جانا، اور اُن میں رہنا، حضرت ابوذر نے عرض کیا کہ اگر میں اپنے ہتھیار اُٹھا لوں؟ (یعنی فتنے کے مقابلے کے لیے کھڑا ہو جاؤں) تو رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تب آپ بھی اُن کے ساتھ اس معاملے میں شریک ہو جائیں گے، بلکہ اگر آپ کو تلوار کے وار کا اپنے اوپر اندیشہ بھی ہو جائے، تو اپنی چادر کے گوشہ سے اپنا چہرہ ڈھانپ لینا (اور بغیر مقابلہ کے جان دے دینا) تا کہ حملہ آور اپنا اور تیرا گناہ خود ہی سمیٹ لے (مسند احمد، ابن حبان)

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ فِتْنَةً، فَعَظَّمَ أَمْرَهَا،

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد وابن حبان)

فَقُلْنَا: أَوْ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَئِنْ أَدْرَكْتُنَا هٰذِهٖ لَتُهْلِكَنَّا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَّا، إِنَّ بِحَسْبِكُمُ الْقَتْلَ، قَالَ سَعِيْدٌ: فَرَأَيْتُ إِخْوَانِيْ قُتِلُوْا (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۴۲۷۷، کتاب الملاحم، باب ما یرجی فی القتل) [1]

ترجمہ: ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فتنے کا ذکر فرمایا، اور فتنہ کے معاملہ کو بہت سخت اور بڑی چیز قرار دیا، تو ہم نے، یا صحابۂ کرام نے (راوی کو اس جملہ میں شک ہے) عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اگر یہ فتنہ ہمیں پالے گا، تو یہ تو ہمیں ہلاک ہی کر ڈالے گا، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہرگز نہیں، بے شک آپ کو قتل ہو جانا کافی ہو جائے گا۔
سعید بن زید کہتے ہیں کہ پھر بعد میں ہم نے دیکھا کہ ہمارے بھائی قتل ہو گئے (ابو داؤد)

مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں کے باہمی قتال کے فتنہ سے اگر آپ بچ نہ سکے اور فتنوں سے بچنے کا اہتمام کرنے کے باوجود قتل ہو بھی گئے، تو یہ کوئی بڑا نقصان نہ ہوگا، کیونکہ ایمان کی سلامتی کے ساتھ دنیا سے رُخصت ہو جانا، یہ ایسے زندہ رہنے سے بہتر ہے، جو ایمان کے بغیر اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے ساتھ ہو۔

## حذیفہ، ابو ہریرہ وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَكُوْنُ فِتَنٌ، عَلٰى أَبْوَابِهَا دُعَاةٌ إِلَى النَّارِ، فَإِنْ تَمُوْتَ وَأَنْتَ عَاضٌّ عَلٰى جِذْلِ شَجَرَةٍ، خَيْرٌ لَّكَ

[1] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیرہ (حاشیۃ سنن ابی داود)

مِنْ أَنْ تَتْبَعَ أَحَدًا مِّنْهُمْ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۳۹۸۱، ابواب الفتن، باب العزلة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قیامت سے پہلے) بہت سے فتنے رونما ہوں گے (کہ وہ نیک وبد سب کو اپنی لپیٹ میں لینا چاہیں گے) اُن (فتنوں کے) دروازوں پر جہنم کی طرف بلانے والے ہوں گے، اور اگر تم (اُس زمانے میں) کسی درخت کی جڑ چبا رہے ہو، یہاں تک کہ تمہیں موت آ جائے، تو یہ تمہارے لیے اس سے بہتر ہوگا کہ تم ان فتنوں میں سے کسی ایک کا بھی پیچھا کرو (ابنِ ماجہ)

حضرت ابوطفیل سے روایت ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

أَنَا لِغَيْرِ الدَّجَّالِ أَخْوَفُ عَلَيَّ وَعَلَيْكُمْ، قَالَ: فَقُلْنَا: مَا هُوَ يَا أَبَا سَرِيْحَةَ؟ قَالَ: فِتَنٌ كَأَنَّهَا قِطَعُ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، قَالَ: فَقُلْنَا: أَيُّ النَّاسِ فِيْهَا شَرٌّ؟ قَالَ: كُلُّ خَطِيْبٍ مُصْقِعٍ، وَكُلُّ رَاكِبٍ مُوْضِعٍ، قَالَ: فَقُلْنَا: أَيُّ النَّاسِ فِيْهَا خَيْرٌ؟ قَالَ: كُلُّ غَنِيٍّ خَفِيٍّ.

قَالَ: فَقُلْتُ: مَا أَنَا بِالْغَنِيِّ وَلَا بِالْخَفِيِّ، قَالَ: فَكُنْ كَابْنِ اللَّبُوْنِ لَا ظَهْرَ فَيُرْكَبَ، وَلَا ضَرْعَ فَيُحْلَبَ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۶۱۲، كتاب الفتن والملاحم) [2]

ترجمہ: مجھے اپنے اور تمہارے اوپر دجال کے (فتنے کے) علاوہ (ایک فتنہ کا) زیادہ خوف ہے (یعنی دجال سے زیادہ، اس دوسرے فتنہ کا خوف ہے)

ابوطفیل کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ اے ابوسریحۃ (یہ حضرت حذیفہ کی کنیت

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (سنن ابنِ ماجه)

[2] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي: على شرط البخاري ومسلم.

www.idaraghufran.org

ہے) وہ کیا ہے؟ تو حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ گویا کہ اندھیری رات کی تہ بتہ تاریکیوں کی طرح کے فتنے ہوں گے، ابوطفیل کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ ان فتنوں میں کون لوگ شر والے ہوں گے؟ تو حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ ہر فتنوں پر اُبھارنے والا فصیح وبلیغ (گرج دار آواز والا شعلہ بیان) خطیب، اور ہر تیز رفتار سوار۔

ابوطفیل کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ ان فتنوں میں کون لوگ بہتر ہوں گے؟ تو حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ ہر پوشیدہ مالدار (کہ جس کو فارغ البالی میسر ہو، اوراس حالت پر قناعت کر کے ان فتنوں سے یکسوء وگمنام ہوکر زندگی گزارے)

ابوطفیل کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ میں تو نہ مالدار ہوں، نہ خفیہ رہنے والا ہوں، تو میں کیا کروں؟

تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پھر تم اونٹ کے دودھ پیتے بچہ کی طرح ہوجانا کہ نہ تو اس کی پشت پر سوار ہوا جاسکے، اور نہ ہی اس کے تھن ہوں کہ دودھ نکالا جاسکے (یعنی کسی طرح ان فتنوں میں شریک وحصہ دار مت بننا) (حاکم)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ الْفِتْنَةَ الرَّابِعَةَ لَايَنْجُوْ مِنْ شَرِّهَا إِلَّا مَنْ دَعَا كَدُعَاءِ الْغَرَقِ أَسْعَدُ أَهْلِهَا كُلُّ تَقِيٍّ خَفِيٍّ إِذَا ظَهَرَ لَمْ يُعْرَفْ وَإِنْ جَلَسَ لَمْ يُفْتَقَدْ وَأَشْقٰى أَهْلُهَا كُلُّ خَطِيْبٍ مِسْقَعٍ أَوْ رَاكِبٍ مَوْضَعٍ (الفتن لنعيم بن حماد، رقم الحديث ٣٦٧،العصمة من الفتن، وما يستحب فيها من الكف والإمساک عن القتال، والعزلة فيها، وما يكره من الاستشراف لها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور آپ نے چوتھے فتنہ کا ذکر فرمایا کہ

اُس کے شَر سے وہی بچ سکیں گے جو گڑ گڑا کر اور رو رو کر دعاء کریں گے، اُس فتنے میں نیک بخت وہ تمام متقی اور پوشیدہ لوگ ہوں گے، جو اگر سامنے ہوں، تو پہچانے نہ جائیں، اور اگر (مثلاً کہیں پوشیدہ ہوکر) بیٹھ جائیں، تو اُنہیں تلاش نہ کیا جائے، جبکہ اُس فتنے میں بد بخت شخص، فتنے پر اُبھارنے والا فصیح و بلیغ خطیب ہوگا، یا تیز سوار ہوگا (الفتن لنعیم بن حماد)

اور حارث حضرمی سے روایت ہے کہ:

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ، فِيْ ذٰلِكَ الزَّمَانِ كُلُّ غَنِيٍّ خَفِيٍّ ،قَالَ: قُلْتُ: مَا أَنَا بِالْغَنِيِّ، وَلَا الْخَفِيِّ قَالَ: كُنْ كَابْنِ لَبُوْنٍ بِلَا ضَرْعٍ فَتُحْلَبَ وَلَا ظَهْرٍ فَتُرْكَبَ ،قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ النَّاسِ فِيْ ذٰلِكَ الزَّمَانِ كُلُّ خَطِيْبٍ مُصْقَعٍ أَوْ رَاكِبٍ مَوْضَعٍ (السنن الواردة فی الفتن،للدانی،رقم الحدیث ۱۶۱ ،باب ما جاء فی الفرار بالدین من الفتن)

ترجمہ: حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں اس (فتنہ کے) زمانہ میں سب سے بہتر آدمی نہ بتلادوں؟ وہ ہر مالدار، مخفی رہنے والا شخص ہے، میں نے کہا کہ میں نہ تو مالدار ہوں، اور نہ ہی مخفی رہنے والا ہوں، تو ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پھر تم اونٹ کے دودھ پیتے تھن کے بغیر بچہ کی طرح ہوجانا کہ نہ تو اس سے دودھ نکالا جاسکے، اور نہ اس کی پشت اس قابل ہو کہ اس پر سوار ہوا جاسکے (یعنی کسی طرح ان فتنوں میں شریک وحصہ دار مت بننا) پھر فرمایا کہ کیا میں تم کو اس زمانہ کے سب سے زیادہ شریر آدمی کے بارے میں نہ بتلادوں، وہ فصیح و بلیغ (شعلہ بیان) خطیب ہوگا، یا تیز سوار ہوگا (کتاب الفتن)

اس طرح کی اور بھی کئی احادیث وروایات موجود ہیں، جن کو یہاں نقل کرنے کی گنجائش نہیں۔

اندھیری رات کی طرح کے فتنوں سے بچنے کا یہ طریقہ بتلا دیا گیا ہے کہ لوگوں سے چھپ کر رہے، اور اگر ایسا ممکن نہ ہو، معاشی، یا دوسری ضروریات کی وجہ سے لوگوں سے ملنا جلنا، اور باہر نکلنا ضروری ہو، تو ایسا بن جائے، جیسا کہ بچہ ہوتا ہے، جو کسی فتنہ کی کسی بھی حیثیت سے مدد کرنے، اور اس میں شریک ہونے کی قابلیت نہ رکھے۔

آج مسلمانوں میں باہم، مذہبی، سیاسی اور معاشرتی، اختلاف وانتشار اور تعصب وعصبیت، اور تحزب وتفرق وغیرہ پر مبنی، قتل وقتال اور لوٹ مار کی جو فضاء قائم ہو چکی ہے، وہ مخفی نہیں، ان حالات میں مذکورہ احادیث میں جو ہدایات دی گئی ہیں، ان کو اختیار کرنا ہی اس قسم کے فتنوں سے حفاظت کا اہم ذریعہ ہے۔

البتہ جب فتنوں میں زیادہ شدت آجائے گی، اور گھر اور اپنے مساکن میں رہتے ہوئے بھی ان فتنوں سے بچنا ممکن نہیں رہے گا، تو اس وقت فتنوں سے بچنے کا یہ طریقہ مفید ہوگا کہ اگر ممکن ہو، تو آبادی سے باہر نہ نکل جائے، اور کہیں دور ڈیرے جمالے۔

## ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ : يَأْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ، خَيْرُ مَالِ الرَّجُلِ الْمُسْلِمِ الْغَنَمُ، يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ وَمَوَاقِعَ الْقَطْرِ، يَفِرُّ بِدِيْنِهٖ مِنَ الْفِتَنِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٤٩٥، كتاب الرقاق، باب :العزلة راحة من خلاط السوء)

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ عنقریب ایسا (فتنوں کا) زمانہ آئے گا کہ (ان فتنوں سے بچنے کے لئے) مسلمان شخص کا بہترین مال بکریاں ہوں گی کہ جن کو لے کر وہ پہاڑوں کی چوٹی اور بارش والی جگہوں میں چلا جائے

گا، ایسا وہ اپنے دین کو فتنوں سے بچانے کے لیے کرے گا (بخاری)

اس طرح کی اور احادیث وروایات بھی ہیں۔

دعاء ہے کہ اللہ تعالیٰ امتِ مسلمہ کو فتنوں سے آگاہی، اور ان سے بچنے اور قرآن وسنت کے مطابق طرزِ عمل اختیار کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

**فقط**

**وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.**

**محمد رضوان خان**

**19/ محرم الحرام/ 1446 ہجری، 26/ جولائی/ 2024ء، بروز جمعہ**

**ادارہ غفران، راولپنڈی، پاکستان**

# علمی و تحقیقی رسائل

شیعہ اثنا عشری، یا روافض کی علی الاطلاق تکفیر
پر نہ اجماع ہے، نہ سب کا اتفاق ہے، اور جمہور کے نزدیک عدمِ
تکفیر کا قول ہی راجح ہے، تا آنکہ اس سلسلہ میں طے شدہ اصول وقواعد کے
مطابق کسی میں مجمع علیہ طریقہ پر نا قابلِ تاویل طریقہ پر کفر کا التزام کرنا ثابت نہ
ہوجائے، اور جن علمائے متاخرین نے لزومِ کفر، واحتمالاتِ کفر، اور اقوالِ کفر وغیرہ کا تتبع
وتکلف کر کے، اور جمہور کے قول وموقف میں طرح طرح کی تاویلات اختیار کر کے علی الاطلاق
کفر کا حکم لگا دیا ہے، وہ جمہور کے نزدیک مرجوح قول ہے، جس کے مطابق عمومی تکفیر کا فتویٰ دینا
راجح نہیں، اور نہ ہی اس طرح کے فتووں سے شیعہ ورافضہ کی علی الاطلاق تکفیر کا حکم ثابت ہوتا، بلکہ
موجودہ زمانہ میں بھی دلائل وحقائق کی رو سے جمہور مجتہدین ومحققین کا قول وموقف ہی لائقِ اتباع
وقابلِ فتویٰ ہے، جس میں دنیا وآخرت کے فتنہ وفساد سے حفاظت واحتیاط کا سامان بھی
مضمر ہے، اگرچہ کسی دوسرے کو اپنی نظر میں اس کے برخلاف کیوں نہ محسوس ہوتا ہو۔
اور صورتِ مسئولہ کے مطابق، شیعہ کی علی الاطلاق تکفیر پر مولانا عبدالشکور لکھنوی
صاحب سے متعلق وفاق المدارس العربیہ کے موجودہ صدرِ محترم حضرت مولانا
مفتی محمد تقی عثمانی صاحب زید مجدہم نے جو بات فرمائی ہے، وہ
درست ہے۔

(صفحہ نمبر 341، 342)

ادارۂ عرفان
راولپنڈی